تذکرۂ شعرائے بریلی

(۱۷۴۹-۱۹۴۹ء)

[روہیل کھنڈ کے دارالحکومت ضلع بریلی کے شعرا کا تذکرہ]

مؤلف

ڈاکٹر سید لطیف حسین ادیب



بہ اہتمام

اپلائڈ بُکس، نئی دہلی

تذکرۂ شعرائے بریلی

(۱۷۴۹ء-۱۹۴۹ء)

[روہیل کھنڈ کے دارالحکومت ضلع بریلی کے شعرا کا تذکرہ]

مؤلف

ڈاکٹر سید لطیف حسین ادیب

بہ اہتمام

اپلائڈ بُکس

APPLIED BOOKS

© جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ

نام کتاب	:	تذکرۂ شعرائے بریلی
مؤلف	:	ڈاکٹر سید لطیف حسین ادیب
اشاعت اوّل	:	نومبر ۲۰۲۰ء
صفحات	:	۶۰۸
قیمت	:	۷۰۰ روپے
سرورق کی تصاویر	:	اوپر: کتب خانہ بریلی۔ نیچے دائیں سے بائیں: مقبرہ نواب علی محمد خاں، بریلی کالج، بریلی، پینٹنگ محمد خاں بنگش
ناشر	:	**اپلائڈ بکس** 1739/10 (ذیلی منزل) نیو کوہِ نور ہوٹل، پٹودی ہاؤس، دریا گنج، نئی دہلی-2 فون نمبر: 011-23266347 Mobile: 9953630788 9899506816

TAZKIRA-E-SHORA-E-BAREILLY

By

Dr. Sayed Latif Husain Adeeb

Ist Edition: November 2020 Pages: 608 Price: Rs. 700/-

Printed at: H.S. Offset Printers, New Delhi-2

لکھنؤ شرق، غرب دہلی ہے
دونوں شہروں کا دل بریلی ہے
[نامعلوم]

فہرست

- ابتدائیہ .... ڈاکٹر شمس بدایونی 21
- دیباچہ 29
- بریلی کی تاریخی قدامت اور تہذیبی پس منظر 37
- نقشہ جات 44
- توضیحات 47
- مقدمہ: بریلی میں اردو شاعری کا ارتقا 55
- تذکرۂ شعرائے بریلی : شعرائے متقدمین 119

  شعرائے متوسطین 193

  شعرائے متاخرین 287

  شعرائے عہد جدید 451
- حواشی 531
- ضمیمہ نمبر ۱ ایسے شعرائے بریلی جن کے حالات تاخیر سے موصول ہوئے 553
- ضمیمہ نمبر ۲ شعرائے غیر متذکرہ 558
- ضمیمہ نمبر ۳ شعرائے بریلی کا علمی و ادبی کام 562
- ضمیمہ نمبر ۴ بریلی کے مربیان سخن 571
- ضمیمہ نمبر ۵ بریلی کے صحافی شعرا 578
- ضمیمہ نمبر ۶ بریلی کے مظلوم شعرا 583
- کتابیات 584
- فہرست اسمائے شعرا (بہ لحاظ حروف تہجی) 595

تصریح

اس تذکرے میں شعرا کی دو فہرستیں شامل ہیں۔
پہلی فہرست ترتیب کے لحاظ سے عہد وار [دورِ قدیم، دورِ متوسط، دورِ متاخر، دورِ جدید] صرف تخلصِ شعرا کے 'پہلے حرف' [مثل: ا، ب، ت، ث] کی رعایت رکھتے ہوئے غیر لغوی انداز پر مرتب کی گئی ہے۔
دوسری فہرست جو تذکرے کے آخر میں دیکھی جاسکتی ہے، الف بائی ترتیب میں متداول لغوی انداز پر مرتب کی گئی ہے۔ اس میں علاوہ تذکرے کے ضمیمہ نمبر ۱-۲ کے شعرا بھی شامل کر لیے گئے ہیں۔ بایں طور اس تذکرے کے جملہ شعرا کی یہ مکمل فہرست ہے۔ مطالعے کے دوران حسبِ ضرورت دونوں سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

شمس بدایونی

فہرست شعرائے متقدمین

[یہ فہرست ترتیب متن کے لحاظ سے ہے۔ حروف تہجی کے اعتبار سے
لغوی انداز پر مرتّب فہرست، کتاب کے آخر میں ملاحظہ کریں]

اویسی، شاہ محی الدین 121
امیر، محمد یار خاں 122
احمد، احمد خاں 124
افسر، احمد یار خاں 125
اتفاق 125
اکرم، محمد اکرم 125
افغان، محتشم خاں 126
احمد، احمد خاں 126
اکبر، اکبر خاں 127
باذل، رفیع خاں 127
بیجان عزیز خاں 128
بہادر، بہادر سنگھ 129
بہجت، خیر اللہ 129
پناہ، میر پناہ علی 129
تمکین، بخت مل 130
تسکین، سعادت علی 130
تسلیم، محمد کبیر خاں 130
ثابت، اصالت خاں 131
ثاقب، سیف اللہ 131
جذب، میر عزت اللہ خاں 132
جرأت، مرزا مغل 133
جوہر، دیوالی سنگھ 133
جوہر، شیوارام 133
حافظ، نواب حافظ رحمت خاں 134
حسن، ابوالحسن 135
حسین، غلام حسین، سید 136
حافظ، حافظ یار خاں 137
حقیقت، حسین شاہ 138
دوانی، حسین علی، حکیم عین الملک 139
ذوالفقار خاں 140
ذوق، الف خاں 140
رنگین، ہلاس رائے 140
رند، گنگا پرشاد 141
روشن، روشن شاہ 141
شوق، حسن علی خاں 142
شائق، نذیر الدین حسن 143
شوق، قدرت اللہ 144
صلیؔ علی 148

صنعت، میر ملہو 149
صفا، ذوالفقار علی 150
صادق، بھیت رام 151
صاحب، سعادت یار خاں 151
ضمیر، ہدایت علی خاں 152
ضبط، حسن شاہ 152
عنایت، عنایت خاں 153
عباس، عباس خاں 154
عظیم 154
عاصی، عبداللہ خاں 155
عشقی، غلام حضرت 156
عزت اللہ عباسی 156
عاصی، محمد شرف 157
عشرت، ہزّ ال 157
عشرت، میر غلام علی 158
فدا، کچھمی رام 160
فارغ، فارغ شاہ 160
قلندر، بدھ سنگھ 161
کبیر، محمد کبیر، حکیم 164
کرامت، کرامت اللہ خاں 164
کامل، جمال الدین 165
لطفی، پرکاش داس 165
لطف، لطف علی خاں 165
مشرب، عبدالرزاق 166
مسکین، ملہار سنگھ 167
محو، بدیع الدین 167
موتی، محمد مہدی 167
ممتاز، فضل علی 168
مسافر، سید پائندہ 170
معتصم محمد معتصم عباسی 170
مہاراجہ، بلاس رائے 171
مست، غلام مصطفیٰ خاں 171
محو، منّو خاں 172
منعم، نورالحق 173
معظم، معظم عباسی 173
محبت، محبت خاں 174
مہر، منصور خاں 178
محتشم، محتشم خاں 178
مقیم، محمد مقیم خاں 179
مائل، قادر بیگ 179
مسیح، میر ذوالفقار 179
مہتاب، مہتاب جان 180
مشتاق، بیج ناتھ 180
موجد، مکھن لال 180
ممتاز، عبدالملک 180
مشہور 181

مصروف، خان بہادر خاں 182
نعیم، محمد نعیم اللہ خاں 183
نالاں، محمد جان 184
ناصر، ناصر خاں 184
نکہت، شیخ عبداللہ 186
نامی، نثار احمد 186
نیاز، نیاز احمد 186
وحشت، مرزا باقر علی خاں 188
وفا، دیا ناتھ 189
ہنر، کلو خاں 190
ہمت، ہمت خاں 190
ہمدم، محمد معصوم 191
ہمدم، عبداللہ خاں 191
ہدایت، ہدایت علی 191
یاس، محمد ضیا خاں 192
یاور، امداد علی 192

فہرست شعرائے متوسطین

اسیر، محمد حسن 195
اوج، گنگا پرشاد 196
اسیر، میر مکرم علی 196
احسن، احسان علی 196
اشکی، کندن لال 197
آثم، مجتبیٰ حسن 198
امیر، جوالا شنکر 198
آزاد، امیر الدین، خلیفہ 198
استاد، محمد یار علی 202
آزر، جوالا پرشاد 202
استاد، محمد بخش 202
احسن، مفتی سلطان حسن خاں 203
احسان، محمد احسان 204
امین، محمد امین الدین 204
ایوب، محمد ایوب 204
آثم، حضور احمد خاں 204
اوج، نانک چند 206
اسد، سلیمان خاں 207
بیمار، علی بخش 207
بسمل، محمد یار خاں 209
بلیغ، قطب بخش 210
باقر، باقر حسین 210
بسمل، غلام بسم اللہ 210
پوکرداس 212
پیتم، پریتم داس 213
تجمل، تجمل حسین 213

تسلیم، غفور الدین 214
توفیق، صدیق حسن خاں 214
تمیز، اکبر علی 215
جنون، سید رحمت علی 215
جولاں، الف خاں 215
جواہر، جواہر جان 216
جوش، محسن علی خاں 216
جوش، احمد حسن خاں 218
جنون، میر مہدی 218
جلال، جلال الدین 219
جوہر، منشی جوہر سنگھ 219
جوہر، ابوالحسن 219
جنون، عبدالجمیل، قاضی 219
حنا، مہدی حسین 220
حسین، محمد حسین 221
حسین، غلام حسین خاں 221
حیدر، حیدر حسین خاں 222
حیدر، حیدر حسین خاں 222
حسن، حسن رضا خاں 222
حامد، حامد حسین 225
خمار، برج موہن لال 225
خورسند، احمد حسن 226
خورشید، عابد علی خاں 226
خوشنود، غلام جبار 226
خنداں، محمود حسین 226
خواہاں، قاسم علی 227
دولھا، محمد حسن علی خاں 227
دل، کنھیا لال 229
ذبیح، محمد اسمٰعیل خاں 229
رونق، گنگا پرشاد 230
رسوا ہادی حسین بیگ 230
رفعت، سرفراز علی خاں 230
راقم، حیدر حسین 231
راسخ، ظفریاب خاں 232
رزاق، عبدالرزاق خاں 233
رسوا، اولاد حسین 233
رشکی، ہزاری لال 234
رہبر، مصطفیٰ خاں 234
رضا، رضا حسین بیگ 234
راحت، عابد حسین 235
رحمت، رحمت حسین 235
رضا، احمد رضا خاں 235
زکی، حشمت علی صدیقی 236
زخمی، رتن سنگھ 236
زار، دھنپت رائے 238
سید، سید احمد خاں، مفتی 239

سالک، اسمٰعیل شاہ خاں 240
سید، میر ولایت علی 240
سوز، جے جے رام 241
ساقی، سید فضل غوثؒ 241
سید، سید حسینؒ 243
شاعر، فتح یاب خاں 244
شرر، عبدالغفور خاں 244
شہیدی، کرامت علی خاں 245
شفا، اشفاق الحسین 247
شائق، عبدالکریم 247
شمیم، حسین شاہ 248
شباب، احمد حسین خاں 248
شہرت، مہربان علی خاں 249
شاکر، ہدایت علی 249
شیفتہ، نوازش علی 249
شمس، علی محمد 249
شائق، احمد جان شاہ 249
شائق، محمد حسین 250
شایاں، پیم نرائن 250
شفا، سوہن لال 250
شایاں، نور الحسین 250
شوق، امداد حسین 251
شوخ، نبی حسن بیگ 251
صاحب، جارج فنتوں 251
صادق، دیبی پرشاد 252
صادق، صادق حسین 252
صادق، صادق علی 253
صبر، امام الدین 253
ضیا، محمد حسین خاں 253
ضیا، محمد ضیاء اللہ خاں 253
طبیب، حبیب اللہ 254
طالب، طالب علی خاں 254
طاہر، کلّن خاں 254
علی، رضا علی خاں 254
عجیب، دامودر سین 255
عطا، عطا حسین خاں 255
عالم، شاہ عالم خاں 256
عاشق، اکبر علی خاں 256
عرفان، عرفان علی 257
عظمت، عظمت اللہ خاں 257
عیش، سعادت علی 257
عباس، نادر، مرزا عباس بیگ 258
علمی، محمد حسن 260
عنایت، عنایت حسین 261
عزیز، عبدالعزیز خاں 261
عروج، عبدالکریم 264

علی، علی احمد	265	مداح، محمد میاں	276
عاجز، محمد حسن خاں	265	محسن، محسن علی	276
عشرت، احمد علی	265	مشتاق، حسین الدین	277
فلسفی، رائے منولال	266	مضطر جانکی پرشاد	277
فرحت، محمد حسین	266	منصب، منصب علی	277
فرحاں، مہربان علی	267	محزوں، معزالدین حسین	277
فیاض، فیاض حسین	270	نادان، محمد بخش	277
فیاض، محمد فیاض الدین	270	نجم، نجم الدین احمد	278
فہم، منالال	271	نور، نادر حسین	278
فدا، فدا علی خاں	271	ناطق، علی حسین خاں	278
قاسم، قاسم علی	271	نعیم، ابراہیم بیگ	278
قبول، مقبول حسین	272	نالاں، عنایت نبی	278
قاصر، حسین علی خاں	272	نور، نورالحسن خاں	279
قمر، محمد علی خاں	272	وحشی، غلام قادر خاں	279
قیصر، مرزا علی جان	272	واعظ، عبدالوحید	279
قمر، ہادی حسن	272	ولی، علی محمد خاں	279
کلیم، سید رسول شاہ	273	وحید، ہزاری لال	280
کوکب، یحییٰ علی	273	وحشی، قاضی عبدالرحمٰن	280
کفایت، کفایت اللہ	273	ولایت، ولایت علی	281
لطیف، محمد لطافت حسین خاں	273	وقار، ظہور احمد	281
مرادالدین	274	ہادی، ہادی حسن خاں	281
متین، ولایت علی	275	ہوش، نیاز احمد خاں	282
مبتلا، محمد جان	275	یاور، سید یاور علی	285

فہرست شعرائے متاخرین

ادیب، لچھمی نرائن	289	ارشاد، ارشاد علی	295
اختر، جمشید علی خاں	289	افسر، عبدالمجید	296
اثر، مٹھن لال	290	آباد، محمد وزیر بیگ	296
اسیر، کرامت علی	290	احمد، احمد یار بیگ	297
ادیب، اللہ یار بیگ	290	امیر، امیر احمد خاں	298
احقر، جیون سہائے	291	آرزو، نثار حسین جعفری	299
اثر، بھگوان داس	291	آزاد، رام پرشاد	300
افغان، وزیر خاں	291	ایوب، سید ایوب علی	300
ازہر، احمد علی شاہ	291	اسیر، علی احمد خاں	301
آنند، آنند نرائن	292	اشفاق، اشفاق علی	302
ارشد، محمد ارشد احمد	292	ارم، پیارے علی	302
اشفاق، اشفاق حسین صدیقی	292	اختر، عبدالغفّار	302
ارشد، محمود حسین	293	ارمان، عبدالاحد	302
آشفتہ، اکرام حسین	293	اعجاز، اعجاز حسین	303
احقر، مستجاب حسین	293	افسر، مصطفیٰ خاں	303
احمد، احمد بخش	293	اوج، محمد جان	303
اختر، سید احمد حسن شاہ	293	انجم، لال بہادر	303
اختر، اختر حسین	294	اظہر، اظہر حسین	304
احسن، حبیب الحسن	294	آرزو، محمد رشید خاں	304
اطہر، اطہر حسن	295	آرزو، محمد حسین	304
اطہر، اطہر حسین	295	اختر، عبدالحمید	304

انور، امیر احمد 304
انجم، فرزند علی 305
ادب، سید بندہ حسن 305
احسن، محمد احسن 305
انداز، بدری پرشاد 305
احقر، محمد عثمان 305
برق، قطب عالم 306
بسمل، عبدالغفور 306
بیچین، عبدالرشید 307
بشیر، بشرالدین، خلیفہ 307
بیچین، گوپی ناتھ 307
بیدل، محمد علی 308
بہار، شیخ ریاض الدین 308
بیکس بلقیس فاطمہ 308
بزم، شیام بہادر 309
بزم، شیاما چرن 309
بیکل، عبدالماجد 310
بیچین، لطافت علی 310
بیزار 310
بسمل، عبدالصمد 311
بیتاب، سعادت ولی خاں 311
بلیغ، محمد احمد 311
بیہوش، بشیر احمد 311
بوالحسن، ابوالحسن 312
بسمل، محمد یٰسین 312
بشیر، محمد بشیر خاں 312
بیتاب، مدن لال 313
باقر، سید باقر علی 313
باقر، محمد باقر 313
بیخود، وقار علی بیگ 313
بیدل، مکٹ بہاری لال 314
پیارے، نیاز علی خاں 314
تسلیم، عبدالرحمٰن 315
تہور، تہور علی 315
تمنا، عبدالمجید بیگ 315
تفتہ، بدرالحسن 316
تسکین، وقار حسین 317
جنون، اشفاق احمد 318
جویاں، سید معظم علی 318
جوہری، بھیروں پرشاد 319
جگر، حسین احمد 319
جمشید، جمشید علی خاں 319
جوش، شمبھو سہائے 319
جلیل، ولی جان 320
جمیل، جمیل الرحمٰن خاں 321
جویا، رام بہادر لال 322

چاند رانی 323
حافظ، تفضّل حسین 324
حامی، بشن نرائن 325
حافظ، محمد جان 326
حسرت، احفاد حسین 326
حسرت، وقار علی بیگ 326
حکیم، انبا پرشاد 327
حامد، حامد رضا خاں 327
حمید، حمید اللہ خاں 327
حسرت، آل احمد، منشی 329
حیراں، محمد خلیل 329
حافظ، محمد عمر 330
حلم، دوارکا پرشاد 330
حیران، سید احمد 331
حیرت، مرزا یعقوب بیگ 332
حرماں، مکٹ بہاری لال 333
خوب، خوب داد خاں 334
خندہ، شجاعت علی 334
خاکی، عباد اللہ 335
خیال، سلطان حسین 335
خادم، محمد یار خاں 335
خنجر، تیغ بہادر 335
خواجہ، شفیع الدین 335
خلیل، سید نظیر جان 336
دلاور، دلاور علی 336
درد، صدیق حسن، مفتی 337
درد، عبدالودود 337
ڈوری، ڈوری لال، بھگت 340
ذکی، عبداللہ 341
ذکی، امیر احمد 341
رسوا، لیاقت حسین 342
رشک، بہاری لال 342
رستم، رستم لال 342
رحیم، رحیم بخش 342
روشن، پنو لال 342
رحمٰن، رضاء الرحمٰن 343
رواں، ہادی علی 343
رستم، نادر شاہ خاں 345
راز، محمد تقیؒ 347
راقم، مشتاق حسین 348
رازی، مجتبیٰ مہدی 348
راز، راج بہادر 350
راز، ابراہیم خاں 350
رسا، ابراہیم حسن 352
زریں، زہرہ خاتون 353
زائر، ہادی حسن 353

زیبا، راجیشور ناتھ 354
زہیر، عبدالحق، قاضی 354
سلطان، سلطان احمد 355
ساطف، عطاءاللہ خاں 355
سرشار، رام نرائن 355
سند، سید حسین 355
ساجد، احفاد حسین 356
سوزاں، علی احمد خاں 356
سرشار، عبدالصمد 357
سحر، ہرنرائن 358
سفیر، بسنت لال 358
سعید، سعید خاں 358
ساحر، محی الدین 359
سعید، سعید احمد 359
سجاد، سجاد حسین 360
ساحر، صفی اللہ خاں 361
سہا، عبدالجلیل خاں 361
سوزن، بلدیو پرشاد 363
شرر، شمس الحسن 365
شوق، مکھن لال 365
شاکی، بنے میاں 366
شفا، اے آر بیلی 366
شمس، خواجہ احمد 367
شاد، کالکا پرشاد 367
شرر، احمد علی 367
شائق، نثار 367
شاذ، محمد اکرام حسین 367
شمس، آفتاب علی 368
شگفتہ، ریاض الدین 368
شور، عبدالرحیم 368
شوق، مشتاق احمد 368
شمس، محمد شمس عالم 369
شوق، عزیز اللہ خاں 369
شاعر، علی حسن 369
شمیم، من موہن لال 371
شوق، مفتی ساجد حسن 372
شوخ، بخت عالم شاہ خاں 372
شاد، الٰہی بخش 373
شاکر، کالکا پرشاد 373
شیدا، سلیمان خاں 375
شیفتہ، آل حسین، مفتی 375
شاد، طیب حسن 376
شیدا، مہدی حسن 376
شور، ہری موہن لال 376
شاد، امانت حسین 376
شیدا، ایشری پرشاد 377

شارق، رئیس الحق 377
شائق، لچھمی نرائن 377
شعور، علی کرّار 379
شیدا، سعادت حسین، وارثی 380
شان، ولایت اللہ 381
صولت، سید حسن شاہ 381
صولت، اکبر حسین 381
صدر، آل حسن 383
صادق، صادق حسن 383
صادق، واحد یار خاں 384
صنعت، امیر حمزہ 385
صبا، افتخار علی مرزا 385
ضیا، شاہ محمد 385
ضیغم، ضیغم علی 386
طرب، شفقت علی 386
طپاں، سید سلطان علی 387
طور، عزیز اللہ خاں 387
طپش، شیام سندر لال 387
طالب، طالب حسین خاں 387
طالب، علی حسین شاہ 388
ظریف، نیاز اللہ خاں 389
عشرت، بانکے لال 390
عاقل، عزیز الدین، شیخ 391
عاشق، عاشق علی 391
عاشق، سعادت یار خاں 391
عنایت، عنایت سنگھ 392
عفت، آمنہ خاتون 393
عبرت، زینت بیگم 393
عابد، عبد العلی خاں 394
عاجز، اللہ یار خاں 394
عبد، عبد الکریم 395
عاشق، عاشق حسین 395
عاصی، علی احمد خاں 396
عاصی، ابو الحسن 397
عرش، اعتماد الدین احمد 397
عاشق شہزادۂ عالم، مرزا 399
عاشق، محمود علی 399
عاجز، محمد جان بیگ 400
عنایت، غوث، عنایت اللہ 400
عبقری، محمد فاضل 400
عزیز، عزیز غوث 402
عاصی، محبوب حسین 402
عیش، شفیع احمد 402
غفار، غفار داد خاں 404
غافل، پیارے لال 404
غازی، معین الدین 404

غزالہ، حسن آرا بیگم 405
غریب، علی محمد 406
فخر، فخرالدین 406
فیض، مسعود غوث 407
فریاد، فرزند علی 407
فدوی، محمد ابراہیم خاں 408
فائق، اشفاق حسین 408
فلک، احمد رضا خاں 409
فرخی، ہادی حسین بیگ 409
فیروز، نثار حسین 410
فیروز، فیروزالدین 410
فریاد، محمد سرفراز علی 410
فدا، فدا حسین خاں 410
فوق، گوبند پرشاد 411
فیروز، سید فیروز شاہ 411
فریاد، فریاد حسین 411
فیروز، برج موہن لال 412
فرحت، فرحت اللہ خاں 412
قیس، ہدایت یار خاں 412
قمر، لاکھن سنگھ 413
قمر، احمد حسین 413
قیصر، مرزا رستم یار بیگ 414
قاسم، قاسم علی خاں 416
قادر، عبدالقادر خاں 416
کلامی، عبدالرزاق 417
کیفی، رام غلام 417
کامل، کنھیا لال 417
کامل، عبدالرحمٰن 417
کبیر، سید محمد شاہ 418
کیفی، نند لال گپتا 418
کامل، محمد کامل 420
لئیق، شیخ امیر اللہ 421
لیاقت، لیاقت حسین 422
منشی، کنھیا لال 422
مفتون، عبدالقادر 422
مظفر، مرزا مظفر بیگ 423
مشیر، سید احمد شاہ 424
مضطر، گوری شنکر 424
ملال، اصغر حسین خاں 424
مشتاق، حمید اللہ خاں 424
مونس، صاحب داد خاں 425
مائل، کلب حسین 425
مہجور، جگناتھ پرشاد 427
محبوب، محبوب حسین 427
مظہر، مظہر حسین 427
محسن، محمد محسن 428

مسرور، شمس الدین خاں	428	نازاں، محمد نبی خاں	438
محو، عماد الحسن	428	ناطق، سجاد حسین	438
مخفی، سعیدہ جہاں	431	ناداں، شفیق احمد خاں	439
معجز، سعادت یار بیگ	432	نظیر، سلطان احمد بیگ	439
نامی، سلطان احمد	433	نصیر، غلام محی الدین	440
نادر، انتظام علی	433	نازش، برجیس جود	440
نادر، نادر حسین	434	ناظم، سردار احمد خاں	441
ناصر، ناصر الدین احمدؒ	434	ناشط، محمد اسحاق	443
نامی، برکت علی	436	وامق، محمد فدا علی	445
نوید، محفوظ علی	437	وفا، احمد یار خاں	447
نعمت، حشمت اللہ خاں	437	واصف، ابوالحسن	447
نور، قاضی نور الدین	437	ولی، شاہ ولی خاں	447
نوشہ، نوشہ علی	437	وحشی، حامد علی خاں	448
نثار، لیاقت علی	437	یاد، رشید الدین	449
نسیم، شہزادہ علی	438	یعقوب، یعقوب علی خاں	449

فہرست شعرائے عہد جدید

آزاد، پرتاپ چندر	453	انور، مرزا انور بیگ چغتائی	460
ابلیس، محمد علی خاں	554	بیتاب، جگیشور ناتھ	463
اختر، سید آل محمد	455	بدر، محمد مبین شمسی	464
اوج، اوم پرکاش	455	بخاری، ضمیر احمد	465
امید، عتیق اللہ خاں	456	پنہاں، سپہر آرا	467
اختر، تجمل حسین	457	تحسین، تحسین رضا خاں	468

ثمر، پریم شنکر 469
ثاقب، کشن لال 470
جمالہ، بلقیس جمال 472
جوہر، عبدالمجید 474
جگر، شیام موہن لال 474
جذبی، اعجاز احمد خاں 478
حجاب، تیمور جہاں 479
حسرت، موتی سنگھ 479
دانش، صفی حیدر 481
دیا، نرائن داس 481
راز یزدانی، احمد ولی خاں 482
زیب، ماتا پرشاد 483
شکیل، شکیل غوث 486
شائق، اشفاق علی خاں 487
شمس، شمس الحسن 488
شوق، محمد نبی 488
شایاں، تعظیم علی 489
شیوا، مفتی صابر حسن 490
ضمیر، علی حسین 493
عبرت، تبارک علی 497
عامل، عبدالمعید خاں 499
عزمی، حامد علی 500
عابد، عابد علی 502
عزم، فرقان احمد خاں 502
فیاض، فیاض الدین 503
فیروز نظامی، مقصود حسین 504
قرار، ہمیش پرشاد 506
کاوش، مطیع اللہ 509
کیف، تیج بہادر سہنا 509
کلیم، سید عابد حسن 511
کیفی، محمد حنیف 512
کیفی، رفعت حسین 513
لائق، لیاقت حسین 518
مسحر، کفایت حسین 519
مست، دیبی پرشاد 519
مہر، سریش چندر 520
معتصم، رشید احمد 521
منتقم، انتقام الحسنین 522
ماہر قریشی، طاہر حسین 523
ناز، زکی احمد 524
نزہت، اوم پرکاش 525
نوری، مصطفیٰ رضا خاںؒ 527
نشتر، یعقوب علی 528
واصف، سراج الدین احمد 528
ہلال، فرحت محمد خاں 529

ابتدائیہ

شعرائے اردو سے متعلق اردو میں تذکرہ نویسی کا آغاز اٹھارہویں صدی عیسوی کے نصف آخر سے ہوتا ہے۔شعرائے اردو کے ابتدائی تذکروں میں نکات الشعرا (مرقومہ۱۷۵۲ء) گلشن گفتار (۱۷۵۲ء) تحفۃ الشعرا (۱۷۵۲ء) ریختہ گویان (۱۷۵۳ء) مخزن نکات (۱۷۵۵ء) وغیرہ کا نام قابل ذکر ہے۔اس دور میں تذکرہ نگاری کا یہ سلسلہ بہ زبان فارسی جاری رہا۔۱۸۰۱ء میں مرزا علی لطف نے بہ زبان اردو گلشن ہند (مرقومہ۱۸۰۱ء) قلم بند کیا بعدازاں آب حیات (۱۸۸۰ء) تک تذکروں کا ایک طویل سلسلہ نظر آتا ہے۔نکات الشعرا، ۱۱۶۵ھ/۱۷۵۲ء اور آب حیات ۱۲۹۷ھ/۱۸۸۰ء کے درمیان لکھے جانے والے اہم اور دستیاب تذکروں کی تعداد پچاس سے متجاوز ہے۔اس درمیانی مدت کو نثر میں تذکرہ نویسی کا دور قرار دیا جاسکتا ہے۔آب حیات کے ساتھ اگرچہ فی الواقع اُس قدیم روش اور تذکرے کی قدیم روایت کا خاتمہ ہوجاتا ہے اور جدید علوم وافکار کی روشنی میں سوانح نویسی،تنقید،تاریخ اور تحقیق کا رجحان فروغ پانے لگتا ہے؛ خود آب حیات کو اس اثر سے خالی نہیں قرار دیا جاسکتا،لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ تذکرہ نویسی کا رواج بالکل ختم نہیں ہوگیا۔ بیسویں صدی میں متعدد تذکرے لکھے گئے، بہارسخن،شعرالہند،خمخانۂ جاوید اور انتخاب زریں وغیرہ کا نام حافظے پر زور دیے بغیر لیا جاسکتا ہے۔یہ تذکرے قدیم روش سے قدرے مختلف ہیں اور تذکرہ نگاری کی آخری منزل شمار کرلیے گئے ہیں۔

بیسویں صدی میں تذکرہ نویسی کی روایت علاقائی ادب کو محفوظ کرنے کا ایک مضبوط وسیلہ بنی۔ مذہبی اور صنفی [مخصوص بالجنس] بنیادوں،صوبوں،شہروں، اساتذۂ سخن کے شاگردوں اور اصناف وار کثرت سے تذکرے مرتب کیے گئے۔ایسے تذکروں کی اگر اعدادشماری کی جائے تو یہ تین سو سے تجاوز کرجائیں گے۔یہ تمام تذکرے موضوع کے لحاظ سے تذکرہ نویسی کے دائرے میں آجاتے ہیں،لیکن تذکرہ نویسی کی تقریباً سوسالہ روایت کے تسلسل کا بایں طور حصہ نہیں بن سکتے کہ

ان میں شاعری پر کم شعرا کے حالات اور ان سے متعلق معلومات واطلاعات پر زیادہ توجہ دی گئی ہے۔تذکرہ نگاری کا ایک خاص طے شدہ اور مدتوں سے رائج اسلوب ان میں عام طور پر نظر نہیں آتا۔ وجہ یہ کہ تذکروں کی اپنی روش، معلومات سے مطلع کرنے کا ڈھنگ، اسلوب پیشکش، جامع زبان اور مختصر رائے دینے کا طریقہ موجودہ دور کی پسند میں بار نہیں پاسکا یا اس کو اختیار نہیں کیا جاسکا۔آپ تلامذۂ غالب (مالک رام) کو دیکھیں یا قصیدہ نگاران اتر پردیش (علی جواد زیدی) کو سخنوران گجرات (سید ظہیر الدین مدنی) کو دیکھیں یا شعرائے اتر پردیش (عرفان عباسی) کو، شاعرات اردو (محمد جمیل احمد) کو ملاحظہ کریں یا ہندو شعرا (عشرت لکھنوی) کو، ۱۸۵۷ کے مجاہد شعرا (امداد صابری) کا مطالعہ کریں یا شعرائے بدایوں دربار رسول میں (شمس بدایونی) کا، آپ میرے اس خیال کی تردید نہیں کرسکیں گے۔

یوں بھی بیاض، تذکرہ اور تاریخ ادب کی سرحدیں آپس میں ملی ہوئی ہیں، ایک خاص نہج پر مواد کی جمع وترتیب اور اسلوب ہی ان کے درمیان حد فاصل ہے۔اس فرق کو ذہن میں مستحضر رکھتے ہوئے پیش نظر تذکرے 'تذکرۂ شعرائے بریلی' کی یہ نمایاں خصوصیت ہے کہ اس کو تذکرہ نگاری کی قدیم روش اور اس کے اسلوب میں تالیف کرنے کی شعوری کوشش کی گئی ہے اور اُس تہذیبی وشعری فضا کو (جو ایک خاص علاقے میں پروان چڑھی) لفظوں سے تشکیل دینے کی بھرپور سعی کی گئی ہے۔

مؤلف نے قدیم تذکرہ نگاری کی طے شدہ روایت کے تحت اس تذکرے میں شعرا کے حالات کے ضمن میں: مکمل نام، تخلص، عرفیت، جائے ولادت وسکونت، وطن، تاریخ پیدائش و وفات، مدفن، نسبت شاگردی ودرجۂ استادی، افتاد طبع، سماجی حیثیت ومرتبہ، مشغلہ، شعری کاوشوں کی تفصیلات اور مطبوعات کا تذکرہ کیا ہے۔نمونۂ کلام کے تحت غزلوں کے منتخب اشعار کے علاوہ دوسری اصناف سے بھی مثالیں دی ہیں؛ اگر شاعر فارسی گو ہے، تو فارسی اشعار بھی نقل کیے ہیں۔

مؤلف نے اپنے پیش رو تذکرہ نویسوں کی طرح شعرا کی شخصیت اور کلام پر اختصار و جامعیت کے ساتھ اپنی ذاتی رائے دی ہے اور کلام کے حسن وقبح کی طرف اشارے بھی کیے ہیں۔

قدیم تذکرہ نویسوں میں بالعموم چار انداز ترتیب متداول تھے: جغرافیائی طرز ترتیب،

تاریخی طرز ترتیب، قاموسی طرز ترتیب اور غیر منظّم طرز ترتیب۔ مؤلف نے تاریخی طرز ترتیب [متقدمین، متوسطین، متاخرین وغیرہ] کو اختیار کیا ہے جس سے عہد وار بریلی میں شعری ارتقا کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

مؤلف نے اپنے تمام مآخذ کی دیباچے میں نشاندہی کردی ہے اور ان سے اخذ واستفادے کی صورت کا بھی تذکرہ کردیا ہے۔ سہولت کے لیے ہر ترجمے کے آخر میں ان کا حوالہ دینے کا اہتمام کیا ہے جو تذکرہ نگاری کی قدیم روایت سے انحراف بھی ہے اور اس پر اضافہ بھی۔

مؤلف کا خوبصورت اسلوب (چھوٹے چھوٹے جملے اور دو لفظی یا سہ لفظی ترکیبیں) اختصار و جامعیت کے ساتھ شعرا کے مزاج وافتادِ طبیعت کی طرف اشارہ کرتی چلتی ہیں۔ قدیم تذکرہ نگار تعظیم کے لیے صیغۂ جمع [ان کے] بجائے صیغۂ واحد غائب [اس کا] استعمال کرتے تھے، مؤلف نے تذکرے میں اسے برقرار رکھا ہے۔

مذکورہ بالا خصوصیات کے پیش نظر یہ کہنا غیر مناسب نہ ہوگا کہ یہ تذکرہ اگرچہ جمیع اردو شاعری کا احاطہ نہیں کرتا بلکہ ایک مخصوص شہر کی شعری روایت اور اس کے دستیاب ذخیرے تک گفتگو کو محدود رکھتا ہے اپنے اسلوب، پیشکش، مواد اور ترتیب کے لحاظ سے قدیم تذکرہ نگاری کا از سرِ نو احیا ہے، جسے پسند کیا جانا چاہیے۔

اس تذکرے کے مؤلف کے بقول انھوں نے ۱۹۵۵ء میں بریلی کے شعرا پر کام کرنے کی ضرورت کو محسوس کیا تھا اور اسی سال سے شعرائے بریلی سے متعلق دستاویزی، منقولی اور زبانی معلومات کی جمع آوری کا کام بھی شروع کردیا تھا۔ تقریباً ۳۵ سال میں یعنی ۱۹۹۰ء تک وہ خام مواد اکٹھا کرنے میں کامیاب ہوسکے۔ اس درمیان انھوں نے ممتاز شعرائے بریلی پر تحقیقی مقالات لکھ کر ماہنامہ معارف اعظم گڑھ میں شائع بھی کرائے جو ۱۹۷۶ء میں لکھنؤ سے کتابی صورت میں چھپ کر باسم 'چند شعرائے بریلی' شائع ہوئے۔ راقم الحروف کی تحریک پر اسی خام مواد سے ایک کتاب باسم 'تذکرۂ نعت گویان بریلی' تیار کرلی گئی جو بریلی سے ۱۹۸۶ء میں چھپ کر شائع ہوئی۔ ''چند شعرائے بریلی'' اردو تحقیق وتنقید میں حوالے کی کتاب ثابت ہوئی، حالانکہ اس سے پیشتر ان کی تین کتابیں: سرشار کی ناول نگاری (انجمن ترقی اردو کراچی ۱۹۶۱ء) ناشاد کانپوری (نسیم بک ڈپو لکھنؤ ۱۹۷۱ء) جگر بریلوی

ایک تعارف (انجمن ترقی اردو ہند علی گڑھ ۱۹۷۳ء) شائع ہو چکی تھیں۔ اول الذکران کا علمی مقالہ تھا، جو سرشار پر پہلا تحقیقی کام تھا، لیکن مصنف کی شہرت کا سبب یہی کتاب بنی۔

راقم الحروف اور بعض دوسرے ادبی دوستوں کے اصرار پر مؤلف نے تذکرہ شعرائے بریلی پر جمع خام مواد کو ترتیب دینا شروع کیا اور ایک سال کی مسلسل محنت کے نتیجے میں نومبر ۱۹۹۱ء میں اسے مکمل کر کے انھوں نے اکتوبر ۲۰۱۳ء میں میرے حوالے کر دیا۔ مجھے اس کی کتابت اور طباعت کا انتظام کرانا تھا جو بوجوہ ٹلتا رہا۔ کتاب کی ضخامت کے سبب کوئی ناشر اسے چھاپنے کے لیے تیار نہیں ہو سکا۔ میں نے اس کا مقدمہ اپنے تعارفی نوٹ کے ساتھ 'معارف' میں چھپوا دیا (مارچ، اپریل ۲۰۱۴ء) کہ شاید کوئی علمی ادارہ اس کی اشاعت پر اقدام کرے، لیکن یہ کوشش بھی مد فضول ہی ٹھہری۔ دوسرے میری یہ خواہش بھی تھی کہ مؤلف اس پر نظر ثانی کر لیں لیکن بوجہ کبر سنی وہ اس کے لیے رضا مند نہیں ہوئے۔ گذشتہ ماہ مؤلف نے فون پر اس تذکرے کا ذکر چھیڑتے ہوئے مجھ سے بڑے مایوس کن لہجے میں کہا کہ: ''میں اس تذکرے کی اشاعت کی طرف سے مایوس ہو چلا ہوں''۔ میں نے علی گڑھ میں اپنے محسن پروفیسر ظفر احمد صدیقی سے اس کا تذکرہ کیا انھوں نے اپنے ایک شاگرد کو بلا کر اس کے سپرد مسودہ کرنے کے لیے کہا اور تقریباً ایک ماہ سے کم مدت میں یہ کمپوز ہو کر اشاعت کے مراحل میں داخل ہو رہا ہے۔

اس تذکرے کے مطالعے کے دوران میں حیرتوں سے دوچار ہوتا رہا اور یہ حیرت بہت جلد لطف ولذت میں بدل گئی۔ تقریباً ۳۸ سال کے بعد اردو شاعری کو عہد وار لگاتار پڑھنے کا موقع ملا وہ بھی صرف ایک چھوٹے سے شہر اور عارضی طور پر ایک چھوٹی سی مملکت کے حکمرانوں کی علم دوستی اور ادب پروری کی داستان کے ساتھ۔ اس داستان کا حصہ بننے والا ہر فرد اپنے فن سے پورے اخلاص سے جڑا ہوا تھا، اس کی تلاش اور شعری رسائی اور فکر فرمائی کا دائرہ کسی بھی صورت محدود نہیں تھا، بس فرق تھا تو قدر دانی کی حدود کا تھا۔ یہاں نہ معلوم کتنے درد، کتنے میر، کتنے سودا، کتنے آتش، کتنے سوز جیسے شعر کہنے والے اور کچھ ان میں بھی انفرادیت اور بعض صورتوں میں فوقیت رکھنے والے شعرا پیدا ہوئے، لیکن گمنامی اور وقتی قدر دانی کی چادر نے انھیں ڈھانپ لیا۔ بقول دلاور فگار:

کتنے غالب یہاں پیدا ہوئے اور مر بھی گئے   قدر دانوں کو تخلص کی خبر ہونے تک

مؤلف نے اس تذکرے میں پیش کردہ مواد کو ۱۷۴۹ء سے ۱۹۴۹ء تک دوسو سالہ مدت کو محیط رکھا ہے۔ اس مدت کے اس نے چار ادوار طے کیے ہیں، اور ہر دور کی شعری مساعی کو تمام تر تلاش و تحقیق کے ساتھ پیش کر دیا ہے۔ تذکرے میں شعرا کے اسما کی فہرست نہیں ہے۔ راقم الحروف نے علاحدہ سے اس کا اضافہ کر دیا ہے۔ فہرست سے شعرا کی تعداد کا تعین ہو جاتا ہے، جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

دورِ متقدمین	۱۰۰ شعرا	
دورِ متوسطین	۱۶۳ شعرا	
دورِ متاخرین	۳۰۳ شعرا	
دورِ جدید	۵۷ شعرا	
ضمیمہ نمبر ۱	۸ شعرا	(تذکرے کی تالیف کے بعد جن ناموں کا اضافہ ہوا)
ضمیمہ نمبر ۲	۳۹ شعرا	(جن کے صرف نام پتہ چل سکے)
	۳ شعرا	(جو تالیف تذکرہ کے دوران حیات تھے)
کل تعداد:	۶۷۲ شعرا	

ان ۶۷۲ شعرا میں، علما، صلحا، امرا، زنان بازاری، باحجاب خواتین، اساتذۂ سخن، غیر مسلم، رند شاہد باز ہر معیار اور ہر سطح کے شعرا شامل ہیں، ان میں قدر مشترک صرف شاعری ہے۔ مصنف نے ان کے ترجمے میں ان کا وزن بڑھانے یا کم کرنے کی دانستہ کوشش نہیں کی۔ انہی میں وہ یگانہ روزگار شخصیات بھی ہیں جو علم و ادب کی تاریخ کا حصہ بن چکی ہیں ان کے نام اور شاعرانہ کارناموں کے ذکر میں بھی توازن کو قائم رکھا گیا ہے۔ غرض یہ کہ یہ تذکرہ ایک مثالی تذکرہ ہے جس سے تذکرہ نویسی کی روایت کی توسیع ہوتی ہے۔

مؤلف معروف طور پر محقق ہیں۔ انھوں نے تذکرے کی ترتیب میں بھی تاریخی اور تحقیقی اصولوں کا خیال رکھا ہے، لیکن ان کے پیش کردہ مواد پر تحقیق کا بوجھ محسوس نہیں ہوتا، بلکہ اس کی عبارت کے نشاط میں پڑھنے والا محو ہو جاتا ہے۔

اس تذکرے کو پیش کرنے کا مقصد صرف شعرا کے کوائف اور مساعی نہیں بلکہ اس خطے کی

ادبی وتہذیبی تاریخ کو بھی رقم کرنا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تذکرے میں اس کی گنجائش نہ پانے کے سبب مؤلف نے اپنے تذکرے کے شروع میں بریلی کی تاریخی اور جغرافیائی حیثیت کا تعین کیا ہے اور نقشوں، مواضعات کی تفصیلوں اور ضمیموں کی صورت میں یہاں کی تاریخی تہذیبی اور علمی و ادبی خدمات کو استناد کے ساتھ محفوظ کر دیا ہے۔

اس تذکرے کے بعض انکشافات قارئین کی دلچسپیوں میں اضافے کا موجب ہوں گے۔ صرف ایک انکشاف کی طرف توجہ دلانا ضروری سمجھتا ہوں۔ اردو کے بیشتر آوارہ اور ضرب المثل اشعار اپنے خالق کے نام سے آج بھی محروم ہیں اور ایک زمانے سے وہ 'نا معلوم' کے لاحقے کے ساتھ درج ہوتے رہے ہیں اس تذکرے کی اشاعت سے ایسے اشعار کو ان کے خالق کا نام مل سکے گا۔ ایسے چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

یارب اسی طرح مری میت پڑی رہے — بیٹھے رہیں وہ بال پریشاں کیے ہوئے
شفیع احمد عیش

پیتا نہیں شراب کبھی بے وضو کیے — قالب میں میرے روح کسی پارسا کی ہے
مرزا عباس بیگ عباس

ایام مصیبت کے تو کاٹے نہیں کٹتے — دن عیش کے گھڑیوں میں گزر جاتے ہیں کیسے
کرامت علی خاں شہیدی

زرباف آج ان کو میسر ہے اے فلک — کل تک نہ جن کو آتا تھا بننا نواڑ کا
رتن سنگھ زخمی

دریائے حسن اور بھی دو ہاتھ بڑھ گیا — انگڑائی اس نے نشے میں جو لی اٹھا کے ہاتھ
ظفریاب خاں راسخ

محمد سرِّ قدرت ہے کوئی رمز اس کی کیا جانے — شریعت میں تو بندہ ہے حقیقت میں خدا جانے
حیدر حسین حیدر

کون سنتا ہے فغانِ درویش — قہرِ درویش بجانِ درویش
ذوالفقار علی صفا

کون پرساں ہے حال بسمل کا   خلق منھ دیکھتی ہے قاتل کا
شیخ علی بخش بیمار

اختر بھی جھک گئے ترے خالوں کے سامنے
گوروں کے پاؤں اٹھ گئے کالوں کے سامنے

مرزا عباس بیگ عباس

اور شعرائے بریلی کے یہ تین ضرب المثل شعر ہمارے حافظے کا مستقل حصہ ہیں:

تمنا ہے درختوں پر ترے روضے کی جا بیٹھے   قفس جس وقت ٹوٹے طائر روح مقید کا
کرامت علی خاں شہیدی

شکست و فتح میاں اتفاق ہے لیکن   مقابلہ تو دلِ ناتواں نے خوب کیا
محمد یار خاں امیر

جبھی جاکے مکتب عشق میں سبق مقام فنا لیا
جو پڑھا لکھا تھا نیاز نے سو وہ صاف دل سے بھلا دیا

شاہ نیاز احمد نیاز بریلوی

اس تذکرے میں شاعری کی جملہ اصناف سخن کے نمونے وافر مقدار میں فراہم کیے گئے ہیں اور مقدمہ میں ان تمام اصناف کے ارتقا کو خاص بریلی کے ماحول شعر وسخن میں دیکھنے اور ان کا جائزہ لینے کی کوشش کی گئی ہے۔

حواشی کے ذریعے اضافی معلومات کا بھی ایک دفتر موجود ہے۔ حاشیہ نمبر ۶۷ کے تحت روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی بریلی کے قیام (۱۸۵۵ء) اس کے محل وقوع، اس کی کارگزاریوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ حاشیہ نمبر ۸۰ میں اطلاع دی گئی ہے کہ ۱۹۱۴ء میں بریلی میں بجلی آئی۔ اس میں اتنا اضافہ اور کرلیا جائے کہ یہ بجلی مولانا اشرف علی تھانوی کے بڑے بھائی اکبر علی تھانوی کی کوششوں کا ثمرہ تھی جو ان دنوں محکمۂ بجلی بریلی میں ملازم تھے۔ حاشیہ نمبر ۱۲۳ میں 'عرس خوردہ' اور 'عیدی خواں' کی دلچسپ وضاحت کی گئی ہے۔ اسی طرح حاشیہ نمبر ۴۰ میں ہندوستان میں انگریزوں کے خلاف پہلے جہاد (۱۸۱۷ء) کے قائد مفتی محمد عوض کے گھر کی نشاندہی کی گئی ہے۔

روہیل کھنڈ کے نو اضلاع میں سے سات اضلاع کے شعرا و ادبا پر کام کیا جاچکا ہے اور ان اضلاع کے چھوٹے بڑے تذکرے بھی مرتب ہوئے ہیں۔ رامپور کو تو باقاعدہ ایک دبستان کی صورت میں پیش کرنے کی بھی کوشش کی جاچکی ہے۔ان تمام اضلاع کے کام اور دوسرے شہروں کے اب تک جو تذکرے مرتب ہوئے، ان میں پیش نظر تذکرہ اپنے مواد، استناد، پیشکش، اسلوب، اور توازن کے سبب سبقت لے گیا ہے۔ امید ہے کہ ہمارے دور کے اردو قارئین کو یہ تذکرہ قدیم ادب کے مطالعے پر مہمیز کرے گا اور قدیم شعری تہذیب اور فضا سے استفادے کو دلچسپ نہج دے گا اور علاقائی شعر و ادب پر تحقیقی کام کرنے والوں کے لیے بھی ایک مثالی نمونہ ثابت ہوگا۔

ڈاکٹر سید لطیف حسین ادیب (پیدائش بریلی ۱۰؍جون ۱۹۳۱ء) کی عمر اس وقت ۸۸ سال ہے، لیکن وہ سوائے 'ضعف و ناطاقتی و سستی و اعضا شکنی' بحمد اللہ کسی مرض کا شکار نہیں۔ انھوں نے بریلی کالج بریلی سے پروفیسر محمد تسنیم صدیقی (ف ۱۹۷۱ء) کے زیر نگرانی 'رتن ناتھ سرشار اور ان کی ادبی خدمات' موضوع پر مقالہ لکھ کر ۱۹۵۷ء میں پی ایچ ڈی کی سند حاصل کی تھی۔ ۱۹۵۲ء میں ان کا انتخاب سینٹرل ریلوے سروس کمیشن میں ہوگیا اور وہ ریلوے کے محکمۂ اکاؤنٹس سے وابستہ ہوگئے۔ ساڑھے سینتیس برس ملازمت کرنے کے بعد ۱۹۸۹ء میں سبکدوش ہوئے۔ آجکل بریلی ہی میں اپنے مکان (۳۷ پھول والان، قلعہ بریلی) میں مقیم ہیں۔ ان کی ادبی خدمات کے اعتراف میں راقم الحروف نے سہ ماہی روشن بدایوں کا گوشہ (جلد ۱۲۔ شمارہ ۴۔ ۱۹۸۹ء) مرتب کرکے شائع کیا تھا۔ بعدازاں ۲۰۰۴ء میں ''لطیف نامہ'' کے نام سے ان کے ادبی کام کا توضیحی اشاریہ شائع کردیا تھا۔ وہ ان قلم کاروں میں ہیں جو کام تو کرتے رہتے ہیں لیکن اس کی اشاعت کی پروا نہیں کرتے۔ یہ تذکرہ بھی ان کی اشاعت سے عدم دلچسپی کے سبب موخر ہوتا رہا۔ اب جبکہ یہ شائع ہو رہا ہے مؤلف کو اس سے حیات نو ملے گی، اور اہل ادب ان کی شخصیت کی طرف پھر سے متوجہ ہوں گے۔ اس تذکرے کی تکمیل کے دوران [نومبر ۱۹۹۱ء] بعض شعرا حیات تھے، آج وہ وفات پاچکے ہیں۔ مؤلف کی اجازت سے میں نے ایسے تمام شعرا کی دستیاب تاریخ ہائے وفات کا اندراج قلابین [ ] میں کردیا ہے۔

علی گڑھ ۱۷؍جولائی ۲۰۱۹ء

شمس بدایونی

○

دیباچہ

روہیل کھنڈ اور بریلی کی تاریخ اور ادبیات کی بازیافت میں مؤرخین تاریخ روہیلہ نے نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ مولانا اکبر شاہ خاں نجیب آبادی، حکیم نجم الغنی رام پوری اور سید الطاف علی بریلوی نے نہ صرف تاریخ روہیلہ کو منضبط کیا، بلکہ انھوں نے عہد حاضر کے مؤرخین کے تحقیقی کام کے لیے راہ بھی ہموار کی۔ چنانچہ عہد حاضر کے محققین میں ڈاکٹر محمد ایوب قادری نے روہیل کھنڈ اور اضلاع روہیل کھنڈ کی تاریخِ علما، شعرا اور ادبا پر نہایت محنت اور صحت کے ساتھ با مقصد تاریخی کام کیا اور ایسا سرمایۂ علم و ادب چھوڑا جو ہمیشہ کام آئے گا۔ خود میں نے تقریباً چالیس سال قبل بریلی کی شاعری پر تاریخی کام کی ضرورت کو محسوس کیا تھا جس کے نتیجے میں بریلی کے اہم شعرائے قدیم و جدید پر میں نے مضامین قلم بند کیے اور جو میری کتاب ''چند شعرائے بریلی'' میں شامل ہیں۔ یہ کتاب ۱۹۷۶ء میں شائع ہوئی تھی۔ میری کتاب ''تذکرۂ نعت گویانِ بریلی'' بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ یہ کتاب ۱۹۸۶ء میں شائع ہوئی تھی۔ اب یہ تالیف یعنی تذکرۂ شعرائے بریلی اس سلسلے کا آخری کام ہے۔ یہ بات خود اپنی جگہ اطمینان بخش ہے کہ ادبیات روہیل کھنڈ سے دلچسپی لینے کا رویّہ گذشتہ چالیس برس میں پیدا ہوا اور بعض اہم کام منظر عام پر آئے۔ مولانا امتیاز علی خاں عرشی رامپوری کی تالیف ''اردو اور افغان''، مشرف احمد کی کتاب ''شاہ حسین حقیقت اور ان کا خاندان''، احمد سجاد کی کتاب ''میر غلام علی عشرت بریلوی'' نہایت معتبر تحقیقی کام ہیں۔ میری کتاب 'جگر بریلوی: ایک تعارف' (۱۹۷۳ء) بھی بریلی کے دور جدید کے ایک بڑے غزل گو، مثنوی نگار اور نثر نگار کو مکمل گمنامی سے بچانے کی ایک کوشش تھی۔ روہیل کھنڈ یونیورسٹی بریلی کے زیر اہتمام بھی ادبیات روہیل کھنڈ پر تحقیقی کام ہو رہا ہے۔ آل انڈیا ریڈیو رامپور بھی ادبیات اور تاریخ روہیل کھنڈ کے موضوعات پر تقاریر نشر کراتا ہے جس کے ذریعہ روہیل کھنڈ کی تاریخ و ادب سے عام و خاص آشنا ہوتے ہیں۔ اب یہ امید بے جا نہیں ہے کہ روہیل کھنڈ اور اضلاع روہیل کھنڈ کی تاریخ اور ادب کی بازیافت کا

مقصد پورا ہو جائے گا۔

بریلی میں شاعری کا سلسلہ شہنشاہ اکبر کے عہد میں شروع ہوا، کیونکہ اکبر کے عہد حکومت میں بریلی پر مغلوں کا تسلط ہوا تھا لیکن دورِ مغلیہ میں بریلی کی فارسی شاعری کے متعلق معلومات بہت کمیاب ہیں۔ چونکہ بریلی کی اردو شاعری کے پس منظر میں فارسی شاعری موجود ہے لہٰذا شعرائے فارسی کے تذکرات کی مدد سے ایسے فارسی شعرا کا حال اور کلام پیش کر دیا ہے جن کو بریلی سے نسبت تھی۔ دور روہیلہ میں اور اس کے بعد بھی جن شعرائے بریلی نے فارسی زبان میں شاعری کی، ان کو بھی تذکرے میں شامل کر لیا گیا ہے۔ اس طور پر بریلی میں شاعری کا سلسلہ دور اکبری سے شروع ہو کر بیسویں صدی عیسوی تک قائم ہو جاتا ہے اور یہ بات سمجھنے میں دقت ہوتی کہ شمالی ہند کے دیگر ادبی مراکز کی طرح بریلی میں بھی اردو شاعری فارسی شاعری کے زیر سایہ پروان چڑھی ہے۔

بریلی میں اردو شاعری کا افتتاح نواب علی محمد خاں (م ۱۷۴۹ء) کے عہد حکومت میں ہوا جو حکومت روہیلہ کے بانی تھے۔ ان کی وفات کے بعد نواب حافظ رحمت خاں (م ۱۷۷۴ء) کے پچیس سالہ دور اقتدار میں، اس کے باوجود کہ ان کا زیادہ وقت پڑوسی طاقتوں سے زور آزمائی میں گزارا، علوم وفنون کو غیر معمولی فروغ ملا، محفل سخن جمی اور امرا نے شعرائے بیرونجات کی سرپرستی کی۔ لہٰذا اس تذکرے کی مدت کا تعین ۱۷۴۹ء سے کیا گیا ہے۔ ۱۹۴۷ء میں ہمارے ملک کا بٹوارہ ہوا۔ لوگوں نے ترک وطن کیا جن میں شعرا بھی شامل تھے۔ اس وقت جن شعرا نے ترک وطن نہیں کیا اُن کی شاعری کا آغاز تقسیم ملک سے پہلے یا تقسیم ملک کے وقت ہوا تھا اور اُن کی سخن گوئی بعد کے دَہوں تک جاری رہی۔ لہٰذا اس تذکرے کا حال اختتام ۱۹۴۹ء قرار دیا گیا ہے۔

ہم نے مذکورہ بالا دو سو برس کی مدت کو دورِ قدیم، دورِ وسطیٰ، دورِ آخر اور دور جدید میں تقسیم کرنے کے بعد شاعروں کو حروف تہجی کے اعتبار سے پیش کیا۔ لیکن حروف تہجی کے اعتبار سے شعرا کی ترتیب اس طور پر نہیں ہے جیسی کہ الفاظ لغت کی ہوتی ہے کیوں کہ لغوی طور ترتیب شعرا اختیار کرنے سے تعبید شعرا کا محل پیدا ہوتا ہے جب کہ منشا یہ ہے کہ ایک ہی عصر کے شعرا کو یکجا کر کے ان کے رنگ شاعری کو اس دور کے سابقین کے تناظر میں سمجھنے کی کوشش کی جائے تا کہ اسلوب سخن کے ارتقائی مطالعے میں مدد ملے۔

ہم نے شعرا کے تراجم پیش کرتے وقت ان کے ایسے کام کی بھی نشاندہی کی ہے جو ان کے دواوین غزل کے علاوہ ہے تاکہ ان کی مجموعی خدمت علم وادب منظر عام پر آجائے۔ ہم نے بریلی کی مجموعی خدمت علم وادب کو پیش کرنے کے خیال سے ایک ایسا نقشہ بھی تیار کیا جس میں شعرائے بریلی کے دیگر علمی وادبی کام کی تفصیل شامل ہے اور جس کو بطور ضمیمہ اس تذکرے میں منسلک کر دیا ہے۔ ہم نے بریلی کی تاریخ، جغرافیہ وغیرہ پر نقشہ جات اور مضامین کا تذکرے میں اس خیال سے اضافہ کیا ہے کہ بریلی اور اس کے ادبی ماحول کو سمجھنے میں مدد ملے۔ ہم نے ایک سیر حاصل مقدمہ بھی تحریر کر کے تذکرے میں شامل کر دیا ہے جس سے بریلی کی ہر جہت شاعری کے ارتقائی مطالعے کا موقع ملے گا اور جو کچھ تذکرے میں ہے اس کی مختصر تصویر سامنے آجائے گی۔

ہم نے اس تذکرے کی تالیف کے لیے تقریباً پینتیس برس معلومات جمع کیں اور ان کو ایک خام تذکرے کی شکل میں محفوظ کیا۔ اس خام تذکرے میں وہ تمام مواد شامل تھا جو مختلف ذرائع سے حاصل ہوا۔ اس کے بعد یہ تذکرہ مرتب کرتے وقت ہم نے خام مواد کا جائزہ لیا اور سعی کی کہ تراجم شعرا میں سابقین کی غلطیاں شامل نہ ہوں۔ سید تعظیم علی نقوی جو ۱۹۸۰ء میں بریلی تشریف لائے تھے اور اپنی کتاب تاریخ شعرائے روہیل کھنڈ کے لیے معلومات جمع کر رہے تھے انھوں نے ہمارے خام تذکرے سے استفادہ کیا تھا۔ ہمارا قیاس ہے کہ اگر انھوں نے اس خام مواد کو بغیر جائزہ لیے استعمال کیا تو ان کی کتاب میں وہ تمام غلطیاں در آئیں گی جو سابقین کر چکے ہیں۔

اس تذکرے میں دو طرح کے شعرا شامل کیے گئے ہیں:

(۱) وہ شعرا جو بریلی میں پیدا ہوئے، قطع نظر اس کے کہ وہ بریلی میں مقیم ہوئے یا نہیں، بریلی میں فوت ہوئے یا کسی دوسرے شہر میں۔

(۲) وہ شعرا جو کسی دوسرے شہر میں پیدا ہوئے لیکن بریلی میں مقیم ہوئے، بریلی میں مشہور ہوئے، قطع نظر اس کے کہ وہ بریلی میں فوت ہوئے یا نہیں۔

اس طرح پہلی قسم کے شعرا کا بریلی سے تعلق بوجہ تولد ہے اور دوسری قسم کے شعرا کا بریلی سے تعلق بوجہ نسبت ہے۔

ضلع بریلی کی حدود بھی عہد بہ عہد بدلتی رہی ہیں۔ مؤی قاضیاں جو مولوی قدرت اللہ شوق کا

مولد ہے، عہد قدیم میں سرکار سنبھل پرگنہ کا بر میں شامل تھا لیکن بہ زمانۂ ایسٹ انڈیا کمپنی اس کی شمولیت تحصیل بہیڑی ضلع بریلی میں ہوئی۔ لہٰذا قدرت اللہ شوق کو صف شعرائے بریلی میں شامل کیا گیا۔ تاہم اس بکھیڑے سے بچنے کے لیے ضلع بریلی کی حدود موجودہ کو ہی ترجیح دی گئی ہے۔

ہم نے یوں تو جہاں بھی کوئی تحریر حسب مطلب پائی اس کو اپنے خام تذکرے میں درج کرلیا تھا لیکن جن خاص ذرائع سے شعرائے بریلی کے حالات، ان کا کلام اور دیگر معلومات فراہم ہوئیں ان کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

(۱) فارسی اور اردو شعرا کے تراجم پر مشتمل تذکرات (۲) ایسی تحقیقی اور تنقیدی کتب جن میں شعرائے بریلی کے حوالے ملتے ہیں (۳) کتب تاریخ، اخبارات، رسالے، گلدستے، شعرائے بریلی کے دواوین اور ان کی دیگر تالیفات (۴) نجی بیاضیں، ڈائریاں، خاندانی شجرے، سہرے، وقف نامے، سپاس نامے، دفتری ریکارڈ، وفیات، کتبات قبور وغیرہ (۵) معتقدر عمر رسیدہ باشندگانِ بریلی کی روایات۔

ان ذرائع تک پہنچنا آسان نہیں تھا کیوں کہ ابتدا میں وہ راہ طے کرنی تھی جو اِن ذرائع تک پہنچاتی ہے، اس کے بعد ہی ان سے استفادہ ممکن تھا۔ چنانچہ یہ کام بہت مشکل ثابت ہوا اور وقت بھی بہت صرف ہوا۔ مثلاً تذکرات کسی ایک لائبریری میں یکجائی طور پر نہیں ملے، ان سے استفادہ کرنا آسان نہیں تھا۔ اس کے علاوہ تذکرہ نگاروں نے اپنی بیاضوں کو مرتب کرتے وقت کسی نہ کسی تذکرے کو پیش نظر رکھا۔ اس طرح ایک تذکرے سے استفادہ کرتے وقت دوسرے تذکرے کا مطالعہ لازم ہوگیا جس کی وجہ سے مطالعۂ تذکرات کا سلسلہ بندھ گیا اور کام مشکل سے مشکل تر ہوگیا۔ دیکھنے میں یہ آیا کہ کافی تعداد ایسے شعرا کی ہے جن کے حالات و اشعار ایک تذکرے سے دوسرے تذکرے میں منتقل ہوئے۔ بعض شعرا کا اضافہ ہوا اور بعض شعرا کے مروجہ حالات و اشعار میں تذکرہ نگار کی ان شعرا سے ذاتی واقفیت کی وجہ سے اہم معلومات کا اضافہ ہوا۔ غلام ہمدانی مصحفی اور قدرت اللہ شوق، نواب محمد یار خاں امیر کی محفل سخن کے شاہد تھے۔ ان دونوں نے جہاں نئے شعرا کو متعارف کرایا وہاں ایسے شعرا کے حالات و کلام میں اہم اضافہ کیا جن کا ذکر اس عہد کے تذکرات میں ملتا ہے۔ بعض تذکرہ نگاروں نے کسی تذکرے کا جواب لکھا اور تذکرۂ سابقہ کی اغلاط کی نشاندہی

کی اور بعض شعرا کے تراجم میں جزوی اضافہ بھی کیا۔ یہ مقامات بھی تنقیح و محاکمے کے متقاضی ہوئے۔ لہٰذا ہم نے اصولی طور پر زیادہ سے زیادہ تذکرات کا مطالعہ کیا اوران سے استفادہ کرتے وقت تذکرہ نگار کی ثقاہت اور تذکروں کے تقابلی جائزے کو پیش نظر رکھا۔ ضرورتاً اندرونی و خارجی شہادتیں تلاش کیں۔ محاکمہ کیا، کسی مضبوط بنیاد پر قیاس بھی کیا اوراس کے بعد نتائج اخذ کیے۔ مثلاً گنگا پرشاد رند کے جتنے مفصل حالات اور کلام نصر اللہ خاں خویشگی نے 'تذکرۂ گلشن ہمیشہ بہار' میں بوجہ ذاتی ملاقات پیش کیے وہ کسی دوسرے تذکرے میں نہیں ملتے۔ یہ تذکرہ بھی 'گلشن بے خار' کے جواب میں تالیف کیا گیا تھا۔ اسی تذکرے سے یہ معلوم ہوا کہ گنگا پرشاد رند، نذیر الدین حسن شائق بریلوی کا شاگرد تھا۔

اب خویشگی کے تذکرے کی فراہمی میں جو وقت لگا وہ علاحدہ بات ہے۔ کریم الدین نے میر عزت اللہ خاں جذب کے متعلق اطلاع دی کہ وہ جاسوسی کے لیے سیاحت کرتا تھا اور بخارا کے قریب مارا گیا۔ سری رام نے بغیر حجت کے یہ بات خمخانہ جاوید میں پیش کردی۔ لیکن کسی دوسرے تذکرہ نگار نے جذب پر جاسوسی کا الزام نہیں لگایا؛ خود کریم الدین نے اپنے الزام کے اثبات میں کوئی ثبوت نہیں دیا۔ لہٰذا ہم نے اپنے تذکرے میں اس بات کو آنکھیں بند کرکے قبول نہیں کیا۔ ہم نے یہ رویہ پورے تذکرے میں اختیار کیا ہے۔ جہاں بھی محاکمے کی ضرورت محسوس ہوئی اس سے گریز نہیں کیا۔ یہ کام دقت طلب اور صبر آزما تھا لیکن مجموعی طور پر ہمارے تذکرے میں غلطی کے مقامات ضرور کم ہوئے ہیں۔

عام طور پر تذکرہ نگار اُن کتب اور مضامین سے سروکار نہیں رکھتے ہیں جن میں شعرا کی حیات اور ان کے علمی و ادبی اکتساب پر معلومات ملتی ہیں۔ ہم نے تذکرات اور روایات کے علاوہ شعرائے بریلی پر تحریر کردہ ان کتب اور مضامین سے بھی استفادہ کیا ہے جو محققین اور ناقدین نے تفحص کے ساتھ قلم بند کیں۔ ان کتب اور مضامین کی تفصیل فہرست حوالجات میں شامل کردی گئی ہے۔

شعرائے بریلی کے مطبوعہ و غیر مطبوعہ دواوین، ان کی دیگر تالیفات وغیرہ، کتب تاریخ، اخبارات، رسائل اور گلدستوں سے شعرائے بریلی کی بازیافت میں بہت مدد ملی۔ گلدستے بہت کار آمد ثابت ہوئے۔ ان کے ذریعہ کم سے کم شعرا کے اسما، تخلص، تلمذ اور نمونۂ کلام سے آگاہی میسر

ہوئی۔ البتہ ہم نے ایسے شعرا کو جو بھرتی کے تھے یا جو تخلص بدل کر گلدستوں میں غزلیات شائع کراتے تھے، تذکرے میں شامل نہیں کیا۔ ہم نے پوری کوشش کی کہ ہر شاعر کا شمار اور تذکرے میں شمولیت ایک ہی تخلص سے ہو اور کوئی شاعر بھرتی کا بھی نہ ہو۔ ہم نے یہ بھی پایا کہ بعض شعرا نے اپنے ابتدائی دور شاعری میں جو تخلص اختیار کیا تھا وہ انھوں نے آئندہ ترک کر کے نیا تخلص رکھ لیا۔ ہم نے تذکرے میں اس کی نشاندہی کر دی ہے تا کہ کوئی الجھن پیدا نہ ہو۔ جہاں شعرا کے نام کے سلسلے میں مختلف تحریرات ملیں ہم نے اس کی بھی نشاندہی کر کے صحیح نام بتانے کی کوشش کی ہے۔

بریلی کے وہ شعرا جن کا دور شاعری انیسویں صدی عیسوی کے آخری دہوں سے شروع ہوا اور اس کا اختتام تقسیم ملک کے وقت ہوا، زیادہ پریشانی کا باعث بنے۔ ان کی غزلیات گلدستوں میں شائع ہوئیں۔ ان کو شہرت بھی ملی لیکن ان کے حالات اور ان کی بیاضیں ہماری دسترس کے باہر ہو گئیں کیونکہ یا تو وہ فوت ہو چکے تھے یا انھوں نے تقسیم ملک کے بعد لاہور و کراچی کا رُخ کیا اور جملہ سرمایۂ ادب اپنے ساتھ لے گئے جو سرمایۂ ادب یہاں باقی رہا وہ ردّی کے مول فروخت ہوا یا ضائع ہو گیا۔ ہم نے جب ان شعرا کی جستجو کی تو ہمارے ہاتھ کچھ نہیں لگا جب کہ ان شعرا کے تراجم کو تذکرے میں شامل کرنا بہت زیادہ ضروری تھا کیوں کہ ان کا ذکر مروّجہ تذکرات میں شامل نہیں تھا۔ اس آڑے وقت میں بریلی کے ایسے معمر شعرا اور سن رسیدہ اصحاب ذوق نے ہماری مدد کی جو تقسیم ملک کے بعد بریلی میں جمے رہے اور بعد کو بریلی میں ہی پیوند خاک ہوئے۔ ان محسنین نے ہماری معلومات میں اضافہ کیا اور ان کی اطلاعات کی روشنی میں ہماری رسائی شعرائے مذکورہ کے کسی نہ کسی اہل خاندان، پڑوسی، دوست یا شاگرد تک ہو گئی جن سے مزید معلومات دریافت ہوئیں۔ یہ کوچہ گردی جو شعرائے مذکورہ کے محلوں سے شروع ہو کر ان کی قبور کے کتبات کی نقل نویسی پر ختم ہوئی، جس میں وقت صرف ہوا، کڑوے کسیلے تجربات ہوئے، اس تذکرے کا مشکل ترین مرحلہ تھا، تاہم ہمیں افراد شہر بریلی سے تعاون ملا اور ہم نے شعرائے مذکورہ کو تذکرے میں شامل کر لیا۔ اتنی محنت اور جستجو کے بعد بھی متعدد شعرا کے حالات اور اشعار فراہم نہیں ہوئے۔ ہم نے ان شعرا کو نظر انداز کرنے کے بجائے ایک فہرست میں شامل کر لیا اور ہمارے علم میں جو امور تھے وہ بھی درج کر دیے۔ تذکرے میں یہ فہرست بطور ضمیمہ شامل ہے۔ ہم نے یہ توقع کی ہے شاید آیندہ ان کے

حالات واشعار فراہم ہو جائیں۔

مذکورہ بالا فہرست میں بعض ایسے شعرا بھی شامل ہیں جن سے ہماری یاد اللہ ہے لیکن جنھوں نے اپنے خود نوشت حالات اور اشعار ہمیں فراہم نہیں کیے، ع ''ہر کسے را مصلحتے خویش نکومی داند''

بعض شعرا جن کے حالات اور اشعار بہت تاخیر سے فراہم ہوئے ان کو مذکورہ بالا فہرست میں سے خارج کر کے ایک ضمیمے میں شامل کر لیا ہے تاکہ وہ بھی شریک تذکرہ ہو جائیں۔ بہر حال ہماری کوشش یہی رہی کہ یہ تذکرہ شعرائے بریلی اور بریلی کی تاریخ شاعری کی بہتر نمائندگی کرے اور مؤلفین فردا اس سے خاطر خواہ استفادہ کریں۔

بریلی میں اردو نثر کا پہلا نمونہ حسین شاہ حقیقت کی کہانی جذب عشق (۱۷۹۷ء) کو قرار دیا جاسکتا ہے۔ اس کے بعد اردو نثر کے نمونے کسی نہ کسی شکل میں فراہم ہوئے ہیں۔ لہٰذا اس تذکرے کی تکمیل کے بعد بریلی کے نثر نگاروں اور ان کے عہد بہ عہد اسلوب نگارش پر ایک تالیف کی گنجائش پیدا ہوتی ہے۔ یہ توقع نامناسب نہیں ہے کہ بریلی کے نثر نگاروں پر بھی تحقیقی کام ضرور ہوگا اور اس طرح بریلی کی تاریخ ادب مکمل ہو جائے گی۔

اس تذکرے میں سہو و اغلاط کا امکان باقی ہے۔ ہمارے قارئین کا کرم ہوگا کہ وہ اغلاط پر ہمدردی کا اظہار کریں اور ان کی نشاندہی فرمائیں۔ تحقیقی کام اپنے طور میں بے تسلسل نہیں ہوتا۔ محققین فردا کار گذشتہ کی اصلاح کرتے ہیں اور اس کی نہج پر نئی تالیفات پیش کرتے ہیں۔ یہ سفر جاری تھا اور جاری رہے گا۔ یہ تذکرہ بھی اس سفر کی ایک منزل ہے۔ ہمارا قیاس یہی ہے کہ اس تذکرے کے بعد محققین فردا کو بقیہ منازل طے کرنے میں زیادہ دشواری نہیں ہوگی۔

ہم اس وقت جناب علی حسین ضمیر بریلوی (ف ۱۹۷۶ء) بہ عمر اٹھتر سال، جناب چودھری اشتیاق احمد بریلوی (ف ۱۹۷۱ء) بہ عمر ستاسی سال، جناب لیاقت حسین لیاقت بریلوی (ف ۱۹۷۸ء) بہ عمر تہتر سال، سید زوّار علی ایڈووکیٹ (ف ۱۹۸۳ء) بہ عمر پچھتر سال اور جناب ماتا پرشاد زیب بریلوی (ف ۱۹۷۸ء) بہ عمر ستر سال کو یاد کرنا ضروری سمجھتے ہیں کیوں کہ یہ وہ افراد شہر بریلی تھے جنھوں نے اس تذکرے کے دور آخر کے شعرائے بریلی کی بازیافت میں ہماری مدد کی۔ جناب ویریندر پرشاد سکسینہ بدایونی [ف ۲۰۱۰ء] نے گلدستۂ نہال سخن بریلی (۱۹۱۲ء تا

۱۹۱۷ء) کا مکمل فائل فراہم کیا اور جب بھی کسی کتاب، کسی رسالے کی ضرورت پیش آئی، انھوں نے معاونت کی۔ ہم ان کے ممنون ہیں۔ جناب شیخ وحید احمد مسعود، ساکن شیخو پور بدایوں (ف ۱۹۷۷ء) نے گلدستۂ آئینۂ مغفرت اور گلدستۂ جام کوثر عطا کیے جن میں گلدستۂ آئینۂ مغفرت نے کئی شعرائے بریلی کی بازیافت میں غیر معمولی مدد کی۔ ہم ان کے بھی ممنون ہیں، لیکن وہ گلدستۂ 'نہال سخن' کا فائل جلد واپس لے گئے اور میں اس کے حوالے لکھنے سے قاصر رہا۔ اس تذکرے میں ایسے متعدد مقامات ہیں جن کا ماخذ یہی رسالہ ہے۔ لیکن حوالہ ناقص ہے جس کے لیے میں معذرت خواہ ہوں۔ ہر چند جو اصحاب اب زندہ نہیں ہیں، ان کے تعاون کا شکریہ ادا کرنا اور ان کو یاد کرنا ہم پر واجب ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس تذکرے کی وساطت سے ان کو یاد رکھا جائے۔ مرزا انور بیگ انور چغتائی بریلوی ہمارے بزرگ دوست اور صاحب طرز شاعر تھے [ف ۲۰۰۵ء]، ہم ان کے مخلصانہ مشوروں اور تعاون کے لیے ممنون ہیں۔ ڈاکٹر شمس بدایونی نے اپنے اعلیٰ کتب خانے کے استفادے کا پیہم موقع دیا، مفید مشورے دیے اور ہمارے کام میں دلچسپی لے کر حسب موقع اور حسب ضرورت تعاون دیا، ہم ان کے بھی ممنون ہیں۔

لطیف حسین ادیب
۷۳- پھول والان، بریلی (یوپی)
مؤرخہ بعد از ۱۹۹۰ء

بریلی کی تاریخی قدامت اور تہذیبی پس منظر

بریلی سے مراد ضلع بریلی ہے۔ کیوں کہ عہد قبل از مسیح میں اس جگہ جہاں اب شہر آباد ہے جنگل تھا جس میں وحشی و نیم وحشی لوگ آباد تھے۔ بریلی میں دور حَجری (PALEOLITHIC AND NEOLITHIC AGE) کے آثار یعنی پتھر کے اسلحہ، غاروں میں تصاویر وغیرہ،نہیں ملتے۔ دراصل صوبۂ یوپی میں یہ آثار صرف اضلاعِ باندہ،ہمیر پور اور الٰہ آباد میں ملے ہیں۔

شہری زندگی کا طور ہزاروں برس بعد اس وقت پیدا ہوا جب انسان نے فصل اُگانا شروع کی، کھانا پکانے کا طریقہ سیکھا،مٹی کے پختہ برتن بنائے،ستر پوشی کے لیے کپڑے تیار کیے،عورتوں کے لیے زیورات اور بچوں کے لیے کھلونے بنائے۔ نیچر کی پرستش کی۔ وقت، وزن اور مقدار کے اندازے مقرر کیے۔سماجی اور مذہبی رسوم اختیار کیں۔مردوں کو دفن کیا۔اجتماعی ضرورت کے مطابق مکانات تعمیر کیے اور قوانین وضع کر کے خاندانی اور سماجی نظام چلایا۔ بریلی میں اِن امور کی شہادت بریلی سٹی ریلوے اسٹیشن کے جنوب مغرب میں تقریباً پانچ کلومیٹر دور اونچا گاؤں میں کھدائی سے برآمد ہوئے۔ کھدائی کے بعد نچلی سطحوں میں جو آثار ملے جیسے پختہ برتن، بیج، ہتھیار، اوزار، کھلونے، زیورات، چولھے، انسانی پنجر اور ان کے قریب رکھی ہوئی اشیا، ان سے یہ اندازہ کرنے میں غلطی نہیں ہوئی کہ اونچا گاؤں کی تہذیب کے آثار انڈس ویلی یا ہڑپّن تہذیب سے مشابہ ہیں جس کا یہ مطلب ہوا کہ بریلی کی تاریخی و تہذیبی قدامت دو ہزار پانچ سو برس قبل مسیح کی تہذیب سے جڑی ہوئی ہے۔

ہڑپّن تہذیب کے بعد ویدوں کا عہد شروع ہوا جس کا تعلق ہندوستان میں آریوں کی آمد سے ہے۔ آریہ خانہ بدوش، اسپ سوار اور جنگجو چرواہے تھے۔ وہ بلوچستان کے درّوں سے گذر کر ہندوستان میں داخل ہوئے۔ ان کا مقابلہ وادی سندھ کے باشندوں سے ہوا۔ آریہ فتحیاب ہوئے۔ اس کے بعد آریوں نے پھیلنا شروع کیا اور وہ بہار و بنگال تک پہنچ گئے۔

آریوں کی زبان سنسکرت تھی۔ ان کے عقائد اور رسوم کی تفصیل رِگ وید، یجروید، سام وید اور اتھر وید میں ملتی ہے۔ آریہ عقیدۃً موحد تھے۔ انھوں نے آسمان، چاند، سورج، پہاڑ، بارش، ستاروں اور اشجار کو قانونِ فطرت کا پابند دیکھ کر ان کی اہمیت تسلیم کی اور ان کے اندرا، مترا، ورون اور اَگنی وغیرہ نام رکھ دیے۔

آریوں میں خاندانی زندگی کو اہمیت حاصل تھی۔ خاندان کا سربراہ باپ ہوتا اور اس کا حکم ماننا امر لازم تھا۔

آریوں نے سماج کو چار ورنوں میں تقسیم کیا۔ عالم، مدرّس، پروہت، برہمن کہلاتے تھے۔ سپاہی اور فوج کے سربراہ چھتری، تاجر صنّاع اور کاشتکار ویش، مزدور اور چھوٹا موٹا کام کرنے والے شودر جو سیاہ یا سانولی جلد کے مفتوحہ مقامی باشندے تھے۔ باپ سے بیٹے کو پیشہ منتقل ہوتا رہا جس کی وجہ سے پیشہ ذات بن گیا اور یہ سمجھا جانے لگا کہ پیشے کا تعلق پیدائش سے ہے۔

انتظامی امور میں راجہ صاحبِ اقتدار تھا اور اس کے ماتحت مختلف محکموں کے سربراہ تھے۔ یہ انتظام گاؤں کے مکھیا تک قائم تھا۔ راجہ کا مشیر کوئی برہمن ہوتا۔

آریوں کی زندگی مجموعی طور پر خوش حال اور پر مسرت تھی۔ ایک ہزار سال قبل مسیح اور چھ سو سال قبل مسیح کا عہد رزمیہ دور (EPIC AGE) کہلاتا ہے۔ اس عہد میں مہا بھارت اور رامائن وجود میں آئے۔ مہا بھارت میں جنگ آریوں کے دو قبیلوں کورو اور پانڈو کے درمیان شمالی ہند میں ہوئی۔ رامائن میں جنگ آریوں اور جنوبی ہند کے غیر آریائی باشندوں کے مابین ہوئی۔ دونوں رزمیوں میں حق کی فتح دکھائی گئی ہے۔ دونوں رزمیوں میں حیات اور حیات ما بعد سے وابستہ تصورات، اخلاقیات اور سماجی روایات کے احترام پر زور دیا گیا۔ دونوں رزمیوں میں راجہ کی حیثیت خدا کے اوتار کی ہے۔

برہمنوں نے چار آشرم بنائے۔ برہما چاریہ یعنی دور تعلیم، گرہستیہ یعنی عیالی دور، وَن پرستہ یعنی جنگلات کی تنہائی میں دھیان گیان کا دور اور سنیاس یعنی علائق دنیا سے کنارہ کشی اور تبلیغ کا دور۔ مختصر یہ کہ وہ عہد سماجی شعور اور اس کے پھیلاؤ کا عہد تھا۔

رزمیہ دور کے بعد طاقتور حکومتیں وجود میں آئیں۔ گندھارا، کورو، سورسین، پنچال، کوشل، کاشی،

ودیہہ، کلا، مگدھ وغیرہ۔ ان حکومتوں کے تعلق سے ٹکسلا، اندر پرست، متھرا، اہی چھتر، ایودھیا، ویشالی، کپل وستو، راج گریہہ، پاٹلی پتر وغیرہ مشہور شہر تھے جہاں راجہ اوراس کے ماتحت افسران رہتے تھے۔ ان شہروں کے عروج سے شہری اور دیہاتی زندگی میں امتیاز پیدا ہوا جو ہندوستانی ثقافت کا اہم پہلو ہے۔ دور قدیم سے آج تک ہندوستان کی کثیر آبادی دیہات میں رہتی ہے۔ لہٰذا شہری زندگی کے آداب اور تکلفات، دیہاتی زندگی کی سادگی اور غربت ہندوستانی ادب میں اس کے قدیم تہذیبی دور سے ہی نمایاں ہے۔ مثلاً سنسکرت برہمنوں کی زبان تھی جو شہری تھے اور اپ بھرنش عوامی زبان تھی جن کی اکثریت دیہاتوں میں رہتی تھی۔ اس کے علاوہ پیشے ذاتوں میں بدل گئے اور ذاتوں کی حیثیت مذہبی ہوگئی۔ حکومت کی جانب سے ٹیکس اور لگان وصول کرنے کا آغاز ہوا تا کہ عوامی فلاح اور حکومت کے کام چلائے جائیں۔ اس دور میں علم وفضل کے پھیلاؤ کے ساتھ طبقاتی استحصال اور لڑائیوں کے ذریعہ زور آزمائی اور حصول اقتدار کا ماحول بھی بنا۔ شہنشاہیت کا تعلق خاندانوں سے وابستہ ہوگیا۔ مہابیر اور مہاتما بدھ نے اپنی مذہبی تحریکات کے ذریعہ عام لوگوں کے دکھ درد کو ختم کرنے کی کوشش کی اور اہنسا پر زور دیا۔ طبقاتی امتیاز کو بھی ختم کیا۔

بریلی کا تعلق پنچال کی راجدھانی اہی چھتر سے ہے جو اس وقت ضلع بریلی کی تحصیل آنولہ کے موضع رام نگر میں واقع ہے۔ اس کا طول البلد 79.7 اور عرض البلد 28.22 ہے۔ اہی چھتر کی خود اپنی تاریخی قدامت ہے۔ مہابھارت سے کچھ پہلے راجہ دروپد پنچال کا حکمراں تھا۔ اس کی راجدھانی کمپل میں تھی جو اس وقت ضلع فرخ آباد یوپی میں ایک قصبہ ہے۔ پانڈوں کے استاد ڈرونڑاچاریہ نے پانڈوں کی مدد سے راجہ دروپد کو شکست دے کر اتری پنچال پر قبضہ کرلیا اور مفتوحہ علاقے کو اَدی اہیر (ADI AHIR) کے حوالے کر دیا۔ دروپد لڑائی ہار کر کمپل چلا گیا اور ادی اہیر نے اہی چھتر میں ایک کوٹ تعمیر کر دیا جو گذشتہ صدی سے ماہرین آثار قدیمہ اور مؤرخین کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ اہی چھتر کے تسمیہ کی کئی وجوہ ہوسکتی ہیں۔ ہوسکتا ہے ادی کی دال ہائے ہوّز میں بدل گئی۔ ہوسکتا ہے کہ چوتھی صدی قبل مسیح میں جب اہی چھتر پر ناگ قوم کے راجہ حکمراں تھے، اس کا نام اہی چھتر پڑا کیوں کہ اہی چھتر کے معنی ہیں سانپوں کا سایہ۔ ہوسکتا ہے کہ کوٹ میں جگہ بہ جگہ چھتر ہوں جن میں پسھناری کا چھتر ہنوز مشہور ہے۔ لہٰذا ان چھتروں کی وجہ سے اہی چھتر نام پڑا۔ بہر حال وجہ تسمیہ جو

بھی ہو ماہرین آثار قدیمہ نے اس کا نام اہی چھتر (AHICHTRA) تحریر کیا جو بدستور مروج ہے۔اہی چھتر اُتری پنچال کی راجدھانی تھا اور گذشتہ صدی میں ۱۸۶۲ء سے اس صدی میں ۱۹۴۳ء تک جو آثار کھدائی کے بعد برآمد ہوئے ان سے معلوم ہوا کہ جین، ناگ، بدھ، کشک، گپت راجاؤں کا اہی چھتر پر اقتدار رہا۔اہی چھتر میں جینیوں کا ایک مندر محفوظ ہے جہاں سالانہ میلہ ہوتا ہے۔ قلعے کے اندر بدھ بھکشوؤں کی گُپھائیں ہیں۔سمندر گپت کے سکے برآمد ہوئے۔گپت عہد کی ٹیراکوٹا مورتیاں بھی ملیں جو اہم انکشاف ہے۔معلوم ہوتا ہے کہ گپت عہد میں اہی چھتر کافی ترقی یافتہ علاقہ تھا۔

ساتویں صدی عیسوی کے آغاز میں سوراسٹر کے راجہ بینی پال کا لڑکا مہی پال بدایوں پر قابض ہوا۔اس نے بدایوں کو اپنی حکومت کا مستقر بنایا۔ بدایوں سے اہی چھتر زیادہ دور نہیں تھا۔لہٰذا بدایوں کے عروج کے ساتھ اہی چھتر کا زوال شروع ہو گیا۔گیارہویں صدی عیسوی تک اہی چھتر ویران ہو گیا۔

بریلی میں جنگل اور ندیاں تھیں۔اہیر آباد تھے۔اہیر چھونپڑیوں میں رہتے اور مویشی پالتے تھے۔بریلی کا قدیم نام پٹہ اہیران بھی ہے۔۱۳۹۹ء میں حملۂ تیمور کے وقت ترہٹ بہار کے کٹھیر یا راجپوتوں نے بریلی میں اقتدار حاصل کیا اور وہ مختلف علاقوں پر قابض ہو گئے۔اس وقت ان کے اہم مراکز آنولہ اور کابر تھے۔کٹھیر یا راجپوت جنگجو اور بہادر تھے۔ان کی شاہی فوجوں سے لڑائی ہوتی رہتی تھی لیکن شاہی فوج پورے طور پر کبھی کامیاب نہیں ہوئی کیوں کہ کٹھیر یا راجپوت جنگلات میں چھپ جاتے اور شاہی فوج کھلے میدان میں لڑنے کی عادی تھی۔کٹھیریوں نے وسیع علاقے پر قبضہ کر لیا جس کا نام کٹھیر مشہور ہوا۔

ہندوستان میں مغلوں کی آمد کے وقت (۱۵۲۶ء) کٹھیر میں راجپوتوں کی مختلف شاخوں کے زمیندار اور اہیر صاحب اقتدار تھے۔یہ سب راجہ کہلاتے تھے۔انھوں نے اپنے اپنے علاقوں میں قصبات آباد کیے اور اپنی حفاظت کے لیے گڈھیاں تعمیر کیں۔ایسے قصبات میں سینتھل، کابر، شیرگڑھ، اَترچھیندی، آنولہ، شِو پری وغیرہ مشہور ہیں لیکن ان قصبات کے آثار کی طرف توجہ نہیں دی گئی اور وہ ختم ہو گئے۔

یہ بات باور کی جاسکتی ہے کہ راجپوتوں اور اہیروں نے قدیم علم وفضل اور معاشرتی روایات پر عمل کرنے کے ساتھ ہی بدایوں و دہلی کے ماحول کے اثرات بھی قبول کیے اور ان کے طرز زندگی میں تھوڑا نیا پن ضرور پیدا ہوا۔

سولہویں صدی عیسوی کے آغاز میں کٹھیر یا راجپوت جگت دیو بڑھل نے بریلی کے مشرقی گوشے میں بعض مواضعات پر قبضہ کرکے راجہ کا خطاب اختیار کیا۔ راجہ کے دو پسر تھے۔ بڑا، باسدیو بڑھل اور چھوٹا، ناگ دیو بڑھل۔ جگت دیو بڑھل کے فوت ہونے کے بعد باس دیو بڑھل راجہ بنا اس نے بریلی میں ایک کوٹ تعمیر کیا۔ کوٹ تو امتدادِ زمانہ کے ہاتھوں مٹ گیا البتہ اس جگہ محلّہ کوٹ آباد ہے۔ باس دیو بڑھل کے نام پر ہی شہر کا نام بانس بریلی پڑا جو اَب صرف بریلی کہلاتا ہے۔ باس سے بانس بنا کیوں کہ بریلی مدتِ مدید سے بانسوں کی تجارت کی منڈی ہے۔ بریلی میں اس بازار کا نام بھی جہاں بانس اور لکڑی فروخت ہوتی ہے، بانس منڈی کہلاتا ہے۔ بڑھل سے بڑھلی اور بریلی بنا۔ بڑھل کے معنی ہیں بڑا جس میں فارسی دانوں نے یائے تحتانی کا اضافہ کیا اور بعد کوڑ اور ھ کی ہندی اصوات گر گئیں اور بریلی رہ گیا۔ یہ کہنا غلط ہے کہ باس دیو اور بڑھل دیو دو بھائی تھے جن کے مشترکہ نام پر بانس بریلی نام پڑا۔ باس دیو کے بھائی کا نام ناگ دیو تھا اور بڑھل ان کا لقب کیوں کہ کٹھیر یا خود کو اونچی ذات کا راجپوت مانتے تھے۔

ہمایوں (م ۱۵۵۷ء) اپنے سیاسی حالات میں گرفتار تھا۔ اس کے عہد میں باس دیو کے خلاف تادیبی کاروائی نہیں ہوئی۔ اکبر نے اپنے عہد حکومت میں عباس علی خاں افغان غرغشتی کو باس دیو کی تنبیہ کے لیے بھیجا۔ فریقین کی فوجوں میں لڑائی ہوئی۔ باس دیو اور ناگ دیو لڑائی میں مارے گئے اور بریلی پر مغل قابض ہوگئے۔ اکبر نے حکیم عین الملک حسین، مرزا شیرازی المعروف بہ عین الملک مرزائی جو بدایوں کا صوبیدار تھا، بریلی کا ناظم مقرر کیا۔ مرزائی نے حسب ضرورت شہر کی آبادکاری کی۔ اس نے ۱۵۷۹ء میں جامع مسجد تعمیر کی اور اس کے ملحق باغ لگایا۔ باغ کا وجود نہیں رہا، مسجد شہر کہنہ میں برقرار ہے۔ عین الملک مرزائی کے بعد بریلی کی نظامت بہرہ مند خاں کو ملی۔ جہانگیر کے عہد حکومت میں (۱۶۰۵ء تا ۱۶۲۸ء) سلطان علی قلی خاں بریلی کا ناظم تھا۔ عہد شاہ جہانی میں (۱۶۲۸ء تا ۱۶۵۹ء) بدایوں کی جگہ بریلی صوبہ بنا اور عبداللہ خاں ملیح آبادی ناظم مقرر ہوا اور اس کے

بعد نانک چند کھتری، اورنگ زیب کے جلوس (۱۶۵۹ء) کے بعد سنبھل اور بدایوں قدیم کٹھیر میں شامل ہوئے اور پہلا صوبیدار نانک چند کھتری کا پسر مکرندرائے مقرر ہوا۔ مکرندرائے کے عہد میں بریلی کے مشرق میں جہاں اب شہر کہنہ ہے، آبادی تھی اور دیگر علاقے میں جنگل یا دیہات، مکرندرائے نے جنگل صاف کرا کے آبادکاری کی۔ قلب شہر میں عالمگیری گنج بسایا۔ مقبرۂ شاہ داناولیؒ کی مرمت یا تعمیر کی۔ شہر کے شمال میں جوا ندی کے کنارے، جواب دیورنیاں یا قلعہ ندی کہلاتی ہے، قلعہ تعمیر کیا اور ایک جامع مسجد ۱۶۶۷ء میں بنائی۔ جامع مسجد موجود ہے، قلعہ نابود ہوگیا۔ اس کی جگہ انگلس گنج ہے اور پورا علاقہ قلعے کے نام سے مشہور ہے۔ اس نے شہر کے اطراف میں محلے آباد کیے جیسے کنور پور، ملوک پور وغیرہ۔ اس کی اپنی جاگیر کا علاقہ مکرند پور سرکار کہلاتا تھا جس میں باغات اور شکارگاہ تھی۔ مکرندرائے کے زمانے میں آبادی بڑھی۔ مغل اور پٹھان کثرت سے آباد ہوئے۔ دیگر اقوام کے لوگ جیسے کھتری، ویش وغیرہ بھی باہر سے آکر بریلی میں آباد ہوئے۔ بریلی میں محلے کے نام سے باشندگان کی شناخت کی جاسکتی ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ چکلہ خالصہ اور دیوانی کے دفاتر قائم ہوئے۔ صالح خاں ولد اعظم خاں خدمت فوجداری اور دیوانی پر مقرر ہوا۔ اعظم خاں نے محلّہ اعظم نگر اور صالح خاں نے محلّہ صالح نگر بسایا۔ ۱۶۷۹ء میں محمد رفیع باذل (م ۱۷۱۱ء) بریلی کا ناظم مقرر ہوا۔ اس کے عہد میں جنگھارا اور کٹھیر یا راجپوتوں نے بغاوت کی جو کچل دی گئی۔ محمد رفیع باذل کے بعد نواب خیراندیش خاں ثانی قوم کمبوہ، بریلی کا ناظم ہوا۔ اس نے مکرند پور سرکار میں مکرندرائے کی شکارگاہ اور باغ جو نزول کے تھے، موضع بہاری پور کے ساکنان کی شکایت پر کہ شکارگاہ اور باغ میں چور رہتے ہیں جن سے جان و مال کو خطرہ ہے، شاہی اجازت سے خرید کر ایک قلعہ اور ایک مسجد تعمیر کی۔ قلعہ نابود ہوگیا، مسجد برقرار ہے جو مسجد نومحلہ کہلاتی ہے کیونکہ جس محلے میں مسجد ہے وہ پرانے زمانے میں نومحلہ کہلاتا تھا۔ اس عہد میں چومحلہ پنج محلہ، نو محلہ محلّوں کے نام ہوتے تھے۔

نواب خیراندیش خاں کے بعد نواب عظمت اللہ خاں فاروقی لکھنوی سرکار سنبھل بدایوں اور بریلی کا صوبیدار مقرر ہوا۔ اس نے مرادآباد میں اقامت اختیار کی اور بریلی کا انتظام چکلہ داروں اور فوجداروں کے ذریعہ چلایا۔ عظمت اللہ خاں کے خاندان میں گورنری کا منصب عہد محمد شاہ تک

(۱۷۱۹ء تا ۱۷۴۸ء) قائم رہا۔ فرخ سیر (م ۱۷۱۹ء) نے کٹھیر کا علاقہ ۱۷۱۵ء میں چیت قلیچ خاں کو جاگیر میں دیا تھا اور بعد کو فرخ سیر نے ہی یہ علاقہ رکن الدولہ اعتقاد خاں کو عطا کیا۔ اعتقاد خاں نے مرادآباد کو مستقر بنایا اور اس کا نام رکن آباد رکھا۔ دراصل اُس بدنظمی کی وجہ سے جو اعتقاد خاں کے زمانے میں پھیلی ہوئی تھی، دربار دہلی سے عظمت اللہ خاں کا تقرر ہوا تھا۔

دور محمد شاہی کا ایک معروف چکلہ دار یا ناظم بریلی بدرالاسلام خاں تھا جس کی بنوائی ہوئی مسجد بدرالاسلام آصفی مسجد کے سامنے قلعہ روڈ پر واقع ہے۔ اس نے یہ مسجد ۱۷۴۵ء میں بنوائی اور اس زمانے میں یہ جگہ بازار گزری کہلاتا تھا۔ آج کل عوام اس مسجد کو گڈری کی مسجد کہتے ہیں۔

عہد محمد شاہ میں روہیلوں کو عروج ملا اور وہ رفتہ رفتہ اس تمام علاقے پر قابض ہو گئے جو کٹھیر کہلاتا تھا۔

بریلی میں غالب آبادی اہیروں اور راجپوتوں کی تھی۔ ابتدا میں ترک پٹھان اور مغل بریلی ضرور آئے لیکن انھوں نے بدایوں میں بود و باش کو ترجیح دی کیوں کہ وہ علم و فضل کا بڑا مرکز تھا۔ البتہ مغلوں کے ہاتھوں فتح بریلی کے بعد مغل اور پٹھان بریلی میں آباد ہونا شروع ہوئے اور انھوں نے اپنی ضرورت اور انتظامی امور کے پیش نظر بریلی کی توسیع کی۔ بریلی کی مقامی تہذیب میں مغل جمالیات کا اضافہ ہوا اور اس طرح ایک مشترکہ تہذیب کی تشکیل ہوئی جس کو عہد روہیلہ میں مزید فروغ حاصل ہوا۔

دور روہیلہ سے دور جدید تک کا تاریخی تہذیبی اور ادبی پس منظر اس تذکرے کے مقدمے میں پیش کیا گیا ہے۔ منسلک شدہ نقشہ جات سے بریلی کے جغرافیہ اور تاریخی قصبات وغیرہ کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔

○



نواب حافظ رحمت خاں کے دور اقتدار (۱۷۴۰ء تا ۱۷۷۴ء) میں شہر بریلی کا قیاسی نقشہ

ضلع بریلی کے اہم تاریخی قصبات



نقشہ ضلع بریلی - دریا اور ندی



توضیحات

(۱)

[اس عنوان کے تحت ضلع بریلی کی تحصیلیں، پرگنہ جات، مواضعات، بستیاں، تاریخی مقامات، محلے، مساجد و منادر، باغات وغیرہ کا مختصر تعارف پیش کردیا گیا ہے؛ تاکہ مطالعے کے دوران یہ نام اجنبی نہ رہیں]

مَوی قاضیان : بریلی کے شمال میں دامنِ کوہ میں آباد ہے۔ قدیم موضع ہے۔ یہ عہد ہمایوں سرکار سنبھل کے تابع تھا۔ راجہ تاج خاں خلجی کٹھیر یا دامنِ کوہ کا حاکم تھا، اس نے شیخ سراج الدین عرف مٹھن مَوئ مع بارہ گاؤں کے جاگیر میں دیے۔ اُس وقت سے آج تک یہاں قاضی آباد ہیں جن کے رشتہ دار بریلی، بچھراؤں، مرادآباد اور رامپور میں بھی آباد ہیں۔ مَوئ پرگنہ کابر میں شامل تھا۔ روہیلوں نے بریلی میں شامل کیا اور انگریزوں نے بھی بریلی میں ہی شامل رکھا۔ یہ بریلی کی تحصیل بہیڑی کا موضع ہے۔ مولوی مقیم صاحب مصنف حاشیہ شرح وقایہ اور مولوی قدرت اللہ شوق مَوئ میں پیدا ہوئے تھے۔

شیر گڑھ کابر: کننگھم نے یہاں کھدائی کرکے نویں اور دسویں صدی عیسوی کے سکے اور مورتیاں برآمد کی تھیں۔ مشہور سلطنت میں کابر راجپوتوں کے اقتدار میں تھا جو گھنے جنگلات سے فائدہ اُٹھا کر اقتدار دہلی کے خلاف گوریلا جنگ کرتے رہتے تھے۔ جلال الدین خلجی نے ۱۲۹۰ء میں، علاؤالدین خلجی نے ۱۳۱۳ء میں کابر پر حملے کیے۔ فیروز شاہ تغلق (م ۱۳۸۸ء) نے کابر کے راجپوتوں پر حملہ کرکے انہیں ترائی کے علاقے میں بھگادیا۔ کابر پر مکمل قبضہ شیر شاہ (م ۱۵۴۵ء) کے عہد میں ہوا۔ اسلام پور شیر شاہ کے فرزند اسلام شاہ (م ۱۵۵۲ء) کے نام پر ہے۔ روہیلوں کے بعد شیر گڈھ ریاست رام پور میں شامل ہوا۔ ۱۷۹۴ء میں آصف الدولہ نے حاصل کیا اور ۱۸۰۱ء میں کمپنی نے قبضہ کیا۔ اس کے بعد سے ضلع بریلی میں شامل ہے۔ قلعۂ شیر گڈھ جو شیر شاہ نے بنوایا تھا اور قدیم تہذیب

کے خفیف آثار ملتے ہیں۔ ٹیلوں کی کھدائی سے مزید تاریخی شواہد مل سکتے ہیں۔ بھیل راجہ مین کی رانی سے منسوب رانی تال ہے۔ یہ سب روایت ہے۔ آثار کی دریافت سے حقائق برآمد ہو سکتے ہیں۔

شاہی: یہاں کٹھیر یا راجپوتوں کی گڑھی تھی۔ عہد اکبری میں پرگنہ شاہی تھا۔ بعد کو دورِ کمپنی میں شاہی تحصیل بنی۔ اس کے بعد ۱۸۶۳ء میں اس کو تحصیل میر گنج میں شامل کیا گیا۔

میر گنج: ۲۳؍ اکتوبر ۱۷۶۴ء کو جنگ بکسر ہوئی جس میں ایک روہیلہ امیر میر خاں بابر مارا گیا تھا۔ اس کی نعش کو اسی کے نام پر موضع میر گنج میں لاکر دفن کیا گیا۔ اس کی قبر میر گنج میں محفوظ ہے۔ میر گنج پہلے تحصیل تھی جو اب بریلی تحصیل میں شامل ہو چکی ہے۔

بہیڑی: قدیم مرکزی قصبہ ہے جہاں سے ضلع پیلی بھیت، ضلع نینی تال کے قصبات کو نیز کابر اور رامپور کو راستے جاتے ہیں۔ اب ضلع بریلی کی ایک تحصیل ہے۔

رچھا: ایک راجپوت سردار راجہ رادھا جیت نے بسایا تھا۔ اس کے قریب ٹانڈہ ہے جہاں اورنگ زیب (م ۱۷۰۷ء) کے عہد میں بنجارے آباد ہوئے۔ یہ کابر میں شامل تھا۔ چومحلہ، رچھا اور کابر کا مجموعی طور پر نام تھا۔ نواب گنج اس وقت ضلع بریلی کی تحصیل ہے۔ آصف الدولہ کے زمانے میں اوّل بازار بنا اور بعد کو آبادکاری ہوئی۔

سنیتھل: قدیم قصبہ ہے۔ بہ عہد ہمایوں سید امان اللہؒ کی سرکردگی میں راجہ شیتل پر حملہ ہوا۔ شیتل سے ہی سنیتھل بنا۔ سید امان اللہ کامیاب ہوئے۔ ان کا مزار قدیم ٹیلے پر ہے اور وہ شاہِ ولایتؒ کہلاتے ہیں۔ آج بھی سید امان اللہؒ سے نسبی سلسلہ رکھنے والے افراد وہاں آباد ہیں اور ان کے پاس خاندانی شجرہ محفوظ ہے۔

فتح گنج غربی: یہاں ۲۴؍ اکتوبر ۱۷۹۴ء کو آصف الدولہ اور کمپنی کی مشترکہ فوج کا مقابلہ رامپور کے روہیلوں سے ہوا تھا جس میں روہیلوں کو شکست ہوئی۔ میدانِ جنگ میں انگریزی فوج کے افسران کا قبرستان، نجو خاں اور بلند خاں کی قبور جو اُس لڑائی کے ہیرو ہیں، ان کے گھوڑے کی قبر اور جانب غرب مینار ہے۔ جب سے ہی اس کا نام فتح گنج پڑ گیا۔

فرید پور: ابتدائی نام رمپورہ ہے۔ کٹھیر یا آباد تھے۔ بہ عہد جہاں گیر نواب فرید خاں بریلی کا ناظم تھا جس نے ایک قلعہ بنا کر فرید پور نام رکھا۔ ابتدا میں کرور پرگنہ میں شامل تھا۔ بعد کو پرگنہ ٹسوا

میں شامل ہوا جو جنوب میں تھا۔ شمالی حصہ پٹہ خلیل پور کہلاتا تھا۔ اب ضلع بریلی کی ایک تحصیل ہے۔

فتح گنج شرقی: قدیم قصبہ ہے۔ پرانے آثار مٹ چکے۔ حافظ رحمت خاں کے افسران نے ایک باغ لگایا تھا یہیں موضع لاہی کھیڑہ کے میدان میں ۲۳/اپریل ۱۷۷۴ء کو جنگ روہیلہ ہوئی تھی جس کے بعد اس کا نام فتح گنج پڑ گیا۔

کیارہ: دریائے رام گنگا کے کنارے جنگھارا راجپوتوں نے بسایا تھا اور وہ ان کا صدر مقام تھا۔ جنگھارا راجپوتوں کا سردار جے مل سنگھ ۱۸۵۷ء میں مشہور ہوا۔ اس کے خاندان کے لوگ اب بھی کیارہ میں آباد ہیں۔

سردارنگر: مہیب سنگھ ایک پنوار راجپوت تھا۔ اس نے اقتدار حاصل کرنے کے بعد یہاں قلعہ تعمیر کرایا۔ مہیب سنگھ کے فرزند پرتاب سنگھ نے یہاں بڈری میں ایک قلعہ بنوایا تھا۔ سردارنگر کا پرانا نام کریانوں ہے۔

بشارت گنج: امیر الامرا نواب نجیب الدولہ عمر خیل کے چچا بشارت خاں نے آباد کیا تھا۔ بشارت خاں موضع مانارئی پشاور سے بزمانہ حافظ رحمت خاں روہیل کھنڈ وارد ہوا۔ بشارت گنج میں اس نے گڈھی بنوائی جو منہدم ہو چکی اور اب وہاں بازار لگتا ہے۔ بشارت گنج کی مسجد میں بشارت خاں کی قبر ہے۔ نشانِ قدم رسول بھی تھا جو چوری ہو چکا ہے۔ مشہور شاعر شوکت علی خاں فانی بدایونی اسی بشارت خاں کی نسل سے تھا۔ اس وقت بشارت گنج ایک آباد اور مشہور قصبہ ہے۔

بھیٹہ: یہ موضع بشارت گنج کے شمال مغرب میں واقع ہے جہاں پرانے آثار ملتے ہیں، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دورِ روہیلہ میں وہاں بھی پٹھان آباد تھے۔

آنولہ: مشہور ہے کہ اس علاقے میں آنولہ کے پیڑوں کی کثرت کی وجہ سے آنولہ نام پڑا۔ عہد سلطنت میں کٹھیریا راجپوت بدایوں کے ناظم کے خلاف بغاوت کرتے رہتے تھے۔ آنولہ بھی کٹھیریا راجپوتوں کا فوجی مرکز تھا۔ جب کھڑگ سنگھ کٹھیریا نے بغاوت کی تو فیروز شاہ تغلق نے ۸۰-۱۳۷۹ء میں اس بغاوت کو کچلا اور آنولہ میں قلعہ تعمیر کرایا اور کٹھیریوں کے قلعہ پر قبضہ کیا۔ اب ان قلعوں کے آثار نہیں ہیں۔ ایک قلعہ نواب سعادت علی خاں (۱۷۹۸ء تا ۱۸۱۴ء) نے بنوایا تھا جہاں حکیم خاندان آباد ہے۔ آنولہ نواب علی محمد خاں (م ۱۷۴۹ء) کا مستقر تھا اور آنولہ بدایوں روڈ کے کنارے بن گڈھ میں افواج روہیلہ کی محمد شاہ کی فوج سے ۱۷۴۵ء میں جنگ ہوئی تھی۔ ۱۷۵۴ء میں بریلی کو مرکزی حیثیت حاصل ہوئی اور آنولہ کا انتظام پسران علی محمد خاں اور بخشی سردار خاں نے

کیا۔ یہیں نواب محمد یار خاں امیر (م۱۷۷۵ء) کی محفل سخن جمی جس کا تذکرہ مصحفی نے اپنے تذکرات میں کیا ہے۔ آنولہ مساجد و مقابر سے بھرا ہوا ہے۔ علی محمد خاں کا مقبرہ بھی آنولہ میں ہے، جہاں محلّہ گنج آباد ہے وہاں روہیلوں کی کچہری تھی۔ ابتدا میں آنولہ ضلع مرادآباد اور بدایوں کے پرگنہ منونہ میں شامل رہا اس کے بعد ۱۸۰۶ء میں بریلی میں شامل ہوا۔

اَتر چھیندی: اس کا پرانا نام ٹھاکر گڈھ ہے۔ کٹھیر یا راجپوت آباد تھے اور ان کا ایک قلعہ بھی تھا۔ فیروز شاہ تغلق نے ۱۳۷۹ء میں کھڑک سنگھ پر حملہ کرتے ہوئے ٹھاکر گڈھ کو بھی مغلوب کیا۔ حملہ تیمور کے وقت ۱۳۹۹ء میں کھڑگ سنگھ نے پھر اقتدار حاصل کرلیا۔ بہ زمانہ نواب حافظ رحمت خاں نواب سعداللہ خاں ابن نواب علی خاں نے ایک گڈھی بنوائی جس کے کچھ آثار باقی ہیں۔ اب یہ تحصیل آنولہ میں شامل ہے۔ یہاں سگ زدگان کا علاج ہوتا ہے۔

سرولی: ابتدا میں پرگنہ برسیر میں شامل تھا۔ سلطان فیروز تغلق کے حملے کے دوران ایک عورت مسمّٰی سورجی نے سلطان کے لشکر کو رسد کی فراہمی میں مدد کی تھی جس کے صلے میں اس کو یہ علاقہ جاگیر میں ملا۔ یہاں پانڈے برہمن آباد ہیں جو خود کو سورجی کی نسل سے بتاتے ہیں۔ اکبر کے عہد میں یہ پرگنہ اجاون سے ملحق تھا۔ ۱۸۳۵ء میں بریلی میں شامل ہوا جس کا کچھ حصہ ۱۸۵۷ء کے بعد ریاست رامپور میں شامل ہوا کیوں کہ جنگ آزادی کے ایام میں رامپور نے انگریزوں کی مدد کی تھی۔ سرولی کے مغرب میں شاہ پور کا جھونپڑا ہے جہاں لبِ دریاے رام گنگا نر گنشاہ کا مزار ہے۔

رام نگر: شمالی پانچال کی راجدھانی تھا۔ پانڈوں کے استاد ڈورنچاریہ نے مقامی راجہ دروپد کو شکست دے کر اپنا قبضہ کیا۔ یہ ویدک دور کی بات ہے۔ اس سے پہلے بھی یہاں کوئی نہ کوئی حکومت ضرور رہی ہوگی۔ یہاں اَہی چھتر میں ایک بڑا پرانا قلعہ ہے جس کے کچھ حصے میں کھدائی کرکے جو آثار انیسویں اور بیسویں صدی عیسویں میں برآمد کیے گئے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ رام نگر میں ہر اس تہذیب اور اقتدار کی تہیں موجود ہیں جو شمالی ہندوستان کی تاریخ سے عبارت ہیں۔ ویدک کال، جین، بدھ، گپت خاندان اور راجپوتوں کے آثار عمارتوں اور سکوں کی شکل میں برآمد ہوئے ہیں۔ عہد سلطنت کے سکے بھی ملے ہیں۔ جب ساتویں صدی عیسوی کی دوسری دہائی میں سوراشٹر کے راجہ بنی پال کا فرزند مہی پال بدایوں کا حاکم ہوا تو اس نے بدایوں کو ہی مستقر بنایا اور اس طرح اہی

چھتر کو زوال آنے لگا۔ مسلمانوں کے حملے کے وقت اہی چھیتر ویران ہو چکا تھا۔ رام نگر میں جینی دور کا پارس ناتھ کا مندر محفوظ ہے اور وہاں سالانہ میلہ لگتا ہے۔ نواب علی محمد خاں نے قلعہ کی مرمت شروع کرائی تھی لیکن کثیر خرچ کے پیش نظر ارادہ ترک کر دیا۔ ضلع بریلی میں تلفی کی سرائے کے ٹیلے کی طرح اہی چھتر کا قلعہ بھی بریلی کی تاریخی قدامت کی علامت ہے۔

(۲)

جوَاندی: اس کے موجودہ نام دیورنیاں اور قلعہ ندی ہیں۔

باغ محمد: آں موصوف نواب حافظ رحمت خاں کا ہمشیرزادہ تھا، اس کے باغ میں ہی نواب حافظ رحمت خاں مدفون ہوئے۔ دورِ آصفی میں یہ علاقہ باقر گنج کہلایا۔

قلعہ مکرندرائے: اورنگ زیب کے صوبہ دار مکرند رائے نے بنوایا تھا، جنگ روہیلہ کے بعد شجاع الدولہ نے مسمار کرا دیا۔

جامع مسجد: مکرندرائے نے یہ مسجد ۱۷۷۶ء میں تعمیر کرائی تھی۔

بزریہ صندل خاں: صندل خاں دور روہیلہ میں شہر بریلی کا شحنہ یعنی کوتوال تھا۔ اس کے نام پر یہ بزریہ ہے۔

مسجد اخون زادہ: ایک روہیلہ امیر ارادت خاں نے ۱۷۷۲ء میں تعمیر کرائی۔

ذخیرہ: اس مقام پر شجاع الدولہ نے اپنی فوج کا سامانِ حرب ذخیرہ کیا تھا، لہٰذا محلے کا نام ذخیرہ پڑ گیا۔

جَسولی خرد وکلاں: دورِ مغلیہ میں آباد ہوئے۔ پہلے یہاں گھنا جنگل تھا۔

کنور پور: مکرندرائے نے آباد کیا۔

ملوک پور: میر خاں روہیلہ نے آباد کیا۔

تلسی استھل: قدیم مندر ہے۔ اس میں دورِ اکبری کا ایک کتبہ بھی ہے۔

مندر الکھ ناتھ: شاید پندرہویں صدی عیسوی میں ناتھ پنتھیوں نے بنایا۔

مندر چمپت رائے: قدیم مندر ہے، اس میں بودھ کی مورتی بھی ہے، جدید تعمیر چمپت رائے نے ۱۸۵۴ء میں کرائی جو راؤ پہاڑ سنگھ دیوان حکومت روہیلہ کا برادر خورد تھا۔

گڈھی راؤ پہاڑ سنگھ: پہاڑ سنگھ کی رہائش گاہ اس کے آثار مٹ چکے ہیں۔

بان خانہ: یہاں روہیلوں کے زمانے میں گولے بنتے تھے۔لہٰذا بان خانہ نام پڑا۔
بہاری پور: دور مغلیہ میں موضع تھا۔دور روہیلہ میں کچھ شہری آثار پیدا ہوئے۔اب آباد اور بڑا محلّہ ہے۔متمول کھتری رہتے ہیں۔پرانے کاغذات میں ملوک پور اور نومَحلہ کے مابین علاقہ مشتمل ہے۔ یہ بہاری پورا اعظم نگر کہلاتا تھا۔اعظم خاں ایک چکلہ دار تھا۔
مندر ٹپری ناتھ: قدیم مندر ہے۔بریلی میں ناتھ پنتھیوں نے شہر کے گرداگرد شاید پندرہویں صدی عیسوی میں شومندر بنوائے تھے۔ اس مندر کے علاوہ الکھ ناتھ، مڑھی ناتھ، منڈھی دودھادھاری۔مٹھ نریاول،مٹھ رائے بسے، دھوپاشاید اسی دور کے ہیں۔
قلعہ اور مسجد نومَحلہ: اورنگ زیب کے عہد آخر میں محمد مسیح المخاطب بہ نواب خیر اندیش خاں ثانی الملقب بہ نیک اندیش خاں قوم کمبوہ بریلی کا ناظم تھا۔اس نے راجہ مکرند رائے کی شکار گاہ جو نزول میں تھی خرید کر قلعہ خیر نگر اور مسجد تعمیر کرائے۔قلعہ کو شجاع الدولہ نے مسمار کرادیا۔مسجد باقی رہی جو مسجد نومَحلہ کہلاتی ہے۔پرانے زمانے میں دومَحلہ چومَحلہ نومَحلہ وغیرہ محلّوں کے نام ہوتے تھے۔
نیک پور: خیر اندیش خاں ناظم بریلی نے آباد کیا،اس کے لقب پر ہی اس کا نام نیک پور رکھا گیا۔
تلفی کی سرائے: اَبھے بابو نے ۱۹۶۴ میں آثار قدیمہ کی غیر سرکاری کھدائی کر کے جو اشیاء برآمد کیں وہ ہڑپا تہذیب کے مطابق تھیں، گویا بریلی کی تاریخی قدامت چار ہزار سال کو محیط ہے۔
کٹرا مان رائے: راجہ مان رائے نواب حافظ رحمت خاں کا دیوان مالیات تھا۔ یہاں اس کی حویلی تھی جہاں شاہ عالم بادشاہ دہلی نے ۱۷۵۸ء میں قیام کیا تھا۔اس بادشاہ نے حضرت شاہ دانا ولیؒ کے مزار پر بھی حاضری دی اور لکھا ’’مزار شاہ داناؒ برلب گنگ‘‘ یعنی شاہ داناؒ کا مزار گنگا کے کنارے ہے۔ اسی حویلی میں نواب حافظ رحمت خاں کے فرزند عنایت خاں کی شادی نواب فیض اللہ خاں کی بہن سے ہوئی تھی۔
سرکار مکرند پور: وہ علاقہ جو راجہ مکرند رائے کی جاگیر میں تھا۔
رانی باغ: سرکار مکرند پور سے متصل تھا جس کو کمایوں کے چند خاندان کی کسی رانی سے نسبت تھی۔
حافظ پور: نواب حافظ رحمت خاں کے نام پر تھا۔موجودہ بس اڈّہ اور باغ و مندر برگٹان اسی علاقے میں ہیں۔

مندر برگٹان: قدیم مندر، آصف الدولہ کی دی ہوئی معافی کی جائداد کا کاغذ مہنت کے پاس محفوظ ہے۔
مزار جیب شاہؒ: ایک قدیم بزرگ کا مزار، مقبرے کا طرز تعمیر وہی ہے جو تغلقوں اور لودیوں کے زمانے میں رائج تھا۔ گویا وہ چودھویں صدی کے بزرگ ہیں۔
مزار شاہ داناؒ وَلی: ایک روایت ہے کہ ۷۳۱ھ/۱۳۳۰ء میں فوت ہوئے۔ دوسری روایت ہے کہ شاہ دانا ۱۵۸۲ء میں اکبر کے صوبیدار بریلی سے دین الٰہی کے خلاف صف آرا ہو کر شہید ہوئے۔ ہشت پہلو مزار چودھویں صدی عیسوی کے طرز تعمیر کے مطابق ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ دور اکبر کے بجائے دور محمد تغلق کے بزرگ ہیں۔ ان کی قبر بھی کوہانی ہے جو مغلوں سے پہلے مروّج تھیں۔ مقبرے کی مرمت اور ضروری تعمیر راجہ مکرندرائے نے کرائی تھی۔
عالم گیری گنج: راجہ مکرندرائے نے جنگل صاف کرا کے آبادکاری کی اور نئی آبادی کا نام اپنے بادشاہ کے نام پر عالمگیری گنج رکھا۔
باغ و تالاب احمد علی خاں: ایک روہیلہ امیر احمد علی خاں نے بنوائے۔
بزریہ پورن مل: حافظ رحمت خاں کے بخشی، پورن مل کے نام پر ہے۔
ساہوکارہ: قدیم محلّہ ہے۔ پنجاب کے اطراف سے آ کر لوگ آباد ہوئے تھے۔
مسجد گذری: یہاں بازار گذری تھا جہاں پرند فروخت ہوتے تھے۔ لہٰذا یہ مسجد گذری کہلائی جس کو حاکم بریلی بدرالاسلام خاں نے ۱۷۴۵ء میں تعمیر کرایا تھا۔
ذوالفقار گنج: نواب حافظ رحمت خاں کے فرزند اور حاکم بریلی ذوالفقار خاں تھے۔ یہ محلّہ ان کے نام پر تھا۔ اب شہامت گنج کہلاتا ہے۔ حافظ رحمت تو رشہامت پور ضلع مردان علاقہ رُوہ کے باشندے تھے۔ شاید اسی وجہ سے شہامت گنج نام پڑا۔
بھوڑ: رام گنگا کے کنارے بھوڑ مٹی کا علاقہ۔ اب وہاں محلّہ بھوڑ آباد ہے۔
کوٹ: یعنی قلعہ جو باسدیو پسر راجہ جگت سنگھ کٹھیریا نے بنوایا تھا، ۱۵۳۷ء میں۔ بعد کو باسدیو کے لشکر نے حملہ کیا اور بریلی فتح کر لیا۔ قلعہ ختم ہو چکا اب اس جگہ محلّہ کوٹ آباد ہے۔
بیابانی: یعنی بے آب جگہ، دشت، ریتیلا میدان۔
مزار بیابانی میاںؒ: ان کا نام سید عثمان علی ہے۔ ان کے والد کا مزار قصبہ سینتھل میں ہے اور وہ صاحب

ولایت کہلاتے ہیں۔ آں موصوف کو بہ زمانہ ہمایوں ان کے بھائی نے دورانِ سفر قتل کر دیا تھا۔
بزریہ عنایت گنج: عنایت خاں، فوجدار چکلہ بریلی (۱۰۸۰ھ/۹۰-۱۶۶۹ء) کے نام پر۔
باغ و مسجد مرزائی: دور اکبری میں بریلی کا پہلا ناظم حکیم مرزا عین الملک شیرازی دوانی مقرر ہوا۔ اس نے باغ اور مسجد ۱۵۷۹ء میں تعمیر کرائے۔ اب باغ کی جگہ آبادی ہے۔ مرزا شیرازی نے ایک عیدگاہ بھی تعمیر کرائی تھی جو سنا ہے موجودہ بانس منڈی میں تھی۔
مسجد جہاں خاں: ایک لودی امیر جس کا خطاب جہاں خاں تھا، کے نام پر محلّہ لودی ٹولہ میں۔ اس مسجد کی تعمیر ۱۱۶۷ھ مطابق ۵۴-۱۷۵۳ء میں ہوئی۔
چک محمود: ایک قدیم آبادی کا محلّہ جو شہر کہنہ کے دیگر محلوں قاضی ٹولہ، صوفی ٹولہ کی طرح مغلیہ عہد میں آباد ہوا۔ مغلیہ دور میں اور بعد کو دورِ آصفی میں یہاں چکلہ دار رہتا تھا۔ شاید محمود کسی چکلہ دار کا نام ہے۔ چکلہ کی تصغیر چک ہے یعنی شہر کی انتظامی تقسیم میں ایک چھوٹا علاقہ جس کا مالیات کا افسر چکلہ دار ہوتا تھا۔
نوادہ شیخان: یہاں شیوخ لکھنؤ آباد ہوئے۔ شیوخ لکھنؤ میں کے ہی شیخ شفیع علی المعروف بہ چاند خاں نے دورِ آصفی میں گڑھ چاند خاں آباد کیا اور مسجد چاند خاں بنوائی۔
جگت پور: ایک کٹھیر یا راجپوت زمیندار جگت سنگھ یا جگت دیو بڑھل نے آباد کیا اور آس پاس کے علاقوں پر تصرف حاصل کر کے راجہ بن گیا۔ اس کے مرنے پر باس دیو بڑھل راجہ بنا جو اس کا فرزند کلاں تھا۔ باس دیو بڑھل سے باس بڑھلی اور بعد کو بانس بریلی بنا جو اب صرف بریلی ہے۔ باس دیو بڑھل اور اس کا برادر خورد ناگ دیو اکبر کے لشکر سے مقابلہ کرتے ہوئے مارے گئے اور بریلی پر مغلوں کا قبضہ ہو گیا تھا۔

جگت پور بریلی کا قدیم محلّہ ہے۔ اس سے بریلی کی شہری زندگی کا آغاز ہوتا ہے، ورنہ بیشتر دریا، ندی، جنگل اور بیابانی تھی جس میں گوجر رہتے تھے اس وقت سیاسی اہمیت بدایوں اور سنبھل کو تھی جو سلطنت دہلی کے صوبے تھے نہ کہ بریلی کو؛ جو شہری زندگی سے عاری تھا۔

○

مقدمہ

بریلی میں اردو شاعری کا ارتقا

(۱۷۴۹ء تا ۱۹۴۹ء)

روہیل کھنڈ میں بالعموم اور بریلی میں بالخصوص اردو شاعری کا آغاز روہیلوں کی آمد اور روہیل کھنڈ کی تشکیل کے ساتھ ہوا۔ ہندوستان میں افغان مدت مدید سے موجود تھے لیکن شمال مغربی ہندوستان کے علاقہ رُوہ کے پٹھان بزمانۂ فرخ سیر (م ۱۷۱۹ء) کٹھیر وارد ہوئے اور انھوں نے رفتہ رفتہ محمد شاہ (م ۱۷۴۸ء) کے عہد حکومت میں ہی اقتدار حاصل کرلیا۔ علی محمد خاں (م ۱۷۴۹ء) نے جو پٹھان نہیں تھا بلکہ ایک روہیلہ قسمت آزما داؤد خاں (م ۱۷۲۶ء) کا متبنّٰی تھا، روہیلوں کی قیادت کی اور آنولہ (ضلع بریلی) کو روہیلہ اقتدار کا صدر مقام بنایا۔ علی محمد خاں کے بعد حافظ رحمت خاں روہیلہ (م ۱۷۷۴ء) نے روہیلوں کی قیادت کی اور پایان کار جنگ روہیلہ (۲۳/اپریل ۱۷۷۴ء) میں روہیلہ اقتدار کا خاتمہ ہوگیا۔

روہیلوں کی آمد سے پہلے یہ علاقہ کٹھیر کہلاتا تھا کیوں کہ اس علاقے میں کٹھیریا راجپوتوں کو بالادستی حاصل تھی۔ حکومت مغلیہ کا صوبہ دار ضرور رہتا، جاگیردار بھی اپنی جاگیر کا انتظام کرتے لیکن چھوٹے بڑے راجپوت زمیندار اپنے اقتدار کے لیے نبرد آزما رہے۔ کٹھیر میں روہیلوں کے مسلط ہونے کے بعد کٹھیر کا علاقہ روہیل کھنڈ کہلایا نجم الغنی نے اخبار الصنادید میں تحریر کیا۔

"کٹھیر کی حدود روہیل کھنڈ کی حدود موجودہ حال کو شامل تھیں۔"

(جلد ا۔ ص ۵۰)

حدود موجودہ حال سے مراد روہیل کھنڈ کمشنری ہے جس میں اضلاع بجنور، مراد آباد، رامپور، بریلی، بدایوں، پیلی بھیت اور شاہ جہاں پور شامل تھے۔

علی محمد خاں اور حافظ رحمت خاں کا زیادہ وقت اندرونی اور خارجی خلفشار کو دور کرنے اور روہیلہ اقتدار کو مستحکم کرنے میں صرف ہوا۔ اس کے باوجود روہیلوں کے دورِ عروج میں علوم وفنون نے بہت ترقی کی۔ سید الطاف علی بریلوی نے اپنی مؤقر تالیف حیات حافظ رحمت خاں میں تحریر کیا:

''حافظ الملک کے عہد حکومت میں روہیل کھنڈ میں پانچ ہزار علما اور فضلا مساجد اور سرکاری مدارس میں درس وتدریس میں مشغول تھے۔ ہر ایک عالم اور فاضل کی اس کے علم وفضل کے موافق تنخواہ مقرر تھی۔ تمام مدرسوں میں کتب درسیہ بڑے بڑے علما کے مشورے سے حافظ الملک خود مقرر فرماتے تھے اور طالب علموں کو مقرر شدہ کتابیں حکومت کی طرف سے مفت مہیا کی جاتی تھیں۔ ملازمین سرکار کے لڑکوں کے علاوہ تمام طالب علموں کو قیام وطعام کی سہولتوں کے علاوہ فرداً فرداً سو روپیہ سالانہ بطور جیب خرچ بھی دیا جاتا تھا۔'' (ص:۲۸۲)

علی محمد خاں، حافظ رحمت خاں، امرائے سلطنت، ان کی اولاد اور مقربین، سب ہی مربیان سخن تھے۔ ان میں سے ہر ایک نے مقامی اور شعرائے بیرونجات کی سرپرستی کی اور آنولہ بریلی میں کثرت سے شعرا جمع ہوگئے۔ یہ حق بات ہے کہ بنگش پٹھانوں نے فرخ آباد میں اور روہیلہ پٹھانوں نے آنولہ بریلی میں، دہلی کے اجڑنے کے بعد، محفل سخن جمالی تھی۔ اس وقت فیض آباد کو نمود تھا، لکھنؤ بے نمود تھا۔ پٹھانوں کی تباہی کے بعد ہی لکھنؤ کو پہچان ملی اور وہاں دلّی اور روہیل کھنڈ کے شعرا نے شاعری کو ترقی دی۔

یہ سمجھنا صحیح نہیں ہوگا کہ بریلی میں شاعری کا آغاز روہیلہ پٹھانوں کے اقتدار کے ساتھ ہوا۔ در اصل دورِ مغلیہ میں ناظموں اور صوبیداروں کے عہد میں بریلی میں جہاں علما اور فقرا آئے وہاں شاعر بھی وارد ہوئے۔ خود بریلی کے ناظم اور صوبیدار شاعر تھے اور شعرا کے مربی حکیم عین الملک حسین مرزا شیرازی دوانی (م۱۵۹۴ء) مرزا رفیع خاں باذل (م۱۷۱۲ء)، حکیم عبدالرزاق مشرب (م۱۷۱۵ء)، نواب ہدایت یار خاں ضمیر (م۱۷۵۲ء) وغیرہ نے بریلی میں فارسی شعر وادب کو فروغ دیا۔ اس طرح بریلی میں شعر وشاعری کی مٹی پہلے سے زرخیز تھی۔ روہیلوں کی آمد اور اقتدار سے

ریختہ کا شجر لگا۔ دہلی رامپور بریلی، بدایوں اور فرخ آباد میں اردو شاعری کی اٹھارویں صدی عیسوی میں افزائش باہم دِگر مربوط معلوم ہوتی ہے۔

اٹھارویں صدی عیسوی میں شمالی ہند کا اردو شاعر کسی بھی لسانیاتی منطقے میں مقیم ہو اس کی زبانِ شاعری دہلی کی زبان اور محاورے کے مطابق تھی کیونکہ اساتذۂ دہلی کا کلام معیارِ سخن تھا۔ ہاں مختلف منطقوں کے مقامی اثرات کو اشعار میں محسوس کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً روہیلہ پٹھان پشتو بولتے ہوئے آئے تھے۔ ان کی معاشرت دوآبے کی معاشرت سے جدا تھی۔ ان کا لباس، رسوم، لوک گیت اور ساز و نغمات پر ان کے اپنے علاقے کی سماجیات کی چھاپ تھی۔ ان کا اپنا مزاج اور رویہ تھا۔ ان کی زندگی تکلف اور تصنع سے عاری تھی۔ ان میں بے حد جفاکشی، بہادری اور بے باکی تھی۔ ان کو اپنے خاندان، اپنے قبیلے، اپنی تلوار اور اپنے گھوڑے اور اپنی رسوم سے بہت محبت تھی۔ ان کا مزاج حربی تھا۔ لہٰذا ان کی زبان اور معاشرت کا کچھ نہ کچھ اثر مروجہ زبان اور سخن پر ضرور پڑا جس کو امتیاز علی خاں عرشی رامپوری نے اپنی کتاب ''اردو اور افغان'' میں تلاش بھی کیا۔ جہاں تک معاشرتی اثر کا تعلق ہے تو وہ بھی نایاب نہیں ہے۔ مثلاً مغل اور ترک کلاہ استعمال کرتے تھے۔ ان کا امرد، کج کلاہ ہے۔ روہیلہ پٹھانوں میں دستار کا رواج تھا۔ ان کا امرد لٹ پٹی دستار والا ہے:

یہ دل ہے بے سرو سامان تجھ بن　　پہنچ اُو لٹ پٹی دستار والے

روہیلہ پٹھانوں کو حربی صفات پسند تھیں جو وہ امرد کا بھی وصف شمار کرتے تھے:

جب کھیلنے کو پٹہ وہ رشک ماہ نکلا　　سورج چھڑی و گتکا لے صبح گاہ نکلا

لیکن یہ مثالیں عام نہیں ہیں، کسی بھی روہیلہ شاعر نے مروجہ زبان و محاورے کو علیحدہ کرنے یا علیحدہ برتنے کی کوشش نہیں کی۔ انھوں نے شاعری میں اساتذۂ دہلی کا اتباع کیا۔

ایسا نہیں تھا کہ دورِ روہیلہ میں صرف پٹھان سخن سنج اور سخن پرور تھے۔ بریلی کے مقامی شعرا بھی شاعری کر رہے تھے۔ ان دونوں گروہوں میں فارسی زبان اور ادب قدرِ مشترک تھی۔ لہٰذا جمالیاتی سطح پر دونوں میں زیادہ امتیاز نہیں تھا۔ حیرت اس بات پر ہے کہ روہیلہ پٹھانوں نے جن کی مادری زبان پشتو تھی اور جو اپنے گھروں میں پشتو ہی بولتے تھے، انھوں نے اردو زبان پر اتنی قدرت حاصل کر لی کہ وہ معیاری شعر کہنے لگے۔ اس وقت پشتو بولنے والوں کے لیے ریختہ گوئی میں قدرت حاصل کرنا

بھی آسان نہیں تھا کیوں کہ اردو اپنے محاورے اور اسلوب کی جستجو میں تھی۔ دیباچۂ تذکرۂ چمنستان شعرا (۶۱-۱۷۶۴ء)، دیباچۂ دیوان زادہ ازظہور الدین حاتم (م۱۷۹۲ء) اور دیباچہ تذکرۂ شورش (۱۷۷۷ء) ایسی جستجو کی شہادت دیتے ہیں۔

بہر نوع دورِ قدیم کے شعرائے بریلی میں وہ مقامی ہوں یا نووارد پٹھان، ان کی شاعری میں وہی معائب و محاسن ملتے ہیں جو قدما کے کلام میں بھی ملتے ہیں۔ مشتے نمونہ از خروارے کے مصداق معائب و محاسن کی مثالیں درج کی جاتی ہیں:

معائب:

ایہام اور رعایت لفظی

جو کہ حلقہ بگوش نتھ کے ہیں
ناک میں ان کے جان آئی ہے — عزت اللہ خاں جذب

خارجیت وسوقیت:

اُدھر تو مسکی ہے چولی، اِدھر ہے ٹوٹے بند
نہ جانے کس نے یہ لوٹی بہار ساری رات — بہادر سنگھ بہادر

مدت سے یہ بحث درمیاں ہے
پر علم نہیں کمر کہاں ہے — حسن علی شوق

سگِ لیلیٰ کو شاید قیس کا دھوکہ ہوا یارو
جوسن کر شب مری زنجیروں کی جھنکار اٹھ بیٹھا — ذوالفقار علی صفا

محاسن:

داخلیت:

کن حسرتوں سے چھوڑ کر ہم یہ جہاں چلے
آئے تو ہم سبک تھے پہ کتنے گراں چلے — محمد یار خاں امیر

زندگی جب ہوئے گی کرلیں گے یار
ان دنوں تو موت بھی ہم کو نہیں — عزیز خاں بے جان

نالہ اپنا اثر نہیں کرتا	
فائدہ کیا جو ہائے ہو کیجے	محبت خاں محبت
روتے دیکھا مجھے تو دشمن کا	
دیدہ بے اختیار بہ آیا	//

معاملہ بندی اور
محاکات:

مل گیا تھا رات تو خلوت میں وہ تنہا پر آہ	
کچھ تو شرمایا وہ اور کچھ ہم بھی شرماتے رہے	کبیر خاں تسلیمؔ
ہائے رے سرخی ترے چہرے کی ہنگامِ عتاب	
جتنا بگڑے ہے وہ اتنا ہی سنور جاتا ہے	محمد یار خاں امیرؔ

مضمون طرازی اور زور بیانی:

نہ جانے شور ہے دریا میں کس تابندہ اختر کا	
کہ محرابِ صدف میں محوِ سجدہ سر ہے گوہر کا	//
تھرتھراتا ہے اب تلک خورشید	
سامنے تیرے آ گیا ہوگا	//
مُنہ سے ذرا اٹھا لے تو آنچل نقاب کا	
بازار گرم ہے بہت کچھ آفتاب کا	قدرت اللہ شوقؔ
جب شانہ صفت دل کو میں صد چاک کروں گا	
کوچے میں گذر، زلف کے بے باک کروں گا	محبت خاں ہمتؔ

اخلاقیات اور ضرب الامثال:

پستی طلب کر آپ کو چاہے ہے گر بلند	
جب تخم زیر خاک ہو تب ہو شجر بلند	محمد یار خاں امیرؔ

شکست و فتح میاں اتفاق ہے لیکن
مقابلہ تو دلِ ناتواں نے خوب کیا — ایضاً

کون سنتا ہے فغانِ درویش
قہر درویش بجان درویش — ذوالفقار علی صفاؔ

تازہ گوئی:
مغفرت ہاتھ باندھ کر آئی
دیکھ میرے گناہ کی حشمت — قدرت اللہ شوقؔ

وسعت دل یہ چاہتی ہے مری
لا مکاں پر مکاں بنایئے گا — ایضاً

شب تنگ و در پیش ہے افسانۂ کاکل
کیوں کر کروں کوتاہ حکایت یہ بڑی ہے — ایضاً

ان اشعار سے بریلی کے قدیم شعرا کی زبان اوران کے معیارِ سخن کو بھی سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔اس جودت طبع اور مذاق فطری کے باوصف جوان شعرا کو میسر تھا، یہ باور کرنا ہی پڑے گا کہ ان کے بناؤ اور سنگھار میں شمالی ہند کے اساتذۂ متقدمین کا بالواسطہ یا بلا واسطہ ہاتھ تھا کیوں کہ بقول عبدالحق ''یہ وہ لوگ تھے جنھوں نے اردو میں لطافت وشیرینی،قوت اور وسعت پیدا کی اور اس کی بنیادوں کو مضبوط کیا۔ان کی زبان اور کلام کا اثر اب تک باقی ہے اور باقی رہے گا۔'' (تذکرۂ ہندی ص:ح)

دورقدیم میں شعرائے بریلی کو اساتذۂ بیرونجات سے استفادے کا موقع بھی زیادہ ملا کیوں کہ خود آنولہ بریلی میں قائمؔ و مصحفیؔ موجود تھے۔بریلی کے شعرائے متقدمین کے اساتذہ پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ فہرست میں سراج الدین علی خاں آرزو (م۱۷۵۶ء)، جعفر علی حسرت (م۱۷۸۶ء)،مرزا شمس الدین مظہر جان جاناں (م۱۷۸۱ء)،ظہور الدین حاتم (م۱۷۹۲ء)،مرزا رفیع سودا (م۱۷۸۱ء) قلندر بخش جرأت (م۱۷۱۰ء) وغیرہ قائم و مصحفی کے علاوہ شامل تھے لہٰذا جیسا کہ پہلے اشارہ کیا جاچکا ہے بریلی کے دورقدیم میں شاعری کی ترقی شمالی ہند کے دوسرے ادبی مراکز سے مربوط تھی۔

بریلی کے قدما کی بھیڑ میں قدرت اللہ شوق،محمد یار خاں امیر،عزیز خاں بے جان اور محبت خاں

محبت بہت قدآور تھے۔

قدرت اللہ شوق (م ۱۸۱۰ء) بریلی کا قدیم باشندہ تھا۔علم وفضل سے آراستہ اورآسودہ حال تھا۔ اس نے اپناوقت شعروشاعری اورعلمی مشاغل میں گزارا۔اس نے اپنے متعلق تحریر کیا:

اے شوق تیرے شوق کا اندازہ کیا کہوں
عالم سے تو رکھے ہے زبان علاحدہ

اے شوق تیرے شعر کی اب تو پڑی ہے دھوم
سودا و میر و قائم و درد و الم تلک

اس کی غزلیات کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اردو شاعری کے دورقدیم میں جو خصوصیات غزل،اساتذہ کے یہاں ملتی تھیں ان کا مجموعہ اس کا اپنا کلام ہے۔خارجیت ہے تو خوب ،داخلیت ہے تو خوب،زبان زیادہ صاف ہے جو بھی ہے سلیقے کے ساتھ۔

محمد یار خاں امیر (م ۱۷۷۵ء) کی پرورش روہیلہ پٹھانوں کے ماحول میں ہوئی۔ اس کی جمالیاتی حس بہت بڑھی ہوئی تھی۔ اس کی غزلیات میں حسن پرستی کا عنصر نمایاں ہے۔ شدت احساس کی وجہ سے سوز واضطراب کی کیفیت ملتی ہے۔ اخلاقی اور حکیمانہ مضامین ملتے ہیں۔ زبان صاف ستھری اور پراثر ہے۔اپنے عہد کا نمایاں شاعر تھا۔

عزیز خاں بے جان نووارد پٹھان تھا۔اس نے گھاٹ گھاٹ کا پانی پیا تھا۔دہلی کی محفل سخن بھی دیکھی تھی۔ الفاظ کا پارکھ اور نزاکت خیال کا دلدادہ تھا۔ باوقار اور پرشکوہ اسلوب کا قائل تھا۔ واردات قلب کا اظہار بھی شوکت الفاظ سے کرتا۔ زبان پر اہل زبان کی سی قدرت تھی۔ سب ہی تذکرہ نگاروں نے اس کے اوصاف حمیدہ اور سخن مطبوع طبائع کی تعریف کی ہے۔

محبت خاں محبت (م ۱۸۰۹ء) روہیلہ پٹھان تھا۔ بہت ذی علم اور ذی لیاقت تھا۔ اردو پشتو فارسی اور عربی میں شعر کہتا تھا۔فطری شاعر تھا۔اس کے اسلوب شعر میں اثر،سوز،ربودگی اور روانی ہے۔اس کی زبان شعر سے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اس کا تعلق دورقدیم سے ہے۔اس کی غزلیات پڑھنے کے بعد حیرت ہوتی ہے۔ بریلی کے قدما نے خاص طور پر پشتو بولنے والے پٹھانوں نے

نصف صدی سے بھی کم مدت میں زبان کو اس قدر سحر آفریں بنا دیا۔

دورِ قدیم کے شعرائے بریلی نے غزل کے علاوہ دیگر اصناف سخن میں بھی طبع آزمائی کی۔ انھوں نے مثنویات تحریر کیں۔ دورِ قدیم کی بعض اہم مثنویات کی تفصیل یہ ہے:

- مثنوی در شدت برسات اور مثنوی در کثرت مگس: شاعر کا نام محمد یار خاں امیر، مختصر مثنویات ہیں جن کو قدرت اللہ شوق نے طبقات الشعرا میں نقل کیا (ص ۴۴۳ تا ۴۵۰) پیرایۂ بیان طنزیہ اور مزاحیہ ہے۔
- مثنوی اسرار محبت: شاعر کا نام محبت خاں محبت۔ سال تالیف ۱۷۸۳ء، موضوع سسی پنوں کی عشقیہ کہانی۔ یہ مثنوی تحلیل جذبات اور برمحل زبان کا عمدہ نمونہ ہے۔ یہ مثنوی شائع ہو چکی ہے۔
- دوندے خاں نامہ: شاعر کا نام محمد مہدی موتی، زبان فارسی، موضوع در مدح نواب دوندے خاں (م ۱۷۷۰ء) حاکم بسولی بدایوں، یہ مثنوی ماہنامہ برہان دہلی بابت نومبر ۱۹۴۹ء میں شائع ہو چکی ہے۔
- لاٹھی نامہ: شاعر کا نام فضل علی ممتاز، اصلاً دہلوی، آنولہ بریلی میں مقیم ہوا۔ موضوع لاٹھی کے فائدے۔ پوری مثنوی نہیں ملتی، اس کے کچھ اشعار میر حسن نے اپنے تذکرے میں نقل کیے ہیں۔ (ص ۱۶۰)۔ زبان صاف اور اسلوب دلچسپ ہے۔
- جنگ نامہ ضابطہ خاں: شاعر کا نام محمد اکرام اکرام، ضابطہ خاں امیر الامرا نواب نجیب الدولہ (م ۱۷۷۰) کا پسر تھا۔ ضابطہ خاں اور مرہٹوں کے مابین ۱۷۷۱ء میں لڑائی ہوئی جو جنگ سکر تال کے نام سے مشہور ہے۔ اس مثنوی میں اسی جنگ کے حالات پیش کیے گئے ہیں۔ قدرت اللہ شوق نے اپنے تذکرے میں اس مثنوی کا ایک شعر نقل کیا ہے۔ (ص ۵۵۸)
- جنگ نامہ آصف الدولہ: شاعر کا نام معظم عباسی معظم، اس مثنوی کا مخطوطہ صولت لائبریری رامپور میں محفوظ ہے۔ اس کا موضوع وہ لڑائی ہے جو رامپور کے پٹھانوں اور آصف الدولہ و کمپنی کی مشترکہ افواج کے مابین ۲۴؍ اکتوبر ۱۷۹۴ء کو موضع بھٹورا (فتح گنج غربی ضلع بریلی) کے میدان میں ہوئی تھی۔

مذکورہ دونوں جنگ ناموں کی یہ اہم خصوصیت ہے کہ اُن میں حسب موقع وہ الفاظ

محاورات اور روزمرہ بھی مستعمل ہوئے جو روہیلہ پٹھان عام طور پر بولتے تھے۔

سرود جاں نواز اور ظفر نامہ: شاعر کا نام قاضی نور الحق منعم، زبان فارسی، منعم اپنے عہد کا زبردست فارسی داں اور عالم تھا۔ عہدۂ قضا پر فائز تھا۔ ان مثنویات کی اطلاع امیر مینائی نے تذکرہ انتخاب یادگار میں دی ہے۔ (ص ۳۴۸)

دور قدیم میں مثنویات کے علاوہ شعرائے بریلی کے تحریر کردہ قصائد کے حوالے بھی ملتے ہیں۔ قدرت اللہ شوق نے طبقات الشعرا میں محمد یار خاں امیر کے قصائد کے متعلق تحریر کیا:

"دیگر قصائد آں امارت پناہ نہایت پر زور و رنگیں ہستند۔ خصوصاً قصیدۂ نعت و قصیدۂ سامانِ ہولی کہ در تتبعِ قصیدہ رزمیہ بہار مرزا رفیع گفتہ۔ ہمہ انتخابی است۔ تا کجا نوشتہ بود۔" (ص ۴۵۱)

امیر مینائی نے انتخاب یادگار میں (ص ۳۴۸) قاضی نور الحق منعم (م ۱۸۰۸ء) کے ایک فارسی قصیدے کا ذکر کیا جو اس نے نواب نصر اللہ خاں (م ۱۸۱۰ء) کی مدح میں تحریر کیا اور جس کا مطلع ہے:

سکندر باشدش آئینہ دارد آبکش خضرش
چو فغفور و چو قیصر بر درش صد پاسباں بینی

دور قدما میں ہجو نگاری کافی مقبول تھی اور تذکرات میں ہجو نگاروں کے حوالے ملتے ہیں۔ شعرائے بریلی کے سلسلے میں محمد یار خاں امیر کے نعیم اللہ خاں نعیم تک ہجو نگاروں کے اسما ملتے ہیں جن میں نعیم زیادہ مشہور ہوا کیوں کہ اس نے سودا کی ہجو لکھی تھی۔ نعیم اللہ خاں نعیم کا حوالہ میر حسن شوق اور مصحفی کے تذکرات میں ملتا ہے۔ (ص ۱۸۱-۲۸۰، ۲۵۹ علی الترتیب) مذکورہ ہجو کا ایک بند نمونتہً مندرجۂ ذیل ہے:

ہمارے ایک مشفق ہیں پچھیلے — کچھ اک میٹھے ہیں کچھ کڑوے کسیلے
جہاں جاتے ہیں یہ واں ان کے چیلے — کوئی کھینچے کوئی ان کو ڈھکیلے
ہمارے میرزا صاحب نویلے
بہت خوش ہو کے کھاتے ہیں کریلے

دور روہیلہ میں قطعات، قطعہ بند غزلیات، مسدسات، رباعیات وغیرہ وافر تعداد میں ملتی ہیں،

لیکن دورِ قدیم میں بریلی کے کسی شاعر کو اس قلیل سرمائے کی روشنی میں جو ہم دست ہوا ہے، یہ کہہ کر ممتاز نہیں کیا جا سکتا کہ وہ رباعی گو یا قطعہ نگار تھا۔

عہد روہیلہ میں بریلی میں صوفیوں اور عالموں کی بھیڑ لگ گئی تھی۔ قدیم شعرائے بریلی کی غزلیات میں عام روش کے مطابق دو چار اشعار ایسے ضرور مل جاتے ہیں جن میں وعظ و حکمت اور اخلاق و تصوف کے مضامین ہوتے تھے لیکن کسی بھی شاعر کو واضح طور پر حمد و نعت گو منقبت نگار اور صوفی نہیں کہا جا سکتا۔

مجموعی طور پر بریلی کے دورِ قدیم کے شعرا نے آنے والی نسل کے لیے زبانِ شعر اور اسلوب شعر کا قیمتی نمونہ چھوڑا اور زبان و اسلوب کو اس قابل کر دیا کہ بقول محمد یار خاں امیر:

شعر جس داب سے کہے ہے امیر　　رو برو اس کے فارسی کیا ہے
دیکھ لو! کیوں نہ لے کے اس کے سخن　　ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے

بریلی کی شاعری کے عہد مابعد یا دورِ متوسط میں قدما کا اسلوب سخن منتقل ہوا اور ان کے تلامذہ نے ہی چراغ شاعری روشن رکھا اور روشنی پھیلائی۔ انیسویں صدی عیسوی میں بریلی کی شاعری قدما کی رہین منت ہے۔

۲۳ر اپریل ۱۷۷۴ء کو نواب حافظ رحمت خاں نے شجاع الدولہ اور ایسٹ انڈیا کمپنی کی افواج کے مقابلے میں شکست کھائی۔ شجاع الدولہ نے فتح بریلی کے بعد جس بربریت کا مظاہرہ کیا اس کی الم ناک کہانی اخبار الصنادید جلد ا، تاریخ ہند از مولوی ذکاء اللہ اور کمپنی کی حکومت از باری لائل پوری میں پڑھا جا سکتا ہے۔ حد یہ ہے کہ وہ قلعہ اور مکانات جس میں روہیلہ امرا رہتے تھے، ان کو اس طرح مسمار کیا کہ ان کے نشانات بھی مٹ گئے۔ بریلی میں مبارک محل جس میں نواب حافظ رحمت خاں رہتے تھے اس کے متعلق قیاس کیا جاتا ہے کہ وہ شہر کہنہ بریلی میں مرزائی مسجد کے قریب تھا۔ اس کے بھی آثار نابود کر دیے گئے۔

اس الم ناک تباہی کا اثر بریلی کی ادبی زندگی پر پڑا۔ ایک طرف سرمایۂ کتب تلف ہوا تو دوسری طرف شعرا نے بریلی سے ترکِ وطن کیا۔ شعرا کی اکثریت لکھنؤ پہنچی۔ بعض شعرا رامپور گئے جو معاہدۂ لال ڈانگ (اکتوبر ۱۷۷۴ء) کے مطابق وجود میں آ چکی تھی۔ بعض شعرا دکن تک پہنچے۔ بریلی کے

حالات دن بہ دن خراب ہوتے گئے۔ آصف الدولہ (م ۱۷۹۷ء) کے عہد میں بریلی میں کوئی ترقی نہیں ہوئی۔ بوجہ زرکشی اور استبداد، معاشی بدحالی اور افراتفری کا ماحول پیدا ہوا۔ ۱۸۰۱ء میں بریلی پر ایسٹ انڈیا کمپنی نے قبضہ کیا جس سے منافرت پھیلی۔ ۱۸۰۵ء میں امیر خاں نے بریلی اور اس کے مضافات میں لوٹ مار کی۔ اسی سال بریلی میں بھیانک قحط پڑا اور بیسلپور کے زمینداروں نے شورش برپا کی۔ ۱۸۱۳ء میں نیپالیوں سے جنگ ہوئی جس کا سلسلہ کئی برس جاری رہا۔ ۱۸۱۶ء میں اہالیان بریلی نے ریگولیشن ایکٹ کے خلاف بغاوت کی۔ ۱۸۳۷ء میں بریلی میں پہلی بار ہندو مسلم فساد ہوا اور اسی سال قحط بھی پڑا۔ اس طرح ۱۷۷۴ء میں روہیلوں کے زوال سے ساٹھ پینسٹھ برس بعد تک بریلی میں سخن سنجی کی فضا ساز گار نہیں تھی۔ انیسویں صدی کی ابتدائی دہائیوں میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے اقتدار کے ساتھ بریلی میں انگریز نواز طبقہ پیدا ہوا جو امرا، زمیندار اور بڑے تجاروں پر مشتمل تھا۔ اس طبقے نے معاشی بدحالی کا شکار شعرا کی کچھ نہ کچھ سرپرستی کی جس سے شاعروں کا تنفس قائم رہا۔

اس عہد کے شعرا کو مندرجہ ذیل مدوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

۱- وہ کم تعداد شعرا جو پُر آشوب حالات کے باوجود بریلی کے باہر نہیں گئے۔

۲- وہ شعرا جو بریلی سے ترک وطن کر کے دیگر شہروں میں مقیم ہوئے۔

۳- وہ شعرا جن کا عہد شاعری انیسویں صدی عیسوی کے نصف اول کو محیط ہے اور جنھوں نے بریلی میں شاعری کا احیا کیا۔

قسم اول کے شعرا میں اہم ترین شاعر حضرت شاہ نیاز احمدؒ نیاز (م ۱۸۳۴ء) تھے۔ وہ ایک بلند پایہ صوفی، عالم اور شاعر تھے۔ ان کا بیشتر کلام فارسی میں اور کمتر عربی و اردو میں ہے۔ وہ بریلی کی صوفی شاعری کے امام ہیں۔ ان کی شاعری سے بریلی کو منزلت ملی۔ بریلی میں شاعری، تصوف کے رموز و نکات اور صوفیانہ لفظیت و اسلوب سے آشنا ہوئی۔ بریلی کی تاریخ شاعری میں یہ غیر معمولی کارنامہ تھا۔

قسم دوم کے شعرا میں میر غلام علی عشرت (م ۱۸۲۱ء)، حسین شاہ حقیقت (م ۳۳-۱۸۳۴ء)، فارغ شاہ فارغ (م ۱۸۴۰ء)، ذوالفقار علی صفا (م ۱۸۴۵ء) اور شیخ علی بخش بیمار (م ۱۸۵۴ء) بہت

بلند قامت ادیب اور سخن سنج تھے۔

میر غلام علی عشرت رامپور میں مقیم ہوا۔ ریاست رامپور وجود میں آچکی تھی۔ اس کا تعلق امرائے رامپور سے پیدا ہوا۔ چنانچہ اس کی غزل پر درباری اثرات مرتسم ہوئے۔ اس کی غزلیات ارباب نشاط میں بہت مقبول تھیں۔ اس کو کل ہند شہرت بھی ارباب نشاط کے ذریعہ ملی۔ عشرت کی شہرت کا مدار اس کی غزلیات کے علاوہ، مثنوی پدماوت اور مثنوی داستان سحر البیان کی وجہ سے بھی ہے۔ عشرت کا یہ کارنامہ ہے کہ اس کے تلامذہ نے بریلی میں شعر و شاعری کو فروغ دیا۔

حسین شاہ حقیقت نوجوانی میں لکھنؤ وارد ہوا۔ جرأت سے رجوع کیا۔ اس کی غزلیات کی زبان قدیم الفاظ سے معرّا اور صاف و سلیس ہے۔ اس کے اشعار میں جذبے اور تخیل کی کمی محسوس ہوتی ہے۔ اس کو شہرت مثنویات اور منثور کتب سے ملی۔ اس کی منثور کہانی جذب عشق (١٧٩٧ء) اپنے عام فہم اور با محاورہ اسلوب کی وجہ سے اردو نثر اور اردو ناول کی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔

فارغ شاہ فارغ تلمیذ ظہور الدین حاتم (م ١٨٩٢ء) بریلی سے لکھنؤ اور لکھنؤ سے خورجہ پہنچا۔ فقر و تصوف سے علاقہ رکھتا تھا۔ اس کا دیوان غزلیات اور مثنویات ہم دست نہیں ہوئیں۔ اس کے جو اشعار تذکرات میں منقول ہوئے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ پختہ کار تھا۔ شکوہ بیانی سے دلچسپی تھی۔ اس کی زبان پر قدامت کے اثرات بھی کم ہیں۔

ذوالفقار علی صفا تلمیذ میر تقی میر بریلی سے لکھنؤ، لکھنؤ سے بنگال، بنگال سے چینا پٹن مدراس، مدراس سے حیدرآباد دکن اور حیدرآباد سے احمد آباد پہنچا۔ بڑی صلاحیت کا شاعر تھا۔ یہ شعر اسی کا ہے:

کون سنتا ہے فغانِ درویش
قہر درویش بجانِ درویش

صفا؛ غزل، مثنوی، قصیدہ غرض کہ کسی صنف سخن میں قاصر نہیں تھا۔ کوثر سے دھلی ہوئی با محاوروں اور سلیس زبان استعمال کرتا۔ بریلی سے دور ہو جانے کی وجہ سے بریلی میں گمنام رہا۔

شیخ علی بخش بیمار بریلی سے لکھنؤ پہنچا اور مصحفی کا شاگرد ہوا جو خود بریلی سے لکھنؤ پہنچا تھا۔ بیمار بعد کو لکھنؤ سے رام پور گیا۔ عمدہ غزل گو تھا۔ بلند خیال اور قوت بیان و لطف زبان کا حامل تھا۔ بیمار نے بوستانِ خیال کا 'طلسم بیضا' کے نام سے ترجمہ کیا۔ اس کا یہ منثور اردو ترجمہ مشہور ہوا۔ اس نے

زیادہ شاگرد جمع نہیں کیے۔ بریلی میں اس کا ایک شاگرد غلام قادر خاں وحشی، نعت گو کی حیثیت سے معروف ہوا۔ بیمار کا یہ شعر بہت مشہور ہے اور سچ پوچھیے تو اس کے اسلوب سخن کا نمائندہ بھی:

کون پرساں ہے حال بسمل کا
خلق منھ دیکھتی ہے قاتل کا

تیسری قسم کے شعرا میں عبدالملک ممتاز (م۱۸۵۶ء) اور خلیفہ امیر الدین آزاد (۶۷-۱۸۶۸ء) اس اعتبار سے اہم ہیں کہ انھوں نے بریلی کے ناسازگار ماحول شاعری میں شعرو سخن کا احیا کیا۔ بریلی میں رہ کر بریلی کی گرتی ہوئی دیوارِ سخن میں پشتیبان لگائے۔

عبدالملک ممتاز کا تعلق سرہند کے خانوادۂ پیرزادگان سے تھا۔ اس خاندان کے شاہ محی الدین اویسی اور ان کے فرزند نذیر الدین حسن شائق (م۱۲۵۴ء/ ۱۸۳۸ء) تھے۔ عبدالملک ممتاز شاہ محی الدین اویسی کا نواسہ اور نذیر الدین حسن شائق کا خواہر زادہ تھا۔ مذکورہ تینوں شاعر زوال حکومت روہیلہ کے بعد بریلی سے فرخ آباد اور دکن گئے لیکن بعد کو بریلی واپس آ گئے۔ شائق کی غزل تو اویسی کی طرح قدما کے طرز پر ہے اور اس میں خارجیت کا عنصر بھی بہت نمایاں ہے لیکن اس کا نمایاں کام عطر بہار (فارسی-۱۸۰۷ء) اور مصدر فیوض (۱۸۱۴ء) ہیں۔ اس کو شہرت ایک فارسی داں کی حیثیت سے ملی۔ عبدالملک ممتاز مقامی طور پر مشہور اور مقبول ہوا۔ اس کا دیوان نہیں ملتا جو بھی کلام ہم درست ہوا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اویسی اور شائق کی طرح خارجی نقش گری کا قائل تھا۔ داخلیت، معاملہ بندی اور شدتِ احساس اس کا مقدر نہیں بنے۔ مثلاً اس کی ایک مشہور غزل کا مطلع ہے:

پشتِ لب اس کے سبز ہوئے، اب بھلا ہوا
باغِ امیدِ بوسہ ہمارا ہرا ہوا

یہی حال امیر الدین آزاد کا تھا۔ اس کا ابتدائی کلام اتنا ہی بے روح اور بے اثر تھا جتنا کہ اویسی، شائق اور ممتاز کا۔ لیکن بعد کو اس نے داخلیت کی طرف رجعت کی اور پُر اثر اشعار لکھے۔ اس نے چار دواوین یادگار چھوڑے۔

ایسا محسوس ہوتا ہے کہ مذکورہ چاروں شعرا نے انیسویں صدی کی ابتدائی دہائیوں میں محمد یار خاں امیر، محبت خاں محبت وغیرہ سے استفادہ نہ کر کے میر غلام علی عشرت کی خارجیت پسندی کی تقلید کی

اور مزید نقش ونگار بنانے کی کوشش کی۔ بہرنوع یہ طرز مقبول نہیں ہوا۔ اس کے باوجود شاعری کا یہ چھوٹا سا وقت جو اویسی، شائق، ممتاز اور آزاد کے تیس چالیس سالہ عہد پر مشتمل ہے اس معنی میں بہت اہم ہے کہ بریلی میں شاعری کی محفل، نامساعد حالات کے باوجود بھی رہی اور ان کے تلامذہ نے انیسویں صدی کے نصف آخر میں بریلی میں شاعری کو ایسا فروغ دیا کہ باید وشاید۔

شائق اور ممتاز کے عہد میں ہی ایک نو وارد شاعر گنگا پرشاد رند تھا۔ اس نے شائق کا تلمذ اختیار کیا اور محاکات، معاملہ بندی، رندی ومستی پر مبنی مضامین قلم بند کیے اور اعلیٰ تر فصیح زبان استعمال کی۔ اس کا دیوان ناپید ہو گیا۔ اس کے جو اشعار تذکرات کے ذریعہ ہم دست ہوئے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی روش عشرت، اویسی، شائق، ممتاز اور آزاد سے جدا تھی۔ مثلاً:

مانتے ہو گر برا معشوق کہنے سے، تو جان
ہم تمہیں مشہور اپنا چاہنے والا کریں

روتا ہوں چپکے چپکے، آتا ہے یار جس دم
وہ دیکھنا کسی کا، آنکھیں چرا چرا کر

دل کسی قدرداں کو دیں گے رند
اب اگر زندگی ہماری ہے

یہ طرز غزل انیسویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں ہی نواب عبدالعزیز خاں عزیز (م۱۸۹۱ء) کے تغزل میں تکمیل کو پہنچا۔

انیسویں صدی عیسوی کی ابتدائی دہائیوں میں اور اندازے کے مطابق زیادہ سے زیادہ ۱۸۵۲ء تک شعرائے بریلی نے جو مثنویات تحریر کیں ان کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

- مثنوی ہشت گلزار: شاعر کا نام حسین شاہ حقیقت۔ سال تالیف ۱۸۱۰ء۔ بہ تقلید ہشت بہشت از خسرو (سال تالیف ۱۳۰۲ء)، سال طباعت ۱۸۵۰ء، موضوع بہرام گور اور حسن بانو کی عشقیہ کہانی۔

- مثنوی ہیر امن طوطا: شاعر کا نام حسین شاہ حقیقت، سال طباعت ۵۱-۱۸۵۲ء، یہ مثنوی ہشت گلزار سے ماخوذ ہے۔ اس کا موضوع قالب بدلنے کے واقعات سے وابستہ ہے۔
- مثنوی بنات النعش: شاعر کا نام سیف اللہ ثاقب (م۱۸۱۱ء)، اس کا حوالہ تذکرۂ انتخاب یادگار میں ملتا ہے۔ (ص۱۰۱)
- مثنوی پدماوت: نصف ضیاء الدین عبرت دہلوی اور نصف میر غلام علی عشرت بریلوی نے تحریر کی۔ اس مثنوی میں عبرت نے جو طرز بیان اختیار کیا وہی بعد کو دیا شنکر نسیم (م۱۸۴۳ء) کی مثنوی گلزار نسیم کا وصف خاص ٹھہرا۔ عشرت نے میر حسن کی مثنوی سحر البیان کے اسلوب نگارش کو اختیار کیا۔ موضوع قصۂ پدماوت ہے جس کو ملک محمد جائسی نے نظم کیا تھا۔ پدماوت کی تکمیل عشرت کے ہاتھ سے ۱۷۹۶ء میں ہوئی اور طباعت ۱۸۴۸ء میں۔
- مثنوی ریاض الحسین: شاعر کا نام میر غلام علی عشرت، سال تالیف ۱۸۰۸ء۔ حضرت آدمؑ سے حضرت مہدی آخر الزماں تک کے حالات پر مشتمل ایک ضخیم مثنوی۔ ہنوز غیر مطبوعہ۔
- مثنوی داغ دل: شاعر کا نام دیاناتھ وفا۔ سال تالیف ۲۱-۱۸۲۲ء۔ موضوع عشقیہ کہانی۔ ہنوز غیر مطبوعہ۔
- مثنوی گل و بلبل: شاعر کا نام دیاناتھ وفا۔ زبان فارسی۔ موضوع عشقیہ کہانی۔ ہنوز غیر مطبوعہ
- مثنوی چھومنتر: شاعر کا نام ذوالفقار علی صفا۔ غیر مطبوعہ، موضوع عشقیہ کہانی۔

ترجمہ مثنوی حملۂ حیدری: شاعر کا نام ذوالفقار علی صفا، سال ترجمہ ۱۸۲۸ء۔ غیر مطبوعہ۔

- یہ مثنوی رفیع خاں باذل (م۱۷۱۱ء) صوبیدار بریلی (بہ سال ۱۶۷۹ء) کی مشہور مثنوی حملۂ حیدری کا آسان اردو ترجمہ ہے۔
- مثنوی عشق صادق: شاعر کا نام امیر الدین آزاد۔ سال تالیف ۱۸۲۷ء یا اس سے قبل۔ سال طباعت ۱۸۸۴ء۔ موضوع عشقیہ کہانی۔
- مثنوی در مدح نواب عطا حسین خاں: شاعر کا نام کرامت علی خاں شہیدی (م۱۸۴۱ء)، عطا حسین خاں عطا کمبوہ (م۱۸۴۱ء) شہیدی کا مربی تھا۔ [اب کمبوہان زبیری کہلاتے ہیں] شہیدی نے اس کی رفاقت میں لگ بھگ نو برس گزارے۔ یہ اس کی زندگی کے آخری سال

تھے۔اس کی یہ مختصر مثنوی دیوان شہیدی میں شامل ہے۔

- مثنوی افسانۂ نغز: شاعر کا نام عطا حسین خاں عطا۔مثنوی میسر نہیں آئی۔اس کا حوالہ شہیدی نے اپنی مذکورہ بالا مدحیہ مثنوی میں دیا ہے۔

مذکورۂ بالا مثنویات سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ شعرائے بریلی نے اس عہد کے نامساعد حالات میں مثنویات کے سرمائے میں بھی اضافہ کیا۔اس عہد کی عصری روایت کے مطابق وہ مثنویات زیادہ تر عشقیہ تھیں اوران کی زبان واسلوب میں اتنی توانائی تھی کہ ایک طرف تمثیلی اوراستعاراتی اسلوب نے راہ پائی تو دوسری طرف سلیس و بامحاورہ زبان نے بھی۔مجموعی طور پر یہ سرمایۂ مثنویات بریلی میں فروغ سخن کا غماز ہے۔

حکومت روہیلہ کے زوال کے ساتھ جو تھوڑا بہت قصیدہ نگاری کا ماحول تھا وہ بھی ختم ہو گیا۔ پھر بھی اس عہد میں تین قصیدہ نگار ملتے ہیں جنھوں نے اردو اور فارسی میں قصائد لکھے اور بریلی میں قصیدہ نگاری کا سلسلہ ٹوٹنے نہیں دیا۔ان کے اسما مندرجہ ذیل ہیں:

- عطا حسین عطا: اس نے بزبان فارسی دو قصائد لکھے (۱) تاریخ جلوس آصف جاہ (۲) بہ مدح نواب صمصام الدولہ ناظم الملک فرانسیس ہاکنس بہادر ہیبت جنگ۔یہ قصائد ۱۸۲۷ء میں یا اس سے پہلے لکھے گئے۔ان میں قصائد کی صفات ملتی ہیں۔دونوں غیر مطبوعہ ہیں۔
- رتن سنگھ زخمی: متوفی ۱۸۵۱ء اس کا فارسی قصیدہ مسمّٰی ہفت بند، سال تحریر ۱۸۳۸ء شہرۂ آفاق ہے۔ یہ قصیدہ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی مدح میں ہے جس کا متن سہ ماہی مصنف علی گڑھ بابت مارچ ۱۹۴۶ء میں شائع ہوا تھا۔نہایت زوردار قصیدہ ہے۔
- کرامت علی خاں شہیدی: شہیدی کے مشہور زمانہ قصیدے کا یہ شعر ضرب المثل ہے:

تمنا ہے درختوں پر ترے روضہ کے جا بیٹھے
قفس جس وقت ٹوٹے طائر روح مقید کا

شہیدی نے یہ قصیدہ سرزمین بریلی میں ۱۸۴۰ء میں تحریر کیا اور اس کے بعد وہ حج بیت اللہ شریف کے لیے روانہ ہو گیا۔اس قصیدے کی زمین میں نہ صرف قصائد تحریر ہوئے اس کی مقبولیت نے نعت گوئی کا رجحان پیدا کیا۔خود بریلی میں اس قصیدے کو نعت گوئی کا محرک کہا جاسکتا ہے۔اس

قصیدے سے یہ بات بھی واضح ہوتی ہے کہ اردو نعت گوئی بہ صد بلاغت اور شکوہ وشوکت نعت گوئی کے ابتدائی دور میں ممکن تھی۔ دراصل اس قصیدے نے بریلی کے نعت گویان کو حوصلہ دیا اور ان کی ہمت بندھی کہ وہ نعت میں شاعری بلاغت اور صنائع بدائع کے ساتھ کر سکتے ہیں۔

بریلی میں مراثی نے رواج نہیں پایا۔ نوابین روہیلہ روہیلہ پٹھان اور پسران علی محمد خاں سنی العقیدہ تھے۔ مرثیہ، سلام، نوحہ جو واقعات کربلا سے وابستہ ہیں اور جنھیں بطور خاص ایام عزا میں پڑھا جاتا ہے، بریلی کے عہد روہیلہ میں مروج نہیں تھے۔ بریلی میں شیعہ تحریک کا آغاز آصف الدولہ کے عہد حکومت (۱۷۷۵ء تا ۱۷۹۷ء) میں ہوا۔ شیعہ امام باڑہ اور شیعہ مسجد کی تعمیر ہوئی۔ شیعہ تحریک، ۱۸۰۱ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کا بریلی پر اقتدار قائم ہونے سے کمزور پڑ گئی۔ لہٰذا اس وقت واقعات کربلا مثنوی کی صنف میں قلم بند ہوئے اور وہ بھی برسبیل و بالواسطہ۔ ایسے کام میں میر غلام علی عشرت کی مثنوی ریاض الحسین اور ذوالفقار علی صفا کی زاد الآخرت (مطبوعہ مدراس ۱۸۰۳ء) کا حوالہ دیا جاسکتا ہے۔ زاد الآخرت میں ذکر شہادتین پر چار ہزار ابیات ہیں۔

واقعۂ کربلا کے علاوہ ایک مشہور مرثیہ امیر الدین آزاد کا تحریر کردہ ہے۔ آزاد نے یہ مرثیہ رحیم بخش دری باف کے پھانسی کی سزا پانے پر تحریر کیا۔ رحیم بخش نے ۱۸۳۷ء میں چودھری بسنت رائے کو فرقہ وارانہ منافرت کی بنا پر قتل کر دیا تھا۔

ان مراثی یا ذکر شہادتین پر مثنویات کے علاوہ جو مناقب ائمۂ اطہار کی مدح میں شعرائے بریلی کے دواوین میں ملتے ہیں، وہ بہر حال مرثیہ نہیں ہیں۔

اسی عہد میں دو واسوخت ملتے ہیں۔ ایک واسوخت امیر الدین آزاد کا اور ایک الف خاں جولاں (م ۱۸۷۴ء) تلمیذ آتش (م ۱۸۴۶ء) کا یہ دونوں واسوخت فدا علی کے مجموعہ واسوخت مسمّٰی شعلۂ جوالہ، مطبوعہ ۱۸۶۸ء میں شامل ہیں۔ دونوں واسوخت معیاری ہیں۔

بریلی میں ہجو نگاری کا سلسلہ نعیم اللہ نعیم (م ۱۸۰۸ء) نے سودا کی ہجو لکھ کر شروع کیا۔ اس کے بعد امیر الدین آزاد نے ایک ہجو یہ مثنوی مسمّٰی نور باف تحریر کی جو بیانیہ اسلوب میں کافی دلچسپ ہے۔

اس طرح زوال روہیل کھنڈ کے بعد بریلی کی شعر و شاعری کو جو دھکا لگا اور جس کا اثر ساٹھ برس سے کچھ اوپر تک قائم رہا، اس میں سخن سنجی بہر طور جاری رہی۔ ۱۸۵۰ء تک زبانِ شعرائے بریلی

قدامت سے بالکل آزاد ہوگئی۔ اساتذۂ دہلی کے اثرات بریلی میں آنا شروع ہوئے۔ اساتذۂ لکھنؤ کی گرفت مضبوط ہوئی۔ شعرائے بریلی نے دونوں طرزِ سخن کی طرف نگاہ اٹھائی، ان کو دیکھا اور پرکھا اور اپنے رجحان طبع کے مطابق استفادہ کیا۔ زمیندار اور انگریز طبقے نے شعرا کو نوازنا شروع کیا جس سے بہتر مستقبل کی بشارت ملنے لگی۔

شعرائے بریلی مشکل سے ہی اپنے پاؤں پر کھڑے ہوئے تھے کہ ۱۸۵۷ء کا ہنگامہ کھڑا ہوگیا جس میں شہر بریلی پوری طرح ملوث ہوا۔ نواب حافظ رحمت خاں کے نبیرہ، خان بہادر خاں المتخلص بہ مصروف تلمیذ قلندر بخش جرأت نے انگریزوں کے خلاف علم بغاوت بلند کیا۔ بریلی میں جنگ آزادی کا آغاز ۳۱ رمئی ۱۸۵۷ء کو ہوا اور اختتام ۵ رمئی ۱۸۵۸ء کو جب انگریزوں نے بریلی پر حملہ کر کے خان بہادر خاں کو شکست دی۔ اس کے بعد کمپنی کی فوج نے بریلی میں غیر معمولی بربریت کا مظاہرہ کیا۔ بریلی میں بھگدڑ مچی اور لوگ پناہ حاصل کرنے کے لیے شہر چھوڑنے پر مجبور ہوئے۔ تین دن عام لوٹ مار اور قتل و غارت گری کا بازار گرم رہا۔ اس ظلم میں انگریز نواز طبقہ شامل تھا۔ مخبر بھی مقامی لوگ تھے۔ گولی مار کر ہلاک کرنے اور پھانسی پر لٹکانے کے واقعات روزانہ کا معمول بن گئے۔ حریت پسندوں کو ہلاک کر کے انگریزوں نے ان کی جائداد ضبط کی اور بعد کو اپنے مددگاروں کے بطور انعام عطا کر دی۔ معمولی لوگ صاحب حیثیت بن گئے اور ہمیشہ کے لیے انگریز کے وفادار بھی۔ نواب خان بہادر خاں اور مرزا عباس بیگ عباس و نادر کو پھانسی لگی۔ مفتی سید احمد خاں سید تلمیذ غالب کو جزائر انڈمان بھیجا گیا۔ عام لوگوں میں پھانسی پانے والوں کا شمار نہیں۔ پورا شہر بریلی تباہ ہوگیا۔ ۱۸۶۰ء کے بعد لوگوں میں اعتماد بحال ہونا شروع ہوا۔ شہر شہر بھاگے ہوئے شعرا، بریلی واپس آئے۔ مقامی شعرا نے زندگی کی سانس لی۔ خاندان مولویان، خاندان قاضیان، خاندان مفتیان، خاندان کمبوہان اور خاندان روہیلہ میں دوبارہ محفل سخن آراستہ ہوئی۔ بریلی کے انگریز حکام نے سماجی، شہری اور ادبی فروغ کی کوششوں میں مدد کی۔ شہر میں انگریزی تعلیم کے لیے اسکول کھلے۔ گنج اور بازار بنے۔ روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی بریلی نے مشاعروں اور طباعت کتب کا انتظام کیا۔ مذکورہ سوسائٹی نے اپنا پریس بھی قائم کیا۔ سوسائٹی کا کاروبار کتب خانے کی عمارت میں ہوتا جو ۱۸۵۵ء میں تعمیر ہوئی تھی۔ سوسائٹی کے ممبران عمائد شہر تھے۔ لٹریری سوسائٹی اور اس کے پریس نے

شعرا کی صفوں میں اعتماد بحال کیا اور مشاعروں کے ذریعہ شعرا کو یکجا کیا۔

اس وقت بھی جس شاعر نے سب سے زیادہ شعرائے بریلی کو سہارا دیا وہ امیر الدین آزاد ہی تھا۔ اس کے تلامذہ مذکورہ بالا پانچوں خاندانوں میں موجود تھے اور انھوں نے اپنی مساعی سے بریلی میں دوبارہ محفل سخن سجادی۔ امن وسلامتی کے بحال ہونے کے بعد شعرائے بریلی کا اساتذۂ بیرونجات سے بھی تعلق پیدا ہوا۔ اب جو محفل سخن آراستہ ہوئی اس میں تین طرح کے شعرا تھے۔ (۱) قاضی عبدالملک ممتاز اور امیر الدین آزاد کے تلامذہ (۲) شعرائے دہلی کے تلامذہ (۳) شعرائے لکھنؤ کے تلامذہ۔ قسم اول کے تلامذہ کثیر تعداد میں تھے جن میں سے بعض شعرائے بیرونجات کے بھی شاگرد ہوئے۔ مثلاً نیاز احمد خاں ہوش نے خلیفہ امیر الدین آزاد کی انگلی پکڑ کر چلنا شروع کیا لیکن جب وہ ہنگامہ ۱۸۵۸ء کے بعد لکھنؤ گیا، اس نے مظفر علی اسیر (م ۱۸۸۲ء) سے تجدید تلمذ کی۔ قسم دوم کے شعرا کی تعداد کم ہے۔ شماریاتی اندازے کے مطابق غالب کے چھ، مومن کے تین، صدر الدین آزردہ کا ایک اور داغ کے پانچ تلامذہ ملتے ہیں۔ قسم سوم میں اُن شعرا کا اژدحام ہے جس میں اکثریت اُن شعرا کی ہے جو اساتذۂ لکھنؤ سے وابستہ ہوئے۔ اس وقت توسیع سخن کے ساتھ مذکورۂ بالا پانچوں خاندان کے شعرا بھی مخصوص طرز کے حامل بن گئے۔ خاندان کمبوہان اور خاندان مولویان کے بیشتر شعرا امیر الدین آزاد اور اس کے تلامذہ سے وابستہ تھے۔ قاضی عبدالملک ممتاز کا اثر خاندان روہیلہ پر تھا۔ بریلی میں انیسویں صدی عیسوی کا بے مثل شاعر نواب عبدالعزیز خاں عزیز (م ۱۸۹۱ء) اس کا ہی شاگرد تھا۔ خاندان روہیلہ کے شعرا، اساتذۂ بریلی کے علاوہ اساتذۂ لکھنؤ سے بھی وابستہ ہوئے۔ خاندان مفتیان اور خاندان قاضیان نے نسبتِ غالب پر فخر کیا۔ خاندانِ علمائے اہل سنت والجماعت (بریلوی مکتب فکر) میں حسن رضا خاں حسن نے طرز داغ کی ترویج کی اور اس خاندان کے شعرا نے نعت گوئی کو عُلو بخشا۔ مختصر یہ کہ بریلی میں اردو شاعری جب بیسویں صدی عیسوی میں داخل ہوئی تو مذکورہ خاندانوں کے شعرا ان خیل در خیل شعرا کے ساتھ جو ان سے وابستہ تھے، اپنے دہلوی، بریلوی اور لکھنوی امتیازات سخن کے ساتھ داخل ہوئے۔

امیر الدین آزاد کے تلامذہ میں محسن علی خاں جوش (م ۱۸۶۳ء) جس کا تعلق خاندان کمبوہان سے تھا، ایک عمدہ غزل گو تھا۔ اس نے اپنی شاعری کے متعلق تحریر کیا:

اہل دل سن کے کیوں نہ وجد کریں
حال ہیں میرے شعر قال نہیں

اس نے مضامین زلف وگیسو اور سیج و وصل سے اجتناب کیا۔ محسوسات اور واردات قلب کو نظم کیا اور زبان بھی صاف ستھری استعمال کی۔ ہر چند اس کا دیوان ۸۸-۱۸۸۹ء میں شائع ہو گیا تھا، اس کو وہ شہرت نہیں ملی جس کا وہ مستحق تھا۔ یہ مشہور شعر اس کا ہی ہے:

خاک ہو جا صورتِ سیماب ہو کر عشق میں
چاہتا ہے مرتبہ اے دل اگر اکسیر کا

امیر الدین آزاد کے تلامذہ میں خاندان روہیلہ کا شاعر نواب نیاز احمد خاں ہوش نہایت ذی علم اور قادر الکلام تھا۔ اس کو اردو شاعری کی ہر صنف پر قدرت حاصل تھی۔ اس کی غزلیات میں تلاشِ مضمون، بلندیِ تخیل اور شکوہ زبان کی خوبیاں ملتی ہیں۔ الفاظ کی بندش اور اسلوب کی روانی مذکورہ خصوصیات پر مستزاد تھی۔ وہ اپنے طرز غزل گوئی میں منفرد سا نظر آتا ہے۔ اس کے مندرجہ ذیل مشہور شعر سے اس کی غزل کے طرز کا اندازہ ہو سکتا ہے:

چلنے میں جب وہ دوہرے ہوئے آئی یہ صدا
نخوت نے لو ہلال کیا آفتاب کو

اس کو مشاعروں اور گلدستوں سے دلچسپی تھی۔ اس کے تلامذہ بھی کثرت سے تھے۔ اس نے بریلی میں شاعری کی اشاعت کی۔ وہ اپنی ذات میں خود بھی انجمن سا لگتا تھا۔ اس کا دیوان ۱۸۹۴ء میں اشاعت پذیر ہوا۔

قاضی عبدالملک ممتاز کا شاگرد اور خاندان روہیلہ کا مایۂ ناز فرزند نواب عبدالعزیز خاں عزیز (م ۱۸۹۱ء) بے مثل صلاحیتوں کا شاعر تھا۔ اس کی غزل میں اس کی اعلیٰ علمیت کی وجہ سے مضامین نو اور تخیل طرازی کی بھرمار ہے۔ لیکن اس کو مشاعرے کے علاوہ مُجرے سے بھی دلچسپی تھی۔ ارباب نشاط سے وابستہ معاملہ، واردات اور رموز اس کا اوڑھنا بچھونا تھے۔ لہٰذا ایک ہی وقت میں جہاں وہ ہیرا تراش کر، نگ جڑتا وہاں وہ ارباب نشاط کے حسن اعضا اور واردات کو بھی نظم کرتا۔ اس کا کمال اس کی باریک بینی میں پوشیدہ ہے۔ اس کا تغزل نازک خیالی اور نازک بیانی سے عبارت ہے۔

مندرجہ ذیل چند اشعار سے اس کے طرز غزل کا اندازہ ہو سکتا ہے :

- ابرو میں خم، کمر میں لچک، زلف میں شکن
وہ کون سی جگہ ہے جہاں بانکپن نہیں
- باعث پردہ دری گریۂ بے باک ہوا
پردۂ چشم بھی دامن کی طرح چاک ہوا
- راستے اور بھی ہیں ملک عدم کے لیکن
تیغ کے گھاٹ اتر جانے میں آسانی ہے
- گردن کے دکھانے کو صفا پھیر لیا منہ
کیا اس نے تغافل کو ملایا ہے ادا میں
- عشاقِ زلف زندۂ جاوید کیوں نہ ہوں
ہاتھ آگیا ہے سلسلہ عمر دراز کا
- دل ہو خستہ تو اجابت ہو دعا سے پہلے
ٹوٹے کاسہ میں ملے بھیک صدا سے پہلے
- قیامت ہیں یہ در پردہ نگاہیں
غضب کی چیز ہے شوخی حیا میں
- صاف انکار کی تمہید نہ ڈالی ہوتی
عذر ہی کر کے کوئی بات بنا لی ہوتی
- شراب تند کو کرتی ہے برف سے ٹھنڈا
جھپک حیا کی جو ہے، شوخیِ نگاہ کے ساتھ

غلام غوث بے خبر (م۱۹۰۴ء) نے دیوان عزیز کی تقریظ میں تحریر کیا:

''جو کچھ کہا ہے ایسا کہا ہے کہ کوئی کہہ نہیں سکتا۔ اسے دیکھ کے سخن شناسوں کو حیرت ہے کہ جن مضامین تک خاقانی اور انوری کے دست فکر نہ پہنچے وہ ان کے ہاتھ کہاں سے آئے اور پھر کثرت سے۔ معنی فہموں کو

حیرت ہے۔‘‘ (ص ۲۵۸)

اس کے تلامذہ بھی کثرت سے تھے جنھوں نے بریلی میں شاعری کی اشاعت کی۔

اساتذۂ دہلی کے شعرائے بریلی پر اثرات کا جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ بریلی میں غالب کے چھے شاگرد تھے جن کے اسما ہیں مفتی سلطان حسن خاں احسن، غلام بسم اللہ بسمل، محمد حسین صاحب، قاضی عبدالجلیل جنون، مفتی سید احمد خاں سید اور قاضی عبدالرحمٰن وحشی۔ ان میں مفتی حسن خاں احسن (م۱۸۷۲ء) سے سلسلۂ غالب ان کی وفات کے بعد ان کی اولاد نے اس طرح قائم رکھا کہ انھوں نے غلام بسم اللہ بسمل (م۱۸۹۸ء) کی شاگردی اختیار کی اور اس کی وفات کے بعد مفتی عمادالحسن محوؔ (م۱۹۲۶ء) سے وابستہ ہوئے۔ خاندان مفتیان نے ہمیشہ نسبت غالب پر فخر کیا اور غزل گوئی میں اپنی انفرادیت کو برقرار رکھا۔ خاندان مفتیان کا آخری چراغ مفتی صابر حسن شیوا عثمانی ۱۹۷۵ء میں کراچی میں فوت ہوا۔

قاضی عبدالجمیل جنوںؔ بھی خاندان مفتیان کا فرد تھا لیکن عہدۂ قضا پر متمکن ہونے کی وجہ سے مفتیان کی یہ شاخ قاضی کے سابقے سے مشہور ہوئی۔ قاضی محمد خلیل حیراں جو قاضی عبدالجلیل جنون کا پسر تھا، غالب کے کسی شاگرد سے منسلک نہیں ہوا اور اس طرح قاضیان بریلی میں سلسلہ غالب ختم ہوگیا۔ ان کے علاوہ جو شعرا غالب سے تلمذ رکھتے تھے، زیادہ مشہور نہیں ہوئے۔ ان کی بیاضیں بھی ناپید ہوگئیں۔

بریلی میں مومن خاں مومنؔ ۱۲۶۸ھ/ ۵۱-۱۸۵۲ء) کے تین شاگرد تھے جن کے اسما ہیں: غفورالدین تسلیم، مرزا مہدی حسین حنا اور عظمت اللہ عظمت۔ ان میں صرف غفورالدین تسلیم مشہور ہوا۔ اس کی غزل میں شوخی اور بانکپن ہے:

دیر کس کو ہوگئی تم کو ہے کس کا انتظار
کر رہے ہو مجھ سے باتیں مونھ سوے در اوٹھا
شوخیوں نے خواب میں شاید تجھے چھیڑا کہ تو
سویا ہنستا بولتا بدلے ہوئے تیور اوٹھا

اس نے پابندی سے مشاعرے کرائے اور مشاعرے کی غزلیات گلدستۂ نشو ونما بریلی میں شائع

کرائیں جس کا وہ سرپرست تھا۔

بریلی میں نواب مرزا داغ کے پانچ تلامذہ تھے جن کے اسما ہیں:

حسن رضا خاں حسن، سرفراز علی خاں رفعت، عبدالکریم عروج اور ہادی حسین بیگ فرخی۔ ان میں حسن نے بہت شہرت پائی۔ اس کی ایک غزل جس کا مطلع ہے :

حسن جب مقتل کی جانب تیغ براں لے چلا
عشق اپنے مجرموں کو پا بجولاں لے چلا

پورے ملک میں مشہور ہوئی۔ خاندان علماے بریلی سے نسبت رکھنے کی وجہ سے اس کی ذہنی سطح اپنے استاذ سے بلند تھی۔ اس نے داغ کے تغزل کو طیّب کیا۔ اس کی فصاحت اور قادرالکلامی پر حیرت ہوتی ہے۔ اس کی غزل کے دو چار اشعار مندرجہ ذیل ہیں :

کچھ یہ بے چین طبیعت بھی بری ہوتی ہے — کچھ حسینوں کی محبت بھی بری ہوتی ہے
شیخ جی، اتنی نصیحت بھی بری ہوتی ہے — آپ کی ضد نے مجھے اور پلائی حضرت
ساتھ کھیلے کی محبت بھی بری ہوتی ہے — قیس کے حال کو سن سن کے جگر پھٹتا ہے

ہم ہنسی کھیل سمجھتے تھے محبت ان کی — عمر روتے ہی کٹی جان پہ کھیلے ہی بنی

بندے کو ذرا خوف بھی لازم ہے خدا سے — کیا پاؤ گے تم ہم سے فقیروں کو ستا کر

کیسے بھولوں میں انہیں وہ مجھے کیا یاد کریں — عشق، صد گونہ الم، حسن ہزاراں غفلت

حسن اور اس کے تلامذہ نے غزل کی اس خارجیت کو ختم کرنے میں سہارا دیا جو اساتذہ لکھنؤ کے تلامذۂ بریلی کے ذریعہ مقبول ہوئی تھی۔ حسن کی غزل کے اثرات شعرائے بریلی پر تقریباً چالیس برس تک قائم رہے اور اس کا حلقۂ شعرا اپنی فصاحت اور زباندانی کی وجہ سے اپنی پہچان بنانے میں کامیاب ہوا۔

شعرائے دہلی کے بعد بریلی کے شعرا پر شعرائے لکھنؤ کے اثرات کا جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ شعرائے بریلی کا لکھنؤ جانا اور قیام کرنا معمولات میں سے تھا۔ شاید اس کا سبب یہ بھی تھا کہ

بریلی کے بعض شعرا لکھنؤ میں آباد ہوئے اور رفتہ رفتہ ان کے خاندان نے افتخار حاصل کیا جن سے شعرائے بریلی کو تقرب میسر ہوا اور انھوں نے وہاں کے مشاعروں میں شرکت کی۔ بعض اساتذۂ لکھنؤ بھی کچھ وقت کے لیے بریلی میں مقیم ہوئے اور انھوں نے اپنا کلام اپنے میزبانوں کے مشاعرے میں سنایا۔ ۱۸۴۰ء سے لگ بھگ ۱۹۰۰ء تک شعرائے دہلی جن اساتذۂ لکھنؤ کے شاگرد ہوئے، ان کے اسما یہ ہیں: محمد اسمٰعیل سائف، سید محمد کاظم جاوید، گوری شنکر مسرت، بھگوان داس ہندی، خیر الدین یاس، حیدر علی آتش، عاشور علی خاں عاشور، مظفر علی اسیر، کلب حسین نادر، اوسط علی رشک، خواجہ محمد وزیر، جعفر حسین کاشف، امیر مینائی وغیرہ۔ ۱۸۶۰ء اور ۱۹۰۰ء کے مابین بریلی میں لکھنوی طرزِ سخن اس قدر مقبول ہوا کہ ان منفرد شعرا کو چھوڑ کر جو اساتذہ دہلی کا اتباع کر رہے تھے یا جنھوں نے اپنی راہ خود متعین کی تھی، کثیر تعداد میں شعرا خارجیت کے ہی دلدادہ تھے اور بریلی میں اربابِ نشاط کی آمد اور امرا میں ان کی پذیرائی کی وجہ سے شاعری کے اس طرز کو مزید تقویت ملی۔ اس عہد کی شاعری سے متاثر ہو کر برج موہن لال خمار بریلوی نے کہا تھا:

لکھنؤ کیوں نہ بریلی کو کہیں ان روزوں
اب تو سر سبز یہاں باغ سخن دیکھتے ہیں

اس عہد کے ایسے اساتذہ بریلی کے اشعار جن پر لکھنوی طرزِ سخن غالب ہے بطور نمونہ مندرجہ ذیل ہیں:

- غضب اس لب پہ مسّی کی دھڑی ہے
چھپائے منھ خجل سوسن کھڑی ہے — حضور احمد خاں آثم

- وصل کا اقرار ثابت ہو گیا، اس بات سے
تھا اگر انکار، تکرارِ نفی کا ہے کو تھی — باقر حسین باقر

- دید کے قابل ہے رحم ان کا کہ وقت نزع وہ
پانی ٹپکاتے حلق میں وہ میری تلوار کا — رحمت علی جنون

- تھیں سگِ دلدار کے کھانے کو میری ہڈیاں
تیرا حصہ اس میں بتلا اے ہما کیوں کر ہوا — احمد حسن خاں جوش

- ٹھنڈے بہت پڑے ہیں تڑپتے ہیں بے شمار
کچھ بھی خبر حضور کو ہے، زیر بام کی — محمد اسمٰعیل خاں ذبیح

- روتے ہیں اپنے حال شکستہ پہ صبح تک
منھ ڈھانکتے ہیں دامنِ چاک سحر سے ہم — ہادی حسن رسوا

- دریائے حسن اور بھی دو ہاتھ بڑھ گیا
انگڑائی اس نے نشّے میں جو لی اٹھا کے ہاتھ — ظفریاب خاں راسخ

- میری طرح کسی پہ تمہارا جو آئے دل
سینے پہ ہاتھ رکھ کے کہو ہائے ہائے دل — دھنپت رائے راز

- ہے فضیلت مجھے اس زلف کے دیوانوں پر
جائے دستار مرے سر پہ ہیں زنجیر کے پیچ — مکھن لال شوق

- نامراد ایسا بھی اٹھّا ہے زمانے سے کوئی
حسرتوں کا تربت صادق پہ میلا کیوں نہ ہو — صادق علی صادق

- صیاد، مرغِ دل مرا نازک ہے اس قدر
زنجیر بوئے گل میں گرفتار ہوگیا — طالب علی خاں طالب

- پیتا نہیں شراب کبھی بے وضو کیے
قالب میں میرے روح کسی پارسا کی ہے — عباس بیگ نادر

- گیسوؤں کو وصل کی شب منھ پہ تم آنے تو دو
شرط بدتا ہوں قیامت تک سحر ہوتی نہیں — ایضاً

- ظالم کی رسی ہوتی نہیں ہے کبھی دراز
برعکس اس کے حال ہے زلف دراز کا — عبدالعزیز خاں عزیز

- قیامت پر قیامت آ گئی دوزخ نے منھ ڈھانکا
جو دیکھا دبدبہ میرے جنونِ فتنہ ساماں کا — مہربان علی فرحاں

○ ذکر کیا آیا ہمارے ہجر کی تحریر کا
مدتوں تک کلک رویا منشی تقدیر کا — ایضاً

○ گڑ گیا شرم سے سروِ لبِ جو تا بہ کمر
کبھی گلشن میں جو وہ رشک صنوبر آیا — حسین علی خاں ناصر

○ دل مضطر پہ مرے دوہری بلا نازل تھی
موت آئی، نہ شب ہجر، نہ دلبر آیا — سید رسول شاہ کلیم

○ روز کہتا تھا میں مرتا ہوں نہ مانا تو نے
آج لے دیکھ لیا اب تجھے باور آیا — لطافت حسین خاں لطیف

○ پاؤں پھیلائے ترے زلف کے سودائی نے
لے کے حدّاد جو زنجیر و سلاسل آیا — محسن علی محسن

○ ضعف سے عالم ہوا یہ مجھ جگر افگار کا
مل گیا تارِ کفن سے تار جسم زار کا — عنایت نبی نالاں

○ پھونکا ہے سوزِ ہجر نے اس تُرک مست کے
اب صید کیوں کروں نہ میں مرغ کباب کو — نیاز احمد خاں ہوش

○ منتیں کرنا شب وصل بلائیں لینا
خاص مطلب کے لیے بات نہ کیا ہوتی ہے — کنج بہاری لال یکتا

جس طرح مفتیان نے طرز غالب میں اپنی طباعی سے اپنا رنگ بھرا، جس طرح عبدالعزیز خاں عزیز نے خارجی نقش ونگار کو نازک تر بنایا اور اس دلربائی کو اپنی غزل میں سمویا جو انھیں اربابِ نشاط سے خلوت و جلوت میں منکشف ہوئی اور ان کی غزل ممیّز وممتاز ہونے میں کامیاب ہوئی، اسی طرح شعرائے بریلی کے ہجوم میں سید مہربان علی فرحاں تلمیذ آتش لکھنوی ایک ایسا منفرد شاعر تھا جس نے لکھنوی طرزِ سخن کو تمکنت بخشی، تمویہ کو خالص سونا بنایا۔ اس کی شاعری کا آغاز آتش وناسخ کے زیر سایہ ہوا۔ اس نے لکھا ہے :

○ فرحاں نہ کیسے آتش و ناسخ ہوں باغ باغ
بے مثل دیکھتے ہیں ہمارے سخن کا رنگ

○ فرحاں مرے اشعار سے خوش ہوتے تھے ناسخ
دیتے تھے عجب لطف سے دادِ سخن آتش

اس نے دو دواوین تیار کیے جو طبع نہیں ہوئے تاہم محفوظ ہیں۔ اس کے طرز سخن کا اندازہ مندرجہ ذیل اشعار سے ہوتا ہے :

○ محبت دل کی مشہورِ جہاں ہے
یہ دریا بند کوزے میں رواں ہے
ہے تصور کسی مہوش کی ہم آغوشی کا
دونوں ہاتھوں کو جدا آٹھ پہر رکھتے ہیں
اجڑ گیا کوئی گلشن طیورِ آزردہ
چمن چمن لیے پھرتے ہیں آشیاں سر پر
بت کافر تری آنکھیں ہیں کہ اک جادو ہیں
بن گیا دیکھ کے ایک ایک ہرن پتھر کا

غزل کی کافرادائی میں تصوف کا پٹ بھی شامل ہے۔ اس عہد کے ہر شاعر کی غزلیات میں دو ایک شعر ایسے ضرور مل جاتے ہیں جن میں بے ثباتیِ عالم، وحدت الوجود وغیرہ کے مضامین شامل ہیں لیکن ایسا شاعر جو عملاً صوفی ہو، مشاہدۂ باطنی کا خوگر ہو سید حسین سیدؒ (م۱۸۹۳ء) تھا۔ اس کا مجموعۂ کلام مسمّٰی مرغوب دل ۱۸۸۲ء میں طبع ہوا لیکن اس کے اشعار میں عشق کی وہ حرارت اور فنائیت نہیں ملتی جو شاہ نیاز احمد نیازؒ کی غزلیات کا خاصہ ہے۔ تاہم اس عہد کے غزل گویان کے مجمع میں اس کی پہچان ایک صوفی شاعر کی حیثیت سے ہو جاتی ہے۔ اس کا مندرجہ ذیل مشہور ہوا :

ہم عشق ہیں ہر ایک کے دل میں ہیں سمائے
گو خاص ہیں لیکن ہے گزر عام ہمارا

انیسویں صدی عیسوی میں بریلی میں غزل کا جائزہ لینے سے معلوم ہوا کہ ۱۸۶۰ء کے بعد غزل عام و خاص میں مروّج ہوئی، اس نے اسالیب اختیار کیے اور نیاز احمد خاں ہوش، عبدالعزیز خاں عزیز، مہربان علی فرحاں، قاضی عبدالجمیل جنون اور حسن رضا خاں حسن نے اپنے اپنے طرز سخن سے

نئی جہت اور نئی سمت دکھائی۔ کسی شاعر نے صحیح کہا تھا :

لکھنؤ شرق، غرب دہلی ہے
دونوں شہروں کا دل بریلی ہے

بریلی کی تاریخ شاعری میں انیسویں صدی عیسوی کے آخری ساٹھ برس نعت گوئی کے آغاز اور عروج کا عہد ہے۔ اس وقت کثیر تعداد میں نعت گو تھے۔ ابتدا میں نعت گویان نے پاس شرع کی وجہ سے محتاط رویہ اختیار کیا جس کا نمونہ لطف علی خاں لطف کی نعتیہ شاعری ہے لیکن رفتہ رفتہ نعت گویان نے ان صنفی تقاضوں کو بھی پورا کرنا شروع کیا جس صنف میں نعت تحریر کی جاتی تھی۔ اس طرح نعت گوئی میں فن شاعری کی چمک دمک بھی پیدا ہوئی۔ اس زمانے میں نعتیہ مشاعرے رائج ہوئے اور نعتیہ گلدستے شائع ہوئے۔ نعت بریلی کے ہر گلی کوچے میں مقبول ہوگئی۔

وہ شعرائے بریلی جنھوں نے انیسویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں نعت گوئی میں شہرت حاصل کی ان کے اسما یہ ہیں: نواب حیدر حسین خاں حیدر، عبدالرزاق خاں رزاؔق (م۱۸۸۲ء)، لطف اللہ خاں لطف (م۱۸۶۹ء)، سید فضل غوث ساقی (م۱۸۹۰ء)، سید احسان علی احسن، سید عبدالوحید واعظؔ، ناصر الدین احمد ناصر (م۱۹۰۸ء)، حسن رضا خاں حسن (م۱۹۰۸ء)، نیاز احمد خاں ہوش (م۱۸۹۲ء)، سید ہدایت علی ہدایت اور مولوی احمد رضا خاں رضا (م۱۹۲۱ء)۔ یہ نعت گویان، صاحبِ دواوین نعت ہیں۔ حیدر اور ہوش نے مولود نامے تحریر کیے۔ نعت کو ہر صنف سخن میں تحریر کیا۔ نعت کو ہر اسلوب میں نظم کیا۔ نعت گویان کے ذریعہ نعت کو ادبی حیثیت ملی۔ ان نعت گویان میں حیدر، ساقی اور ناصر، صوفی اور ولی اللہ تھے۔ ان کی نعت میں تصوف کی رمزیت ملتی ہے۔ یہ شعر حیدر حسین خاں حیدر کا ہے :

محمدؐ سرِّ قدرت ہے کوئی رمز اس کی کیا جانے
شریعت میں تو بندہ ہے، حقیقت میں خدا جانے

رضا اور حسن، عالم دین تھے اور عشق رسولؐ میں مقام فنائیت پر، ان کی نعتوں میں، قصائد، مثنویات اور مناقب میں بے حد شیفتگی ہے۔ دیگر شعرا روایت نعت کے اعلیٰ شاعر تھے۔ اردو نعت کے بریلی میں ارتقائی مطالعے کے پیش نظر جس شاعر نے نعت کو گھر گھر پہنچایا اور نعت کو غزل کی سی

مقبولیت عطا کی، وہ حسن رضا خاں حسن تھا، اس کی نعت آج بھی مقبول ہے۔ اس کا نعتیہ دیوان مسمّٰی ''ذوقِ نعت'' دو درجن سے زائد بار طبع ہو چکا ہے۔ اس کی نعتیں اور سلام آج بھی پورے ذوق و شوق کے ساتھ ہندو پاک کی محافل مولود میں پڑھے جاتے ہیں۔

انیسویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں بریلی میں قصیدہ نگاری کو فروغ ملا۔ اس عہد میں قدما کے مقابلے میں زیادہ قصائد لکھے گئے۔ محسن علی خاں جوش (م ۱۸۶۳ء) کا نعتیہ قصیدہ موسومہ بہ نعت احمد بہت مشہور ہوا۔ شیوا رام جوہر کا فارسی قصیدہ جواہر الترکیب ۱۸۲۰ء میں تالیف ہوا لیکن اس کی اشاعت ۱۸۷۱ء میں ہوئی۔ اس قصیدے کا موضوع فارسی زبان کی نحو ہے۔ یہ قصیدہ داخل درس رہا۔ نیاز احمد خاں ہوش کے سات قصائد ملتے ہیں جن میں ایک نعتیہ اور دو منقبت کے ہیں۔ باقی ماندہ چار قصائد میر محبوب علی خاں والیِ دکن اور اس کے اُمرا کی مدح میں ہیں۔ ان قصائد میں صنف قصیدہ کی جملہ خصوصیات ملتی ہیں۔ اس نے میر محبوب علی خاں کا سراپا پیش کرتے ہوئے تحریر کیا :

- خال سے آنکھ کا کس طرح نہ ہو حسن ہزار
عین نقطے سے کرے غین کی پیدا صورت
- متصل رُخ کے نہ کس طرح ذقن ہو اس کا
چاہ کو ہوتی ہے گلزار سے اکثر قربت
- پائیں جب ایک جگہ جمع حیات اور عدم
منطقی کیوں نہ ہوں پھر مائل سرّ وحدت
- شال کشمیر کے دو پھول ہیں بغلیں اس کی
خلد کافور ہوا دیکھ کے جن کی نزہت
- ساقِ گردوں پہ رکھے فوق جو رہتے ہیں وہ ساق
پھر جو ہو مہرِ فلک نقش قدم کیا حیرت

ہوش کے ہر ایک قصیدے میں ایسی تخیل طرازی، مضمون آفرینی، مبالغے اور شکوہ بیان کا عمل ملتا ہے۔ اس کے قصائد پڑھنے کے بعد یہ گمان ہوتا ہے کہ قصیدہ نگاری کے زِہاب میں ہوش کے قصائد آبدار موتی ہیں۔ غالب و ذوق کے قصائد کے بعد ہوش کے قصائد کی دریافت اور مطالعہ ضروری معلوم ہوتا ہے۔

دیگر قصیدہ نگاروں کی تفصیل اس طرح ہے کہ مولوی احمد رضا خاں رضا نے بلاغت کلام سے بھرپور نعتیہ قصائد لکھے جو ان کے مجموعۂ کلام 'حدائق بخشش' میں شامل ہیں۔محمد حسین فرحت، ابن میر غلام علی عشرت نے دو قصائد نواب کلب علی خاں (م ۱۸۸۷ء) والیِ رامپور کی مدح میں تحریر کیے۔ان میں ایک قصیدہ محسن کاکوروی (م ۱۹۱۵ء) کے قصیدے کی زمین میں ہے۔اس کا مطلع ہے :

ٹھنڈی ٹھنڈی ہے ہوا، جھوم رہے ہیں بادل
آئی برسات، تر و تازہ ہیں باغ اور جنگل

دوسرا قصیدہ فارسی میں ہے:

غلام بسم اللہ بسمل (م ۱۸۹۸ء) نے ایک قصیدہ سلطان عبدالحمید شاہِ ترکی کی مدح میں لکھ کر سلطان مذکور کو بھیجا اور اس کے صلے میں اپنی ہی خواہش پر غلاف کعبہ کا ایک ٹکڑا حاصل کیا جو حسب وصیت اس کے کفن پر ڈال کر دفن کر دیا گیا۔ یہ قصیدہ اس کے خاندان میں محفوظ تھا۔ بعد کو کوئی غالب نواز لے گئے اور واپس نہیں کیا۔اب وہ قصیدہ نہیں ملتا۔

مولوی ناصر الدین احمد ناصر (م ۱۹۰۸ء) نے متعدد قصائد نعت و منقبت تحریر کیے۔ایک قصیدہ شہیدی کے مشہور زمانہ قصیدے کی زمین میں بھی تحریر کیا۔ اِن قصائد میں قصیدے کا اُٹھان اور قصیدے کی شان ہے۔

حضور احمد خاں آثم (م ۱۹۴۴ء) نے انیسویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں چھے قصائد تحریر کیے جو اُس کے مطبوعہ مجموعہ کلام 'منظورِ حق' (۱۸۸۹ء) میں شامل ہیں۔ان میں صرف دو قصائد ''پھر تو شرمندۂ نظر آئیں غزالانِ حرم، اور اہل اسلام ہوں، کیوں ہو مرے ایماں میں خلل؛ قدرے غنیمت ہیں ورنہ معلوم یہی ہوتا ہے کہ آثم کو قصیدہ نگاری سے فطری مناسبت نہیں تھی۔

مثنوی کے موضوعات میں بھی وسعت پیدا ہوئی۔عشقیہ موضوع کے علاوہ مثنویات، دیگر موضوعات پر بھی وجود میں آئیں۔ جوالا شنکر امیر نے کتھا ست نرائن کو دافع العذاب کے نام سے مثنوی کی شکل میں نظم کر کے ۱۸۷۲ء میں شائع کرایا۔اس مثنوی میں قصہ پن ہے اور زبان تشبیہاتی و استعاراتی جس سے شبہ ہوتا ہے کہ مثنوی نگار کے اعصاب پر مثنوی گلزار نسیم سوار تھی۔نواب احمد حسن خاں جوش (م ۱۸۸۶ء) نے ایک عشقیہ مثنوی مسمّٰی 'فسانۂ جوش' تحریر کی۔اس مثنوی کے اسلوب

میں شاعر نے جودتِ طبع کا مظاہرہ کیا۔مثنوی پر خارجی تزئین کا اثر غالب ہے۔ نیاز احمد خاں ہوش نے مثنوی 'ترانۂ ہوش' نظم کی لیکن اس مثنوی کا سراغ نہیں ملا۔حضور احمد خاں آثم نے ۱۸۷۹ء میں مثنوی 'ذائقہ عشق' شائع کرائی۔آثم کو مثنوی نگاری سے بھی فطری مناسبت نہیں تھی۔'ذائقہ عشق' ایک اہم مثنوی نہیں ہے۔مہربان علی فرحان نے تین مزاحیہ مثنویات تحریر کیں جو مثنوی کی تاریخ میں نہایت اہم کام ہے۔ان مثنویات کے یہ نام ہیں: (۱)قصۂ قاضی جون پور (۲) احمق نامہ(۳) آئینۂ رونما یعنی حجام نامہ۔ان میں قصۂ قاضی جون پور بہت مشہور مثنوی ہے جو دوردرشن نے ٹیلی کاسٹ بھی کی تھی۔فرحان نے سلیس اور مزاحیہ اسلوب اختیار کیا۔الفاظ کی برجستگی اور ذو معنویت سے مزاح کا لطف دوبالا کیا۔مثلاً آئینۂ رونما یعنی حجام نامہ کے یہ اشعار :

ذرا جو تیز مقراضِ زباں ہو حماقت مو بہ مو ان کی بیاں ہو
وہ تھی کسبت کہ سب کپڑا پھٹا تھا جو خود گُٹھل تو گُٹھل اُسترا تھا
وہ آئینہ کہ جس میں منھ نہ دکھلائے نظر کیجے تو قلعی صاف کھل جائے
وہ قینچی کند، سو پتھر کو چاٹے کہ بال آجائے گر اک بال کاٹے

اردو مثنویات کی تاریخ میں فرحاں اور اس کی مزاحیہ مثنویات کا تعارف ضروری معلوم ہوتا ہے۔[یہ مثنویات گلزار احمدی پریس مراد آباد سے شائع ہوئی تھیں۔ان کے مطبوعہ نسخے سید تعظیم علی نقوی (م۱۹۹۰ء) کے پاس کراچی میں محفوظ ہیں۔ان کا ذکر فرحاں کے ضمن میں نقوی نے اپنی تالیف تاریخ شعرائے روہیل کھنڈ کے حصۂ بریلی میں کیا ہے۔جو معلومات کا ماخذ ہے۔]

ناصر الدین احمد ناصر نے اپنے صوفی مشرب کے پیش نظر مثنوی 'پیکر حشر و نشر' تحریر کی۔ یہ مثنوی ۱۹۰۷ء میں شائع ہوئی۔اس کی زبان سلیس، عام فہم لیکن معنویت و رمزیت سے لبریز ہے۔

عشقیہ مثنوی نگاری کے سلسلے میں اہم ترین مثنوی مسمّٰی 'پیکر حسن' کلب حسین مائل (م۱۹۱۱ء) نے ۱۸۹۹ء میں تحریر کر کے شائع کرائی۔ یہ ایک طویل مثنوی ہے جس کے اشعار کی تعداد دو ہزار پانچ سو انتیس ہے۔

قصہ تو وہی شہزادے اور شہزادی کے عشق، فوق فطرت واقعات اور عیش کوشی کے ماحول پر مبنی ہے لیکن جذبات نگاری، منظر نگاری اور بامحاورہ و برمحل زبان اس مثنوی کی بڑی خصوصیت ہے جس کا

اندازہ مندرجہ ذیل اشعار سے ہوتا ہے :

اور پھر صبح و شام ہوتی ہے یہاں ترکی تمام ہوتی ہے
اب جو پھر کر وطن کو آئیں گے ناؤ ہم خضر کی چڑھائیں گے
بات پر لوگ اپنی مرتے ہیں کہتے ہیں جو زباں سے کرتے ہیں
پیٹھ جیسی دکھا کے جاتے ہو گر خدا چاہتا ہے آتے ہو
پھر طبیعت کمال گھبرائی زلف شب تا کمر لٹک آئی
یہ بھی لکھّا مرے مقدر کا پھل مجھے ہو نصیب خنجر کا

اس مثنوی کا طباعت کے باوجود گمنام رہنا بڑی محرومی کی بات ہے۔ اردو مثنوی کے اسالیب زبان کو تلاش کرتے وقت اس مثنوی کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

قاسم علی قاسم نے مثنوی پدماوت تحریر کی جو نول کشور پریس کانپور سے ۱۸۷۳ء میں شائع ہوئی۔ پدماوت پر شائع ہونے والی مثنویات میں قاسم کی طویل مثنوی دعوت مطالعہ دیتی ہے۔

بریلی کے سنّی اور شیعہ، ماہ محرم میں عزاداری کا اہتمام کرتے ہیں۔ بریلی میں سنّی اور شیعہ امام باڑے ہیں۔ ماہ محرم میں مجالس، ماتم، جلوس، ضریح تخت و تازیے، علم، پیک، سبیل اور لنگر وغیرہ کا زبردست اہتمام ہوتا ہے۔ شاید اس عزاداری کا اہتمام انیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں اودھ کے زیراثر ہوا۔ اس عہد میں جتنے بھی کلیات طبع ہوئے یا قلمی دواوین ہم دست ہوئے ان میں واقع کربلا کے متعلق منظومات اور امام حسینؑ کی مدح میں مناقب ملتے ہیں۔ کمتر نوحہ، مرثیہ اور سلام تحریر میں آئے اور یہ سرمایہ بھی مختلف خاندانوں کی نجی بیاضوں میں محفوظ ہے جو علم، جلوس اور مجالس کے مواقع پر التزاماً پڑھا جاتا ہے۔ بریلی میں مرزا دبیرؔ (م ۱۸۷۴ء) اور میر انیسؔ (م ۱۸۷۵ء) ان کے خاندان اور تلامذہ کی طرح مرثیہ نگار نہیں ملتے۔ بریلی میں اودھ کی طرح مرثیہ نگاری کو فروغ میسر نہیں ہوا۔

اس عہد میں واسوخت اور سراپا نگاری زمرۂ شعرا میں بہت مقبول تھی۔ اس صنف سخن کے مشہور ترین شعرا عبدالعزیز خاں عزیز، نیاز احمد خاں ہوش اور احمد علی خاں عاصی تھے۔ عزیز کا واسوخت مسمّٰی 'شکایت معشوقاں' مطبوعہ ۱۸۸۱ء گرمیِ جذبات اور زورِ قلم کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ یہ محسوس ہوتا ہے کہ واسوخت نگار معاملات عشق سے عملاً واقف ہے۔ واسوخت ہوش ہم دست نہیں ہوا حالاں کہ

اس کی بہت شہرت تھی۔ احمد علی خاں عاصی کے مطبوعہ واسوخت کا نام 'نالۂ دل شکن' ہے۔ اس واسوخت میں بھی واسوخت کی خصوصیات ملتی ہیں۔ واسوخت کے علاوہ سراپا نگاری میں بھی عبدالعزیز خاں عزیز کو ہی منزلت حاصل ہے۔ اس نے چھتیس بندوں پر مشتمل بہ شکل مسدس سراپا تحریر کیا جو بے مثل ولا جواب ہے۔ بطور نمونہ چند بند مندرجہ ذیل ہیں :

ہمسری کی ہے کہاں مشک کو بالوں سے محال ‏ ‏ ‏ ‏ پھنستے ہیں آہوے چیں اس میں یہ ایسا ہے جال
دل عشاق سے اس زلف معنبر کا خیال ‏ ‏ ‏ ‏ نہیں ہوتا ہے جدا جیسے سویدا کا خیال
مانگ چوٹی کو جو دیکھا تو ہوا یہ روشن
دودھ کی نہر پہ آبیٹھی ہے کالی ناگن

سینہ دریاے لطافت ہے تو پستاں ہے حباب ‏ ‏ ‏ ‏ یا سیہ کاگ لگائے ہوئے مینائے شراب
شوقِ نظارہ میں اُس شیشے کے عاقل ہیں خراب ‏ ‏ ‏ ‏ حبِّ افیوں ہے وہ بھٹنی کہ اڑاتی ہے خواب
ہم نے انگیا کی کٹوری کا جو نقشہ دیکھا
جام مے شیشۂ پُر بادہ پہ الٹا دیکھا

ساق کی شمع سے بالا جو ہوا شعلۂ نار ‏ ‏ ‏ ‏ چشمۂ مہر بنا چشمۂ زانوے نگار
دیکھ لے پائے نگاریں کو جو محوِ دیدار ‏ ‏ ‏ ‏ مست ایسا ہو کہ ٹھوکر سے نہ ہووے ہشیار
گل کی پتی بھی جو زیر کف پا آتی ہے
آگ تلووں میں نزاکت سے بھڑک جاتی ہے

اس سراپا میں عزیز کی محویت کا یہ عالم ہے کہ اس کے چشم تصور میں عورت کے وہ اعضا بھی رقص کناں ہوئے جن کے ذکر سے شعرائے اردو نے بالعموم گریز کیا۔ اس کی ژرف نگاہی نے عورت کے اس ''خط موے کمر'' کا احاطہ کیا جو ''سطح شکم'' کے گرد تھی اور اس کے بعد اس کو یہ لکھنے میں تامّل نہیں کہ:

دید باں گلشن فردوس کی دیوار میں ہے
چاک یا دامن عریانی دلدار میں ہے

بہر نوع وہ عہد ہی نشاط طلب تھا، زیادہ تر شعراے بریلی کو شعرائے لکھنؤ کی پرواز اور بلندی حاصل کرنے کی آرزو تھی۔ عزیز کو اس سراپا میں اپنے شخصی تلذذ اور عصری نشاط طلبی کو کامیابی کے

ساتھ پیش کرنے کا موقع ملا۔ قدرتِ بیان اور زورِ قلم اس پر مستزاد ہے۔

نواب عبدالعزیز خاں عزیز نے ملا حسن کاشی کے فارسی ہفت بند کا اردو میں بعنوان ہفت کوکب' ترجمہ کیا جس کی طباعت ۱۸۷۲ء میں ہوئی۔ عزیز کے ہی ایک فاضل ہمعصر حیدر حسین راقم نے بزبان فارسی ایک مخمس ہفت کوکب' تحریر کیا جو طباعت سے محروم رہا۔ [شائع ہو چکا ہے۔ مطبع روہیل کھنڈ بریلی ۱۲۸۹ھ/۱۸۷۲ء]

اُس عہد میں مسدس، مخمس، مستزاد، قطعات، رباعیات کا انبار لگ گیا۔ اس عہد کے شعرا کا مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کلام دیکھ کر یہ محسوس ہوا کہ گویا شعرا کے مابین کثرت کلام اور جدت کلام کی معرکہ آرائی تھی اور ان میں سے ہر ایک نمایاں ہونا چاہتا تھا۔ اس زمانے کی ایک تاریخی دستاویز پریتم داس پریتم کا نیم ادبی مسدس مسمّٰی 'قحط چھے سیرا' ہے۔ بریلی میں یہ قحط ۹۶-۱۸۹۷ء میں پڑا تھا۔ قحط میں گیہوں کا نرخ چھے سیر فی روپیہ ہو گیا اور غریبوں نے بوجہ افلاس اپنے بچے فروخت کیے۔ پیتم نے اس مسدس میں ان دولت مندوں کی چٹکیاں لیں جو قحط کی وجہ سے پریشان تھے۔ اس مسدس کی اہمیت اس وجہ سے بھی ہے کہ شاعر نے جس طبقے کے پیشہ ور کا حال بیان کیا اس کے مطابق الفاظ اور روزمرہ بھی استعمال کیا۔ چنانچہ یہ مسدس طنز ملیح اور اسلوب بیان کی وجہ سے اشتہاری سا بن گیا۔ اس کی طباعت بہ زمانۂ قحط ہوئی۔ بطور نمونہ ایک بند مندرجہ ذیل ہے :

نائکہ، کوسے ہے قسمت کو کہ آفت آئی — دس اشرفی تو میں لے لیتی تھی پہلے سائی
قحط صاحب نے کی جس دن سے کرم فرمائی — کوئی آکر نہیں دیتا ہے بجز یک پائی
مال و اسباب جو تھا بیچ کے کھایا سب کو
قحطِ چھے سیر نے ہے ناچ نچایا سب کو

مختصر یہ کہ بریلی کی تاریخ شاعری کا وہ عہد جو لگ بھگ انیسویں صدی عیسوی کے نصف آخر کو محیط ہے، شعری تخلیقات اور اسالیب سخن کا عہد ہے۔ بیسویں صدی عیسوی میں بریلی کی شاعری بڑے جوش اور طمطراق کے ساتھ داخل ہوئی۔

بریلی میں انیسویں صدی عیسوی کے نصف آخر تک جو حالات پیدا ہوئے ان کا اختصار یہ ہے: عربی مدارس کھلے، تحریک ندوہ کا زور بندھا، بریلوی دیوبندی قادیانی اختلافات رونما ہوئے، مغربی

تعلیم کی اشاعت ہوئی۔ انگریزی داں طبقہ چھوٹی سرکاری ملازمتوں پر فائز ہوا۔ انگریزی ذریعۂ معاش بن گئی۔ کارخانے کھلے۔ ریل آئی۔ سڑکیں پختہ ہوئیں۔ نئی سڑکیں اور پل تعمیر ہوئے۔ زراعت کے طریقے بدستور قدیم تھے۔ زمیندار اور انگریز نواز طبقہ خود غرض اور عیش پسند تھا۔ انگریز حاکموں، زمینداروں اور انگریز نوازوں نے غریبوں کو ان کی محنت کے مطابق حصہ نہیں دیا۔ کاشتکار، مزدور، ہنرمند دن بہ دن غریب ہوتا گیا۔ اس کی سماجی حیثیت کمتر ہوگئی۔ فوجیوں اور امرا کی دل بستگی کے لیے طوائفیں آباد ہوئیں جو مشہور اور صاحب حیثیت بن گئیں۔ ملا تعلیم یافتہ تھے لیکن وہ مناظروں میں پھنس گئے۔ آریہ سماجی، عیسائی پادری، بریلوی، دیوبندی، قادیانی آپس میں مناظرے کرتے۔ ان کی اعلیٰ صلاحیتیں مناظروں کی نذر ہوگئیں۔ سیاسی بیداری کا دور دور پتہ نہیں تھا۔ ۱۸۵۷ء کا صدمہ کم ضرور ہوا لیکن بالکل ختم نہیں ہوا تھا۔ لوگ انگریزوں اور انگریز نوازوں سے خوف زدہ تھے۔ ان حالات کا احاطہ نثر نگاروں اور صحافیوں نے کیا۔ اصلاح کی ضرورت محسوس کی اور مغرب زدگی کے مضر اثرات کو محسوس کیا۔ انھیں اپنی کسمپرسی اور انگریزوں کی حاکمیت نے بھی غیرت دلائی۔ صحافیوں اور نثر نگاروں میں عصری شعور اور مسائل کا ادراک ملتا ہے۔ مثلاً مولانا احسن نانوتوی (م ۱۸۹۵ء) نے احسن الاخبار بریلی کے اجرا اور مطبع صدیقی بریلی کے ذریعہ تحریک ولی اللّٰہی کی اشاعت کی۔ شاعروں نے نئے رجحانات کو قبول نہیں کیا۔ انھوں نے نظم نگاری کی طرف بھی توجہ نہیں دی۔ انھوں نے غزل گوئی جاری رکھی اور مروجہ اسالیب غزل میں کچھ ندرت اور کچھ جدت پیدا کرنے کی کوشش کی۔

بیسویں صدی عیسوی کے ربع اوّل میں شعرائے بریلی کی غزلیات کا تجزیہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ لکھنوی طرز سخن کے اثرات کم ہوئے، بالکل معدوم نہیں ہوئے۔ نواب عبدالعزیز خاں عزیز کے تلامذہ نے پرواز خیال اور قدرت زبان کی طرف زیادہ توجہ دی لیکن وہ شوخیِ گفتار سے آگے نہ بڑھ سکے۔ مفتیان نے غالب سے رشتہ قائم رکھا لیکن شخصی حسیت اور مشاعروں کی ضرورت کے مطابق ان کا تغزل شیفتہ (م ۱۸۷۰ء-۱۸۶۹ء) جیسا ہوگیا جو ظاہر ہے خود ایک کمال تھا۔ عام میلان امیر و داغ کے سخن کی طرف تھا۔ مشاعروں میں اس طرز سخن کی بہت مانگ تھی۔ اس دور کے بڑے بوڑھے ان اشعار کو ''زبان کا شعر'' کہتے تھے۔ مندرجہ ذیل اشعار سے اس زمانے کی

غزلیات کے رجحانات کا اندازہ ہوسکتا ہے :

- اے زاہدو! نماز اگر بہر حور ہے
  نیت کا ہے فساد، سمجھ کا قصور ہے — قاسم علی خواہاں تلمیذ امیر الدین آزاد
- آیا نہ ان کو تفرقۂ جان و دل پسند
  دل لے چکے تھے جان بھی اب آ کے لے چلے — قاضی عبدالجمیل جنون تلمیذ غالب
- اسی اک آسرے پر غم غلط ہوتا ہے فرقت میں
  غنیمت ہے، ہمیں امید مرگ ناگہاں پھر بھی — عماد الحسن محو، تلمیذ غلام بسمل اللہ بسم
- کاکل تو دوش پر ہے مگر ربط سر سے ہے
  الفت بلا کی خانہ بدوشوں کو گھر سے ہے — علی حسن شاعر تلمیذ عبدالعزیز خاں عزیز
- شمع کو دی ہے زباں یارب تو گویائی بھی دے
  کچھ تو وہ اپنی کہے یا پوچھے پروانے کی بات — عبدالصمد سرشار
- یہ مانا رو برو ہیں وہ، محال ان کا نظارا ہے
  کوئی پردہ نہیں حائل تو حیرت میرا پردا ہے — ستم یار بیگ قیصر //
- یا رب اسی طرح میری میت پڑی رہے
  بیٹھے رہیں وہ بال پریشاں کیے ہوئے — شفیع احمد عیش تلمیذ داغ
- ملتا اگر عمامۂ واعظ تو خوب تھا
  چادر ہمیں چڑھانا تھی اک بادہ خوار کی — نثار حسین جعفری آرزو تلمیذ قیصر
- سوالِ وصل پہ بھیجا ہے لام الف لکھ کر
  جواب اس کا نہیں ہے کہ 'لا' جواب میں ہے — نانک چند اوج تلمیذ حسن
- اللہ ڈھائے اس بت مغرور کی خودی
  کہتا ہے طنز سے ''مجھے'' مانگیں خدا سے آپ'' — مکھن لال شوق تلمیذ امیر مینائی
- جو بنائے نہ بنے ہے وہ مقدر میرا
  جو نہ مقبول ہو وہ میری دعا ہوتی ہے — عبدالقادر مفتوں تلمیذ عزیز

- دل کو پرواہ نہیں سختی وہ اگر کرتے ہیں
  اپنے نالے بھی تو پتھر میں اثر کرتے ہیں　　موہن لال شفا تلمیذ ہوش
- جب میں روتا ہوں کلیجے سے دھواں اٹھتا ہے
  مینھ برستا ہے یہاں روز گھٹا سے پہلے　　نورالحسین شایان تلمیذ فرحاں
- رواں، پتہ یہ چلا انتہائے منزل پر
  کہ اب یہاں سے چلوں تیری جستجو کے لیے　　ہادی علی رواں تلمیذ خواہاں
- پس مردن یہ جوشِ وحشت ہے
  چھلنی نالوں سے قبر کی چھت ہے　　پیارے علی ارم تلمیذ آثم

بریلی میں بیسویں صدی عیسی کے ربع اوّل کے محتشم شعرا میں قاسم علی خواہاں، علی حسن شاعر، عماد الحسن محو، عبدالصمد سرشار، رستم یار بیگ قیصر اور شفیع احمد عیش کا شمار کیا جا سکتا ہے۔

قاسم علی خواہاں نے طویل عمر پائی (۱۸۴۵ء تا ۱۹۳۸ء)۔ اس نے بریلی کی شاعری کا پورا عہد وسطیٰ اور عہد آخر دیکھا۔ اس کے دواوین محفوظ نہیں رہے۔ چند بیاضیں اس کے خاندان میں محفوظ ہیں۔ اس کا کافی کلام بریلی کے گلدستوں میں شائع ہوا۔ اس کے استاذ سخن ہونے میں شبہ نہیں۔ مضمون طراز اور تخیل پرست تھا۔ کبھی کبھی شوخ اشعار بھی لکھتا۔ بسیار گوئی نے اس کے فن شاعری کو بدصورت کیا۔ اس کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے صدہا شعرا کے کلام پر اصلاح دی اور ضرورتاً اپنا کلام بھی تشاعروں میں تقسیم کیا۔ اس کا صحیح مقام ایک مربیِ سخن کا ہے۔

علی حسن شاعر (م ۱۹۱۸ء) اپنے استاذ نواب عبدالعزیز خاں عزیز کے باغِ سخن کا گل رنگیں تھا۔ چستیِ کلام اور بندش الفاظ کا ماہر تھا۔ اس کے اشعار نے مبالغے، تشبیہ، استعارے اور تمثیل کی وہ بلندی تو نہیں چھوئی جس کی مہارت اس کے استاذ کو تھی لیکن شوخی کلام میں لاجواب تھا۔ نواب مرزا داغ کے پیدا کردہ ماحول شاعری میں بھی اس سے زیادہ بریلی کا کوئی شاعر شوخ گفتار نہیں تھا۔ نمونۃً چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں :

- اے رندو کہیں اور چلو، خلد سے بھاگو　　وہ مولوی صاحب بخدا دیکھ رہے ہیں
- حلت ہے جبھی تک کہ اُسے دیکھے نہ زاہد　　لاؤ جو مئے ناب تو حرمت سے بچا کے

- بن بن کے پوچھتے ہیں تجاہل کو دیکھیے　　ملنا ہمارا مدِّ نظر کس نظر سے ہے
- جاتے تھے وہ گھر غیر کے اچھی ہمیں سوجھی　　یہ کہہ کے انھیں روک لیا، دیکھ رہے ہیں

ایسی شوخ کلامی کے علاوہ اس کی چست اور سلیس زبان اپنی علیحدہ آن بان رکھتی ہے مثلاً:

- دل ملے گویا کہ ملنا ہوگیا　　دل میں شک آیا جدائی ہوگئی
- یہاں ہے نام چلنے کا ٹھہرنا　　قیام اپنا ہے بس عمر رواں تک

کیا جانے کوئی مقصد ہمارا ہے کہاں کا　　کعبے میں کھڑے قبلہ نما دیکھ رہے ہیں

یہ سرائے فانی کی شان ہے کہ امید وبیم میں جان ہے
میرے پیچھے پیچھے زوال ہے، اگر آگے آگے کمال ہے

علی حسن شاعر کا دیوان طبع نہیں ہوا۔ اس کا کلام ضائع ہوگیا۔ اس کا جتنا کلام ہم دست ہوا اس سے اس کی شوخی، ذہانت اور قدرتِ زبان کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس حیثیت میں وہ منفرد سا نظر آتا ہے۔

مفتی عماد الحسن محو (م ۱۹۲۵ء) مفتی سلطان حسن خاں احسن کا پسر اور غلام بسمل اللہ بسمل کا شاگرد تھا۔ اس طرح اس کی غالب سے نسبت بہت قوی تھی۔ محو کی غزل میں احساس کی شدت کے ساتھ خیال کی نزاکت غالب ہے لیکن اس نزاکت میں جذبات کی گرمی ہے۔ معاملات کی شوخی ہے۔ اس کا تغزل شیفتہ سے قریب تر ہے۔ اس کے اشعار میں الفاظ کی بندش بھی ایک حسن ہے۔ اس کے جملہ کلام میں تغزل کا نشاط آگیں نکھار ہے جو متاثر کرتا ہے۔ اس کے طرزِ سخن کا اندازہ مندرجہ ذیل اشعار سے ہوسکتا ہے　:

- خلش نوکِ مژہ کی ہے سہارا زندگانی کا　　یہ نشتر دل میں چبھ چبھ کر رگِ جاں ہوتے جاتے ہیں
- اسی کے آسرے پر غم غلط ہوتا ہے فرقت میں　　غنیمت ہے ہمیں امید مرگِ ناگہاں پھر بھی
- تعریف غیر کی، تو ہوئے ہم زبان وہ　　میری زباں کے واسطے ان کا دہن ہوا
- پڑ گیا لذتِ دشنام کا چسکا کیسا　　ہوگئی ترکِ خطا اور بھی مشکل مجھ کو

عبدالصمد سرشار (م ۱۹۲۷ء) تلمیذ عبدالعزیز خاں عزیز نے دو دیوان مرتب کیے۔ ایک فارسی اور ایک اردو کا۔ اس کی غزلیات میں بھی تغزل کا رنگ چوکھا ہے لیکن نزاکت وحیاداری کے ساتھ۔ زبانِ غزل بھی سریع الفہم اور پر اثر ہے۔ یہی سبب ہے کہ ہجوم شعرا میں اس کا قد بالا بھی دور سے

دکھائی دیتا ہے۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

- تیغ سے پیچھے کیا ذبح ادا سے پہلے — مار ڈالا میرے قاتل نے قضا سے پہلے
- ملا کے خاک میں برباد کر چکے ہم کو — خدا کے واسطے دل میں نہ اب غبار رہے
- اب جانے دیجے آنے کا وعدہ نہ کیجیے — جھوٹا کریں گے مجھ کو کہاں تک قضا سے آپ
- شمع کو دی ہے زباں یارب تو گویائی بھی دے — کچھ تو وہ اپنی کہے یا پوچھے پروانے کی بات

مرزا رستم یار بیگ قیصر (م ۱۹۳۰ء) تلمیذ عبدالعزیز خاں عزیز نے اپنے استاذ کا اتباع کیا۔ گلاب کی پتی سے ہیرا تراشنے کی کوشش کی۔ اس کی حالت اس شجر کی سی ہوگئی جو کسی بڑے پیڑ کے زیر سایہ اُگتا ہے۔ اس کے اشعار غزل میں پختگی ہے لیکن وہ نکھار اور دلربائی نہیں جو عزیز، حسن، محو، شاعر اور سرشار کی غزلیات میں ملتی ہے۔ خواہاں کی طرح اس کا فن بھی بسیار گوئی اور تلامذہ نوازی کی نذر ہوگیا۔ اس کا صحیح مقام ایک مربی سخن کا ہے۔ اس کے اشعار غزل کا نمونہ یہ ہے :

خیالِ قتل کیا آیا؟ سرِ تیغِ سر افگن میں — تلاطم خون کا پیدا ہے کیوں رگ ہائے گردن میں
بقیدِ ظرف ہیں سب قدرداں روشن دماغوں کے — کہ چشمِ چاہ میں خورشید بھی چھوٹا سا تارا ہے
جو گرم سیر چمن گل عذار ہو جاتا — عرق جو آتا وہ عطر بہار ہو جاتا
سلجھا رہے ہیں زلف کو شانہ ہے ہاتھ میں — ساماں ہوا ہے جمع مرے انتشار کا
غرورِ حسن سے سینہ اُبھارے وہ جو پھرتے ہیں — نمود آثار ہوتے ہیں جوانی کے لڑکپن میں

بہر نوع یہ بھی ایک طرز سخن تھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نواب عبدالعزیز خاں عزیز کی نزاکت اور بداعت، قیصر کے یہاں طرزِ ناسخ لکھنوی بن گئی۔

شفیع احمد عیش (م ۱۹۴۷ء) تلمیذ داغ نے صرف داغ کے طرز سخن کا اتباع کیا اور اس کی حین حیات تنہا اس کے دم سے داغ کا رنگ تغزل بریلی میں مروج رہا۔ اس کا نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

- اِدھر آئے وہ، لو اُدھر گئے، رہیں رات بھر، یہ محال ہے
  مجھے پردہ داری کا پاس ہے، انہیں آبرو کا خیال ہے
- تم جس پہ سو سناؤ وہ عرضِ وصال ہے
  دل جس کو مان لے وہ ہمارا سخن ہوا

میں کیا بتاؤں ذوقِ تصور کی انتہا
لپٹا ہوا وہ ہاتھ ابھی تک کمر سے ہے
آپ کیوں روتے ہیں، کیوں سوگِ عدو کرتے ہیں
آپ کیوں اٹھتی جوانی کا لہو کرتے ہیں
عیش بھر آتا ہے واعظ کے بھی منھ میں پانی
جب کبھی تذکرۂ جام و سبو کرتے ہیں
یہ منظر حاصل عمر محبت ہے خدا رکھے
کہ ان کے ہاتھ میں نبضیں ہیں اور ہم مرنے والے ہیں
یارب اسی طرح میری میت پڑی رہے
بیٹھے رہیں وہ بال پریشان کیے ہوئے

عیش کا یہ اندازِ غزل عوام اور مشاعروں میں بہت مقبول ہوا۔

بیسویں صدی عیسوی کے پہلے ربع میں اردو شاعری کا بریلی کے قصبات میں بھی زور بندھا۔ امرا اور زمینداروں نے اپنے اپنے قصبات میں شعرا کی سرپرستی کی اور مشاعرے منعقد کیے۔ اس کے علاوہ بریلی کے ملازمین سرکار جب تبادلے پر تحصیل قصبات میں گئے تو ان میں جو شاعر تھے انھوں نے وہاں سخن سنجی کی اور تلامذہ تیار کیے۔ آنولہ، فرید پور، بہیڑی، رچھا اور مَوی قاضیان وغیرہ میں شعرو شاعری نے فروغ پایا۔ گلدستۂ نہال سخن بریلی جس کا تعلق بیسویں صدی عیسوی کی دوسری دہائی سے ہے اس معنی میں تاریخی حیثیت کا حامل ہے کہ اس میں جتنا شعرائے بریلی کا کلام چھپا وہ ان کے دواوین کی عدم موجودگی میں بہت کام آیا ورنہ اس عہد کے شعرا کے اسما تو معلوم ہوتے کلام نہیں ملتا۔ قاضی محمد خلیل حیراں نے ۵، ۶ رنومبر ۱۹۱۱ء کو اپنے مکان واقع پل قاضی بریلی پر کل ہند مشاعرہ کرایا جس کی کامیابی نے بریلی میں شعرو شاعری کی اشاعت کی۔ مختصر یہ کہ اس زمانے میں بریلی میں شعرو شاعری کی بدستور گرم بازاری تھی اور اساتذہ اپنے اپنے رنگ تغزل کو فروغ دینے میں کوشاں تھے۔

بیسویں صدی کے پہلے ربع میں انگریزی تعلیم کا رواج بڑھا اور انگریزی تعلیم یافتہ طبقہ سرکاری ملازمتوں سے منسلک ہوا۔ اس طبقے کے فروغ کے ساتھ متوسط طبقے نے ترقی کی۔ زیادہ تر شاعر

سرکاری ملازم، تجارت پیشہ، ہنرمند اور چھوٹے مال گزار تھے۔ جنگ عظیم اوّل نے اور اردو و انگریزی کے اخبارات نے تعلیم یافتہ طبقے کو ملکی اور بین الاقوامی معاملات سے آگاہ کیا۔ گاندھی جی کی ہندوستان میں آمد سے کانگریس پارٹی میں زور بندھا اور آزادی وطن کی تحریک میں تیزی آئی۔ سرسید احمد خاں کی تعلیمی تحریک کا بھی مثبت اثر ہوا۔ بریلی میں ۱۹۰۶ء اور ۱۹۰۹ء میں سر آغا خاں اور صاحبزادہ آفتاب احمد خاں کی قیادت میں تعلیمی مشن آیا۔ اسکول قائم ہوا جو اس وقت اسلامیہ انٹر کالج بریلی ہے۔ بریلی کے ہی ایک مؤرخ اور ماہر تعلیم سید الطاف علی بریلوی (م ۱۹۸۶ء) نے تعلیم نسواں کے لیے لڑکیوں کا اسکول قائم کیا جو اس وقت اسلامیہ گرلس انٹر کالج ہے۔ ان کے علاوہ آریہ سماج بریلی نے سرسوتی ودیالہ اور عیسائی پادریوں نے مشن اسکول کھولے۔ میدانِ سیاست میں کرانت کاری دامودر سروپ سیٹھ نے ہارڈنگ بم کیس (۱۹۱۱ء)، بنارس سازش کیس، عدم تعاون تحریک، کاکوری سازش کیس (۱۹۲۶ء)، نمک آندولن، ہندوستان چھوڑو آندولن میں حصہ لیا اور مجموعی طور پر لگ بھگ سترہ برس قید بامشقت میں گذارے۔ مولوی عبدالودود درد سہسوانی (م ۱۹۲۹ء) ماہر تعلیم اور نیشنلسٹ تھا۔ مذکورہ بالا اسلامیہ انٹر کالج اور اسلامیہ گرلس انٹر کالج کی تاسیس میں اس کا بھی ہاتھ تھا۔ اسلامیہ گرلس اسکول بریلی اس کی کوٹھی ''رین بسیرا'' میں ہی قائم ہوا۔ مولوی عبدالودود درد آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا ممبر تھا۔ اس نے بریلی میں کانگریس پارٹی کی تنظیم کی۔ اس نے خلافت اور تحریک عدم تعاون کے زمانے (۲۰-۱۹۲۱ء) میں اٹھارہ ماہ جیل میں قید بامشقت میں گزارے۔ ایسا نہیں تھا کہ اس عہد کے غزل گویانِ بریلی انگریز کے استبداد، محبانِ وطن کی مظلومیت، ملک کی اقتصادی بدحالی اور عدم مساوات و انصاف سے ناواقف تھے اور ان کے دل پر چوٹ نہیں لگتی تھی۔ دراصل طبقۂ بالا حکومت نواز تھا، طبقہ متوسط کو روزی روٹی عزیز تھی جس کی وجہ سے وہ لب کشائی سے قاصر تھا۔ نچلا طبقہ اپنے نصیب پر قناعت کر چکا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ شعرائے بریلی کی اتنی بڑی بھیڑ میں غزل اپنے روایتی مضامین پر قائم رہی۔ خود مولوی عبدالودود درد نے غزل کو منھ نہیں لگایا۔ پریم شنکر شمر جس نے ۱۹۱۹ء میں گاندھی جی کی قیادت قبول کی، ۱۹۲۰ء میں پوسٹ آفس کی ملازمت سے استعفیٰ دیا۔ ۱۹۲۲ء، ۱۹۳۰ء اور ۱۹۳۱ء میں تین بار جیل گیا۔ اس نے بھی اپنی غزل میں روایتی مضامین قلم بند کیے۔ البتہ عبدالودود درد کی نظموں میں عصری بصیرت ملتی

ہے۔اس نے سیاست، اصلاح معاشرہ اور نیچر پر نظمیں تحریر کیں جو اس کے مطبوعہ مجموعہ کلام مسمّٰی 'درد و انبساط' میں شامل ہیں۔ اشاعت منظومات خود اپنی جگہ اہم بات تھی۔ بریلی کی شاعری میں منظومات کی کمی محسوس کی جا رہی تھی۔ درد کے علاوہ شیام موہن لال جگر بریلوی کی نظم ''پپیہا اور پی کہاں''، شائع ہوئی۔ اشفاق حسین صدیقی کی نظم ''کویلیا''، اور سجاد حسین ناطق کی نظم ''نینی تال''، منظر عام پر آئیں۔ بریلی میں نظم نگاروں کا پیدا ہونا مبارک و مسعود تھا۔ عشقیہ شاعری کے ساتھ رومانٹک مشاعروں کا آغاز ہوا جس میں عصری شعور کی نمو موجود تھی۔

بیسویں صدی عیسوی کے ربع اوّل کے نعت گویانِ بریلی میں اہم ترین شاعر جمیل الرحمٰن خاں جمیل (م ۱۹۲۵ء) تلمیذ حسن رضا خاں حسن تھا۔ اس نے صرف نعتیہ شاعری کی۔ اس کا مجموعہ کلام نعت مسمّٰی 'قبالۂ بخشش' ۱۹۲۱ء میں شائع ہوا۔ اس کی نعتوں میں وہی مٹھاس، گھلاوٹ اور والہانہ پن ہے جو اس کے استاذ کے نعتیہ کلام کے اوصاف ہیں۔ اس کی دو نعتیں بہت مشہور اور مقبول ہوئیں جن کے مطالع مندرجہ ذیل ہیں :

وہ حسن ہے اے سید ابرار تمہارا　　اللہ بھی ہے طالب دیدار تمہارا

حمد ہے اس ذات کی جس نے مسلماں کر دیا　　عشق سلطانِ جہاں سینے میں پنہاں کر دیا

اس زمانے میں قصیدہ نگاری ختم سی ہو گئی۔ اکبر حسین صولت (م ۱۹۱۳ء) کا ایک نعتیہ غیر مطبوعہ قصیدہ مسمّٰی 'خزینۃ البرکات' ضرور ہم دست ہوا جو راقم الحروف نے ماہنامہ قومی زبان کراچی بابت نومبر ۱۹۶۶ء میں شائع کرا دیا تھا۔ یہ قصیدہ محسن کاکوروی کی نظم دل افروز (۱۹۰۱ء) کی زمین میں ہے۔ اس کا مطلع ہے :

رواں ہے آبِ گوہر قلزم طبع سخنور میں
کہ لہریں لے رہے ہیں ہفت قلزم آبِ گوہر میں

اس دور میں واسوخت اور مراثی نہیں ملے۔ مراثی کی جگہ حسب روایت ذکر شہادتین اور امام حسینؑ کی مدح میں مناقب ملتے ہیں۔

حسن اتفاق کہ اس زمانے میں ایک ریختی گو محمد محسن نظر پڑا۔ ریختی میں اس کا تخلص عنقا بیگم تھا۔ اس کا مجموعۂ ریختی مسمّٰی 'رنگیلی بیگم' ۱۹۱۴ء میں شائع ہوا۔ اس کا ایک شعر ریختی مندرجہ ذیل ہے :

پھرتا ہے موا پیچھے مرے سایہ کی صورت　　　درگاہ گئی واں بھی نگوڑا نظر آیا

اُس زمانے میں مثنوی نگاری کا چلن بھی کم ہوگیا۔ حسن رضا خاں حسن نے تین نعتیہ مثنویات تحریر کیں جن کے نام ہیں مثنوی وسائل بخشش، ذکر ولادت شریف، ایک نا تمام مثنوی۔ ان میں چھ سو دو اشعار پر مشتمل مثنوی وسائل بخشش صنفی خصوصیات کی حامل ہے۔ یہ مثنویاں حسن کے نعتیہ کلام مسمّٰی 'ذوق نعت' کے ساتھ ۱۹۰۷ء میں شائع ہوئیں۔

دوسرا مثنوی نگار علی احمد خاں اسیر (م ۱۹۲۷ء) تھا۔ اس سے دو مطبوعہ مثنویاں مسمّٰی 'شیریں خسرو' اور 'تجلی وصال' منسوب ہیں۔

عجب اتفاق ہے کہ اُس زمانے میں ہزل گویان منظر عام پر آئے اور بہت مقبول ہوئے۔ صورت کچھ ایسی تھی کہ اساتذۂ بریلی نے اپنے اپنے ہزل گو تیار کیے تھے۔ حسؔن نے شجاعت علی خندہ کو عبدالصمد سرشاؔر نے ایک سقّہ کو جس کا تخلص فلفل تھا اور قیصر نے نیاز اللہ خاں ظریف کو یہ ہزل گو مشاعروں میں اپنا طرحی کلام سناتے تھے، ان میں خندہ کی ہزلیات کے چند اوراق شائع بھی ہوئے۔ فلفل کا نام اور ہزلیات کالعدم ہوگئیں۔ ظریف کی ہزلیات اس عہد کے گلدستوں میں ملتی ہیں لیکن ان میں بد مذاقی اور سوقیت زیادہ ہے۔ البتہ جس ہزل گو اور ہجو نگار نے با مقصد شاعری کی اور شہرت پائی وہ محمد علی خاں ابلیس (م ۱۹۵۳ء) تھا۔ اس نے تحریک خلافت کے زمانے میں شاعری کا آغاز کیا۔ اس نے انگریز نواز امرا، شکم پرور پیران طریقت اور علماے بریلی کے خلاف قلم اٹھایا۔ اس کی مطبوعہ مثنوی مسمّٰی خواب عبرت اور غیر مطبوعہ 'ٹامی نامہ' نے شہرت پائی۔ خواب عبرت کا نشانہ علماے بریلی بنے۔ ٹامی نامہ میں کتوں کی تین سو اقسام بیان کرنے کے بعد انگریز نواز عمائد شہر سے یہ پوچھا گیا ہے کہ ان کا تعلق کس قسم کے کتے سے ہے۔ اس کی ایک ہزل جس کا مطلع ہے :

او خلیلِ بے حیا، آخ تھو تری اوقات پر
او ٹکیلے بے حیا، آخ تھو تری اوقات پر

[ایک قوم پرست رہنما جن کو انگریزوں نے حکومت کی مخالفت کے سلسلے میں ۶ ماہ کی سزا دی تھی۔ انھوں نے معافی مانگ لی اور قید سے رہا ہوگئے۔ وہ اب حیات نہیں ہیں۔ نام کو حذف کرنا ہی مناسب معلوم ہوتا ہے۔]

بہت مشہور ہوئی۔ اس وقت یہی کہا جاسکتا ہے کہ مذکورۂ بالا ہزل گویان کے دم سے شہر میں رونق سخن بڑھی۔ اس زمانے میں اعتمادالدین احمد عرش (م ۱۹۲۹ء) تلمیذ محو نے رباعیاں لکھیں جو دراصل اس کی جوانی اور نامرادی کا نوحہ ہیں۔ اس کے رباعیات کا انتخاب ۱۹۳۸ء میں شائع ہوا۔

بیسوی صدی عیسوی کے ربع ثانی میں بین الاقوامی سطح پر جمہوریت، مارکسزم، نازم اور فاشزم کا شیوع اور باہمی ٹکراؤ، ایٹمی توانائی کی دریافت، مہلک ہتھیاروں کی ایجاد، علوم عقلی کا پھیلاؤ، نئے علوم ونظریات کی تشکیل، ٹیکنالوجی کی ترقی اور جنگ عظیم دوم وغیرہ ایسے اہم معاملات تھے جن کا اثر سارے عالم نے قبول کیا۔ ابلاغ کے ذرائع بڑھے، رسائل اور اخبارات کی تعداد بڑھی، ریڈیو ایجاد ہوا جن سے مسائل کے متعلق واقفیت میں اضافہ ہوا۔ غلام مما لک میں تحریک آزادی میں شدت پیدا ہوئی۔ ہندوستان میں بھی تحریک آزادی تیز تر ہوئی۔ ان امور کا ادب نے اثر قبول کیا۔ قومی ادب کی تشکیل ہوئی۔ شعرا پر مقدمات دائر ہوئے۔ انہیں جیل بھیجا گیا۔ ان کی نظمیں ضبط ہوئیں۔ مطابع سے بھاری ضمانتیں طلب کی گئیں۔ قومی شاعری کے علاوہ رومانٹک شاعری وجود میں آئی۔ اردو شاعری کے شہری ماحول میں دیہات کا رنگ شامل ہوا۔ معاشرتی اصلاح بھی زبانِ قلم پر آئی۔ ہیئت کے تجربے بھی ہوئے۔ نظم معرا، سانٹ وغیرہ اختیار کیے گئے۔ پورے ہندوستان کی طرح یہ سب کچھ بریلی میں بھی ہوا۔

اس وقت بریلی میں دو طرح کے غزل گو تھے۔ ایک قسم ان غزل گویان کی تھی جو مروجہ تغزل میں ندرت وجدت پیدا کرنا چاہتے تھے۔ دوسری قسم کے وہ غزل گویان تھے جو عصری حالات کے دباؤ میں ان محسوسات کو بھی نظم کرتے جن کا تعلق سیاسی ومعاشرتی معاملات سے تھا۔

بیسویں صدی عیسوی کے ربع ثانی میں بریلی کے محتشم غزل گویان کے اسمایہ ہیں:

سید ہادی علی رواں (م ۱۹۳۳ء)، محمد فاضل عبقری (م ۱۹۳۹ء)، دوارکا پرشاد حلم (م ۱۹۴۰ء)، سردار احمد خاں ناظم (ر ۱۹۴۵ء)، رام بہادر لال جویا (م ۱۹۴۹ء) اور سعادت یار بیگ معجز (م ۱۹۵۰ء)۔ ایسے شعرا جو قومی سیاست سے منسلک تھے اور جن کے اشعار غزل میں ان کا درد بلا ارادہ داخل ہوا یا جو غزل کو حسب روایت لکھتے رہے اور قومی خیالات کا اظہار قومی نظموں میں کیا ان کے اسمایہ ہیں: نندلال گپتا کیفی (۱۹۵۶ء)، ڈاکٹر سعید احمد سعید (م ۱۹۵۷ء) اور پریم شنکر ثمر جو

شاید ۱۹۷۰ء اور ۱۹۸۰ء کے مابین فوت ہوا۔

سید ہادی علی رواں ابن مولوی قاسم علی خواہاں عربی فارسی اور انگریزی میں مہارت رکھتا تھا۔ شعروشاعری اس کا ورثۂ خاندانی تھا۔ صاحب دیوان تھا۔ اس کی غزل میں بوجہ داخلی حسیت اور رمزیت وقار ومتانت کا خاصہ ہے۔ اس کی غزلیات میں مطلع تا مقطع ایک ہی فضا ملتی ہے جو اس کی فکر مربوط کا ثبوت ہے۔ اس اعتبار سے وہ اپنے معاصرین شعرائے بریلی میں منفرد نظر آتا ہے۔ اس کے طرزِ غزل کا اندازہ مندرجہ ذیل اشعار سے ہوسکتا ہے :

دل مرحوم افسانہ ہے گو، ہر ایک عالم میں
مری مرگِ جوانی کا کہاں ماتم نہیں ہوتا

گھر میں بیٹھے ہوئے دنیا کی خبر رکھتے ہیں
اللہ اللہ یہ نظر، اہل نظر رکھتے ہیں

ابھی تو ہوش سے باہر ہیں مشتاقِ جمال ان کے
جو اٹھ جائیں حجابِ درمیاں، برپا قیامت ہو

اب ڈھونڈتا ہے صحبت یارانِ ہم نشیں
وہ دل کہ وجہ برہمیِ انجمن ہوا

تقسیم جام وخُم میں ہے ساقی کا کیا قصور
خود اپنا اپنا ظرف ہے، بیشی کمی کی بات

پہلے تو ہم زبان میں پیدا اثر کریں
پھر آرزو کو وقف دعاے سحر کریں

رواؔں پتا یہ چلا انتہاے منزل پر
کہ اب یہاں سے چلوں تیری جستجو کے لیے

اللہ اللہ یہ ہے نسبت طاعت اپنی
ہم نے مجبوریوں کا نام خدا رکھا ہے

رواں حاصل ہے فخر خاندانی
ہے اقلیم سخن جاگیر اپنی

محمد فاضل عبقری کا زیادہ وقت کلکتہ اور جبل پور میں گذرا جس کی وجہ سے اس پر اساتذۂ بریلی کے اثرات نہیں پڑے۔اس کی غزلیات میں جوش وولولہ اور شوکت الفاظ و بیان کا خاصہ ہے، جو بالعموم غزلیات میں نہیں ملتا۔اس کے اعصاب پر ملت کی زبوں حالی سوار تھی۔اسی وجہ سے اس کے اشعارِ غزل میں اخلاقیات کے مضامین اور طنز کا عنصر ملتا ہے جن کی موجودگی میں اُس کی غزل علیحدہ پہچانی جاسکتی ہے۔مثلاً :

حق حق پکار، دورِ انا الحق گذر گیا　　جوشِ جنوں کو رہنے دے دار و رسن سے دور

رندوں میں اور شیخ میں اللہ رے امتیاز!　　دنیا فروش یہ ہیں وہ عقبیٰ فروش ہے

بزمِ عالم میں وہ ہم رندِ شکستہ دل ہیں　　مے بھی پیتے ہیں،تو ٹوٹے ہوئے پیمانوں سے

دوارکا پرشاد حلم تلمیذ حسن رضا خاں حسن نے ایک ایسے دورِ شاعری میں جب کہ بریلی سے زلف و کمر اور واقعات و محاکات پر مبنی تغزل رخصت ہو رہا تھا، داغ کے طرزِ سخن کی تقلید و توسیع کی اور وہ اسی رنگ تغزل میں مشہور رہا۔اس کی وفات کے بعد یہ طرزِ سخن بھی بریلی سے رخصت ہو گیا۔اس کے دو اشعار مندرجہ ذیل ہیں :

یہ مانا دید کے قابل کسی کی بزم رنگیں ہے　　مگر اے دل، وہاں اپنا تو مشکل ہے گذر ہونا

کسی نے شرم سے گردن جھکالی　　جو ہم نے تذکرہ چھیڑا کہیں کا

سردار احمد خاں ناظم تلمیذ مفتی عماد الحسن محو ایک فطری غزل گو تھا۔اس نے اپنی غزل میں اپنے احساس نامرادی کو اتنا ابھارا کہ وہ پورے شہر کا الم معلوم ہونے لگا۔اس نے مدت العمر غم کا کفن اپنے زندہ جسم پر ڈالے رکھا۔البتہ اس نے جس سلیقے سے غزل گوئی کی اس کا جواب نہیں۔شدت احساس اور جذباتِ الم کی لہو رنگ شاعری جس میں موت کا سکوت اور قیامت کی ہولناکی شامل تھی اپنے رنگ سخن میں کم سے کم بریلی میں منفرد اور بے مثال ہے۔اس کے تغزل کا مندرجہ ذیل اشعار سے اندازہ کیا جاسکتا ہے :

کیا کہوں میں اپنی اس پھوٹی ہوئی تقدیر کو مَے کا ساغر بھی دیا ساقی نے تو ٹوٹا ہوا

دنیا کی نصیحت سے تنگ آ کے یہ کہتا ہوں دنیا کے عذابوں سے عقبیٰ کا عذاب اولیٰ

احباب نے بھی چھوڑ دیا بیکسی میں ساتھ اپنا شریک حال فقط ایک غم ہوا

ہم نے مزے اٹھائے کچھ بھی نہ زندگی کے روتے کٹے ہیں وہ بھی جو دن کہ تھے ہنسی کے

عمر اپنی کٹی مصیبت میں عیش سے دو گھڑی بسر نہ ہوئی

چاہا کہ میسر ہو سامان طرب ناظم ہرگز یہ نہیں ممکن، یہ شہر بریلی ہے

شعر کہنا اب نہیں ہے حظ اٹھانے کے لیے کہہ لیا کرتے ہیں کچھ رونے رلانے کے لیے

ناظم، مفتیان بریلی کے طرزِ سخن کا پابند تھا جو بالطبع غم والم کی شاعری کے دلدادہ نہیں تھے۔ چنانچہ ناظم نے مفتیان کے زیر اثر اور ان کے مشاعروں میں پڑھنے کے لیے جو غزلیات تحریر کیں ان کا اسلوب سخن مندرجہ ذیل تھا اور حقیقت یہ ہے کہ خوب تھا :

اس دن کو موت آئے جو وہ بے قرار ہو ہے ہے خدا نہ کردہ جو نالے اثر کریں

بندہ نواز، آپ نہ دیکھیں اٹھا کے آنکھ دنیا کا راز آپ کی نیچی نظر میں ہے

اپنا یہی شراب کی نسبت خیال ہے عقبیٰ میں جب حلال ہے، اب بھی حلال ہے

کھلے بندوں ملو بے باک ہو کر حیا کے ساتھ ملنے میں مزا کیا

آنکھ کس کس سے سرِ بزم لڑائی نہ گئی　　اِس حیا پر ترے دیدے کی صفائی نہ گئی

رام بہادر لال جویا کے سینے میں قومی درد تھا جس کا اظہار اس کی نظموں میں ہوا۔ اس کی غزلیات میں فکری سنجیدگی ملتی ہے جو عشقیہ شاعری کی مروجہ ایمائیت سے گریز کی علامت بنی۔ مثلاً :

آخر اس کشمکش عذر میں ٹوٹا تو کوئی　　دل مضطر ہی سہی، آپ کا پیماں نہ سہی

زمیں پر جب پڑا سایہ تو ہر سایہ برابر ہے　　امیروں کے دوشالے کا ہو یا مفلس کے کمبل کا

رام بہادر لال جویا کے ہندو تلامذہ کثرت سے تھے جن کی وجہ سے ہندوؤں میں غزل کی مقبولیت بڑھی۔

مرزا سعادت یار بیگ معجز خلف مرزا رستم یار بیگ قیصر اپنے خاندان کا بہترین غزل گو تھا۔ اس کے اشعار میں ذہانت، شوخی اور اخلاقی اقدار سے آگہی ملتی ہے۔ اس کو مضمون طرازی اور تخیل آرائی سے بھی دلچسپی تھی۔ اس کی زبانِ شعر سوقیت و خارجیت سے عاری، بے عیب، ذہانت سے لبریز اور شوخ ہے۔ اس کے اندازِ سخن کا اندازہ مندرجۂ ذیل اشعار سے ہوسکتا ہے :

جب چاہا باغِ حسن سے کچھ پھول چن لیے　　خالی کبھی نگاہ کا داماں نہیں رہا

نہیں اچھا کسی کا دل دُکھانا　　لرز جاتا ہے اس سے آسماں تک

ڈھانپ کر منھ کو دوپٹے سے وہ بولے شب وصل　　اسی پردے سے عیاں صبح قیامت ہوگی

وہ بے حجاب ہوں نہ ہوں، ہے ایک سا مجھے　　اتنی امید تو نگہِ پردہ در سے ہے

دامِ گیسو سے حسینوں کے بچانا اللہ　　دست فریاد کو ہم طوقِ گلو کرتے ہیں

مرحلہ عشق کا بس عشق سے طے ہوتا ہے　　یہ وہ منزل ہے کہ خود راہ نما ہوتی ہے

انداز ہیں یکساں فقرا و شعرا کے　　　منزل پہ پہنچ جاتے ہیں یہ سر کو جھکا کے

معجز کے ساتھ ہی فکر آمیز شوخ تکلم کی روایت بھی ختم ہوگئی۔

نندلال گپتا کیفی تلمیذ شفیع احمد عیش قوم پرست، محبت وطن اور کانگریسی تھا۔ اس کا اپنا شنگل پریس تھا جس میں انگریزوں کے خلاف لٹریچر بھی طبع ہوتا تھا۔ اس کا گلدستۂ ترانۂ وطن اسی پریس سے شائع ہو کر ضبط ہوا۔ اس نے غزل کو روایتی ڈھنگ پر لکھا لیکن قوم پرستانہ خیالات کا اظہار کرتے وقت اس نے غزل کی ہیئت استعمال کرنے کے باوجود غزل کی لفظیت اور ایمائیت سے حذر کیا۔ مثلاً :

ستم ہم پہ، یہ کیا کیا بانیِ بیداد کرتے ہیں
کہ نامی لیڈروں سے جیل کو آباد کرتے ہیں

اگر تحریک آزادی کی اُن غزلیات کو دیکھا جائے جو ضبط ہوئیں تو ان کا طرز ایسا ہی ہے۔ ان غزلیات کا انداز اشتہاری تھا اور ان کا مقصد عام لوگوں میں روحِ آزادی کو پھیلانا تھا۔ تغزل غایت و مقصد نہیں تھا۔

ڈاکٹر سعید احمد سعید باعتبار پیشہ فزیشین اور سرجن تھا۔ اس نے جنگ عظیم اوّل میں فرانس میں فوجی خدمت انجام دی۔ بعد جنگ دہلی پہنچا اور علی برادران، حکیم اجمل خاں، آصف علی اور ڈاکٹر انصاری کے ساتھ آزادی کی تحریک میں شامل ہوگیا۔ فوجی ملازمت پر جانے سے پہلے مولوی قاسم علی خواہاں کا شاگرد ہوا۔ اس کا زیادہ وقت قرول باغ دہلی میں گزارا۔ ۱۹۴۸ء میں بریلی آیا۔ صاف ستھری زبان میں غزلیں لکھتا جن میں روایتی عاشقانہ مضامین بہت کم ہوتے تھے۔ اس کی غزلیات بریلی کے اعلیٰ تعلیم یافتہ طبقے میں مقبول تھیں۔ جو لوگ اس کی سیاسی زندگی سے واقف تھے اس کی غزل کی رمزیت کو سمجھ کر داد دیتے تھے۔ اس کی بیاض شاعری ہم دست نہیں ہوئی۔

پریم شنکر ثمر ۱۹۱۹ء سے مرتے وقت تک کانگریسی رہا۔ پوری زندگی مصائب میں گزاری۔ تین بار جیل گیا اور آزادیٔ وطن کے بعد بھی صبر و قناعت کے ساتھ زندگی گزاری۔ اس نے بھی غزل کو غزل ہی سمجھا اور مروجہ اسلوب میں غزل گوئی کی لیکن اس کے مصائب اور نامرادی کا کرب اس کے اشعار میں محسوس ہوتا ہے۔ مثلاً :

کس سے کہیں سنائیں کسے، حال دل ثمر
ہم بیکسوں کا کوئی بھی پرساں نہیں رہا

زیست کے پردے میں سنتے ہیں فسانہ موت کا
اے ثمر، اس ابتدا میں انتہا موجود ہے

اس نے دنیا کی داد و بے داد سے چشم پوشی کر کے الگ تھلک زندگی گزار دی۔ اس کے کمال سخن گوئی میں کوئی شبہ نہیں۔

بریلی میں بیسویں صدی عیسوی کے ربع ثانی میں نظم نگاری نے مستقل حیثیت اختیار کی۔ نظمیات کے چار موضوعات تھے (۱) قومی و اصلاحی (۲) رومانٹک (۳) طنزیہ (۴) بچوں کے لیے۔

قومی نظموں کے بیشتر عنوانات کا تعلق قومی لیڈروں سے تھا جن کے کارہائے نمایاں کے ذریعہ جوش و ولولہ پیدا کیا جاتا۔ یہ نظمیں قومی اخبارات میں شائع ہوتی تھیں۔ ایسے نظم نگاروں میں رام بہادر لال جویا، ڈاکٹر سعید احمد، نندلال گپتا کیفی اور پریم چند شنکر ثمر مشہور ہوئے۔ اصلاحی منظومات محمد فاضل عبقری اور تبارک علی عبرت صدیقی نے تحریر کیں۔ عبقری نے حالی کا اور عبرت نے اقبال کا اثر قبول کیا۔ اول الذکر چاروں شعرا کی نظمیں شائع نہیں ہوئیں۔ عبقری کی نظمیں اس کے مطبوعہ دیوان میں شامل ہیں۔ صورِ قیامت ۱۹۳۸ء میں شائع ہوئی۔ عبرت صور قیامت کی اشاعت کے بعد باون برس زندہ رہا لیکن اس نے زلف غزل کو ہی بہ صد شوق سنوارا اور نظم نگاری کو منھ نہیں لگایا۔ اصلاحی نظموں کے سلسلے میں شیام موہن لال جگر بریلوی (م ۱۹۷۶ء) کے ایک سو چھبیس بندوں پر مشتمل کائستھ درپن کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا جس کی طباعت کی نوبت ۱۹۵۳ء میں آئی۔ کائستھ درپن حالی کے مسدس مدوجزرِ اسلام کے فریم میں ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ حالی کا مخاطب مسلمان ہے اور جگر بریلوی کا کائستھ۔

رومانٹک نظموں کا کینوس قومی و اصلاحی نظموں کے کینوس سے بڑا تھا۔ رومانٹک نظموں میں ہر موضوع کی سمائی تھی۔ نظم نگار کو اپنے احساس، جذبے اور تخیل کو نظم کرنے کی آزادی تھی۔ رومانٹک شاعروں نے جمالیات کا نیا باب کھولا۔ نمونے کے لیے انگریزی زبان کے شعرا کی نظمیں اور خود

اردو میں جوش ملیح آبادی جیسا شعلہ و شبنم شاعر موجود تھا۔ رام بہادر لال جویا نے نظمیں لکھیں جن کو اس کے شاگرد سیوتی پرشاد صہبائی بدایونی نے مرتب کر کے شائع کرانا چاہا لیکن صہبائی کی موت کی وجہ سے یہ کام نہیں ہوسکا۔ مسودہ بھی ناپید ہو گیا۔ شیام موہن لال جگر بریلوی نے ''نور و سرور'' کے نام سے اپنی نظموں کو مرتب کیا جو ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔ تجمل حسین اختر نے اپنی رومانٹک نظمیں بعنوان ''آگ پانی'' مرتب کیں جو اس زمانے کے طرزِ نظم گوئی کے مطابق روماں پرور ہیں۔ مثلاً اس کی مشہور نظم ''رام گنگا'' کے مندرجہ ذیل اشعار جوش ملیح آبادی کی نظم ''جنگل کی رانی'' کی یاد دلاتے ہیں:

خورشید نہ چمکا تھا مگر ماند تھے تارے ‏‏‏‏‏‏ اک ماہ رو وارد ہوئی گنگا کے کنارے
کاکل میں لیے شام اودھ کی سی سیاہی ‏‏‏‏‏‏ عارض میں لیے صبح بنارس کے نظارے
بالوں سے وہ پانی کے ڈھلکتے ہوئے موتی ‏‏‏‏‏‏ جیسے کہ سمندر میں گریں ٹوٹ کے تارے
معصوم جوانی میں بھری، حسن سے معمور ‏‏‏‏‏‏ نظروں کو جھکائے ہوئے سینے کو اُبھارے

بلقیس جمال جمالہ کی نظموں کے دو مجموعے شائع ہوئے جن کے نام ہیں آئینہ جمال اور قوسِ قزح۔ جمالہ جوانی میں بیوہ ہوئی۔ اس کو اپنے شوہر سے بہت محبت تھی۔ شوہر کی وفات سے اس پر جنون طاری ہو گیا۔ وہ تمام عمر اپنے شوہر کو تلاش کرتی رہی جو نہیں تھا۔ بقول اس کے :

نہیں ہے جو اسی کو ڈھونڈتی ہوں
جمالہ اس جنوں سے فائدہ کیا

اس کا شوہر سے جدائی کا غم اس کی نظموں میں اُبھرتا رہا، چاہیں وہ نظمیں کسی بھی موضوع پر ہوں، مثلاً نظم پروانہ کا مندرجہ ذیل بند اس کے ہی غم کا عکاس ہے :

فزوں ہے سوزشِ جگر ‏‏‏‏‏‏ دہک رہے ہیں بال و پر
نظر اٹھا، اٹھا نظر ‏‏‏‏‏‏ ہے شمع تیری منتظر
لگی ہے آگ سر بسر
سلام ! عمر مختصر

جمالہ کی نظمیں جذباتی اور رواں دواں ہیں۔

جمالہ کی بڑی بہن سپہر آرا پنہاں جس کا رابعہ تخلص بھی تھا (م ۱۹۸۰ء) اصلاً فارسی گو تھی۔ اس کی

رومانتک نظموں میں حسن الفاظ اور بندش الفاظ کے چمکدار نگینے ملتے ہیں۔ تخیل طرازی بھی کمال پر ہے۔ اس کی نظم ''شب ماہ'' کے چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں :

ہے بساطِ سبزۂ رنگیں جوابِ آسماں ۔۔۔ سرد اور شفاف قطرے ہیں گلوں پر در چکاں
نازنیں پودوں کی شاخیں بے خبر سی محوِ خواب ۔۔۔ جھک گئی ہے نیند سے نرگس کی چشم سیم تاب
ہے ردائے نور میں ملفوف نظم کائنات ۔۔۔ ایک سنجیدہ سکوں میں غرق بزم شش جہات
غرق بحر نور میں ہے دامن بزم فلک ۔۔۔ پڑ گئی پھیکی کواکب کی ضیا افشاں جھلک
چشم نازاں کا تموج نازش تنویر ہے ۔۔۔ خندۂ لب ہائے رنگیں، کیف کی تفسیر ہے

پنہاں اور جمالہ کی نظمیں ماہانہ نیرنگ خیال وغیرہ میں بھی شائع ہوتی تھیں۔

اشفاق علی خاں شائق نے انگریزی اور ہندی ادب سے استفادہ کیا۔ اس نے سانٹ اور گیت لکھے جو صدیق بک ڈپو لکھنؤ نے شائع کیے۔ وہ بریلی کا پہلا سانٹ اور گیت نگار رہے۔

تجمل حسین اختر جہاں رومانتک نظم نگار تھا وہاں ایک ناراض نوجوان بھی جس نے طنزیہ نظمیں لکھیں جو اس کے مطبوعہ مجموعہ نظمیات مسمّٰی 'پس پردہ' میں شامل ہیں۔ اس کی نظموں کا موضوع میونسپل بورڈ، بریلی کی سڑکیں، بریلی کے مشاعرے، بریلی کے شعرا وغیرہ ہیں۔ یہ منظومات اس وجہ سے بھی اہم ہیں کہ ان کے ذریعہ ۱۹۴۰ء اور ۱۹۴۷ء کے مابین بریلی کی جو شہری حالت تھی، وہ سامنے آجاتی ہے۔ اس نے نظم ''بادۂ تلخ'' میں شعرائے بریلی کے متعلق تحریر کیا :

اس علم خیز شہر میں شاعر ہیں بے شمار ۔۔۔ مغرور، یاوہ گو، سخن آزاد، ہرزہ کار
فن سے غرض نہ علم سے زنہار بہرہ ور ۔۔۔ کم عقل، بد دماغ، غلط فہم و بے ہنر
عمریں گذر گئی ہیں سخن کے مذاق میں ۔۔۔ لیکن پڑے ہوئے ہیں ابھی تک فراق میں

اس نے اساتذۂ فن کے متعلق لکھا ہے :

استاد بن گیا ہے ہر اک حرف آشنا ۔۔۔ خود بیں وخود پرست وخود آرا وخودستا
جدت سے ہیں نفور تو تقلید کے ہیں مرد ۔۔۔ بازار شاعری کا ہوا، ان کے دم سے سرد
علامہ بن گیا ہے کوئی جاہل زماں ۔۔۔ ہوتا ہے جس کو دیکھ کر شیطان کا گماں
استاد ہے ہر ایک، ہر اک ہے مہا کوی ۔۔۔ جی چاہتا ہے خود کو نہ لکھوں بریلوی

اس نے مشاعروں کے متعلق تحریر کیا :

اس پست ذہنیت کے ہوں شاعر جہاں ہزار
کس طرح ہوں مشاعرے اس جا ستودہ کار

داد اس ادا سے دیتے ہیں محفل کے ژاژ خائے
جیسے کہ کرب میں کوئی کرتا ہے ہائے ہائے

آوازے خوب کستے ہیں مسند نشین پر
چلاتے اور چیختے رہتے ہیں رات بھر

چلتی ہیں لاٹھیاں بھی یہاں بات بات پر
حملے یہاں بھی ہوتے ہیں ذات وصفات پر

القصہ ہے رذیلوں کا میلہ مشاعرہ
اس شہر میں ہے ایک جھمیلہ مشاعرہ

اس وقت شعرا کی بھیڑ اور مشاعروں کی کثرت میں دو ایک مشاعروں کی خفیف الحرکاتی اور دو چار مشاعروں میں لاٹھی بازی فن شریف کے خلاف ہونے کے باوجود ناممکن نہیں تھی۔ ابھی ان مشاعروں کے شرکا زندہ ہیں۔ ان مشاعروں میں چوری کی غزل پڑھنے والوں (جنھیں ''عیدی خواں'' کہا جاتا تھا) کی دُرگت بنتی تھی (جس کو ''عرس'' کہا جاتا تھا)۔ کئی عیدی خوانوں کے یادگار عرس ہوئے اور مشاعرے میں لاٹھی بھی چلی۔ حیف وہ بھی ایک دور تھا جو گذر گیا۔

اس ربع میں بچوں کے لیے بھی منظومات لکھی گئیں۔ اس طرف ڈاکٹر سعید احمد سعید نے بطور خاص توجہ دی۔ ان کی نظمیں ماہنامہ پیام تعلیم اور پھول وغیرہ میں شائع ہوتی تھیں۔ شیام موہن لال جگر نے بھی چالیس صفحات پر مشتمل ایک مجموعۂ نظمیات مسمّٰی 'کلیاں' مرتب کیا۔

اس زمانے میں کل ہند سطح پر قطعہ نگاری کو عروج ملا اور اختر انصاری جیسے قطعہ نگار اردو میں پیدا ہوئے۔ بریلی میں تجمل حسین اختر نے ایک مجموعۂ قطعات بعنوان 'ستارے' مرتب کیا۔ قطعہ نگاری کے عروج سے رباعی نگاری کو زوال ہوا۔ پھر بھی شیام موہن لال جگر نے رباعیاں لکھیں اور ان کو ''رس'' کے نام سے مرتب کیا۔ ''رس'' کی اشاعت ۱۹۶۱ء میں ہوسکی۔ بلدیو پرشاد سوزن (م ۱۹۶۶ء) نے بھی صدہا رباعیات تحریر کیں لیکن عمر کے آخری ایام میں جب اُس پر دیوانگی طاری تھی، اس کی رباعیات ضائع ہوگئیں۔

بریلی میں شاعری کے ایسے ہمہ رنگ اور نامیاتی ماحول میں سلسلۂ نعت گوئی جاری رہا۔ علی حسین شاہ طالب (م ۱۹۴۵ء) نیاز اللہ خاں ظریف (م ۱۹۴۹ء)، محمد فاضل عبقری (م ۱۹۳۹ء) اور حمید اللہ خاں حمید اس ربع کے مشہور نعت گو تھے۔ ان میں عبقری نے مروجہ مضامین نعت سے گریز کر کے نعت کو

بغرض اصلاح استعمال کیا۔ ہیئت کا بھی تجربہ کیا لیکن اس کا اندازِ نعت گوئی مقبول نہیں ہوا۔ بریلی میں نعت گوئی ایک ایسی روایت بن چکی ہے جس کے مضامین اور فارم سے آج بھی گریز ممکن نہیں ہے۔

اس عہد شاعری میں بریلی میں قصیدہ مرثیہ ریختی اور واسوخت نہیں ملے۔ مثنوی نگاری کی روایت شیام موہن لال جگر نے قائم رکھی۔ اس کی مثنویات مسمّٰی رنگ و بو۔ کرشن سداماں اور بسنتی روداد شائع ہو چکی ہیں۔ یہ مثنویات مختصر ضرور ہیں لیکن ان کا مواد قدیم سنسکرت کہانیوں پر مشتمل ہونے کی وجہ سے ایک اخلاقی مقصد رکھتا ہے۔ بریلی میں مثنویات کے دوسو برس کے ارتقا کو دیکھتے ہوئے یہ مختصر مثنویاں بہت اہم معلوم ہوتی ہیں کیوں کہ ان میں نہ شاہزادے شاہزادیوں کے عشق کی داستان ہے اور نہ فوق فطرت عنصر کی کارفرمائی۔ ان مثنویات کی زبان بھی بہت سلیس اور رواں ہے۔

ہندوستان آزاد ہوا۔ دو مملکتیں وجود میں آئیں۔ بڑے پیمانے پر افراد نے ترک وطن کیا۔ جو لوگ ہندوستان سے گئے، اپنے ساتھ سرمایۂ کتب بھی لے گئے۔ جو سرمایہ فروخت ہوسکتا تھا، وہ ردّی کے مول بیچ دیا۔ جو سرمایہ رہ گیا، اسے دیمک نے چاٹا۔ جب اساتذۂ فن گئے تو مکمل خلا پیدا ہوا۔ بریلی کے شعر و شاعری کی یہ حالت ایسی تھی جیسے ۱۷۷۱ء میں جنگ سکرتال، ۱۷۷۴ء میں روہیلوں کی شکست اور ۱۸۵۷ء میں بریلی پر انگریزوں کے قبضے کے بعد پیدا ہوئی تھی۔ محفل سخن اُجڑ گئی۔ مشاعرے بند ہو گئے۔ ترکِ وطن کرنے والوں کا تانتا بندھ گیا۔ شہر کہنہ بریلی سے سعادت یار بیگ معجز گیا جس کے جانے سے شہر کہنہ کی شاعری میں تعطل پیدا ہوا۔ نیا شہر بریلی سے مفتی صابر حسن شیوا عثمانی گیا۔ اس کے جانے سے نیا شہر کی بزم سخن اجڑ گئی۔ سعادت یار بیگ معجز بٹوارے کے تین برس بعد لاہور میں فوت ہوا۔ شیوا عثمانی نے کراچی میں غزل خوانی کی۔ وہ جب تک بریلی میں رہا اپنے خاندان کی روایتِ شاعری کو سختی سے پکڑے رہا۔ اس کی دقت نظر کی شہرت تھی۔ کراچی میں احساسِ غریب الوطنی اور تنہائی نے اس کا دیرینہ خولِ شاعری توڑ دیا اور اس نے ایسے دلنشیں اشعار لکھنے کی روش اختیار کی :

○ دل نے جب عشرت ماضی کا فسانہ چھیڑا — اپنے گذرے ہوئے لمحات پہ رونا آیا
○ جام منھ دیکھ کے دینے کی یہاں رسم نہ تھی — بدعتِ پیر خرابات پہ رونا آیا
○ کچھ ہنسی آئی زمانے کی روش پہ شیوا — کچھ بدلتے ہوئے حالات پر رونا آیا

شیام موہن لال جگر نے آزادیٔ وطن کے وقت ایک شاعر اور ایک غزل گو کی حیثیت سے احتشام حاصل کرلیا تھا۔ وہ اس وقت میرٹھ میں تھا لیکن اس کی اہم کتب اور انتخاب غزلیات بعد کو طبع ہوا جن پر ناقدین اور محققین نے مضامین لکھ کر اس کے ادبی کام اور اس کے نام کو بقا دی۔ اس کو عزیز لکھنوی سے تلمذ کا فخر حاصل تھا۔ اس کی غزل کا غالب عنصر تلاش حسن اور جمالیات ہے۔ اس نے اس تلاش میں اپنی نامراد زیست کو بھی پر جمال بنایا۔ لہو کی بوند کو یاقوتِ احمر کی چمک دی۔ اس پر الفاظ کی تراش وخراش مستزاد ہے :

- نہ جانے زخم دل کی آج گہرائی کہاں پہنچی ۔۔۔ پھٹا جاتا ہے سینہ وہ خوشی محسوس ہوتی ہے
- حجاب اک رمز محبوبی ہے حسن جلوہ ساماں میں ۔۔۔ جھلک کر رہ گئیں رنگینیاں گلہائے خنداں میں
- کسی نے چہرے پر بکھرا لیا تھا زلفوں کو ۔۔۔ ذرا سی بات تھی بس لے اڑے ہیں دیوانے
- جلوۂ حسن نے اک آگ لگادی دل میں ۔۔۔ آگ وہ آگ کہ جس نے چمن آرائی کی
- یہ دل کا اضطراب اور حسن کی یہ جلوہ سامانی ۔۔۔ کہ جیسے جام بھر کردے دیا ہو دست لرزاں میں
- زندگی تلخ و تمنائے اجل ننگ حیات ۔۔۔ خون سینے میں نہ کیوں کر دلِ انساں ہو جائے
- تیری رحمت سے نا امید نہیں ۔۔۔ اپنی محرومیوں سے ڈرتا ہوں

مفتی صابر حسن شیوا عثمانی اور شیام موہن لال جگر کے علاوہ بعض ایسے شعرا نے جو ان دونوں کی رفعت کو تو نہیں پہنچے لیکن انھوں نے اپنی مساعی سے اس تعطل کو ختم کیا جو ۱۹۴۷ء کے بعد پیدا ہوا تھا۔ اپنے تلامذہ اور نجی نشستوں کے ذریعہ بریلی میں غزل کا احیا کیا اور بزم سخن جما دی۔ علی حسین ضمیرؔ (م ۱۹۹۰ء)، تبارک علی عبرتؔ (م ۱۹۹۰ء)، مایا پرشاد زیبؔ (م ۱۹۷۸ء)، کشن لال ثاقبؔ (م ۱۹۸۵ء)، اور نرائن داس ٹنڈن دیا (م ۱۹۷۰ء) نہایت اہم اسماء ہیں۔ ضمیر اور زیب، سیماب اکبرآبادی کے شاگرد تھے۔ عبرت صدیقی، دل شاہ جہانپوری کا، ثاقب اور دیا بلدیو شاید سوزن سے وابستہ تھے۔ یہ سب بزرگ شاعر تھے۔ سب ہی صاحب دیوان تھے۔ ان کے معیارِ غزل گوئی کا اندازہ مندرجہ ذیل اشعار سے کیا جا سکتا ہے :

- کریں گے وعدہ ضرور ایفا، وفائے وعدہ ہے ان کا شیوہ
  یہ دیر یوں ہے کہ منتظر کو سلیقۂ انتظار آئے ۔۔۔ علی حسین ضمیر

- قصۂ غم کا نیا طرزِ بیاں ہوتا ہے
اشک جو آنکھ سے ڈھلتا ہے زباں ہوتا ہے — تبارک علی عبرت صدیقی
- جس میں ترا خیال مرا ہم سفر نہیں
میں نے سمجھ لیا وہ تری رہ گذر نہیں — ماتا پرشاد زیب
- کس کس کو رازِ خونِ تمنا بتائیں ہم
بہتر ہے حادثے کو اگر بھول جائیں ہم — کشن لال ثاقب
- اپنے جلووں میں دیکھ لو مجھ کو
پردہ داری کی ایک صورت ہے — نرائن داس ٹنڈن دیا

تقسیم ہند کے وقت، اس سے دو چار سال پہلے یا دو ایک سال بعد کئی نو جوان شعرا بریلی کے سپہر شاعری پر نمودار ہوئے۔ ان کے سفر کا آغاز پر آشوب فضا میں ہوا۔ وہ بریلی کے ہی کسی نہ کسی استاذ کے شاگرد تھے۔ انھوں نے ترکِ وطن نہیں کیا اور نا مساعد حالات کے باوجود آگے بڑھنے کی کوشش کرتے رہے۔ ان کی طبیعت جدت اور اختراع پر مائل تھی۔ انھوں نے آگے چل کر غزل گوئی میں نام پیدا کیا۔ ان شعرا میں چار نام بہت اہم ہیں: انور بیگ انور چغتائی تلمیذ عبرت صدیقی، محمد مبین بدر (م ۱۹۸۸ء) تلمیذ محمد شفیق عشرت شمسی، حامد حسین عزمی تلمیذ شیوا عثمانی اور رفعت حسین کیفی (م ۱۹۸۸ء) تلمیذ عبرت صدیقی۔

انور چغتائی کی غزل میں شدتِ احساس ہے۔ انسانی دکھ درد کی تفہیم ہے۔ اس کا محبوب بھی انسانی غم و نشاط کی علامت ہے۔ یہی اس کی انفرادیت ہے۔ از وست :

وہ اپنے حسن میں کس درجہ خوشنما ہوگا
جو ہر فسانے کا عنوان بن گیا ہوگا

نہ گھٹا نہ سبزہ نہ پھول ہے، نہ شراب ہے، نہ نگار ہے
یہ چمن میں دورِ خزاں نہیں، میرے عہدِ غم کی بہار ہے

وہ ہم پہ ظلم ڈھائیں تو کچھ بات ہی نہیں
ہم مسکرا بھی دیں تو شرارت کی بات ہے

محمد مبین بدر نے اپنی شاعری کا آغاز روایتی غزل سے کیا لیکن کثرت مطالعہ کی وجہ سے اس کے قدم رفتہ رفتہ جدید اسلوب غزل کی طرف بڑھ گئے۔ اس کی غزل کا جدید رنگ اکتسابی تھا۔ ''خوابوں کا لہو'' جو اس کی غزلیات کا مجموعہ ہے، اس اعتبار سے بھی اہم ہے کہ اس کی اشاعت سے جدید طرز کی غزلیات کا پہلا مجموعہ بریلی کے شاعر کا منظر عام پر آیا۔ بدر کے اکلوتے نوجوان بیٹے کی موت کا غم اس کا تعاقب کرتا رہا۔ یہی غم ایک علامت بن گیا جو خوابوں کی رمزیہ اشاریت کی طرح اس کے اشعار میں ظاہر ہوا۔ مثلاً:

جو اب شجر پہ نہیں ہے اس ایک پتے کو
ہوائیں ڈھونڈتی پھرتی ہیں پاگلوں کی طرح
قدم قدم پہ لڑا بدر جو اندھیروں سے
وہ زخم زخم اُجالا تو میرا اپنا تھا
سوا نیزے پہ ہے سورج مرے جلتے مسائل کا
مری دنیا کسی نے عرصۂ محشر میں رکھ دی ہے

رفعت حسین کیفی نے ایک خوش گلو مغنیہ سے ملاقات اور جدائی کے واردات اپنی غزل میں پیش کیے۔ یہ ایسی کوئی نئی بات نہیں تھی۔ نئی بات اس کی واقعاتی غزل کا باوقار طرز ادائیگی ہے جو کبھی کبھی کلاسیکیت کی حدوں کو چھونے لگتا ہے۔ ایسے باوقار اسلوب غزل میں بھی ندرت ہے جو اس نے الفاظ اور قوافی ور دیف سے پیدا کی۔ مثال میں مندرجہ ذیل اشعار پیش کیے جاتے ہیں :

تیرا ترنم حسن بیاں ہے، میری غزل حسن الفاظ
اک ربطِ الفاظ و بیاں ہے تیرا ترنم میری غزل
انہیں لاکھ تم بناؤ، یہ کھلے کھلے سے گیسو
میرے ہاتھ سے سنورتے، تو کچھ اور بات ہوتی
اے خالق روز و شب، اس گھر میں اندھیرا ہے
بے وقت بھی رہتی تھی جس گھر میں سَحر پہلے
دل بھی ایک قبلۂ صد رشک حرم ڈھونڈے ہے
اپنی راہوں میں تیرا نقش قدم ڈھونڈے ہے

ان لغزشوں کو نامِ گنہ دے دیا گیا
جن لغزشوں سے اہل حرم آشنا نہیں
سرمگیں سرمگیں نظر ان کی
کچھ تعلق طلب میں لگتی ہے

کیفی کی عاشقانہ غزلیات اس کے مطبوعہ مجموعۂ کلام مسمیٰ ' آزر کے صنم' میں شامل ہیں۔ کیفی نے اُس کرب کی ترجمانی نہیں کی جو تقسیم ملک کے بعد پیدا ہوا تھا۔ اس نے مغنیہ سے رُستگاری کے بعد اپنے اسلوب غزل کو بدلا۔ اس نے تخیلات کا سہارا لیا اور ان تمثیلوں کے ذریعہ اپنے کرب اور تشخص کو پر جمال بنا کر پیش کیا۔ مثلاً :

جلتا کوئی چراغ، یہ کب تھا مرا نصیب
آنگن میں روشنی تو پڑوسی کے گھر کی تھی
ہم ایک برف پہ لکھی ہوئی عبارت ہیں
ذرا سی دھوپ دکھا دو تو بس پگھل جائیں

حامد حسین عزمی کی غزل بھی نقطۂ عشق کا پھیلاؤ ہے جو احساسِ مستقل اور یادِ ماضی کی وجہ سے لامتناہی منظر بن چکا ہے۔ عزمی نے بہت ہی سادہ زبان میں وارداتِ گذشتہ کا اظہار کیا۔ اس کے اشعارِ غزل میں اس کے نشاط انگیز تصورات کی تجسیم ہوئی جن کو اس نے بڑے معصوم انداز میں پیش کیا۔ مثال میں مندرجہ ذیل اشعار نقل کیے جاتے ہیں :

آؤ پھر باغ سے کچھ آم چرا کر لائیں
آج تھوڑی سی شرارت سہی بچپن کی طرح
ایک وہ بات کہ بے بات کا افسانہ ہے
تم سے کہنا ہے وہی بات، قریب آجاؤ
ہر اک مکاں کے شعلوں میں ہے ایک سی تپش
وہ تیرا گھر نہیں، تو پڑوسی کا گھر نہ ہو

روشنی دور دور جاتی ہے
جب چراغِ گناہ جلتا ہے
تلاش کرتا ہوں خود کو وجود میں اپنے
مزار تو ہے مگر صاحبِ مزار نہیں

اس وقت ایک عمر رسیدہ شاعر مقصود حسین فیروز نظامی (پ ۱۹۱۴ء، م ۱۵ ستمبر ۲۰۰۴ء) نے اپنی زندگی کے کڑوے اور کسیلے تجربات کو غزل کی جدید لفظیت اور لہجے میں پیش کیا۔ وہ شاگرد تو جوش ملیح آبادی کا ہے لیکن اس کی غزل میں بڑی کشش ہے، اس کی طویل زندگی کی طرح شخصی و عصری تفکر کی نمو اور نمود ہے۔ ہر چند اس کو شہرت ایک رباعی نگار کی حیثیت سے ملی لیکن اس کی غزل بھی دعوت مطالعہ دیتی ہے۔ اس کے چند اشعارِ غزل مندرجہ ذیل ہیں :

امداد تو کسی نے نہ کی وقت پر مگر
افسانے بن گئے مرے دست سوال کے
منزل عشق سے چپ چاپ گذریے کہ یہاں
معجزے عقل کی پہچان میں کم آتے ہیں
اُٹھ اور اُٹھ کے تو بھی کتابوں کا شہد پی
اس شہد نے مجھے تو بڑی کج کلاہی دی
فیروز بار بار خطاؤں کے باوجود
اللہ تیری شان! کہ ماں نے دعا ہی دی

تقسیم ملک کے وقت جو نعت گویان، بریلی میں محتشم ہو چکے تھے، ان میں شیوا عثمانی اور مولوی مصطفیٰ خاںؒ نوری (م ۱۹۸۲ء) بہت برگزیدہ شاعر ہیں۔ ایسے نعت گویان جو تقسیم ملک کے وقت سخن گوئی کی ابتدائی منزل میں تھے اور بعد کو پہچانے گئے، ان میں دیبی پرشاد مست (م ۱۹۸۰ء) اور مولوی تحسین رضا خاں تحسین کا نام لیا جا سکتا ہے۔ محمد سعادت حسین شیدا وارثی (م ۱۹۶۹ء) کا بھی ایک مجموعہ نعت شائع ہوا جو روایتی اسلوبِ سخن میں تھا۔ محمد مبین بدؔر (م ۱۹۸۸ء) نے ایک مجموعۂ نعت مرتب کیا جو طبع نہیں ہوا۔ اس زمانے میں مشاعروں کی جان اور عوام میں بے حد مقبول ایک

اَن پڑھ نعت گو ابراہیم خاں راز المعروف بہ ''بالو شاہی'' (م ۱۹۷۳ء) تھا جس نے سلیس زبان میں رواں اور جوشیلی نعت کہی۔ مختصر یہ کہ نامساعد حالات میں بھی نعت گوئی کا سلسلہ جاری رہا۔ بطور نمونہ مذکورہ نعت گویان کے سطورِ ذیل میں اشعار درج کیے جاتے ہیں :

اگر ان کا کرم کشتی کا کھیون ہار ہوجائے
یہاں بھی پار ہوجائے وہاں بھی پار ہو جائے — ابراہیم خاں راز

اپنی جبیں کو عرش معلیٰ کریں گے ہم
جا کر درِ رسول پہ سجدہ کریں گے ہم — سعادت حسین شیدا وارثی

آپ کے عشق کو جس نے اپنالیا، آپ کی آرزو میں جو کام آگیا
اس کو اک مستقل زندگی مل گئی، اس کو لطف بقائے دوام آگیا — مفتی صابر حسن شیوا عثمانی

دور ہے مجھ سے مدینہ میں مدینے سے ہوں دور
اے بنائے زندگی، یہ زندگی اچھی نہیں — محمد مبین بدر شمسی

جس کو کہتے ہیں قیامت، حشر جس کا نام ہے
در حقیقت تیرے دیوانوں کا جشن عام ہے — تحسین رضا خاں تحسین

شاہ محمد تقیؒ راز (م ۱۹۶۷ء) المعروف بہ عزیز میاں خلیفہ و سجادہ نشین خانقاہِ نیازیہ بریلی کا مجموعہ کلام مسمّٰی رازِ نیاز ۱۹۵۰ء میں شائع ہوا۔ اس مجموعے کی اشاعت سے بریلی میں صوفی شاعری کا سلسلہ قائم رہا۔ رازؒ کے دو اشعار مندرجہ ذیل ہیں :

ہر دل ہے ترے عشق میں لبریز محبت
اک اور بھی پیمانے سے پیمانہ بنا دے

خیر گذری نظر پلٹ آئی
اس سے ملتی تو ذات ہوجاتی

فرقان احمد خاں عزم نے ریختی کے کوچے میں قدم رکھا جس سے اس کے مزاج اور کردار کو نسبت نہیں ہے۔ اب نہ ریختی کا ماحول ہے اور نہ اس کی ضرورت۔ عزم کی ریختی میں وہ زنانہ پن

بھی نہیں ملتا جو ریختی کے لیے ضروری ہے۔

شیام موہن لال جگر نے مثنوی پیام ساوتری شائع کر کے اردو کے سرمایۂ مثنویات میں ایک اعلیٰ پایہ کی مثنوی کا اضافہ کیا۔ اس مثنوی کی کہانی قدیم سنسکرت ادب سے ماخوذ ہے اور اس میں ایک آدرش ہندوستانی عورت کا نقش پیش کیا گیا ہے۔ منظر نگاری، جذبات نگاری، پختہ دلنشیں اور بے حد نازک اسلوب بیان اس مثنوی کی خصوصیات ہیں۔ سراپائے ساوتری سے چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

طفلی تھی شباب کے اثر میں ملتی تھی چاندنی سحر میں
آمد ہوئی کنوار پن کی ایسے گلشن میں نسیم آئے جیسے
دیکھا نہ لباس نے بھی عریاں تیلی میں نظر ہو جیسے پنہاں

بریلی میں کوئی ایسا شاعر جس کی مقبولیت کا انحصار اس کے مراثی پر ہو، ہنوز نہیں ملتا۔ ایامِ عزاداری میں سلام سوز نوحہ اور مناقب ضرور پڑھے جاتے ہیں لیکن اس طور کی حیثیت رسمی اور روایتی ہے۔

رباعی نگاری کا سلسلہ فیروز نظامی نے قائم رکھا اور رباعی نگار کی حیثیت سے اس کی بہت شہرت ہے۔ اس کی رباعیات اخلاقی اور حکیمانہ خیالات کے علاوہ عہد حاضر کی کج روی، ہنگامہ آرائی اور اُلجھنوں سے متاثر ہیں۔ اس کی رباعیات کا اسلوب بیان بھی جدید لب و لہجہ میں ہے۔ بوجہ قادرالکلامی اس کی گرفت میں ہر موضوع ہے۔ اس کا رویہ کبھی ایک مصلح اور کبھی ایک طنز نگار کا ہے۔ کبھی شعلہ کبھی شبنم۔ اس کی رباعیات عصری آگہی کا آئینہ ہیں۔ اس کی دو رباعیات مندرجہ ذیل ہیں:

تخریب کو زندگی کے لالے پڑ جائیں چہرے ستم و جور کے کالے پڑ جائیں
ہم آج اگر جھوٹ سے توبہ کرلیں کل ساری عدالتوں میں تالے پڑ جائیں
لفظوں کی کھنک رُخ کی دمک مار گئی آواز کا رس، چھپ کی دمک مار گئی
اس دل کو سمجھتے تھے امر ہم لیکن اِک ریشمی لہجے کی لچک مار گئی

فیروز نظامی نے نعتیہ رباعیات بھی کافی تعداد میں لکھی ہیں۔

قطعہ نگاری کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ اُس وقت ہر ایک شاعر مشاعرے میں غزل سنانے سے پہلے دو تین قطعات ضرور سناتا تھا۔ عتیق اللہ خاں امید (م ۱۹۶۷ء) نے دو مجموعے قطعات کے چھوڑے جن کے نام ہیں جل ترنگ اور فکر و نظر۔ یہ مجموعے غیر مطبوعہ ہیں۔

بیسویں صدی عیسوی کے پہلے رُبع میں ہی بریلی میں نظم نگاری کا آغاز ہوا اور دوسرے ربع میں اس کو استحکام ملا۔ ۱۹۴۵ء میں انجمن ترقی پسند مصنّفین بریلی میں قائم ہوئی۔ ۱۹۴۸ء میں اس کا احیا ہوا۔ اس انجمن سے وابستہ شعرا جوان العمر تھے اور ان کے اعصاب پر مخدوم محی الدین، اسرار الحق مجاز اور سلام مچھلی شہری وغیرہ سوار تھے۔ اس انجمن نے نئے لہجے سے آگاہ کیا ورنہ مجموعی طور پر اس کا دائرہ رومانٹک شاعری تک محدود تھا۔ اس انجمن نے اشتراکی نظریے کا حامل کوئی قابل شاعر پیش نہیں کیا۔ تین برس گزرنے کے بعد انجمن ختم ہوگئی۔ بریلی کے اہم شعرا قومی سیاسی اصلاحی اور رومانٹک نظمیں لکھ رہے تھے۔ ان کا طرزِ سخن جوشیلا اور خطیبانہ تھا۔ انھوں نے آزاد نظم کو منھ نہیں لگایا۔ انھوں نے آزادیٔ وطن کے بعد نظم نگاری کے موضوعات میں اضافہ کیا۔ مختصر یہ کہ اس وقت نظم نگاری کی چہل پہل میں جو شعرائے بریلی معروف ہوئے ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

عتیق اللہ خاں امید : اس نے نظموں کے چھے مجموعے چھوڑے جن کے نام ہیں سوز و اضطراب، تسنیم و کوثر، رنگ و آہنگ، رباب و شباب، بربط و طاؤس، موج و گرداب، ان میں سے کوئی بھی مجموعہ شائع نہیں ہوا۔ اس کی نظمیات رومانٹک ہیں۔ اس کی نظموں میں احساس حسن کے ساتھ تخیل پرستی نہیں ہے۔ قومی درد اور جوش ہے۔ دبی دبی شکستِ آرزو کی کسک ہے۔

اوم پرکاش اوج : ادبیاتِ انگریزی کا پروفیسر تھا۔ اس نے سانٹ اور آزاد نظمیں تحریر کیں۔ اس نے بھی اپنی منظومات شائع نہیں کرائیں۔

پرتاب چندر آزاد : تحریک آزادی میں شریک تھا۔ سزائے قید بھی بھگتی۔ اپنی نظموں میں قومی جذبات نظم کیے اور جیل کی ذہنی اذیت کو بیان کیا۔ ہندوستان کی تہذیبی اقدار بھی پیش نظر رہیں۔ صاف ستھرے متوازن لہجے میں نظمیں لکھتا ہے۔ اس کی نظموں کا مجموعہ مسمّٰی انقلاب وطن دوبار شائع ہو چکا ہے۔

جگیشور ناتھ بے تاب : بنیادی طور پر رومانٹک شاعر تھا۔ عشقیہ، نیچرل اور قومی موضوعات کا انتخاب کیا۔ ہندوستان کی قدیم تہذیب میں بھی حسن تلاش کیا اور سنسکرت ادب پاروں کو اردو میں منتقل کیا۔ حسن پرست اور تخیل طراز تھا۔ اس نے منظومات اخبارات اور رسائل میں شائع کرائیں۔ ایک طویل منظوم افسانہ تحریر کیا۔ کالیداس کی شکنتلا کو اردو کا جامہ پہنایا۔ اس کا مجموعہ منظومات

بعنوان ''شعلہ مضطر'' شائع ہو چکا ہے۔

کشن لال ثاقب : بے حد زود گو تھا جس کا اثر اس کے کلامِ شعر پر پڑا۔ اس کی نظموں کا اسلوب قریب قرب بیانیہ ہے۔ رومانٹک شاعری کے لیے تخیل طرازی ضروری ہے جو زود گوئی کی متحمل نہیں۔ اس نے مختلف مروجہ موضوعات پر نظمیں لکھ کر اخبارات اور رسائل میں شائع کرائیں۔ اس کی منظومات پر مشتمل کئی کتابیں مثلاً پیام وطن، لعل و جواہر، گاندھی گاتھا اور زندگی کے موڑ شائع ہو چکی ہیں۔ غیر مطبوعہ کتب میں ٹیگور کے بنگلہ گیتوں کا ترجمہ، شریمد بھگوت گیتا کا منظوم ترجمہ، دروپدی کا ترجمہ، ایسوداسیہ اپنشد کا ترجمہ اہم ہیں۔

نرائن داس ٹنڈن دیا: اس نے سانٹ اور آزاد نظمیں لکھیں جو اس کے مطبوعہ مجموعہ کلام مسمّٰی شام بہاراں میں شامل ہیں۔ اس نے اپنی نظموں میں ہیئت کا تجربہ بھی کیا جو اس کی کبر سنی کو دیکھتے ہوئے مبارک ہی نہیں تعجب خیز قدم تھا۔

ماتا پرشاد زیب : اس کا حال ثاقب سے مختلف نہیں تھا۔ بے حد زود گو تھا۔ روایتی طرز کی ہنگامی موضوعات پر کثیر تعداد میں نظمیں لکھ کر اخبارات و رسائل میں شائع کرائیں۔ اس نے عمر آخر میں ان نظموں کو یکجا کر کے شائع کرانے کا ارادہ کیا لیکن وہ پلندہ رائج الوقت سکوں سے خالی تھا۔ اس کی نظمیں ہنوز غیر مطبوعہ ہیں۔

لچھمی نرائن شائق : کم گو مگر پختہ کار تھا۔ اس کی نظموں میں بہت زیادہ شعریت ہے۔ اس کی نظموں کا کتابی شکل میں طبع نہ ہونا ایک محرومی کی بات ہے۔

اوم پرکاش نزہت: حسن پرست، تخیل طراز اور تصوراتی پیکر بنانے میں ماہر۔ اس کی رومانٹک نظمیں اعلیٰ پایہ کی ہیں جو اس کے مجموعہ کلام ''خوابوں کے جزیرے'' میں شامل ہیں۔

محمد فاروق وحشت : اس نے کالیداس کے ڈرامے شکنتلا کے قصے کو نظم کیا جو سپاٹ اور شعریت سے عاری ہے۔

مذکورہ بالا نظم نگاروں کے علاوہ انور چغتائی نے مختلف موضوعات اور مختلف مواقع پر نظمیں لکھیں اور ادبی و سماجی تقریبات میں سنائیں لیکن وہ ہم دست نہیں ہوئیں۔ [انور چغتائی کا مجموعہ کلام ''دو چار برس کی بات نہیں'' ۲۰۰۵ء میں شائع ہو چکا ہے۔] انور چغتائی کی صلاحیت نظم گوئی سے

انکار ممکن نہیں۔

محمد علی خاں ابلیس اور تجمل حسین اختر کی جگہ خالی رہی۔ابلیس جیسا ہجو نگار اور ہزل گو اختر جیسا طنز نگار بریلی میں پیدا نہیں ہوا۔ریاض الحسن شمسی نے نیم طنزیہ نیم مزاحیہ قطعات لکھ کر اور مشاعروں میں سنا کر قدرے قلیل پہچان بنائی لیکن اس کی اچانک موت نے اس کی پہچان کا خاتمہ کر دیا۔تیج بہادر سنہا کیف نے اپنے روہیل کھنڈ اخبار بریلی میں نیتاؤں اور الیکشن کی قلعی کھولی لیکن اس کے اشعار میں سطحیت ہے۔مثلاً :

کرسی کی تمنا ہے کھلی دھوکہ دھڑی ہے　　نیتاؤں کی دنیا تو الیکشن پہ بسی ہے
سب ملک کے نیتاؤں میں نفسی نفسی ہے　　بھوکا کوئی مرتا ہے تو کیا کس کو پڑی ہے
کیف اچھا ہے جس نے کوئی خدمت نہیں کی ہے　　اب پینشنیں کھاتے ہیں سیاست کے کھلاڑی

وہ شعرا جو ملک کے بٹوارے کے وقت غزل خوانی کر رہے تھے،ان میں سے بیشتر راہی ملک عدم ہو چکے۔جو دو چار زندہ ہیں وہ نئی نسل کی تربیت شاعری کر رہے ہیں۔نئی سماجیات کے ماحول میں بریلی کی بزم سخن سے قصیدہ،مثنوی،ہجو،ہزل،واسوخت،ریختی وغیرہ اُٹھ چکے ہیں۔تمام زور غزل گوئی پر ہے۔طرز جدید کے مطابق نظم نگاری بھی نہیں ہو رہی ہے۔گیت اور دوہے پر توجہ دی گئی ہے۔امید یہی ہے کہ بریلی میں اردو شاعری کا ارتقائی سفر جاری رہے گا ،بقول غالب:

ہے کہاں تمنا کا دوسرا قدم یا رب
ہم نے دشت امکاں کو اک نقشِ پا، پایا

تمام شد بتاریخ
۲۸ر نومبر ۱۹۹۱ء

شعرائے متقدمین

لکھنؤ شرق، غرب دہلی ہے
دونوں شہروں کا دل بریلی ہے
[نامعلوم]

اویسی۔شاہ محی الدین

پیرزادۂ سرہند: سلسلۂ قادریہ اویسیہ رسول نمائیہ سے منسلک تھا۔ دورِ روہیلہ میں بریلی وارد ہوا۔ قدرت اللہ شوقؔ کے بقول خوش نویس اور انشا پرداز تھا۔ قرآن شریف کی منظوم تفسیر بھی تحریر کررہا تھا۔ صاحب فکرِ رسا، فہم سلیم اور ذہن مستقیم کا مالک تھا۔

اعظم الدولہ سرورؔ اور شیفتہؔ نے تحریر کیا کہ وہ بریلی کے مشائخ زادگان میں سے تھا اور بعد کو دکن بھی گیا۔ حکیم قدر اللہ قاسمؔ نے اطلاع دی کہ وہ فارسی اشعار بہت متانت سے لکھتا تھا۔ ہر چند مصحفیؔ کا قیام، آنولہ (بریلی) میں رہا، اس نے اویسیؔ کا ترجمہ اپنے کسی تذکرے میں نہیں دیا۔ اویسیؔ کا بریلی میں موجود وہنا اس امر سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ اس نے ۲۳/اپریل ۱۷۷۴ء کو نواب حافظ رحمت خاں روہیلہ کی شہادت پر ایک قطعہ تحریر کیا جو الطاف علی بریلوی نے اپنی تالیف حیاتِ حافظ رحمت خاں میں نقل کیا۔ وہ قطعہ یہ ہے:

رحمت سرشت حافظ ملک ونصیر جنگ چوں کرد سوئے خلد ز دار الفنا سفر
روز شہادت دی و تاریخِ ماہ و سال آں روز شنبہ یاز دہم بود از صفر

اویسیؔ حکومت روہیلہ کے زوال کے بعد دہلی اور دکن گیا۔ وہ ۱۷۹۸ء میں دہلی اور ۱۷۹۹ء کو دکن میں تھا۔ حکیم قدرت اللہ قاسمؔ کے بقول اس کی وفات بریلی میں ہوئی۔ (قیاساً ۱۸۰۶ء سے قبل) بریلی میں اس کے مدفن کا علم نہ ہوسکا۔

اس کے جو اشعار تذکرات میں ملتے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ قدما کی خصوصیات شاعری کا حامل ہونے کے باوجود تازہ گوئی کی طرف راغب تھا۔

نمونۂ کلام یہ ہے:

یک طرف تھی نگہِ خشم چبھی دل میں مرے دوسرے ہر مزہ کرتی اُٹھی بھالا بھالا

ذکر و شغل اب تو اویسؔی کا یہی آ ٹھہرا
کچھ کٹے رونے میں، کچھ تیری حکایات میں رات

باغ میں گُل عذار ہو، فصل بہار ہو نہ ہو
میں ہوں غزل سرا وہاں بلبلِ زار ہو نہ ہو

ہم اپنے تخیل میں نہیں آپ کو پاتے
جس دن سے ہوئے محو، یہاں تیری کمر کے

مشہور چمن میں تری گل پیرہنی ہے
قرباں ترے ہر عضو پہ نازک بدنی ہے

اُس آفتاب سے چہرے پہ زلف ہے کالی
پناہ سوختگان ! مدظلہ العالی

حوالہ جات: طبقات الشعراص ۳۸۳، عمدۂ منتخبہ ص ۵۶، مجموعۂ نغز ص ۹۲، گلشن بے خار ص ۳۴، یادگارِ شعراص ۳۲، حیات حافظ رحمت خاں، ص ۲۴۵، شعر الہند، جلد ۲، ص ۱۹۱

امیرؔ۔محمد یار خاں:

پیدائش ۱۷۳۷ء، پسر خرد نواب علی محمد خاں (م ۱۷۴۹ء) موضع ٹانڈہ (تحصیل آنولہ، ضلع بریلی) میں مقیم تھا۔ اس کے یہاں قدرت اللہ شوقؔ اور مصحفؔی نے قیام کیا۔ دونوں تذکرہ نویسوں کے بیان کے مطابق وہ جوانِ رعنا تھا۔ علم موسیقی اور ستار بجانے میں باکمال تھا۔ میرزا منش، نازک طبع، صاحب فطرت، اہل مروت، عالی حوصلہ، خوش سلیقہ، حاتم زمانہ، جرأت میں یگانہ، مجمع مکارم اخلاق، فیض رساں اور قدرداں تھا۔ اہل دول میں بے نظیر اور بے بدل تھا۔ اس نے ٹانڈہ میں محفل سخن جمالی۔ اساتذۂ وقت حکیم کبیرؔ سنبھلی، قائم چاندپوری اور مصحفی اس کے یہاں ملازم تھے۔ مصحفی نے اس کی محفل سخن میں فدوؔی لاہوری، پروانہ مرادآبادی، محمد نعیم اور عشرت ہذال کو بھی دیکھا تھا۔ اس کی محفل سخن جنگ سکرتال (۱۷۷۲ء) کے وقت اجڑ گئی۔ مصحفی نے اپنے تذکرے میں قائم چاندپوری کا ذکر کرتے ہوئے امیرؔ کی محفل سخن کو ان الفاظ میں یاد کیا:

''واللہ کہ یادِ آں صحبت گذشتہ، داغ ناکامی بر دلِ دردمندی گزارد۔''

مصحفی نے اپنے ایک شعر میں بھی امیرؔ کو درازیِ عمر کی دعا دیتے ہوئے اس کے مربیِ سخن ہونے کی طرف اشارہ کیا ہے۔ وہ شعر یہ ہے:

تجھ کو قائم رکھے اللہ بہت سا اے امیرؔ
مجتمع سائے میں ہیں جس کے سخن داں اتنے

محمد یار خاں امیرؔ نے حکیم کبیرؔ سنبھلی کی ترغیب پر شعر گوئی کا آغاز کیا۔ حکیم کبیرؔ اس کی سرکار میں پہلے سے ملازم تھا۔ ہوسکتا ہے کہ امیرؔ نے ابتداءً اس سے کلام شعر پر اصلاح لی ہو۔ اُس کے بعد اس نے قائم چاند پوری کو سو روپیہ ماہانہ پر ملازم رکھا اور اس کو اپنا استاذ بنایا۔ مصحفیؔ کی تحریر سے یہ تاثر ملتا ہے کہ امیر کی غزلیات اس کی نظر سے بھی گذرتی تھیں۔ تاہم حکیم نجم الغنی کا یہ کہنا کہ امیر انتہا میں مصحفیؔ کا شاگرد ہوا، درست نہیں۔ قائمؔ اور مصحفیؔ صرف تین ماہ ٹانڈہ میں یکجا رہے۔ جنگ سکرتال (۱۷۷۲ء) سے بریلی میں افراتفری پھیلی اور بقول مصحفیؔ:

"درآں ایام بے تمیزی ہر یک از ندمائے وشعرائے مجلس جدا جدا راہی در پیش گرفتند۔ فقیر درآں حادیۂ جانگزا بہ لکھنؤ رسیدہ بود۔ بعد انقضائے مدت یک سال بہ شاہ جہاں آباد رفتہ رخت اقامت درآں دیار مینونشاں انداخت۔ درآنجا پس از تماولی ایام بسمع رسید کہ نواب موصوف بعد شکست حافظ رحمت خاں باجل طبعی درگزشت۔"

نواب حافظ رحمت خاں کو ۲۳/اپریل ۱۷۷۴ء میں شکست ہوئی۔ اس وقت محمد یار خاں امیرؔ سِل اور استسقا کے مرض میں مبتلا تھا۔ اس کا برادر کلاں فیض اللہ خاں رام پور پہنچا اور اس کے ساتھ امیرؔ بھی، کرم خاں رزّڑ کی حویلی میں مقیم ہوا۔ اس کی تدفین مدرسہ کہنہ کے قبرستان میں ہوئی۔ اسی قبرستان میں قائم چاند پوری (م ۱۷۹۵ء) بھی آسودۂ خواب ہے۔

محمد یار خاں امیر کا کلام قدرت اللہ شوقؔ نے آنولہ جا کر حاصل کیا اور اس نے اپنے تذکرے میں جس افراط سے امیرؔ کے اشعار حروف تہجی کی ترتیب سے نقل کیے، اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ صاحبِ دیوان تھا۔ قدرت اللہ شوقؔ کے حوالے سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ امیرؔ نے غزل کے علاوہ مثنویات، قصائد، رباعیات، قطعات اور مسدسات تالیف کیے۔ شوقؔ نے امیرؔ کی دو مثنویات یعنی مثنوی درشدت برسات اور مثنوی درشدت مگس کو متعارف کرایا اور قصائد کے سلسلے میں رائے دی کہ وہ "پرزور اور رنگین تھے" ان میں قصیدۂ نعت اور قصیدۂ ہولی جو امیرؔ نے سوداؔ کے قصیدہ کے اتباع میں تحریر کیے، انتخاب ہیں۔

بہرنوع یہ بات واضح ہے کہ محمد یار خاں امیرؔ ایک باکمال شاعر اور مربیِ سخن تھا اور بریلی کی تاریخ

شاعری کے دورِ قدیم میں وہ عمادِ سخن سا نظر آتا ہے۔ اس کی غزل میں تنوع ہے۔ اس نے زندگی کو برتا اور احساسات و جذبات کو زیادہ صاف با محاورہ اور دلنشیں طور پر نظم کیا۔ اس کی غزلیات سے اشعار کا مختصر انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

اک رہ گئے ہیں مجلس روشن دلاں سے ہم
جوں شمع کیوں نہ کانپیں ہوائے جہاں سے ہم

اپنی ہستی پہ ہیں موقوف جہاں کے جھگڑے
مٹ گئے آپ ہی جس وقت تو پھر نام کہاں

ایک دن ہو تو حال دل میں کہوں
تجھ ستی! دکھ مدام کیا کہیے

جو حالت دردِ دل کی، دل پہ گذرے ہے سو دل جانے
یہ دل کی بات ہے، دلبر کسی بے دل سے مت کہیو

جی سوا کیا ہے، کرے ایثار جو تجھ پر امیرؔ
ایسے اک مفلس کے ہاں، گر بھول کر آجاؤ تو

کن حسرتوں سے چھوڑ کر ہم یہ جہاں چلے
آئے تو حد سبک تھے پہ کتنے گراں چلے

تھر تھراتا ہے اب تلک خورشید
سامنے تیرے آگیا ہوگا

ہائے رے سرخی ترے چہرے کی ہنگام عتاب
جس قدر بگڑے ہے اتنا ہی سنور جاتا ہے

پستی طلب کر، آپ کو چاہے ہے گر بلند
جب تخم زیر خاک ہو تب ہو شجر بلند

کلاہِ فقر ہو، یا سر پہ سلطانی کا افسر ہو
الٰہی ہوئے حق میں میرے وہ، جو کچھ کہ بہتر ہو

شکست و فتح میاں اتفاق ہے لیکن
مقابلہ تو دلِ ناتواں نے خوب کیا

قدرت اللہ شوقؔ نے جتنا بھی انتخاب دیا ان میں عمدہ اشعار کی کمی نہیں ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ محمد یار خاں امیرؔ اپنے کمال کے باوجود غیر معروف رہا۔

حوالہ جات: طبقات الشعرا، ص۴۲۲، تذکرۂ ہندی، ص۱۱۳ اور ص ۱۷۹، مجموعۂ نغز، ص۳۷، انتخاب یادگار، ص۳۱، اخبار الصنادید، جلد ا، ص۵۵۹

احمد-احمد خاں:

اس کا ذکر قدرت اللہ شوقؔ نے کیا، شوقؔ کے مطابق احمدؔ ملا شفیع کا پسر تھا۔ جوان العمر، قابل، خوش خلق اور خوش تقریر تھا۔ اہل دل کا دوست اور علما کا خادم تھا۔ لکھنؤ گیا اور وہیں وفات پائی۔ اس کا ایک شعر مندرجہ ذیل ہے:

دین و دل لے چکے، مدت ہوئی، خوباں ہم سے
آہ- کس چیز کے ہیں پھیرؔ یہ خواہاں ہم سے

حوالہ: طبقات الشعرا،ص ۴۷۹

افسؔر-احمد یار خاں:

پیر محمد یار خاں امیؔر- ماں کا نام رحمت النسا بیگم جو نواب حافظ رحمت خاں کے نامور امیر پائندہ خاں اکوزی کی دختر تھی۔ روہیلوں کے زوال کے بعد رام پور گیا۔ فیض اللہ خاں نے سولہ ہزار روپیہ سالانہ وجہ کفاف مقرر کیا۔ ابتدا میں قائم کا شاگرد ہوا اور بعد کو حافظ شبّراتی طالبؔ کا۔ اس کا ایک شعر مندرجہ ذیل ہے:

قدم حضرت کا ہے اب سر پہ افسؔر
نہیں کچھ غم مجھے رہتا ہوں مسرور

افسر کی وفات بہ عمر ۲۸/ جمادی الاول ۱۲۶۲ھ مطابق ۲۴ مئی ۱۸۴۶ء کو رام پور میں ہوئی۔

حوالہ جات: ریاض الفصحا،ص ۲۰، اخبار الصنادید،ص ۵۶۱، انتخاب یادگار،ص ۲۷

اتفاقؔ:

اعظم الدولہ سروؔر نے اس کے متعلق تحریر کیا:

"ساکن بریلی، ذوقِ شعر گوئی دردل متمکن دارد"

مسروؔر نے اس کے نام اور تلمذ پر مطلع نہیں کیا اور نہ ہی کسی بعد کے تذکرہ نگار نے۔ از وست:

کیوں نہ ہم مضطر پھریں، گھر بار سے بیزار ہو
آپ جاتے ہیں سفر کو، پھر کہیں تیار ہو

حوالہ: عمدۂ منتخبہ،ص ۵۳

اکرؔم-محمد اکرم:

خلف محمد نور صدیقی، ساکن موضع موی (تحصیل بہیڑی، ضلع بریلی) جوان، سعادت مند، نظم کے

علاوہ نثر سے بھی دلچسپی رکھتا تھا۔ اس کی اِن کتب کے اسما ملتے ہیں: جنگ نامہ ضابطہ خاں، گلشن افضال، انشائے اکرم، مرأۃ الرحمٰن، خالق باری اکرم، ان کتب میں سے خالق باری طبع ہوئی (۱۷۹۰ء) لیکن نایاب ہے۔ اس کو شہرت جنگ نامۂ ضابطہ خاں سے ملی۔ اس نے رام پور میں قیام کیا۔ ۹۵ برس کی عمر پائی۔ رامپور ہی میں ہی یکم رمضان ۱۲۴۰ھ مطابق ۲۰/اپریل ۱۸۲۵ء کو فوت ہوا۔ از وست :

قاصدا سچ کہہ تجھے اپنے خدا کی سوگندھ
اس کی محفل میں کبھی ذکر مرا آتا ہے؟

حوالہ جات: طبقات الشعرا، ص ۵۵۸، تاریخ روہیل کھنڈ از عاصیؔ، ص ۲۸۳، انتخاب یادگار، ص ۲۹

افغان۔ محتشم خاں:

اس کا تعارف قدرت اللہ شوقؔ نے کرایا اور صرف اتنا بتایا کہ اس کا تعلق قوم افاغنہ سے تھا۔ از وست:

اے میاں، ظلم سے تیرے نہ ٹلے گا افغاں
یہ غلام ایسا نہیں، اس میں وفا اور ہی ہے

حوالہ: طبقات الشعرا، ص ۴۷۸

احمد۔ احمد خاں:

خلف بہادرؔ خاں، بیسہ نواب علی محمد خاں، نواب خان بہادر خاں شہید جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء اس کا خواہر زادہ تھا۔ قدرت اللہ شوقؔ اور عشرت بریلوی کا شاگرد تھا۔ اردو، فارسی اور پشتو میں شعر کہتا۔ تاریخ گوئی میں ملکہ حاصل تھا۔ ۱۸۰۶ء میں فوت ہوا۔ از وست:

خط کتابت تو بڑی بات ہے، پیارے تو نے
مجھ کو بھیجا نہیں پیغام زبانی تو نے

حوالہ: انتخاب یادگار، طبقہ دوم، ص ۱۰

اکبر-اکبر خاں:

پسر نواب حافظ رحمت خاں، داماد نواب فیض اللہ خاںؒ۔ سلسلۂ قادریہ میں حافظ شاہ جمال اللہ رامپوری (م ۱۷۹۴ء) سے بیعت۔ متقی پرہیزگار۔ فن انشاء پردازی اور خط شکست کا ماہر۔ اس کا پسر نواب محمد ضیا خاں یاسؔ رامپوری تلمیذ غفلتؔ رامپوری شاعری میں مشہور ہوا۔

اکبر خاں اکبر کی وفات بہ عمر ا۷ سال ۶ ذی قعدہ ۱۲۴۶ھ مطابق ۱۶/ اپریل ۱۸۳۱ء کو رامپور میں ہوئی اور وہیں آسودۂ خواب ہے۔ نمونۂ کلام یہ ہے:

ہم مر گئے اور اس نے نہ جانا کہ مر گئے ہر زخم پر جو ملتے تھے لب، آفریں کے ساتھ
واں رسم اختلاط سے انکار و عذر تھا یاں جان ہی نکل گئی، ان کی نہیں کے ساتھ
طوفانِ نوح و گریۂ اکبرؔ میں فرق ہے یعنی کہ آسماں کو ڈبویا زمیں کے ساتھ

حوالہ جات: انتخاب یادگار، ص ۲۹، حیات حافظ رحمت خاں، ص ۳۵۱، بزم سخن، ص ۱۳

باذلؔ-رفیع خاں:

خواجہ حافظ شیرازی کی اولاد میں تھا۔ اس کا چچا مرزا طاہر بیگ وحیدؔ، اورنگ زیب کا وزیر تھا اور قلعۂ گوالیار کا قلع دار۔ باذلؔ ۱۶۷۹ء میں بریلی کا صوبیدار مقرر ہوا۔ باذلؔ فارسی کا پُر گو اور خوش گفتار شاعر تھا۔ اس کو شہرت مثنوی حملۂ حیدری سے ملی جو معارج النبوت کی منظوم شکل ہے۔ تذکرات فارسی میں اس کی بہت تعریف کی گئی ہے۔

باذلؔ بریلی میں ۱۱۲۳ھ مطابق ۱۷۱۱ء کو فوت ہوا۔ از وست:

عشق را باہر دلے نسبت بقدر جوہر است
قطرہ بر گل شبنم و در قعر دریا گوہر است

حوالہ جات: مآثر الامرا، جلد ۳، ص ۹۴۰، سرو آزاد، ص ۱۴۲، سفینۂ خوش گو ص ۵۶، نتائج الافکار، ص ۱۱۱، روز روشن، ص ۸۶، سہ ماہی اردو کراچی، اکتوبر ۱۹۶۷ء، ص ۳۵

بیجان عزیز خاں:

روہیل کھنڈ میں پٹھانوں کا اقتدار قائم ہونے کے بعد صوبۂ سرحد اور ہندوستان کے دیگر علاقوں سے پٹھان، جنھیں افغان کہا جاتا تھا، بریلی وارد ہوئے۔ ایسے قسمت آزماؤں میں عزیز خاں بے جان بھی تھا۔ اس نے اپنے ایک شعر میں اپنی غریب الوطنی پر اظہار خیال کرتے ہوئے تحریر کیا:

غربت کے مزے کو کون جانے　　تا میری طرح نہ بے وطن ہو

بے جان ابتدا میں بسولی (بدایوں) پہنچا جہاں کا حاکم دوندے خاں (م ۱۷۷۱ء) تھا۔ وہ بسولی میں ایک سپاہی کی حیثیت سے ملازم ہوا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دوندے خاں کی وفات کے بعد وہ آنولہ پہنچا جہاں موضع ٹانڈہ میں نواب محمد یار خاں امیرؔ فنون لطیفہ کی سرپرستی کر رہا تھا۔ قدرت اللہ شوق اور مصحفیؔ نے اس کو آنولہ میں دیکھا تھا۔ شوقؔ نے اس کا شمار اپنے دوست داروں میں کیا اور اس کو مصدر اوصاف حمیدہ اور بسیار خوش فکر و خوش سلیقہ تحریر کیا ہے۔ شوقؔ نے بے جاںؔ کے مختصر دیوان کے متعلق بھی اطلاع دی اور اس سے اشعار نقل کر کے اپنے تذکرے میں پیش کیے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بے جاںؔ کو شوقؔ سے تلمذ تھا جیسا کہ مندرجہ ذیل شعر سے مستفاد ہوتا ہے:

بے جاںؔ جناب شوقؔ کی صحبت کے فیض سے
ہر فن میں محترم اور عزیزِ جہاں ہوا

بے جاںؔ کی غزلیات میں بہت اثر انگیزی ہے۔ اسلوب باوقار اور سنجیدہ ہے۔ زبان بے عیب اور ہر گنجلک سے عاری ہے۔ اعظم الدولہ سرورؔ کے بقول ''سخنانش مطبوع طبائع'' تھا۔ ۱۷۷۴ء میں روہیلوں کی تباہی کے بعد بے جاںؔ پورب کی طرف گیا اور اس کے بعد اُس کا سراغ نہیں ملا۔ اس استاذِ سخن کے مندرجہ ذیل اشعار بطور نمونہ پیش کیے جاتے ہیں:

کیا بھید کھلے ہم سے ترے رازِ نہاں کا　　نے وہم میں طاقت ہے نہ مقدور گماں کا
ہر کام ناتمام ہی رہتا ہے غالباً　　کوئی حرف مٹ گیا ہے مری سرنوشت کا
ہنسی آتی ہے گل کو حال پر کس کے خدا جانے　　اِدھر ہے نالہ کش بلبل، اُدھر چشمِ تر شبنم
دن کا ملنا تو خوب ہے لیکن　　ہے ملاقات کا تو شب میں مزا

سوڈرتا ہوں زباں سے واں کسی کی سہو سے، یارو
بہ تقریب حکایت کچھ نہ میری بات آئی ہو

کسی سے ہو سکا بے جاںؔ نہ ضبطِ گریہ محفل میں
حکایت دردِ دل کی ہم نے شب اظہار ایسی کی

آتش تمام بے جاںؔ دیواں میں لگ اٹھے گی
ہر شعر میں تو دل کا مت سوزِ داغ باندھے

زندگی جب ہوئے گی کر لیں گے یار
ان دنوں تو موت بھی ہم کو نہیں

حوالہ جات: طبقات الشعرا، ص ۴۸۹، تذکرۂ ہندی، ص ۴۱، عمدۂ منتخبہ، ص ۱۴۸

بہادر۔ بہادر سنگھ:

قوم کائستھ، مولد دہلی، مقیم بریلی، تلمیذ شاہ حاتمؔ (م ۱۷۹۱ء) از وست:

اِدھر تو مسکی ہے چولی، اُدھر ہیں ٹوٹے بند
نہ جانے کس نے یہ لوٹی بہار ساری رات

حوالہ جات: عمدۂ منتخبہ، ص ۱۳۵، مجموعۂ نغز، ص ۱۱۱، یادگارِ شعرا، ص ۳۶

بہجت۔ خیر اللہ:

مقیم بریلی، شاگرد میر غلام علی عشرتؔ (م ۱۸۲۱ء) ظریف اور زندہ دل نوجوان تھا۔ از وست:

ہر دم جو مجھ کو کہتا ہے، چل کوے یار کو
ناصح یہ کیا ہوا ہے دل بے قرار کو

حوالہ: تاریخ روہیل کھنڈ از عاصیؔ، ص ۲۸۴

پناہ۔ میر پناہ علی:

ولد میر امان علی، مولد بریلی، مقیم و ملازم ریاست رامپور، از وست:

کھولی ناخن سے رگِ دل تو نے، اے فصّاد واہ
یہ نیا نشتر ہوا ایجاد تیرے ہاتھ سے

حوالہ: انتخاب یادگار، ص ۸۴

تمکینؔ - بخت مل:

پنڈت چھمی رام فداؔ کا فرزند اور شاگرد۔ کشمیری پنڈت۔ مولد دہلی، سکونت بریلی، پیشہ وکالت۔

از وست:

مشتاقِ قدم بوسی ہے ہر خار بیاباں کا　　لائے ہے ولا تیری، یہ شوریدہ سری رنگ
فصل گل جاتی ہے اور کنجِ قفس سے تمکیں　　وا دریغا نہیں سوجھے ہے رہائی مجھ کو

حوالہ جات: عمدۂ منتخبہ، ص۱۷۰۔ طبقات شعرائے ہند، ص۲۸۷،
یادگار شعرا، ص۴۷

تسکینؔ - سعادت علی:

باشندہ بریلی، مقیم لکھنؤ، تلمیذ میر قمر الدین منتؔ (م۹۲-۱۷۹۳ء) مشہور تھا۔ تذکرہ نگاروں نے اس کے اشعار کی تعریف کی ہے۔ از وست:

جس کم سخن سے میں کروں تقریر بول اٹھے
ہے مجھ میں وہ کمال کہ تصویر بول اٹھے

حوالہ جات: یادگار شعرا، ص۴۵۔ سخن شعراء، ص۸۵، تذکرۂ خوش معرکہ زیبا۔ جلد ۱، ص۱۷۵، تذکرۂ ہندی، ص۵۵

تسلیمؔ - محمد کبیر خاں:

اس کو قدرت اللہ شوقؔ نے متعارف کیا۔ قوم افاغنہ سے نسبت رکھتا تھا۔ جوان، وجیہہ قابل اور حلیم الطبع تھا۔ نامساعد حالات کا شکار رہا۔ انشا پرداز، سخن فہم اور سخن سنج تھا۔ شوقؔ نے اپنے تذکرے میں اس کا جتنا بھی کلام نقل کیا وہ صحت وصفائی اور حرارت جذبات کی وجہ سے ممتاز ہے۔ دور قدما میں ایسی صاف ستھری زبان کا نمونہ باعثِ استعجاب ہے اور خاص طور پر اس وجہ سے بھی کہ نو وارد پٹھانوں کی مادری اور گھریلو زبان پشتو تھی۔

مختصر انتخاب اشعار مندرجہ ذیل ہے:

حال اپنا کیا کہوں ہمدم، کہ اس کے ہجر میں　　خونِ دل پیتے رہے اور دردِ غم کھاتے رہے

مل گیا تھا رات تو خلوت پر وہ تنہا پر آہ
کچھ تو شرمایا وہ اور کچھ ہم بھی شرماتے رہے
اگر مدعا ہے مرا خوں بہانا
تو یہ کس لیے ڈھونڈتے ہو بہانا
اگر وہ وحشیِ رم خوردہ میرا رام ہو جاوے
تو پھر کیا اس دلِ بیتاب کو آرام ہو جاوے؟
اب تو اپنی جان سے تسلیم ہم
دل اُٹھا بیٹھے ہیں ، ہونا ہوسو ہو
تاب و توان و صبر، دلِ زار چل بسے
تھے اپنے اس جہاں میں جو غم خوار، چل بسے

حوالہ: طبقات الشعرا، ص ۵۵

ثابت، اصالت خاں:

نو وارد افغان، سپاہی پیشہ، سقوط روہیل کھنڈ کے بعد عظیم آباد گیا۔ محمد علی فدوی دہلوی کے مشورے پر شعر گوئی کا آغاز کیا۔ ریختہ گوئی میں مشہور ہوا۔ از وست:

تو مرے دل کا حال کیا جانے
میں اسے جانوں یا خدا جانے
بگولے[۵] کا کہیں صدمہ، کہیں صرصر کی زحمت ہے
ہماری خاک یوں اڑتی پھرے، اے ابر رحمت ہے

حوالہ جات: ریاض الفصحا، ص ۶۵، گلزار ابراہیم، ص ۸۷، گلشن سخن، ص ۸۶، خوش معرکۂ زیبا، جلد ۲، ص ۵۰۰

ثاقب۔ سیف اللہ:

خلف شیخ کفایت اللہ بریلوی۔ رامپور میں مقیم رہا۔ کریم الدین آرزو مراد آبادی سے اصلاح وصول کی۔ فارسی گو تھا۔ مثنوی بنات النعش اس سے یادگار رہے۔ از وست:

وائے طول شب ہجرِ ثاقب
عمرِ خضر است کے بے پایان است

۱۸۱۱ء میں فوت ہوا۔

حوالہ: انتخاب یادگار، ص ۱۰۱

جذبؔ-میرعزت اللہ خاں:

اس کا حضرت مجدد الف ثانی سے سلسلۂ نسب ملتا تھا۔نواب حافظ رحمت خاں کے عہد میں بریلی وارد ہوا اوران کے زوال کے بعد دہلی میں مقیم ہوا۔میر بھکاری یا میر بھکھاری کی عرفیت سے پہچانا جاتا تھا۔مہذب، مؤدب اور سنجیدہ جوان تھا۔کم عمری کے باوجود جملہ علوم وفنون میں مہارت رکھتا تھا۔قدرت اللہ قاسمؔ کی اطلاع کے مطابق ایسٹ انڈیا کمپنی کا ملازم تھا۔کریم الدین نے بیان کیا کہ اس کی ملازمت کا تعلق بلادِ مختلفہ کی سیاحت، حالات نویسی اور جاسوسی سے تھا۔دورانِ سیاحت ہی بخارا کے قریب فوت ہوا۔کریم الدین کے بیان کی تائید دیگر تذکرہ نویسوں کے ترجموں سے نہیں ہوتی۔انھوں نے یہ تو اطلاع دی کہ اس نے سفر بہت کیا لیکن مقصد سیاحت جاسوسی نہیں بتایا۔

اُس کے استاذِ سخن کا نام کسی تذکرہ نگار نے تحریر نہیں کیا۔اس کے جو اشعار تذکرات میں منقول ہوئے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کو سلیس غزل لکھنے میں بڑی مہارت تھی۔دورِ قدما میں سلاست بیان کو اختیار کرنا خود اپنی جگہ ایک اہم بات ہے۔اعظم الدولہ سرورؔ نے اس کو ایک ماہر شاعر اور اس کے کلام کو دلکش تحریر کیا ہے۔نمونہ کلام مندرجہ ذیل ہے:

واں صفائی و خود نمائی ہے ۔۔۔ یاں مری جان کی صفائی ہے
جو کہ حلقہ بگوش نتھ کے ہیں ۔۔۔ ناک میں ان کے جان آئی ہے
اے فلک مجھ سے اتنی بے رحمی ۔۔۔ یہ ترے دل میں کیا سمائی ہے
چشم تر تو نے ہی ڈبویا ہے ۔۔۔ آہ یہ کیسی آشنائی ہے
ہوں مسلمان بندۂ کافر ۔۔۔ کچھ عجب طرح کی خدائی ہے
جذبؔ چل دیکھ آستانۂ یار ۔۔۔ ہم ہیں اور واں کی جبہ سائی ہے

حوالہ جات: عمدۂ منتخبہ، ص۱۹۰، مجموعۂ نغز، ص۱۴۵، گلشن ہمیشہ بہار، ص۱۰۰، گلشن بے خار، ص۵۹، طبقات شعرائے ہند، ص۲۴۹، سخن شعرا، ص۱۰۱، یادگار شعرا، ص۵۱، تاریخ روہیل کھنڈ از عاصی، ص۱۵۳

جرأت-مرزا مغل:

ولد عبدالباقی خاں بن حمید الدین خاں نبیرہ، ساکن بریلی، پیشہ سپہ گری، نیک کردار، شیریں گفتار، تلمیذ مرزا محمد رفیع سوؔدا (م ۱۷۸۱ء) کلام پاکیزہ، بریلی میں فوت ہوا۔ از وست:

جوں برگ گل جھڑے ہیں گلشن میں زیر گلبن　　لخت جگر پڑے ہیں یوں آس پاس میرے
غیروں کا گر میں شکوہ یاروں کروں عبث ہے　　سو دشمنوں کا دشمن دل ہے یہ پاس میرے

حوالہ جات: مجموعہ نغز، ص ۱۶۶، سخن شعرا، ص ۱۰۱، طبقات شعرائے ہند، ص ۱۸۷، یادگارِ شعرا، ص ۵۱

جوؔہر، دیوالی سنگھ:

باشندۂ بریلی، کھتری، مضمون طراز، شاعر۔ از وست:

سوار نقرے کے دریا سے کون گزرا ہے　　ہلال پکڑے ہے جس کی رکاب درتہ آب
ہے دست شانہ زلف بت خود پسند پر　　یا یہ چڑھا ہے چور لپٹ کے کمند پر

حوالہ جات: طبقات الشعرا ص ۶۶۲، عمدۂ منتخبہ ص ۱۸۹، یادگار شعرا ص ۵۶

جوؔہر، شیوارام:

تلمیذ عوض رائے مسرت شاہ جہان پوری، مصنف قصیدہ جوہر التراکیب (۱۸۲۰ء) یہ قصیدہ بزبان فارسی نحو کے موضوع پر ہے جس میں ۳۷۵ / ابیات ہیں۔ اس کی شرح بہ قلم شیخ حیدر علی بحکم کرنل ہالرائد مطبع نول کشور کانپور سے ۱۸۷۱ء میں شائع ہوئی۔ مطبوعہ قصیدہ اور اس کی شرح رضا لائبریری رامپور اور صولت پبلک لائبریری رامپور میں علی الترتیب محفوظ ہیں۔ شیوارام کی دوسری کتب کے نام دلیل التراکیب، املاے جوہری اور جواہر التعلیم ہیں۔ شیوارام جوہر کا اس قصیدے کے علاوہ، مطبوعہ یا قلمی فارسی اردو دیوان یا کلیات نہیں ملتا۔ اس قصیدے کے چند اشعار بطور نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہیں:

بعد حمد نعت، مدح ظل سبحان کرام　　خواں ز جوہر ایں قصیدہ جواہر التراکیب نام

باہمہ تحقیق بہرمبتدی و منتہی نظم کردم ہر اصول نحو درپارس کلام
گرکنی حفظش شود در بحث مغلوبت حریف درجواب بیت بخشے ہم شوی غالب مدام
نظم الفاظ ست صرف و نحو داں نظم سخن پس سخن بے نحو باشد بے نمک گویا طعام
لفظ دارد معنی مفرد اگر خوان کلمہ اش حرف و اسم وفعل اقسامش بود اندرعوام

قصیدہ جوہرالترکیب اس کے مصنف کی غیر معمولی علمیت اور فارسی دانی کا روشن ثبوت ہے۔

حوالہ جات: مطبوعہ قصیدہ جوہرالترکیب، سرورق، مطبوعہ شرح قصیدہ جوہرالترکیب ص۲، ص۳، ص۸۵ تا ص۸۷

حافظؔ، نواب حافظ رحمت خاں:

خلف شاہ عالم خاں، پیدائش ۱۷۰۸ء، مولد طور شہامت پور ضلع مردان صوبہ سرحد شمالی مغربی، بھڑیچ پٹھان، بارہ برس کی عمر میں قرآن حفظ کیا، فقہ اور مروجہ درسی کتب پڑھیں، علی محمد خاں کے ساتھ محاربات میں شریک ہوا۔ ۱۷۴۹ء میں علی محمد خاں فوت ہوا، اس کے لڑکے صغرسن تھے۔ روہیلہ پٹھان بھی روہیلہ سردار کے قابو میں رہ سکتے تھے، لہٰذا، ۱۷۴۹ء میں روہیل کھنڈ کا اقتدار سنبھالا۔ اپنے پچیس سالہ دورحکومت میں اس کا زیادہ وقت مرہٹوں جاٹوں مغلوں بنگش پٹھانوں اور اندرونی سازشوں کا مقابلہ کرنے میں گزرا۔ اس کے باوجود اس نے رفاہ عام پر توجہ دی اور علم وادب کی خدمت کی۔ اس کی تحریر کردہ ایک کتاب خلاصۃ الانساب ہے جس کا مخطوطہ حکیم رشید احمد مرحوم ساکن ڈھال بہاری پور بریلی کے یہاں محفوظ ہے۔ تواریخ رحمت خانی پشتو سے ترجمۂ فارسی، جس کا مخطوطہ انڈیا آفس لائبریری لندن اور خدابخش لائبریری پٹنہ میں ہے اس کے ایما پر ہوا اور دیوان فارسی جو نایاب ہے۔ الطاف علی نے سرجان اسٹریچی کے حوالے سے تحریر کیا کہ حافظ رحمت خاں پشتو اور فارسی کا شاعر تھا۔ مربی سخن بھی تھا، ابتداً میر عوض علی مدعا اس کی سرکار میں ملازم تھا۔

صفدر جنگ اور شجاع الدولہ، نواب وزیر اودھ، باطن میں پٹھانوں سے کینہ رکھتے اور ان کے اقتدار سے خائف تھے۔ پٹھانوں سے معاہدے کرنا، قسمیں کھانا، پگڑی بدلنا اور پھر دھوکہ دینا ان کی سرشت میں داخل تھا، شجاع الدولہ نے انگریزی توپ خانے کی مدد سے نواب حافظ رحمت کو ۲۳/اپریل ۱۷۷۴ء میں شکست دی، جنگ میں حافظ رحمت خاں شہید ہوا، اس کا مقبرہ محلّہ باقر گنج

بریلی میں ہے جس کا گنبد ۱۹۸۹ء میں گر گیا اور اب صرف نشان قبر باقی ہے۔

حافظ رحمت خاں کا کوئی بھی شعر، فارسی، اردو، پشتو ہم دست نہیں ہوا۔

حوالہ جات: گلشن سخن ص ۲۲۸، حیات حافظ رحمت خاں ص ۴۰، ص ۳۰۴ اور ص ۴۰۱

حسنؔ، ابوالحسن:

بدایوں کے خاندان عثمانی کا فرد، بریلی میں سکونت اختیار کی، اس کے والد کا نام مولوی ابوالمعالی اور دادا کا نام مفتی عبدالغنی تھا۔ اس نے تحصیل علم اپنے والد اور مولوی قدرت علی گوپاموی سے کی۔ سلسلۂ قادریہ میں سید آل احمدؒ مارہروی (م ۱۸۲۰ء) معروف بہ اچھے میاں سے بیعت تھا۔ بریلی میں صدر الصدور اور فرخ آباد میں نائب ریاست تھا، فارسی اور اردو میں شاعری کی۔ اس کا کلام نایاب ہے۔ اکمل التاریخ سے بعض اشعار نقل کیے جاتے ہیں:

مژدہ یاراں کہ پری خانہ رواں خواہم شد — شیشہ در دست و حریفانہ رواں خواہم شد
صبح در محفل آں مُغبچۂ با تمکیں — من کہ خود رندم و رندانہ رواں خواہم شد
مطربا دور کن از پیش من ایں ساز طرب — بدرش بے سروسامانہ رواں خواہم شد
بہ طفیل شہ جیلیؒ سوے خاصانِ خدا — خاص خواہم شد و خاصانہ رواں خواہم شد
حسنؔ آمد بہ دیارِ تو غریبانہ ولے — دارد امید کہ شاہانہ رواں خواہم شد
تری زلف کے ہاتھ جاں بیچتا ہوں — میں سودے میں جنس گراں بیچتا ہوں

اس کا انتقال بریلی میں ۱۸۵۰ء کو ہوا، اس کی نعش بدایوں لے جا کر عثمانیوں کے گورستان قدیم میں دفن کی گئی۔

اس کے انتقال کے بعد اس کی اولاد نے بریلی میں علم و فضل اور شاعری کو فروغ دیا، بریلی کی تاریخ شاعری میں مفتیان کی خدمت علم و ادب گراں بہا ہے۔

حوالہ جات: اکمل التاریخ ص ۴۲، غالب اور عصر غالب ص ۱۳۶، تذکرۂ شعرائے بدایوں، جلد ۱ ص ۲۷۷

حسینؔ، غلام حسین، سید:

اس کو مصحفی نے دیکھا اور اس کے متعلق تحریر کیا ’’مرد جہاں دیدہ و پیر فرسودہ‘‘، مصحفی نے اس کی بسیار فارسی گوئی کی تعریف کی اور لکھا ’’شعر فارسی بسیار بہ شستگی می گوید‘‘ مصحفی نے یہ بھی اطلاع دی کہ ’’گاہے فکر ریختہ ہم می کند‘‘ مصحفی نے اس کے ۱۸ فارسی اور ۲۳/ اردو اشعار نقل کیے جس سے اس کی شاعرانہ اہمیت کا قیاس کیا جاسکتا ہے۔ مصحفی نے اس کے حالات تحریر نہیں کیے۔

متعلقہ تذکرات میں اس کے اشعار کا انتخاب پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی غزلیات میں تلاش مضمون، چست بے عیب زبان، سادگی اور تخیل کا امتزاج خود مصحفی کی طرح استادانہ ہے۔

مصحفی کے بعد صاحب خوش معرکۂ زیبا نے حسن کو ’’مقبول دارین‘‘ تحریر کیا۔ صاحب تذکرۂ روز روشن نے اس کا شمار بریلی کے فارسی گویان میں کیا۔ از وست:

بے تو متاعِ صبر را دادہ بآب چشم تر ۔۔۔ خانۂ دل خراب کرد خانہ خراب چشم تر
گریہ زار ما و مئے فرصت دیدنش نہ داد ۔۔۔ بررخ من ہمی کند کار نقاب چشم تر
مستیٔ آں نگاہ را تا کہ حسین دیدہ ام ۔۔۔ خرقۂ زہد ساختہ غرق شراب چشم تر
آنکھیں تمہاری دیکھتے، عمر اپنی کٹ گئی ۔۔۔ اس بندگی پہ ہم سے نظر کیوں پلٹ گئی
چیرا جو لٹ پٹا وہ صنم باندھنے لگا ۔۔۔ جان اپنی ڈھیلے پیچوں میں اس کے لپٹ گئی
جینا ہے، موت سچ ہے، جدائی کے دور میں ۔۔۔ اپنی بھی زندگی تو اسی غم میں کٹ گئی
جو ایسا ظلم ہر دم، اے ستم ایجاد ہوتا ہے ۔۔۔ تو صاحب، یہ غلام اب آپ کا آزاد ہوتا ہے
دل و دیں صبر و طاقت لے چکے، اب جان باقی ہے ۔۔۔ تکلف بر طرف اس کو بھی کیا ارشاد ہوتا ہے
عبث ہے ہم نشیں، درد و الم کی میری غمخواری ۔۔۔ کسی کا دل فراق یار میں بھی شاد ہوتا ہے؟
نہ اسکی کھنچ سکی تصویر، مانی آن مانے ہے ۔۔۔ کہ اس ساعد کے دیکھے دست کش بہزاد ہوتا ہے
شب کو بگڑ کے جانا، پھر معذرت کو آنا ۔۔۔ جب دل ہو، مہربانی کرنے میں لطف کیا ہے

حوالہ جات: ریاض الفصحا ص ۷۷، روز روشن ص ۱۷۶، خوش معرکۂ زیبا جلد ۲ ص ۵۰۴

حافظ، حافظ یار خاں:

ابن ذوالفقار علی خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں۔ قدرت اللہ شوق نے اس کو جوان العمر دیکھا اور اس کی انشا پردازی، خوش نویسی، قابلیت اور علم وفن کی تعریف کی۔ جوان العمری ہی فوت ہوا، اس کا صرف ایک فرزند حیدر حسین خاں حیدر، ولی کامل اور محتشم نعت گو تھا۔

حافظ یار خاں کا تخلص راغب بھی تھا، قدما کے طور پر ایہام گوئی پر ملتفت تھا، نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

میں تو اس کے عشق میں ہر لحظہ دکھ پاتا رہا　　اور وہ بے درد اک بوسے کو ترساتا رہا
کل مجھے دیکھ کر مرا گلرو　　اپنی مجلس میں کیا ہی لال ہوا
غیر سے چاہ جب تمہاری ہو　　دیکھئے شکل کیا ہماری ہو
کیا تم سے کہوں، میں نے دیا دل اسے کیسے　　الفت سے، مروت سے، محبت سے، نہ ایسے
بسان شانہ گر کوئی کرے سو ٹکڑے اپنا دل　　وہ جانے مو بمو احوال اس زلف پریشاں کا

حوالہ: طبقات الشعرا ص ۶۶۵، روز روشن ص ۲۳۴، حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۳۷

حقیقت، حسین شاہ:

پسر سید عرب شاہ، اس کے ددھیالی بزرگوں کا تعلق خوست اور ننھیالی بزرگوں کا تعلق بلخ سے تھا، اس کا دادا سید میرک شاہ ۱۷۱۳ء میں خوست سے لاہور و سرہند وارد ہوا، میرک شاہ سکھوں کی زور زبردستی سے تنگ آکر آنولہ آیا، حقیقت کا نانا میر محمد نواز نواب عنایت خاں (م ۱۷۷۳ء) ابن حافظ رحمت خاں کی سرکار میں ملازم تھا، اس طرح میرک شاہ اور میر محمد نواز یکجا ہو گئے۔ حقیقت کی پیدائش قیاساً ۱۷۷۲ء میں ہوئی، ۱۷۷۴ء میں حکومت روہیلہ کے زوال کے بعد حقیقت اپنے نانا میر محمد نواز کے ساتھ کانپور پہنچا اور جاج مئو میں مقیم ہوا۔ سن تمیز میں لکھنؤ پہنچ کر جرأت (م ۱۸۱۰ء) کے ادبی حلقے میں داخل ہوا۔ معلّمی کر کے گزر بسر کرتا، مالی فراغت میسر نہ ہونے کی وجہ سے کلکتہ گیا اور وہاں ریزیڈنٹ کے دفتر میں میر منشی کی ملازمت پر مامور ہوا، اس کے بعد کلکتہ سے کرناٹک پہنچا، پہلے

نواب کرناٹک عبدالقادر خاں ثابت جنگ کی سرکار میں باریاب ہوا، اور اس کے بعد بہ عہدۂ میر منشی مامور ہوا۔ اس کی وفات چینیاپٹن مدراس میں ۱۲۴۹ھ مطابق ۱۸۳۳-۳۴ء کو ہوئی۔

حقیقت خلاق ذہن کا مالک تھا، غریب الوطنی اور مالی دشواریوں کے باوجود تالیفی و تصنیفی کام میں منہمک رہا، اس کی تصنیف مندرجہ ذیل کتب ہیں:

(۱) صنم کدۂ چیں، فارسی، در فن صنم بازی، سن تالیف ۱۲۰۹ھ/۹۴-۱۷۹۵ھ سن طباعت ۱۲۶۳ھ/ ۱۸۴۷ء، مطبع محمدی لکھنؤ

(۲) جذب عشق، فارسی سے اردو میں ترجمہ، عشقیہ کہانی، سن ترجمہ ۱۲۱۲ھ/ ۱۷۹۷ء سن طباعت ۱۸۵۳ء مطبع محمدی کانپور

(۳) تحفۃ العجم، فرہنگ فارسی، سن تالیف ۱۲۱۳ھ/ ۱۷۹۹ء، غیر مطبوعہ، حبیب گنج کلکشن، مولانا آزاد لائبریری، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

(۴) خزینۃ الامثال، عربی فارسی اور اردو امثال پر مشتمل، سن تالیف ۱۲۱۵ھ/ ۱۸۰۱ء، سن طباعت ۱۲۷۰ھ/ ۱۸۵۴ء، مطبع مصطفائی لکھنؤ

(۵) تذکرۂ احیا، فارسی، تذکرۃ الشعرا، سن تالیف مابین ۱۸۰۱ء تا ۱۸۱۰ء غیر مطبوعہ اور نایاب۔

(۶) ہشت گلزار، اردو مثنوی، خسرو کی ہشت بہشت کا آزاد ترجمہ، سن تالیف ۱۲۲۵ھ/ ۱۸۱۰ء، سن طباعت ۱۸۵۰ء مطبع بیت السلطنت لکھنؤ

(۷) ہیرا من طوطا، اردو مثنوی، ہشت گلزار سے ہی ماخوذ، علیحدہ تصنیف نہیں، سن طباعت ۱۲۶۸ھ/ ۱۸۵۱-۵۲ء کائستھ پریس لکھنؤ

(۸) ہفت نسخہ، اس کا حوالہ ناصر نگینوی نے خوش معرکۂ زیبا میں دیا ہے (جلد ا، ص ۲۷۱)

حقیقت کے تاریخ ساز کاموں میں اس کے بڑے بھائی حسن شاہ ضبط کی تحریر کردہ ایک سچی عشقیہ کہانی کا اردو ترجمہ بعنوان جذب عشق ہے۔ جذب عشق کی نثر اردو نثر کے ارتقائی سفر میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔

حقیقت کو ایک مثنوی نگار کی حیثیت سے بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ اس کی مثنویات دعوت مطالعہ کی طالب ہیں۔

حقیقت کے کلیات کا مخطوطہ انجمن ترقی اردو کراچی کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔اس کی غزلیات میں دلکشی کم ہے۔مختصر انتخاب غزلیات جو ایک عزیز کے ذریعہ مشفق خواجہ کی عنایت سے موصول ہوا، اس کے بعض اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

ہم سے چرا کے آج نظر، تم چلے کدھر　　کرتے ہیں ہم جہاں سے سفر، تم چلے کدھر
جاتے ہو کس طرف کو، ارادہ کدھر کا ہے　　کچھ تو کہو کہ باندھ کمر، تم چلے کدھر
دونوں جہاں کو میری ہی آنکھوں میں یک بہ یک　　تاریک کر کے، رشک قمر، تم چلے کدھر
کس کے ہیں انتظار میں آنکھیں　　جو کھلی ہیں مزار میں آنکھیں
وہ نہ آیا، تو روتے روتے آہ　　آگئیں ہجر یار میں آنکھیں
نہ خفا ہو، جو تک رہوں، پیارے　　کہ نہیں اختیار میں آنکھیں
میکشی کا نہ تم کرو اخفا　　سرخ ہیں جو خمار میں آنکھیں

حوالہ جات: چند شعرائے بریلی ص ۲۷ تا ص ۱۰۶، شاہ حسین حقیقت اور ان کا خاندان ص ۵۷ تا ص ۳۳۷

دوائی، حسن علی، حکیم عین الملک ابوالفتح مرزا شیرازی:

۱۵۷۷ء کو بریلی کا ناظم مقرر ہوا، اس نے بریلی میں ۱۵۷۹ء کو پہلی جامع مسجد تعمیر کی اور ایک باغ بھی لگایا، باغ کا وجود نہیں رہا، جامع مسجد جو مرزائی مسجد کے نام سے مشہور ہے، گھیر جعفر خاں شہر کہنہ بریلی میں قائم ہے۔

عین الملک اکبر کا معتمد امیر اور امور سیاست میں ماہر تھا۔زبردست عالم اور انشا پرداز تھا، فن طب میں بھی کامل دخل رکھتا تھا، اوصاف حمیدہ کا مالک تھا، فارسی کا بے بدل شاعر تھا، اس سے دو مثنویاں موسومہ بہ مظہر الاسرار اور ضیاء العزیز منسوب ہیں۔اس کا انتقال ۱۵۹۴ء کو ہنڈیا میں ہوا جو اس کی جاگیر میں تھا۔از وست:

ہیچ ویرانہ نہ شد پیدا کہ تعمیرے نہ داشت　　درد ما درمان عشق است آنکہ تدبیرے نہ داشت

حوالہ جات: نتائج الافکار ص ۱۶۴، تاریخ روہیل کھنڈ عاصی ص ۲۹۵

ذوالفقار خاں:

نواب حافظ رحمت خاں کے مشہو امیر فتح خاں خانساماں حاکم بدایوں کا فرزند، اس کے متعلق قدرت اللہ شوق نے تحریر کیا:

''ذوالفقار خاں پسر خورد فتح خاں خانساماں، جوانے، صاحب تحمل و بردبار، نہایت قابل و ہوشیار، بعد سالے وماہے یک دوفرد ریختہ موزوں می کند۔''

شوق نے اس کے تخلص اور تلمذ پر آگاہ نہیں کیا۔

ذوالفقار خاں نے روہیلوں کے خلاف شجاع الدولہ اور فیض اللہ خاں کا ساتھ دیا۔ ۱۷۷۴ء میں حافظ رحمت خاں کی شکست کے بعد رامپور گیا۔ از وست:

حنا کی طرح ان قدموں سے ہم بھی سرخ رو ہوتے　　　اگر قسمت سے ان پاؤں تک ہوتی دسترس مجھ کو

حوالہ جات: طبقات الشعرا ص ۲۷۴، تاریخ روہیل کھنڈ عاصی ص ۱۴۴

ذوقؔ، الف خاں:

قوم افغان، پسر دلیر خاں جو نواب سعداللہ خاں بن نواب علی محمد خاں کا بخشی تھا۔ قدرت اللہ شوق نے اس کی شاعری پر تبصرہ کرتے ہوئے تحریر کیا کہ اس کے اشعار میں فکر و تلاش ملتی ہے۔ از وست:

سردمہری سے فنا ہوتے ہیں یوں سوختہ دل　　　جوں چلے سوے عدم گر کے شرر پانی میں

حوالہ: طبقات الشعرا ص ۵۲۳

رنگینؔ، ہلاس رائے:

روہیلوں کے مدار المہام دیوان مان رائے کا فرزند، تلمیذ حسن علی خاں شوق، اس کے متعلق میر حسن نے تحریر کیا ''طبع موزونے دارد'' لیکن قدرت اللہ شوق نے لکھا ''اما بموجب مثل اونچی دوکان پھیکا پکوان بسیار بے فیض و ناقدرداں، دیوان ریختہ مرتب دادہ، نااما اشعارش خالی از لطف معانی و شاعری است'' چونکہ اس کا دیوان ریختہ نایاب ہے، ایسی دو متخالف آرا پر اظہار خیال ممکن

نہیں۔ بعد کے تذکرہ نگاروں نے اس کا ذکر متواتر کیا، معلوم یہی ہوتا ہے کہ اس کو شاعری میں احتشام حاصل تھا۔ ازوست:

غیروں کے پاس جانا، ہم سے کبھی نہ ملنا — افسوس ہے تو یہ ہے، ارمان ہے تو یہ ہے
پہچان لیـــــجــــو، شاہدِ رنگین اے صبا — اٹھتا ہے اس کی خاک سے، اب تک غبار سرخ
اس مصیبت سے جو تو گھر سے نکالے ہے مجھے — یہ تو بتلا، میں بھلا جاؤں کدھر، آخر شب

حوالہ جات: تذکرۂ شعرائے اردو ص ۴۷، طبقات الشعراء ص ۵۹۱، خوش معرکۂ زیبا جلد ۲ ص ۵۹۶

رندؔ، گنگا پرشاد:

کشمیری پنڈت، کشن چند کا پسر، مولد لکھنؤ، ملازم ایسٹ انڈیا کمپنی، کافی عرصے تک بریلی میں رہا، اس کو بریلی میں نواب سعادت یار خاں صاحب (م ۱۸۳۹ء) کی رفاقت میسر تھی، آخر عمر میں آگرہ کی سکونت اختیار کی اور ۱۸۶۴ء کو آگرہ میں ہی فوت ہوا۔

شاعری میں مشہور فارسی داں اور مصدر رفیوض کے مصنف مولوی نذیر الدین حسن شائق بریلوی کا شاگرد تھا گو یہ قیاس بھی بے جا نہیں کہ اس نے قیام لکھنؤ کے ایام میں جرأت (م ۱۸۱۰ء) سے بھی رجوع کیا۔ اس کے اشعار میں رندی و سرمستی کی رنگینی، محاکات، معاملہ بندی اور فصیح تر زبان کی چاشنی ہے۔ ازوست:

مانتے ہو گر برا، معشوق کہنے سے، تو جان — ہم تمہیں مشہور اپنا چاہنے والا کریں
روتا ہوں چپکے چپکے، آتا ہے یار جس دم — وہ دیکھنا کسی کا، آنکھیں چرا چرا کر
دل کسی قدرداں کو دیں گے رند — اب اگر زندگی ہماری ہے

حوالہ جات: گلشن ہمیشہ بہار ص ۱۴۷، یادگار شعرا ص ۸۶، سخن شعرا ص ۱۹۲، گلشن بے خار ص ۱۲۱، خوش معرکۂ زیبا جلد ۱، ص ۲۸۶

روشنؔ، روشن شاہ:

بریلی کا کائستھ، نومسلم، درویش، صاحب تجرید، فارسی و اردو کا شاعر، صاحب دیوان، میرٹھ میں

سکونت اختیار کی۔ از وست:

آپ کرتے ہیں بار بار نہیں
ہم کو ہاں کا بھی اعتبار نہیں

نہ دنیا کا رہا میں اور نہ دیں کا
نہ چھوڑا عشق نے مجھ کو کہیں کا

تیرے کوچے کے اشتیاق میں یار
گھر سے ویراں ہوئے، وطن سے گئے

کون سی جا ہے کہ جس جا نہ گزر اس کا ہے
مثل خورشید جہاں دیکھیے گھر اس کا ہے

کوچے میں ترے بیٹھ گئے جبکہ ہم اے یار
جوں نقش قدم پھر نہیں اٹھنے کے زمین سے

دل کی تپش سے گرمیٔ خورشید سرد ہے
سینہ اگر یہی ہے، تو دوزخ بھی سرد ہے

دیکھ کے مجھ کو منھ کو چھپایا اور حیا کا نام کیا
واہ ری تیری دانشمندی، اس میں بھی اک کام کیا

حوالہ جات: عمدۂ منتخبہ ص ۲۸۱، گلشن ہمیشہ بے بہار ص ۱۶۳، سخن شعرا ص ۱۹۶، طبقات شعرائے ہند ص ۷۴، یادگار شعرا ص ۸۸، بزم سخن ۵۵، طور کلیم ص ۴۷

شوقؔ، حسن علی خاں:

ایک نہایت باکمال شاعر جو تاریخ ادب اردو میں اپنا مقام نہ پا سکا۔ میر حسن کے مطابق ''اصلش قوم افغان است'' گردیزی، مبتلا، قدرت اللہ شوق نے اس کا نام حسن علی، میر نے میاں حسن علی، قائم نے میر حسن علی اور اعظم الدولہ سرور نے حسن علی خاں تحریر کیا۔ چونکہ افغان تھا حسن علی خاں نام درست معلوم ہوتا ہے۔ تلاش معاش میں دہلی پہنچا۔ سپاہی پیشہ تھا، عماد الملک غازی الدین خاں کی سرکار میں ملازم ہوا، تذکرہ نگاروں نے اس کے قیام دہلی کی وجہ سے اس کو متوطن دہلی تحریر کیا۔ دہلی سے کٹھیر پہنچا اور دیوان مان رائے مدار المہام حکومت روہیلہ کے فرزند خورد ہلاس رائے رنگین کے یہاں ملازم ہوا اور رنگین کے اشعار پر اصلاح دی۔ بوجہ ناقدردانی یہ ملازمت ترک کردی۔ اس کے بعد وہ کہاں گیا، تذکرات خاموش ہیں۔

اس کو سراج الدین علی خاں آرزو (م ۱۷۵۶ء) سے تلمذ تھا، اردو اور فارسی میں شعر کہتا، صاحب دیوان تھا، میر حسن نے تحریر کیا کہ ''شعرش بسیار با انداز ست و مشاقی نیز از کلامش ہویدا است'' میر حسن کے بقول اس کی مندرجہ ذیل غزل نغمہ سرایان ہند ہر شہر میں گاتے تھے:

ہے غرض اپنے ہمیں یار کے مل جانے سے　　اور کچھ کام نہیں کعبہ و بت خانے سے

گردیزی نے اس کی شاعری پر اظہار خیال کرتے ہوئے تحریر کیا کہ ''مضامین را آب و رنگ بستہ و تلاش معنی تازہ کردہ است'' مبتلا نے رائے دی کہ ''اشعارش در کمال لطافت و شادابی است'' اعظم الدولہ سرور نے لکھا کہ ''اشعار ریختہ بہ فصاحت تمام می گوید'' غرض کہ سب ہی تذکرہ نگاروں نے اس کے اشعار نقل کیے اور اس کی شاعری کی تعریف کی۔ مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

مدت سے یہ بحث درمیاں ہے　　پر علم نہیں کمر کہاں ہے
خط مرا پڑھ کے یہ جواب دیا　　نامۂ شوق کا جواب نہیں
اے یار مجھ کو کام اجابت سے کیا رہا　　وقتے کہ میں دعا ہی سے جب ہاتھ اٹھا چکا
ماتم میں میرے کوئی جو رویا تو غم نہیں　　تربت پہ میری شمع کا ہنسنا بھی کم نہیں
بجھے گی آتشِ دل، ہم نے جانا تھا بہار آئی　　ہوائے ابر نے دونی و لے یہ آگ بھڑکائی
گر عاشقی کرو تو معلوم ہو حقیقت　　اے ناصحو، تمھیں تو باتیں بن آئیاں ہیں
سنتے ہی نہیں یہ بت گمراہ کسو کی　　ان ساتھ کٹے کس طرح اللہ کسو کی
دکھا دیدار اے پیارے، کہ میں فرقت سے در گزرا　　مرا فردائے محشر آج ہے، میں کل سے در گزرا
کسی کو باغ دنیا سے نہ دیکھا شاد ہم جاتے　　برنگ شبنم ایک عالم یہاں سے چشم تر گزرا

حوالہ جات: تذکرۂ ریختہ گویاں ص۹۹، نکات الشعرا ص۱۱۹، مخزن نکات ص۴۸، تذکرۂ شعرائے اردو ص۹۴، چمنستان شعرا ص۵۲۳، طبقات الشعرا ص۱۱۰، عمدۂ منتخبہ ص۳۷۷، مجموعۂ نغز ص۳۵۰، گلشن سخن ص۱۶۴، یادگار شعرا ص۱۰۳

شائق، نذیر الدین حسن:

خلف شاہ محی الدین اویسی رومی قرشی ہاشمی سرہندی، بریلی کے خانوادۂ شیخ زادگان کا فرد تھا۔ نواب احمد یار خاں نبیرہ نواب حافظ رحمت خاں کا رفیق و مصاحب تھا، فارسی پر دستگاہ کامل رکھتا تھا، اس کا مصدر نامہ مسمیٰ مصدر فیوض مولفہ ۱۸۱۴ء بہت مشہور ہوا، اس نے جہاندار شاہ (م ۱۷۱۲ء) نبیرۂ اورنگ زیب کے عشق پر مبنی شیخ عنایت اللہ کی تصنیف بہار دانش کا آسان فارسی میں بعنوان

عطر بہار ترجمہ کیا (۱۸۰۷ء)۔ عطر بہار کا مخطوطہ رضا لائبریری رامپور میں محفوظ ہے۔
بریلی کی تاریخ شاعری میں دور قدیم کا نمایاں شاعر تھا۔ از وست:

یہ کون رشک مہر ہے گزرا سمند پر ۔۔۔ جوں نقش سُم ہلال ہے چرخ بلند پر
یا وہ گلوں پہ چھپے تھے عندلیب کے ۔۔۔ یا اب پڑے ہیں باغ کے کونے میں چند پر
کل حضرت شائق نے ہارُن کے کہیں دیکھے ۔۔۔ جو آج مسلسل ہے آنسو کی لڑی ان کی
چین اس دل کو نہ اک آن ترے بن آیا ۔۔۔ دن گیا، رات گئی، رات گئی، دن آیا
ڈرتا نہیں وہ ظالم خونخوار کسی سے ۔۔۔ بھڑ جائے گا اب کھینچ کے تلوار، کسی سے
یہ جو سب گلعذار بیٹھے ہیں ۔۔۔ باغ دل کی بہار بیٹھے ہیں
گلشن میں اگر ناز سے ہووے وہ خراماں ۔۔۔ غنچے بھی کریں اپنے گریبان کے ٹکڑے
اگر اس طرح سے ہمیشہ کو، مری غم سے چشم تری رہی ۔۔۔ تو مزارعوں کو یہ مژدہ دو کہ تمہاری کھیتی ہری رہی
یہ دل ہے بے سروساماں تجھ بن ۔۔۔ پہنچ او لٹ پٹی دستار والے
نہ وہ اس حسن پر مغرور اے گل ۔۔۔ یہ سن لے، ہر کمالے راز والے
لگے بے طرح دل پر داغ ہجراں ۔۔۔ پڑے ہیں مجھ کو اب جینے کے لالے
کبھی تو وصل کا وعدہ وفا ہو ۔۔۔ کہاں تک دو گے جاناں، ٹالے بالے
اگر شائق تو چاہے لذت عشق ۔۔۔ بتوں سے بھاگ اور راہ خدا لے

بریلی کے دور قدیم کے شعرائے متاخرین کے یہاں داخلیت سے اعتزال کی جھلک ملتی ہے جس کا اثر عہد وسطیٰ کے ابتدائی شاعروں نے بھی وصول کیا۔ شائق نے بعض دیگر اساتذہ کی طرح ایسے اعتزال کی نمائندگی کی۔

حوالہ جات: عمدۂ منتخبہ ص ۳۷۲، خوش معرکۂ زیبا جلد ۲ ص ۱۵۱، مصدر فیوض ص ۲، سخن شعراص ۲۴۱، گلستان بے خزاں ص ۱۲۱، گلشن ہمیشہ بہار ص ۲۰۲

شوقؔ، قدرت اللہ:

شیخ قبول محمد کا پسر، اس کا جد امجد خواجہ کرم اللہ ۶ ہزار سواروں کے ساتھ رائے پتھورا سے جنگ کرنے کے لیے ہندوستان آیا اور سونی پت کے محاربے میں ۱۱۹۲ء کو شہید ہوا۔ ساکن موضع مؤی جو

مغلیہ دور میں سرکار سنبھل کے ماتحت تھا لیکن انگریزوں کے دور اقتدار میں تحصیل بہیڑی ضلع بریلی میں شامل ہوا۔ موی بریلی کے شمال مغرب کوہستان ہمالیہ کی ترائی میں واقع ہے۔ پرانے زمانے میں بریلی سے موی جانا پُر خطر اور دقت طلب تھا کیونکہ ترائی کے علاقے میں ندیاں نالے جنگل اور قد آدم گھاس کی وجہ سے سفر میں خطرہ اور دشواری تھی، اس کے برخلاف موی رامپور کے قریب ہے۔ چنانچہ موی کے فضلا نے رامپور میں اقامت اختیار کی۔ قدرت اللہ شوق بھی رامپور میں رہا، ویسے قاضی ٹولہ بریلی کے قاضیوں کی قرابت داری ہنوز موی میں برقرار ہے۔

قدرت اللہ شوق علم و فضل سے آراستہ تھا، اپنی ذات میں ایک انجمن تھا، رامپور میں بعد نماز جمعہ اپنے مکان پر مشاعرہ منعقد کرتا۔ اس کے اشارے پر میر غلام علی عشرت (م ۱۸۲۱ء) نے میر ضیاء الدین عبرت کی ادھوری پدماوت کو مکمل کیا۔ مصحفی نے اس کے متعلق تحریر کیا کہ ''اکثر مردم آں نواح بہ حلقۂ شاگردیش درآمدند'' احمد خاں غفلت رامپوری، عنبر شاہ خاں آشفتہ رامپوری اور معظم عباس معظم رامپوری اس کے معروف تلامذہ ہیں۔

قدرت اللہ کی غزلیات کے مقاطیع میں جہاں شوق تخلص آیا ہے وہاں قدرت بھی۔ مصحفی نے تذکرۂ ہندی میں تحریر کیا:

> ''مولوی قدرت اللہ قدرت تخلص مولف تذکرۂ ہندی گویان کہ بالفعل در رامپور استقامت دارد، فقیر اورا در ایامیکہ بہ رفاقت نواب محمد یار خاں عز و امتیاز داشت، پیش محمد قائم روزے دیدہ بود۔''

مصحفی نے ریاض الفصحا میں تحریر کیا:

> ''مولوی قدرت اللہ مرحوم شوق تخلص ساکن رامپور فاضل متبحر بود، بمقتضاے موزونی فکر شعر ہم می نمود و آنجا نظیر خود نہ داشت۔''

ہر چند مصحفی نے قدرت اللہ کا دو تخلصوں کے ضمن میں دو تذکروں میں ذکر کیا لیکن شوق اور قدرت ایک ہی شاعر ہے۔

کیا قدرت اللہ شوق شاگرد قائم چاندپوری کا تھا؟ دراصل یہ بات ہنوز محتاج شہادت ہے۔ مصحفی اور خود شوق نے اپنے تلمذ کا ذکر نہیں کیا۔ یہ بھی غور طلب ہے کہ شوق نے قائم کے ترجمے میں اس کے

ایک شعر پر اصلاح دی ہے جس کی جرأت ایک شاگرد نہیں کرسکتا۔ لہذا شوق نے کس کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا؟ یا کیا اس نے خود کو استادی شاگردی کے جھمیلے سے آزاد رکھا اور صرف اپنی فکر کو رہنما بنایا؟ ایک ایسی بات ہے جس کے لیے قوی شہادت کی ضرورت ہے اور جو ہنوز ہم دست نہیں۔

شوق نے شاعری کے علاوہ علمی کام بھی کیا جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

(۱) طبقات الشعرا، سال تالیف ۱۷۷۵ء، تذکرہ ریختہ گویان بہ زبان فارسی، سال طباعت ۱۹۶۸ء، مجلس ترقی ادب، لاہور

(۲) تاریخ جام جہاں نما، سال تالیف ۱۷۸۵ء، حالات سلاطین واولیاے ہندوایران بہ زبان فارسی، غیر مطبوعہ، مخطوطہ رامپور رضا لائبریری رامپور میں محفوظ ہے۔

(۳) تکملۃ لشعرا، جام جمشید، سال تالیف ۱۷۹۸ء، تذکرہ شعرائے عرب وعجم بہ زبان فارسی، غیر مطبوعہ، رامپور رضا لائبریری رامپور میں اس کے دو قلمی نسخے محفوظ ہیں۔ ایک ۱۸۰۳ء کا اور دوسرا ۱۸۲۸ء کا۔ شوق نے یہ تذکرہ برائے تکملۂ تاریخ جام جہاں نما تالیف کیا۔

(۴) دیوان اشعار، عبدالغفور نساخ کے مطابق دو دواوین تھے، ایک دیوان پنڈت دتاتریہ کیفی کے کتب خانے میں تھا۔ دونوں دواوین نایاب ہیں۔

شوق نے طبقات الشعرا تالیف کر کے دور قدیم کے ریختہ گویان کٹھیر سے متعارف کرایا۔ اس نے اپنی قریبی اور شخصی واقفیت کی بنا پر اپنے ہم عصر شعرا کے حالات اور ان کے اشعار زیادہ دیے۔ اس نے بعض ایسے شعرا کو بھی اپنے تذکرے میں شامل کیا جن کا ذکر دوسرے تذکرات میں نہیں ملتا۔ وہ ایک بڑا مربی سخن اور محسن ادب تھا۔

شوق نے اپنے ہم عصر اساتذہ کا وافر کلام اپنے تذکرے میں نقل کیا۔ خود اس نے اپنے اشعار بھی کثرت سے نقل کیے۔ اس کے اشعار کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے صحت زبان اور صحت محاورہ پر نظر رکھی۔ ژولیدہ خیالی، بے جا مضمون طرازی اور ادق زبان وخیال سے اپنے کلام کو بچائے رکھا۔ اس کی زبان اور اس کے خیال میں سلیقے کا تعلق ہے۔ اس کو اساتذہ میں شمار نہ کرنا، اس کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔ بطور نمونہ مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

دین و دل، صبر و قرار و خرد و تاب و تواں — گھر کا گھر لٹ گیا، پر ہم سے بچایا نہ گیا

اپنے، بیگانے، تری یاد میں سب بھول گئے ۔۔۔ پر تری یاد کو ٹک دل سے بھلایا نہ گیا
کل خبر اس کے سفر کی، میں سنی تھی، اے شوق ۔۔۔ چل کے دیکھیں تو بھلا، آج گیا یا نہ گیا
ہے یہ اس کج کلاہ کی حشمت ۔۔۔ جیسے ہو بادشاہ کی حشمت
مغفرت ہاتھ باندھ کر آئی ۔۔۔ دیکھ میرے گناہ کی حشمت
ہوگئی شوق، عرش کے بھی پرے ۔۔۔ کیا کہوں اپنی آہ کی حشمت
جی سکھ، کبھی دل سکھ، کبھی تن سکھ، کبھی من سکھ ۔۔۔ جپتا ہوں پڑا دل سے، پیارے، ترا ہر نام
وسعت دل یہ چاہتی ہے مری ۔۔۔ لامکاں پر مکاں بنایئے گا
کٹی جس طرح عمر حسرت میں سب ۔۔۔ تو یہ دن بھی دم میں گزر جائے گا
سب سے الفت، اسے کیا کہتے ہیں ۔۔۔ ہم سے نفرت، اسے کیا کہتے ہیں
میرے ملنے ستی اتنا پرہیز ۔۔۔ بل بے غیرت، اسے کیا کیا کہتے ہیں
چھوڑ کر مجھ کو، تو اوروں سے ملے ۔۔۔ بے مروت، اسے کیا کہتے ہیں
چاہیے روم ہی جاگیر، نہ یاں شام مجھے ۔۔۔ منصب عشق میں زلف اس کی ہے، لکھ دام مجھے
ہے چشم مری یا کوئی ساون کی جھڑی ہے ۔۔۔ عالم کے ڈبانے کے، مگر پیچھے پڑی ہے
اس کالی گھٹا بیچ نہیں بگلوں کی یہ ڈار ۔۔۔ اندر کی پری موتی کے دے مانگ کھڑی ہے
شب تنگ و درپیش ہے افسانۂ کاکل ۔۔۔ کیوں کر کروں کوتاہ، حکایت یہ بڑی ہے
سودا و یقیں درد، حزیں سن کے ہوے دنگ ۔۔۔ قدرت ترے اشعار کی کیا دھوم پڑی ہے
در بہ درخاک بسر کرتے ہی دیکھا، شب و روز ۔۔۔ مثل خورشید جو طالب کوئی زر کا نکلا
منھ سے ذرا اٹھالے تو آنچل نقاب کا ۔۔۔ بازار بہت گرم ہے کچھ آفتاب کا
دل ایک اور آفتیں درپیش سیکڑوں ۔۔۔ غمزہ، ادا، نگاہ، تبسم اور آن، ناز
تو بھی تو آکے سیر دل داغ داغ کر ۔۔۔ روشن کیا ہے گھر ترا، لاکھوں چراغ سے
گل کترتا ہے ہر اک بات میں تو تو اے شوق ۔۔۔ کیا بیاں کیجیے ترے طرز سخن کی خوبی
کارواں لد گیا، قدرت کا خدا حافظ ہے ۔۔۔ یوں ہی جاتا ہے، رہا بے سروساماں باقی

قدرت اللہ شوق کا تعلق قدما کے عہد وسطیٰ سے تھا لہٰذا اس عہد کے اساتذہ کی طرح اس کے

اشعار میں داخلیت و خارجیت کی یکجائی ملتی ہے۔اس کا اصل کارنامہ اس کی وہ کوشش ہے جو اس نے زبان کو نکھارنے میں کی۔

شوق کی وفات ۱۲۲۴ھ مطابق ۱۸۱۰ء میں ہوئی۔اس کے شاگرد حکیم احمد خاں فاخر رامپوری نے قطعۂ تاریخ وفات تحریر کیا۔

سفر کرد از جہاں چوں حضرت شوق　　برآورد از زبان ہر یک بشر ہائے
دلم تاریخ گفت از روے افسوس　　سراج شاعری اب بزم شد وائے

۱ + ۱۲۲۳ = ۱۲۲۴ھ

حوالہ جات: تذکرۂ ہندی ص ۱۵۰، ریاض الفصحا ص ۱۷۵، مقدمہ طبقات الشعرا ص ۱۸ تا ص ۶۸، طبقات الشعرا ص ۶۲۳، عمدۂ منتخبہ ص ۳۷۵، مجموعۂ نغز جلد ۱، ص ۳۵۱، خوش معرکۂ زیبا، جلد ۱ ص ۳۰، انتخاب یادگار ص ۱۸۳، دیباچہ مثنوی پدماوت از عبرت و عشرت

صلّی علی:

پھاٹک برکات احمد محلّہ ذخیرہ بریلی میں داخل ہوتے ہی بائیں جانب ایک مقبرہ ہے جو عہد روہیلہ کے طرز تعمیر کا نمونہ ہے۔ پھاٹک کے اندر مفتیان کے امکنہ اور ایک پرانا گورستان ہے۔خاندان مفتیان اور پاس پڑوس کے معمر لوگ بتاتے ہیں کہ مقبرہ میں میر صلّی علی کی قبر ہے اور موجودہ صدی کی ابتدائی دہائیوں میں عرس بھی ہوتا تھا۔مفتی صادق حسن صادق نے جو خاندان مفتیان کا ایک ذی علم اور معمر فرد تھا، میر صلّی علی کا ایک شعر بھی سنایا جس سے نواب حافظ رحمت خاں کی تاریخ شہادت ۱۱۸۸ھ (مطابق ۱۷۷۴ء) برآمد ہوتی ہے۔وہ شعر یہ ہے:

چو از لفظ ظفر تاریخ جستند　　پئے باقی سر حافظ بریدند

یعنی ظفر کے ۱۱۸۰ اور ح کے ۸/ اعداد مل کر ۱۱۸۸ بنتے ہیں۔اپنے معنی اور تلمیح ۸ کی رعایت سے یہ ایک بے مثل تاریخ ہے۔الطاف علی بریلوی نے حیات حافظ رحمت خاں میں اس تاریخ کو نقل کیا لیکن شاعر کے نام کی جگہ لاعلم لکھا۔یہی تاریخ انہدام مقبرہ بہ سال ۱۹۸۹ء سے پہلے اندرون حریم کندہ تھی۔

طبقات الشعرا میں ایک شاعر مسمیٰ اعلیٰ علی خلف میر ولایت علی خاں و برادر اکبر محتشم علی خاں وحشت کا مذکور ہوا۔ نام کی مناسبت اور عہد و مقام کی یکجائی سے یہ گمان ہوتا ہے کہ صلّی علی کا تعلق محتشم علی خاں وحشت کے خانوادے سے ہوسکتا ہے۔ ہر چند اس کے حالات اور اشعار ہم دست نہیں ہوئے، اس بات پر یقین کرنے کو جی چاہتا ہے کہ جو شاعر ایسی بے مثال تاریخ کہہ سکتا ہے وہ فارسی و اردو کا ضرور قادر الکلام شاعر ہوگا۔

حوالہ جات: حیات حافظ رحمت خاں ص۲۳۲، طبقات الشعرا ص۵۸۴

صنعت، میر ملّھو:

اس کا وطن شاہ جہاں آباد تھا، پرورش آنولہ میں ہوئی اور قیام رامپور میں، اس کا تخلص سرور بھی تھا، قدرت اللہ شوق کی تحریر کے مطابق اس کا نسبی تعلق حسینی سادات سے تھا۔ درویش اور تجرید و تفرید پسند تھا، کبھی کبھار اردو و فارسی میں شعر کہتا، مولوی غلام جیلانی رفعت رامپوری کا شاگرد تھا۔

از وست:

گریں آنکھوں سے اب لخت جگر، یوں ہوتو بہتر ہے — بنے گلریز سا مژگان تر، یوں ہوتو بہتر ہے
سبو ہو، بادہ ہو، ساقی ہو، ساغر ہو، لب جو ہو — اگر اوقات کچھ اپنی بسر یوں ہوتو بہتر ہے
نشے میں چور ہو اور ہاتھ میں مینائے پُر مے ہو — ہمارے گھر میں گر وہ جلوہ گر یوں ہوتو بہتر ہے
سرور اپنے تن بے جاں میں وہیں جان پڑ جائے — بھڑا دے لب سے لب وہ سیم بر، یوں ہوتو بہتر ہے

قدرت اللہ شوق نے ہی تکملۃ الشعرا میں فارسی شعرا کا ذکر کرتے ہوئے میر ملّھو کا تخلص صفت درج کیا۔ اس کے فارسی کلام کا نمونہ یہ ہے:

پژمردہ شود عارضش از تابِ نگاہم — ایں آئینہ از جلوہ پرستاں گلہ دارد
درغم زلف اوسیہ پوش است — سوگوار مرا تماشا کن

میر ملّھو کے اردو دیوان کا مخطوطہ رامپور رضا لائبریری رامپور میں محفوظ ہے۔

حوالہ: انتخاب یادگار ص۲۰۳

صفاؔ، ذوالفقار علی:

جہاں گشت تھا، شہر شہر گھومتا رہا، جہاں مقیم ہوا وہیں کا کہلایا، اس کا مولد بریلی تھا جیسا کہ خود اس نے تحریر کیا:

بریلی والے ہیں جو میر ذوالفقار علی
انہیں بزرگ کا شاید صفاؔ تخلص ہے

بریلی سے لکھنؤ گیا اور میر تقی میر (م۱۸۱۰ء) کا شاگرد ہوا۔ لکھنؤ سے بنگال اور بنگال سے چنیا پٹن مدراس پہنچا۔ حیدرآباد دکن جا کر راجہ چندولال کی مصاحبت اختیار کی۔ احمد آباد گجرات میں بھی قیام کیا۔ ادبی صلاحیت کا مالک، غزل، مثنوی، منقبت اور قصیدہ نگار، صاحب دیوان شاعر تھا۔ اس نے مندرجہ ذیل کتب تحریر کیں:

(۱) دیوان صفاؔ: اس کا مخطوطہ سنٹرل لائبریری حیدرآباد دکن میں ہے۔

(۲) مثنوی چھومنتر: غیر مطبوعہ۔

(۳) زادالآخرت: موضوع ذکر شہادتین، لگ بھگ چار ہزار ابیات پر مشتمل، مطبوعہ مدراس ۱۸۰۳ء۔

(۴) مناظرۂ صفا بریلوی اور فیاض ویلوری: غیر مطبوعہ، سال تالیف ۱۸۰۵ء، مدراس۔

(۵) ترجمۂ حملہ حیدری: رفیع خاں باذل کی مثنوی حملۂ حیدری کا فارسی سے اردو ترجمہ، غیر مطبوعہ، سال تالیف ۱۸۲۸ء، اس کا مخطوطہ نیشنل لائبریری کراچی میں محفوظ ہے۔

صفا کے اشعار میں صفائی اور سلاست ہے۔ روزمرہ اور محاورہ ہے۔ بریلی کے عہد قدیم کے شعرائے متاخرین میں نمایاں حیثیت کا مالک ہے۔ ازوست:

کون سنتا ہے فغانِ درویش — قہر درویش بجانِ درویش

اپنے تئیں کام نہ آوٴ، کہ مت آوٴ تم — ہم نے اب صبر کیا، اپنا کیا پاوٴ تم

دل کو خوں ناب کیا، تب سخن دل سمجھا — مشکل آساں ہوئی، آسان کو مشکل سمجھا

زہے بگاڑ کہ گویا، کبھی کا میل نہ تھا — یہی مثل ہے کہ پھر ان تلوں میں تیل نہ تھا

یہ تحمل نہ کرے کیوں ترا بسمل پیدا — کھا کے پیکان کیا اس نے نیا دل پیدا

مگر لیلیٰ کو شاید قیس کا دھوکہ ہوا یارو جوسن کرشب مری زنجیروں کی جھنکار اٹھ بیٹھا
داغ سینے کے مرے روشن ہیں اس انداز سے جوں مرادوں میں کرے روشن کوئی گھر کے چراغ
محتسب جھوٹ ہے، مے کس نے بھری شیشے میں رہ گئی ہے مرے آنسو کی تری شیشے میں

حوالہ جات : تذکرۂ ہندی ص ۱۴۰، عمدۂ منتخبہ ص ۴۰۰، خوش معرکۂ زیبا، جلد ۲، ص ۵۳۶، تذکرۂ شعرائے دکن، حصہ دوم، ص ۶۱۵

صادقؔ، بھیت رام:

اس کا نام ہیبت رام کی بجائے بھیت رام درست معلوم ہوتا ہے۔ بھیت مرکب ہے بھے اور ایت کا۔ بھے معنی خوف، یعنی خوف سے بھرا ہوا، بھیت رام کے معنی ہوئے رام سے ڈرنے والا۔ بھیت رام بریلی میں قانون گو تھا۔ شاعری میں فارغ شاہ فارغؔ (م ۱۸۴۰ء) کا شاگرد تھا۔ اس کے جو اشعار غزل تذکرات میں منقول ہوئے ان میں فکر کم اور معشوقیت زیادہ ہے۔ از وست:

میرے دل حزیں کو تم افگار کر چلے اے واہ وامیاں یہ بھلا پیار کر چلے
دل کے تئیں تو کہتے ہیں سب خانۂ خدا تم خانۂ خدا کو بھی مسمار کر چلے

حوالہ جات: طبقات الشعرا، ص: ۵۹۵، خمخانۂ جاوید، جلد ۵، ص: ۲۵۰

صاحب، سعادت یار خاں:

ابن حافظ محمد یار خاں بن نواب حافظ رحمت خاں، صاحب زہد و تقویٰ، اس نے نواب مستجاب خاں کی فارسی تالیف گلستان رحمت کا خلاصہ گل رحمت کے نام سے کیا جو بہت مقبول ہوا۔ مربی سخن تھا، نذیر الدین حسن شائق، عبدالملک ممتاز اور گنگا پرشاد رند، اس کے مصاحبین میں تھے۔ اس نے نذیر الدین حسن شائق سے اپنے اشعار پر اصلاح لی۔ آخر عمر میں حج بیت اللہ کے لیے روانہ ہوا لیکن دوران سفر بڑودہ میں فوت ہوا (م ۱۸۳۹ء) اور بڑودہ میں ہی مدفون ہوا۔ از وست:

گر کہیے کہ بیٹھا و بت مغرور، ورے ہو تو رک کے یہ کہتا ہے کہ چل دور پرے ہو
صاحبؔ تو نیا زخم بھی پھر کھائیو لیکن پہلے ترے سینے کا، یہ ناسور بھرے تو

حوالہ جات: تذکرۂ گلشن ہمیشہ بہار ص ۲۱۲، حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۲۱

ضمیؔر، ہدایت علی خاں:

محمد شاہ (م ۱۷۴۸ء) کا امیر، صوبیدار بریلی بہ سال ۱۷۴۷ء، علم وفضل سے آراستہ، غلام حسین مولف سیر المتاخرین اس کا ہی فرزند تھا۔ سخن سنج اور سخن پرور امیر تھا اصلاً فارسی گو، کبھی کبھار اردو میں بھی فکر سخن کرتا، اس کا تخلص ہدایتؔ بھی تھا، من کلامہ:

ہرگز یہ میرے عشق کا سِر فاش نہ ہوتا　　کرتا نہ اگر آکے، مرا پردہ دری رنگ
ایک دن سررشتۂ الفت کے ساتھ　　دیکھ کر چکیے ۹ کو میں دلبر کے ہاتھ
ازروے حسرت کہا، کیا ہے تجھے　　کیوں ہے اتنی بےخودی، سچ کہہ مجھے
تب کہا چکیے نے روکر زار زار　　کیا کروں، میرا نہیں کچھ اختیار
رشتہ در گردنم افگندہ، دوست　　می برد ہر جا کہ خاطر خواہ اوست

اس کی وفات ۱۷۵۲ء میں ہوئی۔

حوالہ جات: تذکرۂ شعرائے اردو ص ۱۹۶، طبقات الشعرا ص ۲۷ مع فٹ نوٹ، گلشن ہند ص ۱۷۰

ضبطؔ، حسن شاہ:

بزمانۂ نواب حافظ رحمت خاں آنولہ میں پیدا ہوا۔ حافظ رحمت خاں کے زوال کے بعد (۱۷۷۴ء) کانپور ہوتا ہوا لکھنؤ پہنچا، لکھنؤ میں جرات (م ۱۸۱۰ء) کا شاگرد ہوا، اس نے ۱۷۹۰ء میں بزبان فارسی ایک سچی عشقیہ کہانی لکھی جس کا اردو ترجمہ اس کے برادر خورد حسین شاہ حقیقتؔ نے ۱۷۹۷ء میں کیا اور اس کا نام جذب عشق رکھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس نے مذکور الصدر کہانی کے علاوہ ایک اور فارسی میں ناول لکھا جس کا نام قصۂ حسن وعشق تھا (۱۷۹۱ء) اور جس کا اردو ترجمہ نشتر کے نام سے منشی سجاد حسین انجم کسمنڈوی (م ۱۹۱۳ء) نے کیا۔ اس قیاس کی بنیاد یہ امر ہے کہ جذب عشق اور نشتر کی کہانیاں مختلف ہیں۔ نشتر کا مطبوعہ نسخہ رضا لائبریری رامپور میں محفوظ ہے۔

مجموعہ نظم شبلی اردو مع سوانح عمری، ازعبدالحلیم شرر لکھنوی (م ۱۹۱۶ء) رنگین پریس دہلی میں طبع ہوکر قومی پریس چھتہ لال میاں دہلی سے شبلی کی وفات (۱۹۱۴ء) کے بعد شائع ہوا۔ اس کتاب کے

آخر میں یہ اشتہار ملتا ہے ''مثنوی نشترِ غم یعنی سید حسن شاہ اور خانم جان کا وہ دردانگیز اور سچا قصہ جو نشتر ناول سے لے کر گلزارِ نسیم کی بحر میں نہایت ہی معنی خیز اشعار کے پیرایے میں بہ طرز جدید نظم کیا گیا۔ قیمت فی جلد ۱۰/ اس سے مستفاد ہوا کہ قصۂ حسن و عشق (نشتر) ضبط کے خانم جان سے سچے عشق پر مبنی ہے۔

لہٰذا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پہلا قصہ (۱۷۹۰ء) جگ بیتی اور دوسرا قصہ (۱۷۹۱ء) آپ بیتی ہے۔ دونوں ہی سچی عشقیہ کہانیاں ہیں، دونوں ہی فارسی میں ہیں۔

مثنوی نشترِ غم، نایاب ہے۔ یہ کس شاعر نے تحریر کی معلوم نہیں ہوسکا۔

اعظم الدولہ سرور نے مزید اطلاع دی کہ حسن شاہ ضبطؔ نے مراۃ حیدری اور کئی منظوم رسالے رمل و جفر کے موضوع پر تحریر کیے۔

قدرت اللہ قاسم نے ضبطؔ کی شاعری پر تبصرہ کرتے ہوئے تحریر کیا:

''از خوش فکرانِ بلدۂ لکھنؤ و صاحب طرز آن جا۔''

اور ایک شعر بھی نقل کیا:

نقدِ دل وحشت میں کھو کر اک جنوں پیدا کیا
ہم نے بازارِ محبت میں یہ کیا سودا کیا

حسن شاہ ضبطؔ ۱۸۳۴ء تک بالباس فقیری حیات تھا، اس کی وفات کب ہوئی، علم میں نہیں۔

حوالہ جات: عمدۂ منتخبہ ص ۴۰۴، مجموعۂ نغز ص ۴۹۴، شاہ حسین حقیقت ص ۸۲/ اور ص ۲۳۷

عنایتؔ، عنایت خاں:

خلف نواب حافظ رحمت خاں، بہت بہادر، جنگ پانی پت (۱۷۶۱ء) میں دادِ شجاعت پائی۔ سیاسی طور پر بالغ نظر، دوست نما دشمنوں نے نقصان پہنچایا جو بالآخر روہیلوں کے زوال کا باعث ہوا، اس کو فیض اللہ خاں کی بہن منسوب تھی۔ فیض اللہ خاں سے اس کے تعلقات راست نہیں تھے اور باہمی کشیدگی تھی۔ سخن سنج اور سخن پرور امیر تھا، میر عوض علی مدعا بہ مشاہرہ یک صد روپیہ اس کی

سرکار میں ابتداً ملازم تھا۔ عباس خاں عباس بھی اس سے وابستہ تھا، صاحب دیوان تھا، صرف ۳۳ برس کی عمر میں ۱۷۷۳ء کو فوت ہوا، محلّہ باقر گنج بریلی میں بیریوں والے باغ میں تدفین ہوئی۔ الطاف علی بریلوی نے قبر پر کتبہ لگوا دیا تھا۔ از وست:

کل مرے دیوانے دل کی، قید کی تدبیر تھی
زلف کا کھلنا نہ تھا، گویا وہی زنجیر تھی

حوالہ جات: طبقات الشعراص ۴۵۲، تذکرہ شعرائے اردو ص ۱۷۲،
تاریخ روہیل کھنڈ عاصی ص ۱۰۰، حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۱۳

عباسؔ، عباس خاں:

آخون زادہ ہمت خاں کا پسر، آخون زادہ ارادت خاں۱۰؎ کا برادر زادہ، نواب عنایت خاں کا مصاحب، قدرت اللہ شوق نے اس کو آنولہ میں دیکھا تھا۔ شوق نے مطلع کیا کہ عباس عالی حوصلہ، خوبصورت، پاکیزہ سیرت اور باتمکنت تھا اور نومشقی کے باوصف ذہین تھا اس کو قائم سے تلمذ تھا۔ از وست:

جز عشق وسوز، دیرونہ کعبہ سے کام ہے — اس کو تو رام رام اور اس کو سلام ہے
رخ دام، زلف دام ہے، کاکل بھی دام دل — ہے راست یہ کہ اسکا ہر اندام دام ہے
بازار وشہر ومسجد ومے خانہ، باغ وراغ — دیکھا تو تیرے عشق ہی کی دھوم دھام ہے

عظیمؔ:

مصحفی نے اس کو آنولہ میں دیکھا، مصحفی کے بیان کے مطابق جوان العمر اور سپاہی پیشہ تھا اور اس نے مصحفی کو ایک غزل بھی سنائی جس کے تین اشعار مصحفی نے تذکرۂ ہندی میں نقل کیے، بعد کو اعظم الدولہ سرور نے بتایا کہ عظیم باشندۂ آنولہ تھا، جس کی تائید قدرت اللہ قاسم نے کی۔ ان تذکرہ نگاروں نے عظیم کا نام نہیں تحریر کیا اور نہ اس کے تلمذ پر مطلع کیا، قیاساً اس کا نام بھی عظیم تھا، عظیم خاں وغیرہ۔

مصحفی کے نقل کردہ تین اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

کارواں اشک کا ہوتا ہے رواں آنکھوں سے　　تم کو بھی آہ و فغاں، ہم یہ خبر کرتے ہیں
کوئی گر تم میں سے چلتا ہے تو آجائے شتاب　　ورنہ اب یار کوئی دم میں سفر کرتے ہیں
کچھ نگہ میں نہیں آتا ہے بجز جلوۂ یار　　جب کہ ہم دل میں عظیم اپنے نظر کرتے ہیں

یہ اشعار کافی رواں اور دلکش ہیں۔

حوالہ جات: تذکرۂ ہندی ص ۱۵۲، عمدۂ منتخبہ ص ۴۳۷، یادگار شعراء ص ۱۲۲، مجموعۂ نغز جلد ۲، ص ۳۹۶

عاصیؔ، عبداللہ خاں:

خلف نواب علی محمد خاں (م ۱۷۴۹ء) ۱۷۳۲ء میں پیدا ہوا، فارسی و اردو کے علاوہ ترکی بھی جانتا تھا، ذہین اور طباع تھا، بہت سریع الحس اور لاابالی ہونے کی وجہ سے بے کار وقت صرف کرتا تھا۔ کبھی لہو و لعب میں مبتلا ہوتا اور کبھی اوراد و وظائف میں، حکومت کا سودا بھی سر میں سمایا اور اپنے مربی نواب حافظ رحمت خاں کو قتل کرانے کی سازش کی۔ سخن سنج اور سخن پرور تھا، کسی کا شاگرد نہیں ہوا، اپنا تخلص بدلتا رہتا، کبھی عاصی، کبھی مبتلا اور کبھی آزاد، ترتیب کلام پر توجہ نہیں دی۔ اپنی غزلیات دوسروں کو بخش دیتا، عمر آخر میں ۱۷۶۵ء کو میر فیض علی ابن میر حسن کو خدمت اشعار نویسی پر ملازم رکھا لیکن نقل شدہ کلام نایاب ہو گیا، اسی زمانے میں شیر اور سانپ پالنے کا شوق پیدا ہوا جن سے وہ کھیلتا تھا۔ ایک دن سانپ نے ڈس لیا اور صرف ۳۵ سال کی عمر میں ۵ر صفر ۱۱۸۱ھ/۳ر جولائی ۱۷۶۷ء کو فوت ہوا۔ اس کا مقبرہ اوجھیانی (بدایوں) میں واقع ہے اور لوگ اس کے مزار پر چراغ بتی جلاتے ہیں، منتیں مرادیں مانگتے ہیں۔

اس کا فرزند نواب نصر اللہ خاں مشہور ہوا، اس کے نام پر رامپور میں بازار نصر اللہ خاں ہے۔
عاصی کی قادر الکلامی میں شبہ نہیں لیکن اس کے لاابالی پن کی وجہ سے اس کے اشعار نقائص سے خالی نہیں۔ از وست:

یاد آں جلوہ گہے می آید　　خانہ برباد دہے می آید
وعدہ ہاے کہ وفا بود بہ سال　　شکر اللہ بہ مہے می آید

تپش دل چہ قدر جانسوز ست پائے کوباں زرہے می آید
در چمن بہر کہ آئیں بستند نوعروسانہ شہے می آید
می رود ملک سلیماں برباد مور خط را سپہے می آید
رحم کن بہر بیانِ کہ بود
عاصیے روسیہے می آید
نگہ کے نیشتر سے کیا، رگ جاں صاف کھولی ہے
یہ نازک کام تھا، پیارے، اسے فصّاد کیا جانے

حوالہ جات: طبقات الشعراص ۴۵۱، اخبار الصنادید، جلد ا،ص ۲۸۹ تاص ۲۹۴

عشقی، غلام حضرت:

غلام نبی (م۱۸۱۲ء) کا پسر، اس کا جد امجد مفتی درویش محمد (م۱۷۶۹ء) عہد روہیلہ میں معزز ومحتشم تھا۔ بدایوں کے عثمانی خاندان کا فرد تھا، اس خاندان نے خاص طور پر قاضی ثناء اللہ (م۱۷۷۵ء) نے من جملہ پسران علی محمد، پسران فتح خاں خانساماں اور پسران دوندے خاں روہیلوں کے خلاف شجاع الدولہ سے سازش کی اور شجاع الدولہ کی روہیلوں پر فتح کے بعد قاضی ثناءاللہ کو جاگیر ومراعات ملیں۔

عشقی مرزا محمد حسن قتیل (م۱۸۲۷ء) کا شاگرد اور فارسی گو تھا۔ اس کے فارسی دیوان کا مخطوطہ رامپور رضا لائبریری رامپور میں محفوظ ہے۔ از وست:

بود عشقی کہ برندی مشہور پارسا بود، نمی دانستم

حوالہ جات: اکمل التاریخ ص ۳۰، تاریخ فرخ آباد قلمی ص ۴۳۴،
گلدستۂ کمال دہلی ص ۳

عزت اللہ عباسی:

اس کا تعارف قدرت اللہ شوق نے کرایا لیکن تخلص نہیں لکھا۔ قدرت اللہ شوق نے تحریر کیا کہ عباسی پابندی سے شعر نہیں کہتا تھا اور نہ شاعری کو باعث عزت سمجھتا تھا، بس گاہے ماہے شعر کہہ لیا

کرتا تھا۔ از وست:

تیری ہی کچھ پڑی نہیں، یہ زلف پیشِ پا
اہل زمیں پہ اتری ہے، بالا سے یہ بلا

حوالہ: طبقات الشعراء، ص۵۶۴

عاصیؔ، محمد شرف:

خلف اباذر، پیرزادہ، باشندۂ آنولہ، جوان وجیہ خوش اطوار باخلق، قدرت اللہ شوق پر مہربان، ایک مختصر دیوان مرتب کیا۔ رعایت لفظی کا دلدادہ معلوم ہوتا ہے، مقطع غزل میں اکثر مدح عبدالقادر جیلانیؒ کرتا تھا۔ از وست:

تیغِ نگاہ ڈوب رہی ہے لہو میں آج — کس خانماں خراب کو تم پار کر چلے
زلفِ سیہ کے پیچ میں جاتا ہے خود بخود — اس دل کو ہائے کچھ نہیں کالی بلا کا خوف
ہمیشہ غیر پر کرنا کرم اور مجھ پہ جھنجھلانا — نہیں معلوم مجھ سے کیا ہوئی تقصیر صاحب کی

حوالہ: طبقات الشعرا، ص:۴۷۲

عشرتؔ ہزّال:

محمد یار خاں امیرؔ (م۱۷۷۵ء) کی سرکار میں ملازم تھا، مصحفی نے ان شعرا کے اسما لکھتے وقت جو امیرؔ کی سرکار میں ملازم تھے، اس کا بھی تخلص لکھا۔ لیکن مصحفی نے اس کو اپنے کسی بھی تذکرے کے ترجموں میں شامل نہیں کیا۔ قدرت اللہ شوق کے مطابق اس کو غرّہ شاعری تھا۔ ہر چند کہ مہمل گو تھا، مشاعروں میں مضحکات کی وجہ سے نشانۂ تمسخر بنتا، قابل زیارت تھا، شوق نے اس کا ایک شعر نقل کیا:

عشرتؔ کا سخن سروِ چمن سے بھی ہے بلند
انصاف کرو یارو، نہیں تاڑ میں تڑ بنگ

اور تبصرہ کیا کہ: ''خداوند کہ چہ معنی ارادہ نمودہ است، ایں سخن مہمل گو تا حال بہ نظر نیامدہ۔''

حوالہ جات: تذکرۂ ہندی ص۱۳، طبقات الشعراء ص۵۶۹

عشرتؔ، میر غلام علی:

خلف میر معظم علی مشہدی، ساکن محمد گڈھیّا بریلی، رامپور میں مقیم ہوا، نواب محمد خاں خواہر زادہ نواب فیض اللہ خاں (م۱۷۹۴ء) کی سرکار میں ملازم ہوا۔ قدرت اللہ شوقؔ کی محفل سخن میں شریک ہوا۔ شوق کی فرمائش پر ہی میر ضیاء الدین عبرت کی ادھوری منظوم پدماوت کو ۱۷۹۶ء میں مکمل کیا۔ مصحفی نے اطلاع دی ''جوانِ کثیر الکلام است دیوان ہا و مثنوی ہاے متعددہ دارد'' اس کی تالیفات مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) ریاض الحسین: اردو مثنوی، حضرت آدم سے مہدی آخرالزماں تک کے حالات پر مشتمل، غیر مطبوعہ، سال تالیف ۱۸۰۸ء، مخطوطہ رامپور رضا لائبریری، رامپور میں محفوظ ہے۔

(۲) سحرالبیان: منثور داستان، غیر مطبوعہ، سال تالیف 1815ء، اس کا مخطوطہ بھی رامپور رضا لائبریری، رامپور میں محفوظ ہے۔

(۳) پدماوت: مثنوی، اس نے نصف تحریر کی، سال تالیف ۱۷۹۶ء، مطبوعہ مطبع مصطفائی، بیت السلطنت لکھنؤ، ۱۸۴۸ء۔

(۴) دیوان: غیر مطبوعہ، مخطوطہ رامپور رضا لائبریری، رامپور میں محفوظ ہے۔

شاعری میں مرزا علی لطفؔ کا شاگرد ہوا۔ اس نے مثنویات میں سلیس و بامحاورہ اسلوب بیان اختیار کیا لیکن غزلیات میں داخلیت کم اور خارجیت زیادہ ہے۔ نوابین کی ملازمت، ارباب نشاط میں اس کے کلام کی مقبولیت، کچھ عصری میلانات شاعری کا اثر، زود گوئی اور فکر نہ کرنے کی عادت، ان سب باتوں نے اس کو جذبات و محسوسات سے باز رکھا۔ اس کا کلک سخن خارجی حسن اور خارجی معاملات کی معشوقیت کی ہی عکاسی کرتا رہا۔ اس کی حسن خیزی میں کشش ہے لیکن حسن کی جمالیات نہیں ہے۔ اس کے اسی رنگ تغزل کو فروغ ملا اور اس کے تلامذۂ بریلی نے اسی رنگ کو اختیار کیا۔

عشرتؔ کا یہ بھی کارنامہ ہے کہ زوال روہیل کھنڈ (۱۷۷۴ء) کے بعد بریلی کی محفل سخن میں جو انتشار اور خلا پیدا ہوا، اس نے اپنے تلامذہ کے لیے اس کو دور کیا، پُر کیا۔

عشرتؔ کی غزلیات کا مختصر انتخاب اشعار مندرجہ ذیل ہے:

روز تقسیم حسن دلبر تھا
عشق تھا آگ میں سمندر تھا

زلف سے کیوں نہ دل کو ہوتا ربط
وہ پریشاں تھی یہ بھی ابتر تھا

صاف باتوں سے ہم سمجھتے تھے
کہ مزاج آپ کا مکدر تھا

بے حجابانہ آگئے ہوتے
کیا تکلف تھا، آپ کا گھر تھا

ماجرا میری چشم کا عشرتؔ
رقّتِ نوح سے فزوں تر تھا

شکوۂ جوروجفا کیجیے کس کا ہمدم
دشمن جاں ہے بغل میں دل مضطر اپنا

میں وہی ہوں، کہ میں روتوں کو ہنساتا تھا صدا
اب یہ مشکل ہے کہ ہنستوں کو رلا جاتا ہوں

اس لطافت سے پسینہ ، کیا کہیں
صبح برگ گل پہ شبنم، دیکھ لو

ناصحا! میرے سیم بر کو دیکھ
اور انصاف سے قمر کو دیکھ

دل دیا میں نے، تو اپنا ہی دیا ہے، یارو
کیا بھلا اس میں کسی کا، جو برا کہتے ہیں

شب وصال میں دل پر قلق ابھی سے ہے
سحر ہے دور مرا رنگ فق ابھی سے ہے

ہنوز وقت ہوا بھی نہیں ترا بسمل
کہ زلزلہ میں زمیں کا طبق ابھی سے ہے

جیسے ہے کان اس کی آہٹ پر
آنکھ حلقہ بنی ہے چوکھٹ پر

منہ پر نتھ اور بالا، دونوں میں بھرے موتی
اک ماہ پہ دو ہالا، پر ہاتھوں میں تارے ہیں

جو کہ خوبی نہ فرشتے کے خیالات میں ہے
خوب دیکھا تو وہ انسان ہی کی ذات میں ہے

ایک گرمی ہی نہ سب چشم واشارات میں ہے
سر سے تا پاؤں اشارت بھی تو ہر گات میں ہے

لب میگوں سے کیا شیخ کو دربار میں مست
رات جو بات تھی، ساقی کی کرامات میں ہے

آج ہی تو نے جلایا نہ دل ایک عالم کا
یہ شرارت تو لڑکپن سے تری ذات میں ہے

جب تلک آپ نہ آئے، میرے آنسو نہ تھمے
جھڑی ایسی کوئی کہہ دو، کسی برسات میں ہے

عشرتؔ کی زبانِ غزل بہر حال تازہ اور نشاط آگیں ہے جس کی وجہ سے اس کو نوابوں اور ارباب نشاط کی محافل میں زیادہ مقبولیت ملی۔ عشرتؔ نے بریلی کی شاعری پر دیرپا اثرات چھوڑے اور انیسویں صدی عیسوی تک عوام وخواص میں مقبول رہا۔

عشرتؔ کی وفات بروز یکشنبہ بتاریخ ۲۸ رشوال ۱۲۳۶ھ/ ۲۹ رجولائی ۱۸۲۱ء کو ہوئی، اس کے

جائے مدفن کا علم نہیں۔

حوالہ جات : میر غلام علی عشرت بریلوی ص ۵۵ تا ص ۶۳، چند شعرائے بریلی ص ۳۲ تا ۵۷، تاریخ لطیف ص ۴۹

فدؔا، پچھمی رام:

کشمیری پنڈت، باشندۂ دہلی، آصف الدولہ (م ۱۷۹۷ء) کے عہد حکومت میں بہ سلسلۂ ملازمت بریلی رہا، مرزا رفیع سودا (م ۱۷۸۱ء) کا شاگرد تھا۔ از وست:

کیا جو ان سے کہ میں دل تو کر چکا ہوں فدؔا
تو ہنس کے بولے، ابھی تجھ میں جان باقی ہے!!

حوالہ جات: عمدۂ منتخبہ ص ۴۸۸، یادگار شعراء ص ۱۳۱، سخن شعراء ص ۳۵۸

فارغؔ، فارغ شاہ:

تذکرہ نگاروں کو اس کے نام میں سہو ہوا۔ لالہ بال مکند، مکند سنگھ اور فارغ شاہ ایک ہی شخص کے نام ہیں۔ مبتلا نے بتایا کہ ''از طبقۂ ہندواں'' قدرت اللہ قاسم کے مطابق کھتری، خویشگی کے نزدیک ''بہ تحقیق نزادش کائستھ بودہ است'' میر حسن نے ہندو بچہ لکھ کر قضیہ تمام کیا۔ فارغ کے وطن کے متعلق بھی اختلاف ہے، شیفتہ نے بتایا ''اصلش از بریلی است'' لیکن خویشگی نے اس کا رد کرتے ہوئے تحریر کیا ''اصلش از حسن پور ضلع مراد آباد''

فارغؔ نو علم تھا، میر حسن نے اطلاع دی کہ مولانا فخر الدین چشتیؒ (م ۱۷۸۵ء) کا مرید ہوا لیکن خویشگی نے تحریر کیا کہ جوانی میں خواجہ عارفین مرزا رستم بیگ کے دست پر رسوم شرک کو چھوڑا اور دریائے توحید میں غرق ہوا، مزید برآں ''در بریلی چلہ ہا کشیدہ'' مرزا رستم بیگ کے انتقال کے بعد لکھنؤ میں ان کے مزار پر بارہ برس مجذوبانہ معتکف رہا۔

اس کی ملازمت کے سلسلے میں قدرت اللہ قاسم نے اطلاع دی کہ ''بہ توشک خانۂ حضور سراپا نور بہ عہدہ متصدی گری عز و امتیاز داشت'' قاسم سے پہلے میر حسن نے مطلع کیا تھا کہ وکالت پیشہ تھا۔

فارغ کے تلمذ کے متعلق سعادت یار خاں رنگین نے اطلاع دی کہ فارغ تکیہ شاہ تسلیم دہلی میں

شاہ حاتم (م۱۷۹۲ء) کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا۔ تذکرہ نگاروں نے فارغ کو حاتم کا ہی شاگرد لکھا ہے۔

فارغ دہلی، بریلی اور لکھنؤ کے علاوہ خورجہ میں رہا۔ خویشگی نے تحریر کیا کہ فارغ کا خالہ زاد بھائی عبدالرحمٰن اس کو لکھنؤ سے خورجہ لے گیا جہاں اس کا فیض عام ہوا۔ اعظم الدولہ سرور نے بتایا کہ فارغ کی سکونت موضع شکارپور ضلع خورجہ میں تھی۔

کشن چند اخلاصؔ کے مطابق فارغ نے خورجہ میں ۸/محرم الحرام ۱۲۵۶ھ/ ۱۱/ مارچ ۱۸۴۰ء کو وفات پائی۔ اخلاصؔ نے ہی اطلاع دی کہ فارغ ''صاحب دیوان ومثنوی ہابود''

میر حسن نے اس کا شمار تازہ گویان میں کیا، اعظم الدولہ سرورؔ نے اس کے اشعار پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ ''اشعار خوب می گوید'' بہر نوع اس کے اشعار میں تصوف کی چاشنی ہے اور زبان بے حد صاف ستھری۔ ازوست:

ممکن نہیں کہ حرف قضا ہو جبیں سے دور
جب نقش ہو چکا، نہیں ہوتا نگیں سے دور

دیوار و در پہ جلوۂ ذرات ایک ہے
شان وصفت جدا ہوں، ولے ذات ایک ہے

اشک آنکھوں سے جو نکلا، سو وہ گوہر نکلا
بعد مدت کے مری چشم کا جوہر نکلا

مست شیشہ، مست ساقی، مست محفل، مست جام
کیوں نہ جاویں ہوش، فارغ دیکھ میخانے کی دھوم

چشم ہے بادۂ یکرنگ میں سرشار کہ بس
نظر آتا نہیں جز صورت دیدار کہ بس

ہم دل جلوں کی بزم میں گر آئے شمع بھی
سن! آہ شعلہ بار پکارے، جلی جلی

حوالہ جات: تذکرۂ شعرائے اردو ص ۱۲۶، عمدۂ منتخبہ ص ۴۸۶، مجالس رنگیں ص ۳، مجموعۂ نغز جلد ۲، ص ۳۲، گلشن ہمیشہ بہار ص ۲۴۷، گلشن بے خار ص ۲۰۳، ہمیشہ بہار ص، یادگار شعراء ص ۱۲۹، گلستان بے خزاں ص ۱۷۸، سخن شعراء ص ۳۵۵، طبقات شعرائے ہند ص ۳۴۵ اور ص ۳۷۸، گلشن سخن ص ۱۸۷

قلندرؔ، بدھ سنگھ:

ہندو، کھتری، دہلوی، صاحب مال ومتاع، معاصر سراج الدین علی خاں آرزو (م ۱۷۵۶ء)،

جوان قابل، خوبصورت، آزاد سیرت، عالی حوصلہ، لاابالی، شوریدہ دماغ، تارک دنیا اور نانک پنتھی فقیر، وضع قلندرانہ، بہ باطن درویش، ترک لذات اور مجاہدۂ نفس کا مرد، میر حسن نے اس کے قلندرانہ طور پر اظہار خیال کرتے ہوئے تحریر کیا:

آبا و اجدادش دولت بسیار داشتند ۔ او بہ یکے از بتان ہند عاشق شدہ، ازقوم خود گسیختہ ،قلندر روش برآمد۔''

لیکن میر حسن سے پہلے قائم نے اس کی قلندری کا باعث اس کی ''شوریدگیِ دماغ'' بتائی۔ بہرنوع وجہ جو بھی ہو، وہ ایک نادر بندۂ خدا دکھائی دیتا ہے۔قدرت اللہ شوق نے جس نے اس کے اعزا کی زبانی اس کے احوالات سنے، تحریر کرتا ہے:

''از چند سال در بلدۂ بریلی آمدہ، اقامت گرفتہ بود، چوں اجلش نزدیک رسیدہ دفعتاً بیماریٔ شدید کشید، درحالت نزع از صاحب خانہ گفت کہ چار پائی مادر کسے وادی بہنید کہ ایں طائر روح ازیں قفس تن پرواز نماید وایں قالب خاکی باردوش کس نشود۔ آشنایاں ہر چند منع نمودند، اصلالب اجازت نکشود، لاچار نعش او در وادی نہادند، آخر ہمانجا درگذشت۔''

قدرت اللہ شوق کی نظر میں قلندر ''عجب مرد دیوانہ بود''۔ خیر وہ دیوانہ ہی سہی لیکن اس کی دیوانگی میں بھی ایک طور تھا جو نادر سا معلوم ہوتا ہے اور جس پر وہ مرتے وقت بھی قائم رہا۔

قلندر شاعری میں مرزا مظہر جان جاناں (م ۱۷۸۱ء) کا شاگرد تھا۔ ہلاس رائے رنگیں نے اس کا دیوان مرتب کیا، جو قدرت اللہ شوق کی نظر سے بھی گزرا۔ سب ہی تذکرہ نگاروں نے اس کی تعریف کی ہے۔ مثلاً قدرت اللہ شوق نے رائے دی ''فکر صائب و ذہن مناسب داشت'' اعظم الدولہ سرور نے تحریر کیا ''اشعار دلکش از تصانیفش زیب سفینۂ ایام یادگار ماندہ'' اس کے اشعار جذبۂ عشق، ناکامی عشق، دیوانگی عشق اور پایان کار مستیِ عشق سے عبارت ہیں۔ اس کے عشق کی مستی اس قلندرانہ کیفیت کا اظہار ہے جب بحالت سکر و مستی اوضاع و اطوار انوکھے، عجیب اور منفرد بن جاتے ہیں۔ اس کے اشعار میں اس کی آپ بیتی ہے اور یہی آپ بیتی وجہ دلکشی بھی۔ مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

وہ سُکھ کہ جس کے واسطے دکھ سے مرے ہیں لوگ
میں اس کو اپنے نفس پہ دھر کے اڑا دیا

مست ہی رہتے ہیں، دن کیا، رات کیا — ہم قلندر ہیں، ہماری بات کیا
زہرابِ تیغ ناز و ادا کا جو پی گیا — کہنے کو مرگیا، پہ جو پوچھو تو جی گیا
پایا مجاز میں جو گا ہک بہہ از حقیقت — راہ ہی میں بک گیا دل، بازار تک نہ پہنچا
اب لگا دو عیش کو آگ اور طرب کو پھونک دو — تھا یہ جس کے واسطے سب کچھ، سووہ دل ہی گیا
دل میں خیال ایک ہی دلبر کا خوب ہے — اجڑے ہے ملک، آوے ہے جب شاہ دوسرا
قلندر وقت مرنے کے جو یار آیا، تو کیا حاصل — جو اتنی عمر گزری تھی، تو یہ دم بھی گزر جاتا

چھپا ہے مانگ میں دل، جا کے اب میں ڈھونڈوں کدھر
کہ آدھی رات ادھر ہے اور آدھی رات ادھر

قلندر دردِ دل کہتا کہاں تک میں نظیری سے — حکایت بود بے پایاں بخاموشی ادا کردم
حباب آسا مری تعمیر ہے بحر فنا اوپر — جو کھولوں دیدۂ تحقیق، ابھی اک دم میں بہہ جاؤں
ترا ہوتا ہوں بندہ یک نگاہ میں — بھلا اس مول کو میں کیا برا ہوں
جی کو سرِ زندگی نہیں ہے — کیا جی کے کروں کہ جی نہیں ہے
تھمتے ہی تھمے گا اشک ناصح — رونا ہے، یہ کچھ ہنسی نہیں ہے
کیوں مری دن ہی کی باتوں سے خفا ہوتا ہے — رات باقی ہے ابھی، دیکھ تو کیا ہوتا ہے
پوچھتا تھا یار مجلس میں، قلندر کون ہے — میں کہا، بندہ ترا ہے، اور خدا کا نام ہے
دنیا نہ ہو تو غم نہیں، اور دیں بھی گو نہ ہو — یارب نہ ہونا اس کا قیامت ہے، سو نہ ہو

قطع نظر شدت احساس و جذبات اور اس معشوق مجازی کے متعلق خود کلامی سے جو اس کو قلندر بنا گیا، ان اشعار کی زبان اپنے عہد کے اسلوب اور رجحان سے کہیں آگے ہے اور اس حد تک کہ ان اشعار میں ضرب المثل بننے کی صلاحیت ہے۔

قلندؔر کی وفات بریلی میں تکملۂ طبقات الشعراء (۱۷۷۵ء) سے پہلے ہوئی اس کا دیوان نایاب ہوگیا۔

حوالہ جات :مخزن نکات ص ۴۶، نکات الشعراء ص ۴۷، طبقات الشعراء ص ۲۵۷ تا ص ۲۶۲، تذکرۂ شعرائے اردو ص ۱۲۸، گلشن سخن ص ۱۹۷، عمدۂ منتخبہ ص ۸۲۱، مجموعۂ نغز جلد ۲، ص ۱۳۱، گلشن ہند ص ۱۹۷، خوش معرکۂ زیبا جلد ۲، ص ۵۵۳

کبیرؔ، محمد کبیر، حکیم:

تذکرہ نگاروں نے اس کا نام کئی طرح سے تحریر کیا، مثلاً حکیم کبیر سنبھلی (مصحفی) حکیم محمد کبیر سنبھلی (شوق) حکیم کبیر خاں علی (سرور) حکیم کبیر علی سنبھلی (خویشگی) وغیرہ۔ مصحفی اور شوق نے اس کو آنولہ میں دیکھا تھا۔ شوق قابل ترجیح ہے، لہٰذا حکیم محمد کبیر سنبھلی ہی درست نام معلوم ہوتا ہے۔

حکیم محمد کبیر سنبھلی نسبتاً شیخ انصاری تھا۔ فن طب میں ید طولیٰ رکھتا تھا، امرائے روہیلہ کا پرانا نمک خوار تھا، جوانی سے بڑھاپے تک آنولہ بریلی میں رہا اور بریلی میں ہی فوت ہوا۔ مصحفی نے اس کو نواب محمد یار خاں امیر (م ۱۷۷۵ء) کے یہاں آنولہ میں دیکھا۔ قائم چاندپوری کا شاگرد اور صاحب دیوان تھا، اس کے دیوان کا مخطوطہ فورٹ ولیم کالج کلکتہ میں محفوظ ہے۔ از وست:

ایک ہی یار سے جی ناک میں آیا ہے کبیر　　زیست معلوم، اگر ایسے ہی دو چار ملے

ڈراتا ہے مجھے دوزخ سے ہر گھڑی واعظ　　خدا کرے کہیں جلدی اسے بہشت نصیب

ایک بار روہیل کھنڈ میں غلے کی گرانی بہت بڑھ گئی اور اکثر لوگوں نے رمضان کے روزے نہیں رکھے، اس موقع پر حکیم کبیر نے مندرجہ ذیل رباعی کہی:

زاہد سے بہت عید کو ہم شرمائے　　اس قحط میں رمضانِ مبارک آئے

ناچار جب اور کچھ میسر نہ ہوا　　بھر پیٹ بہت سے ہم نے روزے کھائے

حوالہ جات: طبقات الشعراء ص ۳۷۴، تذکرۂ ہندی ص ۱۹۷، عمدۂ منتخبہ ص ۵۳۳، گلشن بے خار ص ۲۲۷، گلشن ہمیشہ بہار ص ۲۶۵

کرامتؔ، کرامت اللہ خاں:

ابن ارادت خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، ارادت خاں کی شادی شاہ جہان پور کے نواب عبداللہ خاں کی دختر سے ہوئی تھی۔ عبداللہ خاں نواب شجاع الدولہ کا حلیف تھا اور اس نے جنگ

روہیلہ (۱۷۷۴ء) میں نواب حافظ رحمت خاں کا ساتھ نہیں دیا۔ کرامت اپنی ننھیال میں ہی رہا اور شاہ جہان پور میں ہی وفات پائی، فارسی گوتھا۔ از وست:

اے زحسنِ تو چہ زد جوش بہاراں ہوسو می زند خندہ بہ گل خار بیاباں ہر سو

حوالہ جات: حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۱۷، تذکرۂ روز روشن ص ۵۷۳

کاملؔ، جمال الدین:

باشندۂ آنولہ ضلع بریلی، تلمیذ مصحفی (م ۱۸۲۷ء)۔ از وست:

فصل سودے کی پھر آئی ہے، خدا خیر کرے دیکھئے پڑتا ہے کس کس پہ وبال کاکل

شمع محفل کو اگر غم نہیں پروانے کا شام سے تا بہ سحر اشک فشانی کیسی؟

حوالہ: سخن شعراء، ص ۳۹۵

لطفیؔ، پرکاش داس:

کشمیری، ساکن بریلی، فارسی گو۔ از وست:

یقینم شد کہ از درد دل زارم خبر دارد کہ ہر دم بہر من تدبیر آزار دگر دارد

حوالہ: صبح گلشن، ص ۳۵۴

لطفؔ، لطف علی خاں:

والد کا نام حسن علی خاں، زمیندار اور رئیس شہر، ساکن محلّہ بہاری پور سوداگران بریلی۔ حافظ قرآن، عالم باعمل، تمام عمر نعت گوئی میں بسر کی، نعت کے دو دیوان مرتب کیے، ایک دیوان ضائع ہو گیا، دوسرا دیوان تین بار شائع ہوا۔ مطبع آئینہ سکندر لکھنؤ ۱۸۵۳ء۔۱۸۷۱ء اور ۱۸۸۹ء۔ ۲۶ برس کے عرصے میں دیوان کا تین بار شائع ہونا اس کی مقبولیت کا ثبوت ہے۔

لطفؔ بریلی کے مشہور نعت گو سید احسان علی احسنؔ کا شاگرد تھا، عبدالسلام ندوی نے تذکرۂ مہر جہاں تاب کے حوالے سے تحریر کیا:

> ''غالباً اسی دور میں لطف علی خاں لطفؔ نے بھی نعت گوئی کو اپنا خاص موضوع بنا لیا اور جو کچھ لکھا صرف مدح رسول میں لکھا۔ چنانچہ تذکرۂ

مہر جہاں تاب میں ہے ''دو دیوانہا بہ تمامہا در نعت'' اگرچہ وہ مولوی غلام امام شہید کا زور و اثر اپنے کلام میں پیدا نہ کر سکے تاہم ان کا کلام بھی جوش مذہبی سے خالی نہیں۔''

دراصل کلام میں زور پیدا کرنے کے لیے بداعت و بلاغت کی ضرورت تھی اور چونکہ اس وقت بریلی میں نعتیہ غزل کی کونپل پھوٹی تھی، ابتدائی نعت گویان بریلی نے زور قلم سے گریز کیا۔ یہ شہیدی کا نعتیہ قصیدہ نہیں تھا کہ قصیدے کے شکوہ کے ساتھ محفل نعت میں داخل ہوا۔ یہ نعتیہ غزل تھی جس میں مروجہ مضامین سادہ اسلوب میں قلم بند ہوئے۔ نعت کے مختلف اسالیب جن میں زور قلم بھی شامل ہے، لطف کے بعد بریلی میں ملتے ہیں، لطف کی نعتیہ غزلوں میں اظہار جوش محبت و عقیدت ہے جس پر وہ عملاً مکلّف تھا۔ شمالی ہند کی نعتیہ شاعری میں لطف ان ابتدائی نعت گویان میں سے ایک ہے جس کے ذریعہ نعت گوئی نے مقبولیت حاصل کی اور اس صنف سخن کی ترقی ہوئی۔ از وست:

کوئی نہیں، تمہارا ہمسر مرے پیمبر ۔۔۔ لاریب، تم ہو سب سے برتر مرے پیمبر
اب تو بلالو اپنے در پر مرے پیمبر ۔۔۔ کب تک پھرا کروں میں دردر مرے پیمبر
ملک عرب میں حضرت، ہندوستاں میں بندہ ۔۔۔ چین آئے میرے دل کو کیوں کر مرے پیمبر
ابر کرم کو اپنے، فرمایئے اشارہ ۔۔۔ دھوڈالو سب گنہ کے دفتر مرے پیمبر
دشوار تھا پہنچنا جنت میں تھا نہ آساں ۔۔۔ اے لطفؔ گر نہ ہوتے رہبر مرے پیمبر

اس کی وفات ۶ ؍دسمبر ۱۸۶۹ء کو ہوئی اور تکیہ کالے شاہ، محلّہ باقر گنج بریلی میں آسودۂ خواب ہوا۔

حوالہ جات: سخن شعراء ص ۴۰۵، تذکرۂ نعت گویان بریلی ص ۱۱۳، شعرالہند، جلد ۲، ص ۱۹۷

مشربؔ، عبدالرزاق:

مولد اصفہان، سکونت بریلی، پیشہ طبابت، سادات بریلی سے قرابت داری پیدا کی، علوم عقلی و نقلی میں جامع، جفر و تکسیر کا ماہر، بریلی سے لکھنؤ اور لکھنؤ سے کشمیر ہوتا ہوا صوبۂ سندھ پہنچا جہاں ۱۱۲۷ھ/ ۱۵-۱۴۱۷ء کو فوت ہوا۔

بہت پر گو تھا، ایک لاکھ اشعار پر مشتمل ایک دیوان یادگار چھوڑا۔ نمونۂ کلام:

در نام محمد شہ کونین مدار — رمزے است نہفتہ در حجاب اظہار
گردیدۂ حق بہ کشاں بینی — درچشم دومیم طلعت ہشت و چہار
دل از شوق شہادت اضطراب سا کنی دارد — چوجوہرجسم من شد موجۂ دریائے شمشیرش
بہ خون گل حنائی کردہ پابے باک می آید — دل صد چاک بلبل درقضا چالاک می آید
آخر نگشت مستیِ دنبالہ دارما — ایں بادہ را زچشم کہ ایجادکردہ اند

حوالہ جات: سفینۂ خوشگوار ص ۸۱،تذ کرۂ صبح گلشن ص ۴۱۵

مسکینؔ، ملہار سنگھ:

کلونت رائے کا پسر،مولد لکھنؤ، چکلۂ بریلی کا وکیل،تلمیذ بھگوان داس ہندی مولف تذکرۂ سفینۂ ہندی (۱۸۰۲ء)۔ازوست:

یک قطرہ می نمودی ودریابرآمدی — اے اشک دردغم کہ چنیں جوش کردہ

سفینۂ ہندی کی تالیف سے چند سال قبل فوت ہوا۔

حوالہ: سفینۂ ہندی،ص ۱۹۶

محوؔ، بدیع الدین:

محمد قیام الدین قائم چاندپوری کا پسر،آنولہ اور بریلی کا ساکن، باعتبار پیشہ طبیب،قدرت اللہ شوق کے مطابق نومشق اور باصلاحیت، اس کا ذکر طبقات الشعراء میں نہیں ہے۔شوق نے اس کا حوالہ تکملۃ الشعراء (غیر مطبوعہ سنہ تالیف ۱۷۹۸ءمخزونہ رامپور رضالائبریری رامپور) میں دیا۔اس کا کوئی شعر ہم دست نہیں ہوا۔

حوالہ: تکملۃ الشعراء،قلمی نسخۂ رامپور۔

موتیؔ، محمد مہدی:

حاجی مولوی محمد مہدی، باشندۂ بریلی،خوش باشِ فتح پور سیکری، عالم اور شاعر، فارسی گو، اکبر شاہ (م ۱۸۳۷ء) نے فصیح الشعراء اور ملک العلما کے خطبات عطا کیے،نواب حافظ رحمت خاں کے دست راست نواب دوندے خاں، حاکم بسولی ضلع بدایوں (م ۱۷۷۰ء) کا مدح خواں تھا۔اس نے

ایک فارسی مثنوی ''دوندے خاں نامہ'' تحریر کی جس کو پروفیسر خلیق احمد نظامی نے رسالہ برہان دہلی بابت نومبر ۱۹۴۹ء میں شائع کرایا۔ اس مثنوی کے علاوہ اس کا فارسی و اردو کلام ہم دست نہیں ہوا۔ حیرت کی بات ہے کہ شاہ دہلی سے خطابات پانے کے باوجود اتنا غیر مشہور تھا کہ سوائے قادر بخش صابر کے کسی دوسرے تذکرہ نگار نے اس کا ذکر نہیں کیا۔ صابر نے بھی اس کا تذکرہ برسبیل قمرالدین قمرا کبرآبادی کیا ہے۔ انتخاب از مثنوی دوندے خاں مندرجہ ذیل ہے:

کہ در ملک کٹھیر نیک نامے   قیامے داشت باجاہ تمامے
بدوندے خاں بعالم مشتہر بود   جواں مردے حلیمے داد گر بود
مراداباد را آباد می داشت   مراد خاطر خود داد می داشت
بدامن بردہ آں فرخندہ خوے   نوّابان عہد خویش گوئے
کف دستش سحاب درفشاں بود   ز دستش ابر نیساں در فغاں بود
بجرأت آں چناں بود آں قوی بال   کہ رستم داشت پیشیں رتبۂ زال
اگر برزد بدیدے دردو غائش   نہادے روئے خود بر پشت پایش
وگرمیدید روئیں تن بخوابش   تہی می کرد قالب چوں رکابش
بدیدے گر بایں جوشندہ آبے   شدے افراسیاب افراس آبے ۱۲؎
بخیم خویشن آں جاہ پرور   دہ و دو الف جملہ داشت لشکر
ولے ہر یک نہنگ بحر جنگے   بمیدان دلیری شیر چنگے
سلح شورے، یکے، کار آزمائے   پئے ہر بہمنے چوں اژدہائے
بزورے آں جواں مردِ زمانے   بجرأت آفت شیر ژیانے
بغایت داشت بایک دولت اندیش   بکارے اشتغالِ خاطر خویش

ان اشعار میں صنعت مبالغہ، رعایت لفظی اور رواں اسلوب قادرالکلامی سے عبارت ہیں۔

حوالہ جات: برہان دہلی، نومبر ۱۹۴۹ء، حیات حافظ رحمت خاں ص ۱۷۸

ممتاز فضل علی:

باشندۂ دہلی، ساکن آنولہ، قدرت اللہ شوق نے تحریر کیا ''این راقم الحروف نیز در قصبہ آنولہ

واقف راز و نیاز او شدہ بود۔ بسیار بتواضع و مدارا پیش آمد۔''

شوق نے اس کی سیرت پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھا کہ ''بجمیع فضائل انسانی موصوف و مستثنیٰ۔'' شاعری میں مرزا محمد رفیع سودا (م ۱۷۸۱ء) کا شاگرد تھا۔ آنولہ سے فیض آباد گیا اور فیض آباد سے دکن، اثنائے راہ ڈاکوؤں نے قتل کر دیا۔ شوق نے اطلاع دی کہ ''دراثنائے راہ دکن از دست قطاع الطریق بدرجۂ شہادت رسید۔'' گویا اس کی وفات تالیف طبقات الشعراء کے اختتام (۱۷۷۵ء) سے پہلے ہوئی۔ شوق نے اس کی صلاحیت شاعری کے متعلق تحریر کیا کہ ''طبع سلیم و جولاں داشت، رسائی فکرش از مذاق سخنش پیدا و استعداد قابلیتش از صفائے گفتگویش ظاہر و ہویدا۔'' شوق نے اس کا مسودہ اشعار دیکھا تھا اور اس سے ہی اپنے تذکرے کے لیے اشعار نقل کیے۔ من کلامہ:

ہزار مرتبہ دیکھا ستم جدائی کا ہنوز حوصلہ باقی ہے آشنائی کا
جو بخت کج سے میسر نہ ہو سکے رہِ راست نہ دیجے خضر کو الزام رہ نمائی کا
میں لاکھ طرح سے چاہا کہ دل کسی کو نہ دوں پہ تیرے ہاتھ عجب ڈھب ہے دلربائی کا
اگر خلاف کہوں یہ سخن تو کافر ہوں جمال دید بتاں، دید ہے خدائی کا
نہ پہنچنے کا سبب تا بہ نکتہ تحقیق فقط قصور ہے ممتاز کی رسائی کا

میر حسن نے اپنے تذکرے میں ممتاز کی ایک مثنوی مسمیٰ ''لاٹھی نامہ'' کا انتخاب دیا ہے۔ اس کے چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

ہوتی ہے دنیا میں جو کچھ تحفہ چیز سب سے ہے ممتاز کو لاٹھی عزیز
کوچ و مقام اس کا ہے اب اپنے ہاتھ جب کہیں چلیے تو ہے بے عذر ساتھ
ہاتھ میں رکھتے ہیں اسے ہوش مند ڈرتے ہیں سب اس سے درند و گزند ۱۳؎
کھینچ نہ سکیے جہاں شمشیر و تیغ اس کو لگا بیٹھیے واں بے دریغ
اتنا کم آزار اور ایسا شفیق اور بھی ہے کوئی کسی کا رفیق

حوالہ جات: تذکرۂ شعرائے اردو ص ۱۶۰، طبقات الشعرا ص ۲۵۰، سخن شعرا ص ۴۵۵

مسآفر، سید پائندہ:

باشندۂ دہلی، احمد شاہ ابدالی کے حملۂ ہندوستان (۱۷۶۱ء) کے وقت بریلی وارد ہوا اور بریلی کا ہی ہو رہا۔ خوش اوقات اور معروف شاعر تھا، میر حسن نے اپنے تذکرے میں اس کو اپنا معاصر بتایا ہے۔ گویا وہ تالیف تذکرۂ میر حسن (۱۷۷۴ء-۷۷ء) کے ایام میں زندہ تھا۔ اس کے متعلق قدرت اللہ شوق نے تحریر کیا کہ ''مرد حریف وظریف، عجوبۂ روزگار، نہایت سخن فہم و برمحاورات فارسی واقف کار'' میر حسن نے اس کے اشعار پر تبصرہ کرتے ہوئے تحریر کیا کہ ''از کلامش چاشنیِ تصوف می آید''

مسآفر مدت تک بریلی میں رہا، ۱۷۷۴ء کو درہمی ملک کٹھیر کے بعد اس نے مسافرت اختیار کی۔ خانہ بدوشی کے بعد بریلی واپس آیا اور بریلی میں ہی فوت ہوا۔

اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتا تھا۔ اس کے اردو اشعار کا نمونہ یہ ہے:

رہ حق ساری راہوں سے جدی ہے — وہی سالک ہے جس کو بے خودی ہے
نہ پہنچے گا بہ منزل اے مسآفر — اگر تجھ میں ذرا بوے خودی ہے

عمر غفلت میں مفت کھوتے ہیں — دن کو پھرتے ہیں، رات سوتے ہیں
دیکھ کر بے ثباتیِ عالم — گاہ ہنستے ہیں، گاہ روتے ہیں

اب چھوڑ کر کُنشت جو کعبہ کو جایئے — واں بھی یہی صنم ہو، تو کیا منھ دکھایئے

مار دنیا کو لات بیٹھے ہیں — دھو کے عقبیٰ سے ہاتھ بیٹھے ہیں
حرف معنی کا نقش کر دل میں — دھو کے سب مہملات بیٹھے ہیں
اس بساط وجود میں ہو بند — شاہ ہیں، لے کے مات بیٹھے ہیں

حوالہ جات: طبقات الشعراء ص ۴۱۲، تذکرۂ شعرائے اردو ص ۱۵۹، عمدۂ منتخبہ ص ۶۴۴، مجموعۂ نغز جلد ۲، ص ۱۸۱

معتصمؔ، محمد معتصم عباسی:

اس کا جدِ امجد شیخ عزیز اللہ، خلف محمد اعظم، متوطن بریلی، حافظ قرآن، خوش خلق، گاہے ماہے شعر کہتا تھا۔ از وست:

کوچے میں جو اس کے، کل گئے ہم　　　کیا پاؤں دبے نکل گئے، ہم

حوالہ: طبقات الشعراء ص ۵۶۶

مہاراجہ، بلاس رائے:

بریلی کا کائستھ اور دیوان مان رائے کا پسر، تذکرہ نگاروں نے اس کے کئی طرح کے نام تحریر کیے یعنی ہلاس رائے، بہلاس رائے اور نہلاس رائے، اسی طرح اس کے کئی تخلص درج کیے یعنی مہاراج، مہاراجہ، مہراج اور راجہ۔ دراصل ہلاس رائے اس کے بھائی کا نام اور تخلص رنگین تھا۔ بلاس کے معنی عیش کے ہیں لہٰذا بہلاس اور نہلاس بھی درست نہیں۔ چاروں تخلصوں میں معنوی قرینہ ہے لہٰذا ضرورت شعری میں کوئی بھی تخلص باندھا جاسکتا ہے۔

ناصر نگینوی نے اس کا ذکر کرتے وقت، شعر ہلاس رائے رنگین کا نقل کیا۔ تاہم بوجہ ہم وطنی اور قربت زمانی قدرت اللہ شوق کا بیان قابل ترجیح ہے یعنی نام بلاس رائے اور تخلص مہاراجہ، تلمیذ حسن علی خاں شوق، موزوں طبع تھا۔ ازوست:

سن کر ترے جمال کو، اب ڈھونڈتا پھرا　　　لے کر سحر سے شام تلک، گھر گھر آفتاب

حوالہ جات: طبقات الشعرا ص ۵۹۱، عمدۂ منتخبہ ص ۷۳۷، مجموعۂ نغز حصہ ۲، ص ۲۲۹، خوش معرکۂ زیبا جلد ۲، ص ۵۹۷

مستؔ، غلام مصطفیٰ خاں:

نواب حافظ رحمت خاں کا پسر، سال پیدائش ۱۷۵۹ء، سلسلۂ قادریہ چشتیہ میں سید اکبر علی مودودیؒ سے بیعت، متقی، پرہیزگار، خط نسخ کا ماہر، فارسی زبان وادب میں کامل دستگاہ، فارسی واردو کا شاعر، اردو کا صاحب دیوان شاعر، مصنف کتب ہا، اس کی دو کتب موسومہ بہ جام حق اور پیام حق کا حوالہ ملتا ہے۔ ازوست:

دل لے کے ایسی بات کہی ہم سے راز کی　　　اس یار نے، کہ جان بھی ہم نے نیاز کی

ایسا ہے پاک جامہ، مے آلودہ تیرا مست　　　سجادہ جان، شیخ نے جس پر نماز کی

ذرا بھی حشر سے ڈرتے نہیں، جو عاشق ہیں　　　یہ فرقہ یارو نرالا ہے، چاروں مذہب سے

اس کی وفات بعارضۂ سل ودق بحالت نماز عشاء ۱۷۸۸ء میں ہوئی۔ وقت نزع برابر زبان پر کلمۂ الحمدللہ تھا۔ حسب وصیت مقبرۂ حافظ رحمت خاں، محلّہ باقر گنج بریلی میں زیر دیوار غربی دفن کیا گیا۔ اس کی وفات پر بے مثل تاریخہائے وفات برآمد کی گئیں، مثلاً:

خورد چوں بادہ بلفظِ الحمد　　۱۲۰۳ھ　　از محبت خاں محبت

ھوقدمات فی الصلوٰۃ بخواں　　۱۲۰۳ھ　　از میاں جی کریم خاں دہلوی

درحالت نماز کرد رحلت　　۱۲۰۳ھ　　از حکیم احمداللہ گڈھ مکتیشری

حوالہ جات: گلستان رحمت قلمی، ورق ۱۸۸، طبقات الشعراء ص ۴۶۶،
حیات حافظ رحمت خاں، ص ۳۴۴

محوؔ، منّو خاں:

بشارت خاں عمر خیل کا فرزند، امیرالامرا نواب نجیب الدولہ کا تایازاد بھائی، بشارت خاں کے نام پر بریلی آنولہ کے درمیان قصبہ بشارت گنج اور شمالی ریلوے کا اسٹیشن بشارت گنج ہے۔ اسی قصبہ کی مسجد میں بشارت خاں کی قبر ہے۔ اس قصبے کے بازار میں بشارت خاں کی گڈھی تھی جس کے آثار میں نے چالیس برس قبل دیکھے تھے۔ شوکت علی خاں فانی بدایونی اسی بشارت خاں کی اولاد میں تھا۔ قدرت اللہ شوق نے محوؔ کو حافظ بڈھا کا شاگرد لکھا اور یہ بھی بتایا کہ محو مرزا منش اور طبع موزوں ومناسب رکھتا تھا اور اس نے ایک مختصر دیوان بھی ترتیب دیا تھا۔ شوق نے طبقات الشعرا میں اس کی جو غزل نقل کی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ محوؔ کو مضمون طرازی اور سنگلاخ زمین میں شعر کہنے کا شوق تھا۔ ازوست:

بہے پھریں ہیں، ان آنکھوں کے آب میں، دریا　　کہو تو ٹھہرے یہاں، کس حساب میں دریا
ہماری دید کا محرم نہیں ہے تو زاہد　　نظر پڑے ہے ہمیں، ہر حباب میں دریا
پڑا ہے زلف مسلسل کا عکس یہ کس کی　　کہ اس کی لہروں سے ہے پیچ وتاب میں دریا
عروج محوؔ کی آنکھوں کا اپنے آکر دیکھ　　جلوسِ سیل ہے جس کی رکاب میں دریا

حوالہ: طبقات الشعراء، ص ۴۶۷

منعمؔ، نورالحق:

مولد موضع کھاتہ، ضلع رامپور، اس نے لکھنؤ اور کلکتہ میں بھی قیام کیا۔ اس کو رامپور میں نواب فیض اللہ خاں (م۱۷۹۴ء) اور اس کے بھتیجے نواب نصر اللہ خاں (م۱۸۱۰ء) کی سرپرستی ملی۔ اس نے فیض اللہ خاں کی فرمائش پر تفسیر کلام اللہ شریف تحریر کی۔ اس نے نصر اللہ خاں کی مدح میں قصیدہ لکھا جس کا ایک شعر یہ ہے:

سکندر باشدش آئینہ دار وآبکش خضرش　　چو فغفور و چو قیصر بر درش صد پاسباں بینی

منعم شہر بریلی کا قاضی تھا۔ قاضیان موی سے رشتہ داری بھی تھی۔

منعم بنیادی طور پر فارسی کا شاعر تھا۔ اسپرنگر نے خوب چند ذکا کے حوالے سے اطلاع دی کہ منعم نے تین لاکھ سے زاید فارسی اشعار تحریر کیے۔ امیر مینائی نے مطلع کیا کہ منعم نے چار دواوین کے علاوہ مثنوی سرود جاں نواز، مثنوی ظفر نامہ، عربی و فارسی قصائد اور ہجویات تحریر کیں۔ منعم کا کلام اردو نہیں ملتا، تذکرات میں صرف ایک شعر منقول ہوا:

وہ نوک مژہ جب سے مرے دل میں گڑی ہے　　ایسی تو کھٹکتی ہے کہ جینے کی پڑی ہے

اس کی وفات لگ بھگ ۸۰ برس کی عمر میں ۱۸۰۸ء کو ہوئی۔

حوالہ جات: یادگار شعراء ص ۱۶۸، سخن شعراء ص ۴۶۳، خوش معرکہ زیبا جلد ۲، ص ۵۶۲، انتخاب یادگار ص ۳۴۸، دبستان رامپور کا تاریخی سیاسی و ثقافتی پس منظر ص ۴۲ اور ص ۵۹

معظمؔ، معظم عباسی:

اس کا جد امجد شیخ عزیز اللہ تھا، برادر معتصم عباسی، متوطن بریلی، تلمیذ قدرت اللہ شوق۔ تاریخ چیستاں اور صنائع کا ماہر تھا۔ از دست:

اگر جلنے پہ پروانے کے، دل سوزی نہیں کرتا　　تو کیوں سر کاٹتا ہے شمع کا گلگیر، کیا باعث

معظم کا اہم کام اس کی تاریخی مثنوی ''جنگ نامہ آصف الدولہ'' ہے جس کا مخطوطہ صولت پبلک لائبریری رامپور میں محفوظ ہے۔ یہ لڑائی بریلی کے قریب میں موضع بھٹورا ۱۵ میں ہوئی (۲۴/اکتوبر

۱۷۹۴ء) اس کو جنگ دوجوڑا ۱۶۱ بھی کہتے ہیں۔افواج رامپور کی کمان مصطفیٰ خاں عرف نجّو خاں کے ہاتھ میں تھی اور اس کے مقابل آصف الدولہ اور ایسٹ کمپنی کی مشترکہ فوج تھی۔افواج رامپور کو شکست ہوئی اور نجو خاں مارا گیا۔میدان کارزار میں نجو خاں کی قبر اور ایک میموریل ہے۔ مذکورہ مثنوی کے چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

پٹھانوں کو حق نے کیا فتحیاب مقابل میں انگریز لایا نہ تاب
لگے شادیانے وہاں باجنے کہ مستحکمی پائی اب راج نے
روہیلے گرے لوٹ پر بے شمار اس خوے بد نے کیا ان کو خوار
تو ناگاہ اودھر سے گولا چلا وہ نجو کے آ، پشت زیں پر لگا
کہ ناگاہ وہ چورے ۱۷ پلٹیں اٹھی کہ نالے کے اندر پڑی تھی دبی
شہید ہو زمیں پر گرا شیر نر ولایت ۱۸ کا واے ہوا نامور
جو تنگ حوادث سے دل چور تھا زمیں سخت اور آسماں دور تھا

معظم کی شہرت کا مدار اس مثنوی پر ہی ہے جس کو ایوب قادری نے انجمن ترقی اردو کراچی سے ۱۹۸۰ء میں شائع کرا دیا ہے۔

حوالہ جات: اخبار الصنادید جلد اص ۶۴۲، طبقات الشعراص ۵۶۳، جنگ نامۂ آصف الدولہ و نواب رامپور ص ۱۷ تا ص ۲۲

محبت، محبت خاں:

ابن نواب حافظ رحمت خاں ۱۷۵۰ء میں پیدا ہوا، ابتدائی تعلیم علماء کی نگرانی میں ہوئی، پشتو، فارسی، عربی اور اردو میں مہارت رکھتا تھا۔صاحب السیف والقلم تھا، جنگ روہیلہ (۱۷۷۴ء) میں دادِ شجاعت دی۔اس کی شادی موضع فرید پور ضلع بریلی کے عبدالستار خاں کمال زئی کی دختر سے ہوئی۔اس موقع پر میر عوض علی مدعا نے، جو حافظ رحمت خاں کی سرکار میں ملازم تھا، قصیدہ تحریر کیا جس کے بعض اشعار میر حسن نے نقل کیے ہیں، جنگ روہیلہ کے بعد اس نے قلعۂ الہ آباد میں ایام اسیری گزارے۔ بعد رہائی لکھنؤ وارد ہوا۔موہن لال امین کے مطابق ۱۷۷۹ء یا ۱۷۸۰ء کو لکھنؤ

میں مقیم ہوا۔ مربی سخن تھا۔ اس نے قیام بریلی کے زمانے میں خواجہ حسن مودودی سے رفاقت کی اور لکھنؤ میں قلندر بخش جرات اور جعفر علی حسرت کی مالی مدد کی۔ اس نے کلام فارسی مرزا فاخر مکیں کو اور کلام اردو جعفر علی حسرت (م ۱۷۸۵ء-۸۶ء) کو دکھایا۔ اس نے لکھنؤ میں بہ فراغت زندگی بسر کی۔ محبت خاں محبت کی جن کتب کے حوالے ملتے ہیں، ان کے اسما یہ ہیں:

(۱) کلیات مشتمل بہ کلام عربی فارسی پشتو اردو، اس کا مخطوطہ انڈیا آفس لائبریری لندن میں ہے۔

(۲) مثنوی اسرار محبت: سال تالیف ۱۱۹۷ھ/۱۸۸۲-۸۳ء، یعنی مثنوی سحر البیان سے دو برس قبل، یہ مثنوی بیت السلطنت لکھنؤ میں طبع ہوئی جس کا نسخہ انجمن ترقی اردو کراچی کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔

(۳) ریاض المحبۃ: فرہنگ، پشتو سے فارسی، سال تالیف لا اعلم، مخطوطہ رامپور رضا لائبریری رامپور میں ہے۔ کاتب نے اتمام نقل کی تاریخ ۲۱/ذی الحجہ ۱۲۳۰ھ مطابق ۳۰/اپریل ۱۸۱۵ء درج کی۔

(۴) فارسی آمد نامہ: اس کا سراغ نہیں لگ سکا۔

محبت خاں محبت کی غزلیات پر مشتمل ایک مخطوطہ، بغیر تمہید و ترقیمے کے، رامپور رضا لائبریری رامپور میں بھی محفوظ ہے۔ محبت کا مقام شاعری، ایک غزل گو کی حیثیت سے نہایت ارفع ہے۔ محبت نے غزل میں اپنی حسیت کو داخل کیا اور جذبات کی آتش میں پگھلایا۔ محبت نے غزل کو غزل کی طرح برتا اور اس میں اپنے چھپے ہوئے درد کو شامل کر کے اور بھی پرتاثیر بنایا۔ اس سے بھی زیادہ اہم بات اس کی غزل کی شیریں اور صاف زبان ہے۔ یہ محسوس ہی نہیں ہوتا کہ وہ دور قدیم کا ایسا شاعر ہے جس کی مادری اور گھریلو زبان پشتو تھی اور جس کی پرورش پٹھانوں کے رسم و رواج میں ہوئی تھی۔ بقول اس کے شاگرد ضیاء الدین عبرتؔ کے:

وہ لکھتا ہے رگ جاں کے قلم سے

مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

اتنا تو سمجھ کیا ہے، کہ میں کچھ نہیں کہتا — کچھ تو مجھے کہنا ہے، کہ میں کچھ نہیں کہتا
تہمت مجھے کچھ کہنے کی مت دے، کہ یہ میری — خاموشی ہی گویا ہے، کہ میں کچھ نہیں کہتا
اک بار تو کچھ کہہ گئے اور کہہ کے وہ مکرے — دیکھو یہ دوبارہ ہے کہ میں کچھ نہیں کہتا

ظاہر ہے کہ تو مجھ کو، کہے جاتا ہے کچھ کچھ
اور یہ بھی ہویدا ہے کہ میں کچھ نہیں کہتا
وہ شوق سے بد کہتا ہے مجھ کو، یہ محبت
کیا جانوں سبب کیا ہے کہ میں کچھ نہیں کہتا

☆

جی میں ہے دل کو سرخرو کیجئے
تیغ قاتل کے روبرو کیجئے
نالہ اپنا اثر نہیں کرتا
فائدہ کیا جو ہائے ہو کیجئے
دیرو کعبہ میں تو نہیں ملتا
کس جگہ تیری جستجو کیجئے
خون میرا تمہارے دامن سے
جاوے کیا لاکھ شُست وشو کیجئے
وے جو دعوائے عشق کرتے ہیں
لاکے اب مجھ سے دوبدو کیجئے
جو کہ ثابت رہے محبت میں
اے میاں، اس کی آبرو کیجئے
کسے خیال ہے ساقی شراب پینے کا
یہ عمر کٹ گئی خون جگر کے پینے سے
آرام ایک دن کسی پہلو نہیں مجھے
یارب یہ کس کے درد سے میں بے قرار ہوں
یا وفا کیجیے یا میاں اپنا
ہم کو اتنا نہ مبتلا کیجیے
روتے دیکھا مجھے، تو دشمن کا
دیدہ بے اختیار بہہ آیا
دل تو ایک مدت ہوئی جاتا رہا سینے سے
جان بھی جاتی ہے اب میری، خدا خیر کرے
گاہ رونا شغل ہے میرا کبھی آہ وفغاں
میں کبھی رہتا نہیں بےکار دل کے ہاتھ سے
اے فلک پیدا کیا کیوں تو نے غم میرے لیے
راحت اوروں کے لیے درد والم میرے لیے
سن سن کے بے قرار، محبت ہوئے سبھی
بس درد کے پڑھے گا تو اشعار کب تلک

محبت کا دیوان غزلیات طبع نہیں ہوا ورنہ اس کی غزل اتنی غیر محتشم نہیں رہتی اور تاریخ ادب اردو میں اس کا شمار صرف ایک مربی سخن اور مثنوی نگار کی حیثیت سے نہیں ہوتا۔

محبت نے مثنوی اسرار محبت، جو سسی پنوں کے عشق پر مبنی ہے، ایسٹ انڈیا کمپنی کے ایک عہدیدار ممتاز الدولہ جانسن کی فرمائش پر تحریر کی (۱۸۸۲ء-۸۳ء)۔ محبت سندھی ثقافت سے ناواقف تھا لہٰذا اس کی مثنوی میں واقعہ نگاری نہ ہونے کے برابر ہے۔ البتہ اس نے جذبات نگاری پر خصوصی توجہ دی جس کی وجہ سے ۵۹۱ /اشعار پر مشتمل یہ مثنوی ادب اردو میں وجہ امتیاز بن گئی۔ محبت

نے کسی کے درد فراق کا نقشہ پیش کرتے ہوئے تحریر کیا:

کبھی تو بستر غم پر بلکنا — کبھی بالیں پہ سر دے دے پٹکنا
کبھی رو رو کے آہیں سرد بھرنا — کبھی کچھ ذکر دل ہی دل میں کرنا
غرض دشوار تھا آرام پانا — کبھی اٹھنا تو پھر غش کھا کے گرنا
کبھی حیران ہو اک سمت تکنا — کبھی بیٹھے کچھ آپ ہی آپ بکنا
یہ کہتی تھی کہ اب جا کر ملوں گی — کل ہی دیکھو تو کیا کیا کچھ کروں گی
کہوں گی نہ میں کچھ، غم ضبط کر کے — نہ بولوں گی کوئی دم ضبط کر کے
تو پھر یہ سن کے وہ کھاوے گا قسمیں — کہے گا، میں بھی تھا گویا قفس میں
ندامت ہے نہایت اس کی مجھ کو — جو آئندہ ہو ایسا، تو قسم لو
یہ سن کے اس سے مل جاؤں گی پھر میں — یہ شکوہ منھ پہ کچھ لاؤں گی پھر میں

مثنوی کے وہ تمام اشعار جن میں اسرار محبت منظوم ہوئے اور وہ تمام اشعار جو سراپا پر مبنی ہیں نہایت جذباتی اور حسن خیز ہیں۔

فرہنگ ریاض المحبۃ میں پشتو الفاظ کی تعداد ۱۴۱۰ ہے۔ اس کا نمونہ یہ ہے:

اخون: بالف مفتوح وخائے منقوطہ مضموم وواو معروف ساکن ونون موقوف، معلم وصاحب علم

یہ فرہنگ اس عہد کی ضرورت کے مطابق ہے۔ محبت خاں کے چھوٹے بھائی نواب اللہ یار خاں (م ۱۸۳۲ء) نے بھی پشتو ہندوستانی فرہنگ موسومہ بہ غرائب اللغات تحریر کی تھی جو ناپید ہو چکی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں میں پشتو سے دلچسپی تھی اور وہ پشتو جاننا چاہتے تھے۔ فرہنگ نویسی ایک مشکل فن ہے، ریاض المحبۃ کی تالیف سے محبت خاں محبت کی عظمت میں اضافہ ہوتا ہے۔

اردو شاعری کے ایک ایسے دور میں جب کہ فارسی کا زور گھٹ چکا تھا، اصنام سخن اور بیان و بدیع پر زیادہ توجہ دی جا رہی تھی، لفظیت نئے رمز اور معنی سے آشنا ہو رہی تھی اور بوجہ وسعت کلام نئے طرز اور دبستان پیدا ہو رہے تھے، محبت کی شیریں اور پر اثر غزل کم سے کم بریلی کی تاریخ شاعری میں سنگ میل معلوم ہوتی ہے۔

سید الطاف علی بریلوی نے ''حیات حافظ رحمت خاں'' میں محبت کے دو عربی اور اکتالیس فارسی

اشعار نقل کیے ہیں، نواب سید علی حسن خاں نے ''تذکرۂ صبح گلشن'' میں محبت کے فارسی اشعار کا مختصر انتخاب پیش کیا ہے۔ معلوم ہوا کہ وہ عربی و فارسی میں بھی شعر کہنے پر قادر تھے۔ الطاف علی کے بقول ان کا عربی فارسی اردو اور پشتو کا بکثرت کلام ۱۸۵۷ء کے ہنگامہ میں تلف ہو گیا۔

محبت کی وفات لکھنؤ میں ۱۳/ صفر ۱۲۲۴ھ/ ۳۰/ مارچ ۱۸۰۹ء کو ہوئی، اور لکھنؤ میں ہی محلّہ کشور گنج کے متصل وزیر باغ میں آسودۂ خواب ہوا۔

حوالہ جات: امین الاحباص ۱۱۵ور ص ۲۸، چند شعرائے بریلی ص ۱۲ تا ص ۳۲، تذکرۂ گلشن سخن ص ۲۲۶، حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۱۹ تا ص ۳۲۶ اور ص ۳۴۲

مہرؔ، منصور خاں:

نواب محبت خاں محبت کا فرزند، مقیم لکھنؤ۔ مصحفی نے اطلاع دی کہ مہر کو جرأت یا اس کے پسر احمد علی قوت سے تلمذ تھا۔ ناصر نگینوی کے بقول مہر کو جرأت سے تلمذ کے متعلق انکار وا کراہ تھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مہر نے ابتداً اپنے والد سے اور بعدہ قوت سے اصلاح لی۔ مہر لکھنؤ کی خارجی شاعری سے متاثر ہوا۔ اس کے قدم اس موڑ پر پڑ گئے جس کی راہ ناسخ و امانت کی طرف تھی۔ از وست:

یہ زلفیں ہیں بکھری رخ مہ جبیں پر — کہ ہے حرف اب سنبل و یاسمیں پر
خدا نے جو تجھ سا کیا یار پیدا — تو رشک آئے ہے آسماں کو زمیں پر
زباں پر جو مضطر ترا، آہ لاوے — تو پہنچے ابھی دم میں عرش بریں پر
خط نے مسدود کی باغ رخ دلدار کی راہ — بند کانٹوں سے بھی کر دیتے ہیں گلزار کی راہ
رہ رہ کے آئے ہے یہی اے مہرؔ مجھ کو سوچ — بے مہر ہے وہ غیرت ماہتاب کس لیے
مشکل ہے بہت آگ بجھانی مرے دل کی — خورشید قیامت ہے نشانی مرے دل کی
افسانۂ الفت کے سوا شغل نہیں اور — دشمن ہے، یہ شبہاے جوانی میرے دل کی

حوالہ جات: سخن شعراء ص ۴۷۸، خوش معرکۂ زیبا، جلد اص ۲۸۷، ریاض الفصحا ص ۳۰۹،

محتشمؔ، محتشم خاں:

ابن نواب محبت خاں محبت، مصنف تاریخ محتشم خانی، استخراج مادّہ تاریخ میں مہارت تامہ رکھتا

تھا، کلام پختہ و پاکیزہ، اس کا کوئی شعر نظر سے نہیں گزرا۔

حوالہ: تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی، ص ۲۹۳

مقیمؔ، محمد مقیم خاں:

ابن نواب محبت خاں محبت، چندے لکھنؤ میں مقیم ہوا، فارسی اور اردو میں شعر کہتا، اپنے والد سے ہی اشعار پر اصلاح لی، کلام نہیں ملتا، چند نعتیہ اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

یہ اس چاند کی چاندنی چار سو ہے
کہ قرآں میں جس ماہ کا وصف رو ہے

جو ہے منحرف راہ دین نبی سے
مسلماں نہیں، گرچہ وہ قبلہ رو ہے

سنا ہے کہ آتے ہیں وہ کعبۂ دیں
لحد میں مقیم اس لیے قبلہ رو ہے

۱۸۵۷ء میں فوت ہوا، نواب ظفریاب خاں راسخ نے مادہ تاریخ نکالا:

برفتہ فاضلے نامی زعالم

۱۸۵۷ء

حوالہ: گلدستۂ آئینہ مغفرت، بریلی ۱۸۸۸ء ص ۱۳

مائلؔ، قادر بیگ:

ابتدا میں میر غلام علی عشرت کا شاگرد ہوا، لکھنؤ میں مصحفی سے رجوع کیا اس کی عمر تالیف ریاض الفصحٰی کے ایام میں ۳۰ برس تھی۔ از وست:

سب ہمصفیر منزل مقصود کو گئے
میں پاشکستہ بے سروسامان رہ گیا

دماغ دوستو جو میرے کج کلاہ کا ہے
نہ حور کا، نہ پری کا، نہ بادشاہ کا ہے

حوالہ جات: عمدۂ منتخبہ ص ۵۸۷، ریاض الفصحا ص ۲۷۴، سخن شعرا ص ۴۰۹

مسیحؔ، میر ذوالفقار:

ساکن بریلی، سادات بخارا کا فرد، حلیم الطبع، مساحت وسیاحت میں زندگی گزاری، احمد آباد پہنچا اور صوفی وشاعر میر کمال الدین حسین کمال کا شاگرد ہوا۔ از وست:

در پردہ تھا یہ مدنظر اس کو، ورنہ جب　　معشوق بس میں ہو، تو رقیبوں کی کیا چلے

حوالہ: مخزن الشعراء، ص ۹۸

مہتابؔ، مہتاب جان:

بریلی کی شاہد بازاری تھی۔ از وست:

دل اوٹھاتا ہے مرا جور و جفا، کیا کیا کچھ　　آہ کرتا ہے وہ عیّار دغا، کیا کیا کچھ

حوالہ: سخن شعرا، ص ۵۸۰

مشتاقؔ، بیج ناتھ:

دیوان گنگا پرشاد کا فرزند، گنگا پرشاد سہسوان بدایوں سے آ کر بریلی میں آباد ہوا، قوم کائستھ، حسین و جمیل، علم و فضل سے آراستہ اور شعر و ادب کا دلدادہ، فارسی گو، تحصیل خلیل آباد ضلع بستی کا تحصیلدار، دربار اودھ کا میر منشی، راجیشور ناتھ زیبا اور جگیشور ناتھ بیتابؔ اس کی نسل سے تھے، ایک دیوان (غیر مطبوعہ) یادگار چھوڑا۔ از وست:

فکر کشتنم دارد بے وفا طبیب من　　چوں بود شفا اکنوں دوستاں نصیب من

حوالہ جات: صبح گلشن ص ۴۱۲، تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی ص ۱۷۱ اور ص ۲۸۱

موجدؔ، مکھن لال:

مولد بدایوں، سکونت بریلی، فارسی گو۔ از وست:

نیست رحمے بردلم یار دل آزارِ مرا　　نالۂ بلبل شمارد، نالۂ زارِ مرا

حوالہ: صبح گلشن ص ۴۶۵

ممتازؔ، عبدالملک:

خلف شاہ غلام مرتضیٰ، نبیسہ شاہ محی الدین اویسی، خواہر زادہ نذیر الدین حسن شائق، نواب سعادت یار خاں صاحب کا مصاحب، اس کی شہرت میں دو باتوں سے اضافہ ہوا۔

(۱) اس نے میر غلام علی عشرت کی وفات پر "ہائے میر عشرت" (۱۲۳۶ء) مادّۂ تاریخ نکالا جو ضرب المثل ہو گیا۔

(۲) اس کو نواب عبدالعزیز خاں عزیز جیسا بے مثل شاگرد ملا۔

انیسویں صدی عیسوی کے شعرائے بریلی کی طرح جو ابتدائی دہائیوں میں مائل بہ خارجیت تھے، ممتاز نے بھی حباب پر نقش بنائے۔ ہر چند یہ وقتی میلان تھا لیکن اس کو کچھ نہ کچھ فروغ ضرور ملا۔ محبت اور عزیز کے مابین ممتاز کی غزل ایک کڑی کی طرح ہے جس نے دو میلانات کو بہ صد حُسن، عزیز کی غزل میں یکجا کیا۔ از وست:

پشت لب اس کے سبز ہوئے، اب بھلا ہوا — باغ امید بوسہ، ہمارا ہرا ہوا
دیکھا جہاں حسین، وہیں جا اولجھ گیا — خانہ خراب دل نہ ہوا، اک بلا ہوا
غنچے ہزاروں موسم گل میں کھلے، مگر — تجھ بے وفا سے دل مرا، اے گل نہ وا ہوا
ایک دم بھی بعد وصل کی شب کو جیے نہ ہم — ساتھ ہی نسیم صبح کے، بس دم ہوا ہوا
گرداب بحر غم میں نہ ہوں غرق کیوں نہ ہم — جب تو کنار غیر سے جا آشنا ہوا
کھینچے شب وصال کے خمیازے اس میں سب — روز فراق ہی ہمیں روز جزا ہوا

ہے کیا بعید، ساتھ گر اس کے لگے پھریں
ممتاز دل ہے یار سے اپنا لگا ہوا

ممتاز کی وفات ۲۰ر صفر چہار شنبہ ۱۲۷۳ھ مطابق ۲۲ر اکتوبر ۱۸۵۶ء کو ہوئی۔

حوالہ: دیوا عزیز، ص ۱۸۱

مشہور:

نام لا اعلم، شیفتہ نے تحریر کیا کہ "بریلی کا کائستھ ہے، مشہور تخلص ہوتے ہوئے بھی مشہور نہیں۔"

از وست:

خوشی سے کیوں نہ اے مشہور اب بغلیں بجائیں ہم
ملے گا یار ہم سے آج، پھر بازو پھڑکتے ہیں

حوالہ جات: گلشن بے خار، ص ۲۵۲، سخن شعرا ص ۴۳۹

مصروفؔ، خان بہادر خاں:

ابن نواب ذوالفقار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، اس نے دینی علوم کی تکمیل کی۔ عربی فارسی اور اردو میں دستگاہ تھی، اعلیٰ خوشنویس تھا، اس کی کتاب مسمیٰ مقاصد الصالحین پنڈت بشیرالدین شاہ جہان پوری نے شائع کرادی ہے۔ایسٹ انڈیا کمپنی کا صدرالصدور یعنی سب جج تھا۔مبلغ ۲۵۰ ماہانہ مشاہرہ ملتا۔مبلغ ۱۰۰ خاندانی وظیفہ تھا، معافیات کی بھی آمدنی تھی۔

خان بہادر خاں نے ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں روہیل کھنڈ کے حریت پسندوں کی قیادت کی، خود اس نے ۵/مئی ۱۸۵۸ء کو بریلی کے مشرق میں نکٹیا ندی کے کنارے موضع سستی پور میں کمپنی کی فوج کا مقابلہ کیا جس میں اس کو شکست ہوئی۔ بعدہٗ نیپال میں گرفتار ہوا۔ مقدمہ چلا اور پھانسی کا حکم صادر ہوا، بازار درزی چوک میں (موجودہ شیر بیڑی بھون اور شاستری مارکیٹ کے مابین بروز شنبہ یکم رمضان ۱۲۷۶ھ/۲۴/مارچ ۱۸۶۰ء کو اسے پھانسی دی گئی۔اس نے پھانسی کے وقت یہ شعر آبدیدہ ہو کر پڑھا:

به جرم کلمۂ حق می کشند وغوغاے است　　　زمرگ زندگیم می شود، تماشاے است

اس وقت اس کی عمر ۷۰ برس کی تھی۔

خان بہادر خاں کا تخلص مصروفؔ تھا۔بعض تذکرہ نگاروں نے معروف لکھا جو غلط ہے۔اس نے شیخ قلندر بخش جرأت (م ۱۸۱۰ء) سے اشعار پر اصلاح لی۔صاحب دیوان تھا، حسرت موہانی نے اردوے معلیٰ میں اس کے کلام کا انتخاب شائع کیا جو پیش نظر ہے۔ایک غزل کی عبدالعزیز خاں عزیز بریلوی نے تضمین کی جو دیوان عزیز میں شامل ہے۔اس کا نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

قصد کرتا ہوں ترے گھر سے جو میں جانے کا　　　دل یہ کہتا ہے، کہ چل میں تو نہیں آنے کا
شمع گو تجھ کو بھی ہے سوز محبت کی لگن　　　لیک قائل ہوں میں، پروانے کے جل جانے کا
نہیں معلوم مزا کیا ہے، مجھے اے مصروفؔ　　　خون دل پینے کا اور لخت جگر کھانے کا
احوال درد دل، کوئی اظہار کیا کرے　　　بے مہر ہو طبیب، تو بیمار کیا کرے
ہے مثل حباب زندگانی　　　ہے نقش برآب زندگانی

تا حشر اب خیال نہ میرا کرے گا دل — تو اس کو مل گیا، تو مرا کیا کرے گا دل
جان و جگر تو نام کو باقی نہیں رہے — کیونکر اب اسکی زلف سے سودا کرے گا دل
مصروفؔ دیکھو پیروئ دل نہ کیجیو — میری طرح سے تجھ کو بھی رسوا کرے گا دل

بریلی میں اس کی بنوائی ہوئی ایک مسجد موجود ہے جو پیلی بھیت روڈ پر کنور دیا شنکر ای ایم انٹر کالج کے مشرق میں ہے۔ مسجد کے آس پاس کا علاقہ جو منجملہ نواب کا کھیڑا، جزوی طور پر آباد تھا، گھنی آبادی میں تبدیل ہو چکا ہے۔

خان بہادر خاں کی نعش کو فوج کی نگرانی میں خفیہ طور پر ڈسٹرکٹ جیل میں دفن کرایا گیا تھا۔ آزادی وطن کے بعد اس کی قبر پر کتبہ لگا دیا گیا ہے۔

حوالہ جات: حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۶۵، ۱۸۵۷ء کے مجاہد شعراء ص ۳۴۱، سخن شعراص ۴۴۴، تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی، ص ۲۰۹ تا ص ۲۲۶، دیوان عزیز ص ۱۷۹، نواب خان بہادر خاں: بزبان ہندی از زیبا لطیف، ص ۱۷۵

نعیمؔ، محمد نعیم اللہ خاں:

قدرت اللہ شوق نے اس کا نام محمد نعیم، میر حسن نے نعیم اللہ اور مصحفی نے نعیم اللہ خاں تحریر کیا۔ ان سب کو یکجا کرنے سے محمد نعیم اللہ خاں درست معلوم ہوتا ہے، نعیم تباہی دہلی کے بعد آنولہ پہنچا اور وہاں نواب سعد اللہ خاں (م ۱۷۶۳ء) کی سرکار میں ملازمت کی۔ اس کے بعد سعد اللہ خاں کے برادر خرد نواب محمد یار خاں امیر سے منسلک ہوا۔ آنولہ کی محفل اجڑنے کے بعد آنولہ کے ایک موضع اتر چھینڈی گیا اور مرض استسقا سے قیاساً ۱۷۷۳ء میں فوت ہوا۔

نعیم نے شاہ حاتم سے اصلاح لی۔ اعظم الدولہ سرور نے اس کو قائم کا شاگرد بتایا جو درست نہیں، اس کی شاعری کے متعلق دو متخالف آرا ملتی ہیں، میر حسن نے تحریر کیا ''می گویند، بسیار برخود غلط است'' قدرت اللہ شوق نے تحریر کیا ''طبع درست و موزوں دارد'' اس کا نمونہ کلام یہ ہے:

دیجیے گر، خیر، خیر، ورنہ بخیر — خوش رہو، یہ فقیر سائل ہے

نعیم نے سودا کی ہجو بھی لکھی تھی، جس کا ایک بند مندرجہ ذیل ہے:

ہمارے ایک مشفق ہیں پچھیلے[۲۰] کچھ اک میٹھے ہیں کچھ کڑوے کسیلے
جہاں جاتے ہیں یہ، واں ان کے چیلے کوئی کھینچے، کوئی ان کو ڈھکیلے
ہمارے میرزا صاحب نویلے[۲۱]
بہت خوش ہو کے کھاتے ہیں کریلے

نعیم کا یہ فارسی شعر بھی دلکش ہے:

جوں شمع جملہ بدن صرف سوختن کردم ہنوز در دل من، ذوق سوختن باقی

حوالہ جات: طبقات الشعراء ص ۲۸۰، تذکرۂ شعرائے اردو ص ۱۸۱، تذکرۂ ہندی ص ۲۵۹،

نالاںؔ، محمد جان:

خلف مرزا مہدی علی خان[۲۲] جو بزمانۂ حکومت اودھ (۱۷۷۴ء تا ۱۸۰۱ء) بریلی کے صوبیداروں میں سے ایک صوبیدار تھا۔ نالاں لکھنؤ میں پیدا ہوا، بریلی میں اقامت اختیار کی، ابتداً مصحفی کے شاگرد موجی رام موجی سے اشعار پر اصلاح لی اور بعد کو مصحفی کے حلقۂ تلامذہ میں داخل ہوا۔ اس کے اشعار میں تازگی ہے جو مصحفی کے زیر اثر معلوم ہوتی ہے۔ از وست:

وصل کی شب مجھے، کیا یار نے سونے نہ دیا دیدۂ طالب دیدار نے سونے نہ دیا
شدت درد سے کرتا جو رہا نالہ و آہ قبر میں بھی دل بیمار نے سونے نہ دیا
چھیڑنے کو مرے تصویر خیالی بھیجی خواب میں بھی مجھے دلدار نے سونے نہ دیا
وہ تو اس بات پہ راضی تھا مگر اے نالاںؔ پاس میرے، اسے اغیار نے سونے نہ دیا

حوالہ جات: ریاض الفصحا ص ۳۲۷، خوش معرکہ زیبا جلد ا، ص ۱۷۴، سخن شعرا ص ۵۰۱

ناصرؔ، ناصر خاں:

اس کو شوق نے متعارف کرایا۔ طبقات الشعرا میں مرقوم ہوا:

''متوطن بلدۂ بریلی، جوانے است وجیہ، باتمکین، بسیار ذہین وخوش مقال، آدم بے مثال، قوم افغان بے زوال، از شاگردان رشید غلام

جیلانی بیدم مسطور است، ذہنش صائب وفکرش بسیار مناسب، از بسکہ حوصلہ بلند دارد فن شعر ریختہ را از جوہر ذاتی خود نمی شمارد، فامّا گاہ گاہے بعد سال وماہے، برائے خاطر داشت بعضے ہمد ماں غزلے و بیتے می آرد ....اکثر مسودات او کہ از نظر ایں مولف گذشتہ، ازاں انتخاب نمودہ شد............ـ"

امیر مینائی نے انتخاب یادگار میں مطلع کیا کہ ناصر خاں نجابت خاں کا فرزند اور قدرت اللہ شوق کا شاگرد تھا۔ ایسی صورت میں کہ خود شوق نے ناصر کو غلام جیلانی بیدم کا شاگرد تحریر کیا امیر مینائی کی اطلاع درست نہیں۔ امیر مینائی کے بقول ناصر فارسی گو بھی تھا اور اس کا صرف فارسی کلام نقل کیا ہے۔ ناصر کے اردو اشعار پر طرز سودا غالب ہے۔ من کلامہ:

جو مثل حنا سرزنش سنگ تلے ہو — وہ اس کے قدم کے کف گلرنگ تلے ہو
ہرگز نہ کروں خواب، جو ہو بالش مجمل — سر کے، تری دہلیز کا، گرسنگ تلے ہو[۲۳]
یوں پنجۂ مژگاں نے لیا داب ترا[۲۴] دل — جوں مرغ کہ شہباز کے سرچنگ تلے ہو
جوں ماہ شب چاردہم تو نظر آوے — جس وقت تری[۲۵] ران کے شب رنگ تلے ہو
ہے چشم نظر اپنی میں، وہ بھی جو کسی کے — پانوں کے اگر مسندِ ہوشنگ تلے ہو
یوں گھیر لیا زلف سیہ نے ترے رخ کو — جوں روم کہ وہ دست شہ زنگ تلے ہو
اس عشق میں مت بوجھ دل تنگ کی صورت — نے شکل ہے کچھ نام کی، نے ننگ کی صورت
عاشق کی شب وصل سے لے دام سیاہی — کھینچے جو مصور ترے شب رنگ کی صورت
کــــر لیــجیــو تو سنگ قدم اپنا کہ یہ دل — افتادہ ہے کوچے میں ترے سنگ کی صورت
آجاوے وو ہیں[۲۶] نشہ مری آنکھوں میں اے یار — گھٹواوے جو تو خط کے تئیں بنگ کی صورت

خالی منھ پر نہیں متاع چمن
لوٹنے کو یہ چور آیا ہے

حوالہ جات: طبقات الشعرا ص ۵۴۶، انتخاب یادگار ص ۳۷۱

نکہتؔ، شیخ عبداللہ:

اس کو قدرت اللہ شوق نے متعارف کیا، تلمیذ معین الدین عباسی، باشندہ بلدۂ بریلی، جوان العمر اور نومشق۔ از وست:

رفتار میں قیامت، گفتار میں یہ شوخی
ہے ختم تجھ پہ پیارے، انداز خوش ادائی

حوالہ: طبقات الشعراص ۶۰۴

نامیؔ، نثار احمد:

اعظم الدولہ سرور کے بقول باشندہ دہلی اور بریلی کا ساکن، فارسی گوتھا سرور نے اس کا کوئی شعر نقل نہیں کیا۔

حوالہ: عمدۂ منتخبہ ص ۷۷۰

نیازؔ، نیاز احمد:

آپ کے جدامجد شاہ آیت اللہؒ اندی جان سے ملتان تشریف لائے۔ آپ کے والد حکیم شاہ رحمت اللہؒ نے سرہند میں سکونت اختیار کی، آپ کی صحیح تاریخ پیدائش کا علم نہیں، قیاساً ۱۷۴۰ء میں یا اس کے آس پاس کسی سنہ میں پیدا ہوئے۔[۲۷]

آپ کو بغرض تعلیم دہلی لایا گیا۔ آپ نے دہلی میں مروجہ علوم دینیہ حاصل کیے۔ حکیم قدرت اللہ قاسم نے اطلاع دی کہ آپ نے مولوی خواجہ احمد خاں سے اکتساب علم کیا، آپ نے دینی علوم حاصل کرنے کے بعد تعلیم باطنی کا شغل کیا۔ آپ کو اپنے والد سے سلسلۂ چشتیہ صابریہ نقشبندیہ میں ارادت و خلافت حاصل تھی۔ آپ سلسلۂ چشتیہ قادریہ سہروردیہ میں مولانا فخرالدین چشتیؒ (م۱۷۸۵ء) سے بیعت ہوئے۔ اس کے بعد حضرت شاہ عبداللہ بغدادیؒ (م۱۷۹۳ء) سے بھی بیعت ہوئے اور ان کے ہمراہ داناپور پھلواری شریف بہار کا سفر کیا۔ قطب الدین باطن نے آپ کو حضرت میر ضیاء الدین جے پوری کا مرید لکھا جو غلط ہے کیونکہ حضرت ضیاء الدین خود مولانا فخرالدین کے مرید تھے۔

حضرت شاہ نیاز احمدؒ بریلی تشریف لائے اور رشد و ہدایت کا سلسلہ شروع کیا ۲۸۔ آپ سے کثیر التعداد طلباء نے علم ظاہری و باطنی حاصل کیا۔ آپ سے دیگر ممالک اسلامیہ کے تشنگان علم نے بھی فیض پایا۔ آپ کے حلقۂ ارادت میں کابلی، بدخشانی اور شیرازی بھی تھے۔

آپ کی تصنیفات کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

(۱) رسالہ شمس العارفین: غیر مطبوعہ، فن عقائد اور تصوف، ۹۵ بندوں پر مشتمل، ابتدائی ۴ بند عربی میں اور ۹۱ بند فارسی میں۔ (۲) شمس العین: غیر مطبوعہ، شرح شمس العارفین بزبان فارسی۔ (۳) کشف العین: غیر مطبوعہ، شرح شمس العارفین بزبان عربی۔ (۴) نور العین: غیر مطبوعہ، تتمہ شرح شمس الغین۔ (۵) مجموعہ قصائد عربیہ: ایک خمسہ بہ منقبت پنجتن پاک اور دوسرا بہ مدحت حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ اور تیسرا تضمین بہ مدح حضرت صدیق اکبر، غیر مطبوعہ۔ (۶) بیاض فارسی: غیر مطبوعہ۔ (۷) ملفوظات: فارسی، غیر مطبوعہ۔ (۸) دیوان مشتمل بہ اشعار فارسی و اردو: غیر مطبوعہ۔ (۹) شرح قصائد عربیہ: غیر مطبوعہ۔ (۱۰) رسالہ راز و نیاز: غیر مطبوعہ۔ (۱۱) تحفۂ نیاز: غیر مطبوعہ۔ (۱۲) تسمۃ المراتب۔ (۱۳) لیعرفون۔ (۱۴) لیعبدون۔ (۱۵) حاشیہ شرح چغمنی۔ (۱۶) حاشیہ ملا جلال۔ (۱۷) رسالہ منطق۔ (۱۸) مجموعہ رسائل بر علوم مختلفہ۔

راقم الحروف نے مذکورہ بالا فہرست مختلف ذرائع سے تیار کی جس میں سہو، تکرار اور التباس کا امکان باقی ہے کیونکہ سوائے دیوان نیاز کے حضرت شاہ نیاز احمدؒ کی کوئی بھی تالیف مطالعہ تو درکنار نظر بھر کے دیکھنے کو بھی نہیں ملی۔ یہ بھی ممکن ہے کہ حضرت شاہ نیاز احمدؒ کی ان رسائل و کتب کے علاوہ، مزید تالیفات ہوں جو ہنوز نظر سے اوجھل ہیں۔

حضرت شاہ نیاز احمد نیازؒ بڑے صوفی اور بڑے شاعر تھے۔ ان کے کلام شعر میں ان مدارج اور مقامات کا اشارہ ملتا ہے جو ایک صوفی کا تجربہ اور مشاہدہ ہیں۔ ان کی شاعری میں عشق کی تعلیم پر زور دیا گیا جس کی وجہ سے ان کے اشعار فارسی و اردو عشق کے فلسفے، رمز، کارفرمائی اور جمالیات کا عکس حسین بن گئے۔ ان کے اشعار میں بہت دلکشی ہے ان کو فارسی شعر گوئی کا زبردست ملکہ ہے۔ اردو اشعار مقابلتاً تعداد میں کم ہیں لیکن ان کی لے بھی وہی ہے جو اشعار فارسی کی۔ ان کے اشعار کا بہت مختصر انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

حسن خود عاشقت و خود معشوق — بردر ناز خود نیاز منست
نیست جز آہنگ عشق آواز موسیقار من — رب ارنی می نوازد بربط ہر تار من
وضو بخون جگر کن بحکم مفتی عشق — کہ از جنابت حدثت صفائی آساں نیست
شاہ عشق آمد و شد تخت نشین برمن — شحنۂ عقل بدر شد زحد کشور من
من آں نورم کہ اندر لامکاں موجود بودستم — باشراق خودم شاہد خودم مشہود بودستم
نیاز اندر حقیقت لایزال ولم یزل ہستم — مگر باایں تعین نیست و نابود بودستم
قید مذہب سبب سلب تجرد تادید — دل بے قید زگبرو مسلماں برگشت
وحدت کے ہیں یہ جلوے نقش ونگار کثرت — گر سرّ معرفت کو پاوے شعور تیرا
دیکھا پرکھ پرکھ کے آخر نظر پڑا یہ — گر نقد ہیں تو ہم ہیں نقاد ہیں تو ہم ہیں
جبھی جا کے مکتب عشق میں سبق مقام فنا لیا — جو پڑھا لکھا تھا نیاز نے سو وہ صاف دل سے بھلا دیا
عالم عشق کی دنیا ہی نرالی دیکھی — سحر و شام وہاں، یہ سحر وشام نہیں
مدرسے میں عاشقوں کے جس کی بسم اللہ ہو — اس کا پہلا ہی سبق یارو فنا فی اللہ ہو
کمال فقر شد است از ظہور فخر الدیں — فدائے او دل و جانم، دگرنمی دانم
مقامم اے نیاز اندر جہاں ہر کس نمی داند — فرید دہر وشمس وقتم وہم رنگ منصورم

خانقاہ نیازیہ بریلی میں اشاعت حق اور خدمت خلق کا کار خیر بلا تفریق عقائد و مذہب ہنوز جاری ہے اور یہ وہ سعادت ہے جو ہر ایک کو حاصل نہیں۔

حضرت شاہ صاحب کی وفات ۶/جمادی الثانی ۱۲۵۰ھ مطابق ۱۰/ اکتوبر ۱۸۳۴ء کو ہوئی۔

حوالہ جات: دیوان نیاز نول کشور ایڈیشن ۱۸۷۶ء، کرامات نظامیہ، ص ۲۸-۲۹، چند شعرائے بریلی ص ۵۸ تا ص ۷۱، مقالہ مسعود نظامی، پیام مشرق دہلی، بابت اپریل ۱۹۶۷ء، گلستان بے خزاں ص ۲۵۵، مجموعۂ نغز جلد ۲ ص ۲۸۸، ریاض الفصحا ص ۲۳۹، سخن شعراء ص ۵۳۶

وحشتؔ، مرزا باقر علی خاں:

ابن مرزا حسین علی خاں جو بزمانہ نواب سعادت علی خاں ۱۸۰۰ء میں بریلی کا صوبیدار تھا، باقر

علی خاں کے نام پر بریلی میں جانب غرب قلعہ ۲۹ ندی کے کنارے محلّہ باقر گنج ہے، اس کی نواب نصیر الدین حیدر، شاہ اودھ سے قرابت داری تھی جس کی وجہ سے ممتاز و مفتخر ہوا۔ بریلی سے لکھنؤ گیا جہاں مصحفی نے اس کو دیکھا اور عمر ۴۰ برس تحریر کی۔ مصحفی نے اس کے متعلق مزید تحریر کیا کہ ''چوں بہ سن تمیز رسیدہ در کلام خود بہ عرصۂ قلیل از فیض خدمت استاداں فصاحتے و بلاغتے پیدا کردہ'' لیکن نساخ اور ناصر نگینوی نے واضح طور پر تحریر کیا کہ وحشت کو میر تقی میر (م ۱۸۱۰ء) سے تلمذ تھا۔ ہوسکتا ہے کہ اس نے میر کی وفات کے بعد اساتذۂ دیگر سے بھی مشورۂ سخن کیا ہو۔ بہرنوع بامزہ شاعر تھا۔ اس کے اشعار میں تازگی محسوس ہوتی ہے۔ از وست:

گور لگ لگ کر گلے، کیونکر نہ دے وحشت، فشار ایک مدت ہم رہے آغوش مادر سے جدا
نگہ آفت، بلا قامت، کمر ہیچ، ودہن معدوم جو دیکھو غور سے تو وہ صنم جادو کا پتلا ہے
رنگ ثبات، بس کہ نہیں اس نگار میں آتی ہے بوئے پاس گل انتظار میں
از بسکہ مجھ کو مرگ سے اپنی سرور ہے یہ گور کی بغل نہیں، آغوش حور ہے
دیکھ کر اوس کو ہوا ہوں غش، نہ آؤں ہوش میں ہووے محشر کا اگر شور و فغاں بالائے سر

حوالہ جات: ریاض الفصحا ص ۳۵۰، سخن شعرا ص ۵۴۱، خوش معرکۂ زیبا، جلد ا، ص ۱۶۰

وفاؔ، دیاناتھ:

خلف منسا رام، قوم پنڈت، شاگرد مرزا علی اکبر عارف شیرازی، فارسی گو، فارسی مثنوی مسمیٰ گل و بلبل کا مصنف، ایک اردو مثنوی داغ دل (۱۲۳۸ھ/ ۱۸۲۱-۲۲ء) بھی تحریر کی۔ دونوں مثنویات کے مخطوطے رامپور رضا لائبریری رامپور میں محفوظ ہیں۔ وفا کا آخری زمانہ بہ عہد واجد علی شاہ لکھنؤ میں گزرا۔ از وست:

اے کہ بر روئے تو مہ زلف چلیپا دارے صورت شام وسحر جمع و یکجا دارے

حوالہ: صبح گلشن، ص ۵۹۴

ہنرؔ، کلو خاں:

ابن فدائی خاں، قوم افغان، ساکن آنولہ، شاگرد فیض اللہ بیگ فدوی، متقدمین کی روش اور اپنے استاد کے اتباع میں قطعہ بند غزلیات تحریر کرنے کا شوق تھا۔ از وست:

دعویٰ نہ کیجیو دہن تنگ، یار سے یہ بات غنچہ رکھیو، تو اپنے دہن کے بیچ

حوالہ: طبقات الشعراء ص ۴۸۰

ہمتؔ، ہمت خاں:

قوم افغان، بزمانۂ نادر گردی کٹھیر وارد ہوا، آنولہ اور موضع پنہرا میں قیام کیا، آخری زمانہ رامپور میں گزرا، قدرت اللہ شوق کے مشاعروں میں شریک ہوتا تھا، مزاج آزادانہ اور مشرب رندانہ رکھتا تھا، حافظ جمال اللہؒ رامپوری کا دوست تھا، طلب دنیا سے دور اور پیروی سنت میں پیش پیش تھا، عمر بلوغ میں فارسی سیکھی، فارسی گو بھی تھا، اردو اشعار کا ایک دیوان اپنی یادگار چھوڑا۔ از وست:

جب شانہ صفت دل کو میں صد چاک کروں گا کوچے میں گزر زلف کے بے باک کروں گا
محفل میں میں گر غیر سے گرمی تری دیکھی جوں شمع جلا تن کو، وہیں خاک کروں گا
آئینہ صفت ہووے گا عالم سبھی غرقاب جس وقت کبھی چشم کو نمناک کروں گا
کانپے گا جگر عرش کا دہشت ستی ہمت جس وقت میں اک آہ غضبناک کروں گا

☆

کہتے ہیں یار تو کل جاوے گا پر یہ جی آج ہی نکل جاوے گا
ہر گھڑی گھر سے نکل مت، ظالم کوئی چلاوہ تجھے چھل جاوے گا
ہائے پھر دل یہ غضب کا مارا اس کی باتوں پہ بہل جاوے گا
دیکھیں کیا داد دلاویں نواب لے کے ہمت یہ غزل جاوے گا

☆

ہووے نہ آہ کا مری کیونکہ بلند مرتبہ جاتا ہے آگے دوڑتا جس کے اثر برہنہ پا
عجب گردش میں اپنی ان دنوں اوقات کٹتی ہے غنیمت ہے کوئی ساعت جو تیرے ساتھ کٹتی ہے

دو قدم اٹھ جو ترے در سے چلے، بیٹھ گئے — پاؤں جتنے کہ ہلائے، نہ ہلے، بیٹھ گئے
مثل خور صدر نشیں دیکھ تجھے، سب مہ رو — ماہ کی طرح سے نادم ہو، تلے بیٹھ گئے
سوز دل کو جو بقا ہے تو سنے گا ہمت — گھر کے گھر اس میں ہزاروں کے، جلے بیٹھ گئے

قادرالکلام شاعر معلوم ہوتا ہے۔

حوالہ جات: طبقات الشعراء ص ۵۳۷، میر غلام علی عشرت بریلوی ص ۳۹

ہمدمؔ، محمد معصوم:

محمد شرف عاصی، جس کا ذکر ہو چکا، ہمدم کا برادر کلاں تھا، اس کو شاعری سے کوئی خاص لگاؤ نہیں تھا۔ اپنے احباب کی خاطر طبع کے لیے شعر کہتا تھا۔ از وست:

گرچہ دلکش ہے سب بتاں کی ادا — لے گئی جی، پر اس جواں کی ادا

حوالہ: طبقات الشعراء، ص ۴۷۱

ہمدمؔ، عبداللہ خاں:

فتح خاں خانساماں کا فرزند، عبداللہ خاں جنگ روہیلہ (۱۷۷۴ء) میں شجاع الدولہ کا ساتھ دیا جس کے عوض جاگیر ملی جو بعد کو ضبط ہوگئی۔ فیض اللہ خاں کے ساتھ رامپور گیا، شاید دوبارہ آنولہ دیکھنا نصیب نہیں ہوا جہاں کا حاکم بزمانہ نواب حافظ رحمت خاں، فتح خاں خانساماں تھا۔ عسرت و پریشانی میں دنیا سے کوچ کیا، رامپور میں تدفین ہوئی۔ از وست:

نو گرفتار ہوں، کچھ رسم مجھے یاد نہیں — اس لیے لب پہ مرے نالہ وفریاد نہیں

حوالہ جات: گلشن بے خار، ص ۳۳۳، تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی، ص ۱۴۸

ہدایتؔ، ہدایت علی، مولوی:

خلف میر سید بہادر علی، اس کا دادا سید نذر علی امروہہ سے ترک وطن کرکے بریلی میں آباد ہوا۔ اس طرح اس کا خاندان مولویان بریلی سے تھا جس میں سید مہربان علی فرحاں اور قاسم علی خواہاں جیسے شعرا اور مربی سخن پیدا ہوئے۔ اس نے مفتی محمد عوض سے درسی تعلیم حاصل کی اور شاعری میں

خلیفہ امیر الدین آزاد (م ۱۸۶۷ء-۶۸ء) کا شاگرد ہوا۔ فارسی و اردو کا شاعر تھا۔ نعت گوئی میں شہرت پائی۔ اس کے نعتیہ دیوان کا نام ہدایت فیاض ہے جو مطبع قادری بریلی سے ۱۸۹۴ء میں طبع ہو کر شائع ہوا اور جس کا نسخہ اسی خاندان کے ایک فرد سید تعظیم علی نقوی کے پاس کراچی میں محفوظ ہے۔ سید تعظیم علی نقوی ۱۹۸۰ء میں بریلی تشریف لائے تھے اور ان سے ہی ہدایت کے حالات و اشعار ہمدست ہوئے ۳۰۔ از وست:

کہیں وصف کیا، خالق دوجہاں کا — نہ کام دہن ہے، نہ یارا زباں کا
حقیقت کھلے راز عرفاں کی کیونکر — نہیں ہے یہاں دخل وہم و گماں کا
نہ محتاج رکھ اہل دنیا کا یارب — ہدایت گدا ہے ترے آستاں کا

ہدایت علی ہدایت کی وفات ۱۸۹۰ء میں ہوئی۔

یاس، محمد ضیا خاں:

ابن نواب محمد اکبر خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، شاگرد احمد خاں غفلت رامپوری پر گو شاعر تھا۔ از وست:

یاس اب تو سوائے یاد خدا — ہم کسی کے، نہ کوئی اپنا ہے

اپنے والد کے ساتھ رامپور میں مقیم تھا۔ ۶ر شوال ۱۲۶۰ھ/ ۲۰ر اکتوبر ۱۸۴۴ء کو فوت ہوا۔

حوالہ: انتخاب یادگار، ص ۴۰۱

یاور، امداد علی:

خلف شیخ ولایت علی جو باشندۂ بریلی تھا۔ یاور کی پیدائش دہلی میں ہوئی، بعد کو اس نے لکھنؤ میں سکونت اختیار کی۔ لکھنؤ میں محمد بخش شہید تلمیذ ناسخ کا شاگرد ہوا، صاحب دیوان تھا۔ از وست:

کون ہوتا ہے برے وقت میں اپنا یاور — مرد جو ہیں، وہ مصیبت میں خبر لیتے ہیں

حوالہ: سخن شعراء، ص ۵۶۸

شعرائے متوسطین

اسیر، محمد حسن:

مفتی ابوالحسن المتخلص بہ حسنؔ (م۱۸۵۰ء) کا فرزند، اپنے والد سے تحصیل علم کی اور ان سے ہی مشورۂ سخن کیا۔ سلسلۂ قادریہ برکاتیہ میں سید شاہ آل رسول مارہرویؒ (۱۸۷۹ء) کا مرید وخلیفہ تھا۔ ضلع مرادآباد میں صدرالصدور تھا۔ اس کے مکان پر غالب نے بہ واپسی رامپور ۳۱؍دسمبر ۱۸۶۵ء سے ۴؍جنوری ۱۸۶۶ء پانچ دن قیام کیا۔ اس کا بھتیجا مفتی سلطان حسن خاں احسن (م۱۸۷۲ء) غالب کا شاگرد تھا۔ فارسی گو بھی تھا، اس کے فارسی وارد و اشعار پر مشتمل دیوان کا نام چمنستان سخن ہے۔ اس نے شاعری کے علاوہ علمی کام بھی کیا۔ اس کی مندرجہ ذیل کتابوں کے نام ملتے ہیں۔ رسالہ اصل الاصول، غایۃ الکلام فی حقیقۃ التصدیق عندالحکما والامام، منہاج المواج یعنی شرح معارج العلوم، صلوٰۃ محمدیہ مع کلمات زکیہ، زورق الزاہب فی بحر المذاہب۔ اس کے کلام کا نمونہ مندرجہ ذیل ہے:

کاکل و چاہِ زنخداں و کمند ابرو
بہرقید تو اسیرؔ آمدہ زندانے چند

آ اے جگر بہم کریں ہم تو عزائے دل — تو وائے دل پکار، میں چلاؤں ہائے دل
اپنوں کے پند، غیروں کے طنز، آسماں کے جور — کیا کیا نہ رنج ہم نے اوٹھائے برائے دل
آخر کو مشت خاک ہے کچھ آسماں نہیں — یارو غم فراق کہاں تک اوٹھائے دل
ہوش وہواس تاب وتواں سب بلا سے جائیں — آئے ہزار جان پر آفت نہ آئے دل
ہر دم نگاہ تیز سے وہ تانتا ہے تیر — لوہے کا کس طرح کوئی اپنا بنائے دل

اب حبس دائمی کا گلہ کس لیے اسیرؔ
زلفوں میں کیوں پھنسا تھا یہی ہے سزائے دل

اس کی وفات بروایت خاندانی ۱۸۶۸ء کو ہوئی۔ ۱۳۱

حوالہ جات: تذکرۂ نادر ص ۲۷، غالب اور عصر غالب ص ۱۳۶

اوج، گنگا پرشاد:

کائستھ، شام موہن لال جگر بریلوی (م ۱۹۷۶ء) کا نانا، ملازم کلکٹری، اچھا فارسی داں اور طبیب، مجربات اوج کا مصنف، تلمیذ خواجہ آتش لکھنوی (م ۱۸۴۶ء)۔ از وست:

وحشت ہے طبیعت کو غزالان ختن سے
دیوانہ ترا بن میں بھڑکتا ہے ہرن سے

اس کی وفات ۱۸۹۲ء میں ہوئی۔

حوالہ: یادرفتگاں، ص ۱۱

اسیؔر، میر مکرم علی:

کرم علی کا پسر، مرزا قادر بخش صابر دہلوی نے تحریر کیا ''سرکردہ نوجوانان یوسف لقا'' گویا اپنے حسن کی وجہ سے بھی پہچانا جاتا تھا۔ متولد بریلی، مقیم دہلی، گاہ گاہ شعر بھی کہتا تھا، از وست:

یہ بھی کوئی ادا ہے کہ سو شوخیوں کے ساتھ
باتیں ہیں ہم سے، اور نظر اغیار کی طرف

حوالہ جات: سخن شعرا ص ۲۶، گلستان سخن ص ۱۳۹، بزم سخن ص ۱۳

احسنؔ، احسان علی:

نعت گوئی میں معروف ہوا، تلمیذ مرزا عباس بیگ نادؔر (م ۱۸۵۸ء) اس کی مندرجہ ذیل نعت آج بھی مقبول ہے:

مطلع نام محمد سر دیوان رہے
بیت ابرو کی صفت روبرو ہر آن رہے

جب تلک سانس رہے سینے میں اور جان رہے
نام احمد پہ دل و جان سے قربان رہے

صورت پاک کا جائے نہ تصور دل سے
درمیاں کعبہ کے موجود یہ قرآن رہے

جان جب نکلے، ترا نام زبان پر ہووے
التجا یہ ہے کہ قائم مرا اوسان رہے

از ازل تا بہ ابد، ہے یہ دعا احسن کی
بادشاہی تری، اے دین کے سلطان رہے

حوالہ: گلدستۂ آئینہ مغفرت بریلی، ص۱۰

اشکی، کندن لال:

منولال فلسفی کا پسر، رائے سدانند عاصی کا نبیرہ، مولد بریلی، سال پیدائش ۱۷۹۷ء، پندرہ برس کی عمر میں حضرت شاہ نیاز احمد نیازؒ کے زیر تربیت آیا۔ مفتی محمد عوض سے تفسیر بیضاوی پڑھی، حکیم جمال الدین سے فن طب حاصل کیا، منولال فلسفی سے علم النجوم پڑھا، بعمر ۱۹ سال مولوی رفیع الدین کا شاگرد ہوا، شاہ مسکین سے تصوف کی تعلیم پائی، نیائے اور سانکھ یعنی منطق اور طبیعات کا مطالعہ کیا، خوش حال رائے رند، برادر رائے سدانند عاصی، سے کاویعنی شعر ہندی کا درس لیا۔ سری پال کرشانند سے تنتر اور منتر سیکھا۔ مختصر کہ یہ بحر العلوم تھا۔ بعمر ۳۰ سال بہ عہدۂ پیشکار شاہ جہان پور میں تعینات ہوا۔ محمد علی شاہ اودھ (م ۱۸۴۲ء) کے عہد حکومت میں میر منشی ہوا اور راجہ کے خطاب سے سرفراز ہوا۔ عبدالعزیز خاں عاصی نے مقالات شروانی کے حوالے سے اشکی کی بعض کتب کے نام لکھے ہیں ایک فہرست سری واستو نے اپنی کتاب میں پیش کی ہے۔ دونوں فہرستوں کو سامنے رکھنے کے بعد اشکی کی مندرجہ کتب کا علم ہوتا ہے:

مصباح النجوم (زائچہ) مصباح الحساب، آداب باقیہ عربی (علوم عربیہ) آداب باقیہ یونانی، نونادر افرنگیہ، اسرار ماضیہ (علوم ہند) نزہت الناظرین، جہاں نما (بیت)، اُسطقسات (ہندسہ) قسطاس (قطاع) درقۃ الصغاع فی جمیع الآرا (طبیعات) سبعہ سیارہ، مصطلحات علوم، حکمت پارسی قدیم، اکسیر سعادت، نغمۂ عنادل (تصوف)، آچاریہ کلپ لتا، کل دیپکا، انتخاب پران (سنسکرت، رسوم وعبادت ہنود) چند رسالے گھڑی سازی اور تصویر کشی پر، یونانی، سریانی اور انگریزی کی مدد سے ایک فرہنگ عبرانی کی دو کتابیں حیوانات اور طیور بحر و بر پر، منتخب تنقیح الاخبار، تاریخ اودھ، منتخب استخراج النجوم، مبرہن (ہندسہ) حکمائے ہند، قرن لوجی، آثار باقیہ دو جلد (علم یونانی) اشکی کو شہرت نزہت الناظرین سے ملی جو کئی علوم کا مجموعہ ہے۔ اشکی کے اشعار نایاب ہوگئے۔ اس کا ایک شعر فارسی مندرجہ ذیل ہے:

ترک عشق است دوائے دل اشکی لیکن نتوانم، نتوانم، نتوانم، چہ کنم

اس کی وفات ۱۸۵۰ء میں ہوئی۔

حوالہ جات: تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی ص ۲۷۵، اکمل اکتاریخ ص ۴۶، تذکرہ روز روشن ص ۵۰، نوابی عہد کے ہندوؤں کا فارسی ادب میں یوگدان ص ۱۰۲ اور ص ۱۵۶

آثم، مجتبیٰ حسن:

کمبوہ، خلف مولوی بندہ حسن، مدرس عربی۔ از وست:

جو تم پھول میری لحد پر نہ رکھتے پریشان ۳۲ شور عنادل نہ ہوتا

حوالہ: یادگار ضیغم، ص ۶۹

امیر، جوالا شنکر:

خلف گنگا دت، کائستھ سکسینہ، نیک نفس اور ذی علم، شاگرد نسیم دہلوی (م ۱۸۶۶ء) اس نے للتا پرشاد لئیق چتر کوٹی سر شتہ دار کمی سیریٹ بریلی کی فرمائش پر دافع العذاب کے نام سے ست نرائن کی کتھا ۱۸۷۲ء میں نظم کی۔ اور جو مطبع ماہ پرتو بریلی میں تین بار شائع ہوئی اور اس کے بعد مطبع نول کشور میں۔ از وست:

زباں پرست نارائن کا ہے نام کہ جس سے جان کو تن میں ہے آرام
جمال اس کا، تماشا روبرو ہے چمن میں گل ہے، گل میں رنگ و بو ہے

حوالہ جات: دافع العذاب ص ۳، بہار سخن ص ۴۷

آزاد، امیر الدین، خلیفہ:

پیدائش ۱۷۹۰ء، تلمیذ میر غلام علی عشرت (م ۱۸۲۱ء)، فارسی کا استاد کامل، سلسلہ قادریہ میں حضرت شاہ عالم مارہرویؒ (۱۸۷۱ء) کا مرید، نوابین روہیلہ اور نوابین کمبوہ میں بہت مقبول، نواب عطا حسین کمبوہ (م ۱۸۴۲ء) کے ساتھ فرخ آباد گیا اور کچھ دن وہاں قیام کیا۔ اس نے نواب نیاز احمد خاں ہوش (م ۱۸۹۲ء) کو فارسی پڑھائی، فارسی اور اردو کا قادر الکلام شاعر تھا، اس کے

دواوین اور دیگر سرمایۂ شاعری سید تعظیم علی نقوی اپنے ساتھ کراچی لے گئے تھے اور ان کی عنایت سے ہی اشعار فارسی و اردو وغیرہ ہم دست ہوئے۔ میرے پاس ایک قلمی بیاض ۱۸۲۷ء کی ہے، جس میں من جملہ دیگر شعراء اس کی غزلیں اور مثنوی عشق صادق بھی شامل ہے۔ یہ مثنوی بعد کو مطبع نظامی کانپور میں ۱۸۸۴ء کو چھپ کر شائع ہوئی۔ اس نے فارسی اور اردو قطعات تحریر کیے۔ فارسی میں ''چار ابیات کہ ازاں از ہر چیز نام عطا حسین برآید'' تحریر کیے۔ اس کا ایک واسوخت فدا علی کے مطبوعہ مجموعۂ واسوخت، نول کشور پریس ۱۸۶۸ء میں شامل ہے۔ اس نے ایک مرثیہ ۳۳؎ رحیم بخش دری باف کے پھانسی کی سزا پانے پر تحریر کیا جس کا نسخہ پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی کراچی میں محفوظ ہے۔ ایک مثنوی در ہجو نور باف تحریر کی۔ مسدس، نعت اور منقبت کا کافی سرمایہ چھوڑا۔ نعت گوئی میں مشہور تھا۔ اس کی پوری عمر شعر و شاعری میں گزری اور اس نے بریلی میں شاعری کا ماحول اس وقت پیدا کیا جب بریلی کی مرکزیت ختم ہونے کے بعد شعراء کا رامپور اور لکھنؤ میں ہجوم لگا اور بریلی پر ادبی ادبار کے بادل منڈلانے لگے تھے۔ اس نے ایک عہد شاعری اور ایک نسل شعراء کو پیدا کیا۔ میرے عہد طفولیت میں معمر اساتذۂ بریلی اس کو باوا آدم کے لقب سے یاد کرتے تھے جو بجا اور درست تھا۔ مختصراً انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

بخت بد بیں کہ اگر یار زنامم پرسد
تاصداز فرط خوشی نام فراموش کند

بدست خود سیہ گیسوئے عنبریں دارم
مرا ببیں، کہ چہ مارے در آستیں دارم

من کہ برپائے دوست جاں دادم
بہ مقام رسیدہ است کہ مپرس

از جور بتاں شکایتے چند
آزاد مگر خدا نہ داری

بے ہیچ نہیں گریہ، ساتھ آہ کے آتا ہے
وہ آگ لگاتی ہے، یہ آگ بجھاتا ہے

وہ گل سا بدن دیکھا، شبنم کے دوپٹے سے
پھولا نہیں جامے میں ہر پھول سماتا ہے

جاتے ہو جو تم اے جاں، دل کو بھی لئے جاؤ
بھولی ہوئی باتوں کو، پھر یاد دلاتا ہے

حسرت تو نہ رہ جائے، تو آئے جو بالیں پر
یہ صید زبوں یوں ہی، آخر ہوا جاتا ہے

بدنام نہ ہوں کیوں کر، آزاد یہ فرماؤ
نامہ کا وہ پنچھالا ۳۴؎، تکّل میں لگاتا ہے

دور مابعد کے اسلوب سخن کا نمونہ:

ہے زیست فقط جس کے تصور سے ہماری — افسوس خیال اس کو ہمارا نہیں آتا
خبر نہ پوچھیے آوارگان عشق کی آپ — جہاں اک اور بسایا ہے اس جہاں سے دور
شہید اس نے کیا مہر کی نظر سے ہمیں — کفن ملے تو ملے دامن سحر سے ہمیں
آمد ورفتِ نفس دیتی ہے سو سو رنج وغم — نیند تو آتی نہیں ہے، جان بھی جاتی نہیں
یہ زیست بھی کوئی ہم نشیں ہے — دلدار کہیں ہے، دل کہیں ہے
ملتے نہ تمام عمر تم سے — کیا کہئے کہنے میں دل نہیں ہے
جو تم کو ایسی محبت تھی ان حریفوں سے — کسی غریب کو کیوں پھر امیدوار کیا
بزم خوباں میں ہر اک آپ کو کہتا ہے حسیں — حسرت آتی ہے کہ ایسے میں وہ دلبر نہ ہوا

نمونۂ اشعار نعت:

بجائے کعبہ ہے محراب ابروئے محمد کا — ہوا واجب طواف اس کو سر کوئے محمد کا
ہلال عید اک پرتو ہے ابروئے محمد کا — بھرا ہے نور مہر وماہ میں روئے محمد کا
اگر ہے کافِ کن گیسو تو نوں ہے حلقۂ گیسو — سر مو وصف ہوسکتا نہیں موئے محمد کا
مجال انسان کی کیا ہے کہ ہر مداح حضرت کا — کلام اللہ جب ناطق ہوا خوے محمد کا

پہنچ آزاد مرادنہ بقول حضرت کافی ۳۵
لقب ہے جنت الماویٰ سر کوئے محمد کا

مثنوی عشق صادق کے اشعار کا نمونہ:

ہوئی سنتے ہی نقش خاک وہ ماہ — نکالی درد سے پھر آہ پر آہ
بہت روئی، کیا تر آستیں کو — رلایا ساتھ اپنے ہم نشیں کو
ہوئی یاں تک بہ وحشت گرم شیون — کہ تھا چاک گریباں تا بہ دامن
کیا جو دشنۂ غم سے جگر خوں — بنی وہ رشک لیلیٰ رشک مجنوں
تپانچوں سے کیا نیلا رخ اپنا — گل عارض گل سوسن بنایا
نہ ہاتھ اس کا پکڑ لیتا جو وہ زار — تو مرجاتی وہ اپنے آپ کو مار
یہی دستور ہے سارے جہاں کا — کمال عشق ہے نقصان جاں کا

نمونہ اشعار از واسوخت:

عشق وہ ہوش ربا ہے کہ الٰہی توبہ عشق وہ سیل فنا ہے کہ الٰہی توبہ
عشق وہ برق بلا ہے کہ الٰہی توبہ عشق وہ تیغ قضا ہے کہ الٰہی توبہ
الاماں آتش جاں سوز، مصیبت ہے عشق
الحذر تابش خورشید قیامت ہے عشق

پیش ازیں ایک پری رو کا میں دیوانہ تھا شمع رخسارۂ گلرنگ کا پروانہ تھا
خانۂ کعبۂ دل اپنا، صنم خانہ تھا تخت شاہی مجھے سنگِ در جانانہ تھا
میرے خوش ہونے کے ساماں میں رہا کرتے تھے
کام کرنے کا مرے، آپ کیا کرتے تھے

اک مری چاہ سے، سو چاہنے والے نکلے ناز ایجاد ہوئے، طرز نکالے نکلے
بالیاں کانوں کی ٹھنڈی ہوئیں، بالے نکلے بال کیسے؟ مہِ رخسار کے ہالے نکلے
نئی وضعیں، حرکاتیں نئی، انداز نئے
نئی چہلیں، صلواتیں نئی، ہمراز نئے

جورُخ سے ستم زلف دوتا سے چھوٹے روز فرقت سے، شب غم کی جفا سے چھوٹے
خوب ناکردہ گناہی کی سزا سے چھوٹے شر گیا، خیر ہوئی بند بلا سے چھوٹے
تو وہ ہے تجھ سے ملے جو کوئی، ناشاد رہے
بندگی میں تری بے فائدہ، آزاد رہے

ہجویہ مثنوی سبحان نور باف کو بخوف طوالت نظر انداز کرنا پڑا۔

یہ افسوس کی بات ہے کہ اس کا ادبی کام مثنوی عشق صادق کے سوا طباعت سے محروم رہا۔

حوالہ جات: حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۶۶، تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی ص ۱۹۹، بیاض قلمی مثنوی عشق صادق، مجموعہ واسوخت فدا علی ص ۲، صبح گلشن ص ۵، گلشن بے خار ص ۷، خوش معرکۂ زیبا، جلد ۱، ص ۳۸، تاریخ فرخ آباد، ولی اللہ (قلمی) مقالہ رابعہ ص ۳۸۵-۸۶، گلدستۂ آئینہ مغفرت ص ۳

استاؔد، محمد یار علی:

تاریخی نام شیخ یار علی یعنی ۱۲۴۱ھ مطابق ۱۸۲۵-۲۶ء، شیخ امیر الدین آزاد کا فرزند و شاگرد، خوش خلق، نیکو نہاد، فارسی گو، اپنے پدر کے ساتھ فرخ آباد بھی گیا، اس کے اشعار اردو کا نمونہ مندرجہ ذیل ہے:

ہم خرابہ میں نیا باغ ارم کرتے ہیں		صحدم وہ جو علم تیغ دودم کرتے ہیں
آدمی کیا، سر خورشید قلم کرتے ہیں		ورق دل پہ وہ تصویر رقم کرتے ہیں
فرخ آباد چلو چھوڑ وطن کو استاؔد		خوبرو تم پہ بریلی کے ستم کرتے ہیں

اس کی وفات جوان العمری میں ۱۲۶۷ھ مطابق ۱۸۵۰ء-۵۱ء میں ہوئی۔

حوالہ جات: تذکرۂ صبح گلشن ص ۴۷، تاریخ فرخ آباد (قلمی) ولی اللہ ص ۳۸-۳۸۷

آزؔر، جوالا پرشاد:

گنگا پرشاد رند کا برادر خرد، قوم کشمیری، لکھنؤ نژاد، تھانے دار اور کوتوالِ شہر، بریلی میں اپنے بھائی کی رفاقت میں رہا، فارسی و اردو میں شعر کہتا تھا، از وست:

شوق میں کھائے ہیں اس چہرۂ گلگوں کے گل
کیوں نہ رنگیں ہوں مرے گلشن مضموں کے گل

حوالہ: گلشن ہمیشہ بہار، ص ۵۴

استاؔد، محمد بخش:

شیخ، متوطن بریلی، از وست:

تغیر میں ہو جو، کیوں کر کھنچے وہ ٹھیک نقشے میں
شبیہ یار کھنچوائی، کمر بگڑی، دہن بگڑا

حوالہ: گلستان بے خزاں، ص ۲۰

احسنؔ، مفتی سلطان حسن خاں:

ابن مفتی احمد حسن خاں ابن مفتی ابوالحسن حسن، مولانا فضل حق خیرآبادی (م ۱۸۶۱ء) سے علم دین حاصل کیا۔ عربی و فارسی پر دسترس تھی، بہ عہدہ صدر الصدور فائز تھا، منشی شاکر علی المعروف بہ غلام بسم اللہ بسملؔ اس کا علوم عقلیہ ونقلیہ میں شاگرد اور ناظر عدالت تھا۔ احسنؔ اور بسملؔ ایک ہی تاریخ میں غالبؔ کے شاگرد ہوئے، اس کا تخلص سلطان بھی تھا ۱۲۶۳ھ اس کا کلام محفوظ نہیں رہا۔ اس کا ایک شعر اس کے ایک نبیرہ مفتی صادق حسن صادق نے اور نعتیہ قصیدہ کے دو اشعار اسکے دوسرے نبیرہ مفتی صابر حسن شیوا عثمانی نے فراہم کیے تھے، از وست:

بت ہی پتھر کا کیوں نہ ہو احسن اچھی صورت پہ پیار آتا ہے

تمہارے فضل میں سب سے مرا یہ حق ہی فائق ہے نہیں امت میں بدکردار مجھ سا، یا رسول اللہ

مدینے کی گدائی ہو کہیں سلطان کو حاصل ملے بہر حسن اس کو یہ حصہ یا رسول اللہ

ایوب قادری نے نعتیہ قصیدے کے یہی دو اشعار نقل کیے، حالانکہ بقول ان کے پورا قصیدہ ان کے پاس محفوظ ہے۔

مفتی سلطان حسن خاں احسن کی وفات دہلی میں ہوئی، جہاں وہ بغرض علاج تشریف لے گئے تھے۔ حافظ غلام رسول ویراں نے ''مہم اجر عظیم'' سے ۱۲۹۹ھ کے اعداد وفات برآمد کیے جو ۱۸۷۲ء کے مطابق ہیں۔ آپ کی تدفین جوار درگاہ باقی باللہ میں ہوئی۔

مفتی صاحب کے علمی کاموں میں قصیدۂ بردہ کی شرح اور ایک رسالہ جو مفتی سعد اللہ کے ان اعتراضات کے جواب میں تحریر کیا، جو اس نے فضل حق خیرآبادی کی کتاب ہدیہ سعدیہ پر کئے تھے، مشہور ہیں، یہ رسالہ مطبع شعلۂ طور کانپور سے ۱۸۷۱ء میں طبع ہوا۔

حوالہ جات: غالب اور عصر غالب ص ۱۳۸ تا ص ۱۴۰، تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی ص ۲۷۳، عود ہندی ص ۲۶۱، یادگار محو ص ۱، اکمل التاریخ ص ۴۲، مکتوب صابر حسن شیوا عثمانی بریلوی بنام راقم الحروف مورخہ ۵ر مئی ۱۹۶۵ء

احسانؔ، محمد احسان:

سلسلۂ قادریہ نقشبندیہ میں حضرت حاجی محمد شیر میاںؒ المعروف بہ شاہ جی میاں کا مرید، عربی اور فارسی میں مفتی سلطان حسن خاں احسن کا شاگرد، پیشہ معلّمی، بہ سلسلۂ ملازمت پیلی بھیت میں مقیم ہوا، نعت گوئی میں شہرت حاصل کی، نیاز احمد خاں ہوش کا شاگرد تھا، ازوست:

جو نبی راہ ہدایت ہم کو دکھلاتے نہیں
ہم کسی صورت سے راہ راست پر آتے نہیں

دردو غم، رنج والم، حسرت و وارمان وقلق　　مل گئے ہم کو انیس شب ہجراں کیا کیا

حوالہ: گلدستۂ آئینہ مغفرت بریلی ص ۲۴

امینؔ، محمد امین الدین:

تلمیذ سید مہربان علی فرحاں (م ۱۸۹۴ء) ازوست:

امیں تو نہ کر فکر روز جزا کی
شفیع الوریٰ خاص تیرا نبی ہے

حوالہ: گلدستۂ آئینہ مغفرت بریلی ص ۲۴

ایوبؔ، محمد ایوب:

ابن فخر الدین، حاجی الحرمین، مہاجر مدنی (۱۸۸۴ء) پیشہ خیاطی، تلمیذ مصباح مجددی شاگرد امیر مینائی، ازوست:

مصباحؔ سے استاد کی جب ہووے عنایت
پھر کیوں نہ غزل میں مری، مضمون نیا ہو

حوالہ: تذکرۂ ضیغم ص ۳۵۴

آثمؔ، حضور احمد خاں:

ایک ایرانی امیر نجف خاں (م ۱۷۸۲ء) اس کا جد امجد تھا، اس کا والد جعفر خاں (م ۱۹۲۷ء) براہ

اٹاوہ، بریلی وارد ہوا اور محلّہ ذخیرہ بریلی میں سکونت اختیار کی۔ اس کے نام پر محلّہ ذخیرہ بریلی میں گھیر جعفر خاں ہے۔

آثم عالم، حافظ اور حاجی تھا۔ تجارت پیشہ تھا، تجارت کے سلسلے میں کلکتہ گیا، کلکتہ سے بریلی واپس آیا، مدرسہ مصباح العلوم مداری دروازہ بریلی میں پیشۂ معلّمی سے منسلک ہوا اور تا حیات تدریس میں وقت گزارا۔

آثم ایک ایسا شاعر تھا جس نے انیسویں صدی عیسوی کے نصف آخر کے اساتذۂ بریلی کو دیکھا اور سنا اور اس کے بعد دور آخر کے اساتذۂ بریلی کی جس میں وہ خود بھی شامل تھا، ادبی سرگرمیاں دیکھیں لیکن یہ افسوس کی بات ہے کہ اس کے وہ اشعار جو اس نے عہد آخر میں تحریر کیے نہ طبع ہوئے اور نہ قلمی شکل میں ہم دست ہوئے۔ اس نے ابتدا میں نواب نیاز احمد خاں ہوش (م ۱۸۹۲ء) سے اپنے اشعار پر اصلاح لی اور اس کے بعد منشی امیر مینائی (م ۱۹۰۰ء) سے رجوع کیا۔ اس کے مطبوعہ کلام کی یہ تفصیل ہے۔ ایک دیوان ''منظور حق'' جو ۱۸۸۷ء میں طبع ہوا اس میں ۶ قصائد، ۷ خمسہ جات، ایک ترجیع بند اور ۲ مسدس ہیں۔ ایک مثنوی ''ذائقۂ عشق'' جس کا مطبوعہ نسخہ میسر نہیں آیا، اس کا قلمی نسخہ مولوی تحسین رضا خاں تحسین بریلوی کے یہاں محفوظ ہے جو مطالعے میں آیا۔ دیوان عزیز بریلوی سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے ایک نعتیہ قصیدہ موسومہ بہ ریاض رسول تحریر کیا جس کی تاریخ عزیز نے ''قصیدہ بہ نعت شہ دوسرا'' ۱۳۰۷ء/ ۱۸۸۶ء برآمد کی۔ یہ قصیدہ بھی ہم دست نہیں ہوا۔

آثم ایک قادر الکلام شاعر تھا جس میں شبہ نہیں لیکن اس کے اشعار میں جذبات کی گرمی اور جوش کم ہے جس کی وجہ سے کہنگی اور غیر دلکشی کا احساس ہوتا ہے۔ ہوش کی ذہانت اور امیر کی شوخی اس کا نصیب نہیں تھی۔ البتہ اس کے نعتیہ اشعار پڑھنے کے بعد یہ گمان ہوتا ہے کہ اس کو نعت گوئی سے ہی فطر مناسبت تھی اور اس کو نعت گوئی میں ہی مقام کمال حاصل کرنا چاہیے تھا، از وست:

غضب اوس لب پہ مسّی کی دھڑی ہے — چھپائے منھ، تجلّی سوسن کھڑی ہے
نگاہ ناز بھی گویا، کہ ہے موت — ہماری جان لینے کو اڑی ہے
لب نازک نہیں ہے لال تیرا — شقائق کی یہ گویا پنکھڑی ہے
الٰہی عقدۂ سربستہ حل ہو — یہ چوٹی کس لیے پیچھے پڑی ہے

یہ استقبال میری روح کا ہے　　سرِ بالیں اجل آکے کھڑی ہے
کیا تھا یاد دل میں، ہم نے آثمؔ　　وہ آیا، عمر ظالم کی بڑی ہے

☆

بے زبانی کے سبب ناحق ہی رسوائی ہوئی　　فیض نعت شہ سے حاصل اب تو گویائی ہوئی
حق اگر پوچھو تو وہ ہیں انبیا میں لاجواب　　دونوں عالم ہیں انھیں پر ختم یکتائی ہوئی
آب رحمت تو رواں ہر سو ہے اے عین کرم　　پھر عبث دل کی کلی رہتی ہے مرجھائی ہوئی
مثل احمد کا نظر آیا نہ مجھ کو دوسرا　　چشم احول کی طرح حاصل نہ بینائی ہوئی
نعت احمد کے سوا کچھ بھی نہ جو تم نے لکھا　　یہ تو اے آثمؔ بڑی ہی تم سے دانائی ہوئی

آثمؔ کی وفات بعمر ۹۰ سال ۱۹۴۵ء میں ہوئی۔

حوالہ جات: دیوان منظور حق، مثنوی ذائقہ عشق قلمی، یادگار ضیغم ص ۳۲،
خمخانۂ جاوید، جلد ا ص ۱۰۴

اوجؔ، نانک چند:

اس کا دادا اندھی لال بہ زمانۂ شاہی فوج میں بخشی تھا۔ اس کے باپ کا نام شیونرائن تھا، کائستھ بھٹناگر، ۱۸۶۶ء میں پیدا ہوا، سرکاری ملازمت کی، شاعری میں حسن رضا خاں حسنؔ کا شاگرد ہوا، بریلی کا مقبول عوام شاعر تھا، اس کا مندرجہ ذیل شعر اس کی پہچان بن گیا ہے:

سوال وصل پہ بھیجا ہے لام الف لکھ کر
جواب اس کا نہیں ہے کہ "لا" جواب میں ہے

از وست:

حشر میں بھی نہ کوئی دیکھنے والا دیکھا　　جسے دیکھا، اسے مشتاق تماشا دیکھا
دشمن جاں نہ سہی، آپ مسیحا ہی سہی　　کس بیمار محبت کو بھی اچھا دیکھا
وہ اگر آئیں جنازے پہ، تو کوئی کہہ دے　　جانے والے نے بہت آپ کا رستا دیکھا
بزم دشمن میں مرا رات ہوا تھا جانا　　خیر، اب کیا کہوں اے اوجؔ، جو دیکھا دیکھا

حوالہ جات: تذکرہ بہار سخن ص ۵۲، ماہنامہ قومی زبان کراچی، مئی ۱۹۶۸ء

اسدؔ، سلیمان خاں:

ابن محمد موسیٰ خاں ابن نواب محبت خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، پیدائش ۱۲۴۹ھ مطابق ۱۸۳۳-۳۴ء میں ہوئی۔ لکھنؤ میں کسب علم کیا، بعد کو ریاست ٹونک میں ملازمت کی۔ ریاست ٹونک کی طرف سے بھوپال میں وکیل تھا۔ ابتدا میں عاشور علی خاں عاشور لکھنوی (م ۱۸۶۱ء) سے مشورۂ سخن کیا اور اس کے بعد میر مظفر علی اسیر (م ۱۸۸۲ء) سے۔ اس کے حلقۂ تلامذہ میں ریاست ٹونک کے امرا بھی شامل تھے۔ فارسی اور اردو میں شعر کہتا تھا اس کے دو دواوین مسمیٰ انتخاب اسد اور مطلع خورشید طبع ہوئے۔ اس نے اردو میں تاریخ افغانستان تحریر کی جس کا نام ''نقش سلیمانی'' ہے۔ اس کی وفات ریاست ٹونک میں ۱۹۱۱ء میں ہوئی اور وہیں سپرد خاک ہوا۔ اس کا نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

ہم کو سمجھاتے ہیں، یہ ہمدم کیا ۔۔۔ دل ہی بس میں نہیں، کریں ہم کیا
تم اچھے ہو، ہم برے، چلو خیر ۔۔۔ اب تو نہیں بات کوئی شر کی
روز محشر کا خطر چاہیے دینداروں کو ۔۔۔ کون پوچھے گا وہاں ہم سے گنہ گاروں کو
نمود صبح پیری ہے، گئیں راتیں جوانی کی ۔۔۔ خیالات جہاں، خواب پریشاں ہوتے جاتے ہیں
قیمت نیم نگاہی بھی گراں ہے تم کو ۔۔۔ دل یہ کہتا ہے میں اور اس سے بھی ارزاں ہولوں
نہ تربت سے جواب اصلا دیا یاران رفتہ نے ۔۔۔ ہزاروں مرتبہ جا جا کے، ہم ان کو پکار آئے

خیال ابرو رہا جو اکثر تو چلتے خنجر رہے جگر پر
یہ کس کی مژگاں کا ہے تصور کہ پھانس دل میں کھٹک رہی ہے

لطف ہستی کا، دلا! عہد جوانی میں اٹھا ۔۔۔ یہ زمانہ، ارے نادان رہے یا نہ رہے

حوالہ جات: تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی، ص ۲۸۴، حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۲۶، یادگار ضیغم ص ۸۰

بیمارؔ، علی بخش:

شیخ سنبھلی، متولد آنولہ بریلی، سال پیدائش ۱۷۸۹ء، سن شعور میں لکھنؤ گیا، مصحفی کے حلقۂ

تلامذہ میں داخل ہوا، جس زمانے میں نواب محمد سعید خاں ۳۷ رامپور کا نواب اور آنولہ کا رئیس، حکیم سعادت علی خاں ۳۸ افواج رامپور کا سپہ سالار تھا، بیمار رامپور گیا، پیشۂ ناخن بندی سے منسلک ہوا، اس نے کسی مصلحت یا مجبوری سے اخون زادہ احمد خاں غفلت رامپوری (م ۱۸۴۳ء) کی شاگردی قبول کی۔ غفلت بہت با اثر تھا اور اس کے سپرد فارسی داستانوں کے اردو ترجمے کا کام تھا۔ لہٰذا بیمار کو بھی بوستان خیال کے ایک جز و طلسم بیضا کے ترجمے کا کام مل گیا۔

رامپور رضا لائبریری رامپور میں طلسم بیضا کا ترجمہ محفوظ ہے۔ یہ اردو نثر میں آسان اور عام فہم ترجمہ ہے۔ اسی لائبریری میں ۵۶ صفحات پر مشتمل بیمار کے دیوان کا مخطوطہ بھی ہے۔ امیر مینائی کے بقول کلام بہت تھا لیکن تلف ہو گیا۔ بیمار کے اشعار غزل میں فکری میلان، تہذیب جذبات اور اظہار بیان کی پختگی ہے۔ ایک نامراد انسان کے تجربات کا شعری اظہار ہے۔ اس کے تحمل، ضبط، صبر اور درد کی کسک نے ہی اس کو باسلیقہ اور پختہ اسلوب دیا۔ اس کے نپے تلے الفاظ میں کہے ہوئے اشعار بلاغت کا اعجاز ہیں۔ صاحب تذکرۂ بزم سخن نے بیمار کی شاعری پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا تھا کہ ''طائر خیالش بالاتر از گمانست، قوت بیان و لطف زبان او اگر میر و مصحفی بیش نیست، اینہم نہ تواں تفت کہ کمتر است۔'' مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

کون پرساں ہے حال بسمل کا　　خلق منہ دیکھتی ہے قاتل کا
کام آیا نہ خط پیشانی　　کیا نمونہ تھا نقش باطل کا
داغ دل بعد مرگ بھی نہ گیا　　ساتھ توشہ تھا پہلی منزل کا
جانکنی عاشقی سے آساں ہے　　کام مشکل ہے کاوش دل کا
مردنی پھر گئی مرے منہ پر　　رنگ بدلا نہ ان کی محفل کا
لبِ جو کون سیر کو آیا　　موج منھ چومتی ہے ساحل کا
سانس آہستہ لیجیو بیمار　　ٹوٹ جائے نہ آبلہ دل کا

آنکھ نیچی ہوگئی، چپکے ہی دم دیتے بنی
موت مانگی دل نے فرقت میں، تو جی شرما گیا

اے اجل شام ہجر آپہنچی　　اب تجھے انتظار ہے کس کا؟

رنج دنیا میں بہت پاتے ہیں ہم
اس محلے سے اٹھے جاتے ہیں ہم

بیمار، اور اس کے سوا کچھ نہیں خبر
الجھا ہوا ہوں حادثۂ ناگہاں کے ساتھ

جنت میں حیات ابدی خاک ملے گی
دنیا میں تو مانگے نہ ملی موت خدا سے

موت سے بھاگنے لگے بیمار
کیا اسے تم شکستہ پا سمجھے

نہ بناتا جو دن جدائی کا
کیا بگڑتا تری خدائی کا

مسجد میں پی شراب پڑھی دیر میں نماز
بیمار کو شعور کسی بات کا نہیں

بیمار، میکشوں کے، جنازہ ہے، دوش پر
جاتے ہیں گھر خدا کے بڑے اہتمام سے

بھولی جو ایک دم کو گریباں دری ہمیں
وحشت نے یاد دامن صحرا دلا دیا

آپ سے دور، خفا تھے جب تک
جان کی خیر مناتے گزری

اب اور آرزو نہ رہی اے خدا مجھے
کیا درد دل دیا کہ سبھی کچھ دیا مجھے

بدلی نہ وہ نگاہ، زمانہ بدل گیا
تیر قضا وہی ہے نشانہ بدل گیا

یہ افسوس کی بات ہے کہ ایسا باکمال غزل گو گمنام رہ گیا۔

حوالہ جات: چند شعرائے بریلی ص ۱۰۷ تا ص ۱۱۸، گلستان سخن ص ۱۶۰، بزم سخن ص ۲۵، انتخاب یادگار ص ۸۱، تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی، ص ۲۸۴ اور ص ۳۱۴

بسمل، محمد یار خاں:

اس کا ایک مسدس مسمیٰ نوحۂ بسمل مطبوعہ ۱۲۶۵ھ/ ۱۸۴۸ء نظر سے گزرا تھا۔ اس مسدس میں یہ ندرت ہے کہ ہر بند کا پانچواں اور چھٹا مصرعہ فارسی میں ہے۔ لہجہ واسوخت کا سا ہے حالانکہ یہ واسوخت نہیں ہے۔ ایک عشقیہ قصہ ہے جو نا کامی پر ختم ہوا، بطور نمونہ کلام آخری بند مندرجہ ذیل ہے:

بسمل زار کو اس قصے سے کچھ کام نہ تھا
کہہ دیا کہنے سے اک دوست کے ہاں یہ نوحا

گل ہے، بلبل ہے کہاں، کون نسیم اور صبا
اپنے نزدیک تو ہے کار جہاں سب جھوٹا

کشتۂ خنجر تسلیم و رضایم آخر
بخدا بودہ ام اول، بخدایم آخر

حوالہ: نوحۂ بسمل

بلیغ، قطب بخش:

ابن مخدوم بخش، وطن اجدادش دہلی، متولد بریلی، ملازم سرکار اودھ، خطاب قطب الدولہ، سقوط اودھ کے بعد بہ زمانہ کلب علی خاں (۲۰/اپریل ۱۸۶۵ء تا ۲۳/مارچ ۱۸۸۷ء) رامپور گیا اور ملازمت اختیار کی۔ ابتدا میں عارف شیرازی اور بعدہ ناطق مکرانی (م۱۸۴۹ء) کا شاگرد ہوا، اصلاً فارسی گو تھا۔ اس کا تخلص قطب بھی تھا۔ ازوست:

بت معجز بیانے، سحرکارے کردہ ام پیدا
زاعجاز محبت طرفہ یارے کردہ ام پیدا

حوالہ: انتخاب یادگار ص۲۷

باقر، باقر حسین:

سید محمد خاں عرف آغا میر وزیر حکومت اودھ کے داماد سید نادر حسین نور بریلوی کا نبیسہ، بریلی کا رئیس ڈپٹی کلکٹر اور آنریری مجسٹریٹ، مرزا کلب حسین خاں نادر (م۱۸۷۵ء) کا شاگرد، اس کے خاندان کے ایک ذی علم بزرگ نے اس کے حال پر مطلع کیا اور اس کا ایک شعر بھی سنایا جو مندرجہ ذیل ہے:

وصل کا اقرار ثابت ہو گیا اس بات سے — تھا اگر انکار، تکرار نفی کا ہے کو تھی

اس کا سرمایۂ شاعری استاذی پروفیسر صفی حیدر دانش اپنے ساتھ راولپنڈی لے گئے اور جو ہم دست نہیں ہوا۔

بسمل، غلام بسم اللہ:

سرفراز علی کمبوہ کا فرزند، نام شاکر علی، تاریخی نام غلام بسمل اللہ (۱۲۳۹ھ مطابق ۱۸۲۳ء) متولد میرٹھ، مارہرہ اور بریلی میں تعلیم پائی، مفتی سلطان حسن خاں احسن، تلمیذ غالب سے عربی و فارسی پڑھی، حضرت شاہ عبدالرحمٰنؒ گنج مرادابادی سے بیعت ہوا، دو مرتبہ حج کیا، کچہری میں ملازم ہوا، ناظر عدالت تھا، مفتی سلطان حسن خاں احسن کا بھی ناظر عدالت تھا، غالب سے تلمذ تھا، وہ اور مفتی صاحب ساتھ ساتھ غالب کے شاگرد ہوئے، اس کی خاندان مفتیان بریلی میں منزلت تھی، بیشتر مفتیان نے اس سے ہی رجوع کیا۔ مفتیان اس کو ناظر جی کہتے تھے، اس کا مکان جامع مسجد قلعہ

کے قریب کمبوہان کے چھتے میں تھا جہاں اس کا پوتا ماسٹر عبدالقادر رہتا تھا۔ عبدالقادر کے بقول بوجہ آتشزدگی سرمایۂ کتب ختم ہوگیا۔ مکان میں آتشزدگی کے آثار موجود تھے، عبدالقادر نے بتایا کہ بسمل نے ایک قصیدہ سلطان عبدالحمید کی مدح میں لکھ کر ترکی بھیجا جو باریاب ہوا اور اس کے صلے میں سلطان عبدالحمید نے اس کی فرمائش پر غلاف کعبہ کا ٹکڑا مرحمت کیا جو حسب وصیت اس کی وفات کے بعد کفن میں رکھ کر دفن کردیا گیا۔ یہ قصیدہ کوئی ادب دوست مانگ کر لے گئے اور واپس نہیں کیا۔ اس اللہ کے بندے کو یہ بھی نہیں معلوم تھا کہ اس ادب دوست کا نام اور پتہ کیا تھا، خاندان مفتیان میں یہ روایت سننے میں آئی کہ بسمل کا ایک مختصر مجموعۂ نعت شائع ہوا تھا لیکن وہ بھی نایاب ہوگیا۔ بسمل کے جو اشعار راقم الحروف جمع کرسکا اس کا انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

شب وفورِ اشک سے گردوں، کفِ سیلاب تھا ۔۔۔ دورۂ چشم کواکب، حلقۂ گرداب تھا
واں حنابندی عناں گیرِ خرام ناز تھی ۔۔۔ یاں تن کاہیدہ، غرق اشک جوئے ناب تھا
واں رخ پرنور تھا، صبح امید زندگی ۔۔۔ یاں ہر اک داغ جگر خورشید عالم تاب تھا
واں نگاہ سرمہ آلودہ بھی گلچین بہار ۔۔۔ موج زن یاں چشم تر سے خون کا سیلاب تھا
یاں دل شوریدہ کو سر پھوڑنے کا تھا خیال ۔۔۔ زیر سر واں غیر کا زانو برائے خواب تھا
حسن تمکیں آزما کو، پاس خودداری ادھر ۔۔۔ خانہ زاد عشق کو ملحوظ یاں آداب تھا
ان کو پاس ننگ دامنگیر مجھ کو پاس وضع ۔۔۔ وہ ادھر بیتاب تھے اور میں ادھر بیتاب تھا
جلوۂ گل اب کہاں وہ شور قلقل اب کہاں ۔۔۔ نغمۂ بلبل فسانہ، جلوۂ گل خواب تھا
میں نے دیکھا رات بسمل کو پڑا تھا خاک پر ۔۔۔ بستر سنجاب تھا، نے بالش کمخواب تھا

کھینچ کر تیغ جو میداں میں ستمگر آیا ۔۔۔ سر بکف میں صف عشاق سے باہر آیا
حلقۂ زلف نے گھیرا جو چھٹے عشق سے ہم ۔۔۔ پاؤں زنجیر سے نکلا تھا کہ چکر آیا
جی کو تڑپاتا ہے یہ نعش پہ کہنا ان کا ۔۔۔ جان کیوں مفت میں دی کیا ترے دل پر آیا
لو، حسینانِ جہاں ہم سے جدا ہوتے ہیں ۔۔۔ آہ اے ہم نفساں، وعدہ برابر آیا
حالت نزع میں لکھا کہ مسیحا میرے ۔۔۔ جیتے جی ہند میں لندن سے تو کیونکر آیا
لکھا آتا ہے اگن بوٹ پہ بجلی کی طرح ۔۔۔ تار برقی پہ جوابِ دلِ مضطر آیا

جو کہ ڈر جائے مراسن کے تخلص بسمل　　وہ شہیدی کے جنازے پہ مقرر آیا

مندرجہ بالا غزل گلدستۂ لطیف بریلی بابت جولائی ۱۸۷۴ء میں شائع ہوئی تھی۔ گلدستۂ لطیف بریلی خاندان کمبوہان بریلی کا جریدہ تھا۔ مندرجہ ذیل اشعار خاندان مفتیان کے معروف شاعر جناب صابر حسن شیوا عثمانی نے کراچی سے بھیجے:

زاہد خشک جا کے مسجد میں　　بوجھ سر کا اتار آتا ہے
دیکھ کر مجھ کو بولے بسم اللہ　　بسمل دلفگار آتا ہے

قصیدۂ مذکور الصدر کے چند اشعار یہ ہیں:

جو ترا دشمن ہو، وہ برباد ہو　　اس میں میں ہوں، یا دل ناشاد ہو
مثل مضموں باندھ لائیں روس کو　　شاعروں کو حکم ہو، ارشاد ہو
سب سے بڑھ کر تو ہو، اے عبدالحمید　　تجھ سے بڑھ کر پھر تری اولاد ہو

اشعار نعت:

مثالِ بید مغموں کانپتا ہوں خوفِ عصیاں سے　　خیال روز محشر، سامنا ہے روز محشر کا
غلام خاص ہوں، روز جزا، مجھ کو یہ دعویٰ ہے　　بلالؓ خستہ جاں سے بانٹ لوں حصہ برابر کا
نہ روکے مجھ کو رضواں، حکم ہو دربار عالی سے　　ثنا خواں ہوں علی و فاطمہ شبیر و شبر کا

ان اشعار سے بسمل کی اعلیٰ صلاحیتوں کا ثبوت نہیں ملتا۔ لیکن کیا کیا جائے اس کا سرمایۂ شاعری ہی جل کار اکھ ہو گیا۔ اس کو غالب سے تلمذ اور اس کے نام غالب کے خطوط نے زندہ رکھا ورنہ گمنام ہو جاتا۔

حوالہ جات: تلامذۂ غالب ص ۴۸، عود ہندی ص ۲۶۱، غالب اور عصر غالب ص ۱۲۹، تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی، ص ۲۷۳، گلدستۂ لطیف بریلی، جولائی ۱۸۷۴ء

پوکرداس:

اگر یہ نام ہے تو تخلص لاعلم، کھتریان بریلی کے ایک کہنہ مشق اور معمر شاعر نارائن داس ٹنڈن المتخلص بہ دیا نے مطلع کیا تھا کہ پوکرداس کچہری بریلی میں ملازم تھا۔ اس نے گیان گیتا لکھی اور کریما کو تضمین کیا، دیا نے تضمین کریما کے چار اشعار بھی نوٹ کرائے جو مندرجہ ذیل ہیں:

غضب ہے کہ انسان دنیا میں آ　　پریشاں گناہوں سے اپنے ہوا
وگرنہ یہ تھا اشرف الانبیاء　　نہ ہوتا نظر سے خدا کی جدا
پر اب بھی جو ویسا ہی چاہے اگر　　تو سعدی کا یہ شعر پڑھ برملا

کریما بہ بخشائے بر حال ما
کہ ہستم اسیر کمند ہوا

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پوکر داس کی دونوں تالیفات خاص طور پر ہندوؤں میں بہت مقبول تھیں اور وہ اس کے اشعار کا ورد کرتے تھے۔

پیتم، پریتم داس:

قومیت کھتری ٹنڈن، باشندۂ بریلی، محکمۂ چنگی بریلی میں محرر، اس کا ایک مطبوعہ مسدس مسمیٰ ''قحط چھے سیرا'' ۱۸۹۶-۹۷ء میرے پاس محفوظ ہے۔ مسدس میں ۲۶ بند ہیں۔ قحط سے بریلی کے افراد سماج پر جو اثر پڑا اس کا اظہار شاعر نے کچھ طنز کچھ ظرافت سے عام زبان میں کیا۔ مسدس دلچسپ ہے اور ایک تاریخی دستاویز بھی ۹ ۳ بطور نمونہ ایک بند مندرجہ ذیل ہے:

گلبدن پان کی دکھلائیں کہاں سے لالی　　خشک سالی نے کیا ان کو ہے ایسا خالی
ہاتھ میں اپنے لیے، پھرتے ہیں کھرپا خالی　　دامِ دل پھانسنے کو جن کی تھیں زلفیں کالی

اشک دانہ عوض غلہ دلایا سب کو
ناج چھے سیر نے ہے ناچ نچایا سب کو

یہ مسدس روہیل کھنڈ گزٹ پریس متصل کتب خانہ بریلی میں طبع ہوا۔ کاتب سید صادق علی، پریس مین عنایت حسین، چار ورق پر مشتمل پمفلٹ کی طرح۔

تجمل، تجمل حسین:

تلمیذ میر سعادت علی عیش بریلوی (م ۱۸۷۳ء) از وست:

عشق نے خود رفتہ اس کو بے تحاشا کر دیا
جو کہ تھا گوشہ نشیں پھرتا ہے وہ بازار میں

حوالہ: خمخانہ جاوید، جلد ۲، ص ۱۴۰

تسلیم، غفورالدین:

حافظ قرآن، اردو فارسی اور انگریزی پر دسترس، ڈپٹی انسپکٹر مدارس، ساکن محلّہ خواجہ قطب بریلی، تلمیذ حکیم مومن خاں مومن دہلوی (م۱۸۵۲ء) گھر پر ماہانہ مشاعرہ کراتا تھا، مشاعرے کی غزلیات گلدستۂ نشو ونما بریلی میں شائع ہوتی تھیں، بہت زود گو تھا، اشعار میں شوخی اور بانکپن ہے، از وست:

بزم سے اوس شمع روکی، کیا کہوں، کیوں کر اوٹھا　　اس کا پروانہ تھا، آخر ہو کے خاکستر اوٹھا
دیر کس کو ہوگئی، تم کو ہے کس کا انتظار　　کر رہے ہو مجھ سے باتیں، منھ سوئے در اوٹھا
شوخیوں نے خواب میں شاید تجھے چھیڑا کہ تو　　سویا ہنستا بولتا، بدلے ہوئے تیور اوٹھا
درد پہلو، درد سینہ، درد دل، درد جگر　　تم اوٹھے پہلو سے کیا، ہر ایک رہ رہ کر اوٹھا
توڑ کر پہلو کو نکلی ہے تڑپ کر کوئی چیز　　ہو دل مضطر نہ میرا دیکھ؟ اے دلبر اوٹھا
پائمال رقص سے کہتی ہے شوخی چال کی　　ایک ٹھوکر جھیل لے، اب اور بھی ٹھوکر اوٹھا
نذر کو لائے ہیں دل، بوسہ کی رکھتے ہیں طلب　　منتظر کب تک رہیں اے شوخ، لے دے کر اوٹھا

ایسی زمین میں غزل لکھنا جس کو ردیف و قافیے نے سخت بنا دیا ہو اور اس کے ساتھ ہی شوخ کلامی کو نباہ دینا، قادر الکلامی کی بات ہے۔

حوالہ جات: تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی، ص۲۸۵، گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی، جون ۱۹۰۳ء

توفیق، صدیق حسن خاں:

سید اولاد حسن کا فرزند، مفتی محمد عوض کا نبیسہ، ۱۸۳۳ء کو بریلی میں پیدا ہوا ۱۸۴۰ء، ددھیالی نسبت سے قنوجی کہلایا، بے حد ذی علم اور صاحب تصانیف کثیرہ تھا۔ اس نے بزبان فارسی تاریخ قنوج تحریر کی جس کا مخطوطہ شیروانی کلکشن مسلم یونیورسٹی لائبریری علی گڑھ میں محفوظ ہے۔ ۱۸۵۴ء-۵۵ء میں بھوپال گیا اور وہاں خدمت منشی گیری پر مامور ہوا، ۱۸۷۱ء میں اس کی شادی شاہ جہاں بیگم رانیِ بھوپال سے ہوئی، عمر آخر میں لکھنؤ وارد ہوا، ۱۹۰۰ء میں فوت ہوا۔

شاعری میں مفتی صدرالدین آزردہ (م۱۸۶۸ء) کا شاگرد تھا، اس نے نواب بھی تخلص اختیار

کیا، من کلامہ:

کیا پُرخطر ہے دشت محبت، قدم قدم دل میرے آس پاس ہے میں دل کے آس پاس

دیکھ بدمست مجھے، مار کر ٹھوکر بولے ہم تو مستوں کو بھی ہشیار بنا لیتے ہیں

اس کو شہرت بجائے شاعری کے نثری تصنیفات سے ملی۔

حوالہ جات: آثار الشعراء ص ۳۱، خمخانۂ جاوید، جلد ۲، ص ۱۵۳

تمیز، اکبر علی:

مولوی قاسم علی خواہاں بریلوی کا رشتہ دار، عاشور علی خاں لکھنوی (م ۱۸۶۱ء) کا شاگرد، ازوست:

بتوں کے حکم کی تعمیل کب ہوئی ہم سے ستم یہ ہے کہ خدا سے بھی شرمسار رہے

بڑھ کے ہے جرم گنہ گار سے رحمت تیری حشر میں صاف یہ کہہ دوں گا خدا سے پہلے

حوالہ: خمخانۂ جاوید، جلد ۲ ص ۱۳۷

جنوں، سید رحمت علی:

ابتدا میں سید مہربان علی فرحاں (م ۱۸۹۴ء) کا شاگرد ہوا اور بعد کو نواب نیاز احمد خاں ہوش (م ۱۸۹۲ء) کا۔ مشاعروں میں مقبول تھا اور اس کی غزلیات بریلی کے گلدستوں میں شائع ہوتی تھیں۔ اس کے اشعار میں ہم عصر اساتذۂ لکھنؤ کے طرز کا گہرا رنگ ہے، من کلامہ:

دوپٹہ دیکھ کے آب رواں کا، جان دی میں نے کفن دینا پس مردن مجھے پانی کی چادر کا

بعد مردن بھی اگر آوارگی یونہی رہی خاک اپنی دیکھیے کس کس کے دامن گیر ہو

ہمیں مارتے ہیں وہ ترچھی نگہ سے قضا کا بھی اب بانکپن دیکھتے ہیں

اس کا وافر کلام ہم دست نہیں ہوا اور نہ اس کی غزل کا تنقیدی مطالعہ افادیت کا حامل ہوتا۔

حوالہ جات: خمخانۂ جاوید، جلد ۲ ص ۲۷۳، یادگار ضیغم ص ۱۹۲، گلدستۂ ہوش افزا بریلی، بابت ۱۹/ اگست ۱۸۷۶ء

جولاں، الف خاں:

نامدار خاں کا فرزند، سخن شعرا اور گلستان سخن میں اس کو باشندۂ بریلی بتایا گیا، حالانکہ خود صاحب

گلستان سخن کے استفسار پر اس نے اپنا مولد نہ بتا کر یہ شعر پڑھا:

کیا بتائیں کہ کہاں ہے مسکن
کوے قاتل میں رہا کرتے ہیں

میرے خیال میں اس کا مولد بدایوں اور جائے سکونت بریلی تھی۔ ۱۸۴۸ء میں دہلی گیا، قطب الدین باطن سے ملاقات تھی، گیروالباس زیب تن کرتا اور اسی حال میں مشاعروں میں شریک ہوتا، آتش لکھنوی (م۱۸۴۶ء) کا بروایت صاحب تذکرۂ سراپا سخن، شاگرد تھا، اس کا ایک واسوخت فدا علی عیش کے مجموعۂ واسوخت مسمیٰ شعلہ جوالہ میں شامل ہے، شہید حسن نے اس کے ۹؍اشعار اپنے تذکرۂ شعرائے بدایوں ۱؎ میں نقل کیے۔ ازوست:

ہم ہیں وہ صید وفا کیش کہ خوں روتے ہیں
ٹوٹ جاتا ہے تڑپنے سے اگر دام اپنا

گھومتا گھامتا آگرہ پہنچا اور وہیں ۱۸۷۴ء میں فوت ہوا۔

حوالہ جات: گلستان سخن ص۱۹۰، سخن شعرا ص۱۱۷، گلستان بے خزاں ص۶۵، سراپا سخن ص۳۲۰، تذکرۂ شعرائے بدایوں جلد۱، ص۲۴۰، تاریخ اولیائے بدایوں (قلمی)

جوؔاہر، جواہر جان:

ایک زن بازاری، ازوست:

سب جسے مہر جہاں تاب کہا کرتے ہیں
ہم نے وہ بھی تری تصویر کا خاکہ دیکھا

حوالہ جات: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی، بابت فروری ۱۹۰۳ء، قومی زبان کراچی، بابت مئی ۱۹۶۹ء

جوؔش، محسن علی خاں:

خاندان کمبوہان بریلی سے تعلق رکھتا تھا، عابد و زاہد تھا اور اوصاف حمیدہ میں مشہور تھا، فن طب میں ید طولیٰ رکھتا تھا، شاعری میں خلیفہ امیر الدین آزاد کا شاگرد تھا، اس نے ہر صنف سخن میں طبع

آزمائی کی، اس کا قصیدۂ نعت احمد بہت مشہور ہوا جس کے متعلق نیاز احمد خاں ہوش نے تحریر کیا: ع ہوا جو بیت جنت کا قبالہ۔ صاحب دیوان تھا، اس کا مطبوعہ دیوان ۱۳۰۶ھ مطابق ۱۸۸۸-۸۹ء گورکھپور میں طبع ہوا اور جو مجھے اسی خاندان کے ایک ذی علم فرد نواب کبیر حسین خاں کی عنایت سے دیکھنے کو ملا۔ اس کا یہ شعر ضرب المثل بن چکا ہے:

خاک ہوجا صورت سیماب، جل کر عشق میں
چاہتا ہے مرتبہ اے دل، اگر اکسیر کا

خود اس کو بھی اپنی منزلت شاعری کا احساس تھا، کہتا ہے:

اہل دل سن کے کیوں نہ وجد کریں
حال ہیں شعر میرے، قال نہیں

مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

آپ کا وعدۂ فردا کبھی ایفا نہ ہوا
وعدۂ حشر ہوا، وعدۂ فردا نہ ہوا

اثر کو کھینچ کے لائے گی بام گردوں سے
کمند بن کے چلی سوئے آسماں فریاد

صبح ہوتی ہے، نہ نیند آتی ہے، اے خواب اجل
تو ہی آ جا ہجر کی شب، گر نہیں آتی ہے نیند

عرض جوہر کیا کروں بے جوہروں کے سامنے
اٹھ گئے، رہتی تھی جن کو اہل جوہر کی تلاش

چھوڑ جاتا ہے تصور دم رخصت اپنا
بدگماں، چھوڑ کے جاتا نہیں تنہا مجھ کو

آتی نہیں ہے موت، رگڑتا ہوں ایڑیاں
فرقت میں اب تو زیست ہے اپنی قضا کے ہاتھ

بند جب آنکھیں ہوئیں، کھل جائے گا اے غافلو
جس کو عشرت گاہ سمجھے ہو، وہ عبرت گاہ ہے

دراصل اس کے اشعار پر، پورے دیوان میں بزبان غزل عشق کی فنائیت اور بیم عقبیٰ کا احساس اس طرح حاوی ہے جیسے شقائق میں خوشبو اور رنگ، بریلی کی تاریخ شاعری کے ابتدائی عہد وسطیٰ میں جب کہ شعرائے بریلی اساتذۂ لکھنؤ سے متاثر ہونے لگے تھے جوش کی غزلیات منفرد سی نظر آتی ہیں۔ محسن علی خاں جوش نے ۱۸۶۳ء میں دنیا سے کوچ کیا، ''چراغ خلد اچھا ہے'' (۱۸۶۳ء) تاریخ وفات ہے۔

حوالہ جات: دیوان جوش، کلیات ہوش ص ۲۰۶

جوؔش، احمد حسن خاں:

ابن مقیم خاں ابن محبت خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، عوام وخواص میں اچھے میاں اور اچھے صاحب کی عرفیت سے مشہور تھا۔ ابتدا میں نواب ظفریاب خاں راسخؔ (م ۱۸۵۶-۵۷ء) کا شاگرد ہوا اور بعد کو قیام لکھنؤ کے ایام میں اسیرؔ کا، اردو کے علاوہ فارسی گو بھی تھا۔ اس کے دو مطبوعہ دواوین مسمیٰ چمنستان جوش اور بہارستان جوش اور ایک مطبوعہ مثنوی فسانۂ جوش رامپور رضا لائبریری رامپور میں محفوظ ہیں۔ اس کا کلام شعر لکھنوی طرز سخن سے متاثر ہے لیکن یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس کے اشعار میں روانی ہے اور پوری غزل پڑھنے کے بعد انبساط کا مجموعی تاثر پیدا ہوتا ہے۔ ذیل میں اس کی ایک مشہور اور مقبول غزل درج کی جاتی ہے:

بیٹھے بیٹھے وہ صنم، مجھ سے خفا کیونکر ہوا — یا خدا، حیراں ہوں میں، یہ ماجرا کیوں کر ہوا
تھیں سگ دلدار کے کھانے کو میری ہڈیاں — تیرا حصہ، اس میں بتلا، اے ہما کیوں کر ہوا
خط کو کیوں واپس کیا اس شوخ نے اے نامہ بر؟ — سچ بتا یہ حال مجھ کو کیا ہوا، کیوں کر ہوا
حضرتِ جبریل کو جانا وہاں دشوار ہے — اس کے کوچے میں گزر تیرا صبا کیوں کر ہوا
اس صنم نے آج جو گرد کدورت دور کی — جائے حیرت ہے، یہ آئینہ صفا کیوں کر ہوا
میکدے میں کل تو میرے ساتھ تھا شغل شراب — آج تو' اے شیخ، بتلا پارسا کیوں کر ہوا

اک زمانہ جوش نالاں یار کے ہاتھوں سے ہے
پھر تمہارا آشنا وہ بے وفا کیوں کر ہوا

احمد حسن خاں جوش ۱۸۸۶ء میں فوت ہوا۔

حوالہ جات: تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی ص ۲۸۶، دیوان عزیز ص ۱۷۷، سخن شعرا ص ۱۱۴

جنوؔن، میر مہدی:

شاگرد میر اوسط علی رشک (م ۱۸۶۷ء) جنون کے متعلق ناصر نگینوی نے تحریر کیا "عقل وخرد میں افلاطون، ساکن بانس بریلی، عین شباب میں چراغ اس کی زندگی کا باد صرصر فنا سے گل ہوا" از وست:

آندھی آجائے گی کالی، مرا کہنا مانو رات کا وقت ہے، زلفیں نہ پریشان کرو

حوالہ: خوش معرکۂ زیبا، جلد۲ص۳۷۲

جلالؔ، جلال الدین:

خلیفہ امیرالدین آزاد کا پسر، عبداللہ خاں ضیغم نے اس کا حوالہ ہادی حسن قمر کے سلسلے میں دیا جو اس کا برادر عم زاد تھا، اس کا کوئی شعر ہم دست نہیں ہوا۔

حوالہ: یادگار ضیغم، ص۲۸۹

جوہرؔ، منشی جوہر سنگھ:

باشندۂ بریلی، مقیم ریوا، بندیل کھنڈ، موسیٰ حسین اختر جلال آبادی کا شاگرد، از وست:

کبھی عرش پر ہیں کبھی میرے دل میں ملے کیا بھلا پھر، ٹھکا نا کسی کا

حوالہ: تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی، ص۲۸۶

جوہرؔ، ابوالحسن:

باشندۂ بریلی، مقیم حیدرآباد دکن اور بمبئی، اردو عربی فارسی اور انگریزی میں دستگاہ، بمبئی سے گلدستۂ برق ۱۸۸۵ء میں جاری کیا۔ شوخی رامپوری کے شاگرد اکبر حسین اکبر سے تلمذ تھا، (شوخی رامپوری تلمیذ سخن دہلوی شاگرد غالب) از وست:

صبر و شکیب لوٹ لیا اک نگاہ نے اس حسن بے ثبات پہ ہم کو غرور تھا

حوالہ: یادگار ضیغم، ص۵۹

جنونؔ، عبدالجمیل، قاضی:

بدایوں کے عثمانی خاندان سے تعلق رکھتا تھا، پیدائش ۱۸۳۵ء، اس کا سلسلہ نسب وہی ہے جو مفتیان بریلی کا، اس کا جد امجد درویش محمد (م۱۷۶۹) روہیلوں کے دور اقتدار میں بریلی کا مفتی تھا، اس کا باپ قاضی عبدالجلیل صدر امین تھا، اس کی شادی مفتی سید احمد سید (م۱۸۵۹ء) تلمیذ غالب کی بھانجی سے ہوئی تھی۔ انگریزوں کی جانب سے عہدۂ قضا پر مامور تھا، انگریزوں نے ۱۸۹۸ء میں

خان بہادر کا خطاب بھی دیا۔شہر بریلی کا رئیس اعظم تھا،اس کو عربی فارسی اور ریاضی میں دستگاہ تھی،غالب کا شاگرد تھا اور دونوں میں خط و کتابت تھی۔ غالب اس کی قوت شعر گوئی کا معترف تھا، غالب نے اس کے نام ایک خط میں تحریر کیا ''اگر مجھے قوت ناطقہ پر کچھ تصرف ہوتا تو قصیدے کی تعریف میں ایک قطعہ اور حضرت کی تعریف میں قصیدہ لکھتا'' اس کی نگرانی میں غالب کی دستنبو کا دوسرا اور تیسرا ایڈیشن ۱۸۶۴ء اور ۱۸۷۷ء میں مطبع روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی بریلی میں طبع ہو کر شائع ہوئے۔ بریلی اور رامپور میں اس کی بیاض یا دیوان ہم دست نہیں ہے۔ مجھے اس کا ایک دعوت نامۂ شادی ضرور ملا جو اس نے اپنے فرزند محمد خلیل کی شادی (۱۸۹۶ء) کے موقع پر لکھا تھا۔ اس نادر دعوت نامے میں ایک منثور مصرعے سے تاریخ ہجری اور دوسرے منثور مصرعے سے تاریخ عیسوی برآمد ہوتی ہے۔ دعوت نامے کی عبارت وہی ہے جو پرانے زمانے میں مروج تھی۔ یہ دعوت نامہ میرے پاس محفوظ ہے۔ اب اس کے وہی اشعار ملتے ہیں جن کو محققین اور تذکرہ نگاروں نے اپنے مضامین اور تالیفات میں نقل کیے ہیں۔ لہٰذا بطور نمونۂ کلام تلامذہ غالب سے چند اشعار نقل کیے جاتے ہیں:

دیکھ کر اس بت کو، کیا کہیئے کہ کیا یاد آ گیا — ہم کو اس کی بے نیازی سے خدا یاد آ گیا
سامنے سے یوں نکل جاتے ہیں وہ — ان سے گویا کچھ شناسائی نہیں
ہے سرِ شام ہی سے بھاری رات — ہائے کیسے کٹے گی ساری رات
آیا نہ اس کو تفرقۂ جان و دل پسند — دل لے چکے تھے، جان بھی اب آ کے لے چلے
اے جنون مر کے اس ستم گر پر — قدر بھی کھوئی جاں نثاری کی

اس کی وفات ۲۰؍مئی ۱۹۰۰ء کو ہوئی۔

حوالہ جات: تذکرۂ غالب ص۶۷ تا ص۸۷، گلدستۂ مشاعرہ ماہنامہ کمال دہلی، جنوری ۱۹۱۲ء، غالب اور عصر غالب ص۱۲۷-۱۳۶-۱۷۹، خمخانۂ جاوید، جلد۲، ص۲۷۶، عود ہندی ص۲۲۸ تا ص۲۳۸، ادبی خطوط غالب ص۲۵۴، تاریخ روہیل کھنڈ عاصی ص۲۸۵

حناؔ، مہدی حسین:

خلف محمد حسین خاں، برادر زادہ میر عالم دیوان ریاست حیدر آباد دکن، بریلی میں پیدا ہوا،

حیدآباد دکن میں اقامت اختیار کی، مومن دہلوی کا شاگرد تھا، ازوست:

تمہارے لب جو کریں دعویِٰ مسیحائی　　مرض رہے نہ کہیں نام کو دوا کے لیے

حوالہ: یادگار ضیغم ص۱۱۹

حسینؔ، محمد حسین:

بہادر سنگھ کا پسر، فارسی اور ریاضی کا ماہر، غالب کا شاگرد، اس کا تخلص صاحب بھی تھا، اردو کے علاوہ فارسی میں بھی شعر کہتا تھا، ازوست:

اسیر پنجۂ خورشید ماہ را دیدم　　گرفت دست نگاریں چو جام مینا را

بوسۂ مژگان و ابرو کا چکھاتا ہے مزہ　　لب سے زخم دل کا مل جانا تری تلوار کا

۱۳۰۷ھ/ ۱۸۸۹-۹۰ء میں فوت ہوا۔

حوالہ: تلامذۂ غالب، ص۱۹۲

حسینؔ، غلام حسین خاں:

ابن عثمان خاں ابن فتح یاب خاں ابن محمد دیدار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، برادر زادہ نواب ظفریاب خاں راسخ (م۱۸۵۷ء) بریلی میں پیدا ہوا، شاہ جہان پور میں قیام کیا، صاحب ثروت، صاحب علم وفضل، تلمیذ نواب نیاز احمد خاں ہوش (م۱۸۹۲ء) شاعر قادر الکلام، مضامین تازہ کا دلدادہ، اسلوب رواں اور چست، لکھنوی طرز سخن کی طرف مائل، فارسی گو بھی تھا، ازوست:

ہونٹ کاٹے غیر نے اوس کے تو کہتی تھی حیا

اب تو انگشت تاسف زیر دنداں کیجیے

اس کی وفات پر حافظ بدھن خاں تائبؔ نے ''ہوا چراغ گل ہے'' (۱۲۸۱ھ) اور عبدالعزیز خاں عزیز نے ع ''پرواز کردہ از چمن ایں عندلیب بوستاں'' (۱۲۸۱ھ) مصرعہ ہائے تاریخ رقم کیے، ۱۲۸۱ھ سے ۱۸۶۴ء کی مطابقت ہے۔

حوالہ جات: طبقات شعرائے ہند ص۳۳۷، حیات حافظ رحمت خاں ص۳۳۶، دیوان عزیز ص۲۳۱، تاریخ لطیف، نگار رامپور جولائی ۱۹۶۳ء

حیدؔر، حیدر حسین خاں:

ابن حیدر خاں ابن محبت خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، تلمیذ احمد حسن خاں جوش (م۱۸۶۳ء)ازوست:

رہا جاتا ہوں تنہا اے عدم کے قافلے والو　　سفر مدنظر ہے، اس سرائے ملک فانی کا
زبان کلک بھی قاصر ہے جس کے وصف میں حیدر　　کہاں تک شکر کیجئے جوش کی اس مہربانی کا
مثال نکہت گل پھر رہا ہوں غربت میں　　خدا دکھادے مجھے گلشن وطن کی بہار

حوالہ جات: سخن شعراص ۱۴۲، حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۲۷

حیدؔر، حیدر حسین خاں:

ابن حافظ یار خاں حافظ ابن ذوالفقار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، سید الطاف علی بریلوی کے بقول چالیس برس دہی کا پانی پی کر ریاضت ومجاہدہ کیا۔ آج بھی لوگ اس کو ''دہی والے میاں'' کہتے ہیں۔ صاحب باطن بزرگ تھا، نعت گوئی میں معروف ہوا، ایک مولود نامہ بھی تالیف کیا تھا ۱۲۴۳ھ۔ اس کی ایک نعت بہت مشہور ہوئی جس کے چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

محمد سرّ قدرت ہے، کوئی رمز اس کی کیا جانے　　شریعت میں تو بندہ ہے، حقیقت میں خدا جانے
خدا و مصطفیٰ کی کنہ میں ادراک عاجز ہے　　محمد کو خدا جانے، خدا کو مصطفیٰ جانے
شب وروز اس کی زلف وروئے نورانی کا سایہ ہے　　وہی مفہوم واللیل اور مفاد والضحیٰ جانے

میں نے پوری نعت، تذکرہ نعت گویان بریلی میں نقل کی ہے اور اختلاف نسخ بھی درج کردیے ہیں۔

حیدر کی قبر مقبرۂ حافظ رحمت خاں، محلّہ باقر گنج بریلی کے جنوبی دروازے کے سامنے ہے اور جمعرات کو لوگ وہاں حاضری دیتے ہیں۔

حوالہ جات: حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۳۷، تذکرۂ نعت گویان بریلی ص ۴۶

حسنؔ، حسن رضا خاں:

مولانا نقی علی خاں (م۱۸۸۰ء) کا فرزند، مولوی احمد رضا خاںؒ (م۱۹۲۱ء) کا برادر خرد، سال پیدائش ۱۸۵۹ء، نواب مرزا داغ کا پیارا شاگرد:

پیارے شاگرد تھا لقب اپنا   کس سے اس پیار کا مزا کہیے
(مرثیہ داغ، حسن رضا خاں حسن)

اس کا دادا مولانا رضا علی خاں اور اس کا پدر مولانا نقی علی خاں عالم دین تھے۔ مولانا نقی علی خاں نے اس تفریق کا آغاز کیا جو بعد کو ''دیوبندی'' اور ''بریلوی'' گروہوں یا تحریکات کی شکل میں آج بھی موجود ہے۴۴۔ مولانا حسن کی تعلیم و تربیت دینی ماحول میں ہوئی۔ اس نے بھی اپنے والد اور برادر کلاں کے خیالات کی تائید کی جس کا اظہار اس کی نعتیہ شاعری اور مناقب و مثنویات میں ہوا۔ اس نے طرز داغ میں غزلیات تحریر کیں، جن مین شوخی اور معاملہ بندی کے باوجود سوقیت نہیں ہے، کبھی کبھی اس کا حال (متصوفانہ رمزیت اور قلبی اضطراب و کرب) اس کے اشعار میں منعکس ہوتا ہے جو اس کے تغزل میں فکر و معنویت کی خصوصیت پیدا کرتا ہے۔ اس کا اردو و فارسی اشعار پر مشتمل دیوان ثمر فصاحت، اشعار نعت پر مشتمل دیوان ذوق نعت جس میں مثنویات و مناقب وغیرہ بھی شامل ہیں طبع ہو چکے ہیں۔ اس کے علاوہ اس نے دینیات سے متعلق اردو و فارسی میں منظوم و منثور مختصر تالیفات تحریر کیں جو طباعت سے آراستہ ہوئیں۔ اس نے مطبع اہلسنت والجماعت پریس محلّہ سوداگران بریلی میں قائم کیا اور اس کی نگرانی میں ہی گلدستۂ بہار بے خزاں، اور ہفتہ وار روز افزوں جاری ہوئے۔

حسن رضا خاں حسن نے بریلی میں طرز داغ کی اشاعت کی جس سے ایک طرف عوام میں شاعری سے دلچسپی بڑھی تو دوسری طرف اساتذۂ لکھنؤ کی خارجیت پسندی اور نمود و نمائش کا خاتمہ ہوا۔ نعتیہ شاعری کو بھی حوصلہ ملا اور حسن کے ذریعہ نعت گویان کی تعداد میں اضافہ ہوا۔ بریلی کی تاریخ شاعری میں حسن کی حیثیت ایک ایسے قافلہ سالار کی ہے جس کے قدم تقریباً پچاس سال تک نسل فردا کے لیے نشان راہ بنے رہے۔ مختصراً انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

حسن جب مقتل کی جانب تیغ برّاں لے چلا   عشق اپنے مجرموں کو پا بجولاں لے چلا
آرزوے دید جاناں بزم میں لائی مجھے   بزم سے میں آرزوے دید جاناں لے چلا
جلوہ گاہ میں سیل گریہ نے رکھا محروم دید   تشنہ لب سوکھے ہی گھاٹوں جوش طوفاں لے چلا
ڈھونڈتی تھی ہر طرف کس کی نگاہ اولیں   آس کس کی دید کی بیمار ہجراں لے چلا

اف ری متوالی جوانی، کچھ خبر تجھ کو نہیں ساغرِ مے، بوسۂ لب ہائے جاناں، لے چلا
کی ہیں کس کمبخت دل کے جذب نے گستاخیاں کون بے پردا انہیں سوے شبستاں لے چلا
میرے گھر تک پاؤں پڑ کر، ان کو لایا تھا نیاز ناز دامن کھینچتا سوے رقیباں لے چلا
دل کو جاناں سے حسن سمجھا بجھا کر لائے تھے دل ہمیں سمجھا بجھا کر سوے جاناں لے چلا

یہ ایک طویل غزل ہے۔ اس غزل سے حسن کو ہندوستان گیر شہرت ملی، اس کی مندرجہ ذیل نعت بھی بہت مشہور ہے۔

نگاہ لطف کے امیدوار ہم بھی ہیں لیے ہوئے یہ دل بے قرار ہم بھی ہیں
ہمارے دست تمنا کی لاج بھی رکھنا ترے فقیروں میں اے شہریار ہم بھی ہیں
ادھر بھی توسن اقدس کے دو قدم جلوے تمہاری راہ میں مشت غبار ہم بھی ہیں
کھلا دو غنچۂ دل صدقہ باد دامن کا امیدوار نسیم بہار ہم بھی ہیں
تمہاری ایک نگاہ کرم میں سب کچھ ہے پڑے ہوئے تو سرِ رہ گزار ہم بھی ہیں
جو سر پہ رکھنے کو مل جائے نعل پاک حضور تو پھر کہیں گے کہ ہاں تاجدار ہم بھی ہیں

حسن ہے جن کی سخاوت کی دھوم عالم میں
انہیں کے تم بھی ہو، اک ریزہ خوار ہم بھی ہیں

حسن کی تین مثنویات ذوق نعت میں شامل ہیں جن میں وسائل بخشش (۱۸۹۱ء) زیادہ معیاری مثنوی ہے۔

میں نے مولانا حسن پر کئی مضامین لکھ کر شائع کرائے۔ حسن پر میرا ایک مضمون میری کتاب ''چند شعرائے بریلی'' میں بھی شامل ہے، نگہت قریشی سلمہا نے حسن کی حیات، شاعری اور علمی وادبی خدمات پر تحقیقی مقالہ برائے پی ایچ ڈی قلم بند کیا ہے۔ مولانا حسن کے دیوان ثمر فصاحت اور ان کے دیگر منظوم ومنثور رسائل اردو وفارسی کی تلاش، ترتیب وتدوین اور اشاعت ثانی کی ضرورت ہے جس کی طرف ان کے اہل خاندان کو توجہ دینی چاہیے۔

مولانا حسن کی وفات ۱۹۰۸ء میں ہوئی۔

حوالہ جات: چند شعرائے بریلی ص ۱۴۱ تا ص ۱۵۵، تذکرۂ نعت گویان بریلی ص ۴۹ تا ص ۵۰

حامدؔ، حامد حسین:

خاندان کمبوہان بریلی سے تعلق رکھتا تھا، نواب نیاز احمد خاں ہوش کا شاگرد تھا، از وست:

بلبل کی قید کا اسے، اس دن کھلے گا حال
صیاد جب بلا میں گرفتار آئے گا
مرے آگے حقیقت کچھ نہیں دارا، سکندر کی
میں اک ادنیٰ گدا ہوں اوس شہ کونین کے در کا

حوالہ جات: گلدستہ ہوش افزا بریلی، بابت ۱۹/اگست ۱۹۷۶ء، خمخانہ جاوید جلد۳ ص۵۲

خمارؔ، برج موہن لال:

پیشہ طبابت، ذی علم اور خوش فکر تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش، اس کا مندرجہ ذیل شعر بریلی میں ضرب المثل بن چکا ہے:

لکھنؤ کیوں نہ بریلی کو کہیں ان روزوں
اب تو سرسبز یہاں باغ سخن دیکھتے ہیں

اس کے اشعار دیگر کا انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

وہ بیکس ہوں، سو بار آ کر قضا — سرہانے مرے نوحہ گر ہوگئی
ہوا اسیرؔ و ہوشؔ کی جس پر عنایت اے خمارؔ — کیوں نہ پھر اس کی زمین شعر میں جا گیر ہو
وہ عاشق ہوں جنازے کو بھی میرے بعد مرنے کے — اوٹھائیں بلبلیں دے کر کفن پھولوں کی چادر کا
وہ پھرا کیا، کہ پھری ساری خدائی ہم سے — دوست بھی ہم کو ستانے لگے، دشمن ہو کے
اے شیخ! جا کے بزم میں اس مے پرست کی — دیکھوں گا میں کہ کس طرح ہشیار جائے گا

حوالہ جات: خمخانۂ جاوید، جلد۳ ص۵۲، شعرائے ہنود ص۱۳۵، گلدستۂ ہوش افزا، بابت ۱۹/اگست ۱۸۷۶ء

خورسندؔ، احمد حسن:

نعت گوئی میں مشہور تھا۔ تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش، اس کا ایک مجموعۂ نعت مسمیٰ ''چراغ بزم مداح'' (۱۳۰۶ھ/ ۱۸۸۹ء) شائع ہوا تھا لیکن ہم دست نہیں ہوا۔ کہن سال افراد بریلی اس کا ذکر کرتے تھے۔

خورشیدؔ، عابد علی خاں:

ابن کاظم علی خاں ابن منصور خاں ابن محبت خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، خاندان روہیلہ کے بزرگ شاعر منصور خاں مہر کا شاگرد تھا، از وست:

تھی جس کی جستجو، وہ مرے دل میں ہے نہاں
خورشیدؔ دیر وکعبہ میں بے کار کی تلاش

حوالہ: حیات حافظ رحمت خاں، ص ۳۲۶

خوشنودؔ، غلام جبار:

سید مہربان علی فرحاں کا شاگرد، غزل نگار اور نعت گو، از وست:

پھر گئی مجھ سے کیوں مری تقدیر یہ بھی کیا یار کی طبیعت ہے
راہ الفت سخت اس پر اضطراب شوق دید میں ہزاروں مرتبہ اٹھ کر گرا، گر کر اٹھا
خوشنود سے کچھ حال گناہوں کا نہ پوچھو ہے نامۂ اعمال تو دفتر کے برابر

حوالہ جات: گلدستۂ آئینہ مغفرت بریلی ص ۲۱، گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی، بابت اپریل وجون ۱۹۰۳ء

خنداںؔ، محمود حسین:

تلمیذ سعادت علی عیش بریلوی (م ۱۸۷۳ء) از وست:

بات میں چال، چال میں شوخی جو ادا ہے تیری، قیامت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی، بابت اپریل ۱۹۰۳ء

خواہاںؔ، قاسم علی:

خلف میر ولایت علی، اس کا جدی سلسلہ حضرت شاہ شرف الدین حسنؒ (م۱۳۸۲ء) شاہ ولایت امروہہ سے ملتا ہے، بزمانۂ آصف الدولہ، اس کا دادا سید نذر علی امروہہ سے ترک وطن کرکے بریلی وارد ہوا، خواہاں بریلی میں ۱۸۴۵ء کو پیدا ہوا۔۴۵؎ مروجہ تعلیم حاصل کی اور گورنمنٹ ہائی اسکول بریلی سے بہ ملازمت ہیڈ مولوی پنشن یاب ہوا۔ اس نے شاعری میں خلیفہ امیر الدین آزاد سے رجوع کیا، خواہاں کا دور شاعری بریلی کے پورے عہد وسطیٰ اور دور آخر کو محیط ہے۔ یہ افسوس کی بات ہے کہ اس کا کوئی دیوان شائع نہیں ہوا۔ اس کی بیاضیں بھی کراچی پہنچ چکی ہیں، اس کی غزلیات گلدستوں میں چھپتی تھیں جن سے اس کے اشعار جمع ہوسکے، بے حد زود گو تھا، اس کے تلامذہ بھی کثرت سے تھے، اس کا جتنا کلام میری نظر سے گزرا، اس سے اس کی اوصاف شاعری کی نمائندگی نہیں ہوتی، اس کے اشعار میں پختگی ہے لیکن کشش اثر اور مٹھاس نہیں ہے، مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

احتیاج ان کو نہیں، روشنی مرقد کی — داغ دل پر غم حضرت کا جو کھا لیتے ہیں
گلِ داغِ غمِ حضرت سے چمن ہے سینہ — دل کی سرد آہ سے ہم کار صبا لیتے ہیں
در والا کو خدا نے یہ شرف بخشا ہے — بھیک شاہان جہاں بن کے گدا لیتے ہیں
جن کی توفیق سے ہے چشم بصیرت روشن — آنکھ سے نام مبارک کو لگا لیتے ہیں

جن کو دنیا میں نہیں عشق نبی اے خواہاں
چھوڑ کر دین خدا جانے وہ کیا لیتے ہیں

کریں گے خون دل دست حنائی دیکھنے والے — پھنسیں گے پنجۂ غم میں کلائی دیکھنے والے
کھنچے جتنے خودی سے، بڑھ گیا قرب خدا اپنا — ہوئے ہم نارسائی سے، رسائی دیکھنے والے
یہ قشقہ بت کدے کا ہے، یہ داغِ سجدۂ کعبہ — عجب میں ہیں نشان جبہ سائی دیکھنے والے
وہ پابند حنا ہیں، ہاتھا پائی کرکے چھوڑیں گے — نہیں باز آئیں گے، بے دست و پائی دیکھنے والے
بڑھاپے میں یہ ناموزوں ہیں مست اشعار اے خواہاں — جوانِ طبع ہیں، فکر رسائی دیکھنے والے

☆

اے زاہدو! نماز اگر بہر حور ہے	نیت کا ہے فساد، سمجھ کا قصور ہے
اپنی دوا ہے خود مرض عشق اے طبیب	یہ درد سرعلاج دل ناصبور ہے
اے محتسب خراب، خرابات کو نہ کر	بادہ کشوں کا شیشۂ دل چور چور ہے
بیٹھے ہوئے ہیں دل میں تصور کیے ہوئے	موجود غائبانہ کسی کا حضور ہے
اے میکشو برا نہ کہیں مے کو کہہ اٹھے	واعظ کو منھ لگاؤ نہ تم، بے شعور ہے
سادہ دلی سے آ گئے آدم فریب میں	فطرت ہی سے بشر کی، خرد میں فتور ہے

خواہاں ہے حب آل نبی موجب نجات
دریا سے بے سفینہ کے مشکل عبور ہے

اس غزل میں ۲۱/اشعار تھے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خواہاں نے ہر ممکن قافیہ باندھنے کی کوشش کی، یہی زود گوئی اور اثر شعری سے بے خبری اس کی ہر اس غزل میں موجود ہے جو مجھے ہم دست ہوئی۔

خواہاں کی وفات بہ مرض فالج ۶/محرم بروز چہار شنبہ ۱۳۵۷ھ مطابق ۹/مارچ ۱۹۳۸ء کو ہوئی۔ ''قدردان شاعری پنہاں شدہ'' سے سال وفات ۱۳۵۷ ہجری برآمد ہوتی ہے۔ اس کی پختہ قبر اس کے خاندان کی مسجد واقع گلی مولویان، نزد چاہ خرم، محلّہ ذخیرہ بریلی میں محفوظ ہے۔

حوالہ جات: گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ بزم سخن بابت ۲۴/مارچ ۱۹۲۴ء

دولھا، محمد حسن علی خاں:

ابن محمد بنی خاں ابن یوسف خاں ابن محمد یعقوب خاں ابن حرمت خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، تلمیذ ہادی حسین خاں ہادی اور احمد حسن خاں جوش، از وست:

ہادی معجز بیاں کے فیض صحبت کے سبب	کیا عجب دولھا ترے اشعار میں تاثیر ہو
محبت بتوں کی خدا کی قسم	رگ جان کو نیشتر ہوگئی
رزق پہنچاتا ہے ہر روز، وہ خالق ہم کو	گرچہ ہم لاکھ گنہ شام و سحر کرتے ہیں

حوالہ جات: گلدستۂ لطیف بریلی، بابت جولائی ۱۸۷۴ء، خمخانۂ جاوید جلد ۳، ص ۶۲

دلؔ، کنھیا لال:

درگا پرشاد کائستھ کا فرزند، درگا پرشاد کے متعلق عبدالعزیز خاں عاصی بریلوی نے تحریر کیا کہ ''وہ انگریزوں کے پاس روزانہ کی خبریں خفیہ پہنچاتا رہا۔ یہ فرخ آباد سے آیا پٹواری خاندان کا ایک فرد تھا۔ وہ لکھنؤ میں انسپکٹر سرشتۂ تعلیم اور رائے صاحب بھی کر دا گیا تھا۔''

کنھیا لال دل کی پیدائش ۱۸۵۰ء میں ہوئی۔ اس کے فرزند شام موہن لال جگر بریلوی نے تحریر کیا کہ بچپن سے اس کی طبیعت سادگی سچائی اور خلوص وصفا کی طرف مائل تھی۔ عمر بڑھنے کے ساتھ تصوف کا غلبہ بڑھا، کامل طبیب تھا، ملازمت کا آغاز اسکول ماسٹری سے کیا اور ترقی کر کے ڈپٹی انسپکٹر مدارس ہوگیا، جائداد پر بھائیوں سے مقدمہ بازی ہوئی، پریوی کونسل سے مقدمہ ہارا، ادبار نے گھیر لیا اور زندگی کرب و بلا بن گئی۔

اس کو غالب کے شاگرد غلام حسین قدر بلگرامی (م۱۸۸۲ء) سے تلمذ تھا، اردو اور فارسی میں شعر کہتا۔ اس کا دیوان اور تصوف پر ایک کتاب گھر کے سامان کے ساتھ چور لے گئے۔ اس کی ایک غزل مندرجہ ذیل ہے:

خون گردن جوش پر ہے، تیغ قاتل چاہیے — کشتیِ عمر رواں ٹھہرے، وہ ساحل چاہیے
کس کو خورشید اور کس کو ماہ کامل چاہیے — تیری صورت میری آنکھوں کے مقابل چاہیے
شعر کہنے کے لیے عالم نہ فاضل چاہیے — کشتۂ عشق صنم ہوں بس وہی دل چاہیے
پہلے کر عشق مجازی تا حقیقت ہو عیاں — راہ مشکل ہے، سفر منزل بہ منزل چاہیے

عشق کیا کوئی کرے گا دل تمہارے سامنے
سوزِ غم سے دل جلانے کے لیے دل چاہیے

اس کی وفات ۱۹۲۴ء میں ہوئی۔

حوالہ جات: حدیث خودی ص ۳۹، تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی ص ۲۱۵

ذبیحؔ، محمد اسمٰعیل خاں:

ابن ابراہیم خاں ابن اللہ یار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، ۱۸۵۰ء میں پیدا ہوا، شہر بریلی

اور موضع سرولی میں رہتا تھا، مروجہ علوم کے علاوہ فرانسیسی زبان بھی جانتا تھا، شاعری میں عبدالعزیز خاں عزیز (م ۱۸۹۱ء) کا شاگرد تھا، مشہور شاعر تھا، از وست:

تسکین تجھ سے ہو جو کسی تشنہ کام کی — اے آب تیغ، یہ بھی ہے اک بات کام کی
ٹھنڈے بہت پڑے ہیں، تڑپتے ہیں بے شمار — کچھ بھی خبر حضور کو ہے زیر بام کی
قسمت نے ہم سے باغ چھڑایا بہار میں — صیاد کا گلہ، نہ شکایت ہے دام کی

ذبیح ۱۸۹۸ء میں فوت ہوا۔

حوالہ جات: تذکرۂ نادر ص ۶۸، سخن شعرا ص ۱۶۵، خمخانۂ جاوید، جلد ۳ ص ۲۶۵، حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۳۸، تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی ص ۲۸۸

رونق، گنگا پرشاد:

خلف بھوانی پرشاد رئیس بریلی، ڈپٹی کلکٹر، تلمیذ کلب حسین نادر، از وست:

آغاز میں تو عیش ہے رونق وصال میں — عاقل کو غور چاہیے، انجام کے لیے

حوالہ جات: بزم سخن ص ۱۷۶، تذکرۂ نادر ص ۴۷

رسوا، ہادی حسین بیگ:

خلف مرزا ولی جان بیگ، تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش، از وست:

روتے ہیں اپنے حال شکستہ پہ صبح تک — منھ ڈھانکتے ہیں، دامن چاک سحر سے ہم

حوالہ: خمخانہ جاوید، جلد ۳، ص ۴۰۸

رفعت، سرفراز علی خاں:

ابتداً رحمت بنارسی کا شاگرد تھا، بریلی کے معمر شعرا اس کو تلمیذ داغ کی حیثیت سے جانتے تھے لیکن کوئی ایسا شاعر یا فرد نہیں ملا جس نے اس کو دیکھا ہو، اس کا کلام سنا ہو، مجھے اتنا معلوم ہو سکا کہ اس کا مکان محلّہ انگلس گنج قلعہ بریلی میں تھا اور اس کی سکونت بنارس میں تھی۔ لہٰذا مجھے خمخانۂ جاوید پر تکیہ کرنا پڑا، اس کے تلامذہ بھی کثرت سے تھے اور اس کا کلام گلدستوں میں بھی شائع ہوتا تھا، اس کے مطبوعہ یا غیر مطبوعہ دیوان کا سراغ نہیں ملا، اس کا نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

شوق دل لے کے چلا کوچۂ جاناں کی طرف — اس سے بڑھ کر نہ کوئی رہبر کامل دیکھا
جو نہ کرنا تھا محبت میں، کیا وہ ہم نے — دل نے ترغیب جو دی، غیر سے بھی مل دکھا
آج تک ان کے لیے روتی ہیں آنکھیں رفعت — حضرت داغ سا استاد نہ کامل دیکھا
بے سبب تن کے نہیں بیٹھے جناب واعظ — ذکر کچھ حور کا شاید سرِ منبر آیا
تم دم وعدہ قسم جان کی کیوں کھاتے ہو — بس یقیں مجھ کو ہوا، بس مجھے باور آیا
اور کون آتا شب غم ترے بیمار کے پاس — حال پرسی کو غش آیا، کبھی چکر آیا
نزع میں یار ہے مہمان میرا — دم نکلتا ہے کہ ارمان مرا
اس دست حنائی نے تو، اور آگ لگا دی — سمجھا تھا کمی ہوگی، مرے سوز جگر میں
لیے جاتی ہے دنیا سے عدم کو — تمنا شیخ جی کو حور ہی کی
وہ ملتے ہیں تو یوں ملتے ہیں مجھ سے — شناسائی نہیں گویا کبھی کی
کہا جب میں نے، مرتا ہوں، تو بولے — کہی یہ بات تونے میرے جی کی
نہ آیا راہ پر وہ شوخ رفعت — کریں کیا، ہم نے کوشش تو بڑی کی
آئے ہیں دم نزع وہ، دم بھر کو ٹھہر جا — کیا تجھ سے یہ اے عمر رواں ہو نہیں سکتا
جو ہم اوصاف رسول مدنی کرتے ہیں — لوگ سن کر ہمیں قسمت کا دھنی کہتے ہیں

اس کی ایک غزل گلدستۂ لطیف بریلی بابت جولائی ۱۸۷۴ء میں طبع ہوئی تھی اور جو سطور بالا میں منقول ہوئی (باور آیا- چکر آیا) اس کی کوئی غزل گلدستۂ نہال سخن بریلی (۱۹۱۱ء تا ۱۹۱۷ء) میں شائع نہیں ہوئی، لہٰذا گمان یہ ہے کہ وہ ۱۹۱۱ء سے پہلے فوت ہو چکا تھا اور اس نے عمر بھی طبعی پائی۔

بریلی میں تلامذۂ داغ کا مطالعہ کرتے وقت اس کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

حوالہ جات : گلدستۂ لطیف بابت جولائی ۱۸۷۸ء، خمخانۂ جاوید، جلد ۳ ص ۴۸۱، محبوب الکلام، حیدر آباد دکن، ربیع الاول ۱۳۲۳ھ (۱۹۰۵ء) پیام یار لکھنؤ، فروری ۱۸۹۷ء

راقم، حیدر حسین:

قاضی محمد حسن صدیقی کا فرزند، محلّہ قاضی ٹولہ، شہر کہنہ بریلی کا ساکن، زمیندار اور مالگزار، ذی علم

اور سخن سنج، فارسی مخمس ''ہفت کوکب'' کا مصنف جس کا مخطوطہ رامپور رضا لائبریری میں محفوظ ہے۔ نیاز احمد خاں ہوش نے ''مخمس طرفہ نادر'' سے ۱۲۸۹ ہجری تاریخ برآمد کی جو ۱۸۷۲ء کے مطابق ہے۔اس کا اردو کلام میسر نہیں آیا۔

حوالہ: کلیات ہوش، ص ۲۱۶

راسخ، ظفریاب خاں:

ابن فتح یاب خاں شاعر ابن دیدار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، اس کی دادی محمد میر خاں بابر ۹۴۶ھ سے منسوب تھی۔ ابتداً منصور خاں مہر سے مشورۂ سخن کیا بعدہٗ اسیر سے، قادر الکلام اور مشہور شاعر تھا، صف اساتذہ میں شمار کیا جاتا تھا، اس کی غزل میں غنائیت اور شوخی ہے۔ نہ کلیتاً طرز دہلی کا تتبع ہے اور نہ طرز لکھنؤ کا، بلکہ بین بین ہے اردو اور فارسی میں شعر کہتا تھا، از وست:

تیور چڑھا کے رہ گئے تم کیوں، اوٹھا کے ہاتھ ——— چھوٹا ہے نیمچہ، تو لگاؤ بڑھا کے ہاتھ
دریائے حسن اور بھی دو ہاتھ بڑھ گیا ——— انگڑائی اس نے نشے میں جو لی اٹھا کے ہاتھ
خامشی سے دل جلے، کہنے سے جلتی ہے زباں ——— حال اپنا قابل اظہار ہے بھی اور نہیں
سواد منزل راہ طلب میں تیرہ بختی ہے ——— خضر کی آنکھ سمجھا، میں چراغ غول صحرا کو
رسائی عرش تک ہے یاں، سخن کے بال شہرت سے ——— رہی امید میرے نقش پا کی، چشم عنقا کو
دیکھنے نکلا جو وہ خورشید منظر چاندنی ——— دھوپ سے بھی ہے چمک میں، آج بہتر چاندنی
مار ڈالا چاند سورج نے ترے تعویذ کے ——— دھوپ ہے باہر، تو ہے مدفن کے اندر چاندنی
اب اندھیرے اوراجالے پھرتے ہیں وہ دربدر ——— دھوپ دکھلاتا پدر جن کو، نہ مادر چاندنی
جامہ زیبی بہ تو ختم آمدہ اے یار چنیں ——— ہر چنیں، دوش چنیں، جامہ زرتار چنیں
مردہ دل چوں نہ شود زندہ، زگویائی تو ——— لب چنیں، لہجہ چنیں، شوخی گفتار چنیں
نوبہاریست بہ میخانہ، بیا اے راسخ ——— مے چنیں، شیشہ چنیں، ابر گہربار چنیں

اس کی وفات ۱۲۷۳ھ/ ۱۸۵۷ء کو ہوئی۔ ''مسکن تو دوام خلد بود'' (۱۲۷۳ھ) از نیاز احمد خاں ہوش اور ''رفت راسخ بارم از دنیا'' (۱۸۵۷ء) از سلیماں خاں اسد مصرعہ ہائے سال وفات ہیں۔

حوالہ جات: سخن شعراء ص ۱۷۷، تاریخ لطیف نگار رامپور ص ۴۰، حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۲۹

رزاقؔ، عبدالرزاق خاں:

ابن اسحٰق خاں ابن مستجاب خاں ابن حافظ رحمت خاں، تلمیذ سید مہربان علی فرحاں، نعت گوئی میں معروف ہوا۔ اس کا مجموعۂ نعت موسومہ بہ گلشن نعت ۱۸۷۳ء میں طبع ہوا، بریلی کے ابتدائی نعت گویان کی طرح اس نے بھی نعت لکھتے وقت محتاط رویہ اختیار کیا، سادہ زبان میں اشعار لکھے اور محدود و مشہور واقعات سیرت نظم کیے۔ عبدالرزاق خاں رزاق نے بریلی میں نعت کو فروغ دیا اور آنے والے نعت گویان بریلی کے لیے راہ ہموار کی، از وست:

وصف احمد لکھوں مجال کہاں ایسا نازک مرا خیال کہاں
آپ میں خلق ہے سخاوت ہے خلق میں ایسے خوش خصال کہاں
سب موحّد ہیں پر سوائے نبی اور کو لذت وصال کہاں
مخزن حب مصطفیٰ ہے دل میری دولت کو ہے زوال کہاں
جب نبی سا شفیع محشر ہو پھر خطا سے ہمیں ملال کہاں
شب معراج سدرہ سے بڑھتے تھی یہ جبریل کی مجال کہاں

منھ ترا اور جناب کی تعریف
سوچ رزاق ہے خیال کہاں

اس کی وفات ۱۸۸۲ء کو ہوئی۔

حوالہ جات: گلشن نعت ص ۲۳، حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۵۴

رسواؔ، اولاد حسین:

خاندان نومحلہ بریلی کا فرد تھا، باعتبار پیشہ وکیل، جے پور میں مقیم ہوا، سانبھر میں نائب ناظم رہا۔ بلاد اسلامیہ کی سیر کی، خوش باش اور بذلہ سنج تھا، مشاعروں کا رسیا تھا، خود بھی شاعر تھا اور عبدالعزیز خاں عزیز (م ۱۸۹۱ء) کا شاگرد، از وست:

بہار چھا گئی آنکھوں میں جب سرور آیا شراب پینے سے کافر کے منھ پہ نور آیا
شراب چھوڑ کے ہمت ہوئی ہے ڈانول ڈول یہ کیسی توبہ کہ ایمان میں فتور آیا

ہماری آنکھ کی، اللہ رے مستیاں، بے مے　　کسی حسیں پہ نگہ جب پڑی سرور آیا
اک جہاں کشتۂ انداز خود آرائی ہے　　آپ جو چاہیں کریں، آپ کی بن آئی ہے

اس کا مندرجہ ذیل شعر اتنا مشہور ہوا کہ اس کی پہچان بن گیا:

ہم اتنی زیست میں تنگ آ گئے ہیں حضرت خضر
کہاں سے لاتے جگر عمر جاوداں کے لیے

حوالہ جات: کلیات ہوش ص ۲۰۷، خمخانۂ جاوید جلد ۳ ص ۴۰۷

رشکی، ہزاری لال:

کندن لال اشکی (م ۱۸۵۰ء) کا برادر خورد، صاحب علم و فضل، نکتہ داں، مرزا منش، تلمیذ حاتم علی بیگ مہر اکبر آبادی (م ۱۸۷۹ء) از وست:

تم اہل دل ہو، بتاؤ تو اے میاں رشکی　　یہ چال دیکھ کے، کب دل پسا نہیں کرتے

اس کا مندرجہ بالا شعر بہت مشہور تھا اور پرانے وقتوں کے لوگوں کو یاد بھی۔ اس کی موت جوانی میں ہوئی، مہر اکبر آبادی نے اس کی موت پر مرثیہ لکھا جو مہر اکبر آبادی کے دیوان مسمیٰ الماس درخشاں میں شامل ہے اور جس سے اس کے اوصاف پر بھی روشنی پڑتی ہے۔

حوالہ: الماس درخشاں ص ۲۷۶

رہبرؔ، مصطفیٰ خاں:

ابن محمد رضا خاں ابن محمد عطا خاں ابن محمد اکبر خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، تلمیذ ہادی حسین خاں ہادی، از وست:

محتسب روک نہ اب بادہ کشی سے ہم کو　　ابر یہ دیکھ لے، کعبہ سے ہے اڑ کر آیا

حوالہ جات: گلدستۂ لطیف بریلی، جولائی ۱۸۷۴ء، حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۵۷

رضاؔ، رضا حسین بیگ:

خلف مرزا فدا حسین بیگ، پیشہ طبابت، تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش، از وست:

دست ساقی سے وہیں گر کے ہوئے سو ٹکڑے — حیف حصے میں جو مے کا کوئی ساغر آیا

ٹھکانا نہ کچھ ہم فقیروں کا پوچھو — جہاں شب کو بیٹھے سحر ہوگئی

حوالہ جات: گلدستۂ لطیف بریلی، جولائی ۱۸۷۴ء، گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی، جون ۱۹۰۳ء، خمخانۂ جاوید، جلد ۳، ص ۴۴۶

راحتؔ، عابد حسین:

خلف اور شاگرد محمد فرحت حسین فرحتؔ ۴۷، از وست:

پہلے منہ چوم لوں میں، گالیاں دینا پیچھے — چاہیے جرم کا اثبات سزا سے پہلے

حوالہ: خمخانۂ جاوید، جلد ۳، ص ۳۱۰

رحمتؔ، رحمت حسین:

مولوی غلام علی (جو سید ہدایت علی ہدایت کا برادر کلاں تھا) کا پسر، ساکن گلی مولویان نزد شاہ خرم محلّہ ذخیرہ بریلی۔ پیشہ معلّمی، شاگرد مولوی قاسم علی خواہاں، بحیثیت نعت گو مشہور ہوا۔ من کلامہ:

یاالٰہی ہاتھ اٹھاتا ہوں دعا کے واسطے

خاتمہ بالخیر ہو، خیرالوریٰ کے واسطے

یہ پوری نعت بریلی کے مولود خواں اور مساجد کے امام نماز بطور دعا پڑھا کرتے تھے۔

حوالہ: تذکرۂ نعت گویان بریلی، ص ۶۴

رضاؔ، احمد رضا خاںؒ:

مولانا نقی علی خاںؒ کے فرزند، پیدائش ۶ ر جون ۱۸۵۶ء مرید حضرت سید آل رسولؒ مارہروی (م ۱۸۷۹ء)، مولانا نقی علی خاں نے جو تحریک امتناع نظیر کے مسئلہ پر شروع کی تھی اس کو شدومد سے تقویت دی اور علمائے دیوبند وغیرہ سے اس طرح کنارہ کیا کہ اس تحریک کی علاحدہ پہچان بن گئی۔ بے حد ذہین اور عالم متبحر، کثیر تعداد میں کتب اور رسائل تحریر کیے، اردو، عربی، فارسی تصانیف کی تعداد ۵۴۸ بتائی جاتی ہے۔ عشق رسول خاتم النبین میں سرشار، تمام عمر صرف نعت لکھی، اشعار پُر بداعت اور پُر بلاغت ہیں، نعتیہ قصائد بھی تحریر کیے، حدائق بخشش جوان کے نعتیہ کلام کا مجموعہ

ہے، اس کا ۱۹۱۸ء کا ایڈیشن تین حصوں پر مشتمل ہے، تیسرے حصے میں نعتیہ قصائد ہیں، بعد کو حدائق بخشش دو حصوں میں شائع ہوئی، عبدالعزیز خاں عاصی نے ان کے اشعار پر رائے دیتے ہوئے تحریر کیا کہ ''آپ کا کلام عوام کی نہیں، خواص کی نظر کی عینک ہے۔'' یہ حقیقت ہے کہ عوام میں ان کی وہ نعت مقبول ہوئی جو سلیس زبان میں تھی اور جس کی زود اثری ہنوز برقرار ہے، مثال میں:

سرور کہوں کہ مالک و مولا کہوں تجھے ۔۔۔ باغ خلیل کا گل زیبا کہوں تجھے
حرماں نصیب ہوں، تجھے امید گہ کہوں ۔۔۔ جان مراد و کان تمنا کہوں تجھے
اللہ رے، تیرے جسم منور کی تابشیں ۔۔۔ اے جانِ جان، جان تجلی کہوں تجھے
اس مردہ دل کو مژدہ، حیات ابد کا دوں ۔۔۔ تاب و توان جان مسیحا کہوں تجھے
لیکن رضا نے ختم سخن اس پہ کردیا ۔۔۔ خالق کا بندہ خلق کا آقا کہوں تجھے

مختصر یہ کہ ایک عظیم المرتبت یگانہ روزگار اور عالم بے بدل شخصیت تھے، ان کا نعتیہ سلام ع ''مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام'' بہت مقبول ہے۔ وفات ۲۵ر صفر ۱۳۴۰ھ/ ۲۸ر اکتوبر ۱۹۲۱ء میں ہوئی۔ ہر سال ۲۴/ ۲۵ صفر کو عرس ہوتا ہے۔

حوالہ جات: تذکرۂ نعت گویان بریلی ص ۶۲، تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی ص ۲۸۸، وفیات مشاہیر اردو ص ۲۸

زکی، حشمت علی صدیقی:

فارسی گو تھا، اس کے متعلق مظفر حسین صبا نے تحریر کیا کہ ''ساکن بریلی، قاضی اختر راباوی ربطی بود۔'' از وست:

بے قراراں را تسلی از نگاہ یار نیست ۔۔۔ زہر قاتل داروے درد دل بیمار نیست

۱۸۶۸ء میں فوت ہوا۔

حوالہ: تذکرۂ روز روشن ص ۲۶۹

زخمی، رتن سنگھ:

متولد بریلی، کائستھ ۱۷۸۲ء میں پیدا ہوا، اس کا پدر بالک رام نواب آصف الدولہ کا میر آتش تھا

اور جس کے نام پر لکھنؤ میں محلّہ توپ خانۂ بالک رام ہے، اس کے دادا کا نام بھگوان داس تھا اور وہ آصف الدولہ کا اتالیق تھا، زخمی نے لکھنؤ میں قیام کیا، بحرالعلوم تھا، اردو، عربی، فارسی، ترکی، سنسکرت اور انگریزی زبانوں پر عبور رکھتا تھا۔ ابتدا میں نواب نصیرالدین حیدر (م ۱۸۳۷ء) شاہ اودھ کے دربار سے وابستہ ہوا اور بعد کو بہ عہد نواب محمد علی شاہ (۱۸۳۷ء تا ۱۸۴۲ء) اودھ کا دیوان مقرر ہوا، اس کو راجہ، منشی الملوک، فخر الدولہ، دبیر الملک اور ہشیار جنگ کے خطابات عطا ہوئے۔ علم نجوم کا بھی ماہر تھا، اس کو مصحفی نے ایک مشاعرے میں دیکھا تھا، مصحفی نے تحریر کیا ''جوانے - وجیہ و قابل و دانا و مہذب الاخلاق است...... وضع مرزایانہ دارد و در خواندن شعر ہم تتبع مردم ولایت می کند۔'' صاحب تصانیف تھا۔ اس کی جن کتابوں کا علم ہوا، ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) حدائق النجوم: دوجلد ۱۸۴۱ء (۲) سلطان التواریخ: ۱۸۴۲ء (۳) تذکرۃ الشعرا: (۴) قصیدۂ ہفت بند ۱۸۳۸ء (۵) دیوان اشعار فارسی

زخمی فارسی گو تھا اور محمد حسن قتیل کا شاگرد، اس کا دیوان نہیں ملتا، تاہم اس کی قادر الکلامی ہر شبہ سے بالا ہے، قصیدۂ ہفت بند کا مخطوطہ اسلامیہ کالج بریلی کی لائبریری میں محفوظ ہے جس کے مطالعے سے اس کی غیر معمولی استعداد فارسی کا اندازہ ہوتا ہے۔ یہ قصیدہ مولا علی کرم اللہ وجہہ کی منقبت میں ہے، آغاز اس شعر سے ہوتا ہے:

السلام اے مشرق انوار رب العالمیں ماہ برج برتری، مہر سپہر دادو دیں

اختتامیہ اشعار یہ ہیں:

بادشاہ ملک ہستی، ہستی عزوشرف عالم اسرار عالم، عالم علم و یقین
سروردیں، دستگیر ما، زپا افتادگاں عیب پوش ما گنہ گاراں شفیع المذنبیں
مرجع والنجم، سلطان سریر لافتیٰ فخر شاہان زماں، شاہنشہ روے زمیں
دافع رنج والم ہا، شافع ہر دوسرا رافع اعلام نصرت، قاطع بنیاد کیں
مظہر اسرار ملت، مظہر صدق وصفا ماحی آثار بدعت، حامی دین متیں
بادشاہ ہر دو عالم، جان و جانان رسول سید اولاد آدم، زوج زہرائے بتول

یہ قصیدہ حدود منقبت کو پار کر گیا، لیکن اس عہد کے لکھنؤ میں یہ بات باعث تعجب نہیں تھی۔ اس کی

غزلیات کا انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

وائے زیں حسرت دیدار کہ درخوں شب وروز　　دست و پا می زنم وخوں سوے قاتل دارم
پیش ازاں، دم کہ بمیرم، برمن آرندش　　سخنے چند، بہ آں حورے شائل دارم
یار با غیر بروں رفتہ، ومن خانہ خراب　　نیست معلوم چرا، جاے بہ محفل دارم
جاں بلبل دل، ہمہ خوں، سینہ پراز داغ جنوں
طرفہ حالیست کہ زخمی من بیدل دارم
یارب آن دم کہ برویش نظرے می کردم　　کاش ازیں عالم فانی سفرے می کردم
پس از ہر جنگ صلحش گرچہ لذت بیشتر دارد　　ولے بر ہر سخن جنگش تماشاے دگر دارم
عجب می آیدم چوں قصد بزمش می کند زخمی　　کہ ناداں خواہش وصلش بایں دامان تر دارم

☆

کے کے تو اے صبا بہ کنار من آمدی　　مامردم از غم و بہ مزار من آمدی
می کشت رشک غیر مرا، تاسحر ولے　　قربانت اے اجل کہ با کار من آمدی
زخمی چہ بدبلاست کہ بردست بحیلۂ　　چوں بے خبر بہ مشت غبار من آمدی

خواجہ عبدالروف عشرت لکھنوی نے زخمی کا ایک اردو شعر بھی نقل کیا ہے:

زرباف آج ان کو میسر ہے، اے فلک
کل تک نہ جن کو آتا تھا بنّا نواڑ کا

بیشتر تذکرہ نگاروں نے اس کی تاریخ وفات ۱۲۶۷ھ مطابق ۱۸۵۱ء تحریر کی ہے جو صحیح معلوم نہیں ہوتی۔ خواجہ عشرت لکھنوی اور سری واستو نے ۱۸۵۶ تحریر کی جو قرین قیاس ہے۔

حوالہ جات: ریاض الفصحا ص ۱۱۵، روز روشن ص ۱۸۹، شعرائے ہنود ص ۶۸، بزم سخن ص ۱۸۳، نوابی عہد کے ہندوؤں کا فارسی ادب میں یوگدان ص ۱۲۸، تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی ص ۳۷۵، قصیدۂ ہفت بند (قلمی)

زارؔ، دھنپت رائے:

خلف شنکر دیال، کندن لال اشکی کا ماموں زاد بھائی، متولد بریلی، مقیم لکھنؤ، صاحب علم وفضل،

صاحب مال ومنال۔ برق سیتاپوری نے اطلاع دی کہ صاحب تصانیف کثیرہ تھا، صاحب خمخانۂ جاوید نے اس کی کتاب رسالہ قوافی کا ذکر کیا ہے۔ رسالہ قوافی ۱۸۵۳ء میں طبع ہوئی تھی، فارسی گو تھا، اردو اشعار بھی تحریر کرتا۔ خواجہ وزیر لکھنوی (م ۱۸۸۰ء-۸۱ء) کا شاگرد تھا، از وست:

میری طرح کسی پہ تمہارا جو آئے دل　　سینے پہ ہاتھ رکھ کے کہو ہائے ہائے دل
داغوں پہ داغ صدمے پہ صدمے اٹھا چکے　　دیکھیں ابھی یہ اور نہ کیا کیا اٹھائے دل
کیوں کر تمہارے روئے مصفا تک آئے دل　　اس درجہ ہے صفا کہ پھسلتا ہے پائے دل

حوالہ جات: سخن شعرا ص ۱۹۵، بہار سخن ص ۱۸۱، خمخانۂ جاوید، جلد ۳ ص ۶۰۴

سیّد، سید احمد خاں، مفتی:

خلف کرامت علی مشہدی، جوان اور خوب رو، متولد سنبھل، بدایوں میں مقیم ہوا، اس کے بعد مستقل سکونت بریلی میں اختیار کی، قاضی عبدالجمیل جنوں (م ۱۹۰۰ء) کی بھانجی اس سے منسوب ہوئی، بہ عہدۂ تحصیلداری سرفراز تھا۔ ۱۸۵۷ء کے ایام میں جنون کے خاندان نے انگریزوں سے رشتۂ وفاداری قائم رکھا جس کے نتیجے میں حریت پسندوں نے ان کے مکان کو آگ لگادی، سید احمد خاں سید نے خان بہادر خاں کا ساتھ دیا۔ خان بہادر خاں کی انقلابی کونسل میں اس کا عہدہ مفتی کا تھا۔ ۶ رمئی ۱۸۵۸ء کو خان بہادر خان کی ہزیمت اور انگریزوں کی فتح بریلی کے بعد اس پر بغاوت کا مقدمہ چلا اور سزایاب ہو کر جزائر انڈمان بھیجا گیا۔

سید احمد سید نے ۱۸۵۰ء میں غالب سے بہ غرض اصلاح رجوع کیا جس کے جواب میں غالب نے ۳ راکتوبر ۱۸۵۰ء کو جو مکتوب تحریر کیا، اس کو محمد ابرار علی بدایونی نے اپنی تالیف آئینہ دلدار میں نقل کیا ہے۔ غالب نے اپنے مکتوب بہ نام قاضی عبدالجمیل جنون میں جو یہ تحریر کیا ''صاحب وہ خط جس میں اشعار سید مظلوم کے تھے مجھ کو پہنچا اور اس کا جواب تم کو بھیجا'' تو دراصل سید مظلوم کا اشارہ مفتی سید احمد خاں سید کی طرف تھا۔ اس کا کلام بہ سعی بلیغ ہم دست نہیں ہوا۔ اس نے ایک مناجات جزائر انڈمان میں تحریر کی تھی جس کا ایک بند بطور نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

قسم ہے تجھے اے نسیم سحر　　مری بیکسی پر ذرا رحم کر

میسر نہیں کوئی پیغامبر مدینے میں ہووے جو تیرا گزر
تو میری طرف سے زمیں چوم کر یہ کہنا بدرگاہ خیرالبشر
نبی الوریٰ یا نبی الوریٰ
ببیں حال ما یا نبی الوریٰ

اس کا سال وفات ۱۸۵۸ء درست نہیں کیوں کہ ۱۸۵۸ء میں فتح بریلی کے بعد اس پر مقدمہ چلا اور انڈمان بھیجا گیا تھا۔ اس کی جائے وفات کے متعلق دو رائیں ہیں: الف، انڈمان میں فوت ہوا۔ ب: پروانۂ رہائی ملنے کے بعد ہندوستان آتے ہوئے جہاز غرقِ آب ہوا۔ دوسری روایت قابل ترجیح ہے کیوں کہ خاندان مفتیان کے سن رسیدہ افراد اس کی تصدیق کرتے تھے۔ اس کو بہر نوع خاک وطن نصیب نہیں ہوئی اور قیاساً ۱۸۶۰ء میں فوت ہوا۔

حوالہ جات: غالب اور عصر غالب ص ۱۲۷، عود ہندی ص ۲۳۲، آئینہ ددار ص ۹۱، ماہنامہ معارف اعظم گڑھ، غالب نمبر فروری ۱۹۶۹ء، سہ ماہی اردو کراچی ص ۷۰، جنوری ۱۹۶۸ء

سالکؔ، اسمٰعیل شاہ خاں:

خلف فتح شاہ خاں، مولد بریلی، مقیم رامپور، تلمیذ اسمٰعیل حسین منیر شکوہ آبادی (م ۱۸۸۰ء) مولف تاریخ روم وروس، بحیثیت نعت گومشہور تھا، از وست:

گنہ گاروں سے ملنے کے لیے خود مغفرت آئے اگر ہو عید کو طالع، ہلال اس کے گریباں کا

حوالہ: انتخاب یادگار ص ۱۶۷

سیدؔ، میر ولایت علی:

میں اس کو مولوی قاسم علی خواہاں کے پدر اور منظوم ''داستان عجیب وغریب'' (۱۸۴۷ء) مطبوعہ ۱۸۸۹ء کے مصنف کی حیثیت سے جانتا تھا۔ جب ۱۹۸۰ء میں اسی خاندان سے منسوب سید تعظیم علی نقوی کراچی سے بریلی آئے اور میرے خام تذکرۃ الشعرائے بریلی سے استفادہ کیا تو ان ایام میں ان سے میر ولایت علی کے متعلق بھی گفتگو ہوئی۔ نقوی صاحب کے بقول میر ولایت علی فرخ آباد

میں نواب احمد حسین خاں ابن نواب محمد علی خاں کا مصاحب تھا۔اس نے داستان عجیب وغریب کے علاوہ بہار دانش کا ترجمہ بعنوان گلشن دانش (۱۸۵۳ء) کیا۔میر غلام علی عشرت کا شاگرد تھا اور امیر الدین آزاد کے مصرعہ ''شد بہ جہان بقا میر ولایت علی'' (۱۲۷۵ء) ۱۸۵۹ء میں فوت ہوا۔اس کے مندرجہ ذیل اشعار بھی نقوی صاحب نے قلم بند کرائے۔

از داستان عجیب وغریب:

جیتے دم کی یہ سب کہانی ہے ورنہ کیا خاک زندگانی ہے
خاک میں خاک جاسمائے گی خاک اپنی نہ ہاتھ آئے گی
ہے یہ دنیا مقام بے ہودہ کون اس میں رہا ہے آسودہ
آخرکار سب کو مرنا ہے کوچۂ مرگ سے گزرنا ہے
مردوہ ہے جو اس سے دل نہ لگائے جیسا آیا تھا، ویسا یاں سے جائے

از مدح نواب احمد حسین خاں:

نوّاب محتشم ہو، احمد حسین خاں تم بزم نشاط ہووے آٹھوں پہر مبارک
کیا رتبے ہیں تمہارے، دل شاد ہیں ہمارے افلاک سے پکاریں شمس وقمر مبارک
دشمن رہے سلامی، دولت کرے غلامی اعزاز و نیک نامی، اے نامور مبارک

مجھے امید ہے نقوی صاحب کی فراہم کردہ اطلاع درست ہوگی۔

سوز، جے رام:

دیبی پرشاد کا فرزند، کائستھ، پیدائش ۱۸۶۵ء تلمیذ مکھن لال شوق از وست:

میں تو جب جانوں ملے دنیا میں آزادی مجھے ایک سے آئیں نظر دونوں غم وشادی مجھے

حوالہ: تذکرۂ بہار سخن، ص ۲۰۲

ساقی، سید فضل غوثؒ:

اس کا دادا سید محمد شفیع (م ۱۷۸۳ء) دور روہیلہ میں بریلی وارد ہوا، اس کا پدر سید امیر علی عرف میرن صاحب (م ۱۸۶۶ء) حضرت شمس الدین سید آل احمد عرف اچھے میاںؒ (م ۱۸۱۹ء) کا مرید

اور خلیفہ تھا، سید فضل غوث کی ۱۸۱۰ء میں پیدائش ہوئی، اس کا مسکن محلّہ بہاری پور کسگران میں تھا۔ اس نے مروجہ درسی تعلیم حاصل کی، قرآن حفظ کیا، حضرت اچھے میاںؒ سے ارادت تھی، ان سے ہی سلسلۂ قادریہ برکاتیہ میں خلافت پائی، پندرہ برس کی عمر میں گوشہ نشینی اختیار کی، کثیر تعداد میں کتب اور رسائل تصنیف کیے، آرزو نامہ، الحکایات، رسالۂ اربعہ، تائید ہدایت اور انتخاب الرصاد اس کی مشہور تالیفات ہیں۔ فارسی اور اردو پر قادر تھا، ایک دیوان فارسی اور ایک دیوان اردو یادگار چھوڑے۔ دیوان اردو کراچی میں شائع ہو چکا ہے۔ اس کی ایک نعت بہت مقبول ہوگئی جس کو گزرے وقت کے مولودخواں التزاماً پڑھتے تھے۔ میں نے وہ نعت اپنی تالیف تذکرہ نعت گویان بریلی میں مطلع تا مقطع درج کی ہے۔ یہاں اس نعت کے چند اشعار پر اکتفا کر رہا ہوں۔

معراج کی شب میں ٹھن کے چلا، وہ احمد پیارا خوب بنا
جبریل پکارا صل علیٰ، رحمٰن کا دولارا خوب بنا
واں شب کو ہوئیں تھیں جو باتیں، یاں دن کو سنیں وہ سب باتیں
سالک نے زباں سے کچھ نہ کہا، مجذوب پکارا خوب بنا
یہ ایک ہے بلبل اس گل کا، مقصود ہے وہ جزو و کل کا
گلزار دو عالم میں ساقی، وہ رشک ہزارا خواب بنا

یہ نعت واقعۂ معراج پر تحریر ہوئی۔ پوری نعت کی فضا مجذوبانہ ہے، تاہم یہ ایک مقبول نعت ہے جو بریلی کی محافل مولود میں سامعین پر کیفیت طاری کرتی رہی۔

ساقی کی وفات ۲۹/ ذی الحجہ ۱۳۰۷ھ بہ یوم شنبہ مطابق ۱۵/ اگست ۱۸۹۰ء بہ آخر عصر ہوئی۔ تدفین یکم محرم ۱۳۰۸ھ کو ہوئی۔ ''خاص خدا بود'' (۱۳۰۸ھ) مادۂ تاریخ وفات ہے۔ ہر سال یکم محرم کو سالانہ عرس ہوتا تھا۔ میں نے ایام طفلی میں اپنے دادا سید احمد حسن شاہؒ کے ساتھ عرس میں شرکت کی ہے۔

ساقی کے خلفاء میں مولوی دلدار علی مذاق بدایونی (م۱۸۹۴ء) بہت مشہور بزرگ گزرے ہیں۔ ساقی کے اہل خاندان میں حکیم عبدالصمد سرشار (م۱۹۲۷ء) مشہور شاعر تھے اور حکیم سید عزیز غوث (م۱۹۲۴ء) مشہور طبیب۔

حوالہ جات: آئینۂ دلدار ص ۱۲۷ اور ص ۱۹۰، گلدستۂ آئینۂ معرفت بریلی ص ۱۱، تاریخ روہیلکھنڈ، عاصی ص ۲۸۸، تذکرۂ نعت گویان بریلی ص ۲۷

سید، سید حسینؒ:

اس کے حالات اور کتب اس کے ایک معمر مرید نے فراہم کیے۔آں موصوف کا نام یاد نہیں رہا۔ اس کی دوکان بازار سنہری مسجد میں جفت فروشوں کی دوکانات کے سامنے شاہدانہ روڈ اور شہامت گنج روڈ کے نکڑ پر تھی۔اس کا پیشہ حقے کے نیچے بنانا تھا میرا دعا گو تھا،اللہ مغفرت فرمائے۔

سید حسین سید، سلسلۂ قادریہ میں حضرت امجد علیؒ (م ۱۸۶۰ء) سے بیعت تھا۔اس کی سکونت اندھے کا امام باڑہ، بازار سنہری مسجد بریلی میں تھی۔ بزرگ اور صاحب باطن تھا۔اس نے دو کتب تحریر کیں۔تحفۃ الشائقین مطبوعہ ۱۸۶۶ء جس میں حضرت امجد علی بدایونی کے حالات واشغال منقول ہوئے۔مرغوب دل مطبوعہ ۱۸۲۲ء جو اس کی شاعری پر مشتمل ہے۔اس نے مرغوب دل میں تحریر کیا:

"اگرچہ فن شاعری سے محض مبرا تھا، کسی طرح کی لیاقت شعر وسخن نہ رکھتا تھا، مگر فیض روحی حضرت صاحب سے شوق پیدا ہوا تو یہ خیال دل میں آیا کہ واسطے فوائد شائقین اور حصول فیض کے کچھ نظم بھی لکھنا چاہیے، تحریر کرنا شروع کیا اور نام اس کا مرغوب دل رکھا۔"

اس کی مندرجہ ذیل غزل عارفانہ ہے،اور تغزل سے عاری:

آنکھوں میں بس رہا ہے ہر وقت نور تیرا　　ہر شے میں دیکھتا ہوں رنگ وظہور تیرا
کوئی نہیں ہے خالی، سب ذکر کر رہے ہیں　　جن و بشر ملائک وحش و طیور تیرا
جتنے ہیں اہل عرفاں، وہ ایک جانتے ہیں　　پنہاں و آشکارا دور و حضور تیرا
پردہ خودی کا دل سے، تو کیوں نہیں اٹھاتا　　جاتا رہا ہے واعظ کیسا شعور تیرا
نیرنگیاں ہیں اس کی، ہر رنگ میں نمایاں　　آنکھوں سے تو نہ دیکھے تو ہے قصور تیرا

امجد علیؒ سے ساغر سید نے جو پیا ہے
دل میں سما رہا ہے، کیا کیا سرور تیرا

مندرجہ ذیل غزل میں اس کی حسیت بھی اس کے تغزل میں شامل ہوئی جس سے اس کے اشعار میں دلکشی پیدا ہوئی۔

کیوں خلق میں ہو نام، نہ بدنام ہمارا — جز عشقِ صنم اور نہیں کام ہمارا
ہم عشق ہیں، ہر ایک کے دل میں ہیں سمائے — گو خاص ہیں، لیکن ہے گزر عام ہمارا
صد شکر کہ ہر وقت بھرے جاتا ہے ساقی — خالی نہیں رہتا ہے کبھی جام ہمارا
آغاز سے تو عشق کیا ہم نے بتوں کا — اب دیکھیے کس طور ہو انجام ہمارا

سید کا برا حال ہے، تم آ کے تو دیکھو
اتنا کوئی کہتا نہیں، پیغام ہمارا

اس کی وفات ۱۸۹۳ء میں ہوئی، تکیہ نیوڑھی متصل اسلامیہ کالج بریلی میں مدفون ہوا۔ کسی زمانے میں سالانہ عرس بھی ہوتا تھا۔

شاؔعر، فتح یاب خاں:

ابن محمد دیدار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، بریلی میں پیدا ہوا، لکھنؤ میں اقامت اختیار کی۔ لکھنؤ میں ملامیاں کی عرفت سے پہچانا جاتا تھا، فارسی گو اور قصیدہ نگار تھا، اردو اور ہندی میں بھی اشعار تحریر کیے، صاحب تصنیف تھا۔ اس کی کتاب موسومہ بہ ریاض سخن کا مخطوطہ رامپور رضا لائبریری رامپور میں محفوظ ہے۔ از وست:

فیض ما راز غبار غم دلدار رسد — سائل ابر نباشد صدف گوہر ما

حوالہ: تذکرۂ روز روشن ص ۳۱۷

شؔرر، عبدالغفور خاں:

خلف نور محمد خاں، پٹھان کابلی، بندیل کھنڈ میں کسی ضلع کا تھانے دار، اس کو نساخ نے باشندۂ رامپور بریلی تحریر کیا، رامپور سے مراموضع رامپورہ بھی ہوسکتا ہے جو تحصیل بریلی میں ہے، من کلامہ:

ہاتھا پائی جب سے کرتا ہے، وہ کافر غیر سے
ٹوٹتے ہیں رشک کے مارے ہمارے ہاتھ پاؤں

حوالہ: سخن شعرا ص ۲۴۳

شہیدؔی، کرامت علی خاں:

عبدالرسول خاں۵۰؎ کا فرزند، عبدالرسول خاں راجہ ٹکیٹ رائے کے فارسی کلام پر اصلاح دیتا تھا۔ موضع ہڑیاپورا۵۱؎ ضلع اناؤ میں پیدا ہوا، تعلیم وتربیت لکھنؤ میں ہوئی۔ کمی سیریٹ۵۲؎ کے دفتر میں ملازم ہوا، ریاضی اور عروض میں مہارت تھی، جہاں گشت تھا، دہلی سے پٹیالہ گیا، پٹیالہ میں سید شاہؒ کا مرید ہوا، قلندرانہ وضع اختیار کی اور پٹیالی سے گجرات پہنچا اور گھومتا گھامتا بریلی وارد ہوا، سرائے پختہ، قلعہ بریلی میں قیام کیا۔ ایک شب نواب محمد حسن خاں (ابن ہادی یار خاں ابن ذوالفقار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں) کے یہاں مشاعرہ ہوا جس میں شہیدی نے غیر طرحی غزل پڑھی۔ نواب محمد عطا حسین خاں۵۳؎ کمبوہ (م۱۸۴۱ء) نے اس سے معانقہ کیا اور اپنے مکان پر ٹھہرایا۔ اس کی بریلی میں قیام کی مدت تقریباً نو برس کو محیط ہے۔

حسن اتفاق شہیدی نے مندرجہ ذیل شعر، جو محبوب کی صفت باکرہ میں ہے، مولانا فضل رسولؒ بدایونی (م۱۸۷۲ء) کو سنایا جو بریلی تشریف لائے ہوئے تھے:

ابھی وہ نام خدا ہیں غنچے، نسیم چھو بھی نہیں گئی ہے
مشامِ بلبل میں بھی ابھی تک، کچھ ان کی بو بھی نہیں گئی ہے

یہ شعر سن کر مولانا فضل رسول نے ہدایت کی کہ قلم مدح محبوب خدا میں اٹھانا باعث نجات ہے۔ اس ہدایت کا شہیدی پر مثبت لیکن شدید ردعمل ہوا اور اس نے وہ مشہور زمانہ قصیدہ لکھا جس کا دعائیہ شعر ہے:

تمنا ہے درختوں پر ترے روضے کے جا بیٹھے قفس جس وقت ٹوٹے طائر روح مقید کا

اس کے بعد حج بیت اللہ کے لیے روانہ ہوا، فریضۂ حج سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ کے لیے روانہ ہوا۔ اثنائے سفر تپ واسہال میں مبتلا ہوا۔ مدینہ منورہ پہنچ کر گنبد خضرا کی زیارت کرتے ہوئے دم توڑ دیا۔ (۴/صفر۱۲۵۷ھ/ ۳۰/مارچ۱۸۴۱ء) جنت البقیع میں قبہ امام حسن کے جوار میں جگہ پائی۔

شہیدی اپنے قصیدۂ نعت، بالخصوص دعائیہ شعر اور حال وفات سے اس قدر مشہور ہوا کہ آج بھی اس کی شہرت میں کوئی کمی نہیں ہوئی ہے۔ اس کے قصیدے کی زمین میں نعت گویان نے قصائد لکھے

اور اس کو نعت گو کی حیثیت سے ہی پہچانا۔ اس کا کوئی نعتیہ دیوان ہم دست نہیں ہوا۔ مذکور الصدر قصیدہ بھی اس کی کلیات میں شامل ہے۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ شہیدی کے قصیدے نے نعت گوئی کو مہمیز کیا۔

شہیدی کے تلمذ کے سلسلے میں مصحفی اور شاہ نصیر دہلوی کے اسما لیے جاتے ہیں۔ شہیدی دراصل مصحفی کے شاگرد خدابخش خاں فرد غازی پوری کے حلقۂ تلامذہ میں شامل تھا۔ شہیدی اپنے قیام دہلی کے زمانے میں نواب عبداللہ خاں، شاہ نصیر اور شیفتہ سے ہم جلیسی کا تعلق رکھتا تھا، شاہ نصیر کا شاگرد نہیں تھا۔

شہیدی اعلیٰ غزل گو بھی تھا۔ قصیدۂ نعت کی شہرت اور مقبولیت کی وجہ سے اس کی غزل کا مطالعہ نہیں کیا گیا۔ شہیدی کی غزلیات میں اس کے کرب کی ٹیس، ایک صوفی کا تحمل اور ایک قلندر کے قلب کی وسعت ملتی ہے۔ اس کے اسلوب میں گہرائی اور گیرائی ہے۔ از وست:

ہم نے آنکھیں موندلیں، دنیا کا پردہ کھل گیا	بیٹھے ارباب بصیرت جام جم دیکھا کریں
دل کے جانے کا شہیدی حادثہ ایسا نہیں	کچھ نہ روئے آہ اگر ہم، عمر بھر رویا کیے
سینے پر چھینٹے لگائے جیسے بیٹھا ہو کوئی	وہ مری صورت دل مرحوم کے ماتم نے کی
اوروں کو فکر ہے نہ ہوا، ہائے مال جمع	ہم کو یہ غم رہا کہ قلندر نہ ہوسکے
سائے کو افتادگی میں بحث ہے	میرے ویراں خانے کی دیوار سے
ناکامیِ جاوید کی ہم مانتے منت	افسوس شہیدی تری تربت نہیں ملتی
شمع مردہ کو جو محفل سے نکلتے دیکھا	بوے بد آئی مجھے عیش کے سامانوں سے
ایام مصیبت کے تو کاٹے نہیں کٹتے	دن عیش کی گھڑیوں میں گزر جاتے ہیں کیسے
سرو سے قد پہ اوٹھا ہاتھ جو انگڑائی کو	مستزاد اس نے کیا مصرع رعنائی کو
یاد آتا ہے شب عشرت میں ان کا روٹھنا	ان کا جھنجھلا کر وہ کہنا تو بھی اس قابل ہوا
ہو جائے گا چپ، سن کے مرا حرف تمنا	ناداں ہے، اسے اور بھی مغرور کروں کیا
شرم آتی ہے وگرنہ ان بتوں کی ضد سے میں	جیتے جی اللہ سے اک حور جنت مانگتا
جیسی تصویر میں شنجرف کی مد ہوتی ہے	غنچہ لب جائے دہن سرخی پاں رکھتے ہیں

مشکلوں نے اس طرح گھیرا مجھے　　مست چپٹے جس طرح ہشیار سے

ایک نعت کا انتخاب:

ہے سورۂ والشّمس اگر روئے محمد　　واللیل کی تفسیر ہوئی موئے محمد
جب روئے محمد کی نظر آئی تجلی　　سمجھا کہ شب قدر ہے گیسوئے محمد
کس وضع اٹھائے ہوئے ہیں باردوعالم　　ظاہر میں تو نازک سے ہیں بازوئے محمد
گلگشت گلستاں میں پڑھو صل علیٰ تم　　ہر پھول کی بو میں ہے رچی بوئے محمد

رضواں کے لیے لے چلو سوغات شہیدی
گر ہاتھ لگے خار و خس کوئے محمد

حوالہ جات: کلیات شہیدی مطبوعہ ۱۸۵۳ء اور ۱۸۸۰ء، دیوان شہیدی (قلمی) رامپور رضا لائبریری رامپور ۱۸۵۱ء، گلشن بے خار ص ۱۵۸، خوش معرکہ زیبا جلد ا ص ۳۵، ریاض الفصحا ص ۲۴۶، آب حیات ص ۵۶۷، تذکرہ نعت گویان بریلی ص ۷۷، تاریخ روہیل کھنڈ عاصی ص ۵۶۷، حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۴۰، ماہنامہ معارف اعظم گڑھ، بابت جنوری ۱۹۶۴ء

شفاؔ، اشفاق الحسین:

مدرسہ عالیہ رامپور میں تعلیم حاصل کی، منطق وفلسفہ مولانا فضل حق رامپوری، محمد اسد الحق اور محمد طیب سے پڑھا، طب کا فن حکیم عبدالعزیز اور حکیم عبدالحفیظ لکھنوی سے حاصل کیا۔ بریلی کا ایک مشہور حکیم تھا۔ شاعری میں منشی امیر اللہ تسلیم (م ۱۹۱۱ء) سے تلمذ تھا۔ اس کا کوئی شعر میسر نہیں آیا۔

حوالہ: تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی ص ۲۸۹

شائقؔ، عبدالکریم:

خلیفہ محمد عبداللہ بریلوی، بہ سلسلۂ ملازمت شملہ میں رہتا تھا، مرزا قادر بخش صابر دہلوی (م ۱۸۸۴ء) سے تلمذ تھا، از وست:

تیرے کوچے میں آتے جاتے ہیں　　صبر کو اپنے آزماتے ہیں

حوالہ: یادگار ضیغم ص ۱۹۸

شمیمؔ، حسین شاہ:

اس کی ایک دختر میرے پڑوس میں رہتی تھی۔ سید ذاکر علی سے جو مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں ملازم تھا، منسوب تھی، حسین شاہ شمیم کے حالات اس کی دختر سے معلوم ہوئے۔

حسین شاہ شمیم ابتدأ محلّہ خواجہ قطب بریلی میں رہا اوراس کے بعد محلّہ جسولی میں، بھوپال بھی گیا تھا۔ اس کی خانقاہ نیازیہ بریلی میں بہت منزلت تھی، مولوی احمد رضا خاںؒ بھی اس کی عزت کرتے تھے۔ صرف نعت گو تھا، مرزا عباس بیگ نادر (م ۱۸۵۸ء) اور مولوی احسان علی احسن کا شاگرد تھا، اس نے گلدستۂ آئینۂ مغفرت کو مرتب کر کے دوبار شائع کرایا۔ (۱۸۸۸ء اور ۱۸۹۸ء) جو اس وقت ایک تاریخی دستاویز بن گیا ہے۔ اس کا کلام محفوظ نہیں رہا۔ اس کی ایک نعت کے چند اشعار جو گلدستۂ آئینۂ مغفرت میں چھپی تھی، بطور نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہیں:

کس کا مقدور ہے جو نعت پیمبر لکھّے ہاں اگر لکھّے تو پھر خالق اکبر لکھّے
نہ تو وصلی پہ نہ قرطاس کے اوپر لکھّے نام احمد کا اگر لکھّے تو دل پر لکھّے
جس کا قوسین سے ہو مرتبہ اعلیٰ یارو اس کی مدحت، کہو ادنیٰ بھلا کیونکر لکھّے
آپ کا نام خدا، نام تھا اسم اعظم دیکھے قرآں میں جو اسماے پیمبر لکھّے
زندگی کا تو یہی لطف جہاں میں ہے شمیم
جب تلک زندہ رہے نعت پیمبر لکھّے

حوالہ جات: تذکرۂ نعت گویان بریلی ص ۸۰، گلدستہ آئینۂ مغفرت بریلی ص ۲

شبابؔ، احمد حسین خاں:

خلف احمد یار خاں ابن نواب ذوالفقار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، تلمیذ نواب عبدالعزیز خاں عزیز بریلوی، از وست:

فرش آنکھوں کو کروں زیر قدم، کیوں نہ شباب آج وہ خانہ برانداز مرے گھر آیا

حوالہ: گلدستۂ لطیف بریلی، بابت جولائی ۱۸۷۴ء

شہرتؔ، مہربان علی خاں:

عرفیت مہرو خاں، تلمیذ سعادت علی شیدا (م۱۸۷۳ء) از وست:

بے قضا مرتے ہیں ہم ہجر میں، میں نے جو کہا بولا! چپ ہو، کوئی مرتا ہے قضا سے پہلے

حوالہ: ۵۴ کسی گلدستے کا تراشا

شاکرؔ، ہدایت علی:

میر سعادت علی عیش (م۱۸۷۳ء) کا شاگرد، از وست:

سخت جانی کا تری شمشیر نے پردا رکھا عمر بھر مجنوں رہوں گا، زخم دامن دار کا

حوالہ: یادگار ضیغم ص ۲۱۵، گلدستۂ ہوش افزا بریلی، بابت جنوری ۱۸۷۷ء

شیفتہؔ، نوازش علی:

میر سعادت علی شیدا (م۱۸۷۳ء) کا شاگرد، از وست:

نہ کیوں اے شیفتہ رک جائے دل اس شعر گوئی سے جہاں میں قدرداں کوئی نہیں ملتا، سخنور کا

حوالہ: گلدستۂ ہوش افزا بریلی، بابت ۱۹؍اگست ۱۸۷۶ء

شمسؔ، علی محمد:

نساخ نے اس کو باشندۂ بریلی اور مرحوم لکھا، گویا ۱۸۶۴ء میں زندہ نہیں تھا۔ نساخ نے ایک شعر بھی نقل کیا:

اللہ رے صفائے بدنِ نازک جاناں سینے کی نظر آتی ہے زنجیر، پس پشت

حوالہ: سخن شعرا ص ۲۵۲

شائقؔ، احمد جان شاہ:

خلف سید ولی شاہ، تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش (م۱۸۹۲ء) از وست:

عشوہ سے، ناز و غمزہ سے، جور و جفا سے آپ چاہیں تو چھین سکتے ہیں دل، ہر ادا سے آپ

حوالہ: یادگار ضیغم، ص ۲۰۰

شائق، محمد حسین:

خلف میر سرفراز علی رئیس بریلی، المعروف بہ میاں جان، نائب محافظ دفتر فوجداری فرخ آباد، از وست:

ہراک سے پتا پوچھتے ہیں وہ بہ تجاہل　　　ورنہ انہیں کیا یاد مرا گھر نہیں آتا

حوالہ جات: تذکرۂ نادر، ص ۸۷، سخن شعرا ص ۲۴۰

شایاںؔ، پیم نرائن:

خلف رام نرائن، قوم پنڈت، منصف مہوبہ بندیل کھنڈ، یوپی، از وست:

اس طفل کا جو قول ہے وہ بے ثبات ہے
ہر بات اس کی، کھیل تماشے کی بات ہے

حوالہ جات: تذکرۂ نادر ص ۸۶، سخن شعرا ص ۲۴۰

شفاؔ، سوہن لال:

تلامذۂ نیاز احمد خاں ہوش میں نام آور تھا، از وست:

گیسوؤں کا ترے رہتا نہیں کب دل کو خیال
یہ وہ کافر ہیں کہ کعبے میں بھی گھر کرتے ہیں

حوالہ: خمخانۂ جاوید جلد ۵، ص ۵

شایاںؔ، نورالحسین:

خلف سید غلام علی جو سید مہربان علی فرحاں کا برادر کلاں تھا، تلمیذ فرحاں۔ من کلامہ:

ناز سے تھی نہ خبر تم تھے ذرا سے، پہلے　　　دلربا! دل کو نہ لیتے تھے دغا سے پہلے
جب میں روتا ہوں کلیجے سے دھواں اٹھتا ہے　　　مینھ برستا ہے یہاں روز گھٹا سے پہلے
جان دوں گا کسی خوش پوش کی آرائش پر　　　سی کفن کو مرے، خیاط قبا سے پہلے

اس کا دیوان سید تعظیم علی نقوی کے پاس کراچی میں ہے۔

اس کا مندرجہ ذیل شعر بریلی میں ضرب المثل بن چکا ہے۔

جان! ایمان سے رخصت ہوئی تن سے شایاں
مرتے دم نام محمد جو زباں پر آیا

حوالہ: گلدستۂ لطیف بریلی، جولائی ۱۸۷۴ء، مزید دیکھیے حاشیہ نمبر ۵۴

شوقؔ، امداد حسین:

خلف محمد بخش، سب اوورسیر، گڈھ کپتانی آگرہ، تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش، از وست:

جھکائیں سر کو ہم، محراب تیغ یار میں، اس دم   جو ہاتھ آئے وضو کے واسطے کچھ آب خنجر کا

حوالہ جات: یادگار ضیغم ص ۱۸۹، گلدستۂ ہوش افزا بریلی بابت ۱۹/ اگست ۱۸۷۶ء

شوخؔ، نبی حسن بیگ:

تلمیذ سید رحمت علی جنون، از وست:

گل فردوس جانا شوخ نقش پا کو اس گل کے   بہار کوچۂ جاناں کو، جنت کی فضا سمجھے

حوالہ: گلدستۂ ہوش افزا بریلی، بابت فروری ۱۸۷۷ء

صاحبؔ، جارج فتنوں:

برنارڈ فتنوں (م ۱۸۴۵ء) کا فرزند، برنارڈ باعتبار پیشہ ڈاکٹر تھا، اس نے اپنی عمر کے آخری ایام میں ریاست رامپور میں ملازمت کی، جارج فتنوں کی تعلیم وتربیت رامپور میں ہوئی، اس نے نور الاسلام حقی، طالب رامپوری اور مولوی حفظ اللہ بدایونی سے علم حاصل کیا۔ مشرف بہ اسلام ہوا، میر نجف علی شفقت سے تلمذ تھا، اس نے اپنا تخلص جرجیس بھی اختیار کیا، اردو اور فارسی میں شعر کہتا تھا، از وست:

تم کو ہے پاس غیر کا صاحب   تو ہمارا بھی ہے خدا صاحب
میرے آنے سے گر ہوئے ناخوش   تو یہ لو، میں ابھی چلا صاحب
ایسی کیا مجھ سے ہوگئی تقصیر   اس قدر کیوں ہو بدمزا صاحب
تیری خوشی کا بندہ ہوں اے رازق کریم   دوزخ سے یا بہشت سے رکھتا نہیں غرض

دشمن کا کیا قصور ہے، عادت کو دخل ہے　　کژدم کبھی نہ کاٹے، اگر اس کی خو نہ ہو
یہ آرزو ہے ترے آنے کی مجھے اے شوخ　　کہ جھوٹے وعدوں پہ بھی انتظار باقی ہے

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ صاحب دیوان تھا، اس نے ایک مختصر تذکرۂ شعرائے رامپور بزبان فارسی تحریر کیا جس کا مخطوطہ رامپور رضا لائبریری رامپور میں محفوظ ہے۔

اس کی تاریخ وفات معلوم نہیں ہوسکی ۵۵ھ۔ انتخاب یادگار کی تالیف کے وقت (۱۸۷۳ء) باون برس کا تھا۔

حوالہ جات: انتخاب یادگار ص ۱۸۹، یورپین شعرائے اردو ص ۲۰، خمخانۂ جاوید جلد ۵ ص ۲۳۹، ماہنامہ آجکل دہلی، بابت جنوری ۱۹۶۲ء

صادقؔ، دیبی پرشاد:

کشن لال کا فرزند، قوم برہمن، باشندۂ بریلی، ملازم پیشہ، بارک ماسٹر، ۱۸۲۴ء میں پیدا ہوا، تلمیذ منیر شکوہ آبادی، از وست:

کیوں نہ برسات میں ہو سبز دوپٹے کی بہار　　رنگ بہتر نہیں دنیا میں کوئی دھانی سے

اس کی وفات ۱۹۲۱ء میں ہوئی۔

حوالہ جات: سخن شعرا ص ۲۷۴، تذکرۂ نادر ص ۹۵، بہار سخن ص ۲۴۲، خمخانۂ جاوید جلد ۵، ص ۲۵۰

صادقؔ، صادق حسین:

خلف نثار علی، یکے از کمبوہان بریلی، مقیم لکھنؤ، تلمیذ اوسط علی رشک (م ۱۸۶۷ء) بدیع وعروض کا ماہر، تحقیقِ لغات کا شوقین، اس نے دو دواوین اور تین کتب (۱) قلزم العروض (۲) نذیل الانحطاط (۳) معکوس اللغات، یادگار چھوڑیں۔

اس کا تخلص ثابت بھی تھا، از وست:

جو ہے فقیر کو حاصل غنا بدولت فقر　　امیر میں نہ تونگر نہ بادشاہ میں ہے

حوالہ: خمخانۂ جاوید، جلد ۵ ص ۲۵۰

صادقؔ، صادق علی:

باشندۂ بریلی، بمبئی میں مقیم ہوا، سید محمد کاظم جاوید لکھنوی کا شاگرد تھا، از وست:

نامرادا ایسا بھی اٹھا ہے زمانے سے کوئی   حسرتوں کا تربت صادق پہ میلا کیوں نہ ہو

حوالہ: خمخانۂ جاوید، جلد ۵، ص ۲۴۹

صبرؔ، امام الدین:

تلمیذ نواب عبدالعزیز خاں عزیز، پیشہ کتابت، اپنے استاد کے واسوخت مسمیٰ شکایت معشوقاں کی کتابت کی جس سے اس کی دریافت ہوئی، از وست:

جو آشنائے بحر حقیقت ہیں، ان سے پوچھ   ساحل کو آگہی نہ ہو دریا کے حال سے؟

حوالہ جات: واسوخت شکایت معشوقاں (۱۸۷۱ء)، اودھ اخبار لکھنؤ ۱۸۷۹ء

ضیاؔ، محمد حسین خاں:

ابن شمس الدین خاں ابن نواب محبت خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، الطاف علی بریلوی نے حیات حافظ رحمت خاں میں تحریر کیا کہ ضیا بہت اچھا شاعر تھا، جستجو کے باوجود اس کا کوئی شعر نہیں ملا۔

حوالہ: حیات حافظ رحمت خاں، فٹ نوٹ ص ۳۲۶

ضیاؔ، محمد ضیاء اللہ خاں:

ابتداً مولانا حسن کا شاگرد ہوا اور بعدہٗ خواہاں کا، اس کی ایک نعت گلدستۂ آئینہ مغرفت بریلی میں شائع ہوئی تھی۔ اس نعت سے ایک شعر اخذ کر کے پیش کیا جاتا ہے:

روضۂ پاک شہ دیں پہ جو جایا کرتا   چین سے دل کی لگی کو میں بجھایا کرتا

مندرجہ ذیل شعر صاحب خمخانۂ جاوید نے نقل کیا ہے:

دوری یار ستاتی ہے، تو روتے ہیں ضیاء   تر غمِ یار میں ہوتا نہیں دامن کس دن

حوالہ جات: گلدستہ آئینۂ مغفرت بریلی ص ۲۲، خمخانۂ جاوید جلد ۵ ص ۳۸۸

طبیبؔ، حبیب اللہ:

ہنگامہ ۱۸۵۷ء میں بریلی سے آرہ صوبہ بہار پہنچا، بریلی واپس نہیں ہوا، سید فرزند علی صفیر بلگرامی (م ۱۸۹۰ء) تلمیذ غالب کا شاگرد تھا، باعتبار پیشہ ڈاکٹر تھا، پٹنہ میں ۱۸۷۷ء کو فوت ہوا، اس کے تین اشعار فراہم ہوئے، جو مندرجہ ذیل ہیں:

اے بحر حسن، منتظری ہے جناب کی — پتھرا رہی ہیں دیر سے آنکھیں حباب کی
مرنے کے بعد دی نہ جگہ کوے یار میں — گردون دوں نے کیا میری مٹی خراب کی
بلبل جو تیرے چہرۂ رنگیں کو دیکھ لے — ہرگز نہ رکھّے دل میں محبت گلاب کی

حوالہ جات: تاریخ شعرائے بہار ص ۱۳۴، ماہنامہ قومی زبان کراچی ص ۷۷، بابت اکتوبر ۱۹۶۸ء

طالبؔ، طالب علی خاں:

متوطن آنولہ بریلی، دلاور خاں کا پسر، عدالت فرخ آباد میں نقشہ نویس، منیر شکوہ آبادی کا شاگرد، صاحب دیوان، از وست:

بوسہ لیا جو رخ کا، وہ طالب خفا ہوئے — مصحف کو چوم کر، میں گرفتار ہوگیا
میرے اس کے نہ ہوا وصل میں بھی رفع حجاب — دل میں تھا شوق ملاقات، حیا آنکھوں میں

حوالہ جات: تذکرۂ نادر ص ۱۰۳، سخن شعرا ص ۲۹۹

طاہرؔ، کلّن خاں:

حافظ قرآن، نعت گو، مہربان علی فرحاں کا شاگرد، از وست:

ستاؤ نہ للّلہ طاہر کو کوئی — یہ عشق پیمبر کا مارا ہوا ہے

حوالہ: آئینۂ مغفرت ص ۲۶

علیؔ، رضا علی خاں:

مولوی احمد رضا خاں کا دادا، مولوی نقی علی خاں کا پدر، مفتی صدر الدین خاں آزردہ (م ۱۸۶۸ء)

کا شاگرد، اس کا کوئی فارسی یا اردو شعر میسر نہیں آیا، اس کی وفات ۱۸۶۵ء میں ہوئی۔

حوالہ: تذکرۂ علمائے ہند، ص ۶۰۴

عجیبؔ، دامودر سین:

پسر لالہ کنور سین، بریلی میں سر شتہ دار اور افسر کارخانہ آبپاشی انہار، رامپور میں مقیم تھا اور وہیں امیر مینائی کا شاگرد ہوا، از وست:

نہ بجھی پر نہ بجھی آگ ہمارے دل کی　　　تیرے چھینٹوں سے بھی کچھ، اے مژۂ تر نہ ہوا

حوالہ: انتخاب یادگار ص ۲۲۳

عطاؔ، عطا حسین خاں:

خلف عظمت علی خاں کمبوہ، ساکن محلّہ قلعہ، متصل جامع مسجد بریلی، نہایت ادب پرور رئیس، کرامت علی خاں شہیدی، محسن علی خاں جوش اور امیر الدین آزاد اس کے دامن دولت سے وابستہ تھے، فن طب اور فارسی پر مہارت رکھتا تھا، سخن سنج اور امیر الدین آزاد کا شاگرد تھا۔ کلیات شہیدی میں ایک مختصر مثنوی اس کی مدح میں ہے جس سے معلوم ہوا کہ اس کو غزل، قصیدہ اور مثنوی لکھنے میں مہارت حاصل تھی۔ اس کا دیوان خود اس کے خاندان میں نہیں ہے۔ میرے پاس جو قلمی بیاض ہے جس کا حوالہ میں امیر الدین آزاد کے ترجمے میں دے چکا ہوں، اس میں عطا کے دو فارسی قصیدے ہیں: (۱) تاریخ جلوس آصف جاہ (۲) مدح صمصام الدولہ ناظم الملک فرانسس ہاکنس بہادر ہیبت جنگ، شہیدی نے اپنی مدحیہ مثنوی میں اس کی جس مثنوی کا حوالہ دیا، اسکی تاریخ تالیف ''افسانۂ نغز'' ۱۲۵۴ ہجری (۱۸۳۸ء) سے برآمد ہوتی ہے لیکن یہ مثنوی ہم دست نہیں ہوئی۔ مذکورہ بیاض میں اس کی چند غزلیات بھی ہیں جن کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس کو بامحاورہ اور سلیس زبان میں شعر کہنے کا شوق تھا۔ اس کے اشعار میں تکلف اور تصنع بھی ہے لیکن بامزہ اور دلنشیں، من کلامہ:

سر پر جو شال اپنے، اس مہ لقا نے ڈالی　　　رنگ مہ و شفق پر، آفت خدا نے ڈالی
تھا بسکہ میں دیوانہ، سو بعد مرگ بیڑی　　　پائے غبار میں بھی، موج ہوا نے ڈالی

دل لے کے اب عطا کا، دیتا ہے جھڑکیاں وہ | طرح جفا یہ کیسی، اس دل ربا نے ڈالی
حسرت یہ ہے کہ وہ ہی اک دیکھنے نہ آئے | جس کے لیے دیوانے دنیا میں ہم کہائے
عشق بتاں سے اپنا دل سرد کیوں نہ ہووے | بلبل تو جان دیوے، خاطر میں گل نہ لاوے
الفت میں کیا مزہ ہے، پابند جو عطا ہے | ناحق میں جان جاوے اور ہاتھ کچھ نہ آوے
لگے کہنے جس میں ہو مہر ووفا | وہ ہماری نظر میں صنم ہی نہیں
مژہ اس کی کو کیونکہ خدنگ کہوں | کہ خدنگ میں اس کا سا طور کہاں

اس کی وفات ۱۸۴۱ء میں ہوئی، امیر الدین آزاد نے مصرعۂ تاریخ کہا:

پیر فلک گریست بیاد عطا حسین

۱۲۵۷ھ مطابق ۱۸۴۱ء

جامع مسجد قلعہ کے شمال گوشے میں جو نوبت خانہ کہلاتا ہے مدفون ہوا، پختہ قبر محفوظ ہے۔

حوالہ جات: کلیات شہیدی، بیاض قلمی، تاریخ فرخ آباد (قلمی) ص ۴۳۵، صبح گلشن ص ۲۸۷، سخن شعرا ص ۳۲۲

عالمؔ، شاہ عالم خاں:

نواب محبت خاں محبت کا فرزند، اپنے والد سے ہی اشعار پر اصلاح لی، تذکرہ نگاروں نے اس کی جودت طبع کی تعریف کی ہے، از وست:

یار بدمست در آغوش رقیباں ہمہ شب | من حرماں زدہ بانالہ وافغاں ہمہ شب
سرزلفش بکف شانہ و در دست رقیب | من شوریدہ باحوال پریشاں ہمہ شب
عالم از یار دلم بوسہ طلب کرد، نیافت | از غلط کردۂ خود، بود پشیماں ہمہ شب

حوالہ جات: ریاض الفصحا ص ۲۲۷، روز روشن ص ۴۲۷

عاشقؔ، اکبر علی خاں:

شاہ عالم خاں عالم کا برادر خرد، لکھنؤ میں اقامت گزیں ہوا، قاضی محمد صادق خاں اختر (م ۱۸۵۸ء) سے دوستی تھی اور ان کی رہائش گاہ اختر منزل جاتا تھا۔ فارسی پر قدرت حاصل تھی، فن

موسیقی میں بھی مہارت رکھتا تھا، از وست:

دوش در بزم رقیباں بادہ می خورد، آں نگار　　غافل از لب تشنگیِ عاشقانِ بے قرار

لکھنؤ میں ہی ۱۸۳۵ء میں فوت ہوا۔

حوالہ: تذکرۂ روز روشن ص ۴۲۳

عرفاںؔ، عرفان علی:

خلف سید قربان علی اتالیق طفلان نواب محمد علی خاں بہادر رئیس شمس آباد، کئی کتابوں کا مولف تھا، کتابوں کے نام نہیں ملتے، از وست:

مہ انور کو کچھ نسبت نہیں ہے روے جاناں سے
ضیا اس کے کف پا میں ہے افزوں ماہ تاباں سے

حوالہ جات: تذکرۂ نادر ص ۱۱۰، سخن شعرا ص ۳۲۴

عظمتؔ، عظمت اللہ خاں:

پسر میر عزت اللہ خاں جذب بریلوی، متولد بریلی، لڑکپن میں باپ کے ساتھ افغانستان، ترکستان وغیرہ کی سیاحت کی۔ دہلی میں مقیم ہوا، شیفتہ سے ملاقات تھی، مومن سے تلمذ تھا، از وست:

نام عظمت ہے، نہ شوکت، نہ شکوہ
کیا ہی اس نام سے گھبراتا ہوں

۱۸۴۱ء کے قریب فوت ہوا۔

حوالہ جات: بزم سخن ص ۸۷، خوش معرکۂ زیبا جلد ۲ ص ۱۸۴، گلشن بے خار ص ۱۹۱، سخن شعرا ص ۳۳۳، یادگار شعرا ص ۱۲۲، طبقات شعرائے ہند ص ۳۷۶

عیشؔ، سعادت علی:

اس نے سعادت اور شیدا تخلص بھی اختیار کیے، ۱۷۸۵ء میں پیدا ہوا، خلف اور شاگرد میر غلام علی عشرت بریلوی (م ۱۸۲۱ء) نواب رامپور احمد علی خاں (م ۱۸۴۰ء) کے دربار سے وابستہ تھا، نواب

محمد سعید خاں کے عہد میں (۱۸۴۰ء تا ۱۸۵۵ء) محکمۂ صدر کی نظامت پر مامور ہوا، صاحب دیوان اور صاحب تلامذہ تھا۔ اس نے اپنے والد کی طرح بریلی میں شاعری کو فروغ دیا، مختصرا انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

نقش حیراں ہے یہ کس کی قدرت تحریر کا — آئینہ پردہ بنا ہے دیدۂ تصویر کا
غارت ہی کیا کم نگہی، کم سخنی نے — وہ شرم کسی کی، وہ حیا لے گئی دل کو
سعی کر نفس کشی میں کہ ہو تکمیل حیات — چاہیے فکر بقا، عیش فنا سے پہلے
طالب جنت نہیں ہیں ساکنان کوے دوست — عرش پر رکھتے ہیں سر، افتادگان کوے دوست
شب فراق میں گر نیند آنی مشکل ہے — تو عیش موت ہی آجائے خواب کے بدلے
دیکھنے کی مرگ نے مہلت نہ دی — عمر بھر دیکھا، تو کیا دیکھا تجھے

اس کی وفات ۱۸۷۳ء میں ہوئی۔

حوالہ جات: عمدۂ منتخبہ ص ۳۴۶، انتخاب یادگار ص ۲۳۹

عباسؔ، نادر، مرزا عباس بیگ:

مرزا ندیم ذکی (م ۱۷۳۹ء) مصاحب نادر شاہ کی اولاد میں تھا، جس کا ذکر مصحفی نے عقد ثریا میں کیا ہے۔ اس کی پیدائش ۱۸۱۸ء میں ہوئی۔ فارسی کے علاوہ انگریزی بھی جانتا تھا۔ لکھنؤ میں مقیم ہوا، رامپور میں ملازمت کی، آخر میں نواب علی بہادر خاں نواب باندہ (م ۱۸۷۳ء) کی سرکار سے وابستہ ہوا، اس نے ناسخ اور آتش کا زمانہ دیکھا، اس نے لکھا ہے:

مشاعرے میں غزل کیا چمکتی اے عباس — جو فیض آتش و ناسخ نہ کام کر جاتا

اس نے آتش کے مشورے پر عباس کے بجائے نادر تخلص اختیار کیا۔ زود گو اور قادر الکلام شاعر تھا۔ اس نے فارسی مثنوی لیلیٰ و مجنوں کی بحر میں سرور کے فسانۂ عجائب کو مثنوی کا جامہ پہنایا۔ اس کا سرمایۂ شاعری ۱۸۵۷ء کے ہنگامے میں ضائع ہو گیا۔ ایک دیوان بچا جس کو اس کے فرزند مرزا رستم یار بیگ فقیر نے طبع کرایا۔ افسوس وہ بھی نہیں ملا۔

نواب باندہ علی بہادر خاں نے ۱۸۵۷ء میں انگریزوں کے خلاف بغاوت کی۔ جنرل وائٹ

لاک نے اپنے دوسرے حملے میں اپریل ۱۸۵۸ء کو باندہ پر قبضہ کرلیا۔ اسکے بعد محبان وطن کی گرفتاری اور سزایابی کا سلسلہ شروع ہوا۔ عباس بھی گرفتار ہوا، اس کی فرد جرم میں اس کا یہ شعر تھا:

اختر بھی جھک گئے ترے خالوں کے سامنے
گوروں کے پاؤں اٹھ گئے کالوں کے سامنے

اس کو پھانسی کی سزا دی گئی، منیر شکوہ آبادی نے ''بود ہے ہے شاعر شیریں کلام'' (۱۲۷۴ھ) اور عطا جائسی نے حسب حال یہ قطعہ لکھ کر تاریخ وفات برآمد کی:

زسر بگذشت، نگذشت از سر دیں — تعالی اللہ چہ دولت یافت عباس
چو پرسید نہ تاریخش عطا گفت — نہ سردادن شہادت یافت عباس

۱۳۴۴ نفی ۷۰=۱۲۷۴ھ مطابق ۱۸۵۸ء

اس کے مندرجہ ذیل اشعار ہم دست ہوئے:

بوسہ کا نیل عارض جاناں میں رہ گیا — سوسن کا پھول کھل کے گلستاں میں رہ گیا
اوروں نے جاکے مصحف رخ چوم ہی لیا — میں فال دیکھتا ہوا قرآں میں رہ گیا
جب بیعت گل کا شجرہ، گل نے نکالا — گیسو سے نیا سلسلہ سنبل نے نکالا
اس قامت موزوں نے کیا سرو کو سیدھا — بل طرّہِ شمشاد کا، کاکل نے نکالا
بولے سن کر حال مرا — نادر کو بھی ہوا لگی ہے
بدلا ہوا ہے رنگ، سیاہی گھٹا کی ہے — لا ساقیا شراب کہ رحمت خدا کی ہے
پیتا نہیں شراب کبھی بے وضو کیے — قالب میں میرے روح کسی پارسا کی ہے
باب قبول کہتی ہے جس کو تمام خلق — کھڑکی وہ اے صنم، تری دولت سرا کی ہے
عباس روز حشر یہ کہتا اٹھوں گا میں — لوٹا مجھے بتوں نے، دہائی خدا کی ہے
گیسوؤں کو وصل کی شب منھ پہ تم آنے تو دو — شرط بدتا ہوں قیامت تک سحر ہوتی نہیں

اس کا مندرجہ ذیل شعر بریلی میں ضرب المثل بن چکا ہے[۵۶]

یہ میں نے مانا کہ آج خنجر، مرا گلو بھی نہیں رہے گا
کمر میں قاتل کی پر ستمگر ہمیشہ تو بھی نہیں رہے گا

۱۵/اگست ۱۹۴۷ء کو نہ خنجر رہا اور نہ ستمگر

اس کی ایک نعت گلدستۂ آئینۂ مغفرت بریلی میں شائع ہوئی تھی جس کے دو اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

قرباں نہ ہو کیوں تجھ پہ دل و جان محمد — کیا کیا ترا امت پہ ہے احسان محمد
عباس کی دن رات یہ ہے شوق و تمنا — یہ آپ کے روضے کے ہو قربان محمد

عباس کو پھانسی ضرور لگی لیکن اللہ تعالیٰ نے اس خاندان میں برکت کی فرمائش فرمائی۔ اس کے پسران اور ان کے تلامذہ، اس کے پوتے اور ان کے تلامذہ اور پھر تلامذہ کے تلامذہ، سب کی تعداد اتنی کثرت سے تھی کہ وہ شہر کہنہ بریلی کی ادبی فضا پر چھائے رہے۔ اس کے خاندان نے بریلی میں شاعری کو بہت ترقی دی۔ شہیدی کی طرح عباس بھی اہالیان بریلی کے لیے ایک ناقابل فراموش کہانی بن گیا۔

حوالہ جات: ۱۸۵۷ء کے مجاہد شعرا ص ۳۰۲، انتخاب یادگار ص ۲۱۸، خمخانۂ جاوید جلد ۵ ص ۵۶۷، ماہنامہ نگار رامپور، تاریخ نمبر، بابت جولائی ۱۹۶۳ء، گلدستۂ آئینۂ مغفرت ص ۲۵

علمی، محمد حسن:

شمسی برادری بریلی کا ایک معزز فرد، اس کو شہرت خطبات علمی سے ملی جو مساجد میں ہر جمعہ کو پڑھے جاتے ہیں۔ اہل سنت والجماعت، حنفی قادری، مولوی احمد رضا خاںؒ کے دادا مولوی رضا علیؒ (م ۱۸۶۵ء) کا مرید و خلیفہ، معلم، شاعری میں خلیفہ امیر الدین آزاد کا شاگرد، اس نے تمام عمر حمد و نعت سے رغبت رکھی۔ اس کا کلام نایاب ہو گیا، از وست:

دل مرا نعت رسول اللہ پر مائل ہوا — شکر حق ہے، میں بھی مداحوں میں اب، داخل ہوا
مرتبہ ان کا وہ عالی ہے کہ صدہا مرتبہ — چرخ سے روح الامیں پابوسی کو نازل ہوا
کیا کہوں علمی غزل فکر و تردد میں مرا — آہ یک دم بھی نہ خالی رنج و غم سے دل ہوا

حوالہ جات: آئینۂ مغفرت ص ۹، تذکرۂ نعت گویا بریلی ص ۹۹

عنایتؔ، عنایت حسین:

برادرزادہ نواب عظمت علی خاں کمبوہ، تلمیذ امیر الدین آزاد، از وست:

کیا غرض ہم کو کریں تیری خوشامد اس قدر ڈھونڈ لائیں تجھ سے بہتر گر کوئی دلدار ہم

حوالہ: تاریخ فرخ آباد (قلمی) ص ۴۳۶

عزیزؔ، عبدالعزیز خاں:

ابن سعادت یار خاں ابن محمد یار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، پیدائش ۱۸۳۴ء، نواب محبت خاں محبت اس کا نانا تھا۔ متداول علوم عقلیہ اور نقلیہ مولوی اللہ یار خاں، مولوی یعقوب علی خاں اور مولوی عنایت احمد کاکوروی سے حاصل کیے۔ سنسکرت بھی حاصل کی، تین ماہ کی مدت میں قرآن حفظ کیا۔ سعادت یار خاں شاہ عبدالعزیزؒ محدث دہلوی کا مرید تھا اور اس نے اپنے بیٹے کا نام بھی محدث دہلوی کے نام پر رکھا۔ لہٰذا اہل خاندان میں یہ روایت مشہور ہے کہ عبدالعزیز خاں کی غیر معمولی ذہانت اور علمیت حضرت شاہ عبدالعزیزؒ کی دعا اور تصرف روحانی کی وجہ سے تھی۔ عبدالعزیز خاں دیوانی عدالت فرخ آباد میں وکیل تھا۔ اس کا رئیسانہ ٹھاٹ باٹ تھا اور اس کے باوصف اس کو علم و ادب سے بہت دلچسپی تھی، اس کو شاعری میں قاضی عبدالملک ممتاز (م ۱۸۵۶ء) سے تلمذ تھا، اس کی تالیفات کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

(۱) مجالس العلوم: مطبوعہ ۱۳۰۴ھ/ ۱۸۸۶ء-۸۷ء، قاموس کے طرز پر ہے اور اس کی شہرت کا سبب بھی، اس کا مطبوعہ نسخہ رامپور رضا لائبریری رامپور میں ہے۔

(۲) ہفت کوکب: مطبوعہ ۱۲۸۹ھ/۱۸۷۲ء، ملا حسن کاشی کے ہفت بند کا ترجمہ۔

(۳) شکایت معشوقان: مطبوعہ ۱۲۹۸ھ/ ۱۸۸۱ء یہ واسوخت ہے۔

(۴) دیوان عزیز: مطبوعہ ۱۳۱۰ھ/۱۸۹۳ء، اس میں اول اردو کلام ہے اور بعد کو دیوان فارسی، تضمین، رباعی، قطعہ، قصیدہ، سراپا، مسدس وغیرہ پر مشتمل ہے۔

(۵) سبیل بخشش: ہم دست نہیں ہوئی، تفصیل نہیں دی جا سکتی۔

(۶) آئینۂ آخرت: ہم دست نہیں ہوئی۔ تفصیل نہیں دی جا سکتی۔

عبدالعزیز خاں عزیز کی شاعری کا سب سے بڑا وصف اس کی ہمہ جہت قادر الکلامی ہے۔ زمین شعر کتنی ہی سنگلاخ ہو، اس کے پاس نہ الفاظ کی کمی تھی اور نہ ان کی بندش کی۔ اس پر اس کی طبع رسا اور جدت آفریں ذہن مستزاد تھا، اس نے ہر صنف کو اس کے صنفی تقاضوں کے مطابق موم کیا۔ اس کی غزل میں تغزل ہے، سراپا میں زور بیان اور خارجی حسن کی زیبائش ہے، واسوخت میں حرارت عشق اور جذبات نگاری ہے، قصیدے میں شوکت مبالغہ ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہر صنف اس کی باندی ہے۔ اس کی قدرت کلام کا یہ حال ہے کہ ایسا لگتا ہے کہ اس کو چاندنی کی زربافی کا فن آتا ہے، تشبیہات واستعارات کا بادشاہ ہے، بے حد حسن خیز اور حسن بیز، زندگی عیش میں گزاری۔ حسین وجوان عورتوں کے جذبات، اداؤں، نخروں، معاملات اور حسن ظاہر ومستور کا پارکھ تھا۵۸۔ کسی اسلوب سخن پر بند نہیں، اس کے اشعار میں لکھنؤ کا دلآویز تصنع ہے، اساتذۂ دہلی کی جذبات نگاری ہے، جو بھی ہے دلآویز اور مکمل ہے، لیکن اس کو کیا کیا جائے کہ اس کی شہرت بریلی وفرخ آباد تک محدود رہی۔

انتخاب از غزلیات:

ہجر کی رات ہے، تاریک گھٹا چھائی ہے — یہ بھی اس وقت میں اک آفت بالائی ہے
آج منظور انہیں شغل خود آرائی ہے — سرمہ ہے باڑھ پہ، آئینے کی بن آئی ہے
کس کو تھی میکدۂ کون میں آنے کی خوشی — مجھ کو اس نشے میں دم دے کے قضا لائی ہے
تھک کے پہنچا ہوں رہ زیست سے تا منزل گور — سونے دو مجھ کو نکیرین کہ نیند آئی ہے
دیکھیے شب کو چمکتا ہے ستارا کس کا — صبح سے آج وہ مصروف خود آرائی ہے
چپ ہیں وہ شرم سے، لوگ ان کو صنم کہتے ہیں — لب خاموش میں اک بات نکل آئی ہے

ان دنوں پھر سر ہر خار میں خارش ہے عزیز
وحشیوں کو جو سر بادیہ پیمائی ہے

سر رگڑنا در پر اس بت کے مقدر میں رہا — ہم مٹے، لیکن نشان حبہ پتھر میں رہا
خاکساری میں ہے راحت، سرکشی میں اضطراب — خاک نے آرام پایا، چرخ چکر میں رہا
رکھ لیا پردہ ہجوم داغ نے مرنے کے بعد — لاشۂ عریاں نہاں پھولوں کی چادر میں رہا

ہوگیا برج زحل میں ماہ تاباں کا ہبوط شب جو وہ مہوش رقیب نحس کے گھر میں رہا

ہے دل ویراں میں باقی داغ فرقت کا عزیز
ایک درہم کے سوا کچھ بھی نہ اس گھر میں رہا

یاخدا دل میں غم یار کی میہمانی ہے شرم رکھ لے کہ بہت بے سروسامانی ہے
ڈھل گیا زور جوانی، نہ گئی عادت قتل اب تو مکروہ یہ بے وقت کی قربانی ہے
راستے اور بھی ہیں ملک عدم کے لیکن تیغ کے گھاٹ اتر جانے میں آسانی ہے
ظالم کی رسی ہوتی نہیں ہے کبھی دراز برعکس اس کے حال ہے زلف دراز کا
ہے وہ کبود دوپٹہ بلائے بے درماں علاج کوئی نہیں قہر آسانی کا
چڑھی جو صبح کو شبنم تو گرگئی شب کو فلک نے دی جسے عزت، اسی کو خوار کیا
پروانہ پہلے شمع سے جل کر ہوا تمام شاگرد کا بڑھا قدم، استاد رہ گیا
نہ سو آغوش گل میں دن چڑھے تک عنادل سے تو اے شبنم حیا کر
فخر سے کہتے ہوئے آئیں گے محشر میں عزیز جس کی رحمت ہے وسیع، اس کے گنہگار ہیں ہم
قیامت ہیں یہ درپردہ نگاہیں غضب کی چیز ہے شوخی حیا میں
ابرو میں خم، کمر میں لچک، زلف میں شکن وہ کون سی جگہ ہے جہاں بانکپن نہیں
ہوتا ہے دل میں آرزوؤں کا ہمیشہ خون بیکس حلال ہوتے ہیں بیت الحرام میں
باہر مجھے مسجد سے نہ کر، زاہد بے رحم محفوظ جگہ پائی ہے، نشہ میں پڑا ہوں
گردن کے دکھانے کو صفا پھیرلیا منھ کیا اس نے تغافل کو ملایا ہے ادا میں
انداز دیکھ کر تری نیچی نگاہ کے مجرم امیدوار ہیں،عفو گناہ کے
مزے اڑا لیے رندوں نے فاقہ مستی میں نہ تھی شراب تو بو سے صبو کے لیے[کذا]
عشق بازی ہی میں تنہا نہیں کامل ہیں عزیز شعر کے فن میں بھی حاصل ہے مہارت انکو
ہم ہیں اچھے،تو سب اچھے، جو برے ہم تو برے دوسرا ہے نہ براکوئی، نہ اچھا کوئی

دراصل دیوان عزیز دلکش اشعار سے بھرا پڑا ہے۔

دیوان عزیز میں ایک سراپا بہ شکل مسدس ہے، اس کی حسن کاری کے ثبوت میں ایک بند نقل

کیا جاتا ہے:

ہمسری کی ہے کہاں، مشک کو بالوں سے مجال　　پھنستے ہیں آہوے چیں اس میں، یہ ایسا ہے جال
دل عشاق سے اس زلف معنبر کا خیال　　نہیں ہوتا ہے جدا، جیسے سویدا کا خیال
مانگ چوٹی کو جو دیکھا، تو ہوا یہ روشن
دودھ کی نہر پہ آ بیٹھی ہے کالی ناگن

اس کی فارسی غزلیات بھی تغزل سے سرشار ہیں:

ستم چہ کار کند، گر ستم کسے نبود　　جفائے تو ہمہ اے ظالم از وفائے من است
مپرس از من دلدادہ مطلب و مقصود　　کہ ہرچہ آرزوئے تست، مدعائے من است
عیاں نہ گریۂ بے اختیار من شد راز　　اگرچہ شمع بسوزے، مرا سزائے من است
عزیز کے شنود لحنِ عندلیب آنکس
کہ محو نغمۂ طبع سخن سرائے من است

عزیز کا انتقال ۱۳۰۹ھ/ ۱۸۹۱ء کو ہوا۔ مقبرۂ حافظ رحمت خاں کے متصل جانب شرق مسجد میں اس کی پختہ قبر ہے ۵۹ قبر پر کتبہ ہے، تاریخ وفات مولوی قاسم علی خواہاں نے عزیز کے شعر سے ہی برآمد کی۔

برآید و بر تربت من گرید و گوید　　ایں گور عزیز است کہ از بادہ کشاں بود
۴۰+۱۲۶۹ھ=۱۳۰۹ ہجری

عزیز کی وفات کے ساتھ ایک اسلوب سخن، ایک عصر کا خاتمہ ہو گیا، اس کے تلامذہ نے اس کے طرز سخن کو جاری رکھا، لیکن داغ وامیر کی عوامی مقبولیت کے زمانے میں داغ وامیر کی غزل کو ہی عروج ملا۔ عزیز کی بازیافت ضروری معلوم ہوتی ہے

حوالہ جات: دیوان عزیز، چند شعرائے بریلی، ص ۱۱۹ تا ص ۱۳۱

عروج، عبدالکریم:

اس کا تخلص عقیل بھی تھا، تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش اور داغ دہلوی از وست:

سختیاں جھیلے کہاں تک، دل ہے کچھ پتھر نہیں　　موت ہی آ جائے یارب، وہ اگر آتے نہیں

حوالہ جات: یادگار ضیغم ص ۲۵۶، خمخانۂ جاوید، جلد ۵ ص ۵۸۰

علی، علی احمد:

بریلی کالج بریلی میں فارسی کا استاد تھا، نقشبندی، مجددی، فارسی گو، نعت گو، اس کا مجموعۂ نعت پارسی باسم گلدستۂ نعت پارسی ۱۸۹۵ء میں شائع ہوا، از وست:

امی لقب و کمال علمت بیروں ز قیاس مابغایت
مشتاق جمال تو خداشد برخواند ترا بہ صد عنایت
ازفہم و قیاس من فزدنی آید ز علی کجا ثنایت

حوالہ: گلدستۂ نعت پارسی

عاجز، محمد حسن خاں:

ابن مرتضٰی خاں ابن فتح یاب خاں ابن دیدار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، مرزا عباس بیگ عباس ونادر اور نواب نیاز احمد خاں ہوش کا شاگرد تھا، مشاعروں میں مقبول تھا، از وست:

یاد میں اس لب میگوں کی، بھر آئیں آنکھیں جب کبھی تذکرۂ چشمۂ کوثر آیا
تمہاری نظر مجھ سے کیا پھر گئی کہ دنیا ادھر کی ادھر ہوگئی
شمع ساں ہم شب ہجراں میں بسر کرتے ہیں جلتے ہیں، گھلتے ہیں، رورو کے سحر کرتے ہیں
ہجر کے صدموں کو سہتے ہیں، مگر ہیں مجبور کوئی مرتا نہیں اے جان، قضا سے پہلے

حوالہ جات: گلدستۂ لطیف بریلی، بابت جولائی ۱۸۷۴ء، خمخانۂ جاوید، جلد ۵، ص ۵۰۵

عشرت، احمد علی:

ابوالحسن جوہر کا کا گرد تھا، از وست:

رخ پرنور پر ہے داغ دل کا تمہاری شکل ملتی ہے قمر سے

حوالہ: یادگار ضیغم ص ۲۳۸

فلسفیؔ، رائے منولال:

اس کے خاندان کا ذکر اس کے پسر کندن لال اشکی کے ترجمے میں کیا جا چکا ہے، اس کو متداول علوم میں بہرۂ فراواں حاصل تھا، اس نے مندرجہ ذیل کتب تالیف کیں۔

مفردات طب، گلستان ارم، مساکن فلسفی، تنقیح الاخبار، اس کو شہرت مساکن فلسفی سے ملی جو علم جغرافیہ کے موضوع پر ہے۔

خانقاہ نیازیہ، خواجہ قطب بریلی کے اہل علم کہتے ہیں کہ فلسفی، معقولات میں شاہ نیاز احمد نیازؔ کا شاگرد تھا، فارسی گو تھا، از وست:

آں زلف گرہ گیر کہ جانم گرداوست		گسترده برا یکہ دگر دام بلارا [کذا]

حوالہ جات: روز روشن ص ۵۳۸، نوابی عہد کے ہندوؤں کا فارسی ادب میں یوگدان ص ۱۴۴

فرحتؔ، محمد حسین:

ابن میر سعادت علی عیش ابن میر غلام علی عشرت بریلوی، اس نے اپنے والد سے ہی اشعار پر اصلاح لی، نواب محمد سعید خاں کے عہد (۱۸۸۴ء تا ۱۸۵۵ء) میں رامپور میں ملازم ہوا، بڑھاپے میں بریلی آیا اور رہائش اختیار کی۔ صاحب تلامذہ تھا، فارسی گو بھی تھا، اس کے مندرجہ ذیل دو اشعار ضرب المثل کی طرح بریلی میں مشہور ہوئے:

کس دل جلے کے زخم کا انگور پھٹ گیا		بوے کباب آتی ہے ساقی شراب میں
ڈر یہ تھا، دھبا نہ عریانی کو لگ جائے کہیں		تیرا دیوانہ نہ بیٹھا سایۂ دیوار میں

مزید چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

زاہد خشک کا رونا دیکھو		گھر میں خاک اڑتی ہے، باہر برسات
تم بھی الٹ دو منہ سے، مری جاں نقاب کو		کھل کھل کے گل دکھاتے ہیں جوبن بہار میں

اس کے دو قصائد کا حوالہ بھی ملتا ہے۔ ایک قصیدہ محسن کاکوروی (م ۱۹۱۵ء) کے قصیدے کی زمین میں جس کا مطلع ہے:

ٹھنڈی ٹھنڈی ہے ہوا، جھوم رہے ہیں بادل　　آئی برسات تروتازہ ہیں باغ اور جنگل

دوسرا قصیدہ پارسی در مدح نواب کلب علی خاں (م ۱۸۸۷ء) جس کا مطلع ہے:

زہے رفعت شان، کلب علی خاں　　فک زیر فرمان، کلب علی خاں

مذکورہ الصدر اردو قصیدہ بھی نواب کلب علی خاں کی مدح میں تھا۔

اس کا دیوان یا بیاض اشعار نایاب ہیں۔ اس کی غزلیات اس عہد کے ممکن الحصول گلدستہائے بریلی میں بھی دریافت نہیں ہوسکیں، تاہم اس کے شاعرانہ کمال میں شبہ نہیں۔

حوالہ: انتخاب یادگار ص ۲۸۴

فرحاںؔ، مہربان علی:

امروہہ کی نقوی سادات سے نسبی تعلق رکھتا تھا۔ مولوی قاسم علی خواہاں کا ماموں تھا، مولوی اور اہل سنت والجماعت تھا، اس نے علمی اور ادبی ماحول میں پرورش پائی، خود اس کے بھرے پرے خاندان میں نہ مولویوں کی کمی تھی اور نہ شاعروں کی، رامپور میں ملازم ہوا، ریاست رامپور کے توپ خانے میں بہ عہدہ حوالدار سرفراز تھا۔ اس کو ریاست رامپور کی طرف سے موضع جام (تحصیل بہیڑی، ضلع بریلی) عطا ہوا جس سے اس کے افراد خاندان آج بھی مستفید ہو رہے ہیں۔ سخن سنجی کا شوق گویا اس کے خون میں شامل تھا، لکھنؤ کے دوران قیام آتش (م ۱۸۴۶ء) کا شاگرد ہوا، اس کا تخلص مہر تھا، آتش نے فرحاں تخلص تجویز کیا جو اس نے قبول کرلیا، اس نے فیض آتش کا اقرار کرتے ہوئے تحریر کیا۔

فرحاں ہمیشہ حضرت آتش کے فیض سے　　غزلیں کہی ہیں لکھنؤ والوں کے سامنے

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لکھنؤ میں اسکو شیخ امام بخش ناسخ (م ۱۸۳۸-۳۹ء) کی رفاقت میسر تھی، اس نے آتش کے ساتھ ناسخ کے تلطف کا بھی ذکر کیا ہے۔

فرحاں نہ کیسے آتش و ناسخ ہوں باغ باغ　　بے مثل دیکھتے ہیں ہمارے سخن کا رنگ

فرحاں میرے اشعار سے خوش ہوتے تھے ناسخ　　دیتے تھے عجب لطف سے داد سخن آتش

اس نے آتش کی وفات (۱۸۴۶ء) کے بعد خلیفہ امیر الدین آزاد (م ۱۸۶۷ء-۶۸ء) سے

رجوع کیا۔ اردو کے ساتھ فارسی گو بھی تھا، دو دیوان مرتب کیے، کوئی دیوان طبع نہیں ہوا، نعت گو بھی تھا، تین مزاحیہ مثنویات تحریر کیں، (۱) قصۂ قاضی جون پور (۲) احمق نامہ (۳) آئینۂ رونما۔ یہ مثنویات مطبع گلزار احمدی مراد آباد اور ابوالعلائی اسٹیم پریس آگرہ میں طبع ہو کر شائع ہوئیں۶۰۔

ان مثنویات میں مزاح، طنز اور سلاست بیان کے اوصاف ملتے ہیں، ان میں مثنوی آئینۂ رونما (حجام نامہ) میں الفاظ کے برجستہ استعمال کی وجہ سے شوخی کلام کا لطف پیدا ہوا، جو اس مثنوی کی خاص خوبی ہے۔

فرحاں ایک غزل گو کی حیثیت سے آتش و ناسخ کا پیرو تھا، اس کی شاعری میں دو طرزوں کا سنگم تھا۔ اس نے مضمون طرازی اور خوش ادائیگی کو یکجا کیا، اشعار میں جذبات کی حرارت پیدا کی اور اپنے پختہ اسلوب سے غزل کو عظمت بخشی، بریلی کی تاریخ شاعری کے عہد وسطیٰ کے شعرا میں، اس کی جگہ ان اساتذہ کے ہم پلہ ہے جنھوں نے لکھنؤ کے طرز سخن کو مجلیٰ کیا، پر اثر بنایا، مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

غزلیات:

ذکر کیا آیا ہمارے ہجر کی تحریر کا — مدتوں تک کلک رویا منشی تقدیر کا
شور محشر مجھ گرفتار بلا کے ساتھ ہے — ہے قیامت پر قیامت غل مری زنجیر کا
اے فرشتو میکدے کے بدلے جنت کیا کروں — تھا لقب دنیا میں مے خانہ مری تعمیر کا
میں ازل کے روز سے ہوں پیر سودا کا مرید — مجھ کو بیعت میں ملا ہے سلسلہ زنجیر کا

گرچہ اے فرحاں لکھی یہ طرز ناسخ میں غزل
پر بہت دشوار ہے انداز شعرِ میر کا

قیامت پر قیامت آ گئی دوزخ نے منہ ڈھانکا — جو دیکھا دبدبہ میرے جنون فتنہ ساماں کا
بت کافر تری آنکھیں ہیں کہ اک جادو ہیں — بن گیا دیکھ کے ایک ایک ہرن پتھر کا
مر جاؤں گا تو میری وفا یاد کروگے — سب ملتے ہیں پر چاہنے والا نہیں ملتا
اجڑ گیا کوئی گلشن، طیور آزردہ — چمن چمن لئے پھرتے ہیں آشیاں سر پر
قید ہستی سے چھڑاتا نہیں جز مرگ کوئی — بیڑیاں کٹتی ہیں مدت میں گنہگاروں کی

اپنے ادا و ناز دکھاؤ گے پھر کسے
اے جان کچھ مزہ نہیں جب ہم گزر گئے

محبت دل کی مشہور جہاں ہے
یہ دریا بند کوزے میں رواں ہے

وہ نہیں دیکھتے اس وجہ سے منھ آئینے میں
دل میں حیراں ہیں کہ ہو جائیں گی تصویریں دو

شب فرقت کا بھی انجام کہیں ہوتا ہے
کیسے ناداں ہیں کہ امید سحر رکھتے ہیں

ہے تصور کسی مہوش کی ہم آغوشی کا
دونوں ہاتھوں کو جدا آٹھ پہر رکھتے ہیں

کوئی کمبخت میخانے میں ہم سا بھی شرابی ہے
کہ جس کے پاس مینا ہے، نہ ساغر میں گلابی ہے

مری فغاں نہیں سنتا، بکا نہیں سنتا
خدا بتوں کی طرف ہے ذرا نہیں سنتا

نعت:

گل جس کو لوگ کہتے ہیں، ہے آپ کا عرق
کہتے ہیں جس کو عطر، وہ ہے بوے مصطفیٰ

خدا نے دید کی خاطر شب معراج بلوایا
بڑھایا رتبے پر رتبہ، فضیلت اس کو کہتے ہیں

ہمیشہ پیروی کی حکم فرمان الٰہی کی
رہے پابند طاعت کے، اطاعت اس کو کہتے ہیں

ہیں جتنے عاشق حضرت وہ سن کر شعر فرحاں کے
کہیں گے مرحبا کے ساتھ 'مدحت اس کو کہتے ہیں'

فرحاں کا یہ شعر بہت مشہور ہوا:

من زلیخاے جمال دیگرم
یوسف من یوسف بازار نیست

مثنویات:

پڑھاتا تھا معلم اک جگہ ایک
بزرگ و متقی و زاہد و نیک

بہت شاگرد آتے بہرِ تعلیم
کیا کرتے ادب سے جھک کے تعظیم

کبھی جو تنگ آتے زندگی سے
خفا ہو کر یہ کہتے مبتدی سے

سمجھ لے خوب، اے کمبخت ناداں
بناتا ہوں گدھے سے تجھ کو انساں

(قصہ قاضی جون پور)

ایک احمق کا عجائب ذکر ہے
جس کی نادانی سے حیراں فکر ہے

بولی ماں، اے میرے احمق اے سڑی
یاد رکھ، کہتا چلا جا، کھاچڑی

یہ سخن اک کھیت والے نے سنا　　کھا کے غصہ دل میں جھنجھلا کے کہا
پھر نہ کہنا، یہ سخن ہے سخت تر　　اڑ چڑی کہتا چلاجا راہ بر

(احمق نامہ)

ذرا جو تیز مقراض زباں ہو　　حماقت مو بمو ان کی بیاں ہو
وہ تھی کسبت کہ سب کپڑا پھٹا تھا　　جو خود گٹھل تو گٹھل استرا تھا
ذرا سر پر چلے تو کھال اڑ جاے　　اگر دب جائے تو پھر باڑھ مڑ جائے
وہ آئینہ کہ جس میں منھ نہ دکھلائے　　نظر کیجیے تو قلعی صاف کھل جائے
وہ قینچی کند سو پتھر کو چاٹے　　کہ بال آجائے گر اک بال کاٹے

(آئینہ رونما)

اس کو کیمیا گری کا خبط سوار ہوا، اس خبط میں ایک آنکھ بھی کھودی، کسی ہم عصر نے اس کے شوق کیمیا گری اور زیانِ چشم کے پیش نظر یہ شعر لکھا:

سنکھیا پھونک پھونک فرحاں نے　　آنکھ بھی کھوئی اور کچھ نہ ملا

بہ عمر ۹۶ سال ۱۸۹۱ء میں فوت ہوا۔

حوالہ جات: ۱۔ ۶۱ گلدستۂ آئینہ مغفرت بریلی ص ۵، انتخاب یادگار ص ۳۷۱

فیاضؔ، فیاض حسین:

ڈاکٹر حبیب اللہ طبیب کا برادر خورد، ۱۸۵۷ء کے ہنگامی حالات میں بریلی سے ترک سکونت کر کے آرہ بہار میں مقیم ہوا، بریلی واپس نہیں آیا، خواجہ فخر الدین حسین سخن دہلوی (م ۱۹۰۰ء) تلمیذ غالب کا شاگرد تھا، ۱۸۸۰ء میں فوت ہوا، از وست:

راہ پر اپنے نہ اب تک وہ ستم گر آیا　　عبث ایسے پر الٰہی دل مضطر آیا

حوالہ: تاریخ شعرائے بہار ص ۱۴۳، گلدستۂ لطیف بریلی، جولائی ۱۸۷۴ء

فیاضؔ، محمد فیاض الدین:

تلمیذ ہادی حسین خاں ہادی، از وست:

دیکھنا میرے مسیحا کی ذرا شوخی کو　　　مر گیا میں تو عیادت کو مرے گھر آیا

حوالہ: گلدستۂ لطیف بریلی، جولائی ۱۸۷۴ء

فہمؔ، منالال:

باشندہ قصبہ فرید پور، ضلع بریلی، وکیل عدالت، قصبہ بیسل پور ضلع پیلی بھیت میں پریکٹس کرتا تھا، نواب نیاز احمد خاں ہوش (م ۱۸۹۲ء) کا شاگرد تھا، مضمون طراز اور شکوہ بیان کا دلدادہ تھا، من کلامہ:

آنکھ برگشتہ تری رہتی ہے مژگاں کی طرح　　　زلف کی طرح جبیں پر بھی شکن دیکھتے ہیں

رقم ہو جائے کچھ بھی وصف جب ابروے دلبر کا　　　گماں دیوان کے لفظوں پہ ہو خنجر کے جوہر کا

مرے ساقی کو ہے باراں کی خواہش، جی میں آتا ہے　　　کہ چلمن کی جگہ لٹکا دوں پردہ دیدۂ تر کا

صدائے فہم دیتی ہے یہی خلخال جاناں کی　　　کہ جو ہے حشر عالم میں وہ اک فتنہ ہے ٹھوکر کا

حوالہ جات: یادگار ضیغم، ص ۲۸۶، گلدستۂ ہوش افزا، بریلی، بابت ۱۹/ اگست ۱۸۷۶ء

فدؔا، فدا علی خاں:

ابن ہادی حسن خاں ابن محمد حسین خاں ابن ہادی یار خاں ابن ذو الفقار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، خلف اور شاگرد نواب ہادی حسن خاں ہادی، از وست:

زبان حال سے کہتی ہے شمع　　　بقا کا لطف آتا ہے فنا میں

حوالہ جات: گلدستۂ پیام یار لکھنؤ، بابت جولائی ۱۸۸۷ء، حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۴۰

قاسمؔ، قاسم علی:

باشندۂ بریلی، مولف مثنوی پدماوت جو نول کشور پریس سے ۱۸۷۳ء میں شائع ہوئی، اور جس کا مطبوعہ نسخہ خدا بخش اورینٹل لائبریری پٹنہ میں محفوظ ہے، از وست:

یقیں ہے، العطش گویاں، دم آخر مروں گا میں　　　پیاسا ہوں، ترے آب دم شمشیر براں کا

حوالہ: گلشن بے خار ص ۲۲۱

قبولؔ، مقبول حسین:

تلمیذ مولوی قاسم علی خواہاں، از وست:

پیشوا پیش خدا آنسو بہاتے جائیں گے　　　اور گنہ گاران امت بخشواتے جائیں گے

حوالہ: گلدستۂ آئینہ مغفرت بریلی ص ۲۱

قاصرؔ، حسین علی خاں:

ابن علی حسن خاں ابن مسعود خاں ابن اللہ یار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، تلمیذ ہادی حسین خاں ہادی، از وست:

گڑ گیا شرم سے سرو لب وجو، تا بہ کمر　　　کبھی گلشن میں جو وہ رشک صنوبر آیا

حوالہ جات: گلدستۂ لطیف بریلی، بابت جولائی ۱۸۷۴ء، حیات حافظ رحمت خاں، ۳۴۳

قمرؔ، محمد علی خاں:

ابن علی احمد خاں ابن حافظ خاں ابن محبت خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، الطاف علی بریلوی نے اس کا شمار اچھے شاعروں میں کیا لیکن کوئی شعر نقل نہیں کیا۔ ایسا حوالہ بھی نہیں دیا کہ جستجو کی جاتی، بہرنوع اس کا کوئی شعر دستیاب نہیں ہوا۔

حوالہ: حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۳۶، فٹ نوٹ

قیصرؔ، مرزا علی جان:

تلمیذ قاسم علی خواہاں، از وست:

متقی سیکڑوں دیکھے ہیں، ہزاروں زاہد　　　نکلے ہیں کوچے سے اس بت کے، برہمن ہو کر

حوالہ: گلدستۂ ہوش افزا بریلی، بابت ۱۸۷۴ء

قمرؔ، ہادی حسن:

ابن شیخ بشیر الدین ابن خلیفہ امیر الدین آزاد، تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش، اردو کے علاوہ فارسی گو

بھی تھا، از وست:

کیا ہی ان روزوں ترقی پر ہے شان مے فروش　　ہاتھ پھیلاتا ہے گردوں لے کے ساغر ماہ کا

حوالہ: یادگار ضیغم، ص ۲۸۹

کلیمؔ، سید رسول شاہ:

شاگرد نواب عبدالعزیز خاں عزیز (م ۱۸۹۱ء) از وست:

موت آئی نہ شب ہجر، نہ دلبر آیا　　دل مضطر پہ مرے دوہری بلا نازل تھی

حوالہ: گلدستۂ لطیف بریلی، بابت جولائی ۱۸۷۴ء

کوکبؔ، یحییٰ علی:

تلمیذ عبدالعزیز خاں عزیز، از وست:

سامنے میرے جو خالی کبھی ساغر آیا　　کاسۂ سر کو در میکدہ پر توڑ دیا

حوالہ: گلدستۂ لطیف بریلی، بابت جولائی ۱۸۷۴ء

کفایتؔ، کفایت اللہ:

شیخ رحمت اللہ کا فرزند ساکن محلّہ ملوک پور، چالیس برس پہلے ایسے بڑے بوڑھے زندہ تھے جنھوں نے اس کو دیکھا اور سنا تھا، اس کا مندرجہ ذیل شعر وردِ زبان تھا:

زندگی کو جو کوئی موت کا ساغر سمجھا　　لطف جینے کا اسی کو ہے کفایت بخدا

نعت گوئی میں شہرت پائی، سید مہربان علی فرحاں کا شاگرد تھا، بہار خلد جو اس کی نعتیہ شاعری کا مجموعہ ہے، ۱۸۸۳ء میں شائع ہوا تھا لیکن اب نایاب ہے۔

لطیفؔ، محمد لطافت حسین خاں:

ابن محمد حسین ابن محمد مہربان علی خاں، تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش، محلّہ قلعہ نزد چاہ چڑ یماران رہتا تھا، یہیں کمبوہان آباد ہیں، وہ بھی کمبوہ تھا اور اس کے شجرۂ خاندانی کی بابت میرے کرم فرما نواب کبیر حسین نے اطلاع دی تھی۔

گلدستۂ لطیف بریلی کا مالک اور ناشر تھا جس کا جولائی ۱۸۷۴ء کا شمارہ ہاتھ آیا ۶۲؎۔ اور جس سے بعض غیر معروف شعرائے بریلی کے تلمذ اور اشعار سے آگاہی ہوئی، اسی شمارے سے اس کا ایک شعر نقل کیا جاتا ہے:

روز کہتا تھا، میں مرتا ہوں، نہ مانا تو نے آج لے دیکھ لیا، اب تجھے باور آیا

حوالہ جات : گلدستۂ لطیف بریلی، بابت جولائی ۱۸۷۴ء، ماہنامہ قومی زبان کراچی، اگست ۱۹۶۸ء

مرؔاد، کریم الدین:

۱۸۴۲ء کو بریلی میں پیدا ہوا، مدرسۃ العلوم محلّہ سیلانی، شہر کہنہ بریلی میں تعلیم حاصل کی، وضع مولویانہ تھی، چوغا اور دستار کا عادی تھا، کبھی سلسلہ چشت کی رعایت سے چار گوشہ ٹوپی پہنتا، موسیقی کا علم سیکھا، راگ اور ساز پر دسترس حاصل کی۔ ۱۸۸۳ء میں بمبئی ناٹک منڈل کے پسٹن جی سے بریلی میں ملاقات ہوئی، اور پسٹن جی سے معاملات طے ہونے کے بعد اس کے ہمراہ بمبئی گیا۔ اس کے بعد اس نے دادا بھائی رتن جی کی بمبئی ناٹک منڈلی کے لیے چار ڈرامے لکھے: گل بکاؤلی ۱۸۸۳ء، گلستان خاندان ہامان ۱۸۸۵ء، چترابکاؤلی ۱۸۸۷ء، خداداد ۱۸۹۰ء

سید مہدی حسن احسن لکھنوی نے، جو وکٹوریہ ناٹک کمپنی بمبئی میں ملازم تھا، کریم الدین مراد کے متعلق تحریر کیا کہ ''ڈرامہ نگاری میں منشی کریم الدین کا وہی درجہ ہے جو شاعری کی دنیا میں میر تقی میر کا۔'' سید امتیاز علی تاج کے مرتبہ اردو ڈراموں کی ساتویں جلد کریم الدین مراد کے ڈراموں پر مشتمل ہے۔

کریم الدین مراد کے مجموعۂ کلام کا علم نہیں، ہوسکتا ہے اس کی شعر گوئی ضرورت ڈرامہ تک محدود ہو، مندرجہ ذیل غزل اس کے ڈرامہ خداداد سے اخذ کی گئی ہے۔

لیجیے اے دل یہاں پر آہ و زاری کب تلک برق و باراں کی طرح سے اشکباری کب تلک
مثل نرگس ہوگئے ہیں مردم دیدہ سفید گلشن عالم میں اے گل انتظاری کب تلک
واصل دریائے خوبی ہوں، تو دل تسکین پائے ماہی بے آب سی یوں بے قراری کب تلک
دن شب فرقت کے کاٹے، اب دکھا شب وصل کی ماہ رو کے ہجر میں اختر شماری کب تلک

وصل کی مے کا پلا دے آج پھر اک اور جام　　خون دل کی ساقی غم بادہ خواری کب تلک

جب نہیں ملتا تجستانی خداداد اے مراد
باغ جوبن میں رہے فصل بہاری کب تلک

ظاہر ہے یہ غزل اسٹیج کے لیے تھی اور اس کا بھاؤ بتانا اداکار کی ذمہ داری تھی۔

بریلی کے بڑے بوڑھے کریم الدین مراد سے ناواقف تھے، شاید اس کا یہ سبب تھا کہ ڈرامہ ان کے خمیر میں شامل نہیں تھا اور مزید برآں مراد کی زندگی کے آخری ایام بمبئی میں گزرے جہاں اس کی وفات ۱۸۹۰ء اور ۱۸۹۳ء کے مابین ہوئی۔

کریم الدین مراد بریلی کا پہلا اور آخری ڈرامہ نگار تھا جس کو اردو ڈرامے کی تاریخ میں نمایاں جگہ ملی۔

حوالہ جات: اردو تھیٹر، حصہ دوم ص ۱۵۹ تا ص ۱۶۱، ماہنامہ نیا دور لکھنؤ بابت اپریل ۱۹۷۵ء، مکتوب پروفیسر سید حسن بنام راقم الحروف مورخہ ۲۰/اگست ۱۹۷۵ء

متین، ولایت علی:

سید اصغر علی کا فرزند اور مولوی غلام نجف کا شاگرد، از وست:

ترک دنیائے دنی سے، سلطنت کرتے ہیں ہم　　بوریائے فقر ہے اک مسند شاہانہ آج
ناز و ادا، کرشمہ، تکلم ہے، بات ہے　　شکر خدا کہ اب نظر التفات ہے

حوالہ جات: تذکرۂ نادر ص ۱۳۶، سخن شعرا ص ۴۱۱

مبتلا، محمد جان:

اس کا تخلص مضطر بھی تھا، اردو فارسی عربی کے علاوہ انگریزی داں بھی تھا، مظفر علی اسیر اور قاسم علی خواہاں کا شاگرد تھا، از وست:

نہ محبت، نہ مروت، نہ عنایت نہ وفا　　سخت حیراں ہوں کہ دل آپ پہ کیونکر آیا
وقت گریہ رخ رنگیں کا خیال آتا ہے　　مینھ برستا ہے تو ہم سیر چمن دیکھتے ہیں
نہ ہوتا واسطہ لازم اگر ذات پیمبر کا　　عقول ۶۳ عشرہ کو ہرگز نہ ملتا رتبہ جوہر کا

حوالہ جات: گلدستۂ ہوش افزا، بریلی بابت ۱۹؍اگست ۱۸۷۶ء، گلدستۂ لطیف بریلی بابت ۱۸۷۴ء، یادگار ضیغم ص

مدّاحؔ، محمد میاں:

تلمیذ سید مہربان علی فرحاں، نعت گوئی میں مشہور ہوا، اس کی مندرجہ ذیل نعت بریلی میں مشہور و مقبول تھی اور مولود خواں محافل میلاد میں پڑھا کرتے تھے، اس نعت کی سماں بندی اس کا وصف خاص ہے:

انبیاء دھوم مچاتے ہیں کہ وہ آتے ہیں قدسیاں مژدہ سناتے ہیں کہ وہ آتے ہیں
دیکھ کر شاہ کی سواری کو ملائک باہم یوں اشاروں سے بتاتے ہیں کہ وہ آتے ہیں
آمد آمد کی خبر سن کے حسینانِ فلک شرم سے منھ کو چھپاتے ہیں کہ وہ آتے ہیں
ہے جو زوّاروں کی کثرت تو فلک پر جبریل بھیڑ رستے سے ہٹاتے ہیں کہ وہ آتے ہیں

آج مشتاقوں کا حضرت کے، ہے مداح یہ حال
گل سے پھولے نہ سماتے ہیں کہ وہ آتے ہیں

حوالہ: گلدستہ آئینہ مغفرت بریلی ص ۱۷

محسنؔ، محسن علی:

میر غلام علی عشرت (م ۱۸۲۱ء) کا نبیسہ، میر سعادت علی عیش کا ہمشیرزادہ اور شاگرد، بشارت علی کا فرزند، اصلاح اشعار کے لیے عبدالعزیز خاں عزیز سے بھی رجوع کیا۔ صاحب دیوان تھا، سید تعظیم علی نقوی نے اطلاع دی کہ محسن علی محسن کا دیوان اس کے پاس کراچی میں محفوظ ہے، اس نے انتخاب کلام نہیں بھیجا، از وست:

پاؤں پھیلائے تری زلف کے سودائی نے لے کے حداد جو زنجیر و سلاسل آیا
اب کہاں جا کر بسر، عمر دوزہ کیجیے دخل کوئے یار میں محسن ہوا اغیار کا
شان نبیؐ مرتضیٰ، صل علیٰ صل علیٰ یہ قبلہ، وہ قبلہ نما، صل علیٰ صل علیٰ

حوالہ جات: یادگار ضیغم ص ۳۲۳، گلدستہ آئینہ مغفرت بریلی ص ۸، گلدستۂ ہوش افزا بریلی جنوری ۱۸۷۷ء

مشتاقؔ، حسین الدین:

شاگرد مولوی قاسم علی خواہاں، از وست:

اس نے پوچھا بھی نہیں کون بلا ہے مشتاق   حال دل اپنا سنانے کو میں اکثر آیا

حوالہ: گلدستۂ لطیف بریلی، بابت جولائی ۱۸۷۴ء

مضطرؔ جانکی پرشاد:

تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش، از وست:

کشتہ ہوں اے ہمدمو، میں سبزۂ رخسار کا   تختۂ تربت پہ میرے رنگ ہو زنگار کا

حوالہ: گلدستۂ ہوش افزا، جنوری ۱۸۷۷ء

منصبؔ، منصب علی:

تلمیذ میر سعادت علی عیش، از وست:

مرے چشمک ہے آنکھوں میں ملائی رنگ سے اس کے   کہ جیسے دو حریفوں میں پڑے جھگڑا کہیں زر کا

حوالہ: گلدستۂ ہوش افزا بریلی بابت نومبر ۱۸۷۶ء

مخزونؔ، معز الدین حسین:

خلف مولوی بندہ حسن کمبوہ، معلم عربی، از وست:

جو تم پھول میری لحد پر نہ رکھتے   پریشان شورعنا دل نہ ہوتا

حوالہ: یادگار ضیغم، ص

ناداںؔ، محمد بخش:

اس کا تخلص استاد تھا، شہیدی سے تلمذ کے بعد استاذ کے کہنے پر تخلص ناداں اختیار کیا۔ علوم درسی سے آگاہ اور مولوی تھا، عروض و قافیہ میں مہارت تھی، از وست:

پھر رہا ہِ زنداں میں ہوا بعد رہائی   زنجیر میں انداز ہے زلفوں کی رسن کا ۶۴؎

حوالہ جات: تذکرۂ نادر ص ۹۵، سخن شعراء ص ۴۸۸، گلستان سخن ص ۴۴۳

نجم، نجم الدین احمد:

سید عنایت علی کا فرزند، باشندۂ بریلی، پرگنہ ترواضلع فرخ آباد کا تحصیل دار از وست:

کیسے ہے نجم دل دینے میں انکار   وہ مانگیں تو تلطف کی نظر سے

حوالہ جات: تذکرۂ نادر ص ۱۶۰، سخن شعرا ص ۵۰۵

نوؔر، نادر حسین:

میر اصغر علی کا فرزند، عماد الملک سید محمد خاں المعروف بہ آغا میر وزیر حکومت اودھ کا داماد۔ اس کا زیادہ وقت کان پور میں گزرا، صاحب دیوان اور متبع ناسخ، از وست:

تلوے ہو جائیں جو چھلنی تو کبھی اف نہ کروں   نوک کی لوں جو تلے پاؤں کے کانٹا آ جائے

حوالہ جات: تذکرۂ نادر ص ۱۷۰، سخن شعرا ص ۵۳۵

ناطؔق، علی حسین خاں:

نعت گو، تلمیذ سید ہدایت علی ہدایت، از وست:

مر مٹا فرقت محبوب خدا میں ناطق   جز قدم بوسی نہ اس درد کا درماں دیکھا

حوالہ: تذکرۂ نعت گویان بریلی ص ۱۲۵

نعیم، ابراہیم بیگ:

نعت گو شاگرد نیاز احمد خاں ہوش، از وست:

رحمۃ للعالمیں اللہ نے تم کو کیا   تم ہو رحمت کے لیے، رحمت ہے امت کے لیے

حوالہ: تذکرۂ نعت گویان بریلی ص ۱۲۳

نالاؔں، عنایت نبی:

تلمیذ سید مہربان علی فرحاں، از وست:

ضعف سے عالم ہوا یہ، مجھ جگر افگار کا   مل گیا تار کفن سے تار جسم زار کا

حوالہ: گلدستۂ ہوش افزا بریلی بابت نومبر ۱۸۷۶ء

نوؔر، نورالحسن خاں:

خاندان کمبوہ، محلۂ قلعہ بریلی کا معروف فرد، سخن پرور اور سخن گو، از وست:

سا کنان عرش سمجھے، اب قیامت آ گئی　　　شور جب اٹھا تری پازیب کی جھنکار کا

حوالہ: گلشن ہوش افزا، بریلی بابت جنوری ۱۸۷۷ء

وحشؔی، غلام قادر خاں:

تلمیذ علی بخش بیمار۔ از وست:

کل قیامت کو بہ درگاہِ خدا اے وحشی　　　یوں کہوں گا کہ ترے ہاتھ ہی میں لاج ہے آج

حوالہ: گلدستۂ آئینہ مغفرت، بریلی ص:۱۶

واعظؔ، عبدالوحید:

بن سید محمود علی، نقوی سادات امروہہ ثم بریلی کا فرد، تلمیذ سید احسان علی احسن، اس کے نعتیہ دیوان کا تاریخی نام مقصد الواعظین (۱۳۰۲ھ مطابق ۱۸۸۵ء) ہے جس کے سرورق اور ابتدائی اوراق کی عکسی کاپیاں سید تعظیم علی نقوی نے مجھے کراچی سے بھیجی تھیں۔ یہ دیوان اس کے فرزند سید عبدالرشید نے ۱۹۱۱ء میں شائع کرایا۔ واعظ نے نعت گوئی میں شہرت پائی، از وست:

کس کے دیدار کی افلاک پہ یارب ہے خوشی
رہ گئی آنکھ ستاروں کی کھلی آج کی رات

ولؔی، علی محمد خاں:

خلف قائم علی خاں، مولد بریلی، لکھنؤ میں قیام کیا، تلمیذ نواب ظفریاب خاں راسخ (م ۱۸۵۷ء) صاحب دیوان، از وست:

رو کے دریا، مری آنکھوں نے، بہایا تو کیا　　　آگ جو دل میں لگی تھی وہ بجھائی نہ گئی

حوالہ: یادگار ضیغم، ص

وحیدؔ، ہزاری لال:

پسر مکھن لال، کائستھ، فارسی گو، از وست:

می کشت مرا نباز ومی گفت اے ہجر کشیدہ دیدہ واکن

سبحان اللہ، کیا بے ساختہ شعر ہے، مظفر حسین صبا نے اس کی شاعری پر تبصرہ کرتے ہوئے تحریر کیا:

''وبہ لب ولہجہ اہل زبان برنگ ہزار داستان زبان می کشود۔''

کاش اس کا دیوان برائے مطالعہ فراہم ہوتا۔

حوالہ: صبح گلشن ص ۵۸۹

وحشیؔ، قاضی عبدالرحمٰن:

خاندان مفتیان بریلی سے تھا، اسی خاندان کے معمر بزرگ مفتی صادق حسن صادق کے بقول ان کے پھوپا مفتی عزیز الحسن کا خالہ زاد بھائی تھا۔ دیگر مفتیان کی طرح محلّہ ذخیرہ بریلی میں رہتا تھا، اس کی ایک غزل گلدستۂ نہال سخن بریلی بابت ۱۹۱۴ء میں شائع ہوئی جس پر بطور عنوان اس کے نام اور تخلص کے ساتھ تلمیذ غالب بھی منقول ہوا جس سے معلوم ہوا کہ اس کو غالب کی شاگردی کا فخر ۶۵ے حاصل تھا۔ مذکورہ غزل کے چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

جاں فروشی کا اگر دعویٰ عدو کرتے ہیں لیجیے ہم بھی تہ تیغ گلو کرتے ہیں
آپ جو چاہیں کہیں، آپ کی بے جا بھی بجا غیر کیوں آپ کی باتوں پہ رفو کرتے ہیں
ہاتھ آیا مجھے اس پردہ نشیں کا دامن جس کے لینے کو فرشتے بھی وضو کرتے ہیں
نہ نگہ جلوہ پرست ان کی نہ دل مایۂ عشق کیوں مرا رشک پھرائے دوست عدو کرتے ہیں

کہیں وحشی کی نمازیں بھی قضا ہوتی ہیں
میکدے میں وہ گلابی سے وضو کرتے ہیں

حوالہ جات: گلدستۂ نہال سخن بریلی، بابت جون ۱۹۱۴ء

ولایتؔ، ولایت علی:

باشندۂ آنولہ بریلی، افضل علی صدیقی المتخلص بہ ضو تلمیذ منیر شکوہ آبادی کا شاگرد، از وست:

بجلی سی جس طرف کو گری، کام کر گئی　　تم نے نظر کو برق تجلیٰ بنا دیا

حوالہ جات: سخن شعرا ص ۵۵۶، سراپا سخن ص ۲۷۹

وقارؔ، ظہور احمد:

باشندۂ آنولہ بریلی، حافظ قرآن، ڈپٹی انسپکٹر مدارس، بعدہٗ بغرض تجارت مراد آباد میں مقیم ہوا، مرزا قیصر بخت فروغ خلف مرزا قادر بخش صابر دہلوی کا شاگرد تھا، از وست:

آپ کا عشق بھی کیا، قفل زباں بندی ہے
نہیں کھلتی جو زباں بہر شکایت میری

حوالہ: یادگار ضیغم ص ۱۹۸

ہادیؔ، ہادی حسن خاں:

ابن محمد حسین خاں ابن ہادی یار خاں ابن ذوالفقار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، تلمیذ مرزا عباس بیگ نادر اور نیاز احمد خاں ہوش، مشہور اور صاحب تلامذہ، اس کا کلام ناپید ہو گیا، ایک نعت کے چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

نہیں مخلوق میں ہمسر تمہارا یا رسول اللہ　　کوئی تم سا ہوا ہے اور نہ ہوگا یا رسول اللہ
زمین و آسماں شمس و قمر جن و ملک آدم　　بڑا ہے مرتبہ سب سے تمہارا یا رسول اللہ
خدا راضی ہے تم سے تم خدا سے اپنے راضی ہو　　ہو تم مداح اُس کے وہ تمہارا یا رسول اللہ
ادھر اندیشۂ عقبیٰ ادھر فکر معیشت ہے　　مجھے کس کس مصیبت نے ہے گھیرا یا رسول اللہ

قدم بوسی کسی صورت سے حضرت کی میسر ہو
یہی ہادی کی رہتی ہے تمنا یا رسول اللہ

حوالہ جات: گلدستۂ آئینہ مغفرت ص ۲۷، حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۳۵

ہوشؔ، نیاز احمد خاں:

خاندان روہیلہ اور بریلی کا جلیل القدر شاعر، ابن نیاز احمد خاں ابن نیاز محمد خاں ابن یار محمد خاں ابن محمد یار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں۔ کتب درسیہ علماے وقت سے پڑھیں، فارسی کا درس خلیفہ امیر الدین آزاد سے لیا، فن طب حکیم مولوی محمد ابراہیم لکھنوی سے حاصل کیا۔ ابتداً خلیفہ امیر الدین آزاد اور محسن علی خاں جوش سے اصلاح اشعار کے لیے رجوع کیا بعد کو میر مظفر علی اسیر (م ۱۸۸۲ء) کا شاگرد ہوا۔ حیدرآباد دکن گیا اور وہاں چار مدحیہ قصائد تحریر کیے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دربار میں رسائی نہیں ہوئی۔ اس کے بعد ہی لکھنؤ پہنچا۔ جامع العلوم ذہین اور طباع تھا جس کا اظہار اس کی شاعری میں بخوبی ہوا۔ ۶۶ اس کی جو تالیفات میرے علم میں آئیں ان کے نام یہ ہیں:

(۱) تاریخ روہیل کھنڈ، مطبوعہ ۱۸۶۶ء (۲) مثنوی ترانۂ ہوش، مطبوعہ، ہم دست نہیں ہوئی۔ (۳) حدیقۂ نعت مطبوعہ ۱۲۸۲/ ۱۸۶۵ء دستیاب نہیں ہوئی۔ (۴) ذکر میلاد شاہ دوسرا مطبوعہ ۱۲۷۳ھ/ ۱۸۵۶ء دستیاب نہیں ہوئی۔ (۵) کلیات ہوش مطبوعہ ۱۳۱۲ھ/۱۸۹۴ء۔ (۶) شہادت نامۂ بے نظیر۔ غیر مطبوعہ نایاب۔ (۷) فسانۂ غرائب، غیر مطبوعہ، نایاب۔ (۸) واسوخت ہوش، غیر مطبوعہ، نایاب۔

متذکرہ بالا کتب میں تاریخ روہیل کھنڈ، رامپور رضا لائبریری میں اور کلیات ہوش، اسلامیہ کالج بریلی کی لائبریری میں محفوظ ہیں۔ کلیات کا خطی نسخہ میں نے ہوش کے نبیرہ نواب وقار احمد خاں کے یہاں دیکھا تھا۔

برسبیل تذکرہ اس بات کا اظہار ضروری معلوم ہوتا ہے کہ آئندہ کبھی بریلی کے نثر نگاروں کا تذکرہ مرتب کرنا پڑا تو اس میں ہوش کا ذکر ضرور آئے گا۔ تاریخ روہیل کھنڈ کے علاوہ اس کا ایک مضمون جودو جوڑاندی کے میلۂ تیراکی و پیراکی پر کلیات میں شامل ہے، دعوت مطالعہ دیتا ہے۔

ہوش کا تعلق روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی ۶۸ سے بھی تھا۔ تاریخ روہیل کھنڈ مذکورہ سوسائٹی کے پریس سے ہی شائع ہوئی تھی۔ سوسائٹی کی طرف سے گلدستۂ ہوش افزا بریلی ۶۸ کا اجرا ہوا تھا، جس کا نگراں ہوش تھا۔

کلیات ہوش میں اردو اور فارسی غزلیات، قصائد، خمسہ جات، نعت ومنقبت اور قطعات تاریخ وغیرہ ہیں۔اب اگر مجموعی طور پر دیکھا جائے تو ہوش نثر نگار، مورخ، نظم نگار اور غزلیات کے علاوہ مثنوی وقصیدہ نگار بھی تھا۔اس نے نعت ومنقبت کے علاوہ واسوخت بھی تحریر کی۔ یہ وہ امور ہیں جو اس کے جامع العلوم اور اعلیٰ شاعر ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔ اس کے فیض نافلہ میں اس کے تلامذہ کی کثیر تعداد ہے جنھوں نے بریلی کی تاریخ شاعری کے عہد آخر کا احیا کیا۔

ہوش کی غزلیات میں قصائد کا شکوہ ہے۔ اس کی غزلیات مضمون طرازی اور شکوہ بیان کے باوجود دلکش اور سریع الفہم ہیں۔اس نے بریلی میں ایک اسلوب کی تخلیق کی جو اس کے ساتھ ہی ختم ہو گیا۔اسکی غزلیات کا مختصر انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

ہم چاہتے ہیں اے خم گردوں شراب کو — لیں داغ دے کے بھی نہ ترے آفتاب کو
یہ لطف ہے عجیب کہ رکھتا ہے وہ عزیز — شوخی سمجھ کے اپنی، مرے اضطراب کو
ثابت ہوا عروج کی ہستی ہے آب پر — دیکھا جو سر بلند جہاں میں حباب کو
پھونکا ہے سوز ہجر نے، اس ترک مست کے — اب صید کیوں کروں نہ میں مرغ کباب کو
لیتا ہوں میں جو بوسے، تو کرتے ہو کیوں شمار — جو دوست ہو تو دل میں رکھو تم حساب کو
آتی نظر ہے جلوۂ بت میں خدا کی شان — پاتے ہیں ہم عذاب میں پنہاں ثواب کو
چلنے میں جب وہ دوہرے ہوئے آئی یہ صدا — نخوت نے لو ہلال کیا آفتاب کو
دیکھو سرِ زمیں نہ عیاں مہر حشر ہو — چہرے سے اپنے تم نہ اٹھاؤ نقاب کو
وصف کمر کیا تو یہ بول اُٹھے موشگاف — ہم مانتے ہیں اس سخن لاجواب کو

سرمہ بناؤں دیدہ دل کے لیے نہ کیوں
پاؤں جو ہوش خاک در بوتراب کو

سامان سب ہو جو کرم کارساز کا — زائر بنوں مدینہ و ملک حجاز کا
دی جان جل کے بزم میں پروانے نے عبث — تھا ڈھنگ اُڑنا شمع کے سوز و گداز کا
لے ناتواں کی جان پیازی دوپٹہ جب — کافی نہ کیوں کفن کو ہو چھلکا پیاز کا
یہ سر ہے زلف یار کا سودا جو سر میں ہے — آجائے ہاتھ سلسلہ عمر دراز کا

اے ہوش ہے یہ میرے لیے رتبۂ جلیل
اک بندۂ ذلیل ہوں میں بے نیاز کا

نمونۂ نعت:

یہ تمنا ہے کہ جب مہر قیامت نکلے — منھ سے بے ساختہ وصف رخ حضرت نکلے
کیوں دو عالم میں نہ یکتا قد حضرت نکلے — اس الف ہی سے تو ہیں معنی وحدت نکلے
نکلیں قبروں سے گنہگار جب اس امت کے — کھولے آغوش کو اللہ کی رحمت نکلے
نقد ایماں جو ملا ہم کو، تو کفار کو زر — کام سب خلق کے حضرت کی بدولت نکلے

دل میں جو داغ پڑے عشق حبیب حق کے
ہوش کیوں اُن میں نہ بوے گل جنت نکلے

کلیات ہوش میں یہ قصائد ملتے ہیں۔

ایک قصیدہ در نعت، دو قصائد در منقبت ذوالفقار حیدر اور امام حسین، چار قصائد در مدح میر محبوب علی خاں والئ ریاست دکن حیدر آباد، میر لائق علی خاں بہادر مدار المہام ریاست حیدر آباد، محمد مظہر الدین خاں وزیر ریاست مذکورہ، سید علی شوستری حضور رس دربار آصفی ریاست مذکورہ، قصائد کی کل تعداد سات ہے اور جملہ صنفی خصوصیات قصیدہ کے حامل بھی۔

انتخاب از قصیدہ در مدح محبوب علی خاں:

اس کے گیسو ہیں کہ دامان سحاب رحمت — اس کے ابرو ہیں کہ محراب حریم طاعت
سلسلہ ہمسری زلف کا ہوجائے دراز — کاکل حور کی آنے کو اگر ہو شامت
جبّہٗ صاف نہیں نصف مہ چاردہ ہے — جس سے اک نکتہ کی روشن ہوئی کُل پر ہیئت
یعنی جو سات کواکب ہیں فلک پر ممتاز — زیر حکم اس کے رہا کرتے ہیں وہ ہر ساعت
قاب قوسین کی تفسیر ہیں دونوں ابرو — خط قوسی مہ نو کو کریں، ادنیٰ ہے صفت
اس کی آنکھیں ہیں کہ دو ساغر صہباے نشاط — دیکھ لے جم تو اٹھے جشن میں کیا کیفیت
پردۂ چشم کے ہونے میں یہی پردہ ہے — کہ یہ مردم نظر بد سے بچیں، ہو شہرت
خال سے آنکھ کا کس طرح نہ ہو حسن ہزار — عین نقطے سے کرے غین کی پیدا صورت

متصل رخ کے نہ کس طرح ذقن ہو اس کا | چاہ کو ہوتی ہے گلزار سے اکثر قربت
پائیں جب ایک جگہ جمع حیات اور عدم | منطقی کیوں نہ ہوں پھر قائل سِرِّ قدرت
شال کشمیر کے دو پھول ہیں بغلیں اس کی | خلد کافور ہوا دیکھ کے جن کی نزہت
ساق گردوں پہ رکھے فوق جو رہتے ہیں وہ ساق | پھر جو ہو مہر فلک نقش قدم کیا حیرت

ان اشعار قصیدہ میں سراپا کی معشوقیت اپنی علیحدہ آن رکھتی ہے۔

ہوش نے بہ عمر ۵۵ سال ۳۰ / جون ۱۸۹۲ء کو وفات پائی۔ اس کی پختہ قبر مقبرہ حافظ رحمت خاں کے متصل مسجد میں نواب عبدالعزیز خاں عزیز کی قبر کے برابر ہے۔ اس وقت اس کا یہ شعر یاد رکھنا بے محل نہیں ہوگا۔

مرنے کے بعد ہوش یہ رتبہ بڑھا مرا | میں تھا سوار، ساتھ زمانہ پیادہ تھا

حوالہ جات: چند شعرائے بریلی ص ۱۳۲ تا ص ۱۴۰، کلیات ہوش، کلیات عزیز ص ۱۹۰، حیات حافظ رحمت خاں ص ۳۳۲ تا ص ۳۳۴، گلدستۂ ہوش افزا بریلی، بابت ۱۹/ اگست ۱۸۷۶ء

یاوؔر، سید یاور علی:

تلمیذ عبدالعزیز خاں عزیز، بہ سلسلۂ ملازمت سہارن پور میں مقیم ہوا، کلام دردمند کا مالک تھا۔ از وست:

وہ لذت سوز غم نے دی کہ دل سے ہاتھ دھو بیٹھے
تماشا آج یہ ہم نے تو گھر کو پھونک کر دیکھا

حوالہ جات: تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی ص ۲۹۴، سخن شعرا، ص ۵۶۸

شعرائے متاخرین

ادیبؔ، لچھمی نرائن:

خلف پنڈت دیوی پرشاد صادق بریلوی۔ اردو فارسی انگریزی میں دستگاہ، ملازم ریلوے، بہ سلسلہ ملازمت مرادآباد میں رہا۔ ازوست :

ہائے قسمت، میں شریک بزم جانانہ نہیں   شمع تو موجود ہے محفل میں پروانہ نہیں

حوالہ: ہندوشعراص ۱۳۰

اخترؔ، جمشید علی خاں:

دہلی میں پیدا ہوا، جے پور میں درباری طبیب تھا، بریلی میں سکونت اختیار کی، مسجد جانی نینی تال روڈ بریلی کے متصل اس کا مکان تھا۔ لباس اور گفتگو سے پورا مرزا تھا ۶۹ھ۔ شہر کے رؤسا کا معالج تھا، اسکے یہاں عام لوگوں کی باریابی نہیں تھی۔ اس کو شعروشاعری کا بھی شوق تھا، یہ غلط مشہور ہوا کہ اس کو غالب سے تلمذ تھا، اس کا استاذ سخن حکیم محمد سلیمان خاں خستہ دہلوی (م ۱۹۰۱ء) تلمیذ مفتی صدرالدین خاں آزردہ (م ۱۸۶۸ء) تھا۔ شاعروں اور مشاعروں سے بیزار تھا، پرانے گلدستوں میں دو ایک غزلیات نظر سے گزریں جن میں شوخیِ تغزل اور تمکینی اسلوب کا وصف ہے۔ من کلامہ :

یوں ہے دل بسمل نگاہ یار سے   جس طرح چورنگ اُڑے تلوار سے
سبحہ کا رشتہ ملا زنار سے   خوب پشتہ مل گیا دیوار سے
حسرت دیدار، بخت خفتہ کی   پوچھیے اس دیدۂ بیدار سے
پوچھ لطف سرگرانیہائے یار   آشنائے لذت آزار سے
مجھ کو دشمن کی طرح دیکھا کرو   باز آیا میں تمہارے پیار سے
اپنے زخموں سے اوٹھاتا ہوں نمک   جو گرا ہے زخم دامن دار سے

یاد ہو کچھ تو سنائیں آپ بھی
اختر شوریدہ کے اشعار سے

کس دن خیالِ کاکل پیچاں نہیں رہا　　کب میں تمام رات پریشاں نہیں رہا
یوں باتیں کرتے کرتے خموشی کا کیا سبب　　کیا یاد کوئی حیلہ و پیماں نہیں رہا
کیا آئے وہ جو آتے ہی یہ کہہ کے چل دئے　　لو اب تو تم کو شکوہ ہجراں نہیں رہا
ہاں ہاں بجا درست مری بدگمانیاں　　تو تو کبھی کبھی کا بھی میہماں نہیں رہا
میں دشمن وفا نہیں، پر اسکو کیا کروں　　دل قابل محبت جاناں نہیں رہا
دیروحرم میں تیرے نظارے کے رشک سے　　کیا کیا نزاع گبرو مسلماں نہیں رہا

اختر رہین دشت جنوں ہوں تو کیا ہوا
منت کش رفو تو گریباں نہیں رہا

اس کی وفات ۱۹۵۱ء میں ہوئی۔

حوالہ: بہار سخن ۱۹۲۹ء

آثر، مٹھن لال:

تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش، کلکٹریٹ ہردوئی میں ملازم تھا۔ از وست :

چار دیوارِ عناصر سے بنایا قصرِتن　　دستِ قدرت نے کیا ہے کام یہ معمار کا

حوالہ: گلدستۂ ہوش افزا بریلی، نومبر ۱۸۷۶ء

اسیر، کرامت علی:

تلمیذ عبدالعزیز خاں عزیز، ڈپٹی انسپکٹر مدارس۔ از وست :

پاؤں کو میرے دی یہ دعا خار دشت نے　　پھولے پھلیں گے خوب ہماری دعا سے آپ

حوالہ جات: تاریخ روہیل کھنڈ عاصی ص ۲۸۳، گلدستۂ نشوونما بریلی
بابت ستمبر ۱۹۰۳ء

ادیب، اللہ یار بیگ:

تلمیذ برج موہن لال خمار، از وست:

رہے ہیں عمر بھر مداح ہم روے منور کے　　ہمارے منھ چڑھے، یہ منھ کہاں خورشید محشر کا

اس کا عہد آخر کا کلام دستیاب نہیں ہوا۔

حوالہ: گلدستۂ ہوش افزا بریلی، ۱۹/اگست ۱۸۷۶ء

احقرؔ، جیون سہائے:

تلمیذ قاسم علی خواہاں، از وست:

رہ گیا مقتل میں، میں تو جان دینے کے لیے　　صاف تھا میدان جس دم لے کے وہ خنجر اُٹھا

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی، بابت جون ۱۹۰۳ء

آثرؔ، بھگوان داس:

تلمیذ قاسم علی خواہاں۔ از وست:

نوجواں تجھ سا زمانے میں نہ دیکھا نہ سنا　　پھرتے پھرتے فلک پیر کو چکر آیا

اس کا عہد آخر کا کلام ہم دست نہیں ہوا۔

حوالہ: گلدستۂ لطیف بریلی، بابت جولائی ۱۸۷۴ء

افغانؔ، وزیر خاں:

تلمیذ قاسم علی خواہاں، مرثیہ خوانی میں شہرت رکھتا تھا حالانکہ خود مرثیہ گو نہیں تھا۔ از وست:

شورِ محفل میں بپا ہے کہ خبردار رہو　　ہوش میں آؤ، سنبھل جاؤ، وہ دلبر آیا

اس کا عہد آخر کا کلام میسر نہیں آیا۔

حوالہ: گلدستۂ لطیف بریلی بابت جولائی ۱۸۷۴ء

ازہرؔ، احمد علی شاہ:

تلمیذ حسن رضا خاں حسن بریلوی (م ۱۹۰۸ء) حسن کی وفات کے بعد قاضی عبدالحق زہیر سے مشورۂ سخن کیا۔ از وست:

دیکھے اندوہ و غم و حسرت و ارماں کے ہجوم　　کیا کہوں فرقت دلدار میں کیا کیا دیکھا

شوق سے ٹکڑے کرو دل، نہیں انکار، مگر　　دیکھ لو اس کو ذرا، میری نظر سے پہلے

دیکھو ذرا آئینہ اٹھا کر　　کیا ہو گئی شکل رات بھر میں

حوالہ جات: خمخانۂ جاوید، جلد اص ۲۲۸، ماہنامہ قومی زبان کراچی بابت مئی ۱۹۶۸ء

آنند، آنند نرائن:

کائستھ، استھانہ، ساکن محلّہ ذکاتی بریلی، تلمیذ مولوی قاسم علی خواہاں۔ از وست:

حسرت نہیں رہی، کوئی ارماں نہیں رہا　　دل قابل محبت جاناں نہیں رہا

حوالہ: گلدستۂ بہار سخن بریلی بابت ۱۹۲۹ء

ارشد، محمد ارشد احمد:

تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر۔ از وست:

تم جو اوٹھے بزم سے، بیٹھا دل حرماں نصیب　　تم جو بیٹھے بزم میں، اک فتنہ محشر اٹھا

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی، بابت جون ۱۹۰۳ء

اشفاق، اشفاق حسین صدیقی:

تلمیذ مرزا احمد یار بیگ احمد (م ۱۹۴۱ء) تعلیم یافتہ اور پختہ کار، غزل گو اور نظم نگار۔ از وست:

دل میں حسرت ہے کبھی، حسرت سے خالی ہے کبھی
رنگ دنیا میں ہے، رنگ امتیاز زندگی

نظم کویلیا سے:

وقت ہے کیا پیارا پیارا　　پھولوں سے کھیت بھرا ہے سارا
شوق میں تو ہے اڑتی پھرتی　　جنگل جنگل، گھاٹی گھاٹی
شہر میں تو نے سب کو گھر گھر　　بولی سنائے میٹھے جا کر
کویلیا پیاری کویلیا

(انگریزی سے ترجمہ)

حوالہ: ماہنامہ الشّمس، بریلی بابت جنوری اور دسمبر ۱۹۲۵ء

ارشدؔ، محمود حسین:

تلمیذ حضور احمد خاں آثم (م ۱۹۴۴ء) ملازم میونسپل بورڈ بریلی، صاحب دیوان۔ از وست :

سفر در پیش ہے، ہم آخری پوشش بدلتے ہیں — عدم کے جانے والو ساتھ چلنا ہم بھی چلتے ہیں

حوالہ: گلدستۂ شکوہ یار بجنور، بابت مئی ۱۹۱۰ء

آشفتہؔ، اکرام حسین:

اس کا تخلص شاد بھی تھا۔ تلمیذ قاسم علی خواہاں۔ از وست :

اللہ ری رسائی قسمت کہ آج تک — واقف ہوئے نہ اپنی دعا کے اثر سے ہم

حوالہ: گلدستۂ بہار سخن بریلی بابت ۱۹۲۹ء

احقرؔ، مستجاب حسین:

تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر (م ۱۹۳۰ء) اس کو شہرت مندرجہ ذیل شعر سے ملی جو اس نے ۲۴/مارچ ۱۹۲۴ء کو مشاعرۂ بان خانہ میں پڑھا تھا :

احقر یہ بات سب کو مسلم ہے دور دور — استاد با کمال تو قیصر ضرور ہے

حوالہ: گلدستۂ بزم سخن بابت ۲۴/مارچ ۱۹۲۴ء

احمدؔ، احمد بخش:

تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش، اس کا عہد آخر کا کلام ہم دست نہیں ہوا، از وست :

فراق شاہ دیں میں اشک جاری جب رہیں ہر دم — نہ ہو کیوں حوض کوثر نام میرے دیدۂ تر کا

حوالہ: گلدستۂ ہوش افزا بریلی بابت ۱۹/اگست ۱۹۷۶ء

اخترؔ، سید احمد حسن شاہ:

میرا دادا، ساکن محلّہ بہاری پور معماران بریلی، سادات نو محلہ بریلی کا ایک متقی، متورع عابد و زاہد اور شب بیدار بزرگ، اردو و فارسی پر دسترس، دینیات پر عبور، مرید سید ابوالحسین احمدؒ المعروف بہ نوری میاں (م ۱۹۰۵ء) مولوی احمد رضا خاں کا حامی، مختار عام نواب ضمیر احمد خاں راعی۔ عمر آخر

میں معلّمی کی۔ بے حد سخی اور فیاض، کنبہ پرور، کم سخن اور پر جلال۔ مولانا حسن کی صحبت میں شعر گوئی کا شوق پیدا ہوا، مولانا حسن کے مشاعرے امام باڑہ محلّہ معماران بریلی اور گلی آریہ سماج بریلی میں ہوتے تھے جن میں وہ شریک ہوتا، ہمارے والد مرحوم نے اسکا ایک شعر سنایا تھا جو مندرجہ ذیل ہے:

جب ترک تعلق ہے تو پھر اے بت بدخو   آتا ہے تصور ترا کیوں مجھ کو ستانے

آں موصوف نے ۱۲ راگست ۱۹۴۲ء کو وفات پائی۔ تکیہ اعظم محلّہ معماران بہاری پور میں محوخواب ہیں۔

اخترؔ، اختر حسین:

میں نے اس سے شاید ۳۰/ ۳۵ برس پہلے بہ نفس ملاقات کی تھی۔ بہت لاغر اور عمر رسیدہ تھا، کچہری میں ملازمت کی، محلّہ نقشبندیان میں رہتا تھا، ابتدا میں حسن بریلوی کا شاگرد ہوا، حسن کی وفات (۱۹۰۸ء) کے بعد الٰہی بخش شریفؔ تلمیذ عماد الحسن محو سے رجوع کیا، اس نے اپنے جو اشعار مجھے املا کرائے تھے، ان میں سے چند مندرجہ ذیل ہیں:

پھر رہے ہیں مضطرب اب وہ جگر تھامے ہوئے   اے نگاہِ یاس تو نے، ہائے یہ کیا کر دیا

محو حیرت ہو رہی ہے کائنات آرزو   لے کے اڑ جائے مصور کو نہ یہ تصویر آج

اختر وہ غم و درد کا رنگین فسانہ   اک حرف غلط تھا نگہِ شعبدہ گر میں

شاید میری ملاقات کے بعد سال اندر اس کا انتقال ہو گیا۔

احسنؔ، حبیب الحسن:

پسر مفتی سلطان حسن خاں (م ۱۸۷۲) تلمیذ غالب، شاگرد غلام بسمل اللہ بسمل (م ۱۸۹۸ء) ملازم دفتر بندوبست، بہ سلسلۂ ملازمت مالوہ اور اجین میں قیام کیا۔ ملازمت سے سبکدش ہو کر بریلی آیا، پیشۂ معلّمی اختیار کیا، اس کا صف اساتذہ میں شمار ہوتا تھا۔ طویل عمر پائی، تقسیم ہند کے بعد لاہور گیا اور وہیں فوت ہوا۔ از وست :

ہاتھ ان کے ناز سے کچھ پیار سے   ہو گئے میرے گلے میں ہار سے

ایک ہی کی یاد پر مامور ہیں   سبحہ کا رشتہ ہے یہ زنار سے

آبلہ پائی کی احسن دشت میں   داد ملتی ہے زبان خار سے

کس سے ملے گی، احسنؔ شیریں بیاں کو داد　　　بزم سخن میں محو سخنداں نہیں رہا
کیا ڈراتی ہے مجھے موت، میں زندہ کب ہوں　　　عدم آباد ہے اک طے شدہ منزل مجھ کو
میں بتاؤں ابھی چل بیٹھئے تنہائی میں　　　یاد کثرت سے ہیں وحدت کے مسائل مجھ کو
باعث بیم و خطر گرچہ ہے نقصان عمل　　　مغفرت کی مگر امید ہے کامل مجھ کو

بھول کر بھی نہ کروں یاد کسی کی احسن
بھولنے دے جو یہ کمبخت مرادل مجھ کو

حوالہ جات: تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی ص ۲۸۳، گلدستۂ بہار سخن بریلی بابت ۱۹۲۹ء

اطہرؔ، اطہر حسن:

مفتی اکبر حسن صولت (م۱۹۱۳ء) کا فرزند، اس کے متعلق صولت کے داماد مفتی صادق حسن صادق نے بتایا کہ اطہر حسن علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں زیر تعلیم تھا۔ عین جوانی میں فوت ہوا، شعروسخن سے دلچسپی تھی۔ ازوست :

یوں ہی برباد ہو جائے گا میرا آشیاں پھر بھی　　　چلے گی گلشن عالم میں کیا باد خزاں پھر بھی
جب کوئی وجہ نہ تھی اون کو نہ تھا مجھ سے حجاب　　　اب چھپانے لگے منہ جان کے مائل مجھ کو

حوالہ: گلدستۂ بہار سخن بابت ۱۹۲۹ء

اطہرؔ، اطہر حسین:

محلّہ گڈھیا بریلی کا ساکن، موتی میاں کی عرفیت سے مشہور، میں نے جب اس سے ملاقات کی تھی، بہت ضعیف ہو چکا تھا، شفیع احمد عیش (م ۱۹۴۶ء) تلمیذ داغ کا شاگرد تھا۔ ازوست :

نہ آنا بھول کر اطہرؔ تم ان کی بھولی باتوں میں　　　تمہارے دل کے لینے کو وہ ناداں ہوتے جاتے ہیں

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

ارشادؔ، ارشاد علی:

خلف سید احسان علی جو چاند پور ضلع بجنور میں تحصیل دار تھا۔ ارشاد علی ۱۸۵۶ء میں پیدا ہوا، حافظ قرآن اور خوش نویس تھا، لاہور میں خوش نویسی کا کام کرتا تھا، لاہور سے واپس آنے کے بعد

مولوی احمد رضا خاں کے دارالافتا میں فتاویٰ کی نقل نویسی پر مامور ہوا، اس کے بعد خانقاہ نیازیہ بریلی میں کتب وغیرہ کی نقل کی۔ عمر کے آخری ایام میں تارک دنیا ہوکر گوشہ نشین ہوگیا۔ اس کی وفات بہ مقام انبہ ضلع مورینہ ریاست گوالیار میں ۱۹۲۲ء کو ہوئی۔

شاعری میں مولانا حسن بریلوی کا شاگرد تھا، صاحب دیوان تھا، اس کے دیوان کے چند اوراق اس کے داماد سید محبوب حسین کے ذریعہ فراہم ہوئے۔ از وست :

جان دیں کیسے آپ پر مشتاق　　دم قضا کو نہ دیں اگر مشتاق
زلف مشکیں نہ مو بمو کھولو　　ہوں پریشاں نہ سر بہ سر مشتاق
خود کو یکتا سمجھ کے کہتے ہیں　　ہیں ہمارے بھی کس قدر مشتاق
آیئے منتظر ہیں مدت سے　　ڈھونڈتے ہیں ادھر ادھر مشتاق
تھا وہ ارشاد غیر پر عاشق　　ہم رہے جس کے عمر بھر مشتاق
تن تن کے آپ پھرتے ہیں بازار دہر میں　　سودا بگاڑ دے نہ کہیں بانکپن کا عشق
حسن تیرا سا کسی میں نہ ادا تیری سی　　حق تو یہ ہے تجھے ہر بات میں یکتا دیکھا

حوالہ: اوراق دیوان غیر مطبوعہ، گلدستۂ بہار بےخزاں بریلی بابت فروری ۱۹۰۳ء

افسرؔ، عبدالمجید:

اس کا تخلص جمیل بھی تھا، ساکن قصبہ رچھا ضلع بریلی، تلمیذ محمد بشیر خاں بشیر رچھاوی۔ از وست :

دیدۂ دل سے کوئی دیکھے تماشا تیرا　　ذرہ ذرہ سے نمودار ہے جلوہ تیرا

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی بابت ۱۹۱۴ء

آبادؔ، محمد وزیر بیگ:

پسر خرد اور تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر، ساکن محلّہ قصائی ٹولہ شہر کہنہ بریلی، پیشکار منصفی بریلی، اس کی بھتیجی لائق حسین لائق ساکن محلّہ قصائی ٹولہ بریلی سے منسوب تھی جس سے اس کے حالات وغیرہ معلوم ہوئے۔ از وست :

عروج خاکساری ہے یہاں تک　　نظر آتا ہے نیچا آسماں تک

شب وعدہ اگر آئے نہ تم تو جان جائے گی ۔۔۔ سحر کو دیکھ لینا پھر ہمارا بھی سویرا ہے
کون سی ہے وہ مصیبت جو نہیں ہے درپیش ۔۔۔ کیا شب ہجر سے کچھ بڑھ کے قیامت ہوگی
کہیں جائے بھی ہر دم کا تڑپنا ۔۔۔ کہیں بجلی گرے بھی آسماں پر

۱۹۶۳ء میں فوت ہوا۔

حوالہ جات: گلدستۂ کمال دہلی بابت جنوری ۱۹۱۲ء، گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت جون ۱۹۰۳ء

احمدؔ، احمد یار بیگ:

عرف حکیم مَسِیت، پسر مرزا رستم یار بیگ قیصر، ساکن محلّہ قصائی ٹولہ شہر کہنہ بریلی۔ پیشہ طبابت، عہد آخر کا مشہور شاعر، بے حد زود گو۔ بریلی کے بعض ایسے شعرا جن کا بعد کے زمانے میں شمار صفِ اساتذہ میں ہوا جیسے عتیق اللہ خاں امید، علی حسین ضمیر، سلطان بیگ نظیر، اور محمد شفیق عشرت، اس کے مستقل حاضر باشوں میں تھے۔ اس کا وجود شمع سخن کی طرح تھا جس سے بے شمار چراغ روشن ہوئے۔ اس کا دیوان اشعار شائع نہیں ہوا، اس کی غزلیات عہد آخر کے گلدستوں میں شائع ہوتی تھیں، جو اس وقت ہمارا واحد ماخذ ہیں۔ مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

منھ سے ہٹا تھا جام کہ نشہ ہرن ہوا ۔۔۔ توبہ ابھی نہ کی تھی کہ توبہ شکن ہوا
دل دیکھتا ہے کوئی، کوئی اضطراب دل ۔۔۔ میں انجمن میں مشغلۂ انجمن ہوا
دنیا نہیں، محل اقامت سرا ہے یہ ۔۔۔ جو آ گیا وطن میں غریب الوطن ہوا
لفظی کلام اور ہے، نفسی کلام اور ۔۔۔ ثابت کلام کرنے سے وہ بے دہن ہوا

احمد مری بلا کو ہو دوزخ کا ڈر، کہ میں
رحمت کے اعتماد پہ توبہ شکن ہوا

کتنی وسیع رحمت رب غفور ہے ۔۔۔ مجھ سا گنہ گار بھی دوزخ سے دور ہے
ہے کثرت گناہ کی رحمت تلاش میں ۔۔۔ جتنی کمی ہے، اتنا ہی اپنا قصور ہے
اتنی خبر تو ہے کہ مجھے کچھ خبر نہیں ۔۔۔ کچھ ہوش بے خودی میں بھی مجھ کو ضرور ہے

شاید یہی ہے گردش افلاک کا سبب　　پڑتا ضرور صبر دل ناصبور ہے
سمجھا ہوا ہوں وصل جو احمد وصال کو
مجھ کو فشار قبر بھی آغوش حور ہے

مضمون طرازی اور پختہ کلامی صاف عیاں ہے۔اس خاندان کو یہ خصوصیت نواب عبدالعزیز خاں عزیز سے منتقل ہوئی، جس کا شاگرد قیصر تھا، معاملات عشق کی نزاکتوں اور رازہائے جلوت و خلوت کو نظم کرنے میں جس میں عزیز یدطولیٰ رکھتا تھا، اس خاندان کے بیشتر اساتذہ قاصر رہے، احمد بھی ان میں سے ایک ایسا استاذ تھا۔احمد کو نعت گوئی میں بھی شہرت میسر تھی، اس کی ایک مشہور نعت کے چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

بیکسی کے مددگار معاون فقرا کے　　ہر درد کے درماں متکفّل غربا کے
بخشش کی یہ حالت کو سراپا ہوئے بخشش　　یہ جود کی صورت کہ شہنشاہ عطا کے
اسرار خدا کے ہیں وہی جاننے والے　　کیا سمجھے کوئی اون کو بجز ذات خدا کے
مولا وہ اسی وجہ سے کونین کے ٹھہرے　　ہر امر کے والی ہیں وہ ہی بعد خدا کے
احمد یہی ایمان کی ہوتی ہے رفاقت
اللہ رکھے ساتھ میں ان کے رفقا کے

احمد ۱۸۶۶ء میں پیدا ہوا تھا، اور ۱۹۴۱ء میں فوت ہوا ؁۔

حوالہ جات: گلدستۂ کمال دہلی بابت جنوری ۱۹۱۲ء، گلدستۂ نہال سخن، گلدستۂ بہار سخن بابت ۱۹۲۹ء، ماہنامہ الشّمس بریلی بابت دسمبر ۱۹۲۶ء

امیؔر، امیر احمد خاں:

تلمیذ مولوی فخر الدین فخر (م ۱۹۱۹ء) اپنے عہد میں مشہور تھا، مشاعروں میں شریک ہوتا اور گلدستوں میں غزلیات شائع کراتا۔از وست :

تیری تصدیق رسالت کی شہادت کے لیے　　بے زبانوں کو ملی طاقت گویائی ہے
سر کے خم ہوتے ہی گر پڑتا ہے بارِ عصیاں　　تیری درگاہ میں کیا اوج جبیں سائی ہے

حضرت فخر سے ہے مجھ کو تلمذ جو امیر — فن اشعار میں کردیں گے وہ کامل مجھ کو

حوالہ: گلدستۂ بہارسخن، بابت ۱۹۲۹ء

آرزوؔ، نثار حسین جعفری:

رستم یار بیگ قیصر کے تلامیذ میں تغزل اور غزل کے داخلی تقاضوں کا ممتاز شاعر، ساکن محلّہ بال جتی شہر کہنہ بریلی، ملازم کچہری بریلی۔ قیصر پارٹی کا سکریٹری اور گلدستۂ خدنگ ناز بریلی کا موسس جس میں قیصر پارٹی کے مشاعروں اور شعراء کی روداد و غزلیات شائع ہوتی تھیں۔ اپنے مکان پر بھی مشاعرے کراتا تھا۔ مختصرا انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

ہجوم نامرادی سے دل مضطر نہ مرجانا — نوید عیش ہے حد سے مصیبت کا گزرجانا
ملتا اگر عمامۂ واعظ تو خوب تھا — چادر ہمیں چڑھانا تھی اک بادہ خوار کی
تمھیں کہہ دو کیا تم نے نہ کیا کیا — کہا میں نے بھی کچھ اپنی زباں سے
خوشی کا رنج ہی کیا ہے، رہی رہی نہ رہی — غضب تو یہ ہے کہ دل کی وہ بےکلی نہ رہی
ملال اسکا نہیں ان سے دوستی نہ رہی — ستم تو یہ ہے وہ پہلی سی بےکلی نہ رہی
خوشی کا ذکر ہی کیا ہے، وہ نامراد ہوں میں — کہ میرے نام کی دنیا میں موت بھی نہ رہی
وداع اے غم جاناں ترا خداحافظ — مجھے تو اب کوئی امید زیست کی نہ رہی
بدل گئے وہ اگر آرزو تو شکوہ کیا — تمہاری بھی تو نظر ان پہ پہلی سی نہ رہی
جینے کی جب خوشی نہیں، مرنے کا غم نہیں — پھر دل کی طرح جان بھی جائے الم نہیں
نالہ کروں تو کہتے ہیں رسوا نہ کر مجھے — چپ ہوں تو ہے یہ چھیڑ، تجھے کچھ بھی غم نہیں
غم ہنستے ہنستے رنگ طبیعت بدل گیا — شکوہ ستم کا خواہش لطف و کرم نہیں
آئے ہیں وہ سنبھلنے دے اے بےخودی ذرا — کیا قہر ہے وہ پاس ہمارے ہیں، ہم نہیں
لے لے گی جان دل کی تڑپ ہوگیا یقیں — وہ آرزو جو آج نہ آئے تو ہم نہیں

اس کا دیوان شائع نہیں ہوا، اس کا کلام بھی محفوظ نہیں رہا۔

حوالہ جات: گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ شکوہ یار بجنور بابت ستمبر ۱۹۱۰ء، گلدستۂ خدنگ ناز بریلی، بابت اپریل ۱۹۲۲ء

آزاد، رام پرشاد:

تلمیذ بلدیو پرشاد سوزن، اس کے متعلق کشن لال ثاقب نے ضروری باتیں بتائیں۔ اس کا مکان کھنو محلّہ بریلی میں تھا، دفتر میونسپلٹی بریلی میں ملازم تھا، بزم سوزن کا رکن تھا، مشاعروں سے دلچسپی تھی۔ از وست :

مرنے والا لوٹ کر آتا نہیں　　فائدہ کیا گریۂ بیکار سے

حوالہ: گلدستۂ بہارِ سخن بریلی بابت ۱۹۲۹ء

ایوبؔ، سید ایوب علی:

خلف سید شجاعت علی خندہ، ساکن محلّہ بہاری پور کسگران بریلی، میری والدۂ مرحومہ کا حقیقی ماموں مرید اور تلمیذ مولوی احمد رضا خاںؒ۔ نہایت متقی، عابد اور زاہد، کئی بار حج کیا اور مدینہ منورہ میں برسوں قیام کیا، رضوی منزل ڈھال بہاری پور بریلی میں رضوی مکتبہ تھا جس کی آمدنی پر اس کی گزر بسر ہوتی تھی۔ اس کی صاحبزادی محترمہ شمیم فاطمہ ویمنس کالج لاہور میں عربی اور اسلامیات پڑھاتی ہیں۔

تقسیم ہند کے بعد لاہور میں آباد ہوا، کہن سالگی میں ۲۱ ر رمضان ۱۳۹۱ھ مطابق ۱۲ ر نومبر ۱۹۷۱ء کو فوت ہوا۔

تمام عمر صرف نعت گوئی کی، کوئی مجموعہ نعت شائع نہیں ہوا۔ از وست :

عمر بھر گلشن عالم کی ہوا کھائی ہے　　اب تو صحرائے مدینہ کی فضا بھائی ہے
نیّر چرخ رسالت کے اجالے آجا　　ظلمت کفر کی گھنگھور گھٹا چھائی ہے
ایک ہم ہیں کہ زیارت کو ترستے ہیں حضور　　ایک وہ ہیں کہ شب و روز جبیں سائی ہے
تیرے صانع کو دکھاتی ہے تری شان رفیع　　بخدا اس لیے یہ انجمن آرائی ہے
تشنہ کامان زیارت پہ کرم ہو ساقی
دور افتادوں میں ایوب تمنائی ہے

حوالہ: گلدستۂ مشاعرہ بر مکان حاجی ولی اللہ شیشہ والا گلی حکیم وزیر علی بڑا بازار بریلی ۱۹۴۳ء

اسیرؔ، علی احمد خاں:

خلف جنگ باز خاں، مولد بریلی، مقیم بدایوں۔ سال پیدائش ۱۸۵۱ء، فارسی مولوی ہدایت علی سے پڑھی، منقولات کا درس مولانا عبدالقادر بدایونی (م ۱۹۰۱ء) سے لیا۔ حدیث مولوی محمد حسن بنی اسرائیلی (م ۱۸۸۷ء) سے پڑھی۔ منطق اور فلسفہ مولانا عبدالحق خیرآبادی سے حاصل کیا۔ بدایوں کے تحصیلی اسکول میں معلم تھا، ۱۹۱۳ء میں پنشن یاب ہوا، اسی سال سینٹ جانس کالج آگرہ میں عربی کا استاذ مقرر ہوا۔ بدایوں میں مولوی امتیاز احمد تاثیر (م ۱۹۰۱ء) کی شرکت میں اخبار نسیم سحر بدایوں کا اجرا کیا، ابتداً مولانا دلدار علی مذاق بدایونی (م ۱۸۹۴ء) کا شاگرد ہوا، اس کے بعد مولوی امجد حسین امجد بدایونی (م ۱۹۲۰ء) سے مشورۂ سخن کیا۔ نثر نگار بھی تھا، اس کی مطبوعہ کتب کے یہ نام ہیں:

آئینۂ حدود اقلیدس، شجرۂ خاندان نقشبندیہ، قواعد اردو، نظم جہاں افروز، نظم المعراج، منقبت خواجہ علی ہند، مثنوی شیریں خسرو، خلوت گاہ ناز، مثنوی تجلی وصال، مشرقستان اقدس۔ عربی فارسی اردو پر دسترس حاصل تھی، نظم ونثر پر یکساں قدرت رکھتا تھا۔ اعلیٰ نعت گو تھا، اس کی غیر مطبوعہ کتب کے نام معلوم نہیں ہوئے۔ از وست :

یہ دو دن کا ہے رنگ و بو باغباں نہ تو پھول پھولوں پہ گلزار کے
نظر اس جنبش مژگاں کی ہے گردون گرداں تک اشارے پر پھرا ہے اُلٹے پاؤں مہر تاباں تک
الجھ کر رہ گیا میں وادی طیبہ کے خاروں میں مجھے پہنچا دیا اس ضعف تن نے منزل جاں تک
کسی کی زلف کے صدقے میں قیدی چھوڑے جاتے ہیں کھنچے یہ سلسلہ یارب اسیر پا بجولاں تک

اس کی وفات ۱۹/جولائی ۱۹۲۷ء کو مدینۂ منورہ میں ہوئی۔ ادھر امام مسجد نبوی نے سلام پھیرا ادھر آپ واصل حق ہوئے۔ جنت البقیع میں مدفون ہوئے۔

حوالہ جات: خمخانۂ جاوید جلد ا ص ۳۰۷، شعرائے بدایوں دربار رسول میں ص ۲۷، غالب اور عصر غالب ص ۱۸۴، ماہنامہ مجلّہ بدایوں کراچی اکتوبر ۱۹۹۳ء

اشفاقؔ، اشفاق علی:

تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش، فن طب میں دخل تھا، باعتبار پیشہ وکیل تھا، نعت گوئی سے زیادہ شغف تھا۔ از وست :

زبان پر نزع میں کلمہ ہو، دل میں یاد احمد ہو
اسی پر خاتمہ میرا ہو، یارب یہ تمنا ہے

حوالہ: گلدستۂ کمال دہلی، بابت جنوری ۱۹۱۲ء

ارمؔ، پیارے علی:

تلمیذ حضور احمد خاں آثم۔ از وست :

پس مردن یہ جوش وحشت ہے چھلنی نالوں سے قبر کی چھت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں، بابت اپریل ۱۹۰۳ء

اخترؔ، عبدالغفّار:

میونسپل بورڈ کا سکریٹری تھا اور اسی حیثیت سے اس کی شہرت تھی، لیکن وہ صاحب دیوان شاعر بھی تھا اور مفتیان بریلی کی بزم ادب کے مشاعروں میں شریک ہوتا تھا، مفتی صادق حسن صادق نے بتایا کہ اس کو سید محمد اصطفیٰ خورشید لکھنوی سے تلمذ تھا اور اس کا ایک شعر بھی سنایا جو مندرجہ ذیل ہے:

بنا خورشید کے صدقے میں اختر بھی سخن گو اب خدا کی شان ہے، کیا بات ہے استاد کامل کی

اس کا مطبوعہ یا غیر مطبوعہ دیوان ہم دست نہیں ہوا۔

ارمانؔ، عبدالاحد:

تلمیذ عبدالباسط قیس مہونوی اے۔ از وست :

جس کی الفت میں زمانے کو بنایا دشمن وائے تقدیر کہ اس کو بھی نہ اپنا دیکھا

حوالہ: ماہنامہ قومی زبان کراچی، بابت مئی ۱۹۶۸ء

اعجاز، اعجاز حسین:

تلمیذ مظہر حسین مظہر، اور عبدالقادر مفتوں۔ از وست :

پہلے وعدہ کر کے جھوٹا کر دیا اوراب انکار ہے اقرار سے

حوالہ: گلدستۂ بہارسخن بریلی، بابت ۱۹۲۹ء

افسر، مصطفیٰ خاں:

تلمیذ حضور احمد خاں آثم۔ از وست :

کبھی قابو میں لے ہی آئے گا دل ہمارا اگر سلامت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہار بےخزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

اوج، محمد جان:

تلمیذ عبدالعزیز خاں عزیز دہلوی، پیشہ وکالت :

دل طلب تم نے کیا، جان بھی دے دی ہم نے تم نے ہم سا بھی کوئی چاہنے والا دیکھا

کیا تکلف ہے دل کے دینے میں جان من آپ کی امانت ہے

حوالہ جات: ماہنامہ قومی زبان کراچی، بابت مئی ۱۹۶۸ء، گلدستۂ بہار بےخزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

انجم، لال بہادر:

تلمیذ دوارکا پرشاد حلم، خلف پنڈت رام نرائن، ساکن محلّہ سید پوریہ بریلی، محرر منشی من موہن لال وکیل۔ از وست :

کتنا ہی ستالے تو، کتنا ہی جلالے تو انجم کو ترے حق میں، ہر وقت دعا کرنا

جب کہا مرتا ہوں رنج ہجر میں بولے جھنجھلا کر مری بیزار سے

حوالہ جات: گلدستۂ بہارسخن بریلی بابت ۱۹۲۹ء، تذکرۂ بہارسخن ص ۴۷ اور ص ۴۸

اظہرؔ، اظہر حسین:

برادر اختر حسین اختر، ساکن محلّہ نقشبندیان، شاگرد برادر کلاں مظہر حسین مظہر۔ **از وست** :

ہم تو ہیں ان کی نظر میں خار سے　　　اور دشمن ہیں گلے میں ہار سے
مردے جی اُٹھے تو زندہ مرگئے　　　آپ کی گفتار سے رفتار سے

حوالہ: گلدستۂ بہارِ سخن بریلی، بابت ۱۹۲۹ء

آرزوؔ، محمد رشید خاں:

تلمیذ عبدالباسط قیس مہونوی۔ **از وست** :

کس نے ملا کے خاک میں بخشی ہے آبرو　　　ہے عرش پر قدم جو ہمارے غبار کا

حوالہ: گلدستۂ بہارِ بےخزاں بریلی بابت جنوری ۱۹۰۳ء

آرزوؔ، محمد حسین:

حافظ محمد مراد الہ آبادی تلمیذ حسن بریلوی کا شاگرد۔ **از وست** :

آؤ ہم تم بھی گلے مل لیں کہ ہے عید کا دن　　　کہ برس دن میں یہ رسم آج ادا ہوتی ہے

حوالہ: گلدستۂ بہارِ بےخزاں بریلی بابت جون ۱۹۰۳ء

اخترؔ، عبدالحمید:

تلمیذ تفضّل حسین راغب رچھاوی، پیشہ ٹھیکیداری۔ **از وست** :

وبال دوش تھا یہ سر مجھے شوق شہادت میں　　　تصدق کر کے اے قاتل، اُتارا بوجھ گردن کا

حوالہ: گلدستۂ نہالِ سخن بریلی

انورؔ، امیر احمد:

تلمیذ تفضّل حسن راغب رچھاوی، رئیس قصبہ رچھا بریلی۔ **از وست** :

دل انور کو اک رشک قمر سے ہوگئی الفت　　　تصور ہر گھڑی ہے بس اسی کے روے روشن کا

حوالہ: گلدستۂ نہالِ سخن بریلی

انجمؔ، فرزند علی:

مولوی قاسم علی خواہاں کا رشتہ دار اور شاگرد، پیشہ خوش نویسی، اردو اور فارسی کا شاعر، کلام نایاب ہوگیا۔ خواہاں کی قبر پر اس کا تحریر کردہ بیت تاریخ آویزاں ہے:

گفت انجم فوت استاد عظیم　　جاے خواہاں رفت ''در باغ علیم''

۱۳۵۷ ہجری مطابق ۱۹۳۸ء

ادبؔ، سید بندہ حسن:

تلمیذ نذیر خاں نذیر رچھاوی، ساکن رچھا ضلع بریلی۔ از وست :

ماہ کنعاں پر زلیخا تھی نثار　　آپ کی شیدا خدائی ہوگئی

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی بابت فروری ۱۹۱۳ء

احسنؔ، محمد احسن:

تلمیذ نذیر خاں نذیر رچھاوی، ساکن قصبہ رچھا ضلع بریلی۔ از وست :

سخت جانی سے مری، قاتل ہوا کیسا خجل　　چلتے چلتے حلق پر جب میرے خنجر رہ گیا

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی بابت ۱۹۱۳ء

اندازؔ، بدری پرشاد:

پنڈت، ساکن قصبہ رچھا، تلمیذ نذیر خاں نذیر رچھاوی۔ از وست :

بعد مردن بھی گوارا ہے نہ عاشق کا فروغ　　شمع تربت آکے وہ، کس دن بجھا جاتے نہیں

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی، بابت نومبر ۱۹۱۴ء

احقرؔ، محمد عثمان:

ساکن موضع جوکھن پور تحصیل بہیڑی ضلع بریلی، تلمیذ نذیر خاں نذیر رچھاوی۔ از وست :

دلفگاروں کی بھی ہوتی ہے کہیں بخیہ گری　　چاک قسمت دیکھ کر میرا مقدر رہ گیا

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی بابت ۱۹۱۳ء

برقؔ، قطب عالم:

تلمیذ نواب عبدالعزیز خاں عزیز، پیشہ وکالت، اردو اور فارسی میں شعر کہتا تھا، اس کا کلام نایاب ہوگیا، بڑے بوڑھے اس کو یاد کرتے تھے۔ دیوان عزیز میں چار اشعار کا ایک قطعہ ملتا ہے جس سے اس کی تحریر کردہ تاریخ طباعت دیوان عزیز برآمد ہوتی ہے۔قطعہ فارسی میں ہے اور مصرعِ تاریخ یہ ہے :

''چہ دیوان گلستان بہاراست''

۱۳۱۱ہجری مطابق ۱۸۹۳ء

اس کی ایک غزل جو گلدستۂ بہار بے خزاں میں چھپی تھی اس کا مندرجہ ذیل شعر نقل کیا جاتا ہے:

چشم و ابرو کا ترے شہرہ یہ عالم گیر ہے　　　بزم سے ساغر اُٹھا اور رزم سے خنجر اُٹھا

حوالہ: دیوان عزیز ص ۲۵۵، گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت جون ۱۹۰۳ء

بسملؔ، عبدالغفور:

آگرہ میڈیکل کالج سے سند یافتہ اس کی سالی ڈاکٹر محمد اسحاق ناشط سے منسوب تھی جس کے نام من موہن لال ماتھر شمیم کے خطوط مکاتیب شمیم میں شامل ہیں۔اس کی سالی بھی ڈاکٹر تھی اور اس کا مطب محلّہ سیلانی بریلی میں تھا۔ اس نے پیلی بھیت میں مطب شفائی کھولا اور پیلی بھیت میں ہی پریکٹس کی۔ بریلی میں رہائش تھی لہٰذا بریلی و پیلی بھیت کے مابین سفر میں رہتا، ادبی ذوق کا حامل تھا۔اس نے ایک انگریز عورت ایم بی کے عشقیہ خطوط کا ترجمہ کیا جو نانا فرنولیس کے نام ہیں۔ یہ خطوط بالاقساط مصنف علی گڑھ ۷۲ء میں شائع ہوئے۔ اس کا ایک مقالہ جو سید ضامن علی گویا جہاں آبادی کی شاعری کا تنقیدی مطالعہ ہے، مصنف علی گڑھ میں شائع ہوا، ممکن ہے اس نے اور بھی مضامین لکھے ہوں جو میرے مطالعے میں نہیں آئے۔

اس کو مفتی عماد الحسن محو (م ۱۹۲۶ء) سے تلمذ تھا، اس کے اشعار کا مجموعہ شائع نہیں ہوا، اس کے اعزا سے بھی کوئی شعر نہیں ملا، اس کی جو غزلیات بریلی کے گلدستوں میں شائع ہوئیں ان سے انتخاب کر کے مندرجہ ذیل اشعار درج کیے جاتے ہیں۔

قہر ڈھائے گا یہ منھ پھیر کے جانا تیرا اس قیامت سے بپا اور قیامت ہوگی
شوخی بلا کی یار کے تیر نظر میں ہے بیٹھا کسی کے دل میں، کسی کے جگر میں ہے
کبھی اقرار ہے لب پر، کبھی انکار ہے لب پر ترا عہد وفا ہے یا کسی میکش کی توبہ ہے

ڈاکٹر محمد اسحاق کا انتقال ہو چکا تھا، اس کے بعد تقسیم وطن کے ساتھ ترک وطن کا سلسلہ شروع ہوا۔ عبدالغفور بسمل اس کی بیوی اور سالی اور بچے بریلی سے لاڑکانہ سندھ گئے اور ان کا بریلی سے تعلق منقطع ہو گیا۔

حوالہ جات : گلدستۂ نہال سخن بریلی بابت ۱۹۱۵ء، گلدستۂ کمال دہلی اکتوبر ۱۹۱۱ء اور جنوری ۱۹۱۲ء، مکاتیب شمیم، مکاتیب فرنگ جو سہ ماہی منصف علی گڑھ میں شائع ہوئے، مصنف علی گڑھ بابت جنوری ۱۹۴۸ء

بیچیںؔ، عبدالرشید:

تلمیذ عماد الحسن محو۔ از وست :

وہ کون ہے جو زمانے میں تم سے راضی ہے وہ کون ہے جو زمانے میں اشکبار نہیں

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

بشیرؔ، بشر الدین، خلیفہ:

تلمیذ حسن رضا خاں حسن بریلوی، ساکن قصبہ رچھا ضلع بریلی۔ کاشتکار، غلے کا تاجر، قصبہ رچھا کا معروف اور متمول فرد، اس نے قصبہ رچھا میں شعر و شاعری کو بہت فروغ دیا۔ از وست :

کیا کہوں میں کس قیامت کی ہے یہ طرز خرام یار کے ہر ہر قدم پر فتنۂ محشر اٹھا

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت جون ۱۹۰۳ء

بیچیںؔ، گوپی ناتھ:

تلمیذ عماد الحسن محو، مدیر اخبار معدن العلوم بریلی، مرتب گلدستۂ نشو و نما عرف انتخاب چمن بریلی، کافی مشہور شخص تھا، عجب اتفاق ہے کہ اتنا مشہور ہونے کے بعد بھی مجھے کوئی ایسا فرد نہیں ملا جس نے اس کو دیکھا ہو یا سنا ہو۔ یہ بھی معلوم نہ ہو سکا کہ کس خاندان سے تھا اور کس محلے میں رہتا تھا۔ از وست :

عشاق کو نہ حضرت ناصح ستایئے ٹوٹے ہوئے دلوں کی بچیں بددعا سے آپ

حوالہ: گلدستۂ نشوونما بریلی، ستمبر ۱۹۰۳ء

بیدؔل، محمد علی:

تلمیذ مولوی قاسم علی خواہاں، پیشہ طبابت، نعت گو، اس کا مجموعۂ نعت ''آئینہ شفاعت'' مطبع نظامی بریلی سے شائع ہوا تھا لیکن اب نایاب ہے۔ از وست :

بیدل خستہ مدینہ جانے کی نوبت تو ہو ضرب الا اللہ کا ڈنکا بجاتے جائیں گے

حوالہ: آئینۂ مغفرت، بریلی ص ۱۹

بہاؔر، شیخ ریاض الدین:

تلمیذ مولوی قاسم علی خواہاں، اس کا عہد آخر کا کوئی شعر نہیں ملا۔ از وست :

زلف بکھری ہے، پریشان ہو، منھ اترا ہے آپ کے پاس کوئی رات مقرر آیا

حوالہ: گلدستۂ لطیف بریلی جولائی ۱۸۷۴ء

بیکسؔ بلقیس فاطمہ:

اس کی پیدائش ۵ر ستمبر ۱۹۱۱ء کو میرٹھ میں ہوئی۔ اس کے والد کا نام عبدالحق تھا اور وہ منیجر کورٹ آف وارڈس اور سپرنٹنڈنٹ و مجسٹریٹ درجہ اول ریاست گوالیار میں تھا۔ اس کے نانا کا نام خوب دادا خاں تھا اور وہ مبارک باغ، گلی بھاٹان، قلعہ روڈ کا ساکن تھا اس کی ماں زینت بیگم عبرت تھی، اس کی پرورش علمی و شعری ماحول میں ہوئی۔ فارسی اور اردو پر دستگاہ تھی، بارہ سال کی عمر سے شعر کہا، ابتدا میں اپنی والدہ سے مشورہ کیا، بعد کو قاضی ریاض الدین انصاری کا تلمذ اختیار کیا، پردہ نشین تھی، حالی اور اقبال سے متاثر تھی، تعلیم نسواں کی حامی تھی، اس کا ایک مجموعہ کلام بعنوان ''نالۂ بیکس'' ۱۹۳۲ء میں شائع ہوا، اس کا مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

از نظم دختر ہندی:

پامال جفا جذبۂ معصوم ہے تیرا اے دخترکِ ہندیہ مقسوم ہے تیرا
جس گھر میں ولادت سے ہوا تیری اجالا جس گھر میں تری آنکھ کھلی ہوش سنبھالا

صدگونہ تلطف میں محبت میں پلی تو آنکھوں میں پھری دل میں بسی گھر میں رہی تو
گو تجھ پہ اعزا کے مراعات بہت ہیں ہرایک کے الطاف وعنایات بہت ہیں
قصہ نہیں سنتا کوئی لیکن ترے دل کا دستور یہاں ہے یہی ہر قوم و ملل کا
جذبات کی تیرے کوئی پرسش نہیں ہوتی عورت ہے ترے دل کی پرستش نہیں ہوتی
ہوتا نہیں کچھ پاس ترے ذوق طبع کا ہوتا نہیں یاں درد کا دختر کے مداوا
لب ہائے سکوں ساز سے کچھ کہہ نہیں سکتی جذبات کے طوفاں میں زباں بہہ نہیں سکتی
ہوتی رہی دنیا میں یہی مشق ستم تو مقسوم یہی ہے کہ رہے حرف الم تو

از یکے غزل:

حیف ہے اپنی زیست پر، ایسے مٹے ہیں آز میں لطف نہیں نیاز میں کیف نہیں نماز میں
میرے دل نزار کا ظرف تو دیکھیے ذرا جلوہ طور ہے لیے اپنی حریم ناز میں
بیکسِ زار کا تو راز پھر بھی نہ پاسکا کوئی ہوتی رہی صدا بلند سوز کی، غم کے ساز میں

افسوس مبارک باغ گلی بھاٹان جہاں شاہانہ کروفر تھا اور جہاں مرد ہی نہیں عورتیں بھی شعر کہتی تھیں، یاد ماضی بن کر رہ گیا۔

حوالہ: شاعرات اردو، ص ۷۹۸ تا ۸۰۸

بزمؔ، شیام بہادر:

ولد کالکا پرشاد، کائستھ ۱۸۷۸ء کو بریلی میں پیدا ہوا، گریجویٹ تھا، فارسی جانتا تھا، گورنمنٹ اسکول سہارن پور میں ٹیچر تھا، ابتدا میں کنور بہادر فصیح لکھنوی کا شاگرد ہوا اور بعدہٗ دوارکا پرشاد حلم کا، ایک مجموعۂ نظمیات موسومہ بہ ''شعلہ مضطر'' مرتب کیا تھا جو غیر مطبوعہ رہا۔ از وست :

ہم فقیروں سے خفا ہو کے کوئی کیا لے گا ایک گھر بند ہوا دوسرا گھر دیکھ لیا

حوالہ: تذکرہ بہار سخن، ص ۷۰

بزمؔ، شیاما چرن:

ولد منشی دیبی پرشاد، کائستھ، ۲۶ / اپریل ۱۸۸۷ء کو بریلی میں پیدا ہوا، ۱۹۰۰ء میں اردو مڈل اور

۱۹۰۵ء میں انٹرنس کا امتحان پاس کیا، کسی اسکول میں ٹیچر ہوگیا۔۱۹۱۲ء میں مختاری کا امتحان پاس کیا اور کچہری میں مختار ہوگیا۔ موزوں طبع تھا، تلمیذ دوارکا پرشاد حلم۔ از وست :

قیامت کی ادائیں لے کر اس بت کا شباب آیا
جفا بن کر حیا آئی، ستم بن کر حجاب آیا
بے پیے ہم میکشوں کو سوجھتا ہی کچھ نہیں
روشنی آنکھوں میں آجاتی ہے ساغر دیکھ کر
ترقی کوشش و محنت سے ہی دنیا میں ہوتی ہے
تنزل ان کا لازم ہے جو ہمت ہار بیٹھے ہیں

حوالہ جات: تذکرۂ بہار سخن ص ۷۱، ہندو شعرا ص ۱۳۲

بیکلؔ، عبدالماجد:

تلمیذ حضور احمد خاں آثم، منصفی بریلی میں اہلمد، نعت گو۔ از وست :

بخشش ہماری حشر کے دن ہوگی بالیقیں رکھتے ہیں عشق سرور کون و مکاں سے ہم

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

بیچینؔ، لطافت علی:

تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر، از وست:

پھر جھکی گردن ہماری قتل ہونے کے لیے بہر استقبال پھر اوس شوخ کا خنجر اوٹھا

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں، بریلی بابت جون ۱۹۰۳ء

بیزارؔ:

اس کا مندرجہ ذیل شعر بہت مشہور ہوا:

زلفوں نے ہوا سے ہل ہل کر رخسار کو ان کے چوم لیا
یہ کالے کالے بادل ہیں جو چاند سے کھیلا کرتے ہیں

لیکن اس کم نصیبی کو کیا کہیے کہ کسی کو اس کا نام تک نہیں معلوم ہے۔ بریلی کے گلدستوں میں اس کی غزلیات شائع ہوئیں لیکن تخلص ہے نام نہیں، مجھے کافی جستجو کے بعد اتنا معلوم ہوسکا کہ وہ بخت عالم شاہ خاں شوخؔ کا بھائی تھا، جوانی میں فوت ہوا، اور شفیع الدین خواجہ کا شاگرد تھا۔ از وست :

منت نے میرے یار کو ہاتھوں سے کھو دیا　　جوڑے جو ہاتھ، ہاتھ میں داماں نہیں رہا

حوالہ: گلدستۂ بہارسخن بریلی بابت ۱۹۲۹ء

بسملؔ، عبدالصمد:

باشندہ قصبہ رچھا ضلع بریلی، تلمیذ محمد بشیر خاں بشیرؔ رچھاوی۔ از وست :

بخت برگشتہ کی صورت پھر گئے بسملؔ سے تم　　عمر رفتہ کی طرح اب پاس تک آتے نہیں

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی بابت ۱۹۱۴ء

بیتابؔ، سعادت ولی خاں:

ملکیوں کے خاندان کا فرد، ساکن محلّہ چک محمود شہر کہنہ بریلی۔ تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر۔ از وست :

یہ بھی اے جان کوئی عادت ہے　　گاہ الفت ہے گاہ نفرت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

بلیغؔ، محمد احمد:

ساکن محلّہ قاضی ٹولہ بریلی، تلمیذ قاضی عبدالحق زہیر۔ از وست :

مجھ سے چھپ چھپ کے غیر سے ملنا　　مجھ کو اس کی بڑی شکایت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

بیہوشؔ، بشیر احمد:

حکیم رضا حسین بیگ رضا، تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش کا شاگرد۔ از وست :

نازک ہیں آپ کھینچیں نہ شمشیر آبدار　　مجھ کو شہید کیجیے تیغ ادا سے آپ

حوالہ: گلدستۂ نشو ونما بریلی بابت ۱۹۰۳ء

بوالحسن، ابوالحسن:

ابتدا میں کس کا شاگرد ہوا معلوم نہیں، بعد کو مرزا رستم یار بیگ قیصر کا شاگرد ہوا، نعت گو تھا۔ اس کا مجموعۂ نعت مسمیٰ ''گلدستۂ نعت پیمبری'' سنہ ۱۳۰۳ ہجری مطابق ۱۸۸۶ء کو طبع ہوا۔ اسکا عہد آخر کا کلام ہم دست نہیں ہوا۔ از وست :

جدا رہنا نہیں مجھ کو گوارا یا رسول اللہ دکھا دو جلوہ تم اپنا خدا را یا رسول اللہ

حوالہ: گلدستۂ آئینۂ مغفرت ص ۲۱ ہفت روزہ ذوالقرنین بدایوں مئی ۱۹۷۹ء

بسمل، محمد یٰسین:

تلمیذ سید ہادی علی رواں۔ از وست :

زبان حال سے اُن کو سنایا وہ مطلب جو نہ آتا تھا زباں تک

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

بشیر، محمد بشیر خاں:

ساکن قصبہ رچھا، ضلع بریلی، غلے کا تاجر، متمول، شاعر اور مربی سخن۔ اس نے رچھا میں شمع شاعری روشن کی، مشاعرے کیے اور شاعروں کو جمع کیا، گلدستوں میں ان کی غزلیات چھپوانے کا اہتمام کیا۔ تلمیذ سعید اللہ خاں سعید رامپوری جو سید احمد علی رسا رامپوری کا شاگرد تھا، رسا کو شیخ علی بخش بیمار سے تلمذ تھا۔ از وست :

تم پاس ہو گلزار ہو ساون کی گھٹا ہو مے اڑتی ہو چلتی ہوئی کچھ باد صبا ہو
ہردم ہو تری یاد، ترا ذکر سدا ہوا دل میں ہو کبھی درد، کبھی لب پہ بکا ہو
رک رک کے ترے جور ہوں، تھم تھم کے جفا ہو تب لطف محبت کا ہو، چاہت کا مزا ہو
دل تو ہے وہی دل جو ترے جور سے خوش ہو وہ جان ہے جو مورد صد رنج و بلا ہو

کہنا کہ تڑپتا ہے بشیر جگر افگار
طیبہ میں گزر تیرا جو اے باد صبا ہو

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

بیتاؔب، مدن لال:

کائستھ، ورما، تلمیذ عبدالقادر مفتوں (م ۱۹۱۸ء)۔ ازوست :

دردو غم، رنج والم، یاس وقلق، آہ وبکا ان بلاؤں کے لیے یارب یہی گھر رہ گیا

حوالہ: ماہنامہ قومی زبان کراچی بابت مئی ۱۹۶۸ء

باقرؔ، سید باقر علی:

تلمیذ مہربان علی فرحاں، اس نے قاسم علی خواہاں سے بھی رجوع کیا، مشہور شاعر تھا، کلام میسر نہیں آیا۔ ازوست :

دز دیدہ نظر سے بھی نہ دیکھا مری جانب ہر چند سلام ان کو کیا، سر کو جھکا کے

جو اک آنسو بھی گر جائے گا اپنے دیدۂ تر کا ابھی ہو جائے گا صحرا میں پیدا چشمہ کوثر کا

قہر ہے خاک میں ملا کر وہ پوچھتے ہیں یہ کس کی تربت ہے

حوالہ جات: گلدستۂ ہوش افزا بریلی بابت فروری ۱۸۷۷ء، گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت جون ۱۹۰۲ء، اور اپریل ۱۹۰۳ء

باقرؔ، محمد باقر:

ساکن محلّہ صوفی ٹولہ بریلی، برادر رضاء الرحمٰن رحمٰن بریلوی، تلمیذ مرزا سعادت یار بیگ معجز۔ ازوست :

حال دل اس سے کہو باقر سنے جو غور سے درد دل کے واسطے درد آشنا ہو، کوئی ہو

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

بیخوؔد، وقار علی بیگ:

مرزا رستم یار بیگ قیصر کا نبیرہ اور شاگرد، مرزا سعادت یار بیگ معجز کا فرزند، تقسیم ہند کے بعد پاکستان میں آباد ہوا۔ وہاں کے حالات کا علم نہیں۔ ازوست :

قسمت سے میرے دل کا وہ خواہاں نہیں رہا درمان درد دل بھی اب آساں نہیں رہا

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

بیدلؔ، مکٹ بہاری لال:

پیدائش ۱۹۰۶ء میں، ساکن کٹرہ مان رائے بریلی، تعلیم آٹھویں جماعت تک، تجارت پیشہ، انبالہ اور دہلی میں بھی رہا۔ عمر آخر میں صابن سازی کا کاروبار شروع کیا، بوجہ گٹھیا پاؤں میں لنگ تھا، مجھ سے ملاقات تھی، بہت خلیق ملنسار اور متواضع تھا، مصائب کے باوجود خوش رہتا۔ تلمیذ بلدیو پرشاد سوزن، اس کی وفات ۳۱ رمئی ۱۹۶۵ء کو ہوئی۔ کشن لال ثاقب نے اس کی وفات کے بعد اس کا کلام بعنوان یادگار بیدل شائع کرایا۔ یہ مجموعہ ناگری رسم الخط میں ہے اور اس میں میرا مقدمہ بھی شامل ہے، بیدل صاف ستھرے پرتاثیر شعر کہتا تھا اور تلامذۂ سوزن میں نمایاں غزل گو تھا۔

از وست:

جانے کس بھیس میں کم بخت سحر آتی ہے — جس کی صورت میں مجھے شام نظر آتی ہے
توبہ توبہ میری گستاخ نگاہی توبہ — ہر نظر حشر کی مشتاق نظر آتی ہے
ان بہاروں کے فریبوں میں نہ آئے کوئی — گردش دور کی کچھ چال نظر آتی ہے
درد آتا ہے، دوا آتی ہے، غم آتے ہیں — جو بلا آتی ہے، بیمار کے سر آتی ہے
یاد آتا ہے جوانی کا کرم اے بیدل — چوٹ جھلسی ہوئی ہستی کی ابھر آتی ہے

قطعہ:

غم کے سانچے میں عیش ڈھالا ہے — سانپ کو آستیں میں پالا ہے
موت ہی اب حیات بخشے گی — زندگی نے تو مار ڈالا ہے

حوالہ: یادگار بیدل

پیارےؔ، نیاز علی خاں:

اس کا تخلص بہار بھی تھا، تلمیذ مولوی قاسم علی خواہاں۔ از وست :

نہ دل ہے اپنا قابو میں، نہ وہ ہیں دل کے قابو میں
بتوں کی کس طرح آخر، محبت دل سے نکلے گی

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی بابت مئی ۱۹۱۵ء

تسلیم، عبدالرحمٰن:

متولد قصبہ رچھا ضلع بریلی، بمبئی میں مقیم ہوا۔ اس نے راحت اور عبد بھی تخلص اختیار کیے، تلمیذ محمد بشیر خاں بشیر رچھاوی۔ اس کا دیوان ''تائید غیبی'' شائع ہو چکا ہے۔ ازوست:

جی بھر کے دم نزع تجھے دیکھوں میں اے جاں
بالیں سے مری اس گھڑی جانا نہیں اچھا

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی بابت ۱۹۱۴ء

تہوّر، تہور علی:

سہسوان بدایوں کی نقوی سادات سے تعلق رکھتا تھا۔ اس نے اپنی عمر بریلی میں بسر کی، بعد وفات (۱۹۴۷ء) مدفون بھی بریلی میں ہوا، بریلی کے مشہور وکیل فوجداری مولوی عزیز احمد خاں کا محرر تھا۔ اس کا فرزند سید ازور علی بریلی کا مشہور وکیل ہے۔ اس کو حسن رضا خاں حسن سے تلمذ تھا، اس کی غزلیات بریلی کے گلدستوں میں شائع ہوئی تھیں۔ ازوست:

جرم و خطا تہور عاصی کے بخش دے — یارب تو بے نیاز ہے رب غفور ہے
خرام ناز پہ طرہ نگاہیں نیچی نیچی ہیں — کہاں سیکھی یہ طرز دلربائی دیکھنے والے
آتا نظر آیا کوئی جاتا نظر آیا — دنیا میں نیا روز تماشا نظر آیا
مرگیا میں، چلو اچھا ہوا، جھگڑا چھوٹا — اب گلے ہوں گے نہ مجھ سے نہ شکایت ہوگی
ہوا آغاز خط کا عارض پرنور جاناں میں — گلوں پر آ کے کانٹوں نے کیا قبضہ گلستاں میں

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ مشاعرۂ بان خانہ بریلی بابت ۲۴ / مارچ ۱۹۲۴ء

تمنّا، عبدالمجید بیگ:

تلمیذ عبدالباسط قیس مہونوی۔ ازوست:

رات دن قبر پہ رہتا ہے حسینوں کا ہجوم — خاک میں مل کے تمنا یہ تماشا دیکھا

حوالہ: قومی زبان کراچی بابت مئی ۱۹۶۸ء

تفتہؔ، بدرالحسن:

مفتی محمد حسن امیر (م ۱۸۶۸ء) کا فرزند، بھوپال میں صدرالمہام کے عہدے پر فائز تھا، پنشن یاب ہونے کے بعد بریلی واپس ہوا اور محلّہ ذخیرہ میں سکونت اختیار کی۔ تلمیذ غلام بسمل اللہ بسمل ۳ے صاحب دیوان، غیر مطبوعہ جو مراد آباد میں کسی عزیز کے پاس تھا۔ گلدستۂ نہال سخن کا معطی اور سرپرست، نہال سخن میں اس کا کافی کلام شائع ہوا۔ مفتیان کی روش کے برخلاف تفتہ کے اشعار غزل میں شوخی نمکینی اور معاملہ بندی کا زور ہے۔ بہرنوع وہ بریلی کے عہد آخر کا ممتاز غزل گو تھا۔

مختصر انتخاب اشعار مندرجہ ذیل ہے:

نہ ہنوز شکل ہے میل کی نہ ظہور رفع ملال ہے — بس اسی پہ کہتے تھے ہم سے تم کہ ہمیں تمہارا خیال ہے
مجھے اور تم سے شکایتیں مجھے اور تم سے ملال ہو — نہیں میری جان نہیں نہیں، تمہیں کیا یہ وہم وخیال ہے
غم ہجر وقصۂ درد دل تمہیں کیا سناؤں گھڑی گھڑی — مجھے جانتے ہو قدیم سے، وہی میں ہوں اور وہی حال ہے
وہی ایک دل کا ہے مدعا وہی ایک دل کی ہے آرزو — نہ کچھ اور دل کی امید ہے نہ کچھ اور تم سے ملال ہے

وہ بھرے سے بیٹھے ہیں آج کچھ، کسی آرزو کا نہ ذکر ہو
نہ اُبل پڑیں کہیں تفتہ وہ کہ غضب کی چھیڑ، سوال ہے

الٰہی لب بہ لب سینہ بہ سینہ ہو کے گلشن میں — محبت سے وہ ڈالیں ہاتھ اپنے، میری گردن میں
پریشاں بال منہ پر گرد، خار الجھے ہیں دامن میں — ترا دیوانہ پھرتا ہے عجب انداز سے بن میں
چھلاوا ہے پری ہے، حور ہے یہ کون ہے یارب — ہزاروں شوخیاں بیٹھی ہوئی ہیں جن کی چتون میں
تغیر نام ہی کا ہے وگرنہ ایک ہی دونوں — جو شوخی ہے جوانی میں، شرارت تھی لڑکپن میں
نہ اٹھّیں کس طرح فتنے، نہ ہو محشر بپا کیوں کر — چلا آتا ہے کیسا جھومتا وہ مست جوبن میں

وہ خود بینی سے جیتے ہیں میں خود بینی پہ مرتا ہوں
دھرا ہی اور کیا ہے تفتہ، میری ان کی ان بن میں

ساتھ والے کسی حالت پہ نہیں چھٹتے ہیں — میں کہاں جاؤں مرے ساتھ مصیبت ہوگی
کچھ حیا، کچھ تمکنت، کچھ پاس وضع — مل ملاکر بے وفائی ہوگئی

تن کو ڈھانکا زخم دامن دار نے　　قدر کے قابل ہے عریانی مری
ساتھ خلوت میں اداؤں کے پَرے لائے ہیں　　آپ آئے بھی تو آرائش محفل ہوکر
تم کیا سمجھ سکوگے مرے دل کی آرزو　　لو کان میں سنو، کہ تمنا ہی اور ہے
دولت کی ہے طمع، نہ طلب جاہ و مال کی　　مطلب ترے فقیر کو اپنی گزر سے ہے
شعر گوئی سے ہے تفریح طبیعت مقصود　　جی کے بہلانے کو نیرنگ خیال اچھا ہے

اس کی وفات ۱۹۲۶ء میں ہوئی اور آبائی قبرستان میں مدفون ہوا۔

حوالہ: گلدستہائے نہال سخن بریلی

تسکینؔ، وقار حسین:

خلف شیخ اکرام حسین شاذ، پیدائش بہ سال ۱۸۸۵ء، ابتدائی تعلیم مولوی ضیاء اللہ خاں کے مکتب میں ہوئی۔ ایک ٹیوٹر سے انگریزی پڑھی، زمینداری تھی، وقت اور پیسہ لہوولعب میں خرچ ہوا، نہ تعلیم پوری ہوئی اور نہ گزر بسر کا مستقل ذریعہ پیدا ہوا۔ خاتمہ زمینداری کے بعد افلاس نے پکڑ لیا۔ میں جب اس سے ملاقات کے لیے گیا تو مسجد ڈومنی محلّہ ذخیرہ میں دودھ بیچنے کی دوکان تھی، بہت باوضع اور بااخلاق تھا، اس سے کتنے ہی شعرا کے حالات اور اشعار دستیاب ہوئے۔ وہ خود مفتی عماد الحسن محو کا شاگرد تھا، بریلی میں اس کی پہچان مندرجہ ذیل شعر بنا تھا :

زباں پر لا نہ سکوں، دل سے محو کر نہ سکوں　　خدا گواہ کہ وہ حرف مدعا ہوں میں

اس کا مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

منظر حسن و عشق اک منظر دل فگار ہے　　کوئی سر مزار ہے، کوئی تہ مزار ہے
عہد بہار کی قسم، جوش بہار کی قسم　　میں ہوں بہار کے لیے، میرے لیے بہار ہے
بن گئی بے نیاز شوق، عہد جنون کی زندگی　　اب نہ وہ جستجوے دید، اب نہ وہ انتظار ہے
جادۂ شوق میں ہر غم ہے چراغ منزل　　دل ہو روشن تو کہیں تیرگی پاس نہیں
دے تو رکھا ہے ہمیں، وعدۂ پیہم کا فریب　　کون کہتا ہے وفاؤں کا انھیں پاس نہیں
دہر کے ہر غم و راحت سے گزر جا اے دل　　کوئی حالت بھی یہاں قابل احساس نہیں

اس کا مکان بڑا بازار بریلی میں تھا جو اس نے بوجہ تنگدستی فروخت کر دیا۔ اس کے بعد مسجد ڈومنی کے پاس کرایے کے مکان میں رہا، بعد کو کانکڑ ٹولہ شہر کہنہ بریلی میں رہائش اختیار کی اور وہیں شاید ۱۹۶۰ء میں فوت ہوا۔

حوالہ: ماہنامہ پرواز بریلی، بابت فروری ۱۹۵۶ء

جنوںؔ، اشفاق احمد:

تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر، ساکن شہر کہنہ بریلی۔ از وست :

ہزاروں رنج و غم، لاکھوں ہی ارماں دل میں رہتے ہیں
دیا ہے جب سے دل ان کو، غرض مشکل میں رہتے ہیں

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی بابت ۱۹۱۵ء

جویاںؔ، سید معظم علی:

خلف اور شاگرد مولوی قاسم علی خواہاں۔ ۱۹۰۱ء میں پیدا ہوا، مروجہ اردو فارسی عربی درسی کتابیں پڑھنے کے بعد میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ مشنری بریلی میں نائب سرشتہ دار کے عہدے پر فائز تھا۔ ۱۹۴۲ء میں فوت ہوا اور اس کی جگہ اس کے فرزند سید تعظیم علی نقوی کو ملازمت مل گئی۔ نقوی نے ہی اپنے والد کے حالات اور کلام پر مطلع کیا۔ جویاں کا تمام سرمایۂ شاعری نقوی کے پاس کراچی میں ہے۔ از وست :

یہ ناز کم ہے حضرت خواہاں کے ہو خلف ۔۔۔ جویاں فن سخن میں تمہیں دستگاہ ہے
بے خودی رنگ وہ لائی مری، میخانے میں ۔۔۔ قصۂ ہوش مٹا ایک ہی پیمانے میں
زاہدو! توبہ کا لوں نام میں، توبہ توبہ ۔۔۔ کیسا پیمان، میرا دل تو ہے پیمانے میں
اثر سحر تھا کچھ رنگ بیاں میں اپنے ۔۔۔ کھینچ گئی صورت غم خود بخود افسانے میں
پارسائی کا اسی منھ سے ہے دعویٰ جویاں ۔۔۔ ہم نے دیکھا ہے تمہیں آنکھ سے میخانے میں
تم شافع محشر ہو، تم ساقی کوثر ہو ۔۔۔ کوئی بھی زمانے میں تم سا نہ سنا دیکھا

جوہریؔ، بھیروں پرشاد:

تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر، مختار عدالت بریلی۔ از وست :

پوچھتے کیا ہو حال دل میرا سب طرح آپ کی عنایت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہارِ بےخزاں بریلی، بابت اپریل ۱۹۰۳ء

جگرؔ، حسین احمد:

تلمیذ عبدالباسط قیس مہونوی، حافظ قرآن۔ از وست :

خط کی نمود سے نہ گھٹا حسن یار کا الجھا ہوا ہے کانٹوں میں دامن بہار کا

حوالہ: گلدستۂ بہارِ بےخزاں بریلی بابت جنوری ۱۹۰۳ء

جمشیدؔ، جمشید علی خاں:

تلمیذ قاضی عبدالحق زہیر۔ از وست :

درد بھی تیرے مریض غم کے فرط ضعف سے تھام کر دل کو، جگر پر ہاتھ رکھ رکھ کر اٹھا

حوالہ: گلدستۂ بہارِ بےخزاں بریلی، بابت جون ۱۹۰۳ء

جوشؔ، شمبھو سہائے:

خلف درگا سہائے، کائستھ سکسینہ، ساکن محلّہ بھوڑ بریلی، سال پیدائش ۱۸۷۶ء، آریہ پتر بریلی کا ایڈیٹر بھی رہا، اس کی غزلیات رسالہ مانسرو ور میں شائع ہوتی تھیں۔ غزلیات کے علاوہ قومی وملکی موضوعات پر نظمیں بھی لکھتا تھا، مرزا رستم یار بیگ قیصر کا شاگرد تھا، اس کی غزلیات گلدستۂ نہال سخن بریلی میں بھی شائع ہوئیں۔ قادر الکلام تھا، مائل بہ تصوف تھا، اس دور کے داغ گزیدہ ماحول میں منفرد وممتاز سا نظر آتا ہے۔ کوشش کے باوجود اس کا پتہ نہیں چلا، خود بریلی کے ہندو شعرا اس سے ناواقف تھے۔ مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے :

کون سا محفوظ، سیل اشک ہے، گھر رہ گیا یہ گری دیوار تو وہ بیٹھ کے در رہ گیا
پاس کس کے مال، کس کے ہاتھ میں زر رہ گیا وقت پر جس کو دیا، احسان اس پر رہ گیا

شوق تھا کس کی تواضع کا کہ اس عجلت کے ساتھ گرتے گرتے ہاتھ سے ساقی کے ساغر رہ گیا
دم نکلنے پر کہاں دل اور کہاں یہ حسرتیں صاحب لشکر سے کوسوں دور لشکر رہ گیا
نام جب باقی رہے، کارنمایاں کر کوئی آئینے کے ساتھ ہی نام سکندر رہ گیا
پہلے قاصد کا رہا اور اب ہے ان کا انتظار دل جو مضطر تھا، وہ پھر مضطر کا مضطر رہ گیا
قافیے وہ بندھ گئے جو بندھ گئے خوبی کے ساتھ
جوش اب جو رہ گیا، وہ خاک پتھر رہ گیا

شریک درد ہوگا بزم میں وہ جان جاں پھر بھی کبھی یہ دور دکھلائے گا دور آسماں پھر بھی
اگرچہ دے چکا ہوں دل مگر باقی ہے جاں پھر بھی ابھی مدنظر ہے ان کو میرا امتحاں پھر بھی
اگرچہ اشتیاق دید اٹھا کر لے چلا مجھ کو نہ پہنچا آستان یار تک یہ ناتواں پھر بھی
لگالو عالم حسرت میں گو حد سے زیادہ کی نہ پہنچے راز وحدت کو مگر وہم و گماں پھر بھی
شب غم بے خودی گو باعث تسکیں ہوئی آکر دل مضطر رہا کچھ دیر پہلو میں تپاں پھر بھی
رہے ہم آشنائے بحر عرفاں ایک مدت تک کنارے تک نہ پہنچی کشتی عمر رواں پھر بھی
ابھی نومشق ہے انداز ظلم و جور میں گردوں کیا برباد گو مجھ کو رہا نام و نشاں پھر بھی
تواضع میری عادت ہے حریف پست فطرت سے اگرچہ خم ہے، اونچا ہے زمیں سے آسماں پھر بھی
اوٹھے جب جوش ان کی بزم سے ہم، تب یہ فرمایا
ذرا تکلیف کرنا، حضرت جادو بیاں، پھر بھی

حوالہ: تذکرۂ بہار سخن ص ۱۱۵، گلدستۂ نہال سخن بریلی

جلیلؔ، ولی جان:

خلف سید احسان علی، اس کے مورث اعلیٰ خواجہ میر علی بہ زمانۂ نواب حافظ رحمت خاں بخارا سے بریلی تشریف لائے۔ اس کی سکونت محلّہ پھول والان بریلی میں تھی۔ اس نے اردو مڈل کا امتحان پاس کرنے کے بعد کلکٹری بریلی میں ڈاک محرری کی ملازمت کی اور حسن خدمت کے ساتھ ۱۹۶۰ء میں پنشن یاب ہوا۔ شفیع احمد عیش کا شاگرد تھا، ابتدا میں حذر تخلص تھا بعد کو تخلص جلیل اختیار کیا۔ صف

اساتذہ میں شمار کیا جاتا تھا۔ اشعار میں زبان لکھتا تھا۔ اس کا کلام ضائع ہوگیا، اس کے بھتیجے سے اس کی بیاض کے ۱۲ اوراق ہم دست ہوئے جو میں نے محفوظ کر لیے، نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

میرے مرنے سے یہ حالت ہوئی میخانوں کی ۔۔۔ قدر اب شیشوں کی باقی ہے نہ پیمانوں کی
سب سے ممتاز ہوں فہرست میں دل والوں کی ۔۔۔ میرا افسانہ ہے کیا، سرخی ہے افسانوں کی
کوئی کافر بصد انداز چلا آتا ہے ۔۔۔ یا خدا خیر مسلمانوں کے ایمانوں کی
ان کا شکوہ ہے عبث، ان کی شکایت بیکار ۔۔۔ ایک تو شمع ہے اور بھیڑ ہے دیوانوں کی
سچ تو ہے یہ نکالے بھی کہاں تک کوئی ۔۔۔ بھیڑ سی بھیڑ ہے دل میں مرے ارمانوں کی
جان دے دینا محبت میں ہے اک کھیل ان کا ۔۔۔ کیوں نہ شہرت ہو بھلا عشق میں پروانوں کی
زباں لکھتے ہیں وہ ان کو زباں لکھنے کی عادت ہے ۔۔۔ کبھی مضموں کی سمت اہل زباں جایا نہیں کرتے
مے کشو بڑھ کے قدم لینا ذرا زاہد کے ۔۔۔ راہ پر آتے ہیں حضرت بڑی تدبیروں سے
تڑپتے لوٹتے ہی کٹ گئی آنکھوں ہی آنکھوں میں ۔۔۔ قیامت ہے شب وعدہ نہ وہ آئے نہ خواب آیا
وہ بلاتے ہیں مجھے یا مرے گھر آتے ہیں ۔۔۔ رہ گئی ہے فقط اب اتنی سی الجھن باقی
بہت سنتے تھے شہرہ وسعت میدان محشر کا ۔۔۔ نہ نکلا اپنی قسمت سے بہ انداز جنوں وہ بھی
اسی امید میں دی جان بیمار محبت نے ۔۔۔ کہ آ کر دیکھ لیتے اک نظر حال جنوں وہ بھی
جلیل اب حالت میخانہ تو دیکھی نہیں جاتی ۔۔۔ کہ ہیں رکھے ہوئے دو چار ساغر واژگوں وہ بھی

۱۹۶۱ء میں فوت ہوگیا۔

جمیلؔ، جمیل الرحمٰن خاں:

پٹھان، خلف حاجی عبدالرحمٰن خاں، سال پیدائش ۱۸۸۶ء، علوم عقلیہ ونقلیہ سے واقف، انگریزی پڑھی اور انٹرنس کا امتحان پاس کیا۔ مولوی احمد رضا خاں سے بیعت ہوا۔ چراغ مجلس، حیات ذاکر، کفیل بخشش، علم بخشش، تحقیقات قادریہ اور مخزن البرکات اس کی تصنیفات کے نام ہیں۔ اس کی نعتیہ شاعری پر مشتمل قبالہ بخشش ۱۹۲۱ء میں شائع ہو کر مقبول ومعروف ہوا۔ حسن رضا خاں حسن کا شاگرد تھا۔ اس نے نعت گوئی میں حسن کا کامیاب اتباع کیا۔ اس کی مقبولیت میں آج

بھی کوئی کمی نہیں ہوئی ہے۔ از وست :

حمد ہے اس ذات کی جس نے مسلماں کردیا — عشق سلطان جہاں سینے میں پنہاں کردیا
جلوۂ زیبا نے آئینے کو حیراں کردیا — مہر ومہ کو ان کے تلووں نے پشیماں کردیا
اے شہِ لولاک تیری آفرینش کے لیے — حق نے لفظ کن سے پیدا ساز وساماں کردیا
ہوگئی کافور ظلمت، دل منور ہوگئے — جس طرف بھی اس نے اپنا روئے تاباں کردیا
نعمت کونین دے کر ان کے دست پاک میں — دونوں عالم کو خدا نے ان کا میہماں کردیا
یاد فرما کر قسم حق نے زمین پاک کی — خاک نعل مصطفیٰ کو تاج شاہاں کردیا
گریہ و زاری نے راتوں کو تری ابر کرم — مثل گل صبح قیامت ہم کو خنداں کردیا
ہے جمیل قادری پہ فضل اللہ ورسول — اس کا مرشد حضرت احمد رضا خاں کردیا
وہ حسن ہے اے سید ابرار تمہارا — اللہ بھی ہے طالب دیدار تمہارا
سر ہے وہی سر، جس میں تیرا دھیان ہے ہر آن — اور دل ہے وہی جو ہے طلب گار تمہارا
ہر وقت ترقی پہ رہے درد محبت — چنگا نہ ہو مولیٰ کبھی بیمار تمہارا
اٹھ جائے مدینے سے لحد کا مری پردہ — میں دیکھ لوں وہ چاند سا رخسار تمہارا
لاشے کو کریں دفن مدینے میں فرشتے — مر جائے اگر ہند میں بیمار تمہارا

اس کی وفات ۱۹۲۵ء میں ہوئی۔ مجھے اس کے حالات اس کے فرزند حمید الرحمٰن خاں نے کراچی کے بھیجے تھے جو کراچی جانے سے پہلے جامع مسجد قلعہ بریلی میں امامت نماز پر مامور تھا اور جس سے میری بھی یاد اللہ تھی۔

جویاؔ، رام بہادر لال:

کائستھ، ساکن قصبہ آنولہ ضلع بریلی، تلمیذ حکیم رگھبیر سہائے بریاںؔ ہے، زمیندار اور خوش حال۔ ایام جوانی میں مہاراجہ اجودھیا کا میر منشی تھا۔ تعلیم زیادہ نہیں تھی، کتب بینی کا شوق تھا اور اہل علم کی صحبت میسر تھی، استعداد سخن رکھتا تھا، تمام عمر خامہ فرسائی کی لیکن اشاعت کتب سے غافل رہا۔ دیوان غزلیات، مجموعہ نظمیات، دیوان نعت، دو ناول پیراہن یوسفی اور خونابۂ حسرت اور ایک کتاب محاورات

اردو پر یادگار چھوڑیں۔اس کے مرنے کے بعد(م ۱۹۴۸ء)اس کے تلامذہ نے انجمن جویائے سخن قائم کر کے غزلیات وغیرہ کا ایک انتخاب بعنوان ''سرو چراغاں'' ۱۹۶۴ء میں شائع کرایا۔جس سے وہ مکمل گمنانی سے بچ گیا۔مذکورہ انجمن کی جانب سے کوئی اور کتاب شائع نہیں ہوئی۔۵ے

جویا زبان کی نزاکتوں سے واقف تھا۔جذبات و مضمون نگاری میں طہارت خیال و بیان کا خیال رکھتا۔جویا کے معیار سخن کے متعلق یہی کہا جا سکتا ہے کہ اس کی غزلیات میں اعلیٰ تغزل،اس کی ہنگامی موضوعات پر نظمیات میں حب الوطنی اور سیاسی بصیرت اور اس کی ذات میں ایسی بزم آرائی تھی کہ بریلی و بدایوں کے ہندو تلامذہ صف اساتذہ میں شمار ہوئے اور طبقہ ہندوان میں اردو شاعری خوب پھیلی،خوب مقبول ہوئی۔بدایوں میں رادھا رمن جوش نے اور بریلی میں بلدیو پرشاد سوزن نے اپنے ہندو شاگردوں کے ذریعہ اردو شاعری کی غیر معمولی اشاعت کی۔

جویا آنولوی کی ایک غزل کا انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

کاہش غم نہ سہی،کاوش ارماں نہ سہی — نہ سہی چین مجھے،اے شب ہجراں نہ سہی
زخم دل پر کرم سودۂ الماس تو ہے — نہ سہی کاوش احسان نمکداں نہ سہی
حضرت دل کا لقب کوئی تو ہوتا تجویز — دشمن جاں ہی سہی،دشمن ایماں نہ سہی
ان کے دشمن دم وعدہ متفکر کیوں ہیں — مری تسکیں کو ''نہیں'' ہے تو سہی،ہاں نہ سہی
آخر اس کشمکش عذر میں ٹوٹا تو کوئی — دل مضطر ہی سہی، آپ کا پیماں نہ سہی
کچھ تو احساس مرے دردِ جگر کا ہو انہیں — سر بہ زانو ہی سہی،سر بہ گریباں نہ سہی

ناخن فکر سے تم کھول تو دیکھو جویا
گرۂ شعر و سخن عقدۂ آساں نہ سہی

حوالہ:سرو چراغاں

چاندرانی:

متولد بریلی بہ سال ۱۸۸۹ء،قوم کائستھ،دختر منشی لکشمی نرائن جوہر بریلوی،نواسی رام سہائے تسلیم تلمیذ حاتم علی مہر اکبرآبادی (م ۱۲۸۷ھ/۷۱-۱۸۷۰ء)۔اہلیہ الفت رائے اردو ہندی

انگریزی اور فارسی پر قادر، اردو نثر و نظم نگاری کا شوق تھا، ادیب الہ آباد، زمانہ کان پور، چاند لاہور وغیرہ میں مضامین شائع کرائے۔ اردو مضامین کے دو مجموعے ہندی اور بنگالی میں ترجمہ ہونے کے بعد مہلا گورب کے نام سے شائع ہوئے۔ اس کو رباعی گوئی کا شوق تھا اور کافی تعداد میں رباعیاں تحریر کیں۔ اپنے عہد میں رباعی نگاری کی حیثیت سے مشہور ہوئی۔ از وست :

مرنا برحق ہے، خوف مرنے سے کیا — جو بات اٹل ہے اس میں ڈرنے سے کیا
عقبیٰ کی ہے فکر چاند رانی لازم — جو فعل زبوں ہیں ان کے کرنے سے کیا

زیور سے نہ زر نہ مال و دولت سے ہے — انساں کی قدر آدمیت سے ہے
فعلوں پہ نگاہ چاند رانی رکھنا — عزت اپنی خود اپنی عزت سے ہے

چاند رانی ۲۶ ستمبر ۱۹۱۸ء کو فوت ہوئی۔

حوالہ: مضمون چاند رانی از ویریندر پرشاد سکسینہ ص ۳،۴، ہماری زبان علی گڑھ یکم جولائی ۱۹۶۷ء

حافظ، تفضّل حسین:

اس کے تین تخلص اور دو استاذ تھے، ابتدا میں حسن رضا خاں حسن کا شاگرد ہوا اور بعد کو مولوی قاسم علی خواہاں کا۔ اس کے حافظ، حکیم اور راغب تخلص تھے۔ گلدستوں میں غزلیات چھپوانے کے شوق میں تین تخلص اختیار کیے اور گلدستۂ بہار بے خزاں کے ایک ہی شمارے میں بالعموم دو غزلیات دو تخلصوں سے شائع کرائیں۔ اس نے پایان کار راغب تخلص اختیار کیا اور اسی تخلص سے مشہور ہوا۔ ساکن رچھا، کانجی ہاؤس موضع رٹھورہ تحصیل نواب گنج ضلع بریلی میں محرر تھا، فارغ الاصلاح ہونے کے بعد اپنے شاگردوں کا کلام بھی درست کیا، صاحب دیوان تھا، دیوان ہم دست نہیں ہوا۔ از وست:

قد بالا کی جب سے شہرت ہے — پردۂ شرم میں قیامت ہے۶ے
مرض عشق پر فدا صحت ہے — موت میں زندگی کی لذت ہے
کون سا چاند آج نکلے گا — کس لیے جمع ساری خلقت ہے
تیرے ملنے کی، میرے بچنے کی — کوئی تدبیر کوئی صورت ہے

پوچھتے کیا ہو حال عاشق کا
شکر ہے آپ کی عنایت ہے
کیا کہوں حال درد ہجر حکیم
بندہ پرور بڑی مصیبت ہے
باغ جہاں میں چین ملا ہے کسی کو کب
کھٹکا لگا ہوا ہے ہر ایک گل کو خار کا
شہرہ ہوا ہے نکہت گیسوے یار کا
کافور نام کیوں نہ ہو مشک تتار کا
گر یہی حالت طول شب فرقت ہوگی
ہجر کی رات مجھے صبح قیامت ہوگی

پرانے لوگ اس سے واقف تھے اور ان سے ہی مختصر حالات کا علم ہوا۔

حوالہ جات: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت جنوری و اپریل ۱۹۰۳ء

حامیؔ، بشن نرائن:

دیبی پرشاد صادق (م ۱۹۲۱ء) کا فرزند، پنڈت کشمیری، باشندۂ بریلی، ۱۸۹۶ء میں پیدا ہوا، دفتر ریلوے میں ملازم ہوا، کچھ دن بعد ملازمت سے استعفا دے کر ممبئی پہنچا اور وہاں راجہ سر بنسی لال، ریاست حیدر آباد دکن کا پرائیوٹ سکریٹری مقرر ہوا۔ بہت سوشل باذوق اور مشہور انسان تھا، فارسی کی استعداد عمدہ تھی، نعت گو بھی تھا، کلیات حامی موسومہ بہ ''پارۂ دل'' کانگریس پریس دہلی سے ۱۹۳۳ء میں شائع ہوئی، جس میں خمسہ جات، رباعیات، سیاسی و معاشرتی منظومات، منظوم حکایات اور رامائن سے ماخوذ ایک طویل نظم سلوچنا سمباد شامل ہیں۔ کلیات کے مطالعے سے حامی کی وسعت نظر اور قادر الکلامی کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس کی منظومات میں جہاں قدیم ہندی تہذیب سے دلچسپی کا اظہار ہوا وہاں عصری سماجیات کا شعور بھی ملتا ہے۔ انتخاب غزلیات مندرجہ ذیل ہے:

کب شب وصل بھی انداز ستم جاتے ہیں
آج وہ شام سے کہتے ہیں کہ ہم جاتے ہیں
شیخ خاطر سے تری سوئے حرم جاتے ہیں
ورنہ ہم لوگ تو بت خانے میں بھی کم جاتے ہیں
سرد مہری کا اثر یہ ہے کہ جب روتا ہوں
آ کے آنسو بھی مری آنکھ میں جم جاتے ہیں
بے خودی ہم کو لیے جاتی ہے اس کوچے میں
ہم نشیں ورنہ کہیں آپ سے ہم جاتے ہیں
بیٹھتے ہی نہیں حامی کبھی احباب کے پاس
اور کبھی بیٹھ بھی جاتے ہیں تو جم جاتے ہیں
بخشیں مجھے توفیق اگر نعت کی حامی
بھولوں نہ کبھی عمر بھر احسان محمد

کل جوانی کی خاک قدر نہ کی　　آج افسوس ہے جوانی کا
دل میں پیکان رہا جاتا ہے　　ان کا احسان رہا جاتا ہے
نام آوری کے شوق نے بدنام کر دیا　　ہم خوار ہو گئے ہوس عز و جاہ میں

حوالہ جات: تذکرۂ بہار سخن ص ۱۳۶، ہندو شعرا ص ۴۹، ہندو شعرا در بار رسول میں حصہ ۲ ص ۱۳، کلیات حامی ص ۸۲

حافظؔ، محمد جان:

تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر، از وست:

ادا پہ اون کی ادا والے لوٹ ہو جاتے　　نظر سے اون کی شکاری، شکار ہو جاتا

حوالہ: گلدستۂ شکوہ یار بجنور، بابت مئی ۱۹۱۰ء

حسرتؔ، احفاد حسین:

تلمیذ مولوی علی حسن شاعر۔ از وست:

کہا میں نے کہ مرتا ہوں، میں اے جان جہاں تم پر
تو بولے جھوٹ کہتے ہو، ہر اک جینے پہ مرتا ہے

حوالہ: ماہنامہ کمال دہلی، جنوری ۱۹۱۲ء

حسرتؔ، وقار علی بیگ:

خلف سعادت یار بیگ معجز، منشی کامل اور گریجویٹ، تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر، خانوادۂ قیصر کا نمایاں شاعر۔ از وست:

ملنے کو پھر ملیں گے مگر قصہ مختصر　　اب وہ ہمارا حال پریشاں نہیں رہا
دنیا کی دیکھ دیکھ کے نیرنگ سازیاں　　حیراں ہوں اس قدر کہ میں حیراں نہیں رہا
رکھ چھیڑ چھاڑ دستِ جنوں، اس سے کیا غرض　　دامن نہیں رہا کہ گریباں نہیں رہا

پاکستان میں فوت ہوا۔

حوالہ جات: گلدستۂ بہار سخن بابت ۱۹۲۹ء، تاریخ روہیل کھنڈ عاصی ص ۲۸۷

حکیم، انبا پرشاد:

تلمیذ شفیع الدین خواجہ (م ۱۹۴۶ء) ساکن بزریہ موتی لال بریلی۔ از وست :

داماں تو کہہ رہا تھا کہ ہو خیر جیب کی
چلائی جیب ہائے گریباں نہیں رہا

حوالہ: گلدستۂ بہار سخن بابت ۱۹۲۹ء

حامد، حامد رضا خاںؒ:

مولوی احمد رضا خاںؒ کا فرزند، پیدائش ۱۸۷۴ء عالم دین، محدث، خطیب قادیانت کے رد میں ایک رسالہ لکھا اور ایک رسالہ مسئلہ اذان پر، فتاویٰ کا مجموعہ شائع ہو چکا ہے۔ ملا جلال پر حاشیہ لکھا جو ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔ ۱۹۰۵ء میں حج بیت اللہ شریف کیا، نعت گوئی میں شہرت پائی، مجموعۂ نعت شائع نہیں ہوا، اس کا ایک مخمس مسمیٰ نغمۂ توحید بہت مقبول ہوا جس کا ایک بند مندرجہ ذیل ہے:

دل مرا گدگداتی رہی آرزو آنکھیں پھر پھر کے کرتی رہیں جستجو
عرش تا فرش ڈھونڈ آیا میں تجھ کو تو نکلا اقرب زحبلِ ورید گلو
اللہ، اللہ، اللہ، اللہ ہُو

اور یہ مقطع نعت:

حضور روضہ ہوا جو حاضر، تو اپنی سج دھج یہ ہوگی حامد
خمیدہ سر، آنکھ بند، لب پر میرے درود و سلام ہوگا

وفات ۱۹۴۳ء میں بحالت سجدۂ نماز ہوئی۔

حوالہ: تذکرۂ نعت گویان بریلی، ص ۵۱

حمید، حمید اللہ خاں:

مولانا حسن رضا خاں حسن کا داماد اور شاگرد، حسن سے پہلے عبدالحق زہیر سے تلمذ تھا، حسن کی وفات (۱۹۰۸ء) کے بعد مولوی قاسم علی خواہاں سے وابستہ رہا، اس کے فرزند عتیق اللہ خاں

امید (م ۱۹۶۷ء) نے مجھے بتایا تھا کہ اس کے پدر کے دو دواوین تھے ایک بہاریہ شاعری پر مشتمل اور دوسرا نعتیہ شاعری پر لیکن دونوں دواوین لاپتہ ہوگئے۔ اس کا کلام ہم عصر گلدستوں میں شائع ہوتا رہا جس سے مندرجہ ذیل اشعار نقل کیے جاتے ہیں:

کیسے پہنچیں گے کوئے جاناں تک — مال و زر ہے نہ زور طاقت ہے
کسی مجروح سے پوچھے کوئی زخموں کی لذت کو — کوئی بیدرد کیا جانے، تڑپنے میں مزا کیا ہے
جگر تھامے ہوئے دیکھا مجھے، تو ہنس کے یہ بولے — نصیب دشمناں کیسی طبیعت ہے، ہوا کیا ہے
اثر اس میں بھی کچھ کچھ آگیا ہے دست نازک کا — مری گردن پہ خنجر بھی ترا، رک رک کے چلتا ہے
دل اڑالے گئی عیار کی دزدیدہ نظر — خواب میں لوٹ لیا دیکھ کے غافل مجھ کو
موت آتی ہے شبِ ہجر نہ وہ آتے ہیں — سہل مرنا نہیں، جینا بھی ہے مشکل مجھ کو
قابل داد ہے قسام ازل کی تقسیم — یار کو حسن دیا، دردبھرا دل مجھ کو
ابھی سے ٹکڑے ٹکڑے کیوں گریباں ہوتے جاتے ہیں — بہار آئی نہیں، وحشت کے ساماں ہوتے جاتے ہیں

مندرجہ ذیل نعت مولوی تحسین رضا خاں تحسین نے فراہم کی:

خدا نے کر کے بھیجا احمد مختار دنیا میں — بہاریں لے کر آئے خلد کی سرکار دنیا میں
نکل جائیں کرم سے تیرے دل کے سب کے سب ارماں — مجھے بھی ان کا ہو جائے خدا، دیدار دنیا میں
نبی، کیسے نبی جو رحمۃ للعالمیں ٹھہرے — نہ آیا کوئی بھی ایسا نبی غم خوار دنیا میں
کوئی سائل گیا خالی نہ ان کے آستانہ سے — شہنشاہ مدینہ کا وہ ہے دربار دنیا میں
حمید ان کے دراقدس سے ملتی ہے مجھے روزی — کہ سب کو صدقہ دیتے ہیں مرے سرکار دنیا میں

قاضی عبدالحق زہیر کی طرح تراکیب کا استعمال نہیں کرتا تھا۔ جنگ عظیم دوم کے زمانے میں زندہ تھا، شاید تقسیم ہند سے پہلے فوت ہوا۔

حوالہ جات: گلدستۂ بہار بےخزاں بریلی بابت اپریل و جون ۱۹۰۳ء، گلدستۂ کمال دہلی بابت جنوری ۱۹۱۲ء، گلدستۂ نہال سخن بریلی، تذکرۂ نعت گویان بریلی ص ۵۳

حسرتؔ، آل احمد، منشی:

تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر۔ از وست :

الٰہی کون آیا سرو قد سیر گلستاں کو نہالان چمن شور مبارک باد کرتے ہیں

حوالہ: گلدستۂ گلزار نعت بریلی، بابت اگست ۱۹۲۰ء

حیراںؔ، محمد خلیل:

خلف قاضی محمد جمیل المتخلص بہ جنون تلمیذ غالب، سال پیدائش ۱۸۷۰ء مدرسۂ عالیہ رامپور میں علم حاصل کیا۔ مفتی سلطان حسن خاں احسن تلمیذ غالب کی دختر سے شادی ہوئی۔ بریلی کا رئیس اعظم اور مصلح قوم۔ بریلی کی علمی، تعلیمی اور ادبی ترقی میں حصہ لیا، اس نے پانچ اور چھے نومبر ۱۹۱۱ء کو اپنے مکان پر کل ہند مشاعرہ نعتیہ کیا جس کا ذکر آج تک ہوتا ہے۔ اس مشاعرے کا کلام رسالہ کمال دہلی کے جنوری تا اپریل ۱۹۱۲ء کے شماروں میں شائع ہوا، اس وقت مذکورہ شمارے تاریخی دستاویز ہیں۔

گلدستۂ بہار بےخزاں بریلی بابت جون ۱۹۰۳ء میں جو غزل محمد خلیل حیراں کی شائع ہوئی اس کے سرعنوان اس کو تلمیذ حسن تحریر کیا ہے۔ بزرگوں کی زبانی یہ سننے میں آیا کہ بوجہ عقائدی اختلاف استاذ و شاگرد کا تعلق فسخ ہوگیا تھا ۸ے۔ حیراں نے خلیل الدین حسن حافظ پیلی بھیتی سے مشورۂ سخن کیا اور حافظ پیلی بھیتی (م ۱۹۲۹ء) کی حینِ حیات باہمی مودت قائم رہی۔ حیراں کا کلام ناپید و نایاب ہوگیا۔ بہت مختصر انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

جس نے سنا وہ شوق میں دیوانہ ہوگیا افسوں کسی کے حسن کا افسانہ ہوگیا
مرنے سے مرنے والے کا قصہ ہوا تمام لو آج ختم عشق کا افسانہ ہوگیا
ساقی کی بدلی آنکھ تو ہوش اڑ گئے مرے پھرنا نگہ کا، گردش پیمانہ ہوگیا
صورت زبان حال سے کرتی ہے خود بیاں میں آپ اپنے حال کا افسانہ ہوگیا
ملک عدم بسا تو بسے، رنج تو یہ ہے صحرا مرے نہ ہونے سے ویرانہ ہوگیا
نکلا جو زلف یار سے دل، یہ ستم ہوا بیڑی کٹی تو اور بھی دیوانہ ہوگیا
حیراں یہ دو ہی دن میں ترا حال کیا ہوا فرزانہ تجھ سا عشق میں دیوانہ ہوگیا

بجز خارِ تمنا کچھ نہ پایا باغ عالم میں
گلوں کا ذکر کیا، کانٹوں سے بھی محروم داماں تھا
نظر آتی نہیں صورت کہ وہ صورت نظر آئے
پھرا کرتا ہے آنکھوں میں، نظر سے دور رہتا ہے

میں نے ایک مفصل مضمون اس کے متعلق تحریر کیا تھا جو معارف اعظم گڑھ بابت دسمبر ۱۹۸۷ء میں شائع ہوا۔ اس کی وفات ۷؍جنوری ۱۹۳۹ء کو بہ مرض ضیق النفس ہوئی اور اپنے آبائی قبرستان میں مدفون ہوا۔

حوالہ جات: خمخانۂ جاوید، جلد۲ص ۵۳۴، تاریخ روہیل کھنڈ عاصی ص ۳۱۱، ماہنامہ کمال دہلی بابت جنوری ۱۹۱۲ء، گلدستۂ بہارِ بےخزاں بریلی بابت جون ۱۹۰۳ء

حافظؔ، محمد عمر:

تلمیذ مولوی قاسم علی خواہاں، اس کو اپنے مندرجہ ذیل شعر کی وجہ سے شہرت ملی:

تمہاری ہاں میں اور اپنی دعا میں فرق اتنا ہے
تمہارے لب سے نکلے گی، ہمارے دل سے نکلے گی

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

حلمؔ، دوارکا پرشاد:

اس کی دریافت میں اس کے فرزند بھگوان داس نے میری مدد کی، اس کے حالات بتائے اور اس کی بیاض اشعار بھی برائے مطالعہ عاریتاً دی۔

حلم ۱۸۸۲ء میں پیدا ہوا۔ رائے شمن لال اس کا جد اعلیٰ تھا۔ اخبار نویسوں کا خاندان تھا۔ حلم کے والد کا نام منگلی لال تھا، کائستھ سکسینہ، ساکن مداری دروازہ بریلی۔ اردو فارسی پڑھی، بریلی کالج بریلی سے ایف اے کا امتحان پاس کیا، زمینداری کی دیکھ بھال کی اور پی ڈبلیوڈی بریلی میں ملازمت بھی، تلمیذ حسن بریلوی۔ غزل گو اور طرز داغ کا پیرو، اس کی بیاض میں ایک نظم بھگت سنگھ

پر ہے، حسن کے ارشد تلامذہ میں شمار کیا جاتا ہے۔ اس کے اپنے بھی تلامذہ تھے، مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

کسی ناکام حسرت کی شب غم یوں بسر ہونا ۔۔۔ کبھی ہیجان دل ہونا کبھی درد جگر ہونا
نہ دیکھا ایک شب بھی اپنے گھر میں جلوہ گر ہونا ۔۔۔ مرے کس کام آیا آپ کا رشک قمر ہونا
یہ مانا دید کے قابل کسی کی بزم رنگیں ہے ۔۔۔ مگر اے دل وہاں اپنا تو مشکل ہے گزر ہونا
پلانی ہے تو میخوارو پلاؤ جا کے مسجد میں ۔۔۔ نہیں لازم ہے میخانے میں ہی زاہد کے سر ہونا
نہ مانگیں اپنے مرنے کی دعا تو کیا کریں آخر ۔۔۔ قیامت ہے اسیروں کے لیے بے بال و پر ہونا
محبت میں نہ لینا کام تم اے حلم عجلت سے ۔۔۔ فدا ہونا کسی پر تو سمجھ کر سوچ کر ہونا

عدو سے رنج قاصد، اس حسیں کا ۔۔۔ نہ فقرہ دے ہمیں، جھوٹا کہیں کا
کسی نے شرم سے گردن جھکا لی ۔۔۔ جو ہم نے تذکرہ چھیڑا کہیں کا
مرے دل میں رہے، آنکھوں سے پردہ ۔۔۔ نیا پردہ ہے اس پردہ نشیں کا
دل عشاق کو میٹھی چھری ہے ۔۔۔ اشارہ اس نگاہ شرمگیں کا
اگر ہے جان پیاری تم کو اے حلم ۔۔۔ نہ کرنا عشق اس پردہ نشیں کا

اس کی وفات ۲۰؍دسمبر ۱۹۴۰ء کو ہوئی۔

حوالہ جات: بیاض قلمی، تذکرۂ بہار سخن ص ۱۴۰، ہندو شعراص ۱۵

حیرانؔ، سید احمد:

تلمیذ محمد حسن سحر بدایونی شاگرد حسن بریلوی، حسن کی وفات کے بعد قاسم علی خواہاں سے رجوع کیا۔ ساکن محلّہ باقر گنج بریلی، پنشنر محکمہ پولس۔ اس کے تلامذہ کثرت سے تھے لیکن ان کا تعلق اعلیٰ یا متوسط طبقے سے نہیں تھا جس کی وجہ سے وہ گمنام سے ہوگئے۔ اس کے مشاعرے امام باڑہ معماران، بہاری پور بریلی میں ہوتے تھے اور کلام مشاعرہ گلدستۂ آفتاب ادب میں شائع ہوتا تھا۔ اس گلدستے کی ادارت مولوی قاسم علی ۹ے وکیل کے سپرد تھی، اس کی شاعرانہ حیثیت بہت بلند نہ سہی لیکن اس نے بریلی میں شعر و سخن کو فروغ دیا جو خود اپنی جگہ ایک اہم بات ہے۔ از وست:

جوشِ جنوں میں پھوڑیں گے دیوانے سر کہاں — جائیں گے تیرا چھوڑ کے پھر سنگ در کہاں
صیاد نے قفس میں بھی کانٹے بچھائے ہیں — فریاد ہم قفس میں کریں بیٹھ کر کہاں
کیا حشر میں بھی دید نہ ہوگی ہمیں نصیب — کیا حشر میں بھی غیر کہیں گے ''ادھر کہاں''؟
اے چارہ گر ابھی سے یہ تدبیر کس لیے — یہ تو سمجھ ابھی ہے جنوں جوش پر کہاں
اتنی تو ہے خبر، کوئی جلوہ دکھا گیا — اتنی خبر نہیں ہے کہ ہم ہیں، مگر کہاں
ڈھلتی رہی ہے حضرت حیراں کہیں ضرور — میخانے میں نہ تھے، تو رہے رات بھر کہاں
عشق نے کردیا لذت کش آزار مجھے — وجہ آرام نہ کیوں ہو خلش خار مجھ
آج کل سے بھی مرا حال برا ہے شاید — دے رہے ہیں جو تسلی مرے غمخوار مجھے
ہو چلا ہے بہت اونچا مرے سر سے پانی — لے نہ ڈوبے کہیں اب دیدۂ خونبار مجھے
دہن زخم کی اب پیاس بجھاؤں کس سے — نظر آتی ہے کشیدہ تری تلوار مجھے
بارہا ڈالی نظر، بارہا دیکھا حیراں — ہے وہی پھر بھی مگر حسرت دیدار مجھے

حیراں کی وفات ۱۹۶۴ء میں ہوئی۔

حوالہ: گلدستۂ آفتاب ادب بریلی بابت ۱۹۳۱ء

حیرتؔ، مرزا یعقوب بیگ:

پسر اور شاگرد مرزا رستم یار بیگ قیصر، ابتداً تخلص یعقوب تھا، بعد کو حیرت اختیار کیا، ججی بریلی میں پیشکار تھا، تقسیم ہند کے بعد پاکستان گیا اور وہیں فوت ہوا، میری اس سے دو ایک بار ملاقات ہوئی تھی، اس کے پاس اس کے دادا مرزا عباس بیگ نادر اور والد مرزا رستم یار بیگ قیصر کا مطبوعہ و غیر مطبوعہ کلام تھا جو وہ اپنے ساتھ لاہور لے گیا اور معلوم نہیں اس کا کیا انجام ہوا، خود بھی صاحب دیوان اور صاحب تلامذہ تھا۔ بریلی کے گلدستوں میں غزلیات شائع کراتا تھا۔ از دست :

یہ دیکھنا قریب ہے منزل کہ دور ہے — سب شوق کی کمی ہے، کمی کا قصور ہے
دل کی پسند پر ہے فقط امتیاز حسن — آجائے جس کسی پہ طبیعت وہ حور ہے
ہے ناز شوخیوں پہ تو آجاؤ سامنے — حاضر مقابلے کو دل ناصبور ہے

اے اجل ہجر کی شب کیسے کٹے گی تنہا   تو چلی آئے گی تو تیری عنایت ہوگی
گناہوں کا ہے کیا کم بوجھ یارو   کفن ڈالو نہ جسم ناتواں پر
تمہاری زلف سے نسبت اسے خدا نے دی   شب فراق میں کیوں اختصار ہوجاتا
یہ انساں دل میں کیا کیا سوچتا ہے   خدا جانے ہے منظور خدا کیا
الٰہی اس سے مرجائیں تو اچھا   بری تقدیر کو روئیں کہاں تک

حوالہ جات: گلدستۂ بزم سخن بریلی بابت مارچ ۱۹۲۴ء، گلدستۂ نہال سخن بریلی بابت ۱۹۱۵ء، گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

حرماںؔ، مکٹ بہاری لال:

کائستھ، ساکن محلّہ بھوڑ بریلی، تعلیم واجبی، تلمیذ رگھبیر سہائے بریاں اور اختر نگینوی تلمیذ داغ۔ میں نے اس کو ۱۹۴۹ء میں بزم احباب کے مشاعرے میں دیکھا اور سنا تھا۔ دھوتی پر کرتہ اور کوٹ پہنے ہوئے تھا، ایک ہاتھ میں موٹا ڈنڈا اور دوسرے ہاتھ میں لالٹین ۸۰ ؁۔ اس نے لالٹین، بتی کم کر کے ایک کونے میں رکھ دی۔ اس کی گفتگو کا لہجہ اور تلفظ دیہاتی تھا لیکن آواز میں بہت شیرینی اور اپنائیت تھی۔ اس کو ہر شاعر نے ہاتھوں ہاتھ لیا اور اس سے نعت پڑھنے کی فرمائش کی جس کے متعلق وہ مشہور تھا۔ مجھے افسوس ہے کہ میرے پاس یا بزم احباب کے ریکارڈ میں اس کا وہ کلام محفوظ نہیں رہا، جو اس نے اس رات پڑھا تھا۔ میں نے اس سے ملاقات کی کوشش کی لیکن معلوم ہوا کہ وہ پیلی بھیت کے کسی دیہات میں کاشتکاری کرانے کی وجہ سے وہیں رہتا ہے۔ اس رات کے بعد اس کا پتہ نہیں چلا۔ تاہم میں اس کی ایک نعت ہی نقل کر رہا ہوں جو اس نے مشاعرۂ سیرت ۱۹۴۳ء میں پڑھی تھی۔

وادی نعت میں کچھ بادیہ پیمائی ہے   اس لیے منھ سے مرے مشک کی بو آئی ہے
شاہ طیبہ میں تری ذات گرامی پہ نثار   شان میں تیری کسے قوت گویائی ہے
بارِ عصیاں سے مرا سر نہیں اٹھتا سر حشر   تیری امید شفاعت مجھے لے آئی ہے
کفر کو کعبۂ دل میں نہیں رہنے دوں گا   روضۂ پاک محمد کی قسم کھائی ہے

میں گدا اس شہ بطحا کا ہوں جس کے در پر	بھیک لینے کے لیے خلق خدا آئی ہے
فخر اے شاہ ہے مجھ کو تیری امت میں ہوں	ناز ہے مجھ کو کہ یہ دل تیرا شیدائی ہے

حشر کے روز ترے در پہ شفاعت کے لیے
ایک حرماںؔ ہی نہیں، خلق خدا آئی ہے

حوالہ: گلدستۂ مشاعرہ سیرت بابت ۱۹۴۳ء، برمکان حاجی ولی اللہ شیشہ والا بریلی

خوبؔ، خوب داد خاں:

چیف کمی سیریٹ کلکتہ میں ہیڈ اسسٹنٹ کے عہدے پر فائز تھا۔ گلی بھاٹان، قلعہ روڈ بریلی میں مکان تھا، اس کی رہائش کوٹھی مبارک باغ میں تھی۔ کوٹھی میں ہر قسم کے اشجارِ ثمر وگل تھے۔ بیڑیوں کے ذریعہ بجلی کا انتظام تھا، قوال اور قصہ خواں ملازم تھے، بطور قصہ خواں سید جالب دہلوی بھی ملازم تھا۔ سخن سنج تھا، ذوق کے شاگرد فیض دہلوی سے تلمذ تھا۔ ایک دیوان مرتب کیا جس کا نام ''دیوان خوب سفینۂ مرغوب'' ہے۔ انگریزی زبان میں شاعری پر مبنی مجموعے کا نام ''پواے ٹیکل جمس'' ہے۔ اس کی وفات بعارضۂ فالج ۱۹۰۳ء میں ہوئی۔ از وست:

جب کبھی تیغ بکف گھر سے وہ قاتل نکلا	سر کے بل شوق شہادت میں مرا دل نکلا
سگ دلدار کو بھی ہے نفرت	نہیں چھوتا ہمارے استخواں کو

حوالہ: تذکرۂ شاعرات اردو، ص ۵۵۰، گلدستۂ پروانہ میرٹھ نومبر، ۱۸۹۶ء

خندہؔ، شجاعت علی:

میری والدہ جنت مکانی کا نانا، ساکن محلّہ بہاری پور کسگران بریلی، ملازم گورنمنٹ ہائی اسکول بریلی، پڑوسی حکیم عبدالصمد سرشار (م ۱۹۲۷ء) تلمیذ حسن رضا خاں حسن بریلوی (م ۱۹۰۸ء) ہزل گو ۱۸۹۸ء۔ اس کی ہزلیات گلابی رنگ کے کاغذ پر (تعداد صفحات آٹھ) شائع ہوئی تھیں۔ از وست:

ایک سے ایک شب ہجر میں بڑھ کر آیا	کبھی پسو کبھی کھٹمل کبھی مچھر آیا

حوالہ: خمخانۂ جاوید، جلد ۳ ص ۶۰

خاکی، عباد اللہ:

ساکن قصبہ رچھا ضلع بریلی، تلمیذ نذیر خاں نذیر رچھاوی، از وست:

ہم بھی دامان وفا کو چھوڑنے والے نہیں　　بے وفائی سے اگر اپنی وہ باز آتے نہیں

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی بابت ۱۹۱۴ء

خیاؔل، سلطان حسین:

پیشہ محرری، تلمیذ سعادت یار بیگ معجز۔ از وست:

کیسے اچھے ہو تم، خدا کی قسم　　کیسی بھولی تمہاری صورت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

خادمؔ، محمد یار خاں:

میلاد خواں، تلمیذ قاسم علی خواہاں۔ از وست:

بعد فنا بھی گردش گردوں نصیب ہے　　اڑتی پھری ہے خاک ہماری، ہوا سے آپ

ہے یہ آواز اس کی ٹھوکر کی　　اٹھو مُردو، بپا قیامت ہے

حوالہ: گلدستۂ نشو ونما بریلی بابت ۱۹۰۳ء، گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

خنجرؔ، تیغ بہادر:

تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر۔ از وست:

کچھ ایسا بے خبر ہوں کہ اپنی خبر نہیں　　جب سے کہ مجھ کو عشق کسی بے خبر سے ہے

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن، بریلی

خواجہؔ، شفیع الدین:

علی حسن شاعر کا فرزند، ساکن محلّہ ذخیرہ، نزد چاہ خرم بریلی۔ متداول علوم گھر پر حاصل کیے، بعد کو انٹرنس کا امتحان پاس کیا، بریلی کی کچہری میں ملازم ہوا اور وہیں سے پنشن پائی۔ اپنے سخن پر اپنے

والد سے اصلاح لی، بے حد زود گو اور مقبول استاذ تھا۔ لوگ اس کو استاد خواجہ کہتے تھے، اس کے متعلق مشہور تھا کہ وہ اپنے شاگردوں کو بھی صاحب دیوان بنا دیتا ہے۔ خود اس نے کئی دواوین مرتب کیے لیکن گھر کے اسباب کی چوری کے ساتھ وہ بھی تلف ہو گئے۔ اس کا کلام ہم عصر گلدستوں میں شائع ہو، اور نہ اس کے اشعار نہیں ملتے۔ از وست :

داماں نہیں رہا کہ گریباں نہیں رہا — اب کوئی پردۂ تنِ عریاں نہیں رہا
گزرے ہوئے ہیں حد تجاوز سے ظلم و صبر — اب کوئی جانبین کو ارماں نہیں رہا
زلفیں ہٹا کے پیار کیا، آنکھ کھل گئی — میں درمیان خواب پریشاں نہیں رہا
ہمدردئ سحاب بہ حد ستم رسید — نام و نشان گور غریباں نہیں رہا
زاہد بتوں کا عشق کوئی ترک دیں نہیں — تیری زبان سے میں مسلماں نہیں رہا
دست جنوں سے کھینچ کے اگر رہ گیا سہی — داماں سے بڑھ گیا تو گریباں نہیں رہا

معراج یاس، خواجۂ مضطر ترے نثار
وہم و گماں، حسرت و ارماں نہیں رہا

خواجہ ۶/جون ۱۹۴۷ء کو فوت ہوا۔

حوالہ: گلدستۂ بہار سخن بریلی بابت ۱۹۲۹ء

خلیلؔ، سید نظیر جان:

سید ولی جان کا برادر خرد ۸۲؁، ساکن محلّہ پھول والان بریلی، محلّہ چنگی بریلی اور بار لائبریری بریلی میں ملازمت کی، تلمیذ ہادی علی رواں (م ۱۹۳۳ء) از وست:

اک فقط ان کا گلہ ان کی شکایت ہے عبث — کوئی ایسا بھی حسیں ہے جو ستم گار نہ ہو

پنشن یاب ہوا، ۱۳/رجب ۱۳۹۵ھ/ ۲۱/جولائی ۱۹۷۵ء کو فوت ہوا۔

حوالہ: گلدستۂ لطف سخن بریلی، بابت ۱۹۳۰ء

دلاورؔ، دلاور علی:

خلف بہادر علی، باشندۂ آنولہ ضلع بریلی، فن کشتی کا ماہر، اطراف ہند کی سیاحت کی، زندہ دل اور

شگفتہ مزاج، جوانی بے اعتدالی میں گزاری، چالیس سال کی عمر میں فوت ہوگیا۔ ان پڑھ تھا، لیکن صاف اور سلیس اشعار لکھنے پر قادر تھا۔ از وست :

تجھے خنجر بکف دیکھا تو اے قاتل خیال آیا　　لہو ہوگا نہ کس کس کا ترے دست حنائی پر

حوالہ: سہ ماہی اردو کراچی بابت جون ۱۹۷۲ء

دردؔ، صدیق حسن، مفتی:

مفتی عماد الحسن محوؔ کا فرزند اور شاگرد، مراد آباد میں سکونت اختیار کی۔ صاحب دیوان کلام بامزہ اور نمکین، اس کے حالات واشعار پر اس کے برادر خرد مفتی صادق حسن صادق نے مطلع کیا۔ از وست :

آشنا ہوکر، زمانے سے کیا نا آشنا　　اے نگاہ ناز تونے، مجھ کو یہ کیا کردیا
لذت بیداد نے خوگر کیا تقصیر کا　　خواہش جور و جفا نے اس کو بندا کردیا

خدا جانے ہوا کیا، حضرت واعظ کو سودا ہے　　جو رندوں سے الجھ پڑتے ہیں اور تکرار کرتے ہیں
نگہ رک کر چلے گی، پھر رکے گی دو قدم چل کر　　بڑی اٹھکھیلیاں کرتی تری محفل سے نکلے گی
آپ کیوں پھر گئے مجھ سے مری قسمت کی طرح　　آپ کیوں روٹھ گئے مجھ سے مرادل ہوکر

تکمیل محبت کیا ہوتی، تکمیل تمنا کیا کرتے
عنوان محبت کرکے یہاں، تقریب تمنا بھول گئے
کچھ حالت دل کی کہنا تھی، کچھ ہجر کے صدمے کہنا تھے
اے بے خودیٔ دل کچھ ہوش نہیں، کیا ان سے کہا کیا بھول گئے
اب لطف حیات اے دردؔ کہاں غم زیست میں لاکھوں ہیں پنہاں
کچھ ایسے پھنسے ہم گردش میں سب ہنسنا ہنسانا بھول گئے

میں نے اس کو کُل ہند اردو کانفرنس بریلی منعقدہ ۱۹۵۸ء کے مشاعرے میں آخری بار دیکھا تھا شاید اس کو فوت ہوئے تیس برس گزر چکے۔

دردؔ، عبد الودود:

اس کا باپ مولوی غلام جیلانی اور اس کا دادا مولوی اشفاق حسین دونوں ہی ڈپٹی کلکٹر تھے۔

مولوی اشفاق حسین نے سہسوان بدایوں سے منتقل ہوکر بریلی میں سکونت اختیار کرلی تھی۔ اس کا تعلق سہسوان کی نقوی ومودودی سادات سے تھا۔ اس کو عربی اور فارسی میں مہارت تھی۔ علی گڑھ کے پروفیسر نثار احمد سے دوستی تھی جس کے زیر اثر مغربی افکار اور مغربی ممالک کی ترقی سے واقف ہوا۔ ذاتی طور پر ایک روشن خیال مولوی تھا۔ سیاسی میدان میں آل انڈیا کانگریس ورکنگ کمیٹی کا ممبر تھا۔ تحریک عدم تعاون اور تحریک خلافت کے ایام میں چھ ماہ قید فرنگ میں رہا جس کے نتیجے میں صحت تباہ ہوگئی۔ اٹھارہ برس تک میونسپل بورڈ بریلی کا ممبر رہا۔ بریلی میں مسلم ایجوکیشن کی توسیع کے سلسلے میں سر آغا خاں اور آفتاب احمد خاں کے وفود سے تعاون کیا۔ شہر کے روسا کے اشتراک سے جن میں میرے نانا سید اسحاق علی (م ۱۹۳۶ء) بھی شامل تھے، آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس علی گڑھ کی بریلی میں شاخ قائم کی۔ موجودہ اسلامیہ کالج بریلی، اسلامیہ گرلس انٹر کالج بریلی، اسلامیہ مانٹیسری انگلش اسکول اور اسلامیہ بیسک اسکول بریلی مذکورہ کانفرنس کے ماتحت ہی چل رہے ہیں۔ اسلامیہ گرلس انٹر کالج بریلی اس کی کوٹھی ''رین بسیرا'' میں قائم ہوا اور آج بھی وہیں قائم ہے۔ اسلامیہ گرلس انٹر کالج کا آغاز لڑکیوں کے اسکول سے ہوا تھا اور جس کے بانی میرے ماموں سید الطاف علی (م ۱۹۸۵ء) ہیں۔ اس کی وفات بہ عارضہ تپ دق ۲۸/جون ۱۹۲۹ء کو ہوئی۔ باغ گڈّڑ کے قبرستان میں مدفون ہوا۔ میں نے اوائل عمر میں اس کی پختہ قبر اور کتبۂ مزار دیکھا تھا۔ اب اس ویرانے میں آبادی ہی آبادی ہے۔ قبر کا نشان نہیں ملتا۔

شاعری میں عبدالودود درد، مفتی عماد الحسن محو کا شاگرد تھا۔ میرے خیال میں تلمذ برائے نام تھا کیوں کہ مولانا درد کی روشن خیالی کسی قید و بند کی متحمل نہیں تھی۔ اس کے علاوہ اس کی دلچسپی غزل سے زیادہ قطعات میں تھی جو وہ بالعموم فی البدیہہ لکھتا تھا۔ حسن پرست اور سیاسی واصلاحی خیالات کا انسان تھا جس نے اس کی رومانٹک نظموں اور قطعات کو ادبی حیثیت بخشی۔ اس نے بریلی کی تاریخ شاعری میں باضابطہ نظم نگاری کا آغاز کیا اور مقام حیرت ہے کہ اس نے بعض ایسے موضوعات پر لکھا جس پر اردو شاعروں کی نظر نہیں پڑی تھی جیسے ''اڑانے تختے'' وغیرہ۔ انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

غزل:

یاوہ تڑپ تھی میرے دل بیقرار میں پایا سکون آہ سکوت مزار میں

جو اک نظر میں خاک کو کرتے تھے کیمیا
اب زیر خاک سوتے ہیں کنج مزار میں
جو ہیچ جانتے تھے قبائے حریر کو
باقی نہیں کفن بھی اب ان کے مزار میں
اب وحشت و جنوں کا نہیں ہے مجھے دماغ
ہوں منتظر خزاں کا میں فصل بہار میں
ان کے ہرے دوپٹے پہ ریشم کے سرخ پھول
کلیاں کھلی ہوئی ہیں درخت انار میں
او مست جور و ناز تجھے کچھ خبر نہیں
کیا درد پر گزرتی ہے شب ہائے تار میں

منظومات:

دیکھیے وہ چارپائی بُن رہا ہے کھٹ بنا
یہ کماتا ہے مڈل پاسوں کی نسبت دس گنا
آٹھ دن سے کھٹ بنے کی تھی تلاش و جستجو
ڈھونڈھتے پھرتے تھے اس کو میرے نوکر کو بہ کو
تھے تلاش و جستجو میں سب ملازم ہم ردیف
ایک ہفتے میں کہیں جا کر ملے ذات شریف
خیر یہ تو ایک معمولی گھریلو بات ہے
اس سے میرا مدعا اس بات کا اثبات ہے
ایک بی اے یا کہ کوئی میٹرک درکار ہو
دیکھیے درخواستوں کی کس قدر بھرمار ہو
اور مڈل پاسوں کی کثرت کی تو کچھ کہیے نہیں
ہوگئی ہے تنگ ان آفت کے ماروں پر زمیں
پھر ادھوری اور یہ ناقص پڑھائی کس لیے
لازمی تعلیم کی ہر سو دہائی کس لیے
لازمی تعلیم ہو تو لازمی صنعت بھی ہو
ہو اگر شدبد تو اس کے ساتھ کچھ حرفت بھی ہو
واقعہ یہ ہے کہ مجھ سے بے پڑھا یہ کھٹ بُنا
تین چہرہ دار۸۳ شاہی ایک دن میں لے گیا
دیدہ ریزی کچھ نہ تھی، چلتا چلاتا کام تھا
ایک دن میں دو پلنگ بُن کر کے وہ چلتا بنا
ہے مڈل پاسوں کی قیمت آٹھ یا دس ماہوار
کھٹ بُنا بہتر ہے اب فرمایئے؟ یا اہلکار
(کھٹ بُنا)

بھیجتا ہوں حضرت واجد۸۴ کو تھوڑے فالسے۸۵
ان کو نسبت ہے کسی کافر ادا کے خال سے
یا کسی زاہد کی یہ تسبیح کا اک دانہ ہے
یا شراب عیش و عشرت کا کوئی پیمانہ ہے
چاشنی کو اس کی چکھوں یا کہ شیرینی کو میں
حسن صورت اس کا دیکھوں یا کہ رنگینی کو میں
تو ہے اک گھنڈی قبائے مخملینِ یار کی
یا کوئی اکسیر گولی درد کے آزار کی
یا سر پستاں ہے جس کو چوستے ہیں بار بار
اک زمانہ اسکا شیدائی ہے مثل شیر خوار

زہرمہرہ ہے خطائی یا کہ خاتم کا نگیں
یا کسی قتالہ عالم کی چشم سرگیں

یا کہ شکل و رنگ میں چھوٹی سی اک چکنی ڈلی
یا کسی رنگین گل کی ناشگفتہ اک کلی

یا ستارہ ہے کوئی یا کوئی پیپل دانہ ہے
یا کہ صہبائے محبت کا کوئی پیمانہ ہے

یا کہ انگریزی مٹھائی ہے جو رنگا رنگ ہے
یا کسی سونے کے کانٹے کا یہ اک پاسنگ ہے

یا لگا دی ہے گرہ قدرت نے بہر یادداشت
تا کہ ذکر حق نہ بھولیں لوگ وقت شام و چاشت

یا جواہر تولنے کا ایک چھوٹا باٹ ہے
یا کسی کے نیل کا بگڑا ہوا اک ماٹ ہے

چھان ڈالی میں نے دنیائے تخیل فالسے
پر ہوا واقف نہ میں کچھ بھی ترے احوال سے

(فالسہ)

کوٹھی میں جتنے بھی پھلوں اور پھولوں کے پیڑ تھے ان سب پر مولانا درد کی منظومات ملتی ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ بیسویں صدی عیسوی کی پہلی اور دوسری دہائی میں جب مغربی تعلیم، سیاسی اور سماجی دباؤ اور جدت پسندی کے زیر اثر نظم نگاری رومانٹک طرز پر شروع ہوئی اور سرور جہان آبادی (م۱۹۱۰ء) سے حفیظ جالندھری کی ابتدائی نظمیات تک کا سفر طے ہوا تو ان شعرا میں مولانا درد کا ایک علیحدہ مقام تھا حالانکہ یہ اور بات ہے کہ ان کی شہرت بریلی تک محدود رہی۔

پرنسپل عبدالشکور نے درد کے کلام شعر کو مرتب کیا اور اپنے مقدمے کے ساتھ نظامی پریس بدایوں سے ۱۹۳۹ء میں شائع کرا دیا۔ اس مجموعے کا نام درد و انبساط ہے اور اس کا نسخہ اسلامیہ کالج بریلی کی لائبریری میں محفوظ ہے۔ درد و انبساط کو نئی ترتیب، نئے مقدمے اور مفصل حواشی کے ساتھ بار دگر شائع کرانے کی ضرورت ہے کیونکہ اس کے اوراق میں بریلی کی سیاسی و سماجی تاریخ کا ۱۹۰۰ء سے ۱۹۲۹ء کا دور بھی محفوظ ہے۔

حوالہ: ایک طالب علم کی ڈائری ص ۷۰، درد و انبساط، مقدمہ و ص ۶۱، ص ۷۳، ص ۱۲۶، تخلیقات و نگارشات ص ۲۶۹

ڈوریؔ، ڈوری لال، بھگت:

ساکن موضع گینی پرگنہ آنولہ ضلع بریلی، ۱۲۹۷ھ مطابق ۱۸۸۰ء میں لالہ گھاسی رام رامپوری کا

ایک بارہ ماسہ بعنوان پیا کہانی مطبع قیصری بریلی سے شائع ہوا جس کے صفحہ پندرہ پر ڈوری کا بھی بارہ ماسہ ملتا ہے۔اس مختصر بارہ ماسہ کی لسانی حیثیت ہے کیونکہ یہ برج بھاشا کا ایسا نمونہ ہے جس پر کھڑی اوراودھی کے اثرات ملتے ہیں۔دراصل یہی بریلی کے دیہاتوں کی زبان ہے۔شہری زبان پر کھڑی کا اثر زیادہ ہے۔خیر، بارہ ماسہ مندرجہ ذیل ہے :

من موہن سوہن بن ہے نہ چین دن راتی

جیٹھ جوال جراوت پی بن چین نہ آتی　　چین ۸۶ میں ہر کبیر گھر برمے برہاویا کھستاتی

من موہن سوہن بن ہے نہ چین دن راتی

اساڑھ ماس باڑھ گیو برہا ساون بجلی ڈراتی　　بھادوں بھوک پیاس سب بھاجی انسون جل برساتی

من موہن سوہن بن ہے نہ چین دن راتی

کنورے ۸۷ نندک کمار نہ آئے کاتک بیج نہ ساتی　　اگہن بسرگئی سدھ تن من کی بن بن ڈھونڈن جاتی

من موہن سوہن بن ہے نہ چین دن راتی

پوس ماس نس سسکت بیتے ماہ ناتھ آئی پاتی　　پھاگن گھر آنگن میں ڈوری ہر بھر بھیٹے چھاتی

من موہن سوہن بن ہے نہ چین دن راتی

بریلی کی تاریخ شاعری میں یہ واحد بارہ ماسہ ہے جو اتفاقاً برآمد ہوا۔

حوالہ: پیا کہانی ص ۱۵

ذکی، عبداللہ:

خلف الٰہی بخش، متولد قصبہ رچھا ضلع بریلی، تلمیذ محمد بشیر خاں بشیر رچھاوی۔ از وست :

جان من بھول کے بھی آپ نہ پوچھیں جب بات　　جان کیوں کھوئے کوئی آپ پہ مائل ہو کر

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی بابت ۱۹۱۴ء

ذکی، امیر احمد:

تلمیذ مولوی خلیل الدین احمد صدیقی راضی تلہری تلمیذ داغ دہلوی۔ از وست :

گو ایک سے ایک حسن میں اچھا نظر آیا　　انداز ترا سب سے نرالا نظر آیا

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

رسواؔ، لیاقت حسین:

تلمیذ شفیع احمد عیش (م ۱۹۴۷ء) از وست:

وہ شب وعدہ جو آئے بھی تو یہ کہتے ہوئے　　بیٹھ کر اب کیا کریں، کہنا تمہارا کر دیا

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی، بابت ستمبر ۱۹۱۵ء

رشکؔ، بہاری لال:

بھیروں پرشاد جوہری، تلیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر۔ از وست:

اے شہِ حسن روبرو تیرے　　ماہ و خورشید کو بھی خجلت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہار سخن بابت اپریل ۱۹۰۳ء

رستمؔ، رستم لال:

تلمیذ بلدیو پرشاد سوزن، ساکن محلّہ بھوڑ بریلی، پیشہ معلّمی، اس کے ہم عصر شعرا اس کی تعریف کرتے تھے، اس کا کلام جستجو کے بعد بھی میسر نہیں آیا۔ از وست:

شیشۂ دل ہے کہ کوئی سنگ وخشت　　کھینچ مارا ہے جسے دیوار سے

حوالہ: گلدستۂ بہار سخن بریلی بابت ۱۹۲۹ء

رحیمؔ، رحیم بخش:

خلف فقیر محمد، ساکن بریلی، متولد رچھا، پیشہ طبابت، تلمیذ محمد بشیر خاں بشیر رچھاوی۔ صاحب دیوان اور صاحب تلامذہ۔ از وست:

حشر میں اس وحشت دل کی شہادت کے لیے　　دشت کا ہر خار اپنا ہم زباں ہو جائے گا

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی، بابت ۱۹۱۴ء

روشنؔ، پنولال:

تلمیذ مفتی عماد الحسن محو، از وست:

عاشق کا دل دکھاتے ہیں ناحق جفا سے آپ　　فرمایئے، کہیں گے وہاں کیا خدا سے آپ

حوالہ: گلدستۂ نشو ونما بریلی، بابت ستمبر ۱۹۰۳ء

رحمٰن، رضاء الرحمٰن:

ساکن صوفی ٹولہ شہر کہنہ بریلی، تلمیذ سعادت یار بیگ معجز، بریلی کے دور آخر کا مشہور غزل گو، اس کا دیوان شائع نہیں ہوا، بریلی گلدستوں میں جو غزلیات شائع ہوئیں وہ ہی پیش نظر ہیں۔ از وست:

چل دیے کیسے دبے پاؤں وہ، مجھ کو دیکھ کر — غیر کی جانب بھی چپکے سے اشارہ کر دیا
نہ تو کوئی دل میں سمائے اب نہ خیال غیر کا آئے اب — کہ یہاں ہے پردہ نشیں کوئی، یہ کسی کی بزم خیال ہے
وعدہ بھی کیا یار نے تو وعدۂ فردا — دلوایا یقیں بھی تو قسم غیر کی کھا کے
کیا جانیں آئینہ میں وہ کیا دیکھ رہے ہیں — انداز یہ کہتا ہے ادا دیکھ رہے ہیں
فرقت کی شب جو دل پہ ہجوم محن ہوا — نالہ نکل کے دل سے غریب الوطن ہوا
سوز دروں سے کچھ نہ رہا پردۂ حیا — پروانہ جل کے خاک سر انجمن ہوا
ذرا تم دیکھ لو ترچھی نظر سے — ہماری حسرتوں کا خوں بہا کیا
بات کرتے دل سے بھی ڈرتا ہوں میں — منھ سے نکلی اور پرائی ہوگئی

شوخی طبع اور شوخی تخیل کی یہ گلکاری، معاملہ بندی اور زبان دانی، کم سے کم شہر کہنہ بریلی کے اس عہد کے ماحول شاعری میں منفرد سی نظر آتی ہے۔

حوالہ: گلدستۂ ہائے نہال سخن بریلی

رواںؔ، ہادی علی:

دور آخر کا ایک اہم شاعر جس کی پہچان یہ شعر بن گیا:

رواںؔ پتا یہ چلا انتہائے منزل پر — کہ اب یہاں سے چلوں تیری جستجو کے لیے

فرزند اور شاگرد مولوی قاسم علی خواہاں۔ عربی و فارسی داں، میٹرک پاس، ججی بریلی میں ملازم، نعت اور غزل کا شاعر، نعتیہ کلام کا مجموعہ مسمیٰ بوستان نعت ۱۹۰۷ء میں شائع ہوا لیکن مجھے نہیں مل سکا۔ ''فیض جاوداں'' ۱۳۴۰ھ مطابق ۱۹۲۱-۲۲ء (قلمی) جو اس کا دیوان غزلیات ہے، اس کے بارہ اوراق اس کے پسر سید افتخار علی سے برائے مطالعہ حاصل ہوئے۔ اس کے متعلقین نے بتایا کہ دواوین سید تعظیم علی نقوی کے پاس کراچی میں ہیں۔ بہر نوع میری نظر میں سید مہربان علی فرحاں

کے بعد خاندان مولویان بریلی میں اس سے بہتر شاعر پیدا نہیں ہوا۔ اس کی غزل میں مضمون، تخیل، شدت احساس، درد کی میٹھی کسک، باوقار شوخی، تصوف و تفکر کا اسلوب واضح ہے۔ مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

ضبط نے درد جو پہلو میں دبا رکھا ہے
گریۂ چشم نے طوفان اٹھا رکھا ہے

مسلک عشق میں جو رسم ہے الٹی ہے
بے وفائی کا یہاں نام وفا رکھا ہے

اللہ اللہ یہ ہے نسبت طاعت اپنی
ہم نے مجبوریوں کا نام خدا رکھا ہے

تو جو پیارا ہے، ترا درد بھی پیارا ہے مجھے
داغ دل میں نے کلیجے سے لگا رکھا ہے

اے رواں اس بت کافر کو خدا کہہ دیتے
کیا کہیں پاس شریعت نے دبا رکھا ہے

پہلے تو ہم زبان میں پیدا اثر کریں
پھر آرزو کو وقف دعائے سحر کریں

کچھ دل میں درد ہو تو دعائیں اثر کریں
زخم جگر کو مرہم زخم جگر کریں

اٹھ کر کسی کے در سے رواں جائیں ہم کہاں
دو دن کی زندگی ہے یہیں اب بسر کریں

کبھی نادم ہوں کیے پر، کبھی گریاں ہوں میں
تیری رحمت نے سکھائے یہ بہانے مجھ کو

ذکر یاران گزشتہ کا نہ چھیڑ اے ہمدم
کہ رلاتے ہیں بہت، ایسے فسانے مجھ کو

اے رواں اب وہ کہاں بزم، وہ ساقی وہ رند
یاد آتے ہیں وہ جلسے، وہ زمانے مجھ کو

دل دینا ہم تو سمجھے تھے اک دلّگی کی بات
تمہید لا کھ غم کی ہوئی، نہ خوشی کی بات

تقسیم جام وخم میں ہے ساقی کا کیا قصور
خود اپنا اپنا ظرف ہے بیشی کمی کی بات

دراصل آدمی تو کوئی چیز ہی نہیں
ہے اصل یہ کہ ہوتی ہے کچھ آدمی کی بات

ہر روز دیکھتا ہوں کہ حالت خراب ہے
اللہ کیا اسی میں ہے کچھ بہتری کی بات

فیض سخن سے عمر ابد پائی اے رواں
گو میں نہ تھا، رہی مری زندہ دلی کی بات

دل مرحوم افسانہ ہے میرا، ایک عالم میں
مری مرگ جوانی کا کہاں ماتم نہیں ہوتا

گھر میں بیٹھے ہوئے دنیا کی خبر رکھتے ہیں
اللہ اللہ، یہ نظر، اہل نظر رکھتے ہیں

دم ہے آنکھوں میں، کسی کا منتظر ہوں دیر سے
اے اجل دم لے، ابھی سے کیوں تقاضہ کر دیا

ابھی تو ہوش سے باہر ہیں مشتاق جمال ان کے
جو اٹھ جائے حجاب درمیاں، برپا قیامت ہو

روآں کشتی خدا پر چھوڑ بھی دو — اٹھائے کون منت ناخدا کی
پردے پردے میں وہ لطف بیکراں کرتے رہے — تھے بہت غم، پھر بھی دل کو شادماں کرتے رہے
شوق کہتا ہے کہ پوری آرزوے وصل ہو — ضبط کہتا ہے کہ پاس دامن قاتل رہے
اب ڈھونڈتا ہے صحبت یاران ہم نشیں — وہ دل کہ وجۂ برہمی انجمن ہوا
جو دن کاٹا مصیبت کا، تو رات آئی قیامت کی — جیے مرمر کے یوں شام جدائی دیکھنے والے
اجل اس تیز رفتاری سے آئی — کہ پیچھے رہ گئی عمر رواں تک
رواں حاصل ہے فخر خاندانی — ہے اقلیم سخن جاگیر اپنی
اے رواں قید علائق سے ہوا ہوں آزاد — فقر مسلک مرا، مشرب مرا رندانہ ہے
روکے سے رواں جوش طبیعت نہیں رکتا — ارباب قلم دیکھیں مرے زور قلم کو

میں نے رواں کے اشعار میں یہ وصف بھی پایا کہ وہ لطافت شعری کے ساتھ اپنے مفہوم میں عام ذہن کے قریب تر ہوتے ہیں۔ میں نے بزرگوں کی زبانی سنا تھا کہ رواں کی غزل حاصل مشاعرہ ہوتی تھی جس کا سبب یہی معلوم ہوتا ہے کہ اس کے اشعار اپنے مفہوم و معنی پر عام سامع کے دل کو چھوتے تھے۔

رواں ۱۸۷۵ء میں پیدا ہوا اور ۱۹۳۳ء میں فوت ہوا۔

حوالہ: اوراق دیوان قلمی، گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ بہار سخن بریلی

رستمؔ، نادر شاہ خاں:

پیدائش ۱۹۰۳ء محمد شاہ خاں کا فرزند، لودی پٹھان، ساکن کنگی ٹولہ نزد جامع مسجد قلعہ بریلی۔ انٹرنس کا امتحان پاس کئے بغیر اسکول چھوڑ دیا، زمینداری ذریعۂ اوقات تھی۔ قیمتی وقت بٹیر بازی میں صرف کیا، زمینداری ختم ہونے کے بعد لاریوں کا سنڈیکیٹ کھولا، خوب کمایا اور خوب خرچ کیا۔ آخر میں معاشی بدحالی نے داب لیا، ۲۰؍ستمبر ۱۹۵۴ء کو بعارضۂ سل فوت ہو گیا۔

اس کو شاعری کا شوق پیدا ہوا، مرزا ہادی حسین بیگ فرخی (م ۱۹۳۰ء) کی شاگردی اختیار کی اور اس کے بعد شفیع الدین خواجہ (م ۱۹۴۶ء) سے مشورۂ سخن کیا۔ اس کو بریلی کے سخن فہم ''پہلوان سخن''

کہتے تھے جسکا سبب اس کا بھاری بھرکم جسم اور بھاری بھرکم شاعری تھی۔ بہت منھ پھٹ اور جنگ جو بھی تھا۔ بالعموم شعرا اس سے گھبراتے تھے۔ اپنے سخن کے سامنے کسی کا سخن چلنے نہیں دیتا تھا، اپنی دولت کی طرح اشعار بانٹنے کا بھی شوق تھا، کسی صنف سخن پر بند نہیں تھا، اگر محتاط رویہ اختیار کرتا تو اس کے اشعار کی اور منزلت بڑھ جاتی۔ اس کے اشعار اس کے بھتیجوں نے فراہم کیے۔ انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

اللہ رے کشش یہ مرے اضطراب کی
کرتی ہے وجد قبر پہ پتی گلاب کی

اب آچکی ہے فطرت دل بھی سکون پر
حد ہوگئی خدا کی قسم اضطراب کی

رستم گزار بے خبری میں نہ زندگی
اٹھ دیکھ سر پہ آگئی دھوپ آفتاب کی

اور پانی چڑھ گیا بسمل کے خون گرم سے
مچھلیاں خنجر پہ تڑپیں آب خنجر دیکھ کر

مری ہستی نہ یوں رسوائے عالم کو بہ کو ہوتی
نہ تو پردے میں چھپ جاتا نہ تیری جستجو ہوتی

نظر تجھ پر ہے، ناواقف نہیں میں تیری منزل سے
حقیقت کی خبر بن کر نکل آیا ہوں محفل سے

راز کیا ہے فاش فاش اپنے ہی راز دار نے
چہرۂ زرد زرد نے دامن تار تار نے

خطا ہے دل لگالینا کسی زہرہ شمائل سے
فرشتے پانی پانی ہیں عذاب چاہ بابل سے

نظر پھر اسے کس طرح دیکھ پائے
جو دل میں حجاب نظر بن کے آئے

تجھ کو دوں مہر و ماہ سے نسبت
یہ بھی خانہ خراب ہیں دونوں

مرحبا ذوق جستجو رستم
خود کو دیکھا ہے جس طرف دیکھا

ہر نفس ہے مژدۂ ساز حیات مستقل
زندگی ہے لافنا لیکن فنا ہونے کے بعد

بھڑکا کے ہجر یار میں سوز جگر کو میں
پہنچوں گا لے کے حشر میں دامان تر کو میں

ہر زخم کب ہے خون تمنا لیے ہوئے
گردش میں دل ہے ساغر و مینا لیے ہوئے

ابھی ابر چھائے ابھی پھول برسیں
جو وہ زلف کھولے ہوئے مسکرائے

نظر کو ہوگی ایک دن باریابی حسن جاناں میں
مگر کچھ وقت بھی درکار ہے تحصیل قرآں میں

کہوں کس منھ سے بے پردہ جمال یار ہوجائے
نظر میں بھی تو وصف قدرت دیدار ہوجائے

یہ کیا راز مشیت تھا، خدا ہی اس پہ قادر ہے
نبی آخر میں کیوں بھیجا بالآخر پہلے نمبر کا

رستم نے تلاش مضامین نو اور تخیل طرازی کو جان شاعری سمجھا اور اس نے اس کوشش میں پست و بلند دونوں طرح کے اشعار تحریر کیے۔ مندرجہ بالا انتخاب اس ادعا کا مظہر ہے۔ جہاں اشعار بلندی ثریا پر ہیں وہاں آٹھویں اور چودھویں شعر کی طرح مہمل بھی۔ اس کی پوری شاعری میں یہی رویہ ملتا ہے جب کہ اس نے اپنے مہمل اشعار کی بھی اپنی پہلوانی کے زور پر داد وصول کی۔ اپنی شخصیت اور اپنی شاعری کے اعتبار سے بڑا انوکھا کردار تھا۔

اس نے بہ شکل مسدس ایک سلام بھی تحریر کر کے شہر میں تقسیم کرایا جس کا ترجیعی شعر ہے:

اس حسین ابن حیدر پہ لاکھوں سلام　　کر لیا نوش جس نے شہادت کا جام

یہ سلام آج بھی بہت مقبول ہے اور ایام عزا میں پڑھا جاتا ہے حالانکہ بہت کم لوگ اس بات سے واقف ہیں کہ اس کو نادر شاہ خاں رستم نے تحریر کیا تھا۔ میرے پاس یہ سلام محفوظ ہے۔

یہ افسوس کی بات ہے کہ مالی کشادگی کے باوجود اس نے اپنا دیوان شائع نہیں کرایا اور غیر مطبوعہ کلام اس کے لواحقین کے ہاتھوں میں پہنچ کر اس کا نہیں رہا اور ضائع بھی ہو گیا۔

راز، محمد تقیؒ:

پیدائش بہ سال ۱۸۹۹ء، خوش جمال، خوش لباس اور خوش اوقات۔ نواسہ حضرت شاہ محی الدینؒ (م۱۳۴۳ھ/۱۹۲۴ء) سجادہ نشین خانقاہ نیازیہ بریلی کے۔ اپنے نانا کی وفات کے بعد خانقاہ نیازیہ کی گدی کو رونق بخشی، سخن سنج اور سخن نواز، تلمیذ محمد حسن شوق بچھرایونی ۸۸۔ مجموعۂ کلام ''راز نیاز'' ۱۹۴۴ء میں مرتب ہوا جیسا کہ پروفیسر عابد حسن قادری بچھرایونی کی تحریر کردہ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے۔ ع آئی کیا باغ شاعری میں بہار۔ (۱۹۴۴ء)

راز نیاز کی طباعت و اشاعت ۱۹۵۰ء میں ہوئی۔ اشعار میں تصوف کا میلان ملتا ہے۔ از وست:

خیر گزری نظر پلٹ آئی　　اُس سے ملتی تو ذات ہو جاتی

میکدے میں ملی سبھوں کو شراب　　تم نے اے راز بے خودی پائی

اپنا ہی سا اے مرشد میخانہ بنا دے　　ان آنکھوں کا صدقہ، مجھے پیمانہ بنا دے

اک برقِ نظر عقل کی دنیا پہ گرا کر　　اس دل کو مرے، طور کا افسانہ بنا دے

ہر دل ہے ترے عشق میں لبریز محبت ۔۔۔ اک اور بھی پیمانہ سے پیمانہ بنادے
دے کر مجھے ہر قید تعین سے رہائی ۔۔۔ اب چاہے جو تو، نرگس مستانہ بنادے
ہے راز ترے درکا اسے کچھ نہیں کہنا ۔۔۔ اب جو بھی ترا لطف کریمانہ بنادے

بتاریخ ۱۷ر جنوری ۱۹۶۸ء کو وفات پائی۔ تدفین خانقاہ نیازیہ محلّہ خواجہ قطب بریلی میں ہوئی۔ ہر سال عرس ہوتا ہے۔

حوالہ: مرأت سراج، ص۳

راقمؔ، مشتاق حسین:

محلّہ شاہ آباد بریلی میں میرا پڑوسی اور کرم فرما، میونسپلٹی کے اسکول خواجہ قطب بریلی میں معلم تھا۔ سیرت کمیٹی بریلی کا سکریٹری، محنتی اور خاموش طبع، ہماری ''بزم احباب'' میں شریک ہوتا تھا لیکن اس نے مشاعرے میں کبھی شرکت نہیں کی۔ شفیع الدین خواجہ سے تلمذ تھا، ۱۹۵۰ء میں کراچی گیا اور وہیں فوت ہوا۔ اس کا کلام میسر نہیں آیا، اس کے تلامذہ بھی اس کے اشعار سنانے میں قاصر تھے۔ مندرجہ ذیل تین اشعار مختلف لوگوں نے سنائے تھے جو میں نقل کررہا ہوں۔ ان میں پہلا شعر اس کی پہچان بن چکا ہے:

شاعر تعصّبات کی دنیا سے دور ہے ۔۔۔ شاعر کے دل میں وسعتیں ہیں تنگیاں نہیں
راہ الفت میں عجب ہیں پیچ وخم کی منزلیں ۔۔۔ گم نہ ہوجائے یہاں خود رہبر منزل کہیں
موت بھی آتی نہیں اور تم بھی اب آتے نہیں ۔۔۔ وہ بھی غافل ہے کہیں اور تم بھی غافل ہو کہیں

رازیؔ، مجتبیٰ مہدی:

محمد مہدی مختار کا فرزند، ساکن محلّہ کنگی ٹولہ بریلی، میری اہلیہ کا حقیقی چچا، تعلیم ایف اے تک (۱۹۱۷ء) فارسی کا فاضل، دورۂ حدیث تک عربی پڑھی۔ ڈاک خانے میں ملازمت کی اور چھوڑ دی، جنگلات کی ٹھیکیداری میں کافی کمایا اور زندگی اسی کمائی پر گزار دی۔ کسی کے آگے ہاتھ پھیلانے کی ضرورت نہیں پڑی، تمام عمر غیر شادی شدہ رہا، عمدہ لباس، عمدہ طعام، شاعری، تاش اور شطرنج کا شوق تھا، جوانی میں موسیقی اور ٹھیٹر سے بھی دلچسپی تھی۔ نہایت محبت وتلطف کے باوجود مزاج میں شورش تھی۔

اپنے آگے کسی کی چلنے نہیں دیتا تھا۔ یہی رویہ اس نے شاعری میں اپنایا، اس کی شاعری تلاش مضمون اور ندرت خیال کی پیمائی میں مہملات کا پلندہ بن گئی جس کی وجہ سے وہ بے داد کا شکار ہوا۔ اس کی وفات (۲؍مارچ ۱۹۶۶ء) کے بعد اس کے اشعار میری اہلیہ نے مجھے دکھائے تھے۔ میں ان اشعار میں سے قابل فہم اشعار نقل کرتا ہوں:

خزاں کے ہاتھوں جو لٹ چکا ہو نظر میں کیا لالہ زار آئے
بہار کا لطف جب ہے اے دل خزاں ندیدہ بہار آئے
ہر ایک شے اصل پر ہے راجع، شکایت روزگار کیا ہے
فنا، بقا کا ہے پیش خیمہ، جہاں کو کیسے قرار آئے
چلے تمنا کا جال لے کر کہ مرغ دل ان کا صید کرلیں
اسیر زلف کمند ہوکر، نظر کا خود ہی شکار آئے
چمن میں مست خرام ہیں وہ، ادا کا لشکر جلو میں ان کے
صبا سے اٹکھیلیوں میں زلفیں، گھٹا سے ہلکی پھوار آئے
اگر وہ عہد وفا سے روٹھے، تو ہم بھی ان کی جفا سے چھوٹے
مگر یہ کمبخت دل ہے ناداں، فریب میں بار بار آئے
نظر اوٹھا کر کبھی نہ دیکھا، یہ کیا سبب ہے جو آج آئے
قدم اوٹھا کر لحد پہ رکھنا، کہیں نہ تم پہ غبار آئے
غم جدائی سے دل جلایا، رہا بقید حیات جب تک
پس قبا پھر وہ آگ بھڑکی، جلانے شمع مزار آئے

سایۂ دامن رحمت میں جگہ مل جائے پھر بلا جانے مری، کیسی قیامت ہوگی
تیقّن کی حدوں سے مرتبہ بالا محمد کا خدا سے مل گیا ہے ڈھونڈنے والا محمد کا
خدا ان پہ عاشق، وہ عاشق خدا پر یہ سچ ہے نظر کو نظر ڈھونڈتی ہے
قدم بڑھ رہے ہیں بہ شوق زیارت نظر آگے بجھتی چلی جارہی ہے
یہ منزلت علیؓ کی خدا کی جناب میں میلاد کا بیان ہے کعبہ کے باب میں

اس کی قوت شاعری سے انکار ممکن نہیں، البتہ اگر وہ کسی استاذ سخن سے مشورہ کرتا تو اس کے اشعار کی جملہ خامیاں دور ہو جاتیں۔ بہرنوع وہ جب تک زندہ رہا، مشاعروں میں شریک ہوا اور صنف شعرا میں اپنے رویے اور اشعار کی وجہ سے الگ تھلگ ہی نظر آیا۔

حوالہ: بیاض قلمی

رازؔ، راج بہادر:

پیدائش ۱۸۹۸ء کائستھ، ساکن ذکاتی محلّہ بریلی، مشن ہائی اسکول بریلی میں ٹیچر، کم سخن اور شریف النفس، تلمیذ بلدیو پرشاد سوزن، میں نے اسکو چند بار ماتا پرشاد زیب کی محفل سخن میں دیکھا اور سنا تھا۔ عارضہ قلب میں مبتلا تھا، اسی مرض میں ۲۶؍جون ۱۹۶۵ء کو فوت ہوا۔ اس کے اردو اشعار کا مجموعہ ناگری حروف میں بعنوان ''راز و نیاز'' اس کی وفات کے بعد ۱۹۶۸ء میں شائع ہو چکا ہے۔ اس کے اشعار میں شدت احساس تو ہے لیکن خیال آرائی کی کمی کی وجہ سے شاعری کا تقاضہ پورے طور پر پورا نہیں ہوتا، پھر بھی کلام غنیمت ہے۔ از وست:

حاصل تھی جو مجھے کبھی آسودگی، کہاں؟ جینے کو جی رہا ہوں مگر زندگی کہاں
جب سے ہوا ہے تیرے تبسم سے واسطہ خواب و خیال و وہم میں آشفتگی کہاں
وحشت پہنچ چکی ہے حدود کمال تک عریاں بدن ہے! کوشش جامہ دری کہاں
دنیا کے قول و فعل کا اب اعتبار کیا مٹ جائیں اپنی بات پہ وہ آدمی کہاں
کوئی سمجھ سکے گا بھلا تیرے راز کو دانشوروں نے پائی یہ دانشوری کہاں
یاد میں محو تیری صبح و مسا ہو جانا مجھ سے پوچھے کوئی بندے کا خدا ہو جانا
دل بجھے، شمع بجھے یا کوئی امید بجھے چاندنی اور شریک غم ہجراں ہو جائے

حوالہ: راز و نیاز:

رازؔ، ابراہیم خاں:

بریلی کا بہت ہی مقبول اور مشہور شاعر، لوگ اس کا نام بہت کم جانتے تھے۔ اس کی پہچان اس کی عرفیت ''بالوشاہی'' تھی جس سے وہ چڑھتا تھا اور کہتا تھا کہ ''صاحبان بڑے افسوس کی بات ہے کہ

آپ یہ گندہ لفظ منہ پر لاتے ہیں۔میٹھی مٹری کہیے۸۹؎ میٹھی مٹری'' غیر تعلیم یافتہ، اپنے اشعار دوسروں کو املا کراتا۔ سلائی کی مشینیں مرمت کرتا تھا، کانپور میں رہا اور دوکان کے مالک کی صحبت میں جس کا تخلص عشرت تھا، شاعری کا شوق پیدا ہوا۔ ۱۹۳۷ء میں بریلی واپس آیا، شادی کی اور علی حسین ضمیر (م ۱۹۶۸ء) کے حلقۂ تلامذہ میں داخل ہوا، محلّہ شاہ آباد، متصل دیوان خانہ منا لال چھیدالال، گلی ڈوری والان بریلی میں رہتا تھا۔ میرا اہم محلّہ تھا، مشاعروں میں شریک ہوتا تھا، لوگ بالوشاہی کا نعرہ لگا کر ہاتھوں ہاتھ لیتے۔ تحت اللفظ پڑھتا اور خوب پڑھتا۔ چھوٹے سے قد، منحنی جسم اور افلاس زدہ چہرے میں معلوم نہیں آواز کتنی تیز تھی کہ مائکروفون کے استعمال سے پہلے کے دور میں اس کی آواز بھرے مشاعرے میں آخری صف تک سنی جاتی تھی۔ اس کے مزاج میں صبر وقناعت اور ہر حال میں خوش رہنے کے اوصاف تھے۔ سلسلۂ قادریہ نقشبندیہ میں حضرت بشیر میاںؒ (م ۱۹۴۹ء) سے بیعت تھا۔ اس کا کلام اس کے وارثین کے پاس محفوظ ہے لیکن میری اور انور چغتائی کی کوشش کے باوجود وہ ہم دست نہیں ہوا، جو دکھ کی بات ہے۔ یہی سننے میں آتا ہے کہ اس کو چھپوانے کا خیال ہے۔ ابھی تک چھپا نہیں، آئندہ کیا امید۔

اس کی ایک مشہور نعت انور چغتائی نے فراہم کردی جو میں اپنی تالیف تذکرہ نعت گویان بریلی میں نقل کر چکا ہوں۔ (۱۹۸۶ء، ص ۱۷) اس نعت کے تین اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

اگر ان کا کرم کشتی کا کھیون ہار ہوجائے　　یہاں بھی پار ہوجائے وہاں بھی پار ہوجائے
نہ ہم سے دور ہیں آقا نہ ہم ہیں دور آقا سے　　سلیقہ ہو اگر دیدار کا، دیدار ہوجائے
اگر قائم رہے تو راز آقا کی ہدایت پر　　تری بخشش کا خود اللہ ذمہ دار ہوجائے

عمر کے دور آخر میں اس کے پاؤں بے کار ہوگئے تھے۔ جب تک سہارا لے کر چل سکا چلتا رہا کیونکہ پیٹ کی دوزخ بھرنا تھی اور آڑے وقت میں کون کس کے کام آتا ہے۔ اس طرح کچھ ایام تک بار حیات کو اپنے شانوں پر لیے تلاش روزی میں گھومتا رہا اور پھر ایک دن اجل نے دبوچ لیا۔ بعمر ۷۳ سال ۱۹۷۳ء میں فوت ہوا۔ اس کی وفات کے ساتھ ہی مشاعروں کی خوش طبعی کا ماحول ختم ہوگیا۔ رہے نام اللہ کا۔

رسؔا، ابراہیم حسن:

خلف سید علی حسن، ساکن محلّہ کہاڑا پیر بریلی۔ میرا مشفق اور دعا گو، صحافی اور شاعر، آزادی وطن کی جدوجہد کے زمانے میں اس کے شاہی پریس میں حکومت برطانیہ کے خلاف پمفلٹ طبع ہو کر دیواروں پر چسپاں کرائے جاتے تھے۔ مضمون سید الطاف علی بریلوی اور اختر مرزا بسولوی تحریر کرتے اور اشتہارات بھی وہی اپنے ملازم سے چسپاں کراتے۔ طباعت اشتہارات ابراہیم حسن رسؔا کے سپرد تھی۔ اس کا پریس نینی تال روڈ پر چھوٹے پل کے نیچے ایک بغلی دیوار میں تھا جہاں بغیر مخبری کے پولس کی رسائی ممکن نہیں تھی۔ اس نے سید الطاف علی بریلوی کی مدد اس کار خیر میں بھی کی جب کہ اس نے بریلی کی جیل میں سیاسی رہنماؤں کو کھانا اور دیگر اشیائے ضرورت بھجوانے کا انتظام کیا تھا۔ نظریاتی طور پر کانگریسی تھا۔ بریلی میونسپل بورڈ کے خلاف اپنے ہفتہ وار ندرت میں مضامین قلم بند کیے۔ مجموعی طور پر پریشان رہا او معاشی فکروں کا شکار بھی۔ آزادی وطن کے بعد اس کی پنشن حکومت نے مقرر کر دی تھی۔ تھوڑی بہت آمدنی ندرت میں مطبوعہ اشتہاروں سے ہو جاتی، جیسے تیسے زندگی کے اوقات گزارتا رہا۔ عمر کے آخری ایام میں دونوں آنکھوں کی بصارت جاتی رہی۔ ۳۰؍نومبر ۱۹۸۷ء کو دہلی میں فوت ہوا جہاں وہ اپنے فرزند کے پاس مقیم تھا۔

اس کو شاعری میں حکیم ضمیر حسن خاں دل شاہ جہان پوری (م ۱۹۵۹ء) تلمیذ امیر مینائی سے تلمذ تھا۔ ہماری بزم احباب کے مشاعروں میں شریک ہوتا تھا۔ اس کی غزلوں میں اس کے استاد بھائی تبارک علی عبرت صدیقی کی طرح قدرے باطنی رمزیت کا احساس ہوتا ہے۔ از وست:

غلط کہ آتش غم سے جلا کے لایا ہوں　　لگی تھی آگ جو دل میں بجھا کے لایا ہوں
تجلی آنکھ میں، ان کی چھپا کے لایا ہوں　　نظر کو نور کا عالم بنا کے لایا ہوں
وہ طرز خاص فدا جس پہ مطرب فطرت　　کسی کی بزم طرب سے اڑا کے لایا ہوں
متاع جوش تمنا، جفائے پیہم ہے　　تباہ کر کے جگر، دل جلا کے لایا ہوں
لٹا ہے جس کی عنایت سے قافلہ دل کا　　اسی نگاہ کو رہبر بنا کے لایا ہوں
رگ حیات میں دوڑا کے روح بیتابی　　حجاب درد میں تسکیں چھپا کے لایا ہوں

نہ کیوں ہو اپنے مقدر پہ ناز مجھ کو رسؔا
کسی کی یاد میں دل کو مٹا کے لایا ہوں

زریںؔ، زہرہ خاتون:

دختر عبدالحی وزینت بیگم عبرت، خوب دادخاں کی نواسی، بلقیس فاطمہ بیکس کی چھوٹی بہن، تعلیم یافتہ اور روشن خیال خاتون تھی۔ اپنی بڑی بہن بلقیس فاطمہ بیکس سے تلمذ تھا۔ از وست :

ابر سے نکلا ہے کچھ کچھ آفتاب زندگی — رنگ پر آجائے گا اپنا شباب زندگی
دشمنوں کے ہاتھ آئے گی نہ میری خاک پا — ہوگیا اقبال میرا ہمرکاب زندگی
ذرہ ذرہ میری ہستی کا درخشاں ہوگیا — ضوفشانی کررہا ہے ماہتاب زندگی
دور رہتی ہوں ہمیشہ الجھنوں سے دہر کی — کیوں نہ ہوگا پاک پھر میرا حساب زندگی

ذرہ ذرہ ہوگیا زریں جمال حسن سے
ہوگیا ہے پُرضیاء پھر آفتاب زندگی

حوالہ: تذکرۂ شاعرات اردو، ص ۴۴۰

زائرؔ، ہادی حسن:

خلف سید محمود علی، نبیسہ سید ہدایت علی ہدایت، خواہرزادہ، داماد اور تلمیذ قاسم علی خواہاں مرید وخلیفہ سید علی حسنؒ عرف اشرفی میاں کچھوچھوی۔ تھوڑی بہت زمینداری تھی، کچہری میں ملازم تھا، ۱۹۳۹ء میں فوت ہوا۔ از وست :

لُو آؤ مل بھی لو، نہیں اچھی کشیدگی — کچھ تو بڑھو ادھر سے، بڑھیں کچھ اُدھر سے ہم
خوشی سے رہیں دردوغم دل میں آکر — سخی کو گراں میہمانی نہیں ہے
ذرہ میں نورمہر میں ان کا ظہور ہے — دیکھے نہ جو نظر، تو نظر کا قصور ہے
نہ ہو درد جدائی سے خدارا بے قرار اے دل — سوئے طیبہ سفر کے ساز وساماں ہوتے جاتے ہیں

حوالہ جات: گلدستۂ بہارسخن ۱۹۲۹ء، گلدستۂ بزم سخن بابت ۱۹۲۴ء

زیبا، راجیشور ناتھ:

اس کا برادر خرد جگیشور ناتھ بیتاب تھا، جس سے میری ملاقات ہوئی تھی۔ جگیشور ناتھ نے اپنے بڑے بھائی کے متعلق بتایا کہ وہ شاعر، صحافی اور ڈرامہ نگار تھا۔ اس کو رضوی منزل ڈھال بہاری پور، بدایوں روڈ بریلی میں من موہن لال ماتھر شمیم اور شوکت علی خاں فانی کی رفاقت میسر تھی کیونکہ اس کا مکان بھی رضوی منزل کے متصل تھا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ جگیشور ناتھ نے زیبا کا کوئی مسودہ نہیں دکھایا۔ زیبا مندرجہ ذیل شعر سے مشہور ہوا، جس کو نقل کیا جاتا ہے:

یہ وہ باتیں ہیں جن پر منحصر ہے زندگی اپنی — بنانا قوم کا تفریق مذہب کا مٹا دینا

۱۹۴۰ء میں فوت ہوا۔

زہیر، عبدالحق، قاضی:

محلّہ قاضی ٹولہ شہر کہنہ بریلی میں رہتا تھا۔ زمیندار اور صاحب علم و فضل، بعض ایسے افراد نے جنھوں نے اس کو مشاعروں میں دیکھا اور سنا تھا مجھے بتایا کہ اسکو اونچا صافہ باندھنے کی عادت تھی جس کی وجہ سے بھرے مشاعرے میں اس کی شناخت کی جاسکتی تھی۔ اشعار میں تراکیب کے استعمال پر معترض ہوتا تھا۔ صاحب تلامذہ تھا، اس کا کتب خانہ اور بیاض قصبہ مؤی میں محفوظ تھیں جہاں پہنچنا میرے بس کے باہر تھا، لہٰذا اس کے کلام کا مختصر انتخاب ان گلدستوں سے دیا جاتا ہے جن میں اس کی غزلیات طبع ہوئیں:

کس کو معلوم تھا ایسی ہے طبیعت ان کی — بھولی بھولی سی نظر آتی تھی صورت ان کی
ہم نے لوٹے ہیں مزے درد کے، ہم سے پوچھو — ہم بتائیں گے، ہمیں یاد ہے لذت ان کی
دل جلانے کا مزہ وہ بھی تو چکھیں یارب — کسی بے درد پہ آجائے طبیعت ان کی
پھینک ہی دوں گا تجھے چیر کے پہلوائے دل — آگئی لب پہ اگر کوئی شکایت ان کی
آنہ جانا کہیں باتوں میں حسینوں کی زہیر — آن کی آن کی ہوتی ہے محبت ان کی
پری زادوں کی شہرت ایک صورت کی نہیں ہوتی — کوئی مشہور ہوتا ہے، کوئی مشہور رہتا ہے
میں کسی اور سے اور آپ کا شکوہ کرتا — بندہ پرور یہ فقط غیر کی لسّانی ہے

اس وقت بریلی کے ادبی ماحول پر داغ کا اثر تھا جو عبدالحق زہیر نے بھی قبول کیا۔شاید ۱۹۱۷ء میں فوت ہوا۔

حوالہ جات: گلدستۂ بزمِ سخن ندرہ گیا بہار، بابت جنوری ۱۹۱۵ء، گلدستۂ نہال سخن بریلی

سلطاںؔ سلطان احمد:

ساکن بریلی، تلمیذ مفتی عماد الحسن محو۔از وست :

اتنا اثر تو ان پہ ہوا اپنی آہ سے
گھبرا کے لوٹ آئے، وہ دشمن کی راہ سے

حوالہ: ماہنامہ کمال دہلی، بابت جون ۱۹۱۱ء

ساطفؔ، عطاء اللہ خاں:

تلمیذ حکیم سید محمد اسمٰعیل سائف لکھنوی جو رشک لکھنوی کا شاگرد تھا، غیر معروف تھا، گلدستۂ نشو ونما بریلی میں اس کی ایک غزل میری نظر سے گزری تھی جس کا ایک شعر مندرجہ ذیل ہے:

وعدے پر آپ کے میں یقیں کر تو لوں مگر　　معلوم مجھ کو ہوتے ہیں کچھ بے وفا سے آپ

حوالہ: گلدستۂ نشو ونما بریلی، بابت ۱۹۰۳ء

سرشارؔ، رام نرائن:

مولوی منصور علی کا شاگرد، منصفی بریلی میں محرر اجرائے ڈگری۔از وست :

لے کے انگڑائی جو مست ناز وہ دلبر اٹھا　　ہر ادا سے اس کی اک ہنگامہ محشر اٹھا

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بابت جون ۱۹۰۳ء

سندؔ، سید حسین:

خلف سید نور علی جو مولوی قاسم علی خواہاں کا چچا اور خسر تھا۔ساکن گلی مولویان نزد چاہ خرم محلّہ ذخیرہ بریلی، شاگرد خواہاں، نعت گوئی میں زیادہ مشہور ہوا۔از وست :

شور جب آمد محبوب خدا کا ہوگا
عرصۂ حشر میں غل صل علی کا ہوگا

یاد حضرت میں اگر جان نکل جائے گی
دیکھنا خاتمہ بالخیر ہمارا ہوگا

ہند میں ڈھونڈھتے پھرتے ہیں سند کو کیوں لوگ
کسی کوچے میں مدینے کے وہ پھرتا ہوگا

منظور ہم کو خاطر مرزا۹۰ ضرور ہے
گولا کھ بان خانہ، ذخیرے سے دور ہے

بزم سخن میں آج نرالا ظہور ہے
آئینہ بندیوں سے نمودار نور ہے

اوستاد وقت قیصؔر و خواہاںؔ یہی ہیں دو
ڈنکا انہیں کی نظم کا نزدیک و دور ہے

حوالہ جات : گلدستۂ آئینہ مغفرت بریلی ص ۱۸، گلدستۂ مشاعرہ بانخانہ بزم سخن، بابت ۲۲/ مارچ ۱۹۲۴ء

ساجدؔ، احفاد حسین:

سیاسی فکر و نظر کا انسان تھا۔ مولوی عبدالودود درد اور مولوی عزیز حسن خاں وکیل سے دوستی کا تعلق تھا، ایک کتاب ''نقائص امروز'' تحریر کی، اخبار مدینہ بجنور کا مدیر بھی رہا۔ شعر گوئی کا شوق تھا، اس کا کلام نایاب ہوگیا، اس کی شاعری کے متعلق انور صابری نے تحریر کیا 'اگر زندہ رہتا تو رشک عرفی اور فخر غالب ہوتا' اس کی وفات ۱۳۴۲ھ مطابق ۱۹۲۳ء میں ہوئی۔ مولوی عبدالودود درد نے ''ہائے مغفور'' (۱۳۴۲ھ) سے سال وفات کے اعداد برآمد کیے۔

حوالہ جات: انور صابری کا مقالہ ''وہ جنہیں کوئی نہیں جانتا'' مطبوعہ معارف، اعظم گڑھ مئی ۱۹۶۷ء، درد وانبساط ص ۲۳۷

سوزاںؔ، علی احمد خاں:

خلف حافظ جعفر خاں کا، برادر کلاں حضور احمد خاں آثم، پدر بزرگ سردار احمد خاں ناظم، ساکن محلّہ ذخیرہ بریلی، حافظ قرآن، متداول علوم سے آگاہ، سخن فہم و سخن سنج، تلمیذ قاسم علی خواہاں۔ از وست :

دولت کو ہے قیام نہ ثروت کو ہے قرار
دنیا کا اعتبار ہے کس اعتبار میں

کل تو تھا آج کا اور آج ہے کل کا وعدہ
اک قیامت ہے ترا وعدہ فردا کیسا

میری آنکھوں نے لگائی ایسی ساون کی جھڑی
پانی پانی شرم سے ہوکر نہ ابرتر اٹھا

دل میں کچھ بات نہیں ان کے تو پھر بات ہے کیا　　ذکر پر ذکر جو چھڑتا ہے مکرر اپنا
انتہا سوزش غم کی بھی ہے سوزاں آخر　　ٹھنڈا ہو جائے گا دل آپ ہی جل کر اپنا
ہے فروغ ان کا میری بدنامی　　کوئی رسوا، کسی کی شہرت ہے

حوالہ جات: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل و جون ۱۹۰۳ء،
گلدستۂ نہال سخن بریلی

سرشارؔ، عبدالصمد:

بریلی کی تاریخ شاعری کے عہد آخر کا ایک ممتاز اور محتشم شاعر، نام سید غلام غوث، خلف سید فضل غوث ساقیؔ (م ۱۸۹۰ء) عرفیت عبدالصمد جس سے مشہور رہوا۔ ساکن محلہ کسگران بہاری پور بریلی، صاحب علم و فضل اور صاحب ثروت، پیشہ طبابت فن طب حکیم اللہ یار سے حاصل کیا جو حکیم شریف خاں دہلوی کے شاگرد حکیم محمد صادق کا شاگرد تھا۔ شاعری میں نواب عبدالعزیز خاں عزیز (م ۱۸۹۱ء) سے تلمذ تھا۔ دو دواوین اپنی یادگار چھوڑے، ایک دیوان فارسی اور دوسرا اردو، دونوں دواوین نایاب ہو گئے۔ اس نے اردو نثر میں ایک کتاب آب چاہ کے آب نل سے بہتر ہونے پر تحریر کی جس کا مخطوطہ میں نے حکیم عبدالرشید مرحوم ڈھال بہاری پور کے یہاں دیکھا تھا۔ اس کا کلام بریلی کے گلدستوں میں شائع ہوتا تھا۔ مختصر انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

تیغ سے پیچھے کیا ذبح، ادا سے پہلے　　مار ڈالا میرے قاتل نے قضا سے پہلے
کچھ نئے فتنے یہ میدان قیامت کے نہیں　　بہت اٹھّے ہیں تری جنبش پا سے پہلے
ترک مقصود ہے سرمایۂ تاثیر قبول　　ہاتھ مطلب سے اٹھا دست دعا سے پہلے
مرا سوز و گداز دل بھی تیرا ہی سا ہے اے شمع　　کہ جلنا زندگی بھر کا ہے رونا عمر بھر کا ہے
گریباں چاک ٹکڑے، جیب و داماں ہوتے جاتے ہیں　　جنوں تیرے ہی یہ گرمی کے ساماں ہوتے جاتے ہیں
ہزاروں پیچ و خم ہیں مو بہ مو کس کس کو وہ کھولیں　　بناتے جاتے ہیں گیسو پریشاں ہوتے جاتے ہیں
عجب حیرت فزا جلوہ ہے، آئینہ مقابل ہے　　منھ اپنا دیکھتے جاتے ہیں، حیراں ہوتے جاتے ہیں
طبیعت منتشر، خاطر پریشاں ہے مری سرشارؔ　　جو جمعیت کے ساماں تھے، پریشاں ہوتے جاتے ہیں

ملا کے خاک میں برباد کر چکے ہم کو　　خدا کے واسطے دل میں نہ اب غبار رہے
اب جانے دیجئے، آنے کا وعدہ نہ کیجیے　　جھوٹا کریں گے مجھ کو کہاں تک قضا سے آپ
ان کی زلف رسا کے سائے میں　　ایسے سوئے کہ پھر خبر نہ ہوئی
غم و رنج و مصائب ذلت و خواری و ناکامی　　بہم یکجا ہوئے جس کا محبت نام رکھا ہے
شمع کو دی ہے زباں یارب تو گویائی بھی دے　　کچھ تو وہ اپنی کہے یا پوچھے پروانے کی بات
ہزاروں حسرت مردہ کے غم سے کیا چھوٹوں　　کہ آج اس کا تو کل اس کا سوگوار ہوں میں

ان اشعار سے اس کی قادرالکلامی، جذبات نگاری اور نزاکت تخیل کا بخوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔اس کی وفات ۳۰/اپریل ۱۹۲۷ء کو ہوئی۔

حوالہ جات: تاریخ روہیل کھنڈ عاصی ص ۲۸۹ اور ص ۲۹۶ خمخانۂ جاوید جلد ۴ ص ۱۵۸، گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ کمال دہلی بابت جنوری ۱۹۱۲ء

سحرؔ، ہرنرائن:

ابن دیبی پرشاد صادق، متولد بریلی، بہ سلسلۂ ملازمت دہرہ دون میں مقیم تھا۔ از وست:

میں اپنی موت کا خواہاں، خضر ہیں زیست کے طالب
انہیں جینے کی حسرت ہے، مجھے مرنے کے لالے ہیں

حوالہ: شعرائے ہنود، ص ۱۳۷

سفیرؔ، بسنت لال

تلمیذ سجاد حسین سجادؔ، ساکن شیش گڈھ ضلع بریلی۔ از وست:

اے سفیرؔ اپنے ہیں استاد جناب سجادؔ　　پئے اصلاحِ سخن ان کو دکھاتے جاؤ

حوالہ: گلدستہ نہال سخن بریلی

سعیدؔ، سعید خاں:

خلف اور تلمیذ محمد بشیر خاں بشیر، رچھاوی۔ از وست:

بہار خلد بھی اچھی سہی مگر زاہد　　فضا وہ اس میں کہاں یار کی گلی کی طرح

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

ساؔحر، محی الدین:

اس کا ابتداً تخلص جمیل بھی تھا، مولوی علی حسن شاعر کا منجھلا فرزند، اردو مڈل اور انٹرنس کے امتحانات پاس شدہ، دفتر مجسٹریٹ کینٹ میں ملازم، فطرتاً آزاد طبع۔ از وست :

بوسہ پکڑ کے لے لیا عارض کا زلف نے　　بگڑے ہوئے تھے آپ، یہ کس کا قصور ہے

حوالہ: گلدستۂ بزم سخن، بریلی بابت مارچ ۱۹۲۴ء

سعیؔد، سعید احمد:

اس کو میرے والد مرحوم کی عم زاد بہن منسوب تھیں لہٰذا میں اس کے حالات ذاتی واقفیت پر تحریر کر رہا ہوں۔ اس کے والد کا نام عبدالرحیم تھا، یہ ایک نومسلم خاندان تھا، اس نے آگرہ میڈیکل کالج آگرہ میں تعلیم حاصل کی، ڈاکٹر محمد اسحاق اور ڈاکٹر محمد ایوب جن کے اسما مکاتیب شمیم میں ملتے ہیں اس کے ہم جماعت تھے، بہ سلسلہ ضرورت جنگ عظیم اول کے ایام میں فرانس میں رہا، فرانسیسی زبان سے واقف تھا۔ برج کھیلنے کا بہت شوق تھا، دین اسلام کا مطالعہ کیا تھا اور قومی وملی درد رکھتا تھا لیکن تارک صوم وصلوٰۃ تھا۔ تعلیم نسواں اور تعلیم اطفال کا زبردست حامی اور معاشرتی رسوم کا مخالف تھا، پردۂ نسواں کے بہت خلاف تھا، عملاً سوشل ریفارمر تھا۔ جنگ عظیم اول کے ختم ہونے کے بعد قرول باغ دہلی میں مطب کھولا اور مولانا محمد علی، حکیم اجمل خاں اور ڈاکٹر انصاری کی رفاقت میں ہندوستان کی جنگ آزادی میں شریک رہا۔ ایک معیاری صحافی تھا، مولانا محمد علی کے اخبار ہمدرد کا اسٹاف ممبر تھا، حسن نظامی کے ماہنامہ کامیابی کی ادارت کی۔ اس نے سعید، طبیب، ہمجولی کا دہلی سے اجرا کیا۔ دہلی کے اخبارات اور رسالوں کے لیے پابندی سے خود بھی لکھا۔ نثری مضامین اور منظومات شائع کرائیں، بچوں کا ادب تخلیق کیا، افسانے اور ناول لکھے، پتھر سے ہیرا اس کا مشہور اصلاحی ناول ہے۔ اسلام اور عورت، اسلام اور عبادت اس کی ترقی پسندانہ فکر کی حامل کتب ہیں۔ مختصر یہ کہ دہلی کی سیاسی اور صحافی زندگی میں پیوست تھا۔ بچوں کے مشہور شاعر شفیع الدین نیر کو اس کی بیٹی منسوب تھی۔ ۱۹۴۸ء میں جب دہلی کے حالات ناسازگار ہوگئے، بریلی واپس آیا، گلی منہاران محلّہ شاہ آباد بریلی میں مطب کھولا، بزم احباب کا احیا کیا اور اس بزم کے ذریعہ اپنے

اصلاحی رجحان اور کام کو فروغ دیا، ایسے میں مطب کیا چلتا۔ معاشی بدحالی کا شکار ہوا اور ۱۹۵۱ء میں کراچی چلا گیا جہاں ۱۹۵۷ء میں اس کی وفات ہوئی۔

مجھے اس کے تلمذ کا علم نہیں، غزل سے زیادہ نظم گوئی پر مائل تھا، اس کی بیاض اس کے برادر نسبتی عبدالستار کے پاس تھی جس کو میں کوشش کے باوجود نہیں دیکھ سکا اور عبدالستار کی وفات کے بعد بیاض نایاب ہوگئی۔ اس کی ایک غزل گلدستۂ نہال سخن بریلی میں شائع ہوئی تھی جو میں نقل کر رہا ہوں، یہ غزل اس کے میلان شاعری کی بہر حال ترجمانی نہیں کرتی۔

ابھرے ہیں زخم ہائے کہیں پھر بہار میں — پھر باغ سا کھلا ہے دل داغدار میں
ہر روز، روز ہجر ہے، ہر شب شب فراق — گردش مگر نہیں، میرے لیل و نہار میں
شب بھر جو میری آنکھ لگی ہو تو پھوٹ جائے — اک اک گھڑی گنی ہے ترے انتظار میں
کیا جانے عرض حال پہ کیا اس نے کہہ دیا — اک چوٹ سی لگی دل امیدوار میں
کس بدنصیب کو تھی تمنائے عرض حال — کیا کیجئے کہ دل نہ رہا اختیار میں
دو ٹھوکروں کی بات ہے یوں چھوڑ کر نہ جاؤ — باقی ہی کیا رہا ہے ہمارے مزار میں
کہتے ہیں لوگ مرنے کو تو مرگیا سعیدؔ — آنکھیں مگر کھلی ہیں ترے انتظار میں

میرا خیال ہے کہ اس کے نثری کام کو جو رسائل میں بند ہے مناسب جستجو کے بعد برآمد کیا جا سکتا ہے اور اس کو ایک نثر نگار اور صحافی کی حیثیت سے منظر عام پر لانے کی کوشش کی جا سکتی ہے۔

حوالہ جات: تماہی تحریر دہلی نمبر ۴۴ بابت جون ۱۹۷۸ء، چند شعرائے بریلی ص ۱۶۶، مکاتیب شمیم، گلدستۂ نہال سخن بریلی

سجادؔ، سجاد حسین:

تلمیذ حکیم عبدالرحمٰن خاں بلیغ رامپوری، ساکن قصبہ شیش گڈھ تحصیل بہیڑی، ضلع بریلی۔

از وست:

جو آفتاب ترے روئے پُر حجاب میں ہے — نہ آفتاب میں وہ رُو، نہ ماہتاب میں ہے

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

ساحرؔ، صفی اللہ خاں:

ماہنامہ شاہد بریلی کا مالک اور مدیر، ساکن نینی تال روڈ، متصل مسجد جانی بریلی۔اس کے یہاں احسان دانش قیام کرتا تھا، میں نے اس کو دیکھا تھا، ملاقات کی نوبت نہیں آئی، بہت زیادہ حسن پرست تھا۔امرد اور زن کسی پر بھی بند نہیں تھا اور نہ خود اس کو آواز خلق کی پرواہ تھی۔شاعری کا شوق تھا، اپنے مکان پر معیاری مشاعرے کرائے، شروع میں قمر الحسن قمر بدایونی (م ۱۹۴۱ء) کا شاگرد ہوا اور بعد کو جگر مراد آبادی کا۔تقسیم وطن کے بعد لاہور گیا اور احسان دانش کا میہمان ہوا، پاکستان میں ہی فوت ہوا، اس کا مندرجہ ذیل شعر مشہور ہوا تھا جو یاد رہا اور شامل تذکرہ کر دیا :

ناز ہے پردے پہ تجھ کو یہ خبر شاید نہیں　　رہ گئے ہیں بن کے دنیا میں ترا افسانہ ہم

دراصل اس شعر میں ایک پردہ نشیں پڑوسن کے معاشقہ کی تلمیح ہے۔یہ عشق ڈھکا چھپا نہیں تھا۔ ۱۹۴۷ء کے انقلاب میں رسم عاشقی بھی گئی، کچھ تذکرے باقی رہ گئے، اب نہ ساحر ہے اور نہ پردہ نشیں۔

سہاؔ، عبد الجلیل خاں:

اس کے اجداد کا تعلق قصبہ منڈا اور ضلع بجنور سے تھا، ابن خان بہادر مولوی عالمگیر خاں تحصیلدار کاس گنج ضلع ایٹہ۔اس کی پیدائش کاس گنج میں ۱۸۹۶ء کو ہوئی، عالمگیر خاں شاعر اور مولوی تھا، منظوم مناجات عالمگیری، فوائد عالمگیری اور اعمال و اوراد، اس کی مطبوعہ تالیفات ہیں۔سہا کی ابتدائی تعلیم اپنے والد کے زیر سایہ ہوئی، اس نے عربی کی مزید تعلیم مدرسہ عالیہ رامپور اور مدرسہ رحمانیہ پیلی بھیت میں حاصل کی۔طبی کالج دہلی سے یونانی عربی فائنل کلاس پاس کیا، دہلی میں ہی فرہنگ آصفیہ والے مولوی سید احمد سے فارسی کی تکمیل کی، اس کے بعد پنجاب یونیورسٹی سے آنرز ان پرشین کا ڈپلوما حاصل کیا۔پیشۂ طبابت کی وجہ سے دہلی، بجنور، جبل پور اور کلکتہ میں رہا، مختلف درس گاہوں میں درس دیا، فارسی نصاب کا اردو میں ترجمہ کیا۔مشہور مورخ مولانا اکبر شاہ خاں نجیب آبادی کا برادر عم زاد اور علامہ تاجور نجیب آبادی کا قریبی عزیز تھا۔سلسلۂ نقشبندیہ میں حضرت فضل گنج مراد آبادی کے خلیفہ حاجی فضل حق رحمانی سے بیعت تھا، فارسی شعر گوئی میں منشی احمد علی المتخلص بہ علی کا شاگرد تھا۔مجھ سے ملاقات تھی، میں اس کے بھولے پن اور اور فارسی دانی کا معترف تھا، اس

سے اکثر فارسی الفاظ کی ساخت اور معنی پر گفتگو ہوتی تھی۔ بے حد منکسر المزاج تھا، کبھی بحث کو طول نہیں دیتا تھا، بارہ برس محکمۂ چنگی کے دواخانے کی خدمت کی اور ہنس بول کر زندگی گزاردی، مشاعروں میں جانا بند کر دیا تھا۔ اس کے مکان میں ۱۹۵۰ء میں چوری ہوئی اور سامان کے ساتھ اس کی تالیفات اور بیاضیں بھی چوری ہوگئیں، اس کو صدمہ پہنچا اور شاعری سے کنارہ کش ہوگیا۔ میرے بے حد اصرار پر اس نے اپنے حالات، ایک فارسی غزل اور ایک اردو غزل عنایت کی، مجھے اس کے دو چار اشعار ادھر ادھر سے مل گئے، نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

ہست ایں دنیاے دوں ہمچو سراب — روے خود از گردش گردوں متاب
ہردمے ازذرہ ہا آید صدا — انقلاب و انقلاب و انقلاب
ویں تغیر ہا نشانست از حدوث — ساز و برگ وزیست خود ہم بر حباب
ہست دنیاے دنی ناپائیدار — کار ایں افسانہ واں یا مثل خواب
تاکے مانی در خرابات جہاں — کار حتیٰ کن بہ تعجیل و شتاب
خاطرت از جلوۂ حق شاد را — تومکن فکر عذاب و ہم ثواب
کار خیرت باقیات الصالحات — ویں خرابات جہاں اندر خراب
اے سہا لا تقنطو از رحمتش — جرمہا گو ہست بے حد و حساب

یہ غزل تو نہیں ہے البتہ مواعظانہ اشعار غزل کے فارم میں ضرور ہیں۔ اسلوب اشعار بھی تدریسی ہے۔

باز آئیں ضد سے ظلم سے قطع نظر کریں — ان سے نہیں امید کہ وہ رفع شر کریں
کیسا اجل کا وقت، یہ کہنے کی بات ہے — وقت آ گیا بس اسکا، وہ جس پر نظر کریں
اعضا شریک فعل تھے جو آج ہیں گواہ — کیا اعتبار منصفِ حشر پر کریں
معراج آرزوے طلب پا رہا ہوں میں — محو جمال یار ہوا جا رہا ہوں میں
اتنا ہی ہو رہا ہے قیام بقا مرا — نقش قدم پہ جتنا مٹا جا رہا ہوں میں
ان کے تخیلات میں گم ہو کے ہر گھڑی — دل کو تصورات میں بہلا رہا ہوں میں
ہستی مٹا دے عشق محمد میں اے سہا — یہ زندگی کا فلسفہ بتلا رہا ہوں میں

اس کی وفات ۲۸/اگست ۱۹۷۴ء کو ہوئی۔اس کے اٹھ جانے کے بعد بریلی میں کوئی ایسا فارسی داں نہیں رہا جس سے میں فارسی زبان وادب کے اشکال پر گفتگو کرتا۔

سوزنؔ، بلدیو پرشاد:

قصبہ سینتھل پرگنہ نواب گنج ضلع بریلی میں ۱۸۸۸ء کو پیدا ہوا، ابتدائی تعلیم سینتھل میں حاصل کی، اردو مڈل کا امتحان بریلی میں پاس کیا، اس کے بعد نارمل اسکول سے ٹیچرس ٹریننگ کورس کیا، اعلیٰ قابلیت، منشی فاضل، منشی کامل اور ادیب کامل کے امتحانات پاس کیے۔سنسکرت اور عربی میں شد بد تھی۔ملازمت کا آغاز تحصیلی اسکول بریلی میں معلّمی سے ہوا، اس کے بعد کنور دیا شنکر ای ایم انٹر کالج بریلی سے ہیڈ پرشین ٹیچر کی پوسٹ سے ریٹائر ہوا۔ بریلی میں ایک بزم ادب تھی جس کے مشاعروں میں وہ شریک ہوتا تھا، بزم ادب کے ہی ایک رکن رگھبیر دیال عاجز سے اس نے مشورۂ سخن کیا، ابتدا میں تخلص آب تھا بعد کو سوزن اختیار کیا۔اس کے دم سے اہل ہنود میں اردو شاعری کو فروغ ملا، بریلی کے زیادہ تر ہندو شعرا اس کے شاگرد تھے۔اس اعتبار سے وہ مربی سخن بھی تھا۔

میں نے اس کو کئی مشاعروں میں سنا تھا۔ بروقت مشاعرہ میں ہی طرحی غزل لکھنے کا عادی تھا تیز طبع اور زود گو تھا، مزاج میں جدت تھی، مشاعرے میں غزل سناتے وقت چٹکی بجاتا تھا جو اچھا نہیں لگتا لیکن بوجہ احترام کوئی اس کو ٹوکتا نہیں تھا۔اپنے خیالات میں مست رہتا اور شہر گشتی کرتا تھا۔اپنی حیات کے دور آخر میں رباعیات تحریر کیں جن کا پلندہ اس کے کوٹ کی جیب میں رہتا تھا، بعد کو شاید جنونی کیفیت میں ہی اس پلندے کو ضائع کر دیا۔اسی حالت میں ۲۸/مئی ۱۹۶۶ء کو فوت ہوا، اس کے شاگرد کشن لال ثاقب نے اس کے حالات اور کلام پر مطلع کیا ورنہ یہ بھی برائے نام رہ جاتا۔مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

ہیں جلوہ نما سنبل و ریحاں مرے آگے — رہتا ہے شب و روز گلستاں مرے آگے
امکان خلش اب نہیں کانٹوں سے بھی مجھ کو — ہر رنج میں راحت کا ہے ساماں مرے آگے
گلشن میں قناعت کے جو میں گوشہ نشیں ہوں — عسرت میں بھی عشرت کا ہے ساماں مرے آگے
ہر رنج میں راحت ہے تو ہر غم میں خوشی ہے — پچھتائے جو آئے غم دوراں مرے آگے

ارباب نظر میں جو میں رکھتا ہوں عقیدت
ارباب جہالت ہیں ہراساں مرے آگے
سوزن ہے مجھے شوق کہ میں سب سے سبق لوں
استاد ہے ہر طفل دبستاں مرے آگے
پیش نظر تصور جاناں نہیں رہا
تسکین قلب کا کوئی ساماں نہیں رہ
وہ دن گئے کہ انس و محبت خمیر تھا
اب نام کو بھی دہر میں انساں نہیں رہا
ہنگام ذبح تیغ سے، وہ بدگماں رہے
میں سخت جانیوں سے پشیماں نہیں رہا
اسلام اور کفر کی ترکی ہوئی تمام
ہندو جو میں تو شیخ مسلماں نہیں رہا
زینت کون و مکاں تھا، مجھے معلوم نہ تھا
میں گل باغ جناں تھا، مجھے معلوم نہ تھا
میری تحریک سے گردش تھی رگوں میں خوں کی
اور میں روح رواں تھا، مجھے معلوم نہ تھا
اپنی ہی ذات کو جانا نہیں میں نے سوزن
اس سے کیا سود وزیاں تھا، مجھے معلوم نہ تھا

رباعیات:

اسباب و علل کا سلسلہ ہے دنیا
یا مظہر اوصاف خدا ہے دنیا
اعمال کا میرے یا نتیجہ ہے یہ
کیا پوچھتے ہیں جناب، کیا ہے دنیا

مرنے کو تو اک روز مرنا ہوگا
دریائے حیات پار کرنا ہوگا
سو بار مرے ہیں اور مریں گے سوزن
اس راہ سے ایک دن گزرنا ہوگا

اجزائے حیات کا بکھرنا دیکھا
پیمانہ زندگی کا بھرنا دیکھا
دنیا میں ہیں موت کے بہانے لاکھوں
بے وقت مگر نہ ہم نے مرنا دیکھا

آبرو شعر کی برباد ہوئی جاتی ہے
داد دیتا ہوں تو بے داد ہوئی جاتی ہے
دل میں رکھنے کی ہے جو بات وہ کیوں کر لکھ دوں
خاموشی شورش فریاد ہوئی جاتی ہے

ڈھونڈا نہ ملا کہیں سراغ ہستی
دیکھا کیے مفت سبز باغ ہستی
ہستی کو سمجھ لیا ہے جس نے اپنی
حاصل ہے اس کو انفراغ ہستی

حوالہ جات: تذکرۂ بہار سخن ص ۲۰۳، کشن لال ثاقب کا خط بنام مولف کتاب ہٰذا مورخہ ٦ رفروری ۱۹۷۵ء

شررؔ، شمس الحسن:

مفتی سلطان حسن خاں احسن (م۱۸۷۲ء) کے پانچ بیٹے تھے جن میں سے ایک شمس الحسن المتخلص بہ شرر تھا، اس کے متعلق اس کے عمر رسیدہ بھتیجے بھی مناسب معلومات نہ دے سکے۔اس کی ایک غزل پیام یار لکھنؤ میں شائع ہوئی تھی جو میری نظر سے گزری اور جس کا مطلع مندرجہ ذیل ہے:

ہر گھڑی پیش نظر حسن و جمال ان کا ہے
لب پہ نام ان کا ہے اور دل میں خیال اُن کا ہے

اس کی غالب پسندی کا ثبوت اس شعر سے ملتا ہے جو اس کا خاندانی اعزاز تھا۔اس غزل کے علاوہ، جس کا مطلع اوپر درج ہوا، اس کا کوئی شعر ہم دست نہیں ہوا۔

حوالہ جات: اکمل التاریخ ص۴۲، پیام یار لکھنؤ بابت مارچ ۱۸۹۵ء

شوقؔ، مکھن لال:

خلف منشی دینا ناتھ، کائستھ سکسینہ، ساکن محلّہ بھوڑ بریلی، پٹواری تھا، ملازمت ترک کر کے پیشہ طبابت اختیار کیا، تلمیذ امیر مینائی، بعد کو حسن بریلوی اور قیصر بریلوی کا بھی شاگرد ہوا، ذہین اور طباع تھا، بریلی میں مشہور رہا، اس نے سنگھاسن بتیسی کو اردو میں نظم کیا، ایک دیوان مرتب کیا، سارا کام اشاعت سے محروم رہا اور بالآخر نایاب ہوگیا۔اچھا غزل گو تھا، نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

دو ٹھکانے ہیں تری زلف کے دیوانوں کے
سیر زنداں کی کبھی کی، کبھی صحرا دیکھا

اس بے خبر سے کوئی تو میرا کہے گا حال
ہر ایک کی زباں پہ مری داستاں ہے اب

اللہ مٹائے اس بت مغرور کی خودی
کہتا ہے طنز سے 'مجھے مانگیں خدا سے آپ'

ہے فضیلت مجھے اس زلف کے دیوانوں پر
جائے دستار مرے سر پہ ہیں زنجیر کے پیچ

بے خودی ہو تو غم گردش ایام نہ ہو
یہ وہ عالم ہے جہاں صبح نہ ہو شام نہ ہو

کہتے تھے تاب دید نہیں آفتاب کو
ہے امتحان آج اُٹھاؤ نقاب کو

یہ مانا کچھ نہیں حاصل فغاں سے
مگر دل دوسرا لاؤں کہاں سے

شرمندۂ گناہ کا اعزاز دیکھئے
آغوش میں لئے ہوئے رحمت خدا کی ہے

خزانہ جن کا پُر ہے ان میں دیکھا عیب خست کا کریمی کی صفت جن میں ہے، ان کا ہاتھ خالی ہے
کثرت غم ہجوم حسرت ہے دل عاشق میں کتنی وسعت ہے
پوچھتے کیا ہو ضعف کا باعث بات کرنے کی کس میں طاقت ہے
ہے گراں دیکھنا اٹھا کے نظر چشم بددور کیا نزاکت ہے
میں نے چھیڑا جو اپنا قصۂ غم بولے چپ، کس کو اتنی فرصت ہے
شوق ہے آدمی وہی جس کے دل میں رحم آنکھ میں مروت ہے

شوق عین جوانی میں فوت ہوا، (قیاساً م ۱۹۱۰ء) جب تک بڑے بوڑھے زندہ رہے اس کا ذکر بڑی محبت سے کرتے تھے۔

حوالہ جات: تذکرۂ بہار سخن ص ۲۳۰، خمخانۂ جاوید جلد ۵، ص ۱۰۴، گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت جنوری و اپریل ۱۹۰۳ء، ماہنامہ قومی زبان کراچی بابت مئی ۱۹۶۸ء

شاکی، بنے میاں:

شاگرد احمد علی خاں عاصی (م ۱۹۰۱ء) مصنف واسوخت مسمیٰ جذبہ محبت جو مطبوعہ ہونے کے باوجود نایاب ہے، اپنے ہم عصر میں بریلی کا مشہور شاعر تھا۔ از وست:

آغاز جوانی میں ستم ڈھائے ہوئے ہیں اٹھتے ہوئے جوبن پہ وہ اترائے ہوئے ہیں

حوالہ: خمخانۂ جاوید، جلد ۵ ص ۳۵۰

شفاؔ، اے آر بیلی:

بریلی کے میتھوڈسٹ چرچ میں پادری تھا، فارسی داں تھا، شاعری میں حاجی عطا محمد عطا بدایونی (م ۱۹۴۴ء) کا شاگرد ہوا۔ از وست:

اے جنون وادیٔ وحشت میں ترے ہاتھوں سے چاک دامن ہے کوئی چاک گریباں کوئی

حوالہ جات: خمخانۂ جاوید جلد ۵، ص ۶

شمسؔ، خواجہ احمد:

ساکن محلّہ خواجہ قطب بریلی، کتب فروش، حاجی الحرمین، تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش۔ از وست:

کیا کہیں جو اس اذیت میں ہیں پنہاں لذتیں ۔۔۔ سو گنہ کیجے جو اس کے ہاتھ سے تعزیر ہو

ہم مئے عشق نبی سے آج کل سرشار ہیں ۔۔۔ یہ نیا ہے طرز، بیخود ہیں مگر ہشیار ہیں

حوالہ جات: خمخانۂ جاوید جلد ۵، ص ۴۱، گلدستۂ آئینہ مغفرت بریلی ص ۱۴، یادگار ضیغم ص ۲۱۵

شادؔ، کالکا پرشاد:

باشندہ موضع رام نگر پرگنہ آنولہ ضلع بریلی، تعلیم یافتہ، پولیٹیکل ایجنسی کوئٹہ میں ملازم تھا۔ از وست:

الجھن ہے انتظار ہے، دل بے قرار ہے ۔۔۔ آتا ہے کون، کس کا تجھے انتظار ہے

حوالہ: خمخانۂ جاوید جلد ۴ ص ۳۳۵

شررؔ، احمد علی:

تلمیذ حسن رضا خاں حسن، ملازم رجسٹری بیسل پور پھیلی بھیت۔ از وست:

چین کب ہے کسی کو زیر فلک ۔۔۔ جو گزر جائے دم غنیمت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی اپریل ۱۹۰۳ء، ص ۱۶

شائقؔ، نثار:

تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر۔ از وست:

زلفوں کو رخ پہ چھوڑ کے جلوہ دکھایئے ۔۔۔ مارا ہوا ہوں گردش لیل و نہار کا

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی، بابت جنوری ۱۹۰۳ء

شاذؔ، محمد اکرام حسین:

تلمیذ قاسم علی خواہاں، من کلامہ:

تم کو دل کی اگر ضرورت ہے ۔۔۔ ہم کو اک دلربا کی حاجت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

شمسؔ، آفتاب علی:

باشندہ بریلی، دھام پور بجنور میں ملازم تھا۔ از وست:

غیر کی تقدیر یا میرا مقدر پھر گیا ۔۔۔ مل گئے وہ راستے میں میرے گھر آتے ہوئے

حوالہ: ماہنامہ شکوہ یار بجنور بابت مارچ ۱۹۱۰ء

شگفتہؔ، ریاض الدین:

تلمیذ مولوی قاسم علی خواہاں، از وست:

وادی عشق میں، میں راہ نورد ایسا ہوں ۔۔۔ قیس بھی پیچھے مرے نقش قدم پر آیا

حوالہ: گلدستۂ لطیف بریلی، بابت جولائی ۱۸۷۴ء

شورؔ، عبدالرحیم:

خلف سید محمود علی، تلمیذ وعم زاد مولوی قاسم علی خواہاں، مضامین ادق باندھنے میں مشہور رہا۔ از وست:

طوق گردن میں پڑے یا پاؤں میں زنجیر ہو ۔۔۔ زلف کے سودے میں کیا کیا دیکھیے تعزیر ہو

بوسۂ زلف معنبر نہیں مانگا ہے ابھی ۔۔۔ مشکیں کسواتے ہو کیوں میری، خطا سے پہلے

مری نعش برہنہ اپنے کوچے میں پڑی رکھنا ۔۔۔ کفن کا ملتجی ہوں، نے لحد کا، میں نہ چادر کا

حوالہ جات: خمخانۂ جاوید، جلد ۵، ص ۳۷، گلدستۂ ہوش افزا بریلی بابت ۱۹؍ اگست ۱۸۷۶ء

شوقؔ، مشتاق احمد:

موضع مونڈیا ضلع بریلی کا رئیس، تلمیذ محمد بشیر خاں رچھاوی۔ از وست:

تصور میں دُرِ دنداں کے جب اے شوق روتا ہوں ۔۔۔ تو میری چشم دریا بار سے موتی بکھرتے ہیں

تری زلف معنبر کا اگر مضموں رقم ہوگا ۔۔۔ سیاہی مشک ہوگی، سنبل تر کا قلم ہوگا

حوالہ: خمخانۂ جاوید، جلد ۵ ص ۱۶۸

شمسؔ، محمد شمس عالم:

تلمیذ قاضی عبدالحق زہیر۔ از وست :

بعد مرنے کے بھی، وہ زندہ ہے   جس کے دل میں تمہاری الفت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہارِ بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

شوقؔ، عزیز اللہ خاں:

تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر۔ از وست :

نہیں معلوم کون ہوں کیا ہوں   مجھ کو ہستی پہ اپنی حیرت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہارِ بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

شاعرؔ، علی حسن:

ایرانی النسل، اولاد خواجہ عبید اللہ قدس سرہ، ساکن محلّہ ذخیرہ نزد چاہ خرم علی، عربی و فارسی میں طاق، اردو مڈل اور نارمل کے امتحانات پاس، عدالت بریلی میں نائب منصرم تھا، ہندی اور انگریزی کی لیاقت بھی بقدر ضرورت رکھتا تھا، زندہ دل اور شوخ طبع تھا، قاضی محمد خلیل حیراں کے یہاں مجالست تھی، مشاعروں میں شرکت کا شوق نہیں تھا لیکن گلدستوں میں غزلیات خوب چھپواتا تھا، اس کا ایک دیوان گھر کے سامان کے ساتھ چوری ہوا اور دوسرا آب زدہ ہو کر نذر باراں ہوا۔ شاعری میں نواب عبدالعزیز خاں عزیز (م ۱۸۹۱ء) کا شاگرد تھا، زود گو، پختہ کار اور قادر الکلام تھا، اس کا استاذ گلاب کی پتی سے ہیرا کاٹتا تھا اور اس کی شوخ کلامی میں بھی نزاکت و رمزیت تھی۔ شاعر کی غزل کھلے ہوئے گل صد برگ کی طرح تھی جس میں خارجی دلکشی اور خوشبو کی وساطت سے قلب کو مسخر کرنے کی صلاحیت تھی۔ داغ کے ماحول شاعری میں شاعر کی شوخی تغزل ایک مولوی کی شوخی طبع تھی جس کا تعلق شراب و شباب کی عملی لذت سے نہیں تھا۔ اگر اس کے دواوین ضائع نہیں ہوتے تو وہ بھی اپنے استاذ اور داغ کے شاگرد حسن رضا خاں حسن کی طرح بام شہرت پر استادہ ہوتا۔ اس کی غزلیات کا مختصر انتخاب مندرجہ ذیل ہے :

اے رندو کہیں اور چلو، خلد سے بھاگو — وہ مولوی صاحب بخدا دیکھ رہے ہیں
بڑی ریش ہو شیخ جنت کا باعث — یہ کچھ ایسی ریشہ دوانی نہیں ہے
حلت ہے جبھی تک کہ اسے دیکھے نہ زاہد — لاؤ جو مئے ناب تو حرمت سے بچا کے
بن بن کے پوچھتے ہیں، تجاہل تو دیکھئے — ملنا ہمارا مدنظر کس نظر سے ہے
جاتے تھے وہ گھر غیر کے، اچھی ہمیں سوجھی — یہ کہہ کے انہیں روک لیا، دیکھ رہے ہیں
سحر تک مری ان کی چلتی رہی — مئے ناب سانچے میں ڈھلتی رہی
کرے کتنی ہی تیزی، پیر ہے یہ آسماں پھر بھی — چلو آہستہ تم، نام خدا ہو، نوجواں پھر بھی
کاکل تو دوش پر ہے مگر ربط سر سے ہے — الفت بلا کی خانہ بدوشوں کو گھر سے ہے

اس کی غزلیات میں روایت غزل کے مطابق ایسے اشعار بھی ملتے ہیں:

یہ سرائے فانی کی شان ہے کہ امید وبیم میں جان ہے
میرے پیچھے پیچھے زوال ہے، اگر آگے آگے کمال ہے

کیا جانے کوئی قصد ہمارا ہے کہاں کا — کعبہ میں کھڑے قبلہ نما دیکھ رہے ہیں
دل ملے گویا کہ ملنا ہوگیا — دل میں شک آیا، جدائی ہوگئی
کھو کے سب عجز جو عرفان کے معنی سمجھا — ہر جگہ آئی نظر پہلی ہی منزل مجھ کو

اس کی ایک اور غزل انتخاب اشعار کے بعد:

ہوئے وہ میان سے باہر یہاں تک — کہ نوبت آگئی تیغ زباں تک
تڑپنا لوٹنا اٹھ اٹھ کے گرنا — کہاں تک اے دل مضطر کہاں تک
جنازے پر وہ میرے آکے بولے — چلو دیکھیں چلو گے تم کہاں تک
یہاں ہے نام چلنے کا ٹھہرنا — قیام اپنا ہے بس عمر رواں تک
قیامت آنے والی ہے یقیناً — یہ دنیا ہے فقط ضبط فغاں تک

شاعر نے معلوم نہیں ضائع شدہ دیوان میں کیا کیا گل کھلائے ہوں گے۔ یہ انتخاب تو صرف ان اشعار کا ہے جو گلدستۂ نہال سخن بریلی میں شائع ہوئے۔

شاعر کے حالات بھی قابل تذکرہ نہیں ہوتے اگر ۳۵ برس پہلے اس کے فرزند خواجہ معین الدین فروغ نے اپنے خاندان اور اپنے والد کے متعلق آگاہ نہیں کیا ہوتا۔

شاعر کی وفات ۱۹۱۹ء میں ہوئی۔

حوالہ: گلدستۂ ہائے نہال سخن بریلی

شمیمؔ، من موہن لال:

کائستھ، ماتھر، ساکن ذکاتی محلّہ بریلی، وکیل عدالت بریلی، ولادت: شیر گڑھ، ضلع متھرا، ستمبر ۱۸۹۴ء، سخن فہم اور سخن سنج، شوکت علی فانی بدایونی جب ۱۹۱۹ء میں رضوی منزل ڈھال بہاری پور میں مقیم ہوا تو اس کے احباب میں من موہن لال ماتھر شمیم بھی تھا۔ بہترین مکتوب نگار تھا۔ اس کے مکاتیب کا مجموعہ ڈاکٹر شمس بدایونی نے ۱۹۸۷ء میں شائع کرادیا ہے۔ ان مکاتیب سے اس کے علم و فضل اور قدرت زبان کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ اس کی ساکھ اس وقت ختم ہوگئی جب اس نے پنڈت گووند بلبھ پنت کے خلاف بریلی کے شہری حلقے سے جن سنگھ کے ٹکٹ پر ایم ایل اے کا الیکشن لڑا اور ناکام ہوا اور چند برس کے بعد ہی ۲۵ جنوری ۱۹۵۴ء میں فوت ہوگیا۔ اس کو شاعری میں مولوی قاسم علی خواہاں سے تلمذ تھا، اس کا کلام شائع نہیں ہوا، اس کی بیاض بھی ہم دست نہیں ہوئی، بہرنوع وہ اپنی شاعری کے مقابلے میں اپنے مکاتیب سے زندہ رہے گا۔ اس کی ایک غزل گلدستۂ نہال سخن میں شائع ہوئی تھی جو نذر قارئین ہے۔

کیفیت شباب یہ ہے چشم یار میں — ہو مست جس طرح کوئی مے کے خمار میں
جو صنعتیں ہیں قدرت پروردگار میں — سب جمع ہیں وہ ایک میرے گل عذار میں
وعدہ کسی کا ہے تیرے آنے پہ منحصر — آ بھی تو اے اجل کہ میں ہوں انتظار میں
کہنا کسی کا ہائے یہ اظہارِ شوق پر — میرا بھی دل نہیں ہے مرے اختیار میں
شوخی بھی ہے، حیا بھی ہے، صبح شب وصال — دوہری ادائیں ہیں نگہِ شرمسار میں
شاید ابھی جفا سے طبیعت نہیں بھری — تاخیر کیوں ہے فیصلۂ جانِ زار میں
ہنستے ہوئے وہ آئیں مرے پاس اے شمیم — کچھ ہے اثر جو گریۂ بے اختیار میں

حوالہ جات: گلدستۂ نہال سخن بریلی، مکاتیب شمیم، دیدودریافت ص ۹۱ تا ص ۱۰۱

شوقؔ، مفتی ساجد حسن:

مفتی حبیب الحسن احسن کا فرزند، عماد الحسن محو کا شاگرد۔ از وست:

مجھے تو خوئے ضبط آرزو ہے، اس کو کیا کہئے ۔۔۔ دل خود رفتہ کہہ دیتا ہے ان سے داستاں میری

حوالہ جات: یادگار محو گلدستہ مشاعرہ آگرہ ۱۹۳۰ء، ماہنامہ معارف اعظم گڑھ بابت اگست ۱۹۶۷ء

شوخؔ، بخت عالم شاہ خاں:

تقسیم ہند سے پہلے بریلی میں بہت مشہور تھا، مشاعروں کی جان تھا، میں نے جب اس کو تلاش کیا تو وہ رامپور جا چکا تھا اور میں نے جب اس کو رامپور میں تلاش کیا تو وہ کراچی میں مقیم تھا۔ میں نے اس کے بعد اس کے احباب سے ملاقات کی اور ان کے ذریعہ اس کے حالات اور اشعار سے واقف ہوا۔ اس کو شفیع الدین خواجہ سے تلمذ تھا، اس کا مندرجہ ذیل شعر اس کی پہچان بن چکا ہے:

دل ان سے گفتگو کے لیے بے قرار ہے ۔۔۔ یا رب تو جان ڈال دے تصویر یار میں

اس کے یہ دو شعر بھی بہت مشہور ہوئے:

آپ کو کیوں ہے ندامت، آپ کیوں گھبرا گئے ۔۔۔ میں پشیماں ہونے والا تھا، پشیماں ہو گیا

میں جھومتا ہوں ساغر و مینا لیے ہوئے ۔۔۔ مدہوشیاں ہیں میرا سہارا لیے ہوئے

اشعار نعت:

نہ تماشا ہے کوئی اور نہ تماشائی ہے ۔۔۔ نور احمد کی یہ سب انجمن آرائی ہے

وجد میں روح مرے تن سے نکل آئی ہے ۔۔۔ حسن بالا تری نظروں میں یہ گہرائی ہے

حسن وحدت کا ہے آئینہ، جمال انور ۔۔۔ یاد حق ساتھ میں لے کر تری یاد آئی ہے

دیکھ کر بزم تصور میں جمال انور ۔۔۔ نگہ واپسیں با دیدۂ تر آئی ہے

نور مطلق ہو کوئی، نور مجسم ہو کوئی ۔۔۔ دور بینی کی حدوں پر مری بینائی ہے

نام کے صاحب ایماں تو بہت ہیں لیکن ۔۔۔ شوخ مومن ہے وہی ان کا جو شیدائی ہے

دو مطبوعہ غزلیات ہم دست ہوئیں جن کے بعض اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

دل اب کسی کے وصل کا خواہاں نہیں رہا　　ویران گھر ہوا بھی تو ویراں نہیں رہا
مرنے کے بعد درد جدائی بھی مٹ گیا　　ہجراں نصیب کو غم ہجراں نہیں رہا
دل میں خوشی نہ غم نہ تمنا نہ آرزو　　اس گھر میں آج تک کوئی میہماں نہیں رہا
چہرۂ انور دکھاکر فیصلہ کیا کردیا　　آپ نے بیمارِ غم کو روبہ قبلہ کردیا
ہم شب فرقت کے ماروں کوتو دن بھی رات ہے　　جب کبھی تم آگئے، تم نے اجالا کردیا
دیکھ کر نقش کف پا جھوم جھوم اٹھے تھے ہم　　بے خودی نے بڑھ کے سجدوں کا تقاضا کردیا
آپ سے تعبیر فرمائیں نہ خواب مرگ سے　　زندگی نے نیند آنے کا بہانا کردیا
شوخ اپنے وقت کا مجنوں بنا کر عشق نے　　مجھ کو ہر منزل میں ہر عالم میں رسوا کردیا

حوالہ جات: گلدستۂ مشاعرۂ سیرت بریلی بابت ۱۹۴۳ء، سہ ماہی العلم کراچی ص ۵۴، بابت اکتوبر ۱۹۵۱ء

شادؔ، الٰہی بخش:

ساکن قصبہ رچھا ضلع بریلی، تلمیذ محمد بشیر خاں بشیر رچھاوی۔ از وست :

جب اٹھایا اس نے اپنے روئے روشن سے نقاب
ابر کے پردے میں چھپ کر ماہ انور رہ گیا

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

شاکرؔ، کالکا پرشاد:

منگل سین کا پسر خرد، کھتری ملہوترہ، ساکن گلی مندر داو جی عقب، سرائے پختہ قلعہ روڈ بریلی، بھاری بھرکم، گہرا سانولا رنگ، ذریعہ معاش گھڑی سازی، بازار ساہوکارہ میں لب سڑک دوکان تھی، میں نے اس کو دیکھا تھا، ملاقات کبھی نہیں ہوئی، شفیع احمد عیش کا شاگرد تھا:

فیض سے شاکر جناب عیش کے　　شعر کہنے کی لیاقت ہوگئی

بعد کو نوح ناروی کا بھی شاگرد ہوا۔ اس نے اپنا دیوان مسمیٰ شکوہ شاکر اپنی زندگی میں ہی ۱۳۷۱ھ/ ۱۹۵۱ء میں شائع کرایا، دوسرا دیوان محروم اشاعت رہا، نوح ناروی نے اس کے مطبوعہ

دیوان پر رائے دیتے ہوئے تحریر کیا:

''وہ خاص خوبیاں جو ایک کہنہ مشق شاعر میں پائی جاتی ہیں بڑی حد تک ان میں پاتا ہوں۔ مختصر یہ کہ جو شعر ہے اپنی جگہ خوب ہے، فصاحت اور بلاغت کی کمی نہیں۔''

بریلی کی تاریخ شاعری میں کالکا پرشاد شاکر دبستان داغ کا آخری شاعر تھا، اس کی وفات (۱۹۶۰ء) کے بعد یہ طرز شاعری ختم ہو گیا۔ مختصراً انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

بے مروت کو بے وفا کہیے　　کہیے کہیے مجھے برا کہیے
ہاں بجا ہے یہ آپ کا کہنا　　بیوفا میں ہوں، بے وفا کہیے
کام غیبت سے لیجئے نہ کبھی　　جو ہو کہنا وہ برملا کہیے
کیا خبر کیا مآل الفت ہو　　ابتداہی کو انتہا کہیے
ان کے ظلم و ستم کو اے شاکر　　اپنی تقدیر کا لکھا کہیے

نیم جاں کوئی نیم بسمل ہے　　قتل گاہ ہے کہ تیری محفل ہے
کیوں نہیں ملتے جب کہا، تو کہا　　نہیں ملتے، کسی کو کیا، دل ہے
کیوں نہ ہو مجھ کو فخر اے شاکر　　نوح صاحب سے فیض حاصل ہے

جورِ کرم نما ستم آسماں رہا　　یوں مہرباں رہاں بھی تو کیا مہرباں رہا
مجھ باوفا سے عشق میں وہ بانی جفا　　برہم رہا خلاف رہا بدگماں رہا
مٹ کر رہ ہوس میں ہوے کس قدر سبک　　اپنا غبار دوش صبا پر گراں رہا
اس بے وفا نے آج سنائی ہیں سیکڑوں　　بس یہ کہا تھا، رات کو تو کل کہاں رہا
شاکر بھی لب ہلا نہ سکا ان کے روبرو　　منھ میں رہی زبان مگر بے زباں رہا

تڑپ کی لذتیں حاصل ہیں میرے قلب مضطر کو　　خدا رکھے سلامت اور نگاہ فتنہ پرور کو
تڑپنا ہجر کی شب وہ کسی ناکام حرماں کا　　وہ رہ رہ کر بہ حسرت دیکھنا ایک ایک اختر کو
جو عاشق ہیں وہ آنسو پی رہے ہیں ہجر جاناں میں　　جہاں میں موجزن دیکھا کسی نے آب گوہر کو
تمہیں سوچو، تمھیں سمجھو، خطا میری نہیں کچھ بھی　　ستمگر کہہ دیا میں نے اگر تم سے ستمگر کو

تڑپتا ہی رہوں میں تو نتیجہ کچھ نہیں اس کا
ذرا پیوست کردو اور دل میں نوک خنجر کو

ہزاروں کوششوں سے وہ ہمارے ڈھب پہ آئے ہیں
بڑی مشکل سے ہم نے اب کیا ہے موم پتھر کو

گنوائی رات، کھوئی نیند تم نے کوے جاناں میں
سویرا ہوگیا، وہ دیکھو، اے شاکر چلو گھر کو

شاکر کے تلامذہ کے نام نہیں ملتے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس نے شاگردوں کی بھیڑ جمع نہیں کی، یا پھر ایسا تھا کہ طرز داغ دم توڑ چکا تھا اور نومشقوں نے اس سے اصلاح لینا نامناسب سمجھا، تاہم اس کے استاذ سخن ہونے میں شبہ نہیں کیا جاسکتا۔

حوالہ جات: شکوہ شاکر، گلدستۂ بہار سخن بریلی، گلدستۂ بزم سخن لکھنؤ بابت مارچ ۱۹۱۵ء، ص ۲۰

شیداؔ، سلیمان خاں:

ساکن صوفی ٹولہ شہر کہنہ بریلی، بازار سرائے خام بریلی میں ٹین اور جست کے صندوق فروخت کرتا تھا۔ تقسیم ہند کے بعد پاکستان چلا گیا، قمرالحسن قمر بدایونی کا شاگرد تھا۔ از وست :

تہنیت جشن ولادت کی صبالائی ہے
آج ہاشم کے گلستاں میں بہار آئی ہے

ہر شے ہے اپنے قلب کی حالت پہ منحصر
دوزخ کہیں نہیں ہے، جنت نہ حور ہے

حوالہ جات: گلدستۂ مشاعرۂ سیرت بریلی بابت ۱۹۴۳ء، گلدستۂ بزم سخن بریلی بابت ۱۹۲۴ء

شیفتہؔ، آل حسین، مفتی:

خلف اور شاگرد مفتی بدرالحسن تفتہ۔ از وست :

بیکس کے اٹھاتے ہی ادھر ہاتھ دعا کے
رحمت نے ادھر کھول دئے باب عطا کے

بے ساختہ ہر سمت ہیں وہ شوخ نگاہیں
پردے سے اٹھے جاتے ہیں کچھ شرم وحیا کے

اے شیفتہ اس لاغریِ جسم کے قرباں
جاؤں گا کسی بزم میں کاندھے پہ صبا کے

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

شآد، طیب حسن:

خلف اور شاگرد مفتی عماد الحسن محو، نوے برس سے زائد زندہ رہا، ۱۹۶۸ء میں فوت ہوا۔

ازوست:

فغاں، فریاد، نالہ، آہ، گریہ، دل کی بیتابی　　کلیجے سے لگا لیتے ہیں دل کو پیار کرتے ہیں

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

شیدآ، مہدی حسن:

بدار الحسن تفتہ کا فرزند اور شاگرد۔ ازوست:

نئی روز کونپل نکلتی رہی　　مری شاخ امید پھلتی رہی
مسیحا نے مجھکو نہ مرنے دیا　　قضا دست افسوس ملتی رہی
یہ رندوں میں اے شیخ کیا شور ہے　　کہاں کس کی پگڑی اچھلتی رہی

۱۹۲۳ء میں فوت ہوا۔

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

شوؔر، ہری موہن لال:

این ای ریلوے میں ٹرین ٹکٹ اگزامینر تھا، بے حد لاغر اور باتونی، احباب نواز اور متواضع، اس کو شراب نوشی نے تباہ کر دیا۔ اس کا مندرجہ ذیل شعر اس کی پہچان بن چکا ہے۔

تھا انا الحق، حق مگر منصور کو کہنی نہ تھی　　یار کی محفل کے باہر یار کی محفل کی بات

شآد، امانت حسین:

طالب حسین کا فرزند، ساکن قدیمی نزد جامع مسجد قلعہ بریلی، ۱۸۹۳ء میں پیدا ہوا، ۱۹۱۲ء میں میٹریکولیشن کا امتحان پاس کیا۔ تیسری گورکھا رائفل لینس ڈاؤن گڑھوال کے محکمۂ اکاؤنٹس میں ملازم رہا، اس کے بعد روہیل کھنڈ ڈویژن کے محکمۂ انہار میں ملازمت کی اور وہیں سے پنشن یاب ہوا کرکٹ اور ٹینس کا عمدہ کھلاڑی تھا، شاعری میں شفیع احمد عیش کا شاگرد تھا، اس کے کلام کا کچھ حصہ اس کے فرزند

کے پاس محفوظ ہے، اس کے فرزند نے ہی حالات بتائے اور مختصر انتخاب کلام پیش کیا۔ از وست :

یہ فیض عیش ہے اور ہے یہ صدقہ داغ صاحب کا۹۱
جناب شاد جو ایسی غزل تیار کرتے ہیں

اے شوق دید یار ذرا اور صبر کر ان کی نظر کو دیکھ لیں اپنی نظر سے ہم
محبت میں ہزاروں چھیڑ کے پہلو سہی لیکن مزہ دے دے گئی ہے گفتگو بے جا شکایت کی

اس کی وفات ۱۰ رجنوری ۱۹۵۵ء کو ہوئی جس کے ساتھ ہی اسکے خاندان میں سخن سنجی اور ادبی چہل پہل کا خاتمہ ہو گیا۔

شیداؔ، ایشری پرشاد:

لیکھ راج کا فرزند، بتھری چین پور ضلع بریلی کا باشندہ، کائستھ سکسینہ ۱۸۷۶ء میں پیدا ہوا، کنور دیا شنکر ایڈورڈ میموریل انٹر کالج بریلی میں ورنا کیولر ٹیچر تھا۔ اسی کالج میں بلدیو پرشاد سوزن فارسی کا معلم تھا، اس نے سوزن کا تلمذ اختیار کیا، اس کے جو دو چار اشعار میسر آئے وہ مندرجہ ذیل ہیں:

تصور میں در جاناں پہ پہنچے لامکاں ہو کر ہوا جلوہ فگن دل میں وہ آنکھوں سے نہاں ہو کر
جنون مجھ کو بتادے اور کوئی شغل وحشت کا گریباں اڑ چکا سارا ہمارا دھجیاں ہو کر
بے غرض کو بندگی سے ہے غرض رنج کافر سے نہ غم دیندار سے

حوالہ جات: تذکرۂ بہار سخن ص ۲۴۰، تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی، ص ۲۹۰

شارقؔ، رئیس الحق:

تلمیذ شفیع الدین خواجہ۔ از وست :

اللہ تیرے در سے ہو شارق بھی فیضیاب خواجہ سنا ہے فیض ترا دور دور ہے

حوالہ: گلدستۂ بزم سخن بابت مارچ ۱۹۲۴ء

شائقؔ، لچھمی نرائن:

رام چرن لال کا پسر، کائستھ ۱۹۱۰ء میں پیدا ہوا، ساکن محلّہ بھوڑ بریلی، بی اے۔ سی ٹی منشی

کامل اور اعلیٰ قابلیت کے امتحانات بھی پاس کیے۔ سرسوتی ودیالیہ انٹر کالج بریلی میں معلم تھا، مجھ سے ملاقات ہے، بہت مہذب اور خلیق، میری فرمائش پر مجھے اپنے حالات اور کلام سے آگاہ کیا۔ مشاعروں میں نہیں جاتا ہے، بلدیو پرشاد سوزن کا شاگرد ہے، اس نے غزل، نظم اور قطعہ میں طبع آزمائی کی، کم لکھا لیکن جو بھی لکھا خوب لکھا۔ اس کا مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے :

دل کی ادنیٰ سی کارفرمائی — خود تماشا بنا تماشائی
کس کی نظروں نے سرفراز کیا — پھر رہی ہے بہار اترائی
کوئی غنچہ چمن میں کیا چٹکا — جاگ اٹھا عالم جبیں سائی
اپنے اپنے دلوں کا اطمینان — اپنی اپنی الگ شناسائی
مطلع آرزو پہ اے شائق — غم کی بدلی سدا نظر آئی

☆

جوش شباب سائلِ جام شراب ہے — حیرت ہے اک شرر پہ فدا آفتاب ہے
شب ہے ہجوم شوق ہے جام شراب ہے — لیکن شگفت صبح کا کوئی جواب ہے
قائم کسی طرح ہو کوئی مرکز نظر — آوارۂ نگاہ کو ہر شے نقاب ہے
انسان آج بھول گیا غم کی رفعتیں — غم کو غم حیات سمجھنا عذاب ہے
کیا ڈھونڈتے بقید توسط کسی کو ہم — حسن طلب سے حسن نظر کامیاب ہے
جس زندگی کی قدر جوانی نہ کر سکی — عہد شکستہ پائی میں سر پر عذاب ہے
شاید قریب منزل مقصود آ گئی — ہر اضطراب عیش ابد کا جواب ہے
آرام گاہ شام میں اترا ہے آفتاب — شائق اجل کی گود میں یا محو خواب ہے
کسی کے عہد و پیماں جان کا آزار بن بیٹھے — مرے پائے طلب کی راہ میں دیوار بن بیٹھے
نگاہ دیدہ ور کو ساری دنیا کوئے جاناں ہے — کوئی ذرہ اٹھے اور حاصل دیدار بن بیٹھے
کسی کو کتنی معلومات ہے میں یہ نہیں کہتا — تمہارے راز داں کیوں پیکر انکار بن بیٹھے
حیات خضر کیا ہے اور حیات چند روزہ کیا — کسی کو موت جب عمر ابد آثار بن بیٹھے
کوئی آہٹ تو ملتی ہے ہمیں آنکھوں کے روزن سے — مگر محسوس ہوتا ہے ہمیں دیوار بن بیٹھے

بقدر ناصیہ سائی ہے توقیر پذیرائی
وہ ناداں ہیں جو اپنے دل کے خود مختار بن بیٹھے
ترستی ہیں کہیں دیدار کو حسرت زدہ آنکھیں
کہیں اشک ندامت گوہر شہوار بن بیٹھے
گلوں کی انجمن میں گوش برآواز ہے شائق
کہ شاید کوئی برگ گل لب گفتار بن بیٹھے

قطعات:

گل رعنا سے آگے گلستاں کا لطف کیا ہوگا
تصور سے پرے محبوب جاں کا لطف کیا ہوگا
عجب راحت ہے جب اک شب کی گہری نیند اے شائق
خدا جانے کہ خواب جاوداں کا لطف کیا ہوگا
غم خانہ دنیا سے ملے کیسے نجات
انسان اٹھائے گا کہاں تک آفات
اے گردش ایام گزر تیزی سے
لمحوں میں سمٹ آئے یہ برسوں کی حیات
اے بشر کیا سوچتا ہے بار بار
زندگی پر موت کا ہے اختیار
اپنے بیگانے کو حسرت سے نہ دیکھ
چند سانسیں مل نہیں سکتی ادھار
فنا ہوں یا کہ بقا ہوں مجھے نہیں معلوم
بشر ہوں یا کہ خدا ہوں مجھے نہیں معلوم
طلسم خانۂ ہستی میں کھو گیا ہوں میں
کہاں ہوں کون ہوں کیا ہوں مجھے نہیں معلوم

نظم سرمایہ دار کا ایک بند:

اے فدائے عشرت امروز اے شیدائے زر
اے مسرت کیش اے بیگانۂ سوز جگر
اے نشاط افروز، مجلس کے درخشندہ گہر
اے چمن زار تلوّن کے گل رعنائے تر
تیری شان روز افزوں پر تصدق بالیقیں
قصر شاہانہ کے اسباب تعیش آفریں

شعورؔ، علی کرّار:

اس کا تخلص جناب بھی تھا جس کی وجہ سے اس کو بریلی میں لوگ جناب میاں کہتے تھے۔ ساکن محلّہ چک محمود متصل مسجد غوثیہ شہر کہنہ بریلی۔ فن موسیقی سے واقف، ریڈیو آرٹسٹ، لکھنؤ میں کسی پریس میں ملازم تھا، محلّہ مولوی گنج لکھنؤ میں رہتا تھا، مجھ سے یاد اللہ تھی، جب بھی بریلی آتا، اپنے احباب سے ضرور ملتا تھا، بہت وضعدار اور محبت سے بھرا ہوا انسان تھا۔ اس نے ابتدا میں نیاز اللہ خاں

ظریف (م ۱۹۴۸ء) سے اصلاح وصول کی زاں بعد علی حسین ضمیر سے رجوع کیا اور آخر میں مرزا جعفر علی خاں اثر لکھنوی سے۔ من کلامہ :

چارہ سازو مرض غم کی دوا کچھ بھی نہیں — دردِ فرقت میں تڑپنے کے سوا کچھ بھی نہیں
چاند تارے میرے حالات پہ کجلا سے گئے — کاسۂ شب میں مرے غم کے سوا کچھ بھی نہیں
میں نے سوچا تھا سنور جائے گی تقدیرِ حیات — ان کے غم نے بھی سنوارا پہ بنا کچھ بھی نہیں
ان سے اظہار محبت کو خطا کہہ لیجے — ورنہ اس دل کی تباہی کی بنا کچھ بھی نہیں
آپ مجبوب ہیں ناحق مری بربادی پر — مجھ کو اس دل کی تباہی کا گلہ کچھ بھی نہیں
دور سناٹے میں آواز سنی تھی جو شعور — ان کی آواز کا دھوکہ تھا ہوا کچھ بھی نہیں

اس کا مندرجہ ذیل شعر بریلی میں بہت مشہور ہوا:

اک طرف تھا دین دنیا، اک طرف تھا دین حق
اک مسلماں تھا یزید، اور اک مسلماں تھے حسین

اس کی وفات ۱۹۸۲ء میں ہوئی۔

حوالہ: ماہنامہ نیا دور لکھنؤ، بابت اپریل ۱۹۷۵ء

شیداؔ، سعادت حسین، وارثی:

خادم حسین کا فرزند، ساکن محلّہ کہاڑا پیر، گلی تھالی والان بریلی۔ تعلیم واجبی، پیشہ زرکاری، بے حد خلیق اور زندہ دل، میرے والد صاحب سے ملاقات تھی، نعت گو کی حیثیت سے معروف ہوا۔ تلمیذ علی حسین ضمیر، ایک مجموعۂ نعت مسمیٰ حبیب ۱۹۸۰ء میں پاکستان میں شائع ہوا تھا، ۱۲ر فروری ۱۹۶۹ء کو فوت ہوا۔ نمونہ کلام مندرجہ ذیل ہے :

اپنی جبیں کو عرش معلیٰ کریں گے ہم — جا کر درِ رسول پہ سجدہ کریں گے ہم
رفعت کو دیکھتے ہوئے اٹھتی نہیں نگاہ — کیا وصف حد عظمت آقا کریں گے ہم
کچھ بے خودی عشق شہ دیں کی حد نہیں — کب تک نہ جانے ہوش میں آیا کریں گے ہم
یادیں ہیں اپنے دل میں سراج منیر کی — چاہیں گے جس جگہ بھی اجالا کریں گے ہم

یہ آرزوے دل ہے کہ شیدا پئے کفن　　　خاک در رسول مہیا کریں گے ہم

حوالہ: نعت حبیب ص۳۲

شاںؔ، ولایت اللہ:

تلمیذ مرزا سعادت یار بیگ معجز۔ از وست :

ستم کی انتہا آخر کہاں تک　　　کہاں تک اے بت کافر کہاں تک

حوالہ: گلدستۂ بہار سخن بابت ۱۹۲۹ء

صولتؔ، سید حسن شاہ:

تلمیذ مولوی قاسم علی خواہاں۔ از وست :

عیار و شوخ، حضرت دل وہ کمال ہے　　　ہشیار رہیے اس بت نا آشنا سے آپ

حوالہ: گلدستۂ نشو ونما بریلی بابت ۱۹۰۳ء

صولتؔ، اکبر حسین:

پیدائش بہ سال ۱۸۵۱ء، سید دولت علی نقوی کا خلف، باشندہ محلّہ سید باڑہ بدایوں، مقیم محلّہ فرّاشی ٹولہ، بریلی، اس کو مفتی سلطان حسن خاں احسن تلمیذ غالب کی دختر منسوب تھی، خود اس کی صاحبزادی احسن کے نبیرہ مفتی صادق حسن صادق سے منسوب تھی، جس سے اس کے حالات اور کلام میسر آئے۔ ریاست گوالیار میں صوبیدار تھا، مالدہ میں بھی رہا، عمر آخر میں اجین میں جج تھا۔ شعر گوئی کا شوق تھا، ابتدا میں مولوی دلدار علی مذاق بدایونی (م۱۸۹۴ء) کا شاگرد ہوا اور بعد کو منشی امیر مینائی (م۱۹۰۰ء) کا۔ غزل، نعت، مثنوی، منقبت اور قصیدے میں طبع آزمائی کی، اس نے ایک ضخیم دیوان مرتب کیا جو اس کا نبیرہ اپنے ساتھ پاکستان لے گیا، بعد کو وہ نہ طبع ہوا اور نہ اس کا پتہ چلا، مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

ایک نعت کے چند اشعار:

چہرۂ انور نور مطہر صلی اللہ علیہ وسلم　　　ماہ منور نیر اکبر صلی اللہ علیہ وسلم

صدر نبوت، تخت حکومت، شافع امت، روز قیامت　　　تاج شفاعت زیب دہِ سر صلی اللہ علیہ وسلم

گیسوے جاناں مشک فشاں ہیں جیسے کہ خوشبو کون ومکاں میں　　دونوں جہاں ہیں ان سے معطر صلی اللہ علیہ وسلم
غالب برحق کیسے نہ ہو تو صبر ہے تیرا یکتا پہلو　　قوت بازو حیدر صفدر صلی اللہ علیہ وسلم
چاہیے صولت لب پہ کسی کے نام مبارک ان کا جب آئے　　ساتھ ہی نکلے اُن کے برابر صلی اللہ علیہ وسلم

ایک طویل نعتیہ قصیدہ ۹۲ غیر مطبوعہ جس کا مطلع ہے :

رواں ہے آب گوہر قلزم طبع سخنور میں　　کہ لہریں لے رہیں ہیں ہفت قلزم آب گوہر میں

غزلیات:

ہیں گلشن ہستی میں خزاں دیدہ شجر ہم　　کیا ڈالے نظر کوئی نہ گل ہم نہ شجر ہم
مرا دل مر چکا، میں مر چکا، مجھ میں رہا کیا ہے　　لگی پھرتی ہے پیچھے پیچھے مرگ ناگہاں پھر بھی
اپنی ہستی کا تھا اندیشہ باطل مجھ کو　　عمر بھر جس نے رکھا موت سے غافل مجھ کو
پائے لنگ ورہ نادیدہ و نابینا چشم　　یارب آسان ہو دشواری منزل مجھ کو
دست و پا مارنے والے رہیں جویائے کنار　　ہو چکا غرق تو ہر موج ہے ساحل مجھ کو

اس کا جتنا بھی کلام میری نظر سے گزرا اس سے یہ اندازہ ہوا کہ اس کا اصل میدان نعت گوئی تھا اور محسن کاکوروی کی طرح اس نے تلاش مضمون، تخیل طرازی اور پُر بداعت اظہار بیان پر زور دیا، اس نے خود بھی لکھا ہے:

یوں تو ہندوستان میں شاعر　　لاکھوں بے مثل و لاجواب ہوئے
صولت ومحسن و امیر و مذاق　　مدح خواں چار انتخاب ہوئے

بریلی میں اس کی پہچان بھی اس شعر سے قائم ہے۔

اللہ ایک، اس کا محمد رسول ہے　　ایک بات میں خلاصہ ہوا کائنات کا

اس کی وفات ۲۰ ربیع الاول ۱۳۳۱ھ مطابق ۲۷ فروری ۱۹۱۳ء کو مالوہ میں ہوئی اور وہیں لب دریائے سپرہ اندرون درگاہ حضرت مولانا مغیث الدین مدفون ہوا۔

حوالہ جات : آئینہ دلدار ص ۱۳۲ اور ص ۱۳۹، تذکرۂ شعرائے بدایوں جلد ۲ ص ۲۸، ماہنامہ قومی زبان کراچی بابت نومبر ۱۹۶۶ء، تذکرۂ نعت گویان بریلی ص ۸۸، گلدستۂ نہال سخن بریلی

صدرؔ، آل حسن:

فرزند اور شاگرد مفتی بدر الحسن تفتہ، اس کی غزلیات میں شوخی اور بانکپن کا وصف ہے۔ از وست:

گنج شہدا میں تری رفتار سے ظالم — واللہ قیامت کا بکھیڑا نظر آیا
یہیں تک صدرؔ لطف عاشقی ہے — ہے آرائش چمن کی باغباں تک
نہیں ہر چند کچھ امید منزل تک پہنچنے کی — چلا جاتا ہوں اٹھتا بیٹھتا میں ناتواں پھر بھی

اس کی وفات ۱۹۲۲ء میں ہوئی۔

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

صادقؔ، صادق حسین:

مفتی عماد الحسن محو کا فرزند، میرا اکرم فرما، مشفق وضعدار، سخن فہم اور سخن سنج، میرے اور اس کے مابین برسوں ملاقات رہی۔ اس نے اپنے خاندان کی ادبی خدمات کی بازیافت میں میری مدد کی، ابتدا میں اپنے خسر اکبر حسین صولت کا شاگرد ہوا، زاں بعد اپنے والد سے رجوع کیا، مفتیان بریلی کے مسلک شاعری پر قائم رہا۔

اسے حاصل ہے فیض معنوی سرکار غالب سے
کرے گا ہمسری کیا کوئی صادق سے سخنور سے

مختصر انتخاب غزلیات مندرجہ ذیل ہے:

یوں آرزوے دید سے کاوش جگر میں ہے — یعنی حصول لطف کا ساماں نظر میں ہے
وہ کیفیت، وہ لطف، وہ انداز دلبری — سیدھی نظر میں کب ہے جو ترچھی نظر میں ہے
شدت میں درد کی یہ بتانا محال ہے — ہوتی ہے دل میں ٹیس کہ کاوش جگر میں ہے
مشروط وعدہ لفظ اگر سے نہ کیجیے — پوشیدہ میری موت کا ساماں اگر میں ہے
انجام درد عشق کا ہوتا ہے جو بھی کچھ — صادقؔ وہ اپنی چشم حقیقت نظر میں ہے
ننگ جنوں ہیں جیب وگریباں مرے لیے — کافی ہے ایک تار رگ جاں مرے لیے
جیتا ہوں انتظار میں فردائے شوق کے — دشواری حیات ہے آساں مرے لیے

رحم و کرم کا اس کے سزاوار کردیا وجہ نجات بن گئے عصیاں مرے لیے
دنیائے دل سکون کی خاطر اجڑ گئی کس سے کہوں کہ گھر ہے بیاباں مرے لیے
لذت کش ستم ہوں، رہین ستم نہیں غم چاہیے بحد فراواں مرے لیے
صادق وفور کشمکش غم نہ پوچھئے ہے اک عذاب شوق فراواں مرے لیے

بریلی میں یہ اسلوب غزل تقسیم وطن کے بعد تک جاری رہا۔ اسی اسلوب غزل میں نئے عصری اور ادبی تقاضوں کے زیر اثر جدید غزل نے جنم لیا۔ یہی وہ اسلوب غزل تھا جس نے طرز داغ کا خاتمہ کیا۔

مجھے اس کی وفات کا سال یاد نہیں رہا، میرے خیال میں اس کی وفات ۱۹۷۰ء کے بعد اور ۱۹۸۰ء سے پہلے ہوئی۔

صادقؔ، واحد یار خاں:

اس کا تخلص شاغل بھی تھا، ساکن محلّہ چک محمود شہر کہنہ بریلی۔ باعتبار پیشہ کارندہ، مشاعروں میں بہت مقبول تھا۔ شروع میں محمد سعادت یار خاں عیش کا شاگرد ہوا اور بعد کو مرزا رستم یار بیگ قیصر کا۔

من کلامہ :

وہ جتنا تن کے چلتے ہیں وہ جتنا بن کے چلتے ہیں ہماری موت کے اتنے ہی ساماں ہوتے جاتے ہیں
دوستوں سے مجھے شکوہ ہے نہ دشمن سے گلا میرے ہی دل نے نہ رکھا کسی قابل مجھ کو
گر کرم حضرت قیصر کا رہے گا صادق شعر گوئی کی مری، شہر میں شہرت ہوگی
دیکھا جمال یار تو حیران رہ گیا میں انجمن میں آئینۂ انجمن ہوا
سمجھ کر مجھ سے کیجے گفتگو آپ نکل جائے نہ کچھ میری زباں سے
بلند ہوتا اگر سوز دل سے شعلۂ آہ مثال شمع کے میں تاجدار ہوجاتا
شب فرقت میں یوں دم دے کے دم کو میں نے رکھا ہے ذرا دم لے کہ کوئی دم میں وہ دم باز آتا ہے
خوش ہوں شاغلؔ آپ، برآئے گی اب دل کی امید وہ بدل کر محفل اغیار سے تیور اٹھا
غیر سے ہم کو کیا شکایت ہے اپنی تقدیر اپنی قسمت ہے
جی کے مرتے ہیں مر کے جیتے ہیں دل لگانا بھی اک قیامت ہے

کل مکاں جن کا رشک جنت تھا　　بے نشاں آج ان کی تربت ہے

بلاشبہ کلام دلچسپ ہے، مضمون طرازی کے ساتھ زبان دانی بھی ہے۔اسلوب گفتگو سلیس اور عام فہم ہے۔میں نے اس کو نہ دیکھا نہ سنا لیکن اس وقت میں تصور کر رہا ہوں کہ اس کی غزل سے مشاعروں میں تہلکہ مچ جاتا ہوگا۔وہ تمام شعرائے بریلی جو اس سے واقف تھے،اس کے بہت مداح تھے۔

حوالہ جات: گلدستۂ نہال سخن بریلی،گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء، رسالہ کمال دہلی بابت فروری ۱۹۱۲ء

صنعتؔ، امیر حمزہ:

اس کو داغ کے شاگرد فیروز شاہ خاں فیروز رامپوری سے تلمذ تھا۔ از وست :

آیا تو ایک دم کے لیے پھر چلا گیا　　دونی تو آگ میرے جگر میں لگا گیا

حوالہ: گلدستۂ مشاعرۂ رامپور بابت ۱۸۹۶ء

صباؔ، افتخار علی مرزا:

مرزا سعادت یار بیگ معجز کا فرزند اور شاگرد، کوشش بسیار کے باوجود اس کا کوئی شعر ہم دست نہیں ہوا، عاصی نے اسکے متعلق تحریر کیا :

''خاندانی شاعر، پھر شاعری کا کیا کہنا''

لیکن کوئی شعر نقل نہیں کیا، لہٰذا معذوری ہی معذوری ہے۔

حوالہ: تاریخ روہیل کھنڈ از عبدالعزیز خاں عاصی ص ۲۹۲

ضیاؔ، شاہ محمد:

تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر۔ از وست :

مرا نالہ بھی فریاد جرس ہے دشت غربت میں　　ہر اک گم کردہ راہ عشق کو رستہ بتاتا ہے

نامہ ہم کو لکھا بخطِّ غبار　　ان کے دل میں ابھی کدورت ہے

حوالہ : گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

ضیغم، ضیغم علی:

اس کا نانا میر سعادت علی شیدا اور دادا سید امداد علی محشر تھا، ایک انوکھا شاعر تھا، لغات کے طلسم میں پھنس گیا، تلاش مضمون میں گم کردہ راہ ہوگیا، مختصر یہ کہ مہمل گو تھا حیرت کی بات ہے کہ اس کی مہمل غزلیات گلدستۂ نہال سخن بریلی میں شائع ہوئی تھیں۔ نمونۂ کلام یہ ہے:

طیش آتا رہا کاظم الغیظ پہ قائم — ارکان ادا کردیے لاحول ولا کے
ہو صرف کسی نحو سے تصریف میں ترکیب — واضع ہوں بدیعات و عروض او رہجا کے
طراح طرح طول امل کا ہوا طومار — طارم ۹۳ کا رہا ولولہ اوہام بلا کے
ایجاد کن فکاں کا مقرر صور سے ہے — پر شرط اس میں یہ ہے کہ عالی گہر سے ہے
لب بند ہیں بنات کے کیا بات بات ہے — مصری یہ کہہ رہی ہے کہ شیریں شکر سے ہے
عریانی وہ لباس ہے جس سے جہان میں — سب زیب کالبد کی اسی آستر سے ہے
ہمزہ بتا رہا ہے یہ خارج کلام ہے — اس دال کا جواب تعلق خضر سے ہے
سائر کا سحر سہو ہوا کامگار ہو — کامل ہو گو کلام وہ عامل سحر سے ہے
تائید پنجتن ہو تجھے خوف حشر کیا — ضیغم خبیر تیرا جو اثنا عشر سے ہے

سبحان اللہ، شہر بریلی میں ایسے دلچسپ شاعر بھی گزرے ہیں۔

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

طرب، شفقت علی:

اس کا تخلص شفقت بھی تھا، شروع میں افضل علی صدیقی ضو بدایونی تلمیذ منیر شکوہ آبادی کا شاگرد ہوا اور بعد کو مولانا حسن رضا خاں حسن بریلوی کا۔ از وست:

تربت سے اٹھ کے جا نہ سکا کوئے یار تک — یہ ناتوانیوں کا اثر ہے غبار میں
کس خوبرو کو دیکھ لیا، کس پہ مٹ گئے — کیوں اے طرب تم آج نہیں اختیار میں
آغاز محبت ہی میں گھبرا گئے ایسے — کیوں حضرت دل نالہ و فریاد ابھی سے

گل توڑ کے اس گل نے کہا ہنس کے چمن میں		کیا بلبل ناداں تجھے الفت تھی ابھی سے

حوالہ: خمخانۂ جاوید، جلد۵ ص۴۴۲

طپاںؔ، سید سلطان علی:

قاسم علی خواہاں کے برادر خرد سید ممتاز علی کا فرزند اور خواہاں کا داماد بھی، مضمون آفریں تھا، صفائی بندش کا ماہر تھا۔ از وست :

مَر مَر کے ہاتھ آئی شب وصل کی گھڑی		کیوں کر نہ چاہیں موت کو پہلے سحر سے ہم

حوالہ: خمخانۂ جاوید، جلد۵ ص۴۴۳

طورؔ، عزیز اللہ خاں:

تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر، نمونہ کلام یہ ہے:

شہرت دنیائے دوں اے طورؔ کچھ شہرت نہیں
جو ہوا گمنام اس عالم سے، نام آور اٹھا

حوالہ: بہار بے خزاں، بابت جون ۱۹۰۳ء

طپشؔ، شیام سندر لال:

ٹریفک سپرنٹنڈنٹ روہیل کھنڈ اینڈ کمایوں ریلوے (موجودہ نارتھ ایسٹرن ریلوے) آئزٹ نگر، بریلی کے دفتر میں کلکر تھا، حکیم رگھبیر سہائے بریاں کا شاگرد تھا۔ از وست :

زاہدا خلد میں کیا ہے رکھا		حور وہ ہیں، گھر ان کا جنت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

طالبؔ، طالب حسین خاں:

تلمیذ مرزا رستم بیگ قیصر، ساکن شہر کہنہ بریلی، تلامذہ قیصر میں نام آور، پختہ خوش فکر اور صاحب طرز۔ نمونۂ کلام یہ ہے :

نشاں دل کا نہ پائے گا کوئی بھی بزم جاناں میں		نظر کی شکل جاتا ہے تو بن کر خواب آتا ہے

شب فرقت ترے بیمار کے یہ دو ہی ہمدم ہیں
بٹھاتا ضعف ہے بڑھ کر تو درد اٹھ کر اٹھاتا ہے

ادا میں گندی رنگوں کے طالبؔ جو فروشی ہے
بنی آدم کو سودے میں سدا ان کی خسارا ہے

سیکڑوں مصرع پیچیدہ چلے آتے ہیں
وصف گیسو میں مجھے ہے یدطولیٰ کیسا

اس درجہ ان کو میری طرف سے ہے بدظنی
اوروں کے بھی قصور کا مجھ پر گماں ہے اب

دخت رز کو دیکھ کر تقویٰ سلامت رہ سکے
شیخ صاحب آپ کے ہے یہ تو فرمانے کی بات

رہا پاس جفا ان کو، رہا پاس وفا ہم کو
یہی ان بن رہی ان کے ہمارے درمیاں برسوں

اللہ رے سیاہی و طول شب فراق
انداز سب وہی ہیں جو ہیں زلف یار میں

حوالہ جات: گلدستۂ مشاعرہ ماہنامہ کمال دہلی بابت فروری ۱۹۱۲ء، خمخانۂ جاوید جلد ۵، ص ۴۱۸

طالبؔ، علی حسین شاہ:

اس کے اجداد مغل دربار میں نقیب تھے۔ مغلوں کے زوال کے بعد بریلی میں آباد ہو گئے، اس کی جلد سازی کی دوکان تھی، اپنے عمل اور وضع سے صوفی لگتا تھا۔ قاسم علی خواہاں سے تلمذ تھا، تمام عمر نعت ومنقبت سے سروکار رکھا، اس کے جو رسائل میری نظر سے گزرے ان کے یہ نام ہیں:

فغان طالب، مجموعۂ ہشت جنت آٹھ حصے، تحفۂ چشتیہ، یادگار طالب آٹھ حصے، طالب مدینہ، دیوان مدح مرغوب۔

اس میں اتنی سمجھ تھی کہ اس نے اپنا سرمایۂ شاعری شائع کرا دیا۔ جہاں تک اس کی شاعری کا تعلق ہے، اس میں سلاست وسادگی کے ساتھ پھیکا پن ہے۔ اس کے اشعار میں شعریت بہت کم ہے۔ بہر نوع چند چیدہ اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

جانب طیبہ ہمارے دل کا ارماں لے چلا
بن کے رہبر شاہ دیں کا لطف واحساں لے چلا

روضۂ شہ کی زیارت عمر بھر جس نے نہ کی
اپنے مرقد میں وہ عاشق سوز پنہاں لے چلا

شہ کے صدقے سے برآئے مدعا طالب تری
جس گھڑی تو التجائیں پیش یزداں لے چلا

اس کی وفات ۱۹۴۵ء میں ہوئی۔

حوالہ: ماہنامہ آستانہ زکریا ملتان، بابت جولائی ۱۹۵۸ء

ظریفؔ، نیاز اللہ خاں:

اس کا جد امجد اللہ یار خاں خیر آباد (اودھ) سے ترک وطن کر کے بریلی وارد ہوا۔ اس کا مکان، روہیلی ٹولہ شہر کہنہ بریلی میں تھا۔ اس کی علمی استطاعت زیادہ نہیں تھی، محکمۂ صحت چنگی بریلی میں چپراسی کے عہدے پر ملازم ہوا، اس کے بعد بریلی کے مشہور وکیل سید یوسف علی کی محرری کی اور اس کی مالی حالت اتنی سنبھل گئی کہ خود بھی صاحب جائداد بن گیا۔ شاعری میں مرزا رستم یار بیگ قیصرؔ کا شاگرد تھا، اس نے غزل ہزل اور نعت تحریر کیں۔ اس کو شہرت ہزلیات سے ملی، مولانا حسن کے خندہ اور حکیم عبدالصمد سرشار کے قلقل کی طرح اس کو مرزا رستم یار بیگ قیصر نے تیار کیا تھا، تاہم اس کی ہزلیات کا معیار بہت پست تھا۔ اس کی جنس زدہ نظر، بوجہ کم علمی، پستان و فرج میں ہی ڈھکی چھپی رہی۔ اس کو مشاعرے میں داد ملتی، تفریح اور تفنن کا یہ بھی طریقہ تھا۔۹۴

مجھے اس کے حالات اس کے داماد ظہور الحسن صدیقی سے دستیاب ہوئے لیکن صدیقی اس کا غیر مطبوعہ کلام فراہم نہ کر سکا، البتہ اس کا ایک مختصر مجموعۂ نعت مسمّیٰ ''دامن پیغمبر'' مطبوعہ چشتی پریس بریلی ۱۳۴۹ھ/ ۱۹۳۰ء مل گیا جس میں شعریت کی کمی محسوس ہوئی کیونکہ بریلی میں نعتیہ شاعری اپنا ارتقائی سفر کرنے کے بعد عہد آخر میں ہمہ صفت بن چکی تھی اور ایسی پھیکی شاعری گویا مذکورہ ارتقائی سفر سے انکار کے برابر تھا۔

ظریف عمر آخر میں تائب ہوا، میلاد خوانی کا شغل اختیار کیا اور ۱۹۴۹ء میں فوت ہوا۔ اس کا نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

غزل:

آج پھر دل کو مرے تازہ پریشانی ہے — محفل غیر میں اس شوخ کی مہمانی ہے
محفل غیر میں آنکھوں سے رواں ہیں آنسو — راز افشا ہوئے جاتے ہیں پریشانی ہے
تیرے ہر شعر سے پیدا ہے یہ مضمون ظریف — نظم میں اب ترا ہمسر نہ کوئی ثانی ہے

ہزل:

لاحول پڑھیے اب کہ ہمارا ظہور ہے — یہ ذکر اس غزل پہ تو ہونا ضرور ہے
گندم نما جو صورت تصویر نور ہے — ٹانگوں میں یار کے کوئی چکی ضرور ہے

یہ سن وہ ہے کہ اس میں سیاہی بھی نور ہے ۔۔۔ مل جائے جو شباب میں بھتنی بھی حور ہے
بالیں کو رکھ کے بیچ میں لیٹے ہیں میرے پاس ۔۔۔ منزل قریب ہو کے بھی تو مجھ سے دور ہے
مارسیاہ جعد ہے لاکھوں لٹوں کے ساتھ ۔۔۔ یہ سر ہے آپ کا یا کوئی ناگ پور ہے
کھیت ان کا کچھ عجیب طرح بارور ہوا ۔۔۔ نیچے ہے گیہوں، گیہوں کے اوپر مسور ہے
قدرت کو کب غرض کہ دبا کر نکالئے ۔۔۔ آواز کچھ نہ ہو تو ہمارا قصور ہے
سودا بھرا ہوا جو ظرافت کا سر میں ہے ۔۔۔ شیطان کوئی سر پہ ہمارے ضرور ہے
ہوجاتا عقد آج جو آجاتی اختری ۹۵ ۔۔۔ اس بزم کا ظریف تو دولھا ضرور ہے

نعت:

کس قدر اوج پہ پہنچا ہے مقدر اپنا ۔۔۔ شب معراج کا دولھا ہے پیمبر اپنا
مثل سیماب ہوں بیتاب غم دوری سے ۔۔۔ اور قابو میں نہیں ہے دل مضطر اپنا
شکر صد شکر ظریف ان کی عطا کے صدقے ۔۔۔ مجھ کو آقا نے بنایا ہے ثنا گر اپنا

لیکن اس شکر کے باوجود بریلی میں اس کو لوگ ہزل گو کی حیثیت سے ہی پہچانتے ہیں۔

حوالہ جات: دامن پیغمبر، بزم سخن بریلی بابت مارچ ۱۹۲۴ء، بزم سخن ندرہ گیا بہار جنوری ۱۹۱۵ء

عشرتؔ، بانکے لال:

رائے گوری شنکر مسرت لکھنوی کا شاگرد تھا۔ ازوست :

مجھ کو کیا غم جو حسد مجھ سے عدو کرتے ہیں ۔۔۔ حرفِ غم اپنا ہی کمبخت لہو کرتے ہیں
حیات جاودانی کا مزا کیا ۔۔۔ پئیں اے خضر ہم آب بقا کیا
کیسا الٹا ہے زمانے کا چلن ۔۔۔ کی بھلائی اور برائی ہوگئی
جو نالہ کش دل مہجور اضطراب میں ہے ۔۔۔ صدائے درد سے زلف اس کے پیچ وتاب میں ہے
ہمت دل نے بہت چاہا کہ وہ آگے بڑھے ۔۔۔ ہر جگہ پیچھے مگر میرا مقدر رہ گیا

حوالہ جات: گلدستۂ نہال سخن بریلی، ماہنامہ قومی زبان کراچی بابت نومبر ۱۹۶۸ء

عاقل، عزیز الدین، شیخ:

سید رحمت علی جنون کا شاگرد، نعت گو، اس کا وہ کلام جو عہد آخر سے متعلق ہے فراہم نہیں ہوا۔ از وست :

تمنا ہے بڑھے جب وقت آخر پیاس کی شدت
تو حوریں آئیں لے کر، اے نبی، اک جام کوثر کا

عاشق، عاشق علی:

تلمیذ سید رحمت علی جنون۔ از وست :

ہاتھ میں تیغ لیے جب کبھی قاتل آیا — پھر تو جلاد فلک بھی نہ مقابل آیا

اس کا عہد آخر کا کلام دستیاب نہیں ہوا۔

حوالہ: گلدستۂ ہوش افزا بریلی بابت ۱۸۷۷ء

عاشق، سعادت یار خاں:

اس کا تخلص دانش بھی تھا، خلف حکیم محمد یار خاں بسمل، ساکن شہر کہنہ بریلی۔ شروع میں عباس بیگ نادر کا شاگرد ہوا اور بعد کو نیاز احمد خاں ہوش کا، اس کے زمانے میں جو شعرائے بریلی کے دواوین شائع ہوئے ان میں اس کے تحریر کردہ قطعات تاریخ ملتے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک اہم شاعر تھا، بڑے بوڑھوں نے اس کا یہ شعر بھی سنایا جو اس کی پہچان بن گیا تھا:

مذہب عشق میں جو شخص کہ داخل نہ ہوا — مرتبہ دونوں جہاں میں اسے حاصل نہ ہوا

اس شعر کے علاوہ اس کی غزل کا کوئی شعر نہ سننے میں آیا اور نہ پڑھنے میں۔ اس کی ایک نعت گلدستۂ آئینہ مغفرت میں نظر سے گزری جس کے چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

نبی کے عشق میں زاری تو دیکھو — دل ناداں کی ہشیاری تو دیکھو
سفیدی نام کو باقی نہیں ہے — مری فرد سیہ کاری تو دیکھو
دکھایا خواب میں حضرت کا جلوہ — مرے طالع کی بیداری تو دیکھو

کفن باران رحمت سے ہوا تر یہ لطف ایزد باری تو دیکھو
ہوا شیدا نبی کا میں تو عاشق نصیبوں کی مرے یاری تو دیکھو

حوالہ: گلدستۂ آئینہ مغفرت بریلی ص ۲۰

عنایتؔ، عنایت سنگھ:

خلف راجہ لال سنگھ، برادر زادہ مہاراجہ رتن سنگھ زخمی (م ۱۸۵۱ء) ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ و میونسپل بورڈ، بریلی۔ زمیندار، صاحب ثروت، صاحب عزت، شاعر خوش بیان، تلمیذ جواہر سنگھ جوہر لکھنوی (م ۱۸۹۳ء) عنایت سنگھ نے اردو میں شکنتلا کا ترجمہ ۱۸۸۳ء میں کیا اور اس مثنوی کا نام ''غازۂ تعشق'' رکھا جس کا مطبوعہ نسخہ میرے پاس محفوظ ہے۔ اس نے ۱۸۹۹ء میں اپنا دیوان مرتب کیا جو ۱۹۰۰ء میں شائع ہوا۔ اس کا ناقص نسخہ ویریندر پرشاد سکسینہ بدایونی کے پاس محفوظ ہے۔ عنایتؔ موزوں طبع اور خوش بیان شاعر تھا۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

جب سے سنا کہ مہندی لگی ہے، نہ آئیں گے بدلا ہوا ہے رنگ دل بے قرار کا
جدا کر دو تکلف کو، نہ بیٹھو میہماں ہوکر رہو پہلو میں دل ہوکر مرے سینے میں جاں ہوکر
دل پُر داغ میں ہوتے ہوئے آنکھوں میں آبیٹھو تماشا دیکھنے دریا کا آؤ گلستاں ہوکر
عجب شان خدا ہے بعد مردن بھی رہے غمگیں رقیب آتے ہیں تربت پر ہماری نوحہ خواں ہوکر
گھائل ہوئے کسی کے خدنگ نظر سے ہم دیکھا کہ لوٹنے لگے زخم جگر سے ہم
دشمن تو کیا کہ اپنے بھی آنکھیں دکھاتے ہیں ایسے گرے ہوئے ہیں کسی کی نظر سے ہم
جب لطف جذب دل ہے کہ مل جائیں راہ میں وہ بھی چلیں اُدھر سے بصد شوق ادھر سے ہم
چھیڑیں گے تجھ کو پہلوے اعدا میں دیکھ کر اے جاں، بشر ہیں، کاہےکو ڈر جائیں شر سے ہم
لکھی عنایتؔ آج غزل چھے مہینے بعد غمگیں رہے جو مرگ جناب پدر سے ہم
بسر ہو عیش و مسرت سے عمر کیا میری کبھی جو بات نہ پوچھے وہ خوش ادا میری
قبول کرنے نہ کرنے کا اختیار تمہیں یہ آرزو ہے مگر سن لو التجا میری
نہ بوریا بھی ریاکار زاہدوں کو ملے ہے کبریا سے عنایتؔ یہی دعا میری

اس کی وفات بکری سمبت ۱۹۵۹ء مطابق ۱۹۰۲ء کو ہوئی۔

حوالہ جات: تذکرۂ بہارسخن ص ۲۸۱، ماہنامہ قومی زبان کراچی بابت نومبر ۱۹۶۸ء

عفتؔ، آمنہ خاتون:

رابعہ خاتون پنہاں کی سب بڑی بہن، اپنے والد سے اردو اور فارسی کی تعلیم حاصل کی، ضلع مظفرنگر یوپی میں شادی ہوئی۔ گھر کے ادبی ماحول سے متاثر ہوکر شاعری اور افسانہ نگاری پر مائل ہوئی، سماجی کاموں میں دلچسپی لینے کی وجہ سے ڈسٹرکٹ بورڈ اور میونسپل بورڈ مظفرنگر کی سرکاری ممبر نامزد ہوئی، اس کے افسانوں کا مجموعہ ''گوہرعفت'' شائع ہو چکا ہے۔ اسکا نمونہ کلام مندرجہ ذیل ہے:

صلہ پائے گی آہ نارسا کیا — ہلے گا پردہ، عرش علا کیا
میں ہر ذرہ میں تجھکو پارہا ہوں — مجھے دیروحرم سے واسطا کیا
جو غنچہ ہے جدا، جوگل انوکھا — یہ ہے نیرنگیوں کی انتہا کیا
جھلک ان کی کہیں دیکھی تھی دل نے — اسی دن سے نہ جانے ہوگیا کیا
مرے اعمال نے کشتی ڈبودی — شکایت ہائے دست ناخدا کیا
ہر اک آنسو ہے روحِ عشق عفتؔ — دُروگوہر سے اس کو واسطا کیا

اس کی وفات ۱۹۶۸ء کو کراچی میں ہوئی۔

حوالہ: شاعرات اردو ص ۵۶۲

عبرتؔ، زینت بیگم:

دختر خوب داد خاں خوب جس کا ذکر گزشتہ اوراق میں ہوا۔ ساکن گلی بھاٹان قلعہ روڈ بریلی، گوالیار میں ۱۹۰۵ء کو شادی ہوئی، موزوں طبع تھی، نمونہ کلام مندرجہ ذیل ہے:

نہ ہوتا دل تو کوئی کیوں کسی پر مبتلا ہوتا — حسیں ہوتے تو کیا تھا، دلربا ہوتے تو کیا ہوتا
ستمگر ہیں تو جب بھی ایک عالم ہے تمنائی — اگر رسم رواداری ادا کرتے تو کیا ہوتا

مجھے قسمت سے شکوہ ہے، شکایت ان سے کیا عبرت
ستمگر ہیں تو کیا ہے، باوفا ہوتے تو کیا ہوتا

حوالہ: شاعرات اردو ص ۵۵۰

عابدؔ، عبدالعلی خاں:

ساکن پنجابی ٹولہ شہر کہنہ بریلی، فن طب سے آگاہ تھا، ذریعہ معاش عمارتی لکڑی کی تجارت تھی، شخصی حیثیت میں معروف اور معزز تھا، ابتدا میں عبدالعزیز خاں عزیزؔ (م ۱۸۹۱ء) کا شاگرد ہوا اور اسکے بعد مرزا رستم یار بیگ قیصرؔ کا (م ۱۹۳۰ء) سب سے آخر میں مولوی قاسم علی خواہاںؔ (م ۱۹۳۸ء) سے مشورۂ سخن کیا۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

گم ہوا راہ طلب میں تو ٹھکانا پایا
آپ کو کھو کے ملی یار کی منزل مجھ کو

کارآمد یہ عبادت نہ ریاضت ہوگی
مجھ گنہ گار کو کافی تری رحمت ہوگی

جو کچھ ہے محال اہل فنا دیکھ رہے ہیں
مٹی میں، حبابوں کی ہوا دیکھ رہے ہیں

پردے میں لاکھ شاہد نازک خیال ہے
دل میں چھپا تو آنکھ سے پنہاں نہیں رہا

اک سانس بھر کا منزل ہستی کا ہے سفر
اک دم کا راستہ ہے سفر کتنی دور ہے

صبح شب وصال ہے وحشت کا سلسلہ
وابستہ چاک دامنی چاک سحر سے ہے

اس عہد کے ماحول شاعری میں جو شہر کہنہ پر چھایا ہوا تھا متذکرہ بالا اشعار میں جن میں احساس عقبیٰ غالب ہے، منفرد منفرد سے دکھائی دیتے ہیں۔

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

عاجزؔ، اللہ یار خاں:

تلمیذ مولوی قاسم علی خواہاںؔ۔ از وست:

وصل سے شاد ہو دل مضطر
نہیں عاجزؔ کی ایسی قسمت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

عبؔد، عبدالکریم:

خلف سید فضل علی جو مولوی قاسم علی خواہاں کا خالہ زاد بھائی تھا، سلسلہ طریقت میں مولانا عبدالقادر بدایونی (م ۱۹۰۱ء) سے بیعت تھا۔ بریلی کا مشہور حافظ قرآن تھا، نعت گوئی کا شغف تھا، خواہاں سے ہی تلمذ تھا، اس کا کلام تعظیم علی نقوی کے پاس کراچی میں ہے۔ اس کا ایک شعر اسی خاندان کے ایک معمر فرد سید زاہد حسن پیش امام مسجد بدرالاسلام خاں قلعہ روڈ بریلی نے سنایا تھا جو مندرجہ ذیل ہے:

جھکی گردن گرانباری تو دیکھو　　مرا بارِ گنہگاری تو دیکھو

عاشؔق، عاشق حسین:

اس کا دادا مولوی امداد علی قصبہ شاہی ضلع بریلی کا قاضی تھا۔ اس کا والد مولوی احمد رضا موضع مرزاپور اور چکر پور المعروف بہ ملکن کا زمیندار تھا، اس کی سکونت محلّہ صوفی ٹولہ شہر کہنہ بریلی میں تھی۔ متداول تعلیم کے علاوہ انگریزی داں تھا، مرزا رستم یار بیگ قیصر کی صحبت اختیار کی اور فیض یاب ہوا، اس کی جو آب زدہ اور دریدہ بیاض قاضی صغیر حسین استاذ اسلامیہ کالج بریلی کے ذریعہ برائے مطالعہ دستیاب ہوئی اس میں خود اس نے اپنے قلم سے اشعار درست کیے ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ قیصر کا شاگرد نہیں تھا۔ بہت زود گو تھا، اس نے ہر صنف سخن میں طبع آزمائی کی، اس نے اپنی اصلاحی نظمیں روہیل کھنڈ ۷۹ اخبار بریلی اور روزنامہ اخبار ۹۸ بریلی میں بھی شائع کرائیں۔ ان نظموں میں شعریت نہیں ہے۔ اس نے بعض نظمیں جیسے ''نیک صلاح ومشورہ'' اور ''فریاد زمینداران'' پمفلٹ کی شکل میں شائع کرا کے تقسیم کیں جس سے اس کے اصلاحی رجحان کا قیاس کیا جاسکتا ہے۔ اس نے زیادہ تر طرحی غزلیات تحریر کیں، اس نے شہر کہنہ بریلی میں بزم ارباب الادب کی تشکیل کی تھی جس کا روح رواں اس کا دوست محمد نبی شوق بھی تھا۔ اس کی وفات ۲ر ربیع الاول ۱۳۶۸ھ مطابق یکم جنوری ۱۹۴۹ء کو ہوئی۔

نمونہ کلام مندرجہ ذیل ہے:

تجھے اے مہرباں پایا بہت نامہرباں ہم نے
سمجھ کر دل دیا تھا تجھ کو اپنا قدرداں ہم نے

وہ برگشتہ مقدر ہے بنایا گھر جہاں ہم نے
جلا ڈالا ہے آہوں سے خود اپنا آشیاں ہم نے

رہا ثابت نہ اپنے قول پر تو راہ الفت میں
تجھے کیا آزمائیں، کرلیا ہے امتحاں ہم نے

مرے پہلو میں رہ کر مجھ سے کی پہلوتہی اس نے
غلط فہمی ہوئی دل کو جو سمجھا رازداں ہم نے

فقط ذوق سخن عاشق ہے شاعر ہم نہیں لیکن
سخنور قدر کرتے ہیں، وہ پائی ہے زباں ہم نے

عاصی، علی احمد خاں:

اس کا تخلص شوخ اور بے چین بھی تھا۔ باشندۂ نارنول، اپنے والد کے ہمراہ رامپور پہنچا جہاں اس کی تعلیم و تربیت ہوئی، اس کے بعد بریلی کا ہو رہا۔ ابتدأ نیاز احمد خاں ہوش (م۱۸۹۲ء) کا شاگرد ہوا اور بعد کو امیر مینائی (م۱۹۰۰ء) کا۔ بریلی میں اس کی کفالت قاضی عبدالجمیل جنوں (م۱۹۰۰ء) کرتا تھا۔ شہر کے روسا کی صحبت میں وقت گزارتا تھا، عبدالعزیز خاں عاصی (م۱۹۶۴ء) نے اس کا نقشہ کھینچتے ہوئے تحریر کیا ''سیاہ نام-سفید لباس'' بہرنوع اس کا ادبی ذوق بہت رچا ہوا تھا۔ اودھ کی نامہ نگاری کی، شاہد ظرافت اس کے ظریفانہ مضامین کا مجموعہ ہے، جو فضل الدین بک ڈپو لاہور نے شائع کیا۔ اس نے پیرایۂ ظرافت میں کار اصلاح انجام دیا، اس نے ایک رسالہ شیخ و برہمن کے اتحاد پر تحریر کیا جو غیر مطبوعہ رہا۔ ایک واسوخت مسمیٰ نالہ دلشکن نظم کیا جس کو احمد المطابع لکھنؤ نے شائع کیا، ایک قصہ مسمیٰ فسانہ لاجواب تحریر کیا جو فسانہ عجائب اور باغ و بہار کے مشترکہ مطالعہ کا نتیجہ ہے، یہ طبع نہیں ہوا۔ اس کا مخطوطہ شیخ مشتاق علی رضوی مرحوم، بانس منڈی بریلی کے ذخیرۂ کتب میں محفوظ ہے اور جو میری نظر سے گزر چکا ہے۔ اس نے جملہ اصناف سخن میں طبع آزمائی کی۔ اس کے بریلی میں کلب حسین مائل، عبدالکریم اوج اور بنے میاں شا کی مشہور تلامذہ تھے۔ ستر سال

زندہ رہ کر ۱۹۰۱ء کو بریلی میں فوت ہوا۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

ظاہر سے کہیں ہوتی ہے باطن کی صفائی　　غازہ سے کوئی حور شمائل نہیں ہوتا
کعبہ و دیر تو معمور ہے جلوہ سے ترے　　پھر بتا شیخ و برہمن میں ہے جھگڑا کیسا
میں بھی کسی کا روز ازل رازدار تھا　　جو کہہ رہا ہوں گذری ہوئی داستاں ہے اب
دل میں رہے کسی کے، کسی کی نگاہ میں　　نکلے کبھی نہ پردے کے باہر حیا سے آپ

رہے گا رندوں کے سر پہ سہرا بنے گا ہر مست آج دولھا
عروس گل اب نہ منھ چھپائے، بہار آئی بہار آئی

اہل عرفاں سے کوئی پوچھے حقیقت دل کی　　کعبۂ دل کو مرے عرش خدا کہتے ہیں
کفر و اسلام میں سب کہتے ہیں اپنی اپنی　　جو سمجھ کر نہیں کہتے اسے کیا کہتے ہیں
جان منصور نے دی اپنی تنگ ظرفی سے　　راز کی بات کہیں مرد خدا کہتے ہیں
اٹھ کے کعبہ کو چلو کوئے بتاں سے عاصی　　کچھ خبر بھی ہے تمھیں لوگ برا کہتے ہیں

حوالہ جات: یادگار ضیغم ص ۹، خمخانۂ جاوید جلد ۵ ص ۵۴۵، تاریخ روہیل کھنڈ عاصی ص ۲۹۲

عاصیؔ، ابوالحسن:

شاگرد مفتی عماد الحسن محو، استاذ فارسی، پیشہ معلّمی۔ از وست :

کھلتا نہیں ہے بھید قریب و بعید کا　　اتنا ہی وہ قریب ہے جتنا کہ دور ہے

حوالہ: گلدستۂ بزم سخن بریلی بابت ۱۹۲۴ء

عرشؔ، اعتماد الدین احمد:

پیدائش ۱۹۰۵ء، ساکن محلّہ عقب کوتوالی بریلی۔ شیخ فاروقی، اس کے نانا، پرنانا اور ان کے برادران جیسے مولوی سید محمد علی، سید شجاعت علی، مولوی سید عنایت علی، مولوی سید ولایت علی، مولوی حافظ علی اور مولوی ہدایت علی بریلی کے علما میں شمار کیے جاتے تھے۔ مولوی ہدایت علی بہ زمانہ نواب کلب علی خاں (۱۸۶۴ء تا ۱۸۸۶ء) مدرسۂ عالیہ رامپور میں استاذ بھی رہا، مولوی ہدایت علی کی

تالیف ''مرقع فیض''، یعنی تاریخ لال خانیاں بہت مشہور ہوئی۔ عرش نے مکتبی تعلیم کے بعد اردو مڈل کا امتحان پاس کیا، بوجہ افلاس انٹرنس کا امتحان نہ دے سکا۔ ملازمت نہیں ملی، نہایت مفلسی اور اذیت ناک حالات میں وقت گزارا، فن شاعری میں عماد الحسن محو کا شاگرد ہوا۔ بے حد حساس، ذہین اور موزوں طبع تھا، اس کا غیر مطبوعہ دیوان جس میں ڈھائی ہزار اشعار ہیں پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس ناظم آباد کراچی کے کتب خانے میں محفوظ ہے۔ سید الطاف علی بریلوی نے عرش کی رباعیات کا انتخاب شروانی پرنٹنگ پریس علی گڑھ سے ۱۹۳۸ء میں شائع کرادیا تھا۔

عرش کی وفات ۱۵؍اکتوبر ۱۹۲۹ء کو بہ عمر ۲۴ سال ہوئی۔ گھر میں ماں اور بیوہ بہن ماتم گزار تھیں، اس کی میت پر کفن بھی اسکے ہمدردوں نے ڈالا۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

غضب ہے قہر ہے یوں تلخ کام آرزو ہونا — مرے تیشے سے یارب کوئی جوئے شیر پیدا کر
نہ اس میں قید نشیمن نہ اس میں قید قفس — جہاں سکون ہو دل کو وہی گلستاں ہے
مرنے کی تمنا میں بے موت ہی مرتا ہوں — کیا جانیے، جینے سے بیزار کیا کس نے
کبھی مقصود تک پہنچ نہ سکا — جانے کس شخص کی دعا ہوں میں
اے سعی نامراد ترا کیا خیال ہے — ملتا ہے چین ہم کو تہہ آسماں کہیں
بندگی کا بھی حق ادا نہ ہوا — خیر گزری کہ میں خدا نہ ہوا
لطف کی اس سے کیا توقع ہے — جور تک جس سے برملا نہ ہوا
لوگ کرتے ہیں عشق میں سب کچھ — ہم سے کچھ صبر کے سوا نہ ہوا
ہائے مجبوریاں محبت کی — مجھ کو احساس مدعا نہ ہوا
ان نگاہوں کو یاد کرتا ہوں — تیر جن کا کبھی خطا نہ ہوا

رباعیات:

مخلص کیا، کوئی شناسا بھی نہیں — موتی تو کجا، حباب دریا بھی نہیں
افسانۂ غم جسے سنایا کرتے — اتنا ہوتا، تو کوئی اتنا بھی نہیں
ناساز زمانے کی ہوا ہے مجھ کو — غیروں کا تو کیا، اپنا گلا ہے مجھ کو
تو نار کو گلزار بنادیتا ہے — مولا تیرا ہی آسرا ہے مجھ کو

لذت کش انبساط ہولیں ہم بھی — جی کھول کے اک بار رولیں ہم بھی
ساقی دریادلی تیری ہے مشہور — بہتے دریا میں ہاتھ دھولیں ہم بھی
پیغام طرب ہے زندگانی میری — کیا چیز ہے عمر جاودانی میری
اک شاعر فطرت ہوں بالفاظ دگر — میر ہی رباعی ہے جوانی میری

عرش کی تمام شاعری اس کی آپ بیتی ہے،اس کے احساسات اس کی شاعری کی جان ہیں۔ اس کے احساسات میں اجنبیت نہیں ہے،کسی کی بھی زندگی میں احساس غم اجنبی نہیں ہے،اس کی شاعری بھی اجنبی نہیں ہے۔انفرادیت سے انسانیت اور انسانیت سے آفاقیت کی طرف پرواز کرتی ہے۔افسوس عرش جیسا شاعر بھی گمنام ہوگیا۔

حوالہ جات :غالب نمبر سہ ماہی العلم کراچی بابت ۱۹۶۹ء، رباعیات عرش فاروقی

عاشق،شہزادۂ عالم،مرزا:

تلمیذ حسن رضا خاں حسن۔ازوست :

پوچھتے کیا ہو کیسی حالت ہے — آپ ہی کی یہ سب عنایت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

عاشق،محمود علی:

اس کا تخلص حمد بھی تھا،تلمیذ حسن رضا خاں حسن بریلوی۔حسن کا چہیتا شاگرد تھا،اس نے مولانا حسن کے زیر اثر گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی اور ہفتہ وار روز افزوں بریلی کا اہتمام اور ادارت کا (بالترتیب) فرض ادا کیا۔تجارت پیشہ اور فارغ الحال تھا،ادبی کاموں میں بہت دلچسپی لی اور مولانا حسن کا دست راست بنا رہا۔مشاعروں کا بھی اہتمام کرتا اور ان میں پابندی سے شریک ہوتا تھا، نمونہ کلام مندرجہ ذیل ہے:

تم جہاں جاؤ،تم جہاں بیٹھو — اسی محفل کا نام جنت ہے
کیا حال پوچھتے ہو شب انتظار کیا — ٹوٹے نہ آسرا کسی امیدوار کا

پھولوں سے تاک جھانک ہے کانٹوں سے چھیڑ چھاڑ   گھونگھٹ تو کوئی دیکھے عروس بہار کا
چھوٹے سے دن میں حشر کے کس کا سناؤں حال   روز فراق کا کہ شب انتظار کا
مزہ جینے کا کچھ مل جائے دل کو عشق مژگاں میں   الٰہی ٹوٹ کر رہ جائیں یہ پھانسیں رگ جاں میں
وہ کافر زلف پھندے ڈالتی ہے روئے جاناں پر   الٰہی ربط الفت ہو نہ جائے کفر وایماں میں
جناب حمد بس معنی یہی ہیں جوش وحشت کے   نہ رکھے فرق کچھ تار نفس تار گریباں میں
اس دل سے کوئی حال شب وعدہ پوچھے   شام سے جس نے سحر تک ترا رستا دیکھا

ان اشعار میں دماغیت کم اور حسیت زیادہ ہے، تلامذہ حسن میں محمود علی عاشق کافی مشہور ہوا۔

حوالہ جات: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت جنوری اور اپریل ۱۹۰۳ء، ماہنامہ قومی زبان کراچی بابت مئی ۱۹۶۸ء

عاجز، محمد جان بیگ:

تلمیذ حکم عبد الصمد سرشار، کم گو اور باوقار، نعت گوئی کی طرف زیادہ مائل تھا۔ نمونۂ کلام یہ ہے :

کاوش زخم جگر ہے، غم مولیٰ ہے کبھی   اک نہ اک صدمہ نیا دیتا ہے یہ دل مجھ کو
جب نعت مقدس میں کوئی شاخ نکالی   خامہ بھی مرا صورت طوبیٰ نظر آیا

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

عنایت غوث، عنایت اللہ:

تلمیذ عبد القادر مفتون، ساکن شہر کہنہ بریلی، نعت گوئی میں شہرت پائی۔ از وست :

نبی کا مدح خواں ہوں، نعت گوئی میرا شیوہ ہے   یہی میری عبادت ہے، یہی میرا وظیفہ ہے
بچا رہتا ہوں میں درد و غم و رنج و مصیبت سے   ہمیشہ شاد ہوں یہ نعت گوئی کا نتیجہ ہے
ہوا ہے شوق جب سے میرے دل کو نعت گوئی کا   عنایت غوث میرا نور سے معمور سینہ ہے

حوالہ: ماہنامہ کمال دہلی بابت فروری ۱۹۱۲ء

عبقری، محمد فاضل:

پیدائش ۱۸۷۷ء، خلف محمد کریم بخش جو بجنور سے آکر بریلی میں آباد ہوا۔ ساکن بزریہ عنایت گنج

شہر کہنہ بریلی۔ مروجہ تعلیم گھر پر حاصل کی، عربی کی درسی کتب مولوی احمد علی اور مولوی شجاعت علی سے پڑھیں، ۱۸۹۳ء میں شاعری کا آغاز کیا، سید احمد حسن شوکت میرٹھی سے اصلاح وصول کی، اس کا زیادہ وقت بہ سلسلۂ تلاش معاش کانپور جبل پور، پونا اور کلکتہ میں گزرا، یہی وجہ ہے کہ اس کی شاعری بریلی کے مقامی اساتذۂ سخن کے اثرات سے محفوظ رہی۔ اس کے سینے میں درد ملت تھا، مضمون طراز، تخیل پسند اور سنجیدہ شاعر تھا۔ اس کے اشعار میں ناصحانہ روش کے ساتھ طنز بھی ملتا ہے۔ مجموعی طور پر ایک عمدہ شاعر تھا، اس کا مجموعۂ کلام مسمیٰ ریاض عبقری ۱۹۳۴ء میں نظامی پریس بدایوں سے شائع ہوا جس میں چند نظمیات بھی ہیں۔ اس کی بعض نظموں میں ہندی الفاظ کی پیوندکاری ہے۔ وہ ایک ایسا شاعر تھا جو حالی سے متاثر ہوا اور اس نے غزل و نظم میں اسی رجحان کی ترجمانی کی۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

دل خانۂ خدا ہے نہ پامال کر اسے — ہل جائے عرش دیکھ نہ رب مجید کا
خدا نے عجز کو بخشا ہے رتبۂ عالی — خدا کے خاص وہی ہیں جنہیں غرور نہیں
حق حق پکار، دور اناالحق گزر گیا — جوش جنوں کو رہنے دے دار و رسن سے دور
رندوں میں اور شیخ میں اللہ رے امتیاز — دنیا فروش یہ ہیں، وہ عقبیٰ فروش ہے
پہلے بھی اٹھ چکی ہیں ہزاروں قیامتیں — یہ جنبش نظر کی نئی داستاں نہیں
بزم عالم میں وہ ہم رند شکستہ دل ہیں — مے بھی پیتے ہیں تو ٹوٹے ہوئے پیمانوں سے
اپنی بگڑی ہوئی زلفوں کو بنایا بھی تو کیا — میری بگڑی ہوئی تقدیر بنائے کوئی

عبقری نے حالی کے مسدس مدر جزر اسلام کے طرز پر ایک مسدس تحریر کیا جس کا ایک بند مندرجہ ذیل ہے:

تابع حکم شریعت ہو طبیعت تیری — کاشف سرّ حقیقت ہو طبیعت تیری
مائل اہل طریقت ہو طبیعت تیری — عاشق اہل محبت ہو طبیعت تیری
سنت احمد مختار کا شیدائی بن
مرے مولا مرے سرکار کا شیدائی بن

عبقری کی وفات ۱۹۳۹ء میں ہوئی۔

حوالہ: چند شعرائے بریلی ص ۱۵۶

عزیزؔ، عزیز غوث:

سید شاہ محمد غوث بن سید شاہ فضل غوث ساقیؔ کا فرزند، برادرزادہ حکیم عبدالصمد سرشار، ساکن محلّہ کسگران بہاری پور بریلی۔ درسیات کی تکمیل مولوی احمد رضا خاں سے کی، نجوم رمل اور جفر سے آگاہ، پیشہ طبابت، بریلی کا معروف طبیب تھا، میں نے اس کو دیکھا تھا، میرے دادا سید احمد حسن شاہ (م ۱۹۴۲ء) سے اس کی ملاقات تھی، اس نے اپنی مجازی غزلیات اپنے تایا عبدالصمد سرشار سے درست کرائیں اور نعت ومنقبت مولوی احمد رضا خاں سے۔ اس کا کلام میسر نہیں آیا، دراصل اس کا خاندان تقسیم ہند کے بعد تتر بتر ہوگیا اور اس کے ساتھ ہی بیاضیں بھی، اس کا ایک شعر مشہور ہوا جو مندرجہ ذیل ہے :

بات تیری ہے بڑی، بول ہے بالا تیرا   کبھی ٹالا نہیں اللہ نے کہنا تیرا

اس کی وفات ۲۷؍جولائی ۱۹۴۴ء کو ہوئی۔

حوالہ: تاریخ روہیل کھنڈ، عاصی، ص ۲۹۶

عاصیؔ، محبوب حسین:

تلمیذ مرزا ہادی حسین فرخی۔ از وست :

جلد لا ساقی، شراب ناب لا   وہ اٹھی کالی گھٹا کہسار سے

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

عیشؔ، شفیع احمد:

خلف حافظ نیاز احمد، ساکن کھنو محلّہ بریلی، اسسٹنٹ ٹیچر گورنمنٹ ہائی اسکول فتح پور سہوا، گورنمنٹ ہائی اسکول بدایوں اور گورنمنٹ ہائی اسکول بریلی۔ تلمیذ داغ۔ مفتیان بریلی کی بزم ادب کا رکن تھا اور اس کے مشاعروں میں شریک ہوتا، زبان اور محاورے کا دلدادہ تھا، تمام عمر اسی روش پر قائم رہا، اس کا دیوان شائع نہیں ہوا جس کو اس کا فرزند ذکی احمد ناز اپنے ساتھ کراچی لے گیا، اس کا وافر کلام بریلی کے گلدستوں میں شائع ہوا جس کی مدد سے مندرجہ ذیل نمونہ کلام پیش کیا جاتا ہے:

ادھر آئے وہ، لو ادھر گئے، رہیں رات بھر، یہ محال ہے
مجھے پردہ داری کا پاس ہے، انھیں آبرو کا خیال ہے
اسے راحتیں اُسے دکھ ملا، یہ ازل کا سب ہے لیا دیا
نہ کسی کے ہاتھ فراق ہے، نہ کسی کے بس کا وصال ہے
وہ ہے دل ہزار میں ایک دل، جسے درد و غم سے لگاؤ ہو
وہ نگاہ لاکھ میں ایک ہے، جو ادا شناس جمال ہو

یہ کیا کہا کہ ربط عدو پیشتر سے ہے
میری نظر سے ہے کہ تمہاری نظر سے ہے
میں کیا بتاؤں ذوق تصور کی انتہا
لپٹا ہوا وہ ہاتھ ابھی تک کمر سے ہے
میں خاک ہو چکا ہوں، وہ پامال کر چکے
پھر بھی مجھے لگاؤ اسی رہ گزر سے ہے
آہ و فریاد سے کیا کیا شب ہجراں نہ ہوا
صبر ہی خانۂ دل میں کبھی مہماں نہ ہوا
کیا بتاؤں تجھے اے قیس جنوں کے انداز
میرے ہاتھوں میں کسی شوخ کا داماں نہ ہوا
کاوش غم نہ گئی خستگی زخم کے بعد
خلش و درد سے پیدا کبھی درماں نہ ہوا
پیدا نئے سرے سے جو داغ کہن ہوا
دن پھر گئے بہار کے تازہ چمن ہوا
میں تم کو بار بار مناؤں تو ضد کہو
تم آپ روٹھ جاؤ تو وہ سادہ پن ہوا
تم جس پہ سَو سناؤ وہ عرض وصال ہے
دل جس کو مان لے وہ تمہارا سخن ہوا
آپ کیوں روتے ہیں، کیوں سوگ عدو کرتے ہیں
آپ کیوں اٹھتی جوانی کا لہو کرتے ہیں
فصل گل کا ابھی آغاز ہے کلیاں نہ چھوئیں
باغباں کیوں مری حسرت کا لہو کرتے ہیں
عیش بھر آتا ہے واعظ کے بھی منھ میں پانی
جب کبھی تذکرۂ جام و سبو کرتے ہیں
بے خود ہوئے ہم، جب رخ زیبا نظر آیا
بے پردہ نظر آئے تو پردا نظر آیا
پیمانے میں موج مئے کوثر نظر آئی
میخانے میں زاہد کا مصلیٰ نظر آیا
اٹھتے ہی نظر کھنچ گئے وحشت کے مرقعے
پڑتے ہی قدم پاؤں میں چھالا نظر آیا
گردخم مئے سے کیا زاہد نے تیمّم
مے خانے میں حیلہ نہ وضو کا نظر آیا
یہ اٹھتی جوانی، یہ محبت کی ترنگیں
اے عیش کہوں کیا، مجھے کیا کیا نظر آیا

یہ منظر حاصل عمر محبت ہے، خدا رکھے کہ ان کے ہاتھ میں نبضیں ہیں اور ہم مرنے والے ہیں

عیش کا یہ شعر اسکی پہچان بن چکا ہے:

یارب اسی طرح میری میت پڑی رہے
بیٹھے رہیں وہ بال پریشاں کیے ہوئے

اس کی وفات بروز عید بوقت صبح ۱۷/اگست ۱۹۴۷ء کو ہوئی۔۹۹

حوالہ: گلدستہائے نہال سخن بریلی

غفّار، غفار داد خاں:

خوب داد خاں خوب کا بھائی جس کا ذکر گزشتہ صفحات میں کیا جا چکا ہے، بھوالی ٹی بی سینی ٹوریم میں ڈاکٹر انچارج تھا، محمد ابراہیم ذوق کے شاگرد فیض دہلوی سے تلمذ تھا۔ از وست :

کچھ اس طرح مانگ میں تمہاری صنم یہ افشاں چمک رہی ہے
کہ مارے خجلت کے کہکشاں بھی سحاب سے منھ کو ڈھک رہی ہے

حوالہ: شاعرات اردو ص ۵۵۰

غافل، پیارے لال:

پسر جواہر پرشاد بھٹنا گر، اصلاً مراد آبادی، سکنہ محلّہ بھوڑ بریلی۔ قرق امین، شہر میں مشہور ہوا، تلمیذ بنواری لال شعلہ، خود بھی صاحب تلامذہ۔ از وست :

گھر ہوا ویران جب، اپنا گھر ہوا ویرانے میں
میں ہوا صحرا میں، صحرا میرے گھر مہماں ہوا

حوالہ: خمخانۂ جاوید، جلد ۵ ص ۶۰۳

غازؔی، معین الدین:

اس کا تخلص فروغ بھی تھا، مولوی علی حسن شاعر کا فرزند خرد، مراد آباد میں ڈپٹی پوسٹ ماسٹر کے عہدے سے پنشن یاب ہوا، اپنے آبائی مکان واقع محلّہ ذخیرہ نزد چاہ خرم بریلی میں رہتا تھا۔ مالیخولیا

کا مریض تھا ۱۰۰۱، کلام پر اپنے والد سے اصلاح لی، میں نے اس سے چند بار ملاقات کی تھی، اس نے ایک غزل املا کرائی تھی۔ از وست :

ملتفت تیغ ادا ہے، مہرباں تیر نظر
ہیں ہرے زخم جگر، میں نو بہار عشق ہوں

غزالہ، حسن آرا بیگم:

آمنہ خاتون عفت، رابعہ خاتون پنہاں اور بلقیس جمال جمالہ کی چھوٹی بہن، سہارن پور میں نومبر ۱۹۱۱ء میں پیدا ہوئی۔ اردو فارسی اور انگریزی کی تعلیم پنہاں سے حاصل کی۔ ۱۹۲۵ء میں شاعری اور مضمون نگاری کا آغاز کیا، جولائی ۱۹۲۷ء میں شادی ہوئی اور دہلی میں قیام کیا، اپنے اشعار پر پنہاں اور جمالہ سے اصلاح لی، اس کی غزلوں کا مجموعہ مسمیٰ غزال شائع ہو چکا ہے، منظومات بھی تحریر کیں جن کا رجحان اصلاحی اور رومانی ہے۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

میں اک حجاب درد ہوں، کیا پوچھنا مژگان غم
ہوں خوگر مشق الم، اشکوں کی ارزانی نہ پوچھ
پلکوں کی جنبش اک طرف، آنکھوں کی لغزش اک طرف
دو سامری ہیں خندہ زن، اک اس طرف اک اس طرف
جستجوئے ذوق منزل، مرحبا   اب مری پرواز نزد بام ہے

نظم:

دہقاں کی پیاری لڑکی ندی پہ جلوہ زا ہے   ساری کا سبز آنچل سر سے ڈھلک رہا ہے
چتون کی سادگی میں اک برق شعلہ زا ہے   جس پر نظر پڑی وہ شعلہ بنا ہوا ہے
ہونٹوں پہ ہے تبسم نظریں جھکی ہوئی ہیں   معصوم حسن بے خود انگڑائی لے رہا ہے
ہاتھوں پہ چوڑیوں کی رنگین لہریاں ہیں   اک نیم باز غنچہ کانوں میں ہنس رہا ہے
معصوم سادگی میں لاکھوں تجلیاں ہیں   ماتھے کا سرخ ٹیکہ شعلہ بنا ہوا ہے
مژگاں میں مست پُتلی رقصاں ہے یا ستمگر   کالی گھٹا میں کوئی انگڑائی لے رہا ہے

گیسو سے نرم جھونکے کچھ چھیڑ کر رہے ہیں — ان پیاری انکھڑیوں میں ساغر چھلک رہا ہے
بجلی تڑپ رہی ہے، ہر ہر نظر میں قاتل — ہر اک ادا میں ظالم شعلہ بھڑک رہا ہے
معصومیت کی پتلی، دیوی نزاکتوں کی — تیری ادائے سادہ جنت نہیں تو کیا ہے

ان منظومات پر حفیظ جالندھری اور جوش ملیح آبادی کے اثرات نمایاں ہیں۔

اس کی وفات کراچی میں ہوئی۔

حوالہ: شاعرات اردو ص ۵۶۸ تا ص ۵۷۳

غریبؔ، علی محمد:

ساکن قصبہ رچھا ضلع بریلی، تلمیذ مولوی نذیر خاں نذیر۔ از وست :

غریب اہل وطن پہنچے مدینے — جدا اک رہ گئے ہم کارواں سے

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی، بابت جولائی ۱۹۱۴ء

فخرؔ، فخرالدین:

خلف میر سید اکبر علی، ساکن محلّہ سرائے پختہ، گلی میر بتنؒ، قلعہ روڈ بریلی، معلم فارسی ڈبلو آئی ایم ہائی اسکول (حالیہ تلک انٹر کالج) بریلی، بہترین خطاط، بانک نبوٹ کا استاذ، تلمیذ نواب عبدالعزیز خاں عزیز، اپنے زمانے میں کافی مشہور تھا۔ اس کی غزلیات گلدستوں میں شائع ہوتی تھیں، اس کی چند غزلیات اردو، خود اس کے قلم سے لکھی ہوئی، مجھے ہم دست ہوئیں، بہرنوع اس کا دیوان ناپید ہو گیا، نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

بجھایا میں نے سیل اشک سے ہر چند رو رو کر — بھڑک اٹھی جگر میں آتش سوزِ نہاں پھر بھی
جو عکس ساقی خورشید رخ شراب میں ہے — اک آفتاب نمودار آفتاب میں ہے
اہل ہنر کی اب نہ کچھ عزت ہنر سے ہے — دنیا میں آبرو ہے تو بس مال و زر سے ہے
وعدہ اگر کرو تو ہو مستثنٰی شرط سے — مجھ کو خطر تمہارے اگر اور مگر سے ہے
ہے فخر اس لحاظ سے تو خسروِ سخن — ملتا کلام تیرا کلامِ ظفر سے ہے
ان کے خط مشکیں کو جو کہہ دیتے ہیں سبزہ — ساون کے ہیں اندھے، وہ ہرا دیکھ رہے ہیں

تصوراس بت ترسا کے رخ کا دل میں رہتا ہے　　تعجب ہے کہ روشن کعبہ میں شمع کلیسا ہے
از جاں خیال زلف چلیپا نمی رود　　ایں پیچ و تاب از دل شیدا نمی رود
در عشق آں ستمگر سفاکِ تند خو　　از جور ہا چہ است کہ برما نمی رود
کفر اختیار کرد دل از عشق آں صنم　　در بتکدہ نشستم و کعبہ نمی رود

اس کی وفات ۱۹۱۹ء میں ہوئی۔

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

فیضؔ، مسعود غوث:

فرزند حکیم عبدالصمد سرشار، ساکن محلّہ کسگران، بہاری پور، بریلی، پیشہ طبابت، بینائی سے محروم ہوگیا تھا، تلمیذ حسن رضا خاں حسن، صاحب دیوان، نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

جو بلا آئے گی ہم پر جو مصیبت ہوگی　　اسی ارمان بھرے دل کی بدولت ہوگی
نہ عیادت نہ تسلی نہ تشفی نہ دوا　　خاک بیمار غم ہجر کو راحت ہوگی
اب تڑپنے میں مزہ ملنے لگا ہے مجھ کو　　درد اب دل میں نہ ہوگا تو اذیت ہوگی
کیا کہوں دل کی کیسی حالت ہے　　شکر ہے، آپ کی عنایت ہے
فتنے اٹھتے ہیں صدقہ ہونے کو　　خوش خرامی تری قیامت ہے
لی جو انگڑائی، کھل گیا جوبن　　شرم بولی یہ کیا قیامت ہے
وقت رخصت خون دل کا ہوگیا صبح وصال　　ہاتھ اٹھے انگڑائی کو ظالم کے یا خنجر اٹھا

حوالہ جات: گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل و جون ۱۹۰۳ء

فریادؔ، فرزند علی:

تلمیذ حسن رضا خاں حسن۔ از وست :

الٰہی کیا قیامت ہے انھیں جتنا بلاتا ہوں　　مری جانب سے اتنے ہی گریزاں ہوتے جاتے ہیں

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

فدوی، محمد ابراہیم خاں:

اس کا تخلص رمز بھی تھا، تلمیذ مولوی علی حسن شاعر۔ از وست :

ہے غرض اتنی کہ ہر انسان میں اک آن ہو ہم تو مرتے ہیں ادا پر، دلربا ہو، کوئی ہو

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

فائق، اشفاق حسین:

ساکن محلّہ کاغذی ٹولہ، شہر کہنہ بریلی۔ محکمہ میونسپل بورڈ بریلی میں پیشکار، تلمیذ مرزا رستم یار بیگم قیصر، حلقہ قیصری کا سرخیل گلدستۂ خدنگ ناز بریلی کا موسس، ایک باصلاحیت غزل گو جو گمنام رہ گیا۔ اس کا کلام مرتب نہیں ہوا، اس کے اشعار تلف ہوگئے، وقدرے قلیل اشعار بریلی کے گلدستوں سے ہمدست ہوئے ان سے نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

رقیب کو رہنما بنائے، قدم بڑھائے، بدن چرائے
نقاب سے اپنا منھ چھپائے، یہ کون کترا کے جا رہا ہے

شب فراق کی ہوتی جو انتہا معلوم سحر کے ہونے کا کچھ اعتبار ہو جاتا
سمجھ کر ناصحا کچھ مجھ سے کہنا نہ نکلے دیکھ کچھ میری زباں سے
نہ ملیے مجھ سے اے صاحب، نہ ملیے براہوں میں، یہی کہہ دو زباں سے
ہوئی کس گل سے فائق تم کو الفت کہو تو حال کچھ اپنی زباں سے
ہے انتظار وعدہ قیامت کا سامنا تیرا کہاں خیال دل ناصبور ہے
خودبخود عاشقوں سے تن جانا کیا بری آپ کی یہ عادت ہے
ذرا اے بے خودی اتنا بتادے کہاں سے مجھ کو لائی ہے کہاں پر
ذراسی دیر کو خلوت میں آجاؤ تو اچھا ہے ہے کوئی بات پردے کی، وہ پردے ہی میں کہنا ہے

حوالہ جات: گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ بہار بے خزاں بابت اپریل ۱۹۲۴ء، گلدستۂ کمال دہلی جنوری ۱۹۱۲ء، گلدستۂ بہار بے خزاں بابت اپریل ۱۹۰۳ء

فلکؔ، احمد رضا خاں:

ساکن محلّہ بائی کنیاں بریلی، ایک مقامی پریس میں کمپوزیٹر، تقسیم وطن کے بعد پاکستان گیا۔ منشی علی حسن ضمیر کا دوست تھا جس سے اس کے حالات معلوم ہوئے۔ ابتدا میں رستم یار بیگ قیصر کا شاگرد ہوا بعدہٗ مولانا قمر الحسن قمر بدایونی کا، ماہنامہ الشمّس بریلی کا مدیر تھا جس کے دو شمارے میری نظر سے گزر چکے ہیں۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

آپ سلجھائیں نہ گیسو کھول کر　　اس سے بڑھتی ہے پریشانی مری
ان بدگمانیوں کا مری کیا شمار ہو　　وہ غیر پر خفا ہوں، مجھے ناگوار ہو
وہ ہائے مجھ سے ان کا تجاہل سے پوچھنا　　کیا اضطراب ہے تمہیں، کیوں بے قرار ہو
جس کے ہوں ناخدا فلکؔ آلِ عبا، ضرور　　کشتی وہ ورطۂ الم و غم سے پار ہو
ہم رند پی بھی لیتے تو کہنے کو رند تھے　　تو شیخ کیوں بہار میں توبہ شکن ہوا

حوالہ جات: گلدستۂ نہال سخن بریلی، ماہنامہ الشمّس بریلی بابت فروری ۱۹۲۶ء

فرخیؔ، ہادی حسین بیگ، مرزا:

مرزا ولی جان کا فرزند، ساکن محلّہ ذخیرہ بریلی۔ اس کے دونوں پاؤں بہت مختصر اور بیکار تھے، باقی جسم نارمل تھا، پالکی میں جاتا تھا، تعلیم گھریلو صاحب جائداد، احباب نواز، مزاجاً پر از مزاح، دو شادیاں کیں، صاحب اولاد، میونسپل بورڈ (حالیہ کارپوریشن) بریلی میں بخشی بھی تھا، تلمیذ داغ دہلوی۔ نظام حیدرآباد کی مدح تحریر کی جس کے انعام میں سند ملی۔ صاحب دیوان تھا، دیوان اسباب خانہ کے ساتھ چوری ہوا، اس کی غزلیات ہم عصر گلدستوں میں شائع نہیں ہوئیں، ایک شعر سید ازور علی وکیل بریلی خلف سید تہور علی تہور نے سنایا تھا جو مندرجہ ذیل ہے:

ان کا یہ حکم ہے تاکید ہے دربانوں کو　　بسترہ در پہ مرے فرخیؔ مرزا نہ کریں

دراصل اس کو شہرت ایک رباعی سے ملی جو اس نے جعفر خاں دیوبندی کی وفات پر تحریر کی۔ وہ خود عقیدۃً بریلی خیال کا سنی تھا اور جعفر خاں، جو اس کا ہم محلّہ بھی تھا، کٹر دیوبندی، وہ رباعی یہ ہے:

گیا دنیا سے جعفر خاں وہابی پڑے گی نجدیوں میں اب خرابی ۱۰۱؎
پڑھو مردک بڑھا کر سال رحلت سنیچر کو سنیچر نے قضا کی

۲۷۴ + ۱۶۶۳ = ۱۹۲۷ء

نوے سال زندہ رہا اور ۱۹۳۰ء میں فوت ہوا۔

فیروز، نثار حسین:

تلمیذ مولوی علی حسن شاعر، ساکن محلہ ذخیرہ پھاٹک برکات احمد، بریلی۔ اس کا فرزند زاہد حسین مسجد بدرالاسلام (مسجد گزری) قلعہ روڈ بریلی کا پیش امام ہے جس سے ایک شعر ہم دست ہوا۔ از وست:

جب دیدہ و دل ہوں ترے جلوے سے منور کیوں خاک اوڑائیں حرم و دیر میں جا کے

فیروز، فیروز الدین:

فرزند سید فرزند علی انجم، نبیرہ سید اکبر علی تمیز، پیشہ طبابت، مقیم امرتسر، ابتداً اپنے خاندان کے شعرا سے استفادہ کیا، خود بھی صاحب تلامذہ تھا۔ اس کا مسمیٰ کلیات طغرائی شائع ہو چکا ہے، اطراف پنجاب میں مشہور ہوا، بہت فصیح البیان تھا، ۱۹۳۱ء میں فوت ہوا۔ نمونۂ کلام یہ ہے:

سر دے کے عاشقی میں سبکدوش ہو گئے فیروز یہ بھی مرحلۂ ناگزیر تھا
بقدر حوصلہ و ظرف ہے، اجازت ہے تجھے حرام ہے زاہد، مجھے حرام نہیں

حوالہ: خمخانۂ جاوید جلد ۲، ص ۱۳۷

فریاد، محمد سرفراز علی:

تلمیذ حسن رضا خاں حسن۔ از وست:

رکھتے نہیں ہیں پاؤں زمیں پر وہ ناز سے موسم شباب کا ہے، زمانہ بہار کا

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت جنوری ۱۹۰۳ء

فدا، فدا حسین خاں:

برادر زادہ غلام بسم اللہ بسمل، ساکن محلہ کنگھی ٹولہ بریلی۔ مولف کتاب احوال اصحاب بدر جس

پر بسمل نے منظوم تقریظ تحریر کی اور ''مرغوب جہاں'' سے ۱۳۰۷ھ مطابق ۱۸۸۹ء تاریخ تالیف برآمد کی:

سال تاریخ نہ دل پرسیدم گفت بے ساختہ ''مرغوب جہاں''

۱۳۰۷ھ

اس کے تلامذہ بریلی اور مارہرہ میں تھے، از وست

ایسے سوئے خواب غفلت میں نہ جاگے عمر بھر

بارہا بالیں پہ اپنے فتنۂ محشر اٹھا

حوالہ: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت جون ۱۹۰۳ء

فوقؔ، گوبند پرشاد:

تلمیذ برج موہن لال خمار۔ از وست :

شمع گل ہوگئی، کچھ رنگ ہوا اور سے اور بے حجابانہ وہ گل جب سر محفل آیا

حوالہ: گلدستۂ ہوش افزا بریلی بابت جنوری ۱۸۷۷ء

فیروزؔ سید فیروز شاہ:

سادات نو محلّہ کا فرد، میں نے اس کو دیکھا تھا، اس نے مجھے اپنی عمر ۱۰۲ برس کی بتائی تھی۔ بظاہر صحت مند، عمدہ تن و توش اور سرخ و سپید رنگ تھا، گلے میں موٹے دانوں کی مالا تھی، اپنے زمانے میں بہترین تیراک اور پیراک تھا، میری ملاقات کے دس پندرہ برس بعد تک زندہ رہا، عمر آخر میں پاؤں جواب دے گئے تھے، بزریہ صندل خاں میں رہتا تھا، اس کے مرید بھی تھے، بعد وفات اپنے اعقاب میں کوئی فرد نہیں چھوڑا۔ شاعری میں سید مہربان علی فرحاں کا شاگرد تھا۔ از وست :

لاتقنطوا آیا ہے قرآن پاک میں فیروز خائف اب نہ ہوں روز جزا سے آپ

حوالہ: گلدستۂ نشو و نما بریلی بابت ۱۹۰۳ء

فریادؔ، فریاد حسین:

ساکن قصبہ رچھا ضلع بریلی، تلمیذ تفضّل حسین راغب۔ از وست :

آپ کے دریائے رحمت سے جہاں سیراب ہے　　میں ہی تشنہ ایک اے ساقیِ کوثر رہ گیا

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی بابت جولائی ۱۹۱۴ء

فیروز، برج موہن لال:

تلمیذ حسن رضا خاں حسن۔ازوست :

محبوب وہ ہے جس میں ہو خوفتنہ گرمی کی　　معشوق وہ ہے جس میں ہوں انداز جفا کے

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

فرحت، فرحت اللہ خاں:

باشندۂ بریلی، سلسلۂ چشتیہ نیازیہ بریلی سے منسلک، مولوی عبدالحق عروج کانپوری کا شاگرد۔

ازوست :

کیا بتاؤں بزم سے کیا کیا تری لے کر اٹھا　　ایک ہنگامہ بپا ہے نالہ وفریاد کا

حوالہ: مخبر عالم، بابت ۱۶/۱ اکتوبر ۱۹۴۰ء

قیس، ہدایت یار خاں:

ساکن محلّہ بانس داران بریلی، پیشکار کچہری بریلی، تلمیذ حسن رضا خاں حسن، اس کا شمار حسن کے ارشد تلامذہ میں کیا جاتا تھا۔ من کلامہ :

توبہ توبہ شراب سے توبہ　　شیخ جی پی بھی جاؤ شربت ہے

اثر اتنا تو دیدے یا الٰہی آہ سوزاں میں　　جلائیں جو مجھے، وہ بھی جلیں بزم رقیباں میں

مرادل کیا ملا، ان کو شگوفہ ہاتھ آیا ہے　　کبھی لیتے ہیں مٹھی میں، کبھی رکھتے ہیں داماں میں

نہ سلجھے گا کسی تدبیر سے ناحق الجھتے ہو　　مری تقدیر کا بل ہے، تمہاری زلف پیچاں میں

مزاج یار میں ہے انقلاب دہر کی حالت　　نہ استقلال وعدے میں، نہ استحکام پیماں میں

کبھی ہم نے نہ پایا کچھ ٹھکانا قیس وحشی کا　　لگایا کھوج صحرا میں، بہت ڈھونڈا بیاباں میں

حوالہ جات: گلدستۂ بہار بےخزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء، گلدستۂ نہال سخن بریلی

قمرؔ، لاکھن سنگھ:

تلمیذ حسن رضا خاں حسن۔ از وست :

اب تو دل کھول کر گلے ملیے — یہ شب وصل کیسی حجت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہارِ بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

قمرؔ، احمد حسین:

ساکن محلّہ ملوک پور بریلی، متصل مسجد و مزار حضرت معشوق اللہؒ، اس کا نبیسہ میرا ہم جماعت تھا اوراس کے فرزند کی ٹاؤن ہال بریلی میں گھڑی سازی کی دوکان تھی جن سے اس کے حالات اور اشعار فراہم ہوئے۔ محکمۂ انجینئرنگ میں نقشہ نویس تھا۔ بہ سلسلہ ملازمت بریلی کے باہر رہا جس کی وجہ سے شعرائے بریلی اس سے ناواقف تھے۔ اس کا بجنور میں کافی عرصے تک قیام رہا اوراس کی غزلیات گلدستۂ شکوہ یار بجنور میں شائع ہوتی تھیں۔ بیخود دہلوی کا شاگرد تھا، صاحب دیوان تھا، تقسیم ہند کے بعد یہ خاندان بھی پاکستان گیا اوراس کے ساتھ اس کا دیوان بھی۔ اس کی وفات ۱۹۴۵ء میں ہوئی۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

پیش نظر ہے مصحف عارض حجاب میں — ہم نے سبق لیا ہے خدا کی کتاب میں
تو بھی کریم ہے، ترا محبوب بھی شفیع — تھوڑے سے پھر گنہ ہوں مرے کس حساب میں
پائی ہے تیرے عارض تاباں سے روشنی — ورنہ لگے تھے چاند، نہ کچھ ماہتاب میں
وہ میں ہوں جس کو رنج فراواں نصیب ہے — وہ میں ہوں جو کبھی نہ پھنسا تھا عذاب میں
کہتے ہیں لوگ دیکھ کے ان کو کہ اے قمر — ہے آنکھ انتخاب تری انتخاب میں
چمک جو حسن کی اس روئے بے نقاب میں ہے — وہ آفتاب میں ہے اور نہ ماہتاب میں ہے
ڈھلی جوانی تو پھر دل بھی وہ نہیں رہتا — زمانہ بھر کی تمنا اسی شباب میں ہے
مرے کریم قیامت میں میری سن لینا — سنا ہے دخل بتوں کو تری جناب میں ہے
یہ کیوں کہوں کہ تری آنکھ پھر گئی مجھ سے — زمانہ کو نہ کہوں میں کہ انقلاب میں ہے
قمر سے آپ نے کیا کہہ دیا اشاروں میں — کہ آج زلف کی صورت وہ پیچ وتاب میں ہے

نذر کردیتے ہیں دل ہم، دلربا ہو کوئی ہو — بے وفا ہو، باوفا ہو، مہ لقا ہو، کوئی ہو
حال دل کہہ کر طبیعت اس سے ہو جاتی ہے خوش — دوست ہو، دشمن ہو، ہاں غم آشنا ہو کوئی ہو
پھر کہیں ہم مانتے ہیں اس کو بے چاہے قمر — ماہوش ہو، مہ جبیں ہو، چلبلا ہو، کوئی ہو

حوالہ: گلدستۂ جات شکوہِ یار بجنور ۱۹۱۰ء

قیصرؔ، مرزا رستم یار بیگ:

فرزند مرزا عباس بیگ نادر، ساکن محلّہ قصائی ٹولہ شہر کہنہ بریلی، ایسٹرن انگلش میموریل ہائی اسکول (حالیہ آزاد انٹر کالج شہر کہنہ بریلی) میں ہیڈ مولوی تھا۔ صاحب علم و فضل، تلمیذ نواب عبدالعزیز خاں عزیز، خود استاد سخن اور شاعر گر، اس کا پورا خانوادہ شاعر تھا۔ شہر کہنہ بریلی کے جسد شاعری کی نبض تھا، ہمہ وقت شعر و شاعری کی گرمی محفل، مشاعروں کا انعقاد، انجمن قیصری، گلدستہائے ارمغان قیصر اور خدنگ ناز کے ذریعہ اشاعت سخن، مربی سخن، محسن ادب اور اپنی ذات میں ایک انجمن۔

اس کا زیادہ وقت تلامذہ کی غزلیات کو درست کرنے میں گزرا، اس پر مستزاد یہ کہ بہت زود گو تھا، غور و فکر کا موقع کم ملا، تلاش مضمون اور تخیل طرازی کے باوصف کلام بے اثر ہے۔ اس نے دو دواوین مرتب کیے تھے۔ ان کی اشاعت نہیں ہوئی اور اس کے وارثین اپنے ساتھ پاکستان لے گئے، مجھے اس کے اشعار گلدستوں سے جمع کرنا پڑے۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

جو گرم سیر چمن گلعذار ہو جاتا — عرق جو آتا وہ عطر بہار ہو جاتا
جو دیکھ لیتا میں ساقی کے جام کا خندہ — جواب گریۂ بے اختیار ہو جاتا
بگڑ کے بیٹھتے ان سے مناتے وہ ہم کو — عدو کا بخت ہمارا جو یار ہو جاتا
فلک نہ آپ کو پھر دور کھینچتا اتنا — اگر بلند ہمارا غبار ہو جاتا
وہ وعدہ کر کے نہ آتے جو گھر میں قیصر کے — ہجوم یاس میں گم انتظار ہو جاتا
یہ مانا روبرو ہیں وہ محال ان کا نظارا ہے — کوئی پردہ نہیں حائل تو حیرت میرا پردہ ہے
تری رفتار کو دیکھا تو آنکھیں کھل گئیں اس کی — عجب حیرت زدہ سا دیدۂ نقش کف پا ہے

بقدرِ ظرف ہیں سب قدرداں روشن دماغوں کے — کہ چشمِ چاہ میں خورشید بھی چھوٹا سا تارا ہے
یہ کیا کم ہے کہ استادوں میں قیصرؔ کو کیا شامل — فروغ، اہلِ سخن کی بزم میں پانا تماشا ہے
خیالِ قتل کیا آیا، سرِ تیغِ سر افگن میں — تلاطم خون کا پیدا ہے کیوں رگہائے گردن میں
غرورِ حسن سے سینہ ابھارے وہ جو پھرتے ہیں — نمود آثار ہوتے ہیں جوانی کے، لڑکپن میں
کرو شانہ کشی سلجھا کے زلفیں، روبرو آؤ — کہیں گردنگہ سے داغ پڑ جائے نہ دامن میں
یہی شوقِ فنا ہے جو اسیرِ دامِ الفت کو — لگے گا پھر تری تلوار کا شاخِ نشیمن میں
بلاتا ہوں تصور کو ترے، وہ بھی نہیں آتا — کیا ہے خانہ ویرانی نے کیا گھر میرے مسکن میں
نہ پردہ فاش ہو عالم میں اے آلِ عبا اس کا — چھپالو اپنے قیصرؔ کو خدارا اپنے دامن میں

کہیں کہیں ایسے اشعار بھی مل جاتے ہیں جو کچھ نہ کچھ متاثر ضرور کرتے ہیں، مثلاً:

ہجر میں ان کے تصور سے رہی گفت وشنید — میں نے تصویرِ خیالی کو بھی گویا کردیا
دارِ فنا میں آئے تھے دو دن کے واسطے — غربت نصیب سمجھے ہمارا وطن ہوا
توڑ کر پائے طلب، منزل ملی — نارسئی بھی رسائی ہوگئی
یگانہ ہے نہ بیگانہ جہاں سے — تلاش اس کی کروں میں کس نشاں سے
وہ عاشق ہوں، مرے داغِ جگر نے — چراغی لی، چراغِ آسماں سے
مرا خامہ ہے موجِ بحرِ معنی — رواں دریا ہوا طبعِ رواں سے
مجھے اپنی خبر یہ بھی نہیں ہے — کہاں جانا ہے، آیا ہوں کہاں سے
طریقِ عشق کا تھا رہنما کون — چلا یہ سلسلہ قیصرؔ کہاں سے
سلجھا رہے ہیں زلف کو شانہ ہے ہاتھ میں — ساماں ہوا ہے جمع مرے انتشار کا

مندرجہ بالا اشعار کا تعلق ۱۹۱۰ء اور اس کے بعد کے گلدستوں سے ہے۔ یہ غزل مشاعرۂ بان خانہ بریلی میں ۲۴/ مارچ ۱۹۲۴ء کو پڑھی گئی تھی:

تیرا کرم جو شامل نزدیک و دور ہے — محروم ہے شکور نہ کوئی کفور ہے
لبریز ہے جو اشکِ ندامت سے رات دن — ہر آنکھ مجھ کو جامِ شرابِ طہور ہے
جو محوِ عشق کا ہے، وہی ہشیار ہے — دیوانہ جو ترا ہے، وہی ذی شعور ہے

کیا کیا خدا نے بخشا ہے انسان کو جمال — رشک پری ہے کوئی،کوئی رشک حور ہے
قیصر نے راہ عشق میں جب سے رکھا قدم — بے خود ہے اور نشۂ الفت سے چور ہے

اپنے طرز پر بہر حال قائم رہا، ہرغزل میں ڈیڑھ دو درجن اشعار ملتے ہیں۔طبع رواں سے دریا بہتا چلا جاتا ہے لیکن دل کو چھونے کی صلاحیت چند ہی اشعار میں ہوتی ہے۔

اس کی وفات ۱۹۳۰ءکو ہوئی۔

حوالہ جات :گلدستۂ شکوہ یار بجنور بابت مئی ۱۹۱۰ء،گلدستۂ نہال سخن بریلی، ماہنامہ کمال دہلی،گلدستۂ نشو ونما بریلی، طالب دیدار بابت ۱۹۱۸ء، ارمغان قیصر بریلی بابت ۱۹۲۱ء،خدنگ ناز بریلی اپریل ۱۹۲۲ء ، بزم سخن بابت مارچ ۱۹۲۴ء

قاسمؔ،قاسم علی خاں:

بریلی کا معروف وکیل، پاؤں میں لنگ تھا،لہٰذا 'لنگڑے وکیل' کے نام سے مشہور تھا۔ساکن گلی منیہاران محلّہ عقب کوتوالی بریلی،اس کا تذکرہ حاشیہ نمبر ۹۷ میں ہو چکا ہے، شاعری میں محمد حسین صدیقی سحر بدایونی کا شاگرد تھا، ماہنامہ آفتاب ادب بریلی کا مدیر اور مربی بھی تھا۔ازوست:

کون کہتا ہے مریض غم کو اچھا کیجیے — چھوٹ جائے اس کشاکش سے بس اتنا کیجئے
پرسش سائل سے جب ہوجائے تو ہی بے نیاز — کس سے پھر محرومیٔ قسمت کا شکوا کیجئے
کون سی تدبیر قاسم شوق میں ہم نے نہ کی — ہو مقدر ہی میں ناکامی تو پھر کیا کیجئے

تقسیم وطن کے بعد پاکستان گیا۔

حوالہ: گلدستۂ آفتاب ادب بریلی بابت جنوری ۱۹۳۱ء

قادرؔ،عبدالقادر خاں:

وضع اور لباس سے پٹھان معلوم ہوتا تھا، جنگ عظیم اول میں فوجی خدمت انجام دی، کچھ دن پھاٹک احمد علی خاں، نینی تال روڈ بریلی میں مطب بھی کیا، میں نے اس کو دیکھا تھا،ملنسار اور خوش طبع تھا،تلمیذ نجم الدین احمد ثاقب بدایونی (م ۱۹۴۰ء) ازوست:

آنا نہ تھا تو کاہے کو اقرر کر گئے   کیوں سنگ انتظار مرے دل پہ دھر گئے
حوالہ: گلدستۂ گلچیں بریلی بابت ۱۹۱۷ء

کلامی، عبدالرزاق:

اس کا مجموعۂ کلام مسمیٰ حسّام الاسلام ۱۳۳۲ھ/۱۹۱۴ء میں شائع ہوا تھا، جو نایاب ہے۔

کیفی، رام غلام:

ساکن کھنو محلّہ بریلی، ملازم ریلوے، تلمیذ حسن رضا خاں حسن۔ از وست :

مے سے خالی نہ جام ہو ساقی   دور جب تک چلے غنیمت ہے
پوچھے ہمارا حال تو کہنا یہ نامہ بر   الحمد للّٰہ شکر ہے پروردگار کا
حوالہ: گلدستۂ بہار بےخزاں بریلی، بابت جنوری واپریل ۱۹۰۳ء

کامل، کنھیالال:

ساکن آنولہ ضلع بریلی، تلمیذ رام بہادر جویا، کم آمیز، مشاعروں سے گریزاں، مقامی طور پر مشہور ہوا، صاف ستھرا شعر کہنے پر قادر تھا، انتخاب کلام یہ ہے:

لٹتے ۲۰؍ادئے وہ دست جنوں نے کہ الاماں   دامن بچا لیا تو گریباں نہیں رہا
راز و نیاز عشق کے چرچے ہی اٹھ گئے   پہلو میں جب سے تو دل ناداں نہیں رہا
بے اختیار آنکھ سے آنسو نکل پڑے   دیکھا انھیں تو ضبط کا امکاں نہیں رہا
حوالہ: گلدستۂ بہار سخن بریلی بابت ۱۹۲۹ء

کامل، عبدالرحمٰن:

خلف غلام بسم اللہ بسمل، ساکن مقابل جامعہ مسجد قلعہ بریلی، ابتدا میں بسمل سے مشورہ سخن کیا، اس کے بعد عماد الحسن محو اور مفتی صابر حسن شیوا عثمانی سے، مشاعروں کا شوقین تھا، استادزادہ ہونے کی وجہ سے مفتیان بریلی میں بہت مقبول تھا، اس کے فرزند عبدالقادر سے اس کے اوراق غزلیات ہم دست ہوئے جن پر شیوا عثمانی کی اصلاح تھی، پرانا کلام تلف ہو گیا۔ نمونۂ کلام مندرجۂ ذیل ہے :

مری ناکامیاں اکثر کہا کرتی ہیں یہ مجھ سے — مناسب تو یہی ہے آپ ترک مدعا کرلیں
یہ آئے دن کے جھگڑے تو کسی صورت سے مٹ جائیں — وہ دشمن کی خوشی کرلیں، وہ دشمن کا کہا کرلیں
اٹھائے گا ہمارے بعد کوئی جور بے جا کیوں — ہماری زندگی تک آپ جو چاہیں جفا کرلیں
اس کو سکوں سے کیا غرض اس کو کہاں قرار ہے — جس کی نگاہ شوق کو، آپ کا انتظار ہے
میرے سوال دید پر ظرف نظر کی شرط کیوں — عشق کا اختیار کیا، حسن کو اختیار ہے
آہ سے کس مقام پہ تیری طلب میں آ گیا — اب تو خیال عشق ہی ہستی دل پہ بار ہے
اپنی جسے خبر نہیں، دل کا جسے پتہ نہیں — تیرے حریم ناز میں، اک وہی ہوشیار ہے
آہ وہ کائنات دل کل جو تھی ساز گار زیست — اس کا وجود آج کیوں جان پہ اپنی بار ہے

اس کی غزل پر شیوا عثمانی کے قلم کی گہری چھاپ کا احساس ہوتا ہے۔ اس کی وفات ۱۳؍ذی الحجہ بروز پنج شنبہ ۱۳۶۳ھ مطابق ۳۰؍نومبر ۱۹۴۴ء کو بریلی میں ہوئی اور اپنے آبائی قبرستان میں مدفون ہوا۔

کبیرؔ، سید محمد شاہ:

ساکن محلّہ گڈھیّا بریلی، تلمیذ سید جواد حسین شمیم امروہوی (م ۱۹۱۴ء) ادق نگار تھا۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

خوشبو سے گرد زلف کی مشک ختن ہوا — شرمندہ لب سے یار کے لعل یمن ہوا
دینے لگے ہیں جنش مژگاں سے وہ جواب — اب ان کی چشم پر بھی گمان دہن ہوا
اے عندلیب پائے نگاریں کے نقش سے — ہر روز اس کے کوچے میں تازہ چمن ہوا
غیروں کو ساتھ لے کے جو وہ آئے قبر پر — سو حسرتوں کی پوٹ ہمارا کفن ہوا
اس مہر کے فراق میں جب مر گیا کبیر — دامان صبح آن کے تن کا کفن ہوا

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

کیفیؔ، نندلال گپتا:

ساکن گلی آریہ سماج متصل کتب خانہ بریلی، شاگرد شفیع احمد عیش (م ۱۹۴۷ء) قوم پرست اور کانگریسی، شنگل پریس کا مالک جس میں قومی وسیاسی پمفلٹ شائع ہوتے تھے۔ شنگل پریس

بریلی سے ہی گلدستۂ ترانہ قوم کا اجرا ہوا لیکن برٹش سرکار نے اس کو فوراً ضبط کر لیا، دوسری اشاعت کی نوبت نہیں آئی۔ اس نے گلدستۂ روح سخن کا بھی اجرا کیا جس کا سرپرست شفیع احمد عیش تھا۔ میں نے اس کے فرزند سے ملاقات کی تھی لیکن اس نے بیاضوں کے تلف ہونے کی اطلاع دی۔ مختصراً انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

ستم ہم پہ یہ کیسا بانی بیداد کرتے ہیں
کہ نامی لیڈروں سے جیل کو آباد کرتے ہیں
یہ لائڈ جارج اپنے فن کے ہیں صناع یورپ میں
مشینیں روزمرہ جھوٹ کی ایجاد کرتے ہیں
ملادی خاک میں تہذیب اس نے سارے عالم کی
کیا وہ کام ڈائر نے کہ جو جلاد کرتے ہیں
تو اے بادِ صبا جا کر یہ گاندھی جی سے کہہ دینا
تمہارے حکم پر آنکھوں سے ہم سب صاد کرتے ہیں
ہمارے ملک پر ہوگی حکومت اپنی اے کیفی
ہم اپنے ملک کو اب دیکھنا، آزاد کرتے ہیں

فیض نمو سے گھر جو بیاباں نہیں رہا
وحشت زدوں کے لطف کا ساماں نہیں رہا
ارمان بن گیا وہ دل بے قرار کا
پیکاں بھی اب تو آپ کا پیکاں نہیں رہا
ان سے یہ کہہ کے جان دی بیمار ہجر نے
اب آپ جائیے کوئی ارماں نہیں رہا
کیا جانے کیا وہ کہہ گئے نیچی نگاہ سے
قابو میں اپنے جو دل ناداں نہیں رہا
اگلی سی اب وہ رونق بزم ادب ۱۰۳ کہاں
کیفیؔ جہاں میں محوِ سخنداں نہیں رہا

تنگ آ کر حسرت دیدار سے
سر پٹکتا ہوں درو دیوار سے
پیشوائی کے لیے بڑھتا ہے یہ
ہے جگر کو لاگ کچھ سُوفار سے
لے چلا ہے کھینچ کر پھر شوق دید
ہم ابھی آئے تھے کوئے یار سے
دل کی اس بے اعتباری کا علاج
کم نہیں اقرار بھی انکار سے
ہے وہی شوق اور وہی کیفی ہوں میں
ہاں مگر مجبور ہوں افکار سے

میری نظر سے جتنا بھی کلام گزرا اس پر مفتیان بریلی کی چھاپ ہے اور شفیع احمد عیش اور داغ کے اثرات نہیں ہیں۔ کیفی کا شمار اس کے سیاسی کردار اور سیاسی شاعری کی وجہ سے زیادہ اہم ہے۔

کیفی کی وفات ۱۹۵۶ء میں ہوئی۔

حوالہ جات: گلدستۂ ترانہ قوم، حصہ دوم، گلدستۂ نہال سخن بریلی گلدستۂ بہار سخن بریلی، گلدستۂ روح سخن بریلی

کاملؔ، محمد کامل:

فرزند محمد فاضل عبقری، پیدائش ۳۰/اپریل ۱۹۰۴ء، اسکا جدامجد مولوی کریم بخش ۱۸۵۷ء کے پرآشوب ایام میں نگینہ بجنور سے بریلی وارد ہوا۔ اس کی سکونت بزریہ عنایت گنج شہر کہنہ بریلی میں تھی، انڈین وُڈ انسٹی ٹیوٹ بریلی المعروف بہ کارپنٹری اسکول بریلی میں ملازم ہوا، ملازمت کے سلسلے میں یوپی کے مختلف اضلاع میں رہا، ۱۹۳۸ء میں نینی تال میں مذکورہ انسٹی ٹیوٹ کے ہیڈ ماسٹر کی حیثیت سے پہنچا شاعری میں شفیع احمد عیش کا شاگرد تھا لیکن اس کی غزل داغ اور اس کے تلامذہ کے اسلوب پر نہیں تھی۔ اس کی غزل پر فکر فقر اور تصوف کا غلبہ تھا، اس نے نظمیات بھی تحریر کیں، ابتدائی نظمیں رومانٹک ہیں، بعد کی نظموں پر غلبۂ فکر ہے۔ اس نے نینی تال میں بزم اقبال قائم کی، مشاعروں کا انعقاد کیا اور مشاعرے کی غزلیات گلدستۂ بلبل کہسار نینی تال میں شائع کیں جو اس نے اسی غرض سے جاری کیا تھا۔ اس کا کلام ہم عصر ماہناموں وغیرہ میں شائع ہوتا تھا۔ اس کا ابتدائی اور وسطی دور کا کلام ضائع ہوگیا، تقسیم ہند کے بعد پاکستان گیا، اس کا کچھ کلام ریاض الادب کوٹری سندھ کی شائع کردہ کتاب مسمیٰ چاند تارے میں شامل ہے۔ اس نے دیوان بعنوان ''کلیم تجلی'' مرتب کر لیا تھا لیکن وہ شائع نہیں ہوا اور اس کے فرزند باقی صدیقی بریلی کے پاس حیدرآباد سندھ میں محفوظ ہے۔ اس کی وفات ۶/جنوری ۱۹۷۱ء کو پاکستان میں ہوئی، انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

خدا کے فضل سے تو اور میں برابر ہوں — تری جفا کا، وفا کا مری شمار نہیں
جناب شیخ لکھیں کیوں نہ کفر کے فتوے — سوا قلم کے کسی پر کچھ اختیار نہیں
جو باکمال تھے ان کو زوال ہے کامل — جو باوقار تھے، ان کا بھی کچھ وقار نہیں
آمادۂ کرم بھی بہ طرز جفا ہوا — ظالم ہر ایک شکل سے صبر آزما ہوا
اس درجہ بے خودی ہے کہ یہ بھی پتہ نہیں — میں پھر رہا ہوں کس کا پتہ پوچھتا ہوا
برق نگاہ یار کا اللہ رے اثر — ہر ذرہ خاک دل کا ہے دنیا بنا ہوا
کیوں اپنے لب دعا کے لیے بند ہوگئے — شاید کہ آج باب اثر ہے کھلا ہوا

دنیاے دل کا ذرہ بھی اب تو لرز اٹھے
بس تیزیِ نگاہ! کہ محشر بپا ہوا
تسکیں بھی دے رہے ہیں تو اس طرز سے مجھے
گویا اٹھا رہے ہیں وہ آنسو گرا ہوا
او چشم ناز چھیڑ ذرا دیکھ بھال کے
کامل کے ساز دل میں ہے محشر چھپا ہوا
دیا ہے فقر نے کامل وہ رتبۂ عالی
کہ سر جھکا کے ملا میں کبھی نہ شاہوں سے
میں تجلیّات سے کرتا ہوں کامل گفتگو
اک ندائے غیب ہوں، میری غزل الہام ہے
میکدہ تو جستجو کی ہے اک حدّ آخری
اس سے بھی آگے کدھر کو آج دیوانہ چلا

اشعار نعت:

نبی کو وہ رتبہ خدا نے دیا ہے
جو حدّ تخیل سے بھی ماورا ہے
پکارا تلاطم میں جب میں نے ان کو
تلاطم ہی خود ناخدا بن گیا ہے
فرشتے نہ محشر میں کامل کو ڈھونڈیں
وہ دامان سرکار میں چھپ گیا ہے

حوالہ جات: گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ بلبل کہسار نینی تال بابت فروری ۱۹۳۳ء، مکتوب باقی صدیقی بریلوی از حیدرآباد سندھ مورخہ ۲۹ر نومبر ۱۹۹۰ء بنام مرتضیٰ علی رضوی ساکن بانس منڈی بریلی

لئیقؔ، شیخ امیراللہ:

تلمیذ سید مہربان علی فرحاں (م ۱۸۹۴ء) صاحب دیوان نعت گو، حسن رضا خاں حسن نے اسکے دیوان نعت کی اشاعت پر مصرع ''نعت کا جو سخن ہے زیبا ہے'' سے مادۂ تاریخ ۱۳۱۰ھ مطابق ۱۸۹۲-۹۳ء برآمد کیا۔ زور بیان کا دلدادہ معلوم ہوتا ہے۔ آئینۂ مغفرت میں اس کو 'شاعر مضامین دقیق' تحریر کیا گیا جو درست ہے۔ اس کا دیوان نعت ہم دست نہیں ہوا، اس کی ایک نعت گلدستۂ آئینہ مغفرت بریلی میں شائع ہوئی تھی جس کے چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

نور احمد سے جو پھیلی آسماں پر چاندنی
ہوگئی خود ماہ کی غیرت سے کمتر چاندنی
سب ملک کہتے تھے آیا کون ہے بدرالدجیٰ
جو تصدق ہونے کو کھاتی ہے چکّر چاندنی
چند روزہ ہوگئی تھی ماہ کنعاں کی چمک
مصطفیٰ کے نور کی اب تک ہے گھر گھر چاندنی
واہ واہ کیا نور ہے صل علیٰ صل علیٰ
سامنے روئے نبی کے ہے مکدر چاندنی

بعد مردن کلمۂ طیب کی برکت سے لئیق ہے یقیں ہوگی ترے مرقد کے اندر چاندنی

حوالہ جات: گلدستۂ آئینہ مغفرت ص ۱۲، تذکرۂ نعت گویان بریلی ص ۱۱۵

لیاقتؔ، لیاقت حسین:

تلمیذ سید ہادی علی رواں (م ۱۹۳۳ء) پرانے وقتوں کے شعرائے بریلی اس کا ذکر کرتے تھے، مشاعروں میں مقبول تھا۔ نمونہ کلام مندرجہ ذیل ہے :

مرا حال سینے کلیجہ پکڑ کر یہ پردرد قصہ، کہانی نہیں ہے
محبت میں جینا ہے مرنے سے بدتر مری زندگی؟ زندگانی نہیں ہے
سخن گوئی میں فخر کیا ہے لیاقت کہ اس فن کی اب قدردانی نہیں ہے

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

منشی، کنھیا لال:

تلمیذ نیاز احمد خاں ہوش (م ۱۸۹۲ء) مقامی طور پر مشہور تھا، خود اس کے بھی تلامذہ تھے۔ از وست:

ہمدرد مرا درد ہے دمساز ہے نالہ دونوں کی خوشی کرتا ہوں پہلو میں بٹھا کے

حوالہ: گلدستۂ بہار سخن بریلی بابت ۱۹۲۹ء

مفتونؔ، عبدالقادر:

ساکن محلّہ قاضی ٹولہ شہر کہنہ، پیشہ وکالت، تلمیذ عبدالعزیز خاں عزیز (م ۱۸۹۱ء) بریلی کا معزز اور نامور شاعر، صاحب دیوان اور صاحب تلامذہ، اس کا غیر مطبوعہ دیوان ہم دست نہیں ہوا، اسکا جتنا کلام گلدستوں میں شائع ہوا اور میری نظر سے گزرا اس سے مستفاد ہوا کہ وہ ابتدا میں مضمون طرازی کی طرف مائل تھا لیکن اپنے دور آخر میں فصیح تر غزلیات لکھنے کی کوشش کی۔ مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

شوق سے اے شاخ گل اب تو چمن میں سر اٹھا آ گئی باد بہاری بستر صرصر اٹھا
جان جاتی ہے، جگر پھٹتا ہے، دل ہے بے قرار میرے پہلو سے وہ ظالم جانے کیا کہہ کر اٹھا

کچھ نہیں بنتی ہے مفتوں کیا کروں اس کا علاج
جو دل بے تاب کے جی میں سمایا، کر اٹھا
مے ڈھلکنے میں جو قل قل کی صدا ہوتی ہے
میکشوں کے لیے ساقی، یہ دعا ہوتی ہے
زلفیں بنتی ہیں، بھویں تنتی ہیں، جوڑا ہے کھلا
کس طرف دیکھیے، نازل یہ بلا ہوتی ہے
جو بنائے نہ بنے، وہ ہے مقدر میرا
جو نہ مقبول ہو، وہ میری دعا ہوتی ہے
کچھ شب ہجر کا اندھیر نہ پوچھو مفتوں
چاندنی رات بھی اک کالی بلا ہوتی ہے
گالیاں دے کے ذبح کرتے ہیں
اچھی تکبیر، اچھی نیت ہے
قتل ہونے سے حیات جاودانی مل گئی
آب حیواں ہوگیا تلوار کا پانی مجھے
دیکھ کر آئینہ، مجھ سے پوچھتے ہیں بار بار
سچ بتا دو لوگ کیوں کہتے ہیں لاثانی مجھے
میرے ساقی کی ذرا دریادلی تو دیکھیے
جام مے اغیار کو دیتا ہے اور پانی مجھے
میں جو پیدا ہی نہ ہوتا کون مرتا ہجر میں
میری ہستی نے دکھایا عالم فانی مجھے
کیا کروں ہمراہ قاتل کے اجل بھی آ گئی
اب تو کرنا ہی پڑی دونوں کی میہمانی مجھے
مجھ کو روتے دیکھ کر وہ آبدیدہ ہوگئے
ڈوب مرنے کے لیے کافی ہے یہ پانی مجھے
وصل کی شب پیار سے اس کا یہ کہنا قہر تھا
کیا تمھیں کہتے تھے مفتوں ظلم کا بانی مجھے
چھپایا اس نے چہرہ طائر دل کا، خدا حافظ
قضا کا سامنا ہے، آڑ میں ہونا شکاری کا
یقین قتل کیا ہو، اس نے گو تلوار اٹھائی ہے
نزاکت چپکے چپکے کہہ رہی ہے، وار خالی ہے
یہ خبر سنتا ہوں ہوگا دن قیامت کا بڑا
اس لیے میں بھی شب فرقت کی گھڑیاں لے چلا

عبدالقادر مفتون ۱۹۱۸ء میں فوت ہوا۔

حوالہ جات: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل و جون ۱۹۰۳ء، گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ لطیف بریلی بابت جولائی ۱۸۷۴ء، اشعار بیان کردہ لیاقت حسن لائق نبیرہ عبدالقادر مفتون

مظفرؔ، مرزا مظفر بیگ:

ساکن صوفی ٹولہ شہر کہنہ بریلی، ضلع مجسٹریٹ بجنور کا ہیڈ اجلاس، تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر، بجنور کے مشاعروں میں حصہ لیتا تھا۔ نمونۂ کلام یہ ہے:

خلش یہ روز کی ہر وقت کا خلل جائے　　اگر نکلتا ہے دم جسم سے، نکل جائے
وہ رند ہوں جو سوے میکدہ کبھی جاؤں　　تو جوش کھا کے خم بادہ بھی ابل جائے
دل حزیں کو اگر ضبط گریہ آجاوے　　کنار چشم میں طفل سرشک پل جائے
گلی میں اپنی مظفر کو دیکھ کر بولے　　اجل گرفتہ سے کہہ دو کہیں کو ٹل جائے

حوالہ: گلدستۂ شکوہ یار بجنور بابت مئی ۱۹۱۰ء

مشیؔر، سید احمد شاہ:

تلمیذ حسن رضا خاں حسن بریلوی۔ از وست:

پہلے بگڑ کے، بعد کو ہنس ہنس کے، یوں کہا　　وہ رنگ تھا عتاب کا، یہ ڈھنگ ہے پیار کا

مضطؔر، گوری شنکر:

تلمیذ حسن رضا خاں حسن بریلوی۔ از وست :

ماننا یا نہ ماننا لیکن　　بات سننے میں کیا قیامت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہار بےخزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

ملاؔل، اصغر حسین خاں:

تلمیذ خیرالدین یاس لکھنوی، تلمیذ جلال لکھنوی۔ از وست :

بے دیے جان، بچا کون محبت کر کے　　دل لگاتا ہے وہی جس کی قضا ہوتی ہے
کافر ہیں کہ مومن ہیں خدا ہی کے ہیں بندے　　زاہد پہ عیاں راز بتاں ہو نہیں سکتا

حوالہ: گلدستۂ پیام یار لکھنؤ، فروری ۱۸۹۷ء

مشتاؔق، حمید اللہ خاں:

تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر۔ از وست :

وہ گھٹائیں جھوم کر آئیں، وہ ابر تر اٹھا　　لطف بادہ نوشی اب ہے، ساقیا ساغر اٹھا

حوالہ: گلدستۂ بہار بےخزاں بریلی بابت جون ۱۹۰۳ء

مونسؔ، صاحب داد خاں:

اس کا تخلص ناشاد بھی تھا، ساکن شہر کہنہ بریلی، تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر، مقامی طور پر مشہور ہوا۔
نمونۂ کلام یہ ہے:

کسی کا وصل کی شب، ڈھانپ کر منھ شرم سے کہنا — خدا سمجھے تمہیں، تم نے بہت مجھ کو ستایا ہے
قیامت تھا دم آخر، کسی کا رو کے یہ کہنا — ہمیں چھوڑا ہے کس پر؟ مرنے والے تو تو مرتا ہے
عوض لطف و کرم جور و جفا ہوتی ہے — خوب بیمار محبت کی دوا ہوتی ہے
مثل گل کھل کھلا کے ہم نہ ہنسے — جب سے اس گلبدن سے الفت ہے

حوالہ جات: ماہنامہ قومی زبان کراچی بابت مئی ۱۹۶۸ء، گلدستۂ کمال دہلی بابت جنوری ۱۹۱۱ء، گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء

مائلؔ، کلب حسین:

شیخ ثناء اللہ کا فرزند اور مسماۃ نجیبن کا ماموں زاد بھائی اور مختار عام، ساکن گلی آریہ سماج۔ کتب خانۂ بریلی۔ تعلیم واجبی، باوضع اور سخن پرور، تلمیذ احمد علی خاں عاصی (م ۱۹۰۱ء) غزل گو اور مثنوی نگار، اس کی ایک غزل کے چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

آیا جو دھیان عارض پرنور یار کا — گل ہوگیا چراغ شب انتظار کا
ہے یہ بھی اک ادا کہ ملاتے نہیں ہیں آنکھ — انداز دیکھیے نگہ شرمسار کا
زاہد مری نظر سے حسینوں کو دیکھ لے — پھولا چمن ہے قدرت پروردگار کا
کیا جانے ہوتا کیسی مصیبت کا سامنا — کہنا جو مانتا دل بے اختیار کا
مائل کریں وہ ظلم، شکایت نہیں مجھے — میری زباں پہ شکر ہے پروردگار کا

بریلی کی تاریخ شاعری میں کلب حسین مائل کا اصل اور ارفع مقام ایک مثنوی نگار کی حیثیت سے ہے۔ اس کی مثنوی مسمیٰ پیکر حسن ایک عشقیہ مثنوی ہے جو مطبع مجتبائی دہلی میں طبع ہوئی اور جس میں اشعار کی تعداد ۲۵۲۹ ہے۔ مثنوی کی تاریخ ۱۳۱۷ھ مطابق ۱۸۹۹ء ہے۔ کہانی میں فوق فطرت

اور طلسمات کا عنصر ملتا ہے۔ کہانی کا ہیرو قمر پیکر ایک انسان اور اس کی محبوبہ روشن گہر ایک پری ہے۔ کہانی میں پلاٹ کا شعور ملتا ہے، روزمرہ کے آداب معاشرت، شرفا کے اطوار اور عیش وعشرت کی جھلکیاں ملتی ہیں۔ کہانی کا انجام جدائی اور ہیرو کی موت پر ہوتا ہے۔ مثنوی پیکر حسن کی سب سے بڑی خصوصیت جذبات نگاری، منظر نگاری اور بامحاورہ فصیح تر زبان ہے۔ اس مثنوی پر زہر عشق کے اثرات نمایاں ہیں جس کے پیش نظر اس کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

روشن گہر کا سراپا:

منظر نور تھی، اگر وہ تھی — پیکر حور تھی، اگر وہ تھی
غنچۂ ناشگفتہ، باغ حیا — سرو نو خاستہ، ریاض وفا
گل نوخیز، بوستان شباب — رونق افروز چہرۂ ماہتاب
جو اسے دیکھے انوری ہو جائے — جس پہ سایہ پڑے پری ہو جائے
اس کی شوخی میں بھی نزاکت تھی — اس کی ہر ایک ادا قیامت تھی
تھی وہ تاروں میں ماہ کی صورت — پتلیوں میں نگاہ کی صورت
دل نے چاہا لپٹ کے پیار کروں — عارض ماہ وش کا بوسہ لوں

بعد وصل محبوب:

ہنس کے کہنے لگی اٹھو صاحب — ذرا حمام کو چلو صاحب
پالیا شاید آپ نے آہو — چہرہ بشاش دل پہ ہے قابو
رنگ نکھرا ہوا ہے جوبن کا — پانی ڈھلکا ہے چشم پرفن کا
ہم سے رخ بھی نہیں ملاتے ہو — نیچی نظروں میں مسکراتے ہو
یوں طبیعت بحال تھی نہ کبھی — یہ نزاکت کی چال تھی نہ کبھی
خم گردن میں یہ حجاب نہ تھا — بانکپن میں کوئی جواب نہ تھا

روزمرہ اور محاورہ:

گر نہیں اب سراغ ملتا ہے — کوئی دن میں امڈا کھلتا ہے
تم تو صاحب عجیب ہو انساں — کبھی ایران ہو کبھی توراں

اور پھر صبح و شام ہوتی ہے　　یہاں ترکی تمام ہوتی ہے
اب جو پھر کر وطن کو آئیں گے　　ناؤ ہم خضر کی چڑھائیں گے
بات پر لوگ اپنی مرتے ہیں　　کہتے ہیں جو زباں سے، کرتے ہیں
پیٹھ جیسی دکھاکے جاتے ہو　　گر خدا چاہتا ہے، آتے ہو
پھر طبیعت کمال گھبرائی　　زلف شب تاکمر لٹک آئی
یہ بھی لکھا مرے مقدر کا　　پھل مجھے ہو نصیب خنجر کا

پوری مثنوی عمدہ اشعار سے بھری ہوئی ہے۔کلب حسین مائل کی وفات ۱۸/اپریل ۱۹۱۱ء کو ہوئی۔

حوالہ جات: مثنوی پیکر حسن، گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت جنوری ۱۹۰۳ء

مہجورؔ، جگناتھ پرشاد:

ساکن ذکاتی محلّہ بریلی، ملازم کلکٹری بریلی، تلمیذ عماد الحسن محو۔ از وست :

کیا یہی شرط محبت ہے، یہی رسم وفا　　ہو گئے درپے ہمارا دل دکھانے کے لیے

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

محبوبؔ، محبوب حسین:

تلمیذ مولوی علی حسن شاعر۔ از وست :

تمہیں ہم جانتے ہیں حضرت دل، پورے مرشد ہو
تمہیں نے عشق کر کے رنج و آفت میں پھنسایا ہے

حوالہ: گلدستۂ کمال دہلی بابت جنوری ۱۹۱۱ء

مظہرؔ، مظہر حسین:

ساکن بازار صندل خاں بریلی، اختر حسین اختر، اصغر حسین اصغر اور اظہر حسین اظہر کا برادر، تلمیذ مولوی قاسم علی خواہاں، خود بھی صاحب تلامذہ۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

ہم وفادار ہوئے، آپ جفاکار بنے　　کیا یوں ہی رسم محبت کی ادا ہوتی ہے
خون عاشق سے ہاتھ لال کرو　　تمہیں مہندی کی کیا ضرورت ہے

ہزار جان سے قربان اس تصور کے ۔۔۔ وہ بے حجاب ہے، در پردہ جو حجاب میں ہے

اپنے عہد میں بریلی کا مشہور شاعر تھا، یہ افسوس کی بات ہے اس کی غزلیات پر مشتمل بیاض یا دیوان ہم دست نہیں ہوا، جس کے بغیر اس کا بھرپور تعارف نہیں ہو سکا۔

حوالہ: گلدستۂ بہارِ بے خزاں بابت اپریل و جون ۱۹۰۳ء، گلدستۂ نہال سخن بریلی

محسنؔ، محمد محسن:

اس کا تخلص عنقا بیگم بھی تھا، ساکن موضع خان پور بریلی۔ ریختی گو، اس کا دیوان ریختی مسمیٰ رنگیلی بیگم ۱۹۱۴ء میں شائع ہو چکا ہے۔ نمونۂ ریختی یہ ہے :

الٹا جو زمانہ ہے تو الٹا نظر آیا ۔۔۔ سمجھی میں کھرا جس کو، وہ کھوٹا نظر آیا

پھرتا ہے موا پیچھے مرے، سایہ کی صورت ۔۔۔ درگاہ گئی واں بھی نگوڑا نظر آیا

دو پیسے کے تھے یار، ہوئے بگڑی میں کافور ۔۔۔ اب میر نظر آیا، نہ مرزا نظر آیا

درگاہ گئی، طاق بھرا، بھوکے کھلائے ۔۔۔ سو منتوں سے ایک یہ لونڈا نظر آیا

موہ لیتا ہے محسن بوا شیریں سخنی سے ۔۔۔ پیارا وہ بہت ریختی والا نظر آیا

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی، بابت مئی ۱۹۱۲ء

مسرورؔ، شمس الدین خاں:

ساکن پنجابی ٹولہ شہر کہنہ بریلی، تجارت پیشہ، تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

مچلتا پھرتا میں قدموں پہ لوٹتا پھرتا ۔۔۔ مرے حضور کا مجھ پر جو پیار ہو جاتا

یہ حسن یہ جمال کہ رشک چمن ہوا ۔۔۔ رخ غیرت گلاب تو غنچہ دہن ہوا

حوالہ جات: گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ شکوہ یار بجنور بابت مئی ۱۹۱۰ء

محوؔ، عماد الحسن:

پیدائش ۱۸۶۴ء میں، فرزند مفتی سلطان حسن خاں احسن تلمیذ غالب، مولوی ہدایت علی اور اپنے والد سے تعلیم حاصل کی۔ سید آغا حسین لکھنوی سے علم طب سیکھا، حافظ کرامت خاں خلیفہ شاہ عبدالرحمٰن شاہ جہانپوری کے ہاتھ پر بیعت ہوا، غلام بسمل اللہ بسمل تلمیذ غالب کی شاگردی اختیار کی۔

اس کا ابتدائی کلام جو مشکل زمینوں میں تھا اس کی حیات میں ہی تلف ہو گیا۔ باقی ماندہ کلام اس کے پسران اور تلامذہ نے جمع کیا لیکن وہ شائع نہیں ہوا اور بعد کو گھر کے مال واسباب کے ساتھ چوری ہوا۔ اس کے فرزند مفتی صابر حسن شیوا عثمانی نے ستر اسی غزلیات پر مشتمل ایک بیاض تیار کی جس کا انتخاب میرے پیش نظر ہے۔ شیوا عثمانی کی وفات (۱۹۷۵ء) کے بعد اس کا کیا ہوا، معلوم نہیں۔

مفتی عمادالحسن محوا اپنی ذات میں ایک انجمن تھا۔ اس کو اس علمی وادبی سرمایے سے مستفید ہونے کا موقع ملا جو دور روہیلہ سے اسکے عہد تک اس کے بزرگوں سے اس کو منتقل ہوا، اس کے علاوہ خود اس کا عہد شعر وشاعری کے لیے مشہور تھا۔ اس وقت ہندوستان میں داغ وامیر کا طوطی بول رہا تھا، بریلی میں حسن وقیصر کی محفل شاعری جمی ہوئی تھی اور اس کے عہد جوانی میں عزیز، ہوش، خواہاں اور فرحاں سخن سرا تھے، اس کو غالب سے نسبت تھی کیونکہ اس کا والد اور استاد غالب سے وابستہ تھے، طرز غالب وشیفتہ اس کا وقار خاندانی تھا۔ اس نے ۱۹۱۲ء میں بزم ادب کی تاسیس کی جس کے مشاعروں میں صرف اساتذۂ بریلی شریک ہوتے تھے، اور جو اس کی وفات (۱۹۲۶ء) کے بعد ۱۹۴۹ء تک قائم رہی۔

محو نے اپنی غزل میں فکر کو رہنما بنایا، جذبات وتخیل کی تہذیب کی، غزل کو عامیانہ اسلوب سے بچایا، غالب کے طلسم الفاظ کی جگہ شیفتہ کی نمکینی اور حرارت جذبات کو اشعار میں پیش کیا، چنانچہ پختہ کلامی اور چستی بندش میں نمکینی اور حرارت جذبات کی آمیزش نے ایسا ذائقہ پیدا کیا جو اس کا انفرادی طرز بن گیا۔ یہی طرز غزل مفتیان بریلی سے منسوب ہوا۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

خلش نوک مژہ کی ہے سہارا زندگانی کا
یہ نشتر دل میں چبھ چبھ کر رگ جاں ہوتے جاتے ہیں

اسی کے آسرے پہ غم غلط ہوتا ہے فرقت میں
غنیمت ہے ہمیں امید مرگ ناگہاں پھر بھی

پڑ گیا لذت دشنام کا چسکا کیسا
ہوگئی ترک خطا اور بھی مشکل مجھ کو

کلیجہ ہے کوئی پتھر نہیں ہے
کرے صبر آدمی آخر کہاں تک

شکست توبہ سے ساقی کا ٹوٹا دل جوڑا
مرا گناہ بھی داخل بڑے ثواب میں ہے

تمھیں معلوم ہے جو آرزو ہے
مری حسرت کا مجھ سے پوچھنا کیا

نگاہ شوخ ہے چھپنی ہوئی کس کی تمنا سے
حیا کس کی نگاہ شوق سے شرمائی جاتی ہے

وہ اور بگڑیں گے رنج اور بھی سوا ہوگا
شکایتوں سے سوا اس کے اور کیا ہوگا

کسی کا سمجھانا، کہاں کی پند، کیسی روک ٹوک
ہوگئی ناصح کو وحشت میرا سودا دیکھ کر
پہنچ جائے گا اپنا سلسلہ اے محو غالب تک
جو شاگردی کی نسبت حضرت بسمل سے نکلے گی
صبر آئے یا اجل آئے کہ وہ آرام جاں
ہاں علاج درد فرقت اے خدا ہو، کوئی ہو
تعریفِ غیر کی، تو ہوئے ہم زبان وہ
میری زباں کے واسطے ان کا دہن ہوا
اس پر بھی سیکڑوں کی نکلتی ہے جان زار
تیری کشیدگی بھی ترا بانکپن ہوا
تازہ بہار اپنی دکھاتے ہیں اشک خوں
میں بھی کسی کی طرح سے گل پیرہن ہوا
اے وسعت دامان نظر اور فزوں ہو
بے پردہ اسے جلوہ نما دیکھ رہے ہیں
ہیں نیچی نگاہیں دم رفتار جو ان کی
وہ اپنی اداؤں کی ادا دیکھ رہے ہیں
ہیں مختلف انداز کے نغموں کی صدائیں
رنگینیٔ بزم شعرا دیکھ رہے ہیں
الزام ملا آج یہ شکوہ پہ جفا کے
کہتے ہو ستمگار، ہو طالب بھی وفا کے
وصل میں اس پہ مری جان فدا ہوتی ہے
کیا قبول آج شب غم کی دعا ہوتی ہے
اٹھتے فتنوں کو دبانے کی خبر تک نہ رہی
نیند بھی عہد جوانی کی بلا ہوتی ہے
دور سے خارمغیلاں جو قدم لیتے ہیں
آبلوں میں کشش کاہ ربا ہوتی ہے
وہ مرے رشتہ تقدیر میں پڑتی ہی نہیں
جو گرہ ناخن تدبیر سے وا ہوتی ہے
حسن بندش ہی کو جو چاہیے کہہ لو، ورنہ
بات ہی محو کے اشعار میں کیا ہوتی ہے

مجھے اور تم سے ملال ہو، مجھے اور تم سے ملال ہے
ہے تمہارا صرف گمان ہے، یہ تمہارا محض خیال ہے
کرے بیخودی کا خدا بھلا کہ امید وبیم سے چھٹ گیا
نہ کسی کے ہجر کا غم رہا، نہ کسی کا شوق وصال ہے
جو صفائی دونوں میں ہوگئی، تو بنے گا صیقل آئینہ
وہ جو میری سمت سے کینہ جو تیرے دل میں گرد و ملال ہے
وہ سناؤ باتیں رقیب کو کہ جسے نہ کوئی بھی سن سکے
تیری طبع کو نہ ملال ہو، مجھے صرف اس کا خیال ہے

یہ جو آج لطف ہے اس قدر، یہ کرم جو ہے مرے حال پر
کوئی گھات ہے، کوئی بات ہے، کوئی بھید ہے کوئی چال ہے
ہے طریق سب سے جدا مرا، ہے گواہ اس پہ خدا مرا
نہیں کچھ کسی سے گلہ مرا نہ مجھے کسی سے ملال ہے
کبھی اب بھی آتے ہیں یاد ہم کہ تمہارے دل سے اتر گئے
پس مرگ یاروں سے محو کا لب گور یہ سوال ہے

اس کی وفات ۶/ربیع الاول ۱۳۴۵ھ/۱۲/دسمبر ۱۹۲۶ء کو بروز دوشنبہ دس بجے رات کے وقت دہلی میں ہوئی جہاں وہ معالجہ کے لیے گیا تھا۔ جامع مسجد دہلی کے شرق پریڈ گراؤنڈ میں بجوار حضرت باقی باللہ مدفون ہوا۔ شفیع احمد عیش نے مندرجہ ذیل مصرعے سے تاریخ وفات برآمد کی۔

لب کوثر مدینے کا مسافر آکے ٹھہرا ہے

۱۹۲۶ء

اس کی وفات کے بعد ایک تعزیتی محفل ہوئی جس کی روداد ''یادگارِ محوؔ'' کے نام سے ایک رسالے کی شکل میں شائع ہوئی اور جو میرے پیش نظر ہے۔ اسی تعزیتی محفل میں اس کے فرزند مفتی صابر حسن شیوا عثمانی کو اس کا جانشین مقرر کیا گیا۔

مخفیؔ، سعیدہ جہاں:

پیدائش ۵/جولائی ۱۹۱۵ء قمر شاہ خاں بیرسٹر کی دختر، زوجہ رحمت نبی خاں ۱۰۵؎، اردو فارسی اور عربی کی تعلیم نجی طور پر حاصل کی، ادب سے دلچسپی تھی، اردو رسائل جیسے تہذیب نسواں او رایشیا میں مضامین شائع کرائے، ریڈیو لکھنؤ کے لیے فیچر اور ڈرامے تحریر کیے، خود بھی ڈرامے اسٹیج کیے، غزلیات اور منظومات تحریر کیں۔ نمونۂ کلام یہ ہے :

چشم تر دیکھ، غم دل نہ نمایاں ہوجائے — عشق کے سامنے اور حسن پشیماں ہوجائے
جانتا ہوں میں تمنا کو گناہ الفت — عشق وہ ہے جو نہاں رہ کے نمایاں ہوجائے
کاش یوں برق گرے خرمن دل پر مخفیؔ — ذرہ ذرہ مری ہستی کا فروزاں ہوجائے

مجموعۂ کلام شائع نہیں ہوا۔ منظومات متفرقہ میں اصلاحی رجحان اور حمیت قومی کا جذبہ غالب ہے، بریلی کی معروف شخصیت تھی۔

حوالہ: شاعرات اردو، ص۵۹۲ تا ص۶۰۳

معجزؔ، سعادت یار بیگ:

خلف مرزا رستم یار بیگ قیصر، تلمیذ عبدالعزیز خاں عزیز (م۱۸۹۱ء) گورنمنٹ ہائی اسکول بریلی میں ٹیچر، اس نے پانچ دیوان مرتب کیے، تمام کلام غیر مطبوعہ رہا، مضامین نو کا دلدادہ اور ندرت پسند تھا، بے ربط اور خشک نہیں تھا، مضمون کا ثبوت ضرور پیش کرتا، شوخ اشعار بھی تحریر کرتا لیکن ابتذال سے دور رہتا۔ ہر غزل میں دو تین اشعار مضامین اخلاق پر بھی شامل کرتا تھا۔ میرے خیال میں خانوادۂ قیصر میں اس سے بہتر غزل گو نہیں تھا، عزیز کی غزلیات کے امتیاز کا خاتمہ اس کی غزلیات پر ہو جاتا ہے۔ مختصر انتخاب غزلیات مندرجہ ذیل ہے:

دست جنوں کو چھیڑ کا ساماں نہیں رہا — داماں ہمارا تا بہ گریباں نہیں رہا
وہ مستحق رحمت یزداں نہیں رہا — دنیا میں جو کئے پہ پشیماں نہیں رہا
جب چاہا باغ حسن سے کچھ پھول چن لئے — خالی کبھی نگاہ کا داماں نہیں رہا
مرحلہ عشق کا بس عشق سے طے ہوتا ہے — یہ وہ منزل ہے کہ خود راہنما ہوتی ہے
دل ہی کہاں ہے جس میں نہ کیف وسرور ہے — شیشہ ہے وہ عبث جو صراحی سے دور ہے
خوف سزا کا دل میں کچھ ایسا وفور ہے — بانگ جرس بھی میرے لیے بانگ صور ہے
انداز ہو، ادا ہو، کرشمہ ہو، ناز ہو — سب کا جواب ایک دل ناصبور ہے
معجز زبسکہ علم سے کھلتی ہے راہ جہل — دانا جو سمجھے آپ کو ناداں ضرور ہے
ڈھانپ کر منھ کو دوپٹے سے، وہ بولے شب وصل — اسی پردے سے عیاں صبح قیامت ہوگی
نہ پوچھو آہ جاتی ہے کہاں تک — یہ ناوک توڑتا ہے آسماں تک
نہیں اچھا کسی کا دل دکھانا — لرز جاتا ہے اس سے آسماں تک
وہ بے حجاب ہوں نہ ہوں، ہے ایک سا مجھے — اتنی امید تو نگہ پردہ در سے ہے

دام گیسو سے حسینوں کے بچانا اللہ　　دست فریاد کو ہم طوق گلو کرتے ہیں
ہم سے رندوں کو ہے بس آب خجالت زاہد　　توبہ توبہ کہیں پانی سے وضو کرتے ہیں
منزل پہ پہنچ جاتے ہیں یہ سر کو جھکا کے　　انداز ہیں یکساں فقرا و شعرا کے
خوشنودی حق کا ہے سبب خلق کی خدمت　　جو اچھے ہیں مخلوق کے اچھے ہیں خدا کے
دین وایماں کر چکے غارت تو پھر کیسی حیا　　اے نگاہ شرمگیں اب تو نظر اوپر اٹھا
کوئی مرمر کے جیتا ہے، کوئی جی جی کے مرتا ہے　　خرام ناز بھی ان کا قیامت کا نمونا ہے
حیات اور موت دونوں ایک رستہ میں ہیں وابستہ　　نہ مرنا اپنے بس کا ہے، نہ جینے پر بھروسا ہے
جسے کہتے ہیں معجز شاعری الہام غیبی ہے　　وہ جھوٹا ہے کہے جو شعر گوئی میں اجارا ہے

معجز تقسیم ہند کے بعد پاکستان گیا اور وہیں ۱۹۵۰ء میں فوت ہوا۔

حوالہ جات: گلدستۂ بہار بےخزاں بریلی بابت جنوری و جون ۱۹۰۳ء،
گلدستۂ کمال دہلی بابت جنوری ۱۹۱۲ء، گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ بزم سخن
بریلی ۲۴/مارچ ۱۹۲۴ء، گلدستۂ بہار سخن بریلی بابت ۱۹۲۹ء

نامیؔ، سلطان احمد:

تلمیذ حضور احمد خاں آثم، اس کا ذکر پرانے شعرا کرتے تھے، کلام میسر نہیں آیا، ایک نعت دستیاب ہوئی جس کا مندرجہ ذیل شعر بطور نمونۂ کلام درج کیا جاتا ہے:

جوان کا حق تعالیٰ مدح خواں ہے　　لکھوں میں نعت، کیا تاب وتواں ہے

حوالہ: گلدستۂ آئینہ مغفرت بریلی ص ۲۲

نادرؔ، انتظام علی:

تلمیذ مولوی قاسم علی خواہاں، مالک مطبع نادری بریلی، گلدستۂ بزم سخن مشتمل بہ کلام مشاعرہ منعقدہ ۲۴/مارچ ۱۹۲۳ء بہ مقام محلّہ بان خانہ بریلی، اس کے مطبع نادری میں ہی طبع ہوا تھا، نمونۂ کلام یہ ہے:

نادر خدا کی یاد کو ہر لمحہ دل میں رکھ　　قاصر خدا کی یاد سے رہنا، قصور ہے

حوالہ: گلدستۂ بزم سخن بریلی بابت ۲۴/مارچ ۱۹۲۴ء

نادؔر، نادر حسین:

ساکن بڑابازار بریلی، زمیندار، صاحب ثروت وعزت، تلمیذ سید مہربان علی فرحاں، تربیت یافتہ ''بزم ادب'' بریلی۔ خود اس کے مکان پر بھی شعرا کا ہجوم رہتا، غزل، نعت اور منقبت کا شاعر تھا۔ اس نے فارسی کتاب مناقب غوثیہ کا ترجمۂ اردو مع اضافہ کرامات غوثیہ کیا اور اس کو مطبع افتخار دہلی میں طبع کرا کے شائع کیا۔ نمونۂ کلام یہ ہے :

پہنچے معراج کی شب آپ ہوا سے پہلے — لے لیا بخشش امت کو خدا سے پہلے
یا نبی زیست میں، ہر دم یہ تمنا ہے مری — عشق میں آپ کے مٹ جاؤں فنا سے پہلے
ہوں مریض آپ کا، مجھ کو تو نہ صحت ہوگی — دیجئے شربت دیدار دوا سے پہلے
حق یہ ہے، روز قیامت کا مجھے ڈر کیا ہو — توبہ اللہ نے بھیجی ہے خطا سے پہلے
نادر اثبات یہ ہے بخشش امت کے لیے — دے چکے جان محمد کے نواسے پہلے
گل ہیں، ساغر ہے، مُل ہے، خلوت ہے — وہ بھی آئیں تو بزم عشرت ہے
جب الم یار کی شمشیر ادا ہوتی ہے — ہاتھ باندھے ہوئے مقتل میں قضا ہوتی ہے
ناز وہ ناز کہ ہر ناز میں سو سو انداز — ہیں وہ انداز فدا جن پہ ادا ہوتی ہے
بے وفا منھ سے نکلنا تھا کہ بولے چپ رہ — شامت آئی ہے تری، کیسی وفا ہوتی ہے
کیا تعجب جو ہوا ہے دل نادر پامال — چال پر اس کی قیامت بھی فدا ہوتی ہے

وقار حسین تسکین اس کا ہی فرزند تھا۔

حوالہ جات: گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی بابت جون و اپریل ۱۹۰۳ء،
گلدستۂ کرامات ص ۱۶۸ و ص ۱۶۹

ناصؔر، ناصر الدین احمدؒ:

خواجہ طفیل علی کا فرزند، ۱۸۵۷ء کو منیہاران ضلع سہارن پور میں پیدا ہوا، نسب نامہ سیدنا ابوایوب انصاری سے ملتا ہے، سلسلۂ چشتیہ صابریہ سے منسلک تھا، بریلی میں مقیم ہوا، اس کے خلف اور سجادہ نشین مولوی فیضان میاں سے میری ملاقات اور اس سے کافی آگاہی میسر ہوئی، ناصر الدین احمد

نے مندرجہ ذیل کتب تحریر کیں:

(۱) التنقیح الادق فی اصلاح تحقیق الحق ۱۳۰۴ھ/ ۱۸۸۶ء (۲) موج کوثر ۱۳۰۵ھ/ ۱۸۸۷ء (۳) لمعۂ برق جلال ۱۳۰۷ھ/ ۱۸۸۹ء (۴) ترانۂ ناصر ۱۳۱۷ھ/ ۱۸۹۹ء (۵) خزینۂ رحمت ۱۳۲۰ھ/ ۱۹۰۲ء (۶) فردوس شہادت ۱۳۲۲ھ/ ۱۹۰۵ء (۷) مناقب صابرؒ ۱۳۲۲ھ/ ۱۹۰۵ء (۸) نغمۂ عشق ۱۳۲۴ھ/ ۱۹۰۶ء (۹) فغان ناصرؒ ۱۳۲۵ھ/ ۱۹۰۷ء (۱۰) مباحثۂ دربارۂ مولود (۱۱) شجرۂ طیبہ (۱۲) مثنوی پیکر حشر و نشر ۱۳۲۵ھ/ ۱۹۰۷ء (۱۳) مباحثۂ اعظم گڈھ منظوم (۱۴) چمنستان نعت (۱۵) دیوان نعتیہ ۱۳۲۴ھ/ ۱۹۰۶ء (۱۶) طنطنۂ صولت (۱۷) مجموعۂ مکتوب فارسی غیر مطبوعہ (۱۸) کلام معشوق چشتی یعنی دیوان فارسی غیر مطبوعہ (۱۹) مسدس ناصری اردو غیر مطبوعہ (۲۰) تنبید وہابیہ غیر مطبوعہ (۲۱) کلیات اردو غیر مطبوعہ (۲۲) کلیات فارسی غیر مطبوعہ۔ ان میں سے چند مطبوعہ کتب میرے پاس بھی محفوظ ہیں۔ اس فہرست کتب سے جو میں نے مولوی فیضان میاںؒ کی مدد سے تیار کی تھی، یہ مستفاد ہوا ناصر کو عربی فارسی، اردو پر عبور حاصل تھا، نثر نگار اور نظم نگار تھا، معروف اصناف سخن میں طبع آزمائی کی، اور اوراد و وظائف کے علاوہ وقت تصنیفی و تالیفی کام میں بسر کیا۔ عقائد اہل دیوبند سے متفق نہیں تھا۔

ناصر کو مولوی احمد حسن شوکت میرٹھی سے تلمذ تھا، چونکہ عالم و فاضل باعمل صوفی تھا اس کے جذبات اور خیالات عمیق و بلند ہیں۔ کلام میں خود اعتمادی ہے، اظہار بیان صاف اور شیریں زبان میں کیا، ہر صنف سخن میں اس کی صنفی خصوصیت ملتی ہے۔ برگزیدہ انسان اور بلند پایہ شاعر تھا۔

ناصرؒ کی حیات اور اس کے ادبی کام پر میں نے ایک مفصل مضمون بہ سلسلۂ نعت گویان اردو ماہنامہ آستانہ زکریا ملتان میں بابت اکتوبر ۱۹۵۸ء شائع کرایا تھا، مزید واقفیت کے لیے اس سے رجوع کرنا چاہیے۔

ناصر کا کلام نغز ہم دست نہیں ہوا۔ مولوی فیضان میاں نے فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا لیکن وہ پاکستان ایسی گھڑی میں گئے کہ واپس نہیں آئے۔ ان کی وفات پاکستان میں ہوگئی۔ بطور نمونۂ کلام ایک نعت نقل کرتا ہوں:

وہ دن خدا کرے کہ مدینہ کو جائیں ہم　　خاک در رسول کا سرمہ لگائیں ہم

جالی پکڑ کے روضہ گردوں جناب کی ۔۔۔ سب حال دل رسول خدا کو سنائیں ہم
آنکھیں ملیں کبھی درِ اقدس پہ، اور کبھی ۔۔۔ آنکھوں سے اپنی خون کے دریا بہائیں ہم
سجدہ کریں ہم آپ کی محراب کی جگہ ۔۔۔ قدموں کی جا پہ لخت جگر کو بہائیں ہم
احوال دل کہیں کسی حجرے کے سامنے ۔۔۔ منبر کے سامنے کبھی غوغا مچائیں ہم
لبیک کو زبان پہ کبھی لائیں شوق سے ۔۔۔ صل علیٰ کا غل کبھی روکر مچائیں ہم
تم دیکھو یا نہ دیکھو مگر مثل شمع بزم ۔۔۔ جل جل کے جاں کو خاک میں اپنی ملائیں ہم
سوز غم رسول کے وہ دل جلے ہیں ہم ۔۔۔ اک آہ آتشیں سے سقر کو جلائیں ہم

ناصرؔ کی وفات بریلی میں ۱۹۰۸ء کو ماہ رمضان میں ہوئی، مسجد نومحلّہ بریلی میں مدفون ہوا، ہر سال ماہ رمضان کے ایام بیض میں سالانہ عرس ہوتا ہے۔ قبر کے سرہانے مولوی احمد رضا خاںؒ کا تحریر کردہ فارسی قطعۂ وفات دیوار میں لگا ہوا ہے، مولوی احمد رضا خاںؒ نے ہی ناصرؔ کو قبر میں اتارا تھا۔

نامیؔ، برکت علی:

ساکن محلّہ ذخیرہ بریلی، پیشہ طبابت، شہر کا مشہور آدمی تھا، تلمیذ حسن رضا خاں حسن بریلوی، حسن کی وفات (۱۹۰۸ء) کے بعد عماد الحسن محو کا شاگرد ہوا۔ اس نے ایک واسوخت تحریر کیا جس کا نام ''واسوخت نامی'' اور جس کا مادۂ تاریخ از حسن ''واسوخت نامی دل پسند'' ۱۳۲۴ھ/۱۹۰۶ء ہے۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

آہی جائے گا صبر دل کو کبھی ۔۔۔ جایئے جایئے، اجازت ہے
سیدھے منہ بات بھی مجھ سے نہیں کرتا کوئی ۔۔۔ ہائے اس دل نے نہ رکھا کسی قابل مجھ کو
ناخدا فضلِ خدا ہو تو لگے تھل بیڑا ۔۔۔ بحر غم کا نظر آتا نہیں ساحل مجھ کو
پوچھتا ہوں رہ مے خانہ حرم میں نامیؔ ۔۔۔ کردیا بے خودئ شوق نے غافل مجھ کو
نامی کوئی نظر نہیں آتا شگفتہ دل ۔۔۔ تختہ اولٹ گیا چمن روزگار کا

حوالہ جات: دیوان حسن یعنی ثمر فصاحت، گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی جنوری اور اپریل ۱۹۰۳ء، گلدستۂ نہال سخن بریلی

نوؔید، محفوظ علی:

باشندہ بریلی۔ مقیم اجمیر، سید حمید الحسن قتیل پھرسری تلمیذ نسیم بھرت پوری (م ۱۹۰۹ء) کا شاگرد تھا۔ اس کے ابتدائی دور شاعری کی ایک غزل گلدستۂ ہوش افزا بریلی میں شائع ہوئی تھی جس کا ایک شعر مندرجہ ذیل ہے:

چل دیا بوسۂ رخسار پہ بدظن ہوکر　　دوست نے کام بگاڑا مرا دشمن ہوکر

حوالہ: گلدستۂ ہوش افزا بریلی بابت ۲۷ر دسمبر ۱۸۷۶ء

نعمؔت، حشمت اللہ خاں:

تلمیذ سلطان حسین خیال بریلوی۔ از وست :

کس مصیبت میں مری جان پھنسی ہے اللہ　　نہ قضا آتی ہے مجھ کو نہ شفا ہوتی ہے

حوالہ: گلدستۂ بہار بےخزاں بریلی بابت جون ۱۹۰۳ء

نوؔر، قاضی نور الدین:

تلمیذ قاضی خلیل الدین حسن حافظ پیلی بھیتی (م ۱۹۲۹ء) از وست:

سر جھکایا شیشۂ مے نے تواضع کے لیے　　اپنی کم ظرفی دکھانے کے لیے ساغر اٹھا

حوالہ: گلدستۂ بہار بےخزں بریلی بابت جون ۱۹۰۳ء

نوشہ، نوشہ علی:

تلمیذ مولوی قاسم علی خواہاں۔ از وست :

سیکڑوں کے دل وہ مَل ڈالے گا تلووں کے تلے
سیر کرنے کے لیے جب فتنۂ محشر اٹھا

حوالہ: گلدستۂ بہار بےخزاں بریلی، جون ۱۹۰۳ء

نثؔار، لیاقت علی:

تلمیذ حسن رضا خاں حسن، مقامی طور پر معروف ہوا۔ از وست :

بزمِ کثرت میں رنگ وحدت ہے — لاکھ آنکھوں میں ایک صورت ہے
دل کو رہتا نہیں انجام شناسی کا خیال — آمدِ عشق عجب ہوش ربا ہوتی ہے

حوالہ: گلدستۂ بہارِ بےخزاں بریلی بابت اپریل وجون ۱۹۰۳ء

نسیمؔ، شہزادہ علی:

تلمیذ حسن رضا خاں حسنؔ۔ از وست :

روز کہتے ہو ہم کل آئیں گے — آپ کی کل ہے یا قیامت ہے

حوالہ: گلدستۂ بہارِ بےخزاں بریلی بابت ۱۹۰۳ء

نازاںؔ، محمد نبی خاں:

تلمیذ محمد بشیر خاں بشیرؔ رچھاوی، قصبہ رچھا ضلع بریلی کے اسکول میں ہیڈ ماسٹر۔ از وست :

جب رخِ تاباں سے اٹھائی صبحدم اس نے نقاب
زرد ہوکر شرم سے مہر منور ہوگیا

حوالہ: گلدستۂ نہالِ سخن بریلی

ناطقؔ، سجاد حسین:

عبدالقادر مفتونؔ کا فرزند، ساکن محلّہ قاضی ٹولہ بریلی، ججی بریلی میں ہیڈ کلرک، مترجم، منصرم، شعر گوئی کا شوق بچپن سے تھا، اپنے والد سے ہی مشورۂ سخن کیا، بریلی کے گلدستوں میں غزلیات شائع ہوتی تھیں۔ ایک نظم نینی تال کے مناظر پر تحریر کی، بریلی میں بہت مشہور ہوا، صاف ستھرے پر اثر شعر کہتا تھا۔ مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے :

زندگی بے ثبات ہے ناطقؔ — جو گھڑی ہے، وہی غنیمت ہے
پردے میں ہیں جمال کے جلوے جلال کے — اے شوق دید آنکھ اٹھے دیکھ بھال کے
بنی کے سیکڑوں، بگڑی کا ساتھی کون ہوتا ہے — مری حالت جو بگڑی ہے تو دم بھی کوئی دم کا ہے
شفق میں، گل میں، لالے میں، بتوں کے پائے رنگیں میں — لہو میری تمناؤں کا، کیا کیا رنگ لایا ہے

قیامت کو الٰہی کیا ہوا یہ کیوں نہیں اٹھتی کوئی پہلو سے اٹھتا ہے، کوئی دنیا سے اٹھتا ہے

حوالہ جات: گلدستۂ بہارِ بےخزاں بریلی بابت اپریل ۱۹۰۳ء، گلدستۂ نہال سخن بریلی، گلدستۂ آفتاب ادب بریلی ۱۹۳۱ء

ناداںؔ، شفیق احمد خاں:

اس کی غزلیات ماہنامہ الشّمس بریلی میں پابندی سے شائع ہوتی تھیں لیکن کوشش کے باوجود اس کے حالات کا علم نہیں ہوا۔ از وست:

ساتھ ہے اک فوج یاس وحسرت دیدار کی آج میت اٹھ رہی ہے عشق کے بیمار کی

حوالہ: ماہنامہ الشّمس بریلی بابت جنوری ۱۹۲۵ء

نظیرؔ، سلطان احمد بیگ:

میں نے اپنی کم عمری کے ایام میں اس کو دیکھا تھا کیونکہ اس کا مکان محلّہ شاہ آباد بریلی میں میرے مکان کے قریب تھا۔ بیمار نحیف اور لاغر تھا، اس کی نشست بھی حکیم احمد یار بیگ احمد المعروف بہ حکیم مسیت کے یہاں تھی جہاں اس معروف مناقشے ۱۰۶ کا آغاز ہوا جو نظیر، ضمیر، شوق، امید اور بعد کو ضمیر ورسا کے مابین چھڑا اور نہایت ناگوار صورت اختیار کر گیا۔ بہر نوع نظیر شاعر تھا، اچھا غزل گو تھا، تفکر آمیز اور چست شعر لکھتا تھا، بیرونجات کے شاعروں میں جاتا تھا، پڑھنے کا انداز بہت موثر تھا اور مشاعرے پر چھا جاتا، اس کی دو بیاضیں اس کا دوست اور ہم محلّہ حکیم نقی اپنے ساتھ پاکستان لے گیا، میں نے نظیر کے شاگرد سید زاہد علی زاہد کی مدد سے جو اشعار جمع کیے ان کا مختصر انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

جب آپ اجاڑیں جنگل ہے، جب آپ بسادیں بستی ہے
اس دل کی اتنی حقیقت ہے، اس دل کی اتنی ہستی ہے
یہ ٹوٹی پھوٹی قبریں ہی اس عالم کا گنجینہ ہیں
اک بستی ویراں ہوتی ہے اور اور سی بستی، بستی ہے
اک وہ بھی عالم تھا میرا، اک یہ بھی عالم ہے میرا
جب دنیا پر میں ہنستا تھا، اب دنیا مجھ پر ہنستی ہے

نگہِ لطف عام ہوتی ہے دل کی دنیا تمام ہوتی ہے
وہ بھی اک وقت خاص ہوتا ہے جب نظر ہم کلام ہوتی ہے
موت آتی نظر نہیں آتی کس قدر خوش خرام ہوتی ہے
چاہا کیا تجلی سوزجگر کو میں سمجھا تھا برق طور ہی برق نظرکو میں
کچھ اورنالہائے سحر سے غرض نہیں آگاہ کررہا ہوں کسی بے خبر کو میں
رویا ہوں اس قدر کہ اندھیرا سا چھا گیا اپنا شگافِ سینہ سمجھ کر سحر کو میں
معلوم سمت منزل مقصود بھی نہیں حیران ہوں الٰہی کہ جاؤں کدھر کو میں
پھر سجدہ ہائے شوق تڑپتے ہیں اے نظیر زیب جبیں کروں گا پھر اس سنگ درکو میں
اثر اتنا تو اے فیض جمال یار ہوجائے میں جب چاہوں، جہاں چاہوں ترا دیدار ہوجائے
یہ مانا زندگی ہوتی ہے مشکل سب کو الفت میں مگر وہ کیا کرے؟ مرنا جسے دشوار ہوجائے
اسی منزل کو معراج جنون بندگی کہیے جہاں پر خود جبین شوق سجدہ بار ہوجائے
نظیر اب حیرت حسن تماشا کی شکایت کیا اگر ذوق نظر خود ہی نظر پر بار ہوجائے
چشم تر روتی رہی بڑھتا رہا سوز جگر ہم نے برسات میں جلتے ہوئے گھر دیکھ لیا
منتظر اس طرح ہوں میں پردہ در کے سامنے جیسے وہ اب آ ہی جائیں گے نظر کے سامنے

نظیر مدقوق ہوکر ۱۹۴۲ء میں فوت ہوا۔

نصیر، غلام محی الدین:

سید، رضوی، ملازم کلکٹری بریلی بعہدہ مختار عدالت، تلمیذ حسن رضا خاں حسن۔ از وست :

رحم بھی ان کا ستم ہے، ہائے قسمت، کیا کریں جب کبھی گردن جھکائی کھنچ کے خنجر رہ گیا

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

نازش، برجیس جود:

دختر سید ریاض الحسن ڈپٹی ڈائرکٹر انڈین ویٹیزی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ آئزٹ نگر بریلی، پیدائش ۱۹۲۶ء، چھوٹی عمر سے ہی شعر کہنے کا شوق تھا، عین جوانی میں بہ عمر اٹھارہ سال ۱۹۴۴ء کو فوت

ہوئی۔ از وست :

کہیں گریہ ہورہا ہے، کہیں رقص وشادمانی   ہے عجیب حیرت افزا، یہ طلسم زندگانی

حوالہ: تذکرۂ شاعرات اردو، ص ۶۲۷

ناظم، سردار احمد خاں:

احمد علی خاں سوزاں کا فرزند، ساکن محلّہ ذخیرہ بریلی۔ تلمیذ مفتی عماد الحسن محو اور مولوی قاسم علی خواہاں، مفتیان بریلی کی صحبت صالح سے فیضیاب ہوا۔ اس کی غزل پر محو کا رنگ تغزل نمایاں نظر آتا ہے۔ البتہ اس کی غم پسندی نے اس کے اشعار سے وہ شوخی ضرور چھین لی جو محو کے اشعار میں ملتی ہے۔ اس کی حسیت بہت بڑھی ہوئی تھی، اس کے جذبات میں شدت تھی اور اس کی قناعت پسندی میں تفکر پوشیدہ تھا، اپنی غزل کا وہ خود ہی موضوع تھا، اس کی بیاضِ اشعار اس کے وارثین کے پاس محفوظ ہے جس سے میں نے استفادہ کیا۔ بریلی کا معروف اور مقبول شاعر تھا، اگر اس کی غزلیات بروقت شائع ہو جاتیں تو گمنام نہیں رہتا۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

ہم نے مزے اٹھائے کچھ بھی نہ زندگی کے   روتے کٹے ہیں وہ بھی جو دن کہ تھے ہنسی کے

سوز فراق کی جب مجھ پر عنایتیں تھیں   دل میں پڑے ہوئے ہیں یہ آبلے جبھی کے

اب کیا بتائیں تم کو، کیسی گزر رہی ہے   دن کر رہے ہیں پورے ہم اپنی زندگی کے

احباب نے بھی چھوڑ دیا بیکسی میں ساتھ   اپنا شریک حال فقط ایک غم ہوا

کیا کہوں میں اپنی اس پھوٹی ہوئی تقدیر کو   مے کا ساغر بھی دیا ساقی نے تو ٹوٹا ہوا

کوئی مہربانی سے حالت جو پوچھے   تو پھر پوچھنا کیا ہماری خوشی کا

مزا جب ہے تڑپنے کا جو تڑپوں ایک حالت پر   الٰہی درد بھی دینا تو درد لا دوا دینا

دنیا کی نصیحت سے تنگ آ کے یہ کہتا ہوں   دنیا کے عذابوں سے عقبیٰ کا عذاب اولیٰ

عمر اپنی کٹی مصیبت میں   عیش سے دو گھڑی بسر نہ ہوئی

شعر کہنا اب نہیں ہے حظ اٹھانے کے لیے   کہہ لیا کرتے ہیں کچھ رونے رلانے کے لیے

تم خدا کے واسطے آنا نہ میری قبر پر   عمر رفتہ پھر نہ ہو بے تاب آنے کے لیے

اٹھ گئے وہ لوگ ناظم جن سے تھی دلبستگی — رہ گیا ہوں ایک میں صدمے اٹھانے کے لیے
چاہو کہ میسر ہو سامان طرب ناظم — ہرگز یہ نہیں ممکن، یہ شہر بریلی ہے
کٹی ہے مصیبت میں جتنی کٹی ہے — مری زندگی بھی کوئی زندگی ہے
دل کا ہر ارمان طوفان حوادث بن گیا — دل کی ہر حسرت بلائے ناگہانی ہوگئی
نہ ہو پورا تو کہنے کا مزا کیا — ہماری آرزو کیا، مدعا کیا
نہ ہو اپنی زباں کا پاس جن کو — بھلا ایسوں سے امید وفا کیا
کھلے بندوں ملو، بے باک ہوکر — حیا کے ساتھ ملنے میں مزا کیا
ہنسی میں یہ بگڑ جانا کہاں کا — ذرا سی چھیڑ میں یہ روٹھنا کیا
تمہاری خو سے ہیں مجبور ورنہ — ہمیں کرنی نہیں آتی وفا کیا
آپ اور چشم عنایت ہو طلبگاروں پر؟ — آپ اور رحم کریں اپنے وفاداروں پر؟
ناز و انداز و ادا شوخی رفتار نہ پوچھ — جان جاتی ہے ہماری تو انہیں چاروں پر
حشر بھی اس کے لیے مصر کا بازار ہوا — ٹوٹے پڑتے ہیں خریدار خریداروں پر
کیا کہیں ہم شب فرقت کی مصیبت تم سے — لوٹتے رات کٹی ہے ہمیں انگاروں پر
شکوہ کیسا، غم فرقت کی شکایت کیسی — دل ہی کمبخت جب آجائے دل آزاروں پر
بیکسی درد کی اس سے بھی تو دیکھی نہ گئی — آگیا رحم اجل کو ترے بیماروں پر
ہیں یہ سب خوبی تقدیر کی باتیں ناظم — بدگمانی ہو انہیں ہم سے وفاداروں پر!
دل میں حسرت ہمارے کیا کیا ہے — تم جو پوچھو تو پوچھنا کیا ہے
فکر یہ ہے، کہوں میں یا نہ کہوں — پوچھتے ہیں وہ مدعا کیا ہے
جس کا ارمان دل نہ نکلا ہو — اس کی حسرت کا پوچھنا یا ہے
دل دیا اس کو جو نہیں واقف — لطف کیا چیز ہے جفا کیا ہے
کچھ خدا تو نہیں ہیں وہ ناظم — ہم سے ہوجائیں وہ خفا، کیا ہے
آنکھ کس کس سے سر بزم لڑائی نہ گئی — اس حیا پر ترے دیدے کی صفائی نہ گئی
آپ نے زلف پریشاں کو سنوارا ہوتا — میری تقدیر نہ تھی یہ، جو بنائی نہ گئی

لے کے بوتل جو چلے شیخ جی میخانے سے
لاکھ دامن سے چھپائی، وہ چھپائی نہ گئی

تیری رفتار کی شوخی، تیرے قدموں کی قسم
گو قیامت نے اڑائی بھی، اڑائی نہ گئی

دل گیا، جان گئی، صبر گیا، ہوش گئے
نہ گئی ایک، تو یہ شام جدائی نہ گئی

ہم سے جھوٹا بھی کبھی آپ نے وعدہ نہ کیا
ہم سے جھوٹی بھی قسم آپ سے کھائی نہ گئی

بات کچھ بھی نہ ہوئی، حضرت ناظم سن لو
آج گر حضرت واعظ کو پلائی نہ گئی

اپنا یہی شراب کی نسبت خیال ہے
عقبیٰ میں جب حلال ہے، اب بھی حلال ہے

بندہ نواز آپ نہ دیکھیں اٹھا کے ہاتھ
دنیا کا راز آپ کی نیچی نظر میں ہے

زمانے کو دکھانے کے لیے ذوق گنہگاری
لئے توبہ کے ٹکڑے ہم سر بازار پھرتے ہیں

اس دن کو موت آئے جو وہ بے قرار ہو
ہے ہے خدا نہ کردہ جو نالے اثر کریں

ڈھونڈے نہیں ملیں گے پھر ایسے چلن کے لوگ
رونق ہیں انجمن کی، ترے انجمن کے لوگ

شعر وہ ہے جو کرے دل پہ اثر اے ناظم
میں تو قائل نہیں اس قافیہ پیمائی کا

یہ سب خصوصیت ہے غالب کے خانداں کی
رنگ بیاں یہ ناظم لائے ہیں کس کے گھر سے

ناظم ۱۹۴۵ء میں فوت ہوا۔

ناشط، محمد اسحاق:

حافظ قاری مولوی کریم بخش کا فرزند، محمد فاضل عبقری کا برادر خرد، محمد کامل صدیقی کامل کا چچا۔ ۱۸۹۱ء میں پیدا ہوا، ساکن بزریہ عنایت گنج شہر کہنہ بریلی۔ ۱۹۱۱ء میں انٹرنس (دسویں جماعت) کا امتحان پاس کیا، ۱۹۱۶ء میں آگرہ میڈیکل کالج سے ڈاکٹری کا ڈپلوما حاصل کیا، ۱۹۱۷ء میں فوجی خدمت پر مامور ہوا، چار برس ایران میں رہا، ملازمت کا زیادہ وقت صوبۂ بلوچستان کے شہروں میں گزرا، کوہاٹ، دارا سمند، پاراچنار، کوئٹہ، فورٹ مینڈیمن، ہندو باغ، موسیٰ خیل، سبھی میں فوجی خدمت انجام دی۔ ایران میں فارسی پڑھی اور بلوچستان میں پشتو، ۱۹۲۰ء میں امت الرقیب سے شادی ہوئی جو آگرہ میڈیکل کالج آگرہ میں زیر تعلیم تھی۔

ناشط کے قریبی دوستوں میں ڈاکٹر سعید احمد سعید اور من موہن لال ماتھر شمیم تھے، آگرہ میں اس کی ملاقات عاشق حسین سیماب اکبر آبادی سے تھی۔

ناشط دردملت رکھتا تھا، شعر وادب سے بھی دلچسپی تھی، اس نے مرزا رستم یار بیگ قیصر سے اصلاح وصول کی، بہت زود گو تھا جو اس کے مجموعی اکتساب سے نمایاں ہے، فکر کرنے اور اشعار کی نوک پلک درست کرنے کے لیے وقت نہیں تھا، زیادہ وقت بلوچستان میں گزارا، قیصر سے استفادہ نہیں کرسکے۔ ذہنی طور پر نظم نگار تھا، غزل سے مزاج کو ربط نہیں تھا، اس مسودے میں جو اس کے فرزند ڈاکٹر حسن اشفاق نے مرتب کر کے بریلی بھیجا اور جس سے میں نے استفادہ کیا، غزلیات کی تعداد بہت کم ہے اور ان میں کوئی جذب واثر بھی نہیں، اس کا ذہن غزل میں بھی اخلاقیات کے مروجہ مضامین نظم کرنے لگتا ہے مثلاً:

نام ونمود میں ہے نہ اموال وزر میں ہے — انساں کی قدر ہے تو کمال ہنر میں ہے

البتہ اس کی اصلاحی نظموں میں واقعیت اور دردمندی ملتی ہے جیسے اس کی نظم ''مسلمانوں کی حالت اور رسم جہیز'' کا یہ بند:

رسم جہیز کیا تھی اور کیا سے کیا ہوئی — سوچو تو کس اصول پر اس کی بنا ہوئی
وہ چیز جو رسول کے گھر میں ادا ہوئی — کیوں کر ہمارے واسطے قہر خدا ہوئی

ہم اسوۂ حضور سے جس وقت کٹ گئے
پڑھنے کی کوششیں بھی اگر کیں تو کھٹ گئے[۱۰۷]

کبھی کبھی یہ دردملت جھنجھلاہٹ میں بدل کر طنز کا رویہ اختیار کرتا ہے، جیسے اس کی نظم ''دقیانوسی ملانے کی پکار''

اگرچہ عالم فاضل ہوں — مگر میں پھر بھی جاہل ہوں

فقہ وتصوف کے سب نکتے مجھ میں ہیں مستور — علم صرف ونحو سے میری رگ رگ ہے معمور
مگر میں پھر بھی جاہل ہوں

میرے تبحر کے آگے ہر سنگ گراں ہے پھونس — علم دینی جتنا بھی تھا، سب کو گیا ہوں ٹھونس
مگر میں پھر بھی جاہل ہوں

عالمگیری، کنز، قدوری اور درمختار — یہ سب میں نے پڑھ ڈالی ہیں، مجھ کو ہے اقرار
مگر میں پھر بھی جاہل ہوں

ہر عربی مکتب کی میں نے خوب ہوا ہے کھائی — درس نظامیہ کی دعوت چٹخاروں میں اڑائی

مگر میں پھر بھی جاہل ہوں
اگرچہ عالم فاضل ہوں

اس کے علاوہ بیشتر منظومات رخصتی اور تہنیت وغیرہ پر مشتمل ہیں جن کی حیثیت تاریخی زیادہ اور ادبی کم ہے۔

منظومات کے سلسلے میں ہی ایک آب دار موتی مثنوی کے طرز پر ایک نظم ''نامۂ نیاز'' ہے جو اس نے ایسے دردِ مہجوری میں تحریر کی جب کہ شادی کے چار ماہ بعد اس کو اپنی شریک حیات سے ملازمت کے سلسلے میں دور رہنا پڑا تھا۔ چند اشعار مندرجۂ ذیل ہیں :

میری پیاری مری امین ہو تم　　میری ہمدم مری جلیس ہو تم
کلفتیں دور کرنے والی ہو　　دل کو مسرور کرنے والی ہو
دلبری تم پہ ناز کرتی ہے　　دلکشی تم پہ ناز کرتی ہے
حسن صورت ہی لاجواب نہیں　　باطنی حسن کا جواب نہیں
ایسا محبوب دل اگر پائے　　کیوں نہ ان خوبیوں پہ مرجائے

دراصل یہ ایک منظوم خط ہے، خوش نصیب ہے وہ عورت جس پر اس کا شوہر اتنی زیادہ محبت نچھاور کرے۔

ناشط کی وفات ۱۲/اکتوبر ۱۹۴۰ء کو ''دماغی پھوڑا'' کے عارضے میں ہوئی اور شہامت گنج بریلی کے قبرستان میں مدفون ہوا۔

اس کی تحریر کردہ اردو فارسی کی مختصر لغت جو روزمرہ اور محاورات سے متعلق ہے اور جو اس نے طارم ایران میں لکھی تھی (تاریخ اتمام ۱۸/مئی ۱۹۱۸ء) شائع ہو جاتی تو ایک عمدہ کام ہو جاتا۔

وامق، محمد فدا علی:

اس کا مورث اعلیٰ سید وقار علی بریلی وارد ہوا تھا جس کا سلسلۂ نسب اکیس واسطوں سے حضرت غلام قادر جیلانیؒ سے ملتا ہے۔ وامق کی سکونت گھیر فتح علی خاں محلّہ شہامت گنج بریلی میں تھی۔ سید محمد حسین المعروف بہ اشرفی میاں کچھوچھویؒ کا مرید و خلیفہ تھا، محکمہ چنگی بریلی میں ملازم تھا، فقر پسندی

اور شغلِ باطنی میں عمر گزاری۔ تلمیذ حسن رضا خاں حسن، حسن کی وفات (م ۱۹۰۸ء) کے بعد قیس مہونوی کا شاگرد ہوا۔ وامق کے فرزند سید ظل علی نشاط کے پاس اس کا تمام غیر مطبوعہ کلام محفوظ تھا جو اس نے بہ کمال عنایت مجھے دکھایا اور ضروری حالات پر مطلع کیا، دو بیاضیں غزلیات پر مشتمل تھیں اور ایک دیوان نعت ومنقبت مسمیٰ ''توصیف سرکار عبرت'' (۱۳۳۹ھ/ ۱۹۲۱ء) خوش خط لکھا ہوا تھا۔ وامق کے کلام شعر میں لطف مضمون کے ساتھ زبان کا ذائقہ بھی ہے۔ اس کے علاوہ اس نے پیرایۂ تغزل میں اپنے واردات قلب کو نظم کیا جس میں ایک مستغرق صوفی کے آئینۂ قلب پر پڑنے والی جمالیاتی تصویریں ہیں۔ یہی خوبی اس کی نعت اور منقبت میں ہے۔ مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

جلوہ کسی کے حسن کا ہردم نظر میں ہو — اور میٹھا میٹھا درد محبت جگر میں ہو
جوش جنوں ہو دشت ہو جامہ دری ہو اور — سودا کسی کی زلف معنبر کا سر میں ہو
اسرار عشق حق کے اسی پر ہوں منکشف — جو محو یاد حضرت خیرالبشر میں ہو
ممکن نہیں کہ آرزو باقی رہے کوئی — پردیس میں ہو مانگنے والا کہ گھر میں ہو
وامق تو دل کو تھام کے رہ جائے ہند میں — اللہ اور جہان عرب کے سفر میں ہو

مئے وحدت جو چھلکنے لگی پیمانہ سے — اناساقی ہوا جاری لب مستانہ سے
ہائے شیشے سے صدا آتی ہے اب قل قل کی — جانے کیا راز کی باتیں ہوئیں پیمانہ سے
کرلیا سجدہ جہاں جلوۂ جاناں دیکھا — اور کیا پوچھتے ہو عشق کے دیوانہ سے

کہیں ساقی کہیں مے خانہ ہوں میں — کہیں بادہ کہیں پیمانہ ہوں میں
کہیں ہوں میں نگاہ مست ساقی — کہیں اک لغزش مستانہ ہوں میں
کہیں پر ہوں میں تدبیر ارسطو — کہیں اک بازیِ طفلانہ ہوں میں
چراغ دیر ہوں یا شمع کعبہ — عجب اک جلوۂ مستانہ ہوں میں
کہیں پر عاشقوں کی ایک تصویر — کہیں پر صورت جانانہ ہوں میں
بہ شکلِ ناتواں، عاجز کسی کا — کہیں پر ہمت مردانہ ہوں میں
کہیں وامق بہ درد عشق، بسمل — کہیں انداز معشوقانہ ہوں میں

نگاہ ناز تری جس سے ساز باز کرے — وہ دین و کفر میں کیا خاک امتیاز کرے

بڑا مزہ! ترے صدقے میں درد دل پایا — وہ چارہ ساز تری عمر کو دراز کرے
اسی امید میں اک مشت خاک راہ میں ہے — کوئی ادھر بھی الٰہی خرام ناز کرے
بگاڑا عشق نے ایسا کہ پھر بنا نہ سکے — اب آگے آپ کا جو حسن دلنواز کرے
زمانہ کچھ کہے الفت پرست ہوں وامق — جو چاہے فیصلہ میرا وہ کارساز کرے

مندجہ بالا غزلیات اس عہد کے طرز شاعری سے مختلف ہیں۔ جس کی بنیاد پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ وامق کی غزل کا طرز جدا، انفرادی اور جذب وکشش سے لبریز تھا۔

وامق کی وفات ۱۹۴۶ء میں ہوئی۔ اپنے مکان واقع گھیر فتح خاں محلّہ شہامت گنج بریلی میں مدفون ہوا، قبر پر گنبد بنا ہوا ہے۔ سالانہ عرس بھی منعقد ہوتا ہے۔

وفاؔ، احمد یار خاں:

ساکن محلّہ کانکڑ ٹولہ، شہر کہنہ بریلی۔ تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر، بعد کو قمرالحسن قمر بدایونی کا شاگرد ہوا۔ حلقۂ قیصری میں نمایاں جگہ رکھتا تھا۔ ازوست :

درد اٹھ اٹھ کے بہت دل کو کرے گا بے چین — تم جو پہلو سے اٹھو گے تو قیامت ہوگی

۱۴؍محرم ۱۳۸۶ھ مطابق ۵؍مئی ۱۹۶۶ء کو فوت ہوا۔

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

واصفؔ، ابوالحسن:

ساکن کالا امام باڑہ محلّہ چھپی ٹولہ بریلی، گورنمنٹ انٹر کالج بریلی میں ہیڈ مولوی، تقسیم ہند کے بعد پاکستان گیا۔ ازوست :

کمال عشق نے لیلیٰ کو مجنوں کا کیا طالب — تمہارا دل ہمارا ہے، ہمارا دل تمہارا ہے

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

ولیؔ، شاہ ولی خاں:

مرزا رستم یار بیگ قیصر کا ایک شاگرد۔ ازوست :

درد جو پہلو میں میرے آج رہ رہ کر اٹھا　　لے گئے وہ غیر کے گھر اے دلِ مضطر مجھے

حوالہ: گلدستۂ بہارِ بے خزاں بریلی بابت جون ۱۹۰۳ء

وحشی، حامد علی خاں:

ابن فدا علی خاں فدا ابن ہادی حسن خاں ہادی ابن محمد حسین خاں ابن ہادی یار خاں ابن ذوالفقار خاں ابن نواب حافظ رحمت خاں، پیدائش ۱۹۰۳ء، مولوی قاسم علی خواہاں سے فارسی اور اردو پڑھی، ۱۹۲۰ء میں انٹرنس کا اور ۱۹۲۲ء میں بریلی کالج بریلی سے ایف اے کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۲۳ء میں محکمہ انہار میں ملازم ہوا اور ترقی کرکے سپرنٹنڈنٹ بن گیا، یکم اگست ۱۹۶۱ء کو ریٹائر ہوا، موضع گڈھی صمد آباد ضلع پرتاب گڑھ میں نرسری کھولی۔ بزمانہ قیام لکھنؤ جعفر علی خاں اثر کا شاگرد ہوا۔ مشاعروں میں شریک ہوتا تھا، اس کو بریلی میں شعرا نہیں جانتے تھے، لکھنؤ میں معروف تھا۔ اس کا آبائی مکان محلّہ انگلس گنج بریلی میں ہے جہاں میں نے اس سے ملاقات کرکے حالات اور کلام حاصل کیا تھا، اس کا کلام شائع نہیں ہوا۔ اس کی غزلیات کا اسلوب پختہ اور اس کے مضامین سستی جذبات نگاری سے عاری ہیں، اس کی وفات ۱۹۷۷ء کو لکھنؤ میں ہوئی اور وہیں مدفون ہوا۔ مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

مانوس ہوگئے جو ترے آستاں سے ہم　　آزاد ہوگئے غمِ کون و مکاں سے ہم

ہر چند تھے غبارِ پسِ کارواں مگر　　لپٹے رہے ہیں پھر بھی ترے کارواں سے ہم

الفت میں ان کی خوگرِ دشنام بھی ہوئے　　سنتے نہ تھے جو بات کسی کی زباں سے ہم

پھر آ گیا ہے وعدے کا ان کے ہمیں یقیں　　پھر آ گئے فریب میں حسنِ بیاں سے ہم

اپنی شکستہ پائی بھی کیا کام آ گئی　　بیٹھے تو پھر اٹھے نہ ترے آستاں سے ہم

روزِ ازل کو دیکھئے اور ہم کو دیکھئے　　آئے ہیں لے کے ان کی تمنا کہاں سے ہم

سجدے کو بے قرار ہے وحشی جبینِ شوق　　شاید قریب آ گئے اس آستاں سے ہم

وہ اگر ہم پہ مہرباں ہوتے　　ہم زمانے پہ کیوں گراں ہوتے

زندگی ایک خواب تھی ورنہ　　اپنی ہستی کے کچھ نشاں ہوتے

ان کے دم سے ہے رونقِ محفل　　وہ نہ ہوتے تو ہم کہاں ہوتے

ہیں کرشمے یہ عشق کے ورنہ ہجر میں یہ مزے کہاں ہوتے
وہ نہ کرتے اگر جفا وحشی اور کچھ جور آسماں ہوتے

یادؔ، رشید الدین:

اس کی غزلیات ماہنامہ الشمس بریلی میں شائع ہوتی تھیں، اس کے حالات اور تلمذ کا علم نہ ہوسکا، اشعار سے مشق ومزاولت کا اندازہ ہوتا ہے۔ چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں :

چھوڑ دیں اب تو خدا پر مرے احباب مجھے اب تو بے تابیِ دل کی بھی نہیں تاب مجھے
خارج از عقل سمجھتا رہا احباب کو میں سڑی دیوانہ سمجھتے رہے احباب مجھے
پھرتے ہی اس کی نظر پھر گیا سارا عالم آنکھیں دکھلاتا ہے کیا دیدۂ پرآب مجھے

حوالہ: ماہنامہ الشمس بریلی، بابت جنوری ۱۹۲۶ء

یعقوبؔ، یعقوب علی خاں:

یکے از تلامذہ مولوی قاسم علی خواہاں۔ ازوست :

مرقد پہ مرے آئے، ٹھکرا کے وہ یوں بولے اٹھ صبح قیامت ہے بیدار نہیں ہوتا
میں صدقے! کس ادا سے پوچھتے ہیں کروں کہنا تمہارا میں کہاں تک
مقدر کا اثر یعقوب دیکھو کہ دشمن ہوگئے ہیں مہرباں تک

حوالہ: گلدستۂ نہال سخن بریلی

شعرائے عہد جدید

آزاد، پرتاپ چندر:

تلمیذ بلدیو پرشاد سوزن (م ۱۹۶۶ء) ایم اے اردو، اعلیٰ قابلیت اردو، منشی فارسی الہ آباد، جنگ آزادیٔ ہند کا سپاہی، ساڑھے تین سال جیل میں گزارے، سابق ایم ایل سی یو پی۔ نہایت مہذب اور بااخلاق، سنجیدہ اور کم سخن، ایک پریس کا مالک، ساکن رامپور باغ سول لائنز بریلی۔ مجھ سے ملاقات ہے، صحافت اور شاعری سے کافی دلچسپی رکھتا ہے، دیگر علوم وفنون پر انگریزی اور ہندی میں کتب تحریر کیں، ہندوستان کی تاریخ اور تہذیب پر گہری نظر رکھتا ہے، ماہنامہ اور ہفتہ وار ''آزادی'' کا اجرا کیا، بریلی کی تاریخ اور بریلی کی تحریک آزادی اور اس کے رہنماؤں پر ہندی میں کتب تحریر کیں۔ ساہتیہ اکیڈمی کی طرف سے ہر سال بریلی میں مشاعرہ کراتا ہے، مسدس تجلی کے علاوہ اس کا مجموعۂ کلام انقلاب وطن شائع ہو چکا ہے۔ (اشاعت ثانی ۱۹۸۵ء) اس مجموعے میں زیادہ تر نظمیں ہیں جن میں حب الوطنی کے جذبات موجزن ہیں، اس کی بہترین نظم ''سوامی دیانند سرسوتی'' ہے، اس نے نظم نگاری کے ذریعہ بریلی میں نظم نگاری کے تسلسل کو قائم رکھا ہے، اس کا مزاج غزل گوئی سے مانوس نہیں ہے، مسدس سوامی دیانند سرسوتی کا پہلا بند ہی متاثر کرتا ہے:

یاد ایامے کہ ہم بھی صاحب اجلال تھے — آشنائے احتشام و دولت واقبال تھے
معرفت سے اور حقیقت سے جو مالا مال تھے — ہر شریعت اور طریقت سے شگفتہ حال تھے
گردش گردوں نے لیکن یک بہ یک پلٹا دیا
جو نہ دیکھا تھا کبھی، وہ آنکھ سے دکھلا دیا

اشعار غزل:

روز میں پیتا ہوں ساقی، روز ہی آتا ہوں میں — آج تیرے میکدے سے بے پیے جاتا ہوں میں
ہائے اکتا کر یہ کہہ دینا کسی کا بار بار — سنتے سنتے آپ کا قصہ تھکا جاتا ہوں میں

یہ مری وارفتگی کیا رنگ لائے دیکھنا　　کس لیے آزاد دیوانہ بناجاتا ہوں میں

[وفات: ۷۱/۱ اکتوبر ۲۰۰۸ء]

حوالہ: انقلاب وطن، مقدمہ ص ۳۹ اور ص ۱۰۶

ابلیسؔ، محمد علی خاں:

حضور احمد خاں آثم کا رشتہ دار تھا، ذی علم، باوضع اور مشرقی تہذیب کا دلدادہ، تحریک دیوبند کا پرجوش حامی، لہٰذا قوم پرست اور تحریک بریلوی کا سخت مخالفت۔ ہزل گو، اس کا نشانہ انگریز پرست اور علمائے بریلی تھے۔ اس کی دو مختصر مثنویاں خواب عبرت اور ٹامی نامہ مشہور ہوئیں جو علمائے بریلی کی تضحیک پر مشتمل ہیں۔ اس نے ٹامی نامہ میں تین سو کتوں کی قسمیں بیان کیں جس سے اس کی وسعت معلومات کا اندازہ ہوتا ہے، ٹامی نامہ کا محرک بریلی کے ایک شاعر کا یہ مصرعہ تھا:

ع　تو مجھ سے ڈر، میں کتا ہوں رضا کا[۱۰۸]

ابلیس نے کتوں کی قسمیں بیان کر کے شاعر مذکور سے پوچھا کہ اس کا تعلق کتوں کی کس قسم سے ہے۔

ابلیس کی مندرجہ ذیل ہزل بریلی میں ضرب المثل بن چکی ہے[۱۰۹]، اس ہزل کا محرک ایک قوم پرست رہنما کا وہ معافی نامہ تھا جو انھوں نے انگریزوں کو پیش کر کے بجنور جیل سے رہائی حاصل کی۔

او[۱۱۰] بے حیا، آخ تھو تری اوقات پر　　او کمینے بے حیا، آخ تھو تری اوقات پر
تجھ میں گر ہمت نہ تھی جرأت نہ تھی غیرت نہ تھی　　تھا کس لیے لیڈر بنا، آخ تھو تری اوقات پر
لاکھوں زٹلی مر گئے، سب شیخ چلی مر گئے　　تو بے حیا زندہ رہا، آخ تھو تری اوقات پر
وہ لن ترانی کیا ہوئی، اور وہ پٹھانی کیا ہوئی　　پھٹّے سے منہ لعنت خدا، آخ تھو تری اوقات پر
سب باپ دادا کی تری عزت گئی حرمت گئی　　تو ناخلف زندہ رہا؟ آخ تھو تری اوقات پر
سب ساکنان بحر و بر جن و بشر شمس و قمر　　کرتے رہیں ہر دم صدا، آخ تھو تری اوقات پر
محشر میں جب تو جائے گا، مجھ سے خدا فرمائے گا　　ہاں وہ غزل پڑھنا ذرا، آخ تھو تری اوقات پر

اس کی بیاضیں اس کی دختر کے پاس بمبئی میں تھیں، جب اس کی دختر کراچی گئی، بیاضیں ساتھ لے گئی اور اب وہ ناقابل پہنچ ہیں۔ ابلیس ۱۹۴۸ء میں فوت ہوا۔

حوالہ: چند شعرائے بریلی ص ۱۷۰

اخترؔ، سید آل محمد:

میرا حقیقی چچا، تعلیم واجبی، موسیقی سے واقف، تجارت پیشہ، دیندار، تلمیذ مرزا یعقوب بیگ حیرت۔ میرا دادا سید احمد حسن شاہ اختر تلمیذ حسن بریلوی اپنی غزلیات اس سے مشاعروں میں پڑھواتا تھا، اس طرح چھوٹی عمر سے ہی اس کو شاعری کا چسکا لگا، دادا صاحب ثروت تھے، موسیقی، شاعری، میلاد خوانی میں اوقات گزارے، برائے نام کسب حلال بھی کی، دادا کی زندگی میں ہی اختر تخلص اختیار کیا اور مشاعروں میں شرکت کی۔ طبیعت رسا تھی، اشعار روانی سے صفحہ قرطاس پر اتر آتے، غزل نعت، منقبت میں کافی لکھا اور سنایا، میں نے جب ہوش سنبھالا تو اس کی شاعری کا زور کم ہو گیا تھا، مشاعروں میں شرکت بھی مفقود ہو گئی تھی، دادا کے ۱۹۴۲ء میں انتقال کے بعد فکر رزق اور عیال کے بارنے دبوچ لیا، اسی حالت میں ۱۹۵۰ء میں کراچی گیا، وہاں سخن سنجی کے لیے کوئی پلیٹ فارم نہیں ملا، جو لکھا محفوظ کر لیا، میری نظر سے وہ کلام نہیں گزرا ہے۔ ۱۹۸۴ء کو کراچی میں فوت ہوا، اس کی مندرجہ ذیل غزل بہت مشہور ہوئی، اس نے یہ غزل مشاعرہ امام باڑہ محلّہ بہاری پور معماران میں پڑھی تھی جو بعد کو آفتاب ادب بریلی میں شائع ہوئی۔

پہلو میں ہر طرح سے برابر لیے ہوئے — خنجر حضور ہاتھ میں ہم سر لیے ہوئے
نکلے ہیں کیسی شان سے وہ میکدے سے آج — شیشہ بغل میں ہاتھ میں خنجر لیے ہوئے
ہو جاؤ جب جوان، جوانوں کو مارنا — کیوں کمسنی میں پھرتے ہو خنجر لیے ہوئے
دنیا میں اب تو دل کا بھی پرساں نہیں کوئی — پھرتا ہوں دربدر اسے گھر گھر لیے ہوئے
بے تاب اس قدر نہ ہو مقتل میں جان زار — وہ آرہے ہیں، دیکھ لے، خنجر لیے ہوئے
ظالم یہی تو میرے کلیجے کی ٹیک ہے — جاتا کہاں ہے دل کو ستمگر لیے ہوئے
فرہاد و قیس دونوں ہیں شاگرد آپ کے — بازیِ عشق آپ ہیں اختر لیے ہوئے

حوالہ: گلستۂ آفتاب ادب بریلی بابت ۱۹۳۱ء

اوجؔ، اوم پرکاش:

ایشری پرشاد شیدا کا فرزند، محلّہ گلاب نگر بریلی میں رہتا تھا، مجھ سے ملاقات تھی، بریلی کالج

بریلی میں ادبیات انگریزی کا لکچرر تھا، ۱۹۶۶ء میں پی ایچ ڈی کر کے جودھپور یونیورسٹی سے وابستہ ہوا۔ اردو شاعری تحقیق اور تنقید کا شوق تھا، تبارک علی عبرت صدیقی سے تلمذ تھا، مشاعروں میں شریک نہیں ہوتا تھا، رسالوں اور گلدستوں میں بھی کلام نہیں چھپواتا تھا، اس کے متعلق جزوی معلومات حنیف کیفی نے اپنی کتاب ''اردو شاعری میں سانٹ'' میں فراہم کی ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کو آزاد نظم اور سانٹ نگاری سے دلچسپی تھی، کیفی نے اس کے سانٹ، طبع زاد اور ترجمہ، مذکورہ کتاب میں نقل کیے ہیں۔ اس کے سانٹ کے چار مصرعے جو شیکسپیئر کے سانٹ کا ترجمہ ہے، مندرجہ ذیل ہیں :

چہل سالی جو ہوگی اس جبین نور پر غالب — تو پڑ جائیں گی رنگیں جھریاں میدان جلوہ میں
تمہاری نوجوانی بھی بدل ڈالے گی یہ قالب — نمود بے کسی ہوگی انہیں گل ہائے تازہ میں

اگر اس نے اشاعت کلام پر توجہ دی ہوتی تو اتنا گمنام نہیں رہتا، ایک نظم نگار کی حیثیت سے اس کا تعارف بھی ہو جاتا۔

وہ جب سے جودھپور گیا، بریلی سے منقطع ہو گیا، میں اس کے جدید حالات اور اکتساب ادب سے ناواقف ہوں۔

حوالہ: اردو شاعری میں سانٹ، ص ۱۷۲

امیدؔ، عتیق اللہ خاں:

فرزند حمید اللہ خاں حمید داماد مولوی احمد رضا خاںؒ، ساکن چک محمود شہر کہنہ بریلی۔ تلمیذ شفیع الدین خواجہ (م ۱۹۴۶ء) مرزا احمد یار بیگ احمد عرف حکیم مسیت کے یہاں حاضر باش تھا، مزاج کھرا پایا تھا، رفتہ رفتہ تمام اساتذۂ بریلی سے تعلقات منقطع ہو گئے، مجھ سے تعلق قلبی تھا، ماہنامہ نوری کرن بریلی کی ادارت کی۔ مندرجہ ذیل کتب تحریریں جو غیر مطبوعہ ہیں :

(۱) سوز و اضطراب: ۱۹۴۰ء اور ۱۹۴۱ء میں کہی ہوئی نظموں کا مجموعہ۔

(۲) تسنیم و کوثر: ۱۹۵۱ء سے ۱۹۵۳ء تک کہی ہوئی نظموں کا مجموعہ۔

(۳) رنگ و آہنگ: ۱۹۵۳ء اور اس کے بعد کی نظموں کا مجموعہ۔

(۴) نغمہ وساز: ۱۹۵۳ء سے ۱۹۵۵ء تک کی غزلیات کا مجموعہ۔

(۵) رباب وشباب: نظموں کا مجموعہ۔

(۶) بربط وطاؤس: نظموں کا مجموعہ۔

(۷) موج وگرداب: نظموں کا مجموعہ۔

(۸) جل ترنگ: مجموعۂ قطعات۔

(۹) فکر ونظر: مجموعۂ قطعات۔

ان کے علاوہ پانچ ناول: ایثار، اور ستارے ڈوب گئے، چراغ جل اٹھے، بازاری پھول، پیاس مجھے یہ فہرست کتب مولوی تحسین رضا خاں تحسین نے فراہم کیں اور ان کے بقول یہ کتب محفوظ بھی ہیں۔ میرا خیال ہے کہ اس نے مذکورہ بالا کتب شائع کرانے کی سعی اس وجہ سے نہیں کی کہ اس کا کا تعلق خانوادہ علمائے بریلی سے تھا اور اس خاندان میں اس طرح کی کتابیں تالیف کرنے اور شائع کرانے کی روایت نہیں ہے۔

امید کو بریلی میں شہرت ایک نظم نگار کی حیثیت سے ملی حالانکہ اس کی غزلیات میں بھی عصری و شخصی حسیت کی وجہ سے قدرے ندرت کا احساس ضرور ہوتا ہے:

شادابِ فضا سے الگ یاسمن سے دور ایسی بھی اک بہار ہے صحن چمن سے دور
گزری جو رہنماؤں کے ہاتھوں نہ پوچھئے سمجھا تھا ہم نے ہو گئے اب راہزن سے دور
کچھ اور انجمنیں بھی ہیں زلف حیات میں اے دوست تیری زلف شکن در شکن سے دور
آؤ بسائیں مل کے ہم اک کائنات نو عہد کہن سے دور، رسوم کہن سے دور
بے چارگیٔ وقت سے امید بدنصیب اس کی نظر سے دور ہے، اس انجمن سے دور

مجھے امید کی گمنامی پر افسوس ہوتا ہے، اس کی وفات ۳؍شوال ۱۳۸۶ھ بروز یک شنبہ مطابق ۱۴؍جنوری ۱۹۶۷ء کو ہوئی۔

اختر، تجمل حسین:

۱۹۲۰ء میں پیدا ہوا، محلّہ گلاب نگر کوچہ بشیر میاں میں رہتا تھا۔ بریلی کالج بریلی سے بی اے کیا،

محکمۂ چنگی بریلی میں انسپکٹر کے عہدے پر فائز ہوا، بعد کو سنٹرل سکریٹریٹ دہلی میں ملازم ہوا اور تقسیم وطن کے بعد دہلی سے راولپنڈی پہنچا جہاں پنشن یاب ہونے کے بعد آج بھی مقیم ہے۔ جوش کے عہد میں شاعری کا آغاز کیا، رومانی نظمیں لکھیں، حسن فطرت اور حسن زنان دیہ کو موضوع سخن بنایا۔ اسلاف پرستی بھی کی اور طنز کے تیر بھی چلائے، زبان پر دسترس حاصل تھی، ہر موضوع پر کامیاب نظمیں تحریر کیں، واضح طور پر جوش سے متاثر تھا، اصلاح شعر کے لیے سید علی حسن شاہ احسن مارہروی (م ۱۹۴۰ء) سے رجوع کیا۔ قیام ہندوستان کے زمانے میں اس نے چار کتابیں تحریر کیں، (۱) ستارے، مجموعۂ قطعات (۲) آگ پانی، رومانی نظموں کا مجموعہ (۳) پس پردہ، رومانی اصلاحی اور طنزیہ نظموں کا مجموعہ (۴) سرور جہان آبادی، تنقیدی مطالعہ، ان کتب میں صرف پس پردہ شائع ہوئی اور وہی میرے پیش نظر ہے۔

مندرجہ ذیل نظم کا عنوان ''رام گنگا'' ہے۔ اس نظم میں سے صرف وہ اشعار نقل کیے جاتے ہیں جن میں جمالیات حسن کی دمک اور سوز ہے[۱۱۱]۔

خورشید نہ چمکا تھا مگر ماند تھے تارے — اک ماہ رو وارد ہوئی گنگا کے کنارے
کاکل میں لیے شام اودھ کی سی سیاہی — عارض میں لیے صبح بنارس کے نظارے
بالوں سے وہ پانی کے ڈھلکتے ہوئے موتی — جیسے کہ سمندر میں گریں ٹوٹ کے تارے
معصوم جوانی میں بھری، حسن سے معمور — نظروں کو جھکائے ہوئے سینہ کو ابھارے
پرنور جبیں وہ کہ نہ ہو چاند منور — دامن نہ اگر شام کو ہر روز پسارے
ماتھے پہ وہ بندی تھی کہ تھا قطب ستارا — عارض تھے کہ دو مصحف ناطق کے سپارے
آنکھوں میں جو رس تھا تو نگاہوں میں لگاوٹ — بالوں میں وہ خم، جان ہر اک دیکھ کے وارے
زیور تھا نہ کچھ اور فقط پہنے تھی بندے — کانوں میں کرن پھول نہ جھمکے نہ سہارے
انداز کو دعویٰ کہ زمیں سر پہ اٹھاؤں — نخرے کا یہ دم توڑ لوں میں عرش کے تارے

مندرجہ ذیل اشعار اس کی نظم حافظ رحمت خاں سے اخذ کیے گئے ہیں یہ نظم ولولہ انگیز ہے۔

السلام اے ہند کے خوددار نوّاب شہید — اے بریلی کے صلاح الدین و ہارون الرشید
مقبرے میں فاتحہ پڑھنے تو آتے ہیں ہزار — چادریں تربت پہ چڑھ جاتی ہیں پڑ جاتے ہیں ہار

یہ بھی ہوتا ہے کہ بٹ جاتے ہیں شیرینی کے تھال
مقبرے میں منعقد ہوتی ہے بزم حال وقال

شخصیت تیری نہیں رکھتا کوئی پیش نظر
تیری عظمت سے نہیں یہ فاتحہ خواں باخبر

خون کے دریا میں پیرے جو، شناور ہے وہی
گولیاں سینے پہ جو کھائے دلاور ہے وہی

تخت یا تختہ یہ دو چیزیں ہیں شاہوں کے لیے
موت گویا زندگی ہے کج کلاہوں کے لیے

سر تو دیتے ہیں ولیکن بات کو کھوتے نہیں
لیکن ایسے مرد ہندوستاں میں اب ہوتے نہیں

اب یہ ہندوستاں غلاموں کا عجائب خانہ ہے
حریت کا جوش اک بھولا ہوا افسانہ ہے

ناخدا طوفان دیدہ ہو تو بیڑا پار ہے
ایک حافظ پھر غلام آباد کو درکار ہے

اس کے طنز کا اظہار اس کی مشہور نظم بادۂ تلخ میں ہوا۔ اس نظم میں اس نے ۱۹۴۰ء کے بعد کے مشاعروں اور شاعروں کا حال پیش کیا ہے۔ اس وقت بریلی میں ہر گلی کوچے میں اساتذہ اور شعرا تھے۔ کثرت شعرا اور کثرت مشاعروں کی وجہ سے شغل شاعری میں سفلہ پن آ گیا تھا، زکی احمد ناز نے مشاعروں کو آلہ تفریح بنایا اور مشاعروں میں لاٹھی چلنا، جوتے بازی ہونا، ٹھٹول اور مسخرہ پن عام ہو گیا۔ خاندانی شعرا خانۂ خویش میں بند ہو گئے اور نچلے طبقے کے شعرا مور و مگس کی طرح پھیل گئے۔ مقام عبرت ہے کہ تقسیم ہند کے بعد ایسا سناٹا چھایا کہ بریلی میں لوگ کئی برس تک مشاعروں کو ترس گئے۔ اس نظم میں شعرا کی نفسیات کا مطالعہ زیادہ اہم ہے۔ جو میرے خیال میں اردو شاعری کی روایت میں شامل ہو چکا ہے:

اس علم خیز شہر میں شاعر ہیں بے شمار
مغرور یاوہ گو سخن آزار ہرزہ کار

فن سے غرض نہ علم سے زنہار بہرہ ور
کم عقل بددماغ غلط فہم و بے ہنر

تک بند قافیے کے دھنی اور ردیف کے
بدنام کرنے والے ہیں فن شریف کے

عمریں گزر گئی ہیں سخن کے مذاق میں
لیکن پڑے ہوئے ہیں ابھی تک مراق میں

استاد بن گیا ہے ہر اک حرف آشنا
خودبیں و خودپرست و خود آرا خود ستا

شاگرد پھانسنے کا ہوا ہے ہر اک کو شوق
غالب کوئی ہے میر کوئی ہے کوئی ہے ذوق

جدت سے ہیں نفور تو تقلید کے ہیں مرد
بازار شاعری کا ہوا ان کے دم سے سرد

سرقہ میں بے عدیل توارد کے بادشاہ
مقصد ہے صرف ان کا زمانے کی واہ واہ

پڑھتے ہیں اس سکون سے چوری کی یہ غزل
جیسے کہ فی البدیہہ سنائی ہو برمحل
علامہ بن گیا ہے کوئی جاہل زماں
ہوتا ہے جس کو دیکھ کے شیطان کا گماں
کرتا ہے سارے ہند میں اک بے خرد کا نام
مفلس سخنوروں سے خریدا ہوا کلام
استاد ہے ہر ایک ہر اک ہے مہا کوی
جی چاہتا ہے خود کو نہ لکھّوں بریلوی
اس پست ذہنیت کے ہوں شاعر جہاں ہزار
کس طرح ہوں مشاعرے اس جا ستودہ کار
شور و شغف وہ بزم میں ہوتی ہے الاماں
طے سامعین جیسے کہ کرتے ہوں ہفت خواں
داد اس ادا سے دیتے ہیں محفل کے ژاژ خاے
جیسے کہ کرب میں کوئی کرتا ہو ہائے ہائے
گاہے بہ گاہے پیٹتے ۱۲؎ رہتے ہیں گالیاں
دیتے ہیں شاعروں کو ہزاروں ہی گالیاں
آوازے خوب کستے ہیں مسند نشین پر
چلاتے اور چیختے رہتے ہیں رات بھر
دیتے ہیں داد نغمۂ آہنگ گداز پر
طرز ادا پہ عشوۂ انداز و ناز پر
یہ سب نہ کیوں ہو جب کہ ہوں شاعر ہی لونڈھیار ۱۳؎
ان پڑھ ستم ظریف سخن چور نابکار
کیسے مذاق لعن و ملامت سے یہ بچیں
لکھوا کے لائیں اور نہ غزل ٹھیک پڑھ سکیں
ہیں آجکل رذیلوں کا مرکز مشاعرے
ان کی برائی کوئی کہاں تک بھلا کرے
جاتے نہیں شریف کبھی لاریب بھول کر
ہوتا ہے صرف مبتدیوں کا یہاں گزر
چلتی ہیں لاٹھیاں بھی یہاں بات بات پر
حملے یہاں بھی ہوتے ہیں ذات و صفات پر
القصہ ہے رذیلوں کا میلہ مشاعرے
اس شہر میں ہے ایک جھمیلہ مشاعرے

بادہ تلخ میں بریلی کے مقامی موضوعات جیسے بازار، سڑکوں، چنگی کا الیکشن اور بھیلی وغیرہ پر بھی تلخ نظمیں ملتی ہیں لیکن وہ سب ہی وقتی مقامی اور موضوعاتی نوعیت کی ہیں۔ قابل داد ان کی رواں اور طنزیہ زبان ہے۔ اختر کے بعد طنزیہ نظموں کا بریلی میں سراغ نہیں ملتا۔

حوالہ: چند شعرائے بریلی ص ۱۷۵

انوؔر، مرزا انور بیگ چغتائی:

تلمیذ تبارک علی عبرت صدیقی (م ۱۹۹۰ء) ساکن محلّہ مولانگر بریلی۔ ملازم ریلوے، اب پنشنر،

تعلیم ہائی اسکول تک، مطالعہ وسیع، میرا دوست اور کرم فرما، مہذب بااخلاق اور باوضع، رقیق القلب، صوم وصلوٰۃ کا پابند، ادیب اور ادب نواز، بزم سخن کا روشن چراغ، اپنے چراغ سے لاتعداد چراغ روشن کیے۔ اپنے چراغ کی لو کو نہ تیز اور نہ دوسروں سے تیز کرایا۔ استاذ سخن لیکن استاذی سے گریزاں، دوسروں کے ساتھ باوفا، خود اپنی ذات، صلاحیت اور شخصیت کے ساتھ بے وفا، نمونۂ عبرت، نصف صدی سے شعر کہہ رہا ہے، غزلیات ونظمیات کو جھوٹے نوالوں کی طرح خوان سخن پر چھوڑ دیا، معلوم نہیں اس کے سرمایۂ شاعری کا کیا انجام ہوگا۔ جو کلام شائع نہیں ہوا وہ پرانا پڑ گیا، کاش دور جدید کا کلام ہی شائع ہو جاتا۔ اس طرح کے استغنا سے ہمیشہ ادب اردو کو نقصان پہنچا ہے۔ وہ آج بھی بریلی کا ہر دلعزیز اور مشہور شاعر ہے۔ اس نے ایک متوسط طبقے کے شاعر کی حیثیت سے انسانی دکھ درد کی تفہیم کی اور اس درد کی جمالیات کو شعر میں نظم کیا۔ اس نے پر اثر اسلوب اختیار کیا اور دوسروں سے ممیّز وممتاز بن گیا۔ اس سے قربت اور سعی پیہم کے باوجود اس کی تین غزلیات ہم دست ہوئیں، جو مندرجہ ذیل ہیں:

شکوے کی بات ہے نہ شکایت کی بات ہے — تم غم عطا کرو تو مسرت کی بات ہے
دیکھو تو ہر گناہ میں خنداں ہے زندگی — سوچو تو ہر گناہ ندامت کی بات ہے
کہیے تو اضطراب، نہ کہیے تو اضطراب — یہ آرزوے دل بھی قیامت کی بات ہے
تم جام سے پیو، میں کسی کی نگاہ سے — یہ اپنے اپنے ذوق طبیعت کی بات ہے
وہ ہم پہ ظلم ڈھائیں تو کچھ بات ہی نہیں — ہم مسکرا بھی دیں تو شرارت کی بات ہے
اب صرف ایک داغ ہے سینہ میں شعلہ بار — دل تھا ہمارے پاس بھی، مدت کی بات ہے
اخلاص کے جواب میں انور تمام عمر — رسوائیاں ملیں، مری قسمت کی بات ہے

وہ اپنے حسن میں کس درجہ خوشنما ہوگا — جو ہر فسانے کا عنوان بن گیا ہوگا
تری نگاہ سے جو پی کر بہک گیا ہوگا — وہ کوئی رند نہیں ہوگا، پارسا ہوگا
یقین ہے تمھیں آئے گی میری یاد ضرور — تمہارے سامنے جب کوئی آئینہ ہوگا
وفا کی بزم میں چھیڑو نہ ذکر دار و رسن — کہ اپنی ضد پہ کوئی آ گیا تو کیا ہوگا
اگر یہی ہے تمہاری خوشی، تو خیر مگر — زمانہ ترک تعلق پہ ہنس رہا ہوگا

جسے نظر سے گرایا گیا ہے دانستہ　　اس آئینے میں کوئی بال پڑ گیا ہوگا
بڑھاؤ دل میں حصول حقوق کا احساس　　فقط دعاؤں سے حاصل نہ مدعا ہوگا
میں کوئی بات بھی جس سے نہ کر سکا انور　　وہ جانے کیا مرے بارے میں سوچتا ہوگا

کبھی تلخیِ غمِ دوجہاں کبھی لذت غم یار ہے
دل پر خلوص کی زندگی غم مستقل کی شکار ہے
نہ گھٹا نہ سبزہ نہ پھول ہے، نہ شراب ہے نہ نگار ہے
یہ چمن میں دور خزاں نہیں مرے عہد غم کی بہار ہے
کوئی مجھ پہ یہ تو کرم کرے، کہ مجھی پہ مشق ستم کرے
اسی لطف گاہ بہ گاہ پر مری زندگی کا مدار ہے
ترا غم ہے حاصل ہر خوشی، ترا عشق ہے مری زندگی
مرے دل کے درد کا غم نہ کر، مری جاں بھی تجھ پہ نثار ہے
کہیں دشت ہے، کہیں گلستاں، جو یہ غم نہ ہو تو خوشی کہاں
تجھے انور اس کی خبر نہیں کہ خزاں سے حسن بہار ہے

شدت احساس کے ساتھ سلیقۂ طہارت، گرمی جذبات کے ساتھ سبک پرواز تخیل انور کے تغزل کی خصوصیت ہے۔ الفاظ کی معنوی رعایت سے اظہار جذبات اور تخیل خیزی اس کے حسن شاعری کی اساس ہے۔

انور نے کثیر تعداد میں نظمیں لکھیں۔ اس کی حیثیت ایک نظم نگار کی بھی ہے۔ اس نے کسی زمانے میں قطعات بھی لکھے اور قطعہ نگار کی حیثیت سے مقبول ہوا، اس کی نظمیں اور قطعات جو ہنوز غیر مطبوعہ ہیں، مجھے ہم دست نہیں ہوئے۔ اس وقت جب اس کے دیکھنے اور سننے والے بھی نہیں رہیں گے، اس کی ادبی بقا کا ضامن اس کا مطبوعہ کلام ہی بن سکتا ہے، ورنہ :

خوش درخشید ولے شعلہ مستعجل بود

[غزلیات کا ایک مجموعہ ''دو چار برس کی بات نہیں'' ۲۰۰۵ء میں شائع ہوا۔ وفات: ۱۳؍ستمبر ۲۰۰۵ء]

حوالہ: رسالہ بہ سلسلۂ اجرا ''احساس شہر'' بابت ۲۱؍مئی ۱۹۸۳ء

بیتاؔب، جگیشور ناتھ:

امرناتھ سکسینہ کا فرزند، راجیشور ناتھ زیبا کا برادرخرد، ساکن محلّہ بہاری پور نزد ڈھال بہاری پور بریلی۔ اس کا جدرائے بیجناتھ مشتاق، ایسٹ انڈیا کمپنی کا تحصیلدار اور فارسی کا شاعر تھا، فارسی اور اردو کے علاوہ سنسکرت، ہندی اور بنگالی میں درک رکھتا تھا، باعتبار پیشہ وکیل تھا، بریلی کالج بریلی میں لکچرر بھی رہا، زمانہ کانپور نے جو شعرا اور ادبا پیدا کیے ان میں بیتاب بھی تھا، زمانہ کی پالیسی کے مطابق اس نے مختلف النوع موضوعات پر لکھا۔ تفصیل یہ ہے :

(۱) بجلی: ناول، بزبان ہندی (۲) ستلڑی: افسانوں کا مجموعہ (۳) گونج (۴) امر کہانی: منظوم افسانے (۵) ہندوستانی مصوری پر کتاب، تجلیات تخیل (۶) ایک طویل منظوم افسانہ (۷) چشم و چراغ: مجموعۂ غزلیات (۸) شعلہ مضطر: نظموں کا مجموعہ (۹) شکنتلا منظوم، میری نظر سے تجلیات تخیل گزری ہے جو نہایت اعلیٰ کام ہے، دیگر کتب غیر مطبوعہ معلوم ہوتی ہیں۔ اس کا ادبی کام زمانہ، آجکل، رنگ و بو، چاند، نیادور، نگار، شاعر، چندن، ستارہ، پگڈنڈی، نکہت، ماہ نیم، ماہ وطن، بھرتر بریلی اور تیج ویکلی میں شائع ہوتا تھا۔

شاعری میں منشی مہاراج برق دہلوی کا شاگرد تھا، تمام عمر کچھ نہ کچھ لکھتا رہا، قدرے قلیل مالی فائدہ بھی ہوا، چونکہ کتب شائع نہیں ہوئیں گمنام رہ گیا، تنہا پسند تھا، بریلی میں دو چار لوگوں سے ملاقات تھی، مجھے اس کے حالات، ادبی کام کی تفصیل اور انتخاب کلام انور چغتائی نے لاکر دیا جن پر وہ مہربان تھا۔

مجھے ویریندر پرشاد سکسینہ بدایونی نے اطلاع دی تھی کہ وہ ۱۵/اپریل ۱۹۸۳ء کو بصارت سے محروم ہوگیا تھا، اس کی وفات بہ عمر ۸۰ سال ۲۸/جون ۱۹۸۷ء کو ہوئی جس کی کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہوئی، کوئی تعزیتی جلسہ بھی نہیں ہوا خود اس کے ہی بقول:

بیتاب سا فن کار بھی آیا ہے گہن میں　　　ہے ورد لب مگر یہ کہ مشہور نہیں ہے

مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

وہ تو کہیے دے اٹھا لو خود حجاب درمیاں　　　دست وحشت میں جب آئیں پیرہن کی دھجیاں

کچھ سمٹ جائیں زندگی کے حدود — کچھ شب غم دراز ہوجائے
کم سے کم اتنا تو سوچے آدمی — کیا اسے کرنا ہے، کیوں بھیجا گیا
چھٹے قفس سے تو یاد قفس ستاتی ہے — قفس میں تھے تو ترستے تھے آشیانے کو
ترے قریب سے گزرا ہے کارواں اپنا — یہ اور بات ہے ملتا نہیں نشاں اپنا

معاملہ ہے دل ونظر کا، دل ونظر فیصلہ کریں گے
سنا ہے پھولوں میں تُلنے والے، لباس کہنہ اتار آئے

حوالہ: بہارسخن، ص۸۳، ہندو شعرا ص۳۳

بدرؔ، محمد مبین شمسی:

حاجی محمد یٰسین شمسی کا فرزند، ساکن محلّہ سرائے پختہ گلی میربتن بریلی، پیدائش ۱۵/مارچ ۱۹۳۰ء، الہ آباد بورڈ سے منشی کا امتحان پاس کیا، شعر گوئی سے دلچسپی کم عمری سے تھی، محمد شفیق شمسی المتخلص بہ عشرت تلمیذ مرزا سعادت یار بیگ معجز سے اصلاح سخن کے لیے رجوع کیا۔ مطالعے کا شوق تھا، شعرا کی ہم جلیسی تھی، مزاج مائل بہ ندرت تھا، نئی زمین تلاش کی، نئی اسلوبیت اور لفظیت کے تجربے کیے، اس کی غزل میں نیا پن پیدا ہوا، اس کا مجموعہ کلام مسمیٰ خوابوں کا لہو ۱۹۸۷ء میں شائع ہوا، یہ مجموعہ دور جدید کے رنگ شاعری میں بریلی کا پہلا مجموعہ تھا، اس نے نعت کا مجموعہ بھی مرتب کیا تھا جو ہنوز شائع نہیں ہوا۔

بدر شمسی محسوسات کا خانۂ الم بن گیا تھا، اس کے اکلوتے فرزند کی سترہ سال کی عمر میں وفات ہوگئی اور بقول اس کے ہی ''اس حادثے نے مجھے توڑ کر ریزہ ریزہ کردیا'' اور ''میری شاعری میں موج تہ نشیں کی طرح جو درد و کرب اور غم انگیزیت نظر آتی ہے اس کا ایک بڑا سبب یہ بھی ہے۔''

جو اب شجر پہ نہیں ہے، اس ایک پتے کو — ہوائیں ڈھونڈتی پھرتی ہیں پاگلوں کی طرح
گزر تو جاتے حد زندگی سے ہم لیکن — نوازش غم جاناں نے پاؤں تھام لیے

مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

جلا کر درد کی مشعل دل مضطر پہ رکھدی ہے — یہ کس نے روشنی لاکر اندھیرے گھر میں رکھدی ہے

کہیں بھی کچھ نظر آتا نہیں اپنے سوا مجھ کو
کہ میں نے اپنی تنہائی ہر اک منظر میں رکھدی ہے
لہو کتنی تمناؤں کا رقصاں ہے مرے دل میں
کسی نے زندگی بھر کر مرے ساغر میں رکھدی ہے
سوا نیزے پہ ہے سورج مرے جلتے مسائل کا
مری دنیا کسی نے عرصۂ محشر میں رکھدی ہے
مزہ دیتی ہے جو پہلو میں کانٹے کی طرح چبھ کر
تری یادوں نے اک ایسی شکن بستر میں رکھدی ہے
سجا کر سسکیاں احساس کے روشن دریچوں میں
کسی نے بدؔر ویرانی سی بام و در میں رکھدی ہے

جواب عرض تمنا تو میرا اپنا تھا
تری صدا میں بھی لہجا تو میرا اپنا تھا
ہوا کریں، جو سمندر تھا اسکے قدموں میں
کہ میری پیاس پہ قبضہ تو میرا اپنا تھا
وہ کیوں نہ سب سے زیادہ مجھے عطا کرتا
کہ زخم بانٹنے والا تو میرا اپنا تھا
بجا کہ تیری امانت تھی میری آتش دل
مگر اس آگ میں جلنا تو میرا اپنا تھا
اب آئینے میں جو لگتا ہے اجنبی مجھ کو
میں سوچتا ہوں وہ چہرا تو میرا اپنا تھا
قدم قدم پہ لڑا بدؔر جو اندھیروں سے
وہ زخم زخم اجالا تو میرا اپنا تھا

بدر کی ۲۲/مارچ ۱۹۸۸ء کو حرکت قلب بند ہونے سے موت ہوگئی۔ میرا ایک مخلص ساتھی اور معرّف اللہ کو پیارا ہوگیا۔

بخاریؔ، ضمیر احمد:

مشتاق احمد اکاؤنٹنٹ دفتر پولس بریلی کا فرزند، اس کا مورث اعلیٰ خواجہ میر علی بزمانۂ نواب حافظ رحمت خاں (۱۷۴۹ء-۱۷۷۴ء) بخارا سے بریلی وارد ہوا، اس کو اپنے بخاری ہونے پر اتنا اصرار ہے کہ تخلص بخاری اختیار کیا، اس کا مکان محلّہ نئی بستی میں تھا۔ ملازمت کا آغاز روہیل کھنڈ اینڈ کمایوں ریلوے کے ٹریفک ڈیپارٹمنٹ آئزٹ نگر (بریلی) سے ہوا۔ تبادلے پر گورکھپور گیا اور تقسیم ہند کے بعد کراچی میں اقامت اختیار کی، اپنے زمانے کا معروف ہاکی کھلاڑی تھا، اس نے ایک کتاب بزبان انگریزی ہاکی کھیلنے کے فن پر تالیف کی جو کراچی سے شائع ہوئی۔

اس کا مزاج شعر و شاعری کی طرف مائل تھا، مشاعروں سے دلچسپی تھی، بریلی میں ۱۹۴۵ء میں انجمن ترقی پسند مصنفین کی شاخ بھی قائم کی، اس نے کراچی سے اپنے حالات اور اشعار بھیجے،

اس کے بقول غزلیات ونظمیات کے کئی مجموعے منتظر اشاعت ہیں۔ کراچی میں اس کا ساتھ مفتی صابر حسن شیوا عثمانی بریلوی (م ۱۹۷۵ء) سے ہوا جس کا اثر اس کی غزلیات پر نمایاں نظر آتا ہے۔ مختصر انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

جنون عشق کی عظمت جہاں میں عام نہیں ۔۔۔ رہ وفا سے گزرنا ہراک کا کام نہیں
حدیث غم کے لیے کوئی اختتام نہیں ۔۔۔ تمام ہو کے بھی یہ داستاں تمام نہیں
تجلیوں سے فروزاں ہے دل کا ہر گوشہ ۔۔۔ حریم دوست ہے یہ بارگاہ عام نہیں
زمیں تو کیا ہے فلک کا بھی سینہ شق ہو جائے ۔۔۔ نوائے دل ہے صدائے شکست جام نہیں
یہ بزم زہد نہیں ہے کہ دل رہیں تشنہ ۔۔۔ یہ میکدہ ہے یہاں کوئی تشنہ کام نہیں
نگاہ عشق کی فطرت ہے، فطرت سادہ ۔۔۔ یہ حسن کی طرح پابند اہتمام نہیں
بڑی لطیف ہے دیدار دوست کی منزل ۔۔۔ یہاں ہے دل کی ضرورت نظر کا کام نہیں
ہنسیں بھی ہم تو کس امید پہ ہنسیں اے دوست ۔۔۔ خوشی چراغ سحر ہے چراغ شام نہیں
جہان فکر بخاری ازل سے تابہ ابد ۔۔۔ ہماری فکر رسا وقت کی غلام نہیں

اشعار متفرقہ:

پھول گلشن میں بے شمار سہی، کوئی دل کی کلی بھی کھلتی ہے
ہم یہ پوچھا کیے خزاں کیا ہے، لوگ کہتے رہے بہار آئی
نہ رسم محبت نہ پاس اخوت نہ خوف وفا ہے نہ حسن مروت
شعور بشر جیسے دھندلا گیا ہے، اندھیروں میں گم روشنی ہو گئی ہے
یاد ان کی انیس تنہائی، اس عمر رواں کے سناٹے میں
تنہائی میں لطف ہمسفری کمیاب تو ہے نایاب نہیں [کذا]
حقیقت کھلی زندگی کی ہوئے ہم، غم عشق سے باخبر جیسے جیسے
ہوا فاش راز نہاں رفتہ رفتہ، بڑھا حسن ذوق نظر جیسے جیسے

کم نگاہوں کا زمانہ ہے، خدا خیر کرے ۔۔۔ چہرۂ دیدہ وراں خوف سے فق ہے یارو
نگاہ دوست تو کرتی ہے گفتگو مجھ سے ۔۔۔ حجاب ناز مگر درمیاں ہی رہتا ہے

پنہاںؔ، سپہر آرا:

اس کا تخلص رابعہ بھی تھا، مولوی عبدالاحد سپرنٹنڈنٹ دفتر ڈی پی آئی الہ آباد کی منجھلی دختر، وطن بریلی، ساکن محلّہ شاہ آباد گھیر عبدالقیوم خاں بریلی، متولد سہارنپور بہ سال ۱۹۰٦ء، اردو، فارسی، انگریزی اور دینیات کی تعلیم اپنے والد کی نگرانی میں الہ آباد میں حاصل کی، فارسی زبان وادب پر دستگاہ حاصل تھی، اقبال فہمی کے لیے مشہور تھی۔ ۱۹۲۱ء میں طالب الہ آبادی ۱۱۴؎ سے مشورہ سخن کیا، ۱۹۳۵ء میں مولوی عبدالاحد کی وفات کے بعد بریلی آئی۔ ۱۹۲۷ء میں صغیر حسین پرنسپل اسلامیہ کالج الہ آباد سے شادی ہوئی، اس نے اپنی غزلیات اور نظمیات اس عہد کے معروف جرائد میں شائع کرائیں، اس کے ذہن کی پاکیزگی اور زبان کی قدرت اس کے اشعار سے بخوبی نمایاں ہے۔ اس کا ایک مجموعہ کلام مسمیٰ ''اشک خونیں'' ۱۹۲۹ء میں شائع ہوا تھا، اس نے تقسیم وطن کے بعد کراچی میں اقامت اختیار کی اور ۱۹۸۰ء میں فوت ہوئی۔

اس نے خسروؒ کی زمین میں ایک غزل تحریر کی تھی جو مشہور ہوئی:

جمالش زینت دل بود، شب جاے کہ من بودم ۔۔۔ بہ چشم دہر باطل بود، شب جاے کہ من بودم
زفیض جنبش ابروے آں شوخ کماں سازی ۔۔۔ دل من نیم بسمل بود، شب جاے کہ من بودم
نگاہم برتجلاے رخ آئینہ رخسارے ۔۔۔ سرم برپاے قاتل بود، شب جاے کہ من بودم
بپرس از رہرو کامل طریق عشق و الفت را ۔۔۔ سر تلوار منزل بود، شب جاے کہ من بودم
خودش را من ندانستم، چہ انم صدر راصوفی ۔۔۔ گل صد برگ محفل بود، شب جاے کہ من بودم
دلم پرداخت بایاد جمال دوست واو بامن ۔۔۔ وجود غیر باطل بود، شب جاے کہ من بودم
چساں دل محوی سازد زبام کیف دوشیند ۔۔۔ دلم نخچیر قاتل بود، شب جاے کہ من بودم
خط رنگیں کہ برپیشانی بسمل کشیدہ تیغ ۔۔۔ نشان عشق کامل بود، شب جاے کہ من بودم
خم زلف نگاراں کرد پنہاں طرفہ اعجازے ۔۔۔ خیالم در سلاسل بود، شب جاے کہ من بودم

غزلیات اردو:

مژدہ باد اے جذبۂ خاموش شوق ۔۔۔ اک تجلی آج زیر بام ہے

پیچ و تاب زلف پیچاں، خم بہ خم کون کہتا ہے جنوں ناکام ہے
کارواں کیا نزدِ منزل آگیا آستاں پر کیوں ہجوم عام ہے
شیشۂ بادہ میں پنہاں برق ہے حسن پُرفن آج زیرِدام ہے
نیاز وناز نامقبول دونوں نہ سمجھی میں کہ ہے تیری رضا کیا
جبین حسن پر سرخی سی دوڑی نگاہ آرزو نے کردیا کیا
نہ جانے کیا سمجھ کر ہنس پڑے ہیں یہ ہے تمہید ذوق اعتنا کیا
نہ ہونا بھی بقدر یک نفس ہے ہماری ابتدا کیا، انتہا کیا
جفا و ناز کی خوگر ہوں پنہاں خدامعلوم ہے رسم وفا کیا

انتخاب اشعار از نظم ''شب ماہ''

ہے بساط سبزۂ رنگیں جواب آسماں سرد اور شفاف قطرے ہیں گلوں پر درچکاں
نازنیں پودوں کی شاخیں بےخبر سی محوخواب جھک گئی ہے نیند سے نرگس کی چشم سیم تاب
ہر ردائے نور میں ملفوف نظم کائنات ایک سنجیدہ سکوں میں غرق بزم شش جہات
غرق بحر نور میں ہے دامن بزم فلک پڑگئی پھیکی کواکب کی ضیا افشاں جھلک
چشم نازاں کا تموج نازش تنویر ہے خندۂ لب ہائے رنگیں کیف کی تفسیر ہے

یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ وہ اشعار فارسی ہوں یا اشعار اردو پنہاں نے تخیل الفاظ اور تراکیب کے ذریعہ اپنی پرواز کو بلند رکھا اور اپنے پروں پہ معاملہ بندی اور سطحی تغزل کی گرد نہیں جمنے دی۔

پنہاں کی گمنامی پہ دل دکھتا ہے۔

حوالہ: تذکرۂ شاعرات اردو ص ۲۸۵

تحسینؔ: تحسین رضا خاں:

ابن مولوی حسنین رضا خاں ابن مولوی حسن رضا خاں ابن مولوی احمد رضا خاںؒ، پیدائش ۱۹۳۰ء عربی و فارسی کے امتحانات الہ آباد بورڈ سے پاس کیے۔ اس کے بعد درس نظامی کی تکمیل کی، مدرسہ مظہرالاسلام بریلی سے ملازمت شروع کی، منطقی اور محدث کی حیثیت سے شہرت پائی۔ دوران

طالب علمی نعت گوئی کا آغاز کیا، پہلی نعت اپنے والد کو دکھائی، اس کے بعد اپنی فکر رسا کو رہنما بنایا، مجھ سے ملاقات ہے اور باہمی تعلق قلبی، نمونہ کلام یہ ہے:

امام الانبیاء تم ہو، رسول مجتبیٰ تم ہو جو سب کے پیشوا ہیں ان کے آقا، پیشوا تم ہو
تمہاری واقعی توصیف ہم سے غیر ممکن ہے کہ ہم جو کچھ کہیں اس سے حقیقت میں سوا تم ہو
حقیقت آپ کی سمجھیں تو کیا سمجھیں خرد والے خدا والے یہ کہتے ہیں خدا جانے کہ کیا تم ہو
خدا دیتا ہے تم تقسیم کرتے ہو زمانے کو میانِ خالق ومخلوق محکم واسطہ تم ہو
دل تحسین سے غم کی گھٹائیں چھٹ گئیں آقا سنا ہے جب سے اس نے شافع روز جزا تم ہو

اس کی سکونت محلّہ کانکر ٹولہ بریلی میں ہے۔ تشنگان علم اور مخلوق خدا کی خدمت میں لگا رہتا ہے۔

[وفات: ۱۳/ اگست ۲۰۰۷ء]

ثمرؔ، پریم شنکر:

خلف منشی نرائن داس منصرم عدالت دیوانی، کایستھ سکسینہ، سال ولادت ۱۸۹۹ء، تلمیذ رام بہادر لال جویا آنولوی (م ۱۹۴۸ء) تعلیم ہائی اسکول تک، ۱۹۱۸ء میں ڈاک خانہ میں ملازم ہوا، آریہ سماج سے متاثر ہو کر آریہ سماج کے عقائد اختیار کئے۔ ۱۹۱۹ء میں تحریک آزادی میں شامل ہوا، ۱۹۲۰ء میں ملازمت سے استعفا دیا، ۱۹۲۲ء مں سیاسی جدوجہد کی وجہ سے ایک سال جیل میں رہا، ۱۹۳۰ء میں بہ سلسلہ تحریک سول نافرمانی دوبارہ گرفتار ہوا اور جون پور کی جیل میں قید کے دن گزارے، قید کے زمانے میں ہی بیوی کی موت ہوئی، گاندھی اروِن سمجھوتے کے بعد ۹/ مارچ ۱۹۳۱ء کو جون پور جیل سے رہا ہوا۔ رشتہ داروں کے مجبور کرنے پر دوبارہ شادی کی، کانگریس پارٹی کا کام سرگرمی سے کرنے کی پاداش میں تیسری بار گونڈہ جیل میں قید ہوا۔ ۱۹/ جولائی ۱۹۳۲ء کو گونڈہ جیل سے رہا ہوا، ایام اسیری میں دوسری بیوی فوت ہوئی۔ مصائب کے باوجود شعر گوئی جاری رکھی، غزلیات ونظمیات تیج دہلی اور آریہ پتر بریلی میں شائع کرائیں۔

مجھ سے ملاقات تھی، کھدر پوش، صاف گو اور خوددار تھا، کم آمیز تھا، عمر آخر میں ثقل سماعت کا عارضہ لاحق ہوا، قلیل سرکاری پنشن پر گزارا کیا، تین بار جیل جانے کے باوجود نہ پارٹی میں کوئی عہدہ ملا اور نہ حکومت میں۔ اپنے مصائب کی گھڑی اپنے سر پر اٹھائے گھومتا پھرتا تھا، بقول اس کے ہی:

کس سے کہیں، سنائیں کسے حال دل ثمر ہم بیکسوں کا کوئی بھی پرساں نہیں رہا

اس کا کلام خود اس سے ہم دست نہیں ہوا، آریہ پتر بریلی کے فائل ضائع ہو چکے جو دو چار اشعار میسر آئے نذر قارئین ہیں:

زیست کے پردے میں سنتے ہیں فسانہ موت کا اے ثمر اس ابتدا میں انتہا موجود ہے

ہم بھی مشتاق نگاہ لطف ہیں ہم بھی بیٹھے ہیں تری دیوار سے

دم رکا، نبض چھٹی، نزع کے آثار ہیں سب ان کی تشخیص ہے مجھ کو کوئی آزار نہیں

اشعار بڑی محویت سے تحت اللفظ سناتا تھا، زود گو تھا، اس کے اشعار میں احساس نامرادی کی فراوانی ملتی ہے، شاید اس کو فوت ہوئے پندرہ برس گزر چکے۔

حوالہ: تذکرۂ بہار سخن ص ۱۰۷، گلستۂ بہار سخن ۱۹۲۹ء، گلستۂ نہال سخن بریلی

ثاقبؔ، کشن لال:

خلف منشی لچھمی نرائن، کائستھ سکسینہ، سال ولادت ۱۹۰۶ء، تعلیم انٹرمیڈیٹ کامرس، آریہ سماج بریلی کا سرگرم کارکن، بلدیو پرشاد سوزن کا شاگرد، محلّہ گلاب نگر بریلی میں رہتا تھا، بعد کو سول لائنز بریلی میں منتقل ہوا۔ شاعر اور ڈرامہ نگار تھا، ڈرامے اسٹیج بھی کیے، شاعری میں ہر صنف میں طبع آزمائی کی، کہانیاں لکھیں، ٹیگور کے بنگلہ گیتوں کا ترجمہ کیا، بیشتر کلام نظم ونثر ضائع ہو گیا، جو بچا اس میں سے کمتر شائع ہوا۔ مطبوعہ کتب مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) پیام وطن ۱۹۲۹ء، برقی پریس بریلی (۲) لال وجواہر ۱۹۶۵ء مکتبہ دین وادب لکھنؤ (۳) گاندھی گاتھا ۱۹۶۹ء، ثاقب ساہتیہ سدن بریلی (۴) زندگی کے موڑ ۱۹۷۳ء ثاقب ساہتیہ سدن بریلی

اپنا ادبی کام تیج دہلی، ملاپ دہلی، پرتاپ دہلی، رشی بجنور اور آریہ پتر بریلی میں شائع کراتا تھا، اس کو ادبی کام سے بہت دلچسپی تھی، مشاعروں اور جلسوں میں شریک ہوتا تھا، خود بھی مشاعرے اور جلسے کراتا تھا، اس اعتبار سے وہ اپنی مثال آپ تھا۔

مجھ سے ملاقات تھی، اس نے اپنے حالات اور اپنا کلام اپنے قلم سے تحریر کر کے مہیا کیا، نمونہ کلام مندرجہ ذیل ہے:

غزل:

کس کس کو راز خون تمنا بتائیں ہم — بہتر ہے حادثہ کو اگر بھول جائیں ہم
یہ دھڑکنیں، یہ غم، یہ تڑپ یہ فغاں یہ سوز — کس کس کو رازدار محبت بنائیں ہم
ہر حال میں درست ہے آپس کا فیصلہ — کچھ آپ مان جائیں، تو کچھ مان جائیں ہم
دیکھیں رہے بہار میں کب تک یہ سلسلہ — بجلی کرے تباہ، نشیمن بنائیں ہم
وہ حد ہے جبر کی تو یہ حد اختیار کی — الفت کی بات کون سی حد تک بڑھائیں ہم
مشکل نہیں ہے عشق و محبت کی راہ میں — ان کے ستم کو اپنا مقدر بنائیں ہم
ثاقب مزے اڑائیں زمانے کے چند لوگ — دن رات اپنے خوں کو پسینہ بنائیں ہم

رباعیات:

آئینہ کو تصویر دکھاؤ اپنی — شرماؤ نہ گردن کو اٹھاؤ اپنی
ارباب کو شکوہ ہے وفاداری کا — احباب سے آنکھیں تو ملاؤ اپنی
جب سوئے خرابات نظر جاتی ہے — اس وقت مری جان پہ بن آتی ہے
انسان ہی کرتا ہے جب انسان سے گھات — بے ساختہ اک آہ نکل جاتی ہے
شاداب کرو اپنے چمن کو لوگو — دو رنگ نیا بزمِ کہن کو لوگو
اور منزل تعمیر سے آگے بڑھ کر — فردوس بنا جاؤ وطن کو لوگو

قطعات:

حشر تک اہل علم و دانش کا — اس جہاں میں قیام رہتا ہے
کوئی کرتا نہیں بروں کو یاد — نیک لوگوں کا نام رہتا ہے
وہ جفا یا وفا قبول کریں — کچھ بنام خدا قبول کریں
یا مری آرزو کو ٹھکرادیں — یا مری التجا قبول کریں
فکر تزئین رنگ و بو کیسی — شان ہستی کا اعتراف نہیں
میں ہی اپنے خلاف رہتا ہوں — ورنہ کوئی مرے خلاف نہیں

ثاقب نے تین نظمیں بھی بھیجی تھیں جن کے نام ہیں: دریا، بہتا ہوا پھول اور وطن کا سپاہی۔ ان

نظموں کا اسلوب بیانیہ اور حسن شاعری سے عاری ہے، لہٰذا ان کو نقل کرنے سے کوئی فائدہ نہیں۔

ثاقب ۱۱رستمبر ۱۹۸۳ء کو دہلی میں فوت ہوا، جس ثاقب نے زندہ شعرا کے یوم منائے تھے اس کی وفات پر بریلی میں پتہ نہیں کھڑکا۔ اس کا مندرجہ ذیل مقطع حسب حال ہے:

کرنے والے کریں گے ثاقب یاد
بھولنے والا بھول جائے گا

اس کے پسران، اردو سے ناواقف ہیں، اس کے مسودات کا حال معلوم ہے۔ کچھ دن بعد ضائع ہو جائیں گے۔ ثاقب ظلمت گمنانی میں منقلب ہو جائے گا۔

حوالہ: گلدستۂ بہارِ سخن ص ۱۰۳، یادِ ثاقب ص ۱۱

جمالہؔ، بلقیس جمال:

سپہر آرا پنہاں المعروف بہ رابعہ بریلوی کی چھوٹی بہن، متولد بریلی بتاریخ ۸/دسمبر ۱۹۰۹ء، بچپن الہ آباد میں گزرا، علوم متداولہ حاصل کیے، فارسی اور انگریزی سپہر آرا سے پڑھی، نو برس کی عمر میں پہلا مضمون لکھا، شعر گوئی کی طرف راغب ہوئی۔ طالب الہ آبادی سے مشورہ سخن کیا، ۱۹۲۵ء میں بریلی واپس ہوئی، عبدالجلیل ایڈووکیٹ برادر پرنسپل عبدالشکور ساکن گھیر عبدالقیوم خاں محلّہ شاہ آباد (شمالی) بریلی سے دسمبر ۱۹۲۷ء میں شادی ہوئی، شوہر کے ہمراہ میرٹھ اور مظفر نگر میں رہی۔ پابند شرع اور متقی تھی، ۲۵/جون ۱۹۴۰ء کو اس کے شوہر نے وفات پائی جس کے نتیجے میں اس پر جنون سا طاری ہو گیا، بقول اس کے:

جمالہ اس جنوں سے فائدہ کیا ۔۔۔ نہیں ہے جو اسی کو ڈھونڈتی ہوں

تمام عمر شوہر کی موت کا غم اس کا تعاقب کرتا رہا، اس کے اشعار میں اس غم کی گہری اور نمایاں چھاپ ہے۔ اس کی فارسی اور اردو غزلیات کا انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

اے چرا تار نگاہت از حجاب آید بروں ۔۔۔ چوں تماشائے دو عالم درنظر پوشیدۂ
کہ من قاتل بہ بسمل می فروشم ۔۔۔ نگاہ و ناز درچشمم نہاں شد
بہ دانم خندۂ تقدیر من در پردۂ نازے ۔۔۔ تبسم ہائے گوناگوں بہ چشمت برق اندازے

نقب لگا کے مری آہ ان کی پلکوں میں　　نگاہ ناز سے کچھ بجلیاں چرا لائی

قلب جب آئینۂ غماز ہے　　آنکھ کیوں نا آشنائے راز ہے
کشمکش ہے کفر وایماں کی فضول　　آخری آنسو کشودراز ہے
لغزش پیہم کی پردہ داریاں　　چشم ساقی کا نیا انداز ہے
نقش سجدہ ہے سر منزل جہاں　　بس وہیں باب حریم ناز ہے
کب ہوئی ضائع متاع درد دل　　میرا اک آنسو بقائے راز ہے

اس کی رومانی نظموں کے دو مجموعے شائع ہوئے: ''آئینۂ جمال'' اور ''قوس قزح'' اس کی نظموں میں احساس مرگ شوہر اور اس سے پیدا ہونے والے جذبات وخیالات کی کسک اور تپش ملتی ہے، مثلاً:

فزوں ہے سوزش جگر　　دہک رہے ہیں بال و پر
نظر اٹھا، اٹھا نظر　　ہے شمع تیری منتظر
لگی ہے آگ سر بسر
سلام، عمر مختصر

(پروانہ)

تجھ کو میرے جذبہ و جوش تمنا کی قسم　　تجھ کو اپنے عشوہ و انداز رعنا کی قسم
میری الفت مرہم زخم دل مجبور تھی　　تیری الفت روح و جان عاشق رنجور تھی
اس نے دیکھی ہیں لہو آمیز راتیں ہجر کی　　اس نے دیکھی ہے مرے احساس کی آشفتگی
چاندی راتوں کی کیف آگیں تجلیات میں　　تیری الفت نور تھی غمخانۂ جذبات میں
آہ اب کیوں کر سناؤں عاشقی کا ماجرا　　کس طرح الفت کو تیری مجھ سے پھر لوٹا گیا
رخصت اے صبح جمال آرزوے تشنہ کام　　السلام اے مرکز حسن تمنا السلام

(تیری محبت)

ایک فارسی نظم ہلال عید کا پہلا بند:

کجا مخلوق عالم منتظر بود　　پریشاں برفلک تار نظر بود

بپاشد شور تبریک و مسرت که حسنِ عالم جلوه گر بود

اس کی غزلیات اور نظمیں اس زمانے کے مشہور جرائد میں شائع ہوتی تھیں کبھی بلقیس جمال بریلوی کے نام سے اور کبھی جمالہ بریلوی تخلص سے۔ اپنے عہد میں مشہور ہوئی، تقسیم ہند کے بعد کراچی گئی اور وہاں ۱۹۸۲ء کو فوت ہوئی۔

حوالہ: تذکرۂ شاعرات اردو ص ۳۰۷، نیرنگ خیال لاہور، عیدنمبر بابت فروری، مارچ ۱۹۳۰ء

جوہرؔ، عبدالمجید:

مولد وساکن قصبہ رچھا ضلع بریلی، کریم بخش کا فرزند، تلمیذ محمد بشیر خاں بشیر رچھاوی۔ از وست:

نہ حسینوں کی لگاوٹ، نہ وہاں رشک رقیب
لطف کیا آئے گا پھر خلد میں داخل ہوکر

اس نے قیصر بھی تخلص اختیار کیا تھا۔

حوالہ: گلستۂ نہال سخن بریلی بابت ۱۹۱۴ء

جگرؔ، شیام موہن لال:

خلف رائے کنہیا لال، پیدائش ۱۸۹۰ء، تعلیم بی اے، بعہدہ نائب تحصیلداری تقرر ہوا۔ تلمیذ مرزا ہادی عزیز لکھنوی (م ۱۹۳۵ء) غزل گو، مثنوی نگار، نظم نگار، رباعی نویس اور مسدس نویس، بچوں کے لیے بھی اشعار لکھے۔ نثر نگاری میں بھی ملکہ تھا، یادرفتگاں (۱۹۴۳ء)، صحت زبان (۱۹۵۸ء)، حدیث خودی (۱۹۵۹ء)، یادگار نظر (۱۹۶۸ء) اس کی مشہور کتب ہیں۔ غیر مطبوعہ کتب میں مکاتیب شمیم کا مسودہ ڈاکٹر شمس بدایونی نے شائع کرادیا ہے۔ شمس بدایونی نے ''جدید غزل'' کا مسودہ بھی حاصل کرلیا ہے لیکن وہ عصر حاضر کے ادبی میلانات کے پیش نظر قابل اشاعت نہیں ہے۔ شعری کتب میں مثنوی پیام ساوتری (۱۹۵۴ء) بہت مشہور ہوئی۔ 'رس' اس کی رباعیات کا مجموعہ ہے جو ۱۹۶۰ء میں شائع ہوا۔ کائستھ درپن ایک مسدس ہے۔ نظموں کا مجموعہ اور غزلیات کا مجموعہ شائع نہیں ہوا، غزلیات کا ایک مختصر انتخاب آل احمد سرور نے انجمن ترقی اردو علی گڑھ سے

۱۹۶۰ء میں شائع کیا، اس کو اپنی حیات میں ہی شہرت ملی، اس کی شاعری اور کتابوں پر مضامین لکھے گئے، کشن لال ثاقب نے ۳۰/جون ۱۹۶۱ء کو "جگرڈے" منعقد کیا، میری کتاب "جگر بریلی ایک تعارف" آل احمد سرور نے انجمن ترقی اردو علی گڑھ سے ۱۹۷۳ء میں شائع کی، اس کو اردو اکیڈمی لکھنؤ کی جانب سے مبلغ پانچ ہزار کا انعام بھی ملا۔ اس کی وفات (۴/مارچ ۱۹۷۶ء) کے بعد نواب حسن نظامی نے اس کی حیات وشاعری پر تحقیقی مقالہ لکھ کر روہیل کھنڈ یونیورسٹی بریلی سے پی ایچ ڈی کی سند حاصل کی۔

غزل گوئی میں لفظ ومعنی کی طہارت اور پر تخیل رمزیت کا ماہر تھا، اعلیٰ فارسی داں ہونے کی وجہ سے اسکے اشعار میں غیر معمولی چستی ملتی ہے۔ اس نے زندگی کی کڑواہٹ کو آب حیات بنا کر پیا جس کی کیفیات اس کی غزل میں مستقل طور پر ملتی ہیں۔ بلاشبہ بہترین غزل گو تھا، یہ محرومی کی بات ہے کہ اسکا مجموعۂ غزلیات شائع نہیں ہوا، انتخاب غزلیات مندرجہ ذیل ہے :

جتنی کثرت ہوئی رعنائی و زیبائی کی — پیاس بڑھتی ہی گئی چشم تمنائی کی
جلوہ حسن نے اک آگ لگادی دل میں — آگ وہ آگ کہ جس نے چمن آرائی کی
داغ تھا دل میں جہاں اب ہے بہاروں کا ہجوم — ابھی نکلی کہاں حسرت ترے شیدائی کی
خود بھی ہنس دیتا ہے ہنستا ہے جو اس پر کوئی — کتنی بھولی ہے طبیعت ترے سودائی کی
کچھ ازل ہی سے تھا کانٹوں کو کف پا سے لگاؤ — کیا یوں ہی ہم نے جگر بادیہ پیمائی کی

حجاب اک رمز محبوبی ہے حسن جلوہ ساماں میں
جھلک کر رہ گئیں رنگینیاں گلہائے خنداں میں
ازل میں وہ نگاہ ناز کی جنبش معاذ اللہ
کہ جیسے رہ گیا ہو ٹوٹ کر نشتر رگ جاں میں
نفس عنبر فشاں، مسرور دل، آنکھیں منور ہیں
وہ یاد آیا کہ ہوتی ہے سحر صحن گلستاں میں
یہ دل کا اضطراب اور حسن کی یہ جلوہ سامانی
کہ جیسے جام بھر کر دیدیا ہو دست لرزاں میں

انہیں ہم شعر سمجھیں یا جگر نغمات لاہوتی
عجب کیفیتیں ہیں تیرے افکار پریشاں میں

تیری رحمت سے ناامید نہیں — اپنی محرومیوں سے ڈرتا ہوں
ایسی بھی بعض گھڑیاں آتی ہیں زندگی میں — سو رہیے زہر کھا کر، آتا ہے بس یہ جی میں
موت سے بدتر ہو جس کی زندگی — موت اس کی کیا ہو، دیکھا چاہیے
غمکدۂ حیات میں آہ میں وہ چراغ ہوں — صبح ہوئی جلادیا، شام ہوئی بجھادیا
زندگی تلخ و تمنائے اجل ننگ حیات — خون سینے میں نہ کیوں کر دل انساں ہو جائے
موت جب تک نظر نہیں آتی — زندگی راہ پر نظر نہیں آتی

کسی رہگزر میں پڑے ہیں ہم، عبث آسماں کی ہیں رنجشیں
کوئی لاکھ اٹھائے اٹھیں گے کیا، کہیں پاؤں کا بھی نشاں اٹھا

کسی نے چہرے پہ بکھرا لیا تھا زلفوں کو — ذرا سی بات تھی بس لے اڑے ہیں دیوانے
حسرتیں مٹتی رہیں دل پے بہ پے ٹوٹا کیا — ایک تہذیب مسلسل زندگی کا نام تھا
نہ جانے زخم دل کی آج گہرائی کہاں پہنچی — پھٹا جاتا ہے سینہ وہ خوشی محسوس ہوتی ہے
غزل سے اے جگر اندازہ کر میری حقیقت کا — غزل میں کیفیت کچھ روح کی محسوس ہوتی ہے

جگر بریلوی نے ہندوستان کی قدیم تہذیب سے وابستہ کہانیوں کو مثنوی کا جامہ پہنایا، اردو زبان کی شہری جمالیات میں قدیم تہذیب کی قلمکاری سے گلستان ادب کی بہار میں تازگی پیدا ہوئی، نکھار آیا، مثلاً:

چھوٹے گھر کا ہو یا بڑے گھر کا — جو بھجے ہر کو، ہے وہی ہَر کا

(مثنوی رنگ و بو)

یہ جو دکھ درد اور مصیبت ہے — سچ تو یہ ہے بڑی سعادت ہے
آدمی غم کی آگ میں تپ کر — نکھر آتا ہے جیسے خالص زر
جلتے ہیں جن کے گھر میں گھی کے چراغ — ہوتے ہیں آسماں پہ ان کے دماغ
جینا دوبھر ہے، میں نے یہ مانا — نہیں منظور ہاتھ پھیلانا

(مثنوی کرشن سداماں)

شور وہ موروں کا اورکویل کی کوک
پی کہاں کی رٹ پپیہے کی وہ کوک
آم کے اشجار میں بور آگیا
آم کی یادآئی دل للچا گیا
کھل گئے شفاف جھیلوں میں کنول
بھونرے بوپاتے ہی آئے ہیں نکل
بن میں ہر جانب یہ ٹیسو کھل گیا
یا بھڑک اٹھا ہے شعلہ حسن کا
ڈھاک میں اتنا نمو کا جوش ہے
سر سے پا تک سرخ ہے گل پوش ہے
سرسوں پھولی ہے، بسنتی ہے زمیں
منظر رنگیں ہے کتنا دل نشیں
سادگی بھی،اس میں اور خوبی بھی ہے
حسن تمکیں شان محبوبی بھی ہے

(مثنوی بسنتی روداد)

دن رات بڑھی برنگ امید
یا صبح کو جیسے نور خورشید
طفلی تھی شباب کے اثر میں
ملتی تھی چاندنی سحر میں
وہ بار حیا کہ جھک گئی آنکھ
نرگس کی تھی نیم وا کلی آنکھ
رفتارِنسیم کو بھی شرمائے
اک موج شراب اٹھ کے رہجائے
دکھلاتی تھی جسم میں جوانی
مینا میں شراب ارغوانی
دیکھا نہ لباس نے بھی عریاں
پتلی میں نظرہو جیسے پنہاں
صورت کوشباب نے نکھارا
سیرت کو شعور نے سنوارا
اک جلوۂ لایزال تھی وہ
سرتا بہ قدم جلال تھی وہ
سرگرمیِ حق سے بحر درجوش
تمکین و سکوں سے کوہ خاموش

(مثنوی پیام ساوتری)

ان اشعار کے عقب میں فردوسی کی منیزہ کا سراپا ہےاور جگر نے ساوتری کے سراپا میں اس کو ترقی دی ہے۔

جگر بریلوی نے کائستھ درپن میں کائستھوں کی ترقی وزوال کا نقشہ حالی کے مسدس مدوجزر اسلام کے طور پر کھینچا ہے،ایک بند مندرجہ ذیل ہے:

یہ تقلید مغرب کی اچھی نہیں ہے کہ مغرب میں عصمت کی بو ہی نہیں ہے
کوئی قدر و قیمت حیا کی نہیں ہے وفا ان کی نظروں میں خوبی نہیں ہے
جہاں جان تہذیب ہے رقص عریاں
وہاں کے بھی انساں کو کہئے گا انساں؟

الغرض اس کے مجموعی ادبی کام، اس کی لگن اور اس کی فنی مہارت کو سامنے رکھ کر یہ کہنا پڑتا ہے کہ وہ بڑا شاعر اور بڑا ناثر تھا اور بریلی کے لیے باعث افتخار، اس کو مناسب شہرت بھی ملی، تاہم خود اسے احساس نامرادی تھا جیسا کہ اس نے اپنی ایک رباعی میں بھی لکھا ہے:

ہر سانس پہ غم سے آہ ٹوٹا کیا دل رونے سے نہ ضبط سے کچھ ہوا حاصل
ہستی سے مراد ہے کشاکش یعنی جینا مشکل ہے، مرنا اس سے مشکل

فراق گورکھپوری کی رباعیات کی اشاعت کے بعد رباعی کا منظر بدل گیا اور وہ محبوب کے اعضا کی طرح لخت لخت حسن پارہ بن گئی۔ لہٰذا رس میں شامل رباعیات روایتی مضامین اور فنی پختگی کی حامل ہونے کے باوجود جدید منظر میں متاثر کرنے سے قاصر ہیں اور ان کا مزہ پھیکا سا لگتا ہے۔

اس وقت یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ جگر بریلوی کی غزلیات اور ایسی منظومات جو ہنوز افادی ہیں، شائع کرادی جائیں، اس کی مثنوی پیام ساوتری کو داخل نصاب کیا جائے، یہ فرض اس کے پسماندگان پر عائد ہوتا ہے جو علم و عمل سے آراستہ ہیں۔

جذبیؔ، اعجاز احمد خاں:

خلف حکیم نیاز احمد خاں جو ۱۹۲۲ء میں بجنور سے ترک سکونت کر کے بریلی وارد ہوا۔ لکھنؤ سے سند یافتہ حکیم، پیشہ طبابت، ذی علم اور دوست نواز، مجھ سے ملاقات تھی، نہایت تلطف سے پیش آتا تھا، بہت بامزاج طبیعت پائی تھی، سنی حنفی اور صابری، مجذوبین کی خدمت کرتا تھا، مشرب قلندری تھا، بریلی کا ایک معزز اور معروف فرد تھا۔ ایک ماہنامہ دکھ سکھ نکالتا تھا جس میں اس کا اپنا کلام بھی شائع ہوتا تھا، دکھ سکھ کا نعت نمبر نکالا جس کا نام ''عقیدت کے چند پھول'' رکھا، اس میں خود اس کے بعض نعتیہ اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

مدینے کی طرف اب میرا مستانہ سفر ہوگا　　مری دنیا نئی ہوگی، مرا عالم دگر ہوگا
خوشا قسمت کہ ہر دم میرا مستی میں بسر ہوگا　　جہاں پر ہوش سے دیوانۂ حق بے خبر ہوگا
مرادامان ارماں جب مرے اشکوں سے تر ہوگا　　توقع ہے کہ میرا حال شایان نظر ہوگا
نظر کے سامنے جب روضۂ خیرالبشر ہوگا　　بس اک آئینہ ہوگا اور آئینہ نگر ہوگا
بہے ہیں جتنے آنسو اضطراب شوق میں جذبی　　ان اشکوں کا بھرم سرکار کے پیش نظر ہوگا

۱۹۸۸ء میں فوت ہوا، اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے۔

حوالہ: عقیدت کے چند پھول

حجابؔ، تیمور جہاں:

تیموری خاندان سے تعلق تھا، بریلی میں مقیم تھی، فارسی، اردو اور انگریزی میں مہارت تھی، اقبال سے اثر قبول کیا، دل میں درد ملت رکھتی تھی، رباعیات تحریر کیں، منظومات لکھیں، اس کے کسی مجموعۂ کلام کی اطلاع نہیں ملی، انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

رباعیات:

عبرت کدۂ دہر کے والی ہم ہیں　　افسوس کہ وقف پائمالی ہم ہیں
تیمور کے ہاتھوں نے لگایا تھا جسے　　اس نخل کی سوکھی ہوئی ڈالی ہم ہیں
تھے کبھی سلطنت ہند کے ہم بھی حقدار　　رشک اسکندر و قیصر تھا ہمارا دربار
بدلی قسمت نہ رہا عہد حکومت تیمور　　وہی ہم آج ہیں، رنجور و اسیر افکار

اس کے دیگر اصناف سخن پر مشتمل اشعار میسر نہیں آئے۔

حوالہ: تذکرۂ شاعرات اردو، ص: ۳۲۵

حسرتؔ، موتی سنگھ:

ساکن محلّہ ساہوکارہ بریلی، موضع بدھولی متصل کلٹر بک گنج میں پیدا ہوا، کھدر پوش، پرانا لا گریجویٹ، بہت وجیہ، خوش مزاج، جب بھی ملاقات ہوتی تبسم بکھیر دیتا، تلمیذ مرزا رستم یار بیگ قیصر، عمدہ شاعر، مشاعروں سے گریزاں، بطور تواضع دو چار شعر سنا دیتا تھا، معلوم نہیں اس کی بیاض کا

کیا حشر ہوا، شاید ۱۹۷۰ء میں فوت ہوا۔ وقت مرگ اس کی عمر قیاساً ستر سال سے زیادہ ہوگی، اس کی غزلیات کا انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

ہزار بار تمہیں آزما کے دیکھ لیا
تمہاری بات کا اب ہم کو اعتبار نہیں

بگڑ کر زلف ان کی، آج رخساروں سے الجھی ہے
کہاں کی آگ پھانکی ہے جو انگاروں سے الجھی ہے

آنکھ میں رنگ چمن تھا، رخ سوئے ویرانہ تھا
اور ایسے آدمی کو کیا کہوں، دیوانہ تھا

جب بنی دنیا تو اس سے لاکھ افسانے بنے
جس سے دنیا خود بنی وہ عشق کا افسانہ تھا

دل میں لیلیٰ اور ویرانے میں لیلیٰ کی تلاش
عشق سے بے بہرہ مجنوں واقعی دیوانہ تھا

آدمی کے پیچھے دنیا دو قدم بھی چل سکی؟
آدمی دنیا کے پیچھے کس قدر دیوانہ تھا

اب یہ کس کی جستجو ہے، اب یہ کس کی ہے تلاش
آگ میں پہلے جو کودا، کون سا پروانہ تھا

جس جگہ چاہا ذرا گردن جھکا دی، کیا خبر
کون سی مسجد تھی حسرت کون سا بتخانہ تھا

یہ ادنیٰ رسم محبت ہے، دل تڑپے آنسو بہہ نہ سکے
وہ جو چاہے سو کر ڈالے، مجبور وفا کچھ کہہ نہ سکے

یہ حضرت عشق کا احساں ہے، ہوا نازک ایسا مزاج دل
ہم سخت کسی کی سن نہ سکے، ہم سخت کسی کو کہہ نہ سکے

اس طفل اشک محبت کو کیا احساس خودداری ہے
ہر چند یہ تڑپے آنکھوں میں، آنکھوں سے لیکن بہہ نہ سکے

ہم تیری محبت میں اپنے سب ہوش و خرد بھی کھو بیٹھے
اس راز سے واقف ہو تو گئے، اس راز سے واقف رہ نہ سکے

کچھ بھول میں ان سے کہہ بیٹھے، کچھ کہتے کہتے بھول گئے
ہم دیکھ کے بھولی سی صورت جو کہنا تھا وہ کہہ نہ سکے

کہنے کو بہت کچھ ہم نے کہا، سنّے کو بہت کچھ اس نے سنا
اک حرف محبت ایسا تھا، وہ سن نہ سکا، ہم کہہ نہ سکے

اسوقت کی دل کی بے تابی و حسرت ہائے بیاں کیسے ہو
ہم چاہیں آنسو بہہ جائے پر ظالم آنسو بہہ نہ سکے

دانشؔ، صفی حیدر:

میر قاسم جان کا فرزند، ساکن انگلس گنج، عقب جامع مسجد، قلعہ بریلی اجداد متمول زمیندار اور گورنمنٹ کے عہدیدار، عقیدتاً شیعہ اثنائے عشری، ذاکر اور مبلغ، سادہ طبیعت، سادہ لباس، ایم اے اردو، ایم اے فارسی، بریلی کالج بریلی میں لکچرار، میرے اس کے خاندان سے مراسم تھے، اس نے مجھے ایم اے اردو سال اول (۱۹۴۹ء) میں اردو قصیدہ پڑھایا تھا، اسی سال اس نے راولپنڈی میں سکونت اختیار کی اور گارڈن کالج راولپنڈی میں بحیثیت لکچرر ملازم ہوا، اس نے ۱۹۴۷ء کو قیام بریلی ہی میں تصوف اور اردو شاعری کے موضوع پر پہلی کتاب شائع کی۔ غالب کا زبردست حامی تھا اور کلیم الدین احمد سے سخت بیزار، شعر گوئی کا شوق تھا، امام باڑہ مبارک محل کے مشاعروں میں شریک ہوتا تھا، شاعری میں سید ہادی علی رواں (م ۱۹۳۳ء) کا شاگرد تھا، اس کا مندرجہ ذیل شعر ضرب المثل بن چکا ہے اور جس سے اس کی شناخت کی جاتی ہے:

چمن والوں نے شبنم کہہ کے پردہ رکھ لیا، ورنہ
پسینہ آگیا پھولوں کو فریاد عنادل سے

اس کا کلام میسر نہیں آیا اور اس کے ترک سکونت کی وجہ سے سلسلۂ تعلق بھی ٹوٹ گیا۔

حوالہ: ماہنامہ نگار لکھنؤ، جولائی ۱۹۴۷ء، ص ۶۲

دیاؔ، نرائن داس:

قوم کھتری، ساکن محلّہ کھتریان بہاری پور بریلی، پیشہ تجارت، تعلیم اردو مڈل تک، نہایت وجیہ اور خوش طبع، متواضع اور احباب نواز، مجھ سے ملاقات تھی، شاعری کا آغاز ''طرہ بازی'' ۱۹۱۵ء سے ہوا جس کا دنگل اس کے محلے میں ہوتا تھا۔ طرہ بازی کی تک بندی نے مزاج میں جدت پیدا کی، بلدیو پرشاد سوزن کا شاگرد ہوا اور غزلیات قدرے نئے اسلوب میں تحریر کیں۔ عمر آخر میں تصوف کا غلبہ ہوا اور اسی رنگ کے اشعار لکھے۔ دور شیب میں ہی آزاد نظمیں اور سانٹ تحریر کیے، بعض نظموں میں ہیئت کے تجربے کیے، اس کا مجموعۂ کلام ''شام بہاراں'' ۱۹۶۷ء میں شائع ہوا تھا مختصر یہ کہ بریلی کا قدآور شاعر تھا، ۱۹۷۰ء میں فوت ہوا۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

اپنے جلووں میں دیکھ لو مجھ کو　　پردہ داری کی ایک صورت ہے
محفل رسوائے جلوہ، بزم توہین حجاب　　نام کیا رکھوگے اپنے آئینہ خانے کا تم
اک قدم بڑھ گیا منزلیں مل گئیں　　اک قدم رک گیا فاصلہ ہوگیا
منزلیں روز رخ بدلتی ہیں　　چاک سینہ ہے رہگزاروں کا
میرے جلوے ہیں، میرے سجدے ہیں　　کس کے در پر کروں جبیں سائی

شام بہاراں میں چھ آزاد نظمیں اور دو سانٹ شامل ہیں، نظم ''سرآتشہ'' سے نمونہ سخن مندرجہ ذیل ہے:

جام کا انتظار اب بھی ہے　　اپنے چلّو کو دیجئے زحمت
دوسروں کا کوئی بھروسہ ہے
موت سے کیوں گریز ہے تجھ کو　　تیرے ہر دورکا مداوا ہے
زندگی کو نثار کر اس پر
عکس جلوہ ہے شاہد جلوہ　　رقص کرتی ہے زندگی اس میں
آئینہ کا نہ کھینچئے دامن

آدیا تحت اللفظ پڑھتا تھا اور حق بات یہ ہے کہ ادائیگی دلکش تھی، اس کی وفات سے رونق مشاعرہ کم ہوگئی، ہماری بزم احباب میں بھی پابندی سے شریک ہوا جہاں اس کی مناسب پذیرائی کی جاتی تھی۔

راز یزدانی، احمد ولی خاں:

خلف عنایت رسول خاں، متولد قصبہ بہیڑی ضلع بریلی، فارسی و عربی میں مہارت رکھتا تھا، میاں میرٹھی اور شاعر لکھنوی سے اصلاح اشعار کے لیے رجوع کیا، ناقد اور محقق ادب بھی تھا، پہلا مجموعہ ''حرب وضرب'' ۱۹۴۲ء میں شائع ہوا، انتخاب کلام عابد رضا بیدار نے مرتب کیا، رامپور کا ماحول شعر و سخن، اردو کی داستانیں، حیات و کلام نظام رامپوری، مشترکہ زبان، ہمارے تاریخی مجرم، انسان مبیں اس کی غیر مطبوعہ کتب ہیں۔

غزل گو اور نظم نگار تھا، جدید طرز سخن کا حامل تھا۔ از وست :

منزل عشق میں کب وقت قیام آتا ہے　　جو قدم اٹھتا ہے، سجدے کا مقام آتا ہے

وہ سامنے سرمنزل چراغ جلتے ہیں جواب پاؤں نہ دیتے تو میں کہاں ہوتا
مجھے قفس میں تردد نہ آشیانے میں کہیں غریب کو رہنے تو دو زمانے میں
عشق کی بیکسی، ارے توبہ حسن درد آشنا نہ ہوجائے
کس سے کہتے کہ گلستاں میں جب آتی ہے بہار پھول تو پھول ہیں کانٹا بھی حسیں ہوتا ہے

اس کی زندگی رامپور میں گزری اور رامپور میں ہی بعمر پچپن سال ۱۹۶۳ء کو فوت ہوا، ہر چند اس کی پیدائش قصبہ بہیڑی ضلع بریلی میں ہوئی، اس کا شمار شعرائے رامپور میں کیا جاتا ہے۔

حوالہ: زندہ کتبے ص ۹۵، ماہنامہ قومی زبان کراچی بابت جنوری ۱۹۶۹ء

زیبؔ، ماتا پرشاد:

کائستھ، استھانہ، ذکاتی محلے کا ساکن، ابتدائی تعلیم مولوی قاسم علی خواہاں اور مفتی حبیب الحسن احسن سے حاصل کی، ۱۹۳۰ء میں انٹرنس کا امتحان پاس کیا، زمینداری کی وجہ سے فارغ البالی تھی، خاتمۂ زمینداری کے بعد نوکری تلاش کی، شگرمل نیک پور بریلی اور رچھا شگرمل بہیڑی ضلع بریلی میں ملازمت کی، صحت گرنا شروع ہوئی، ایک جوان لڑکے کی موت نے اس کی کمر توڑ دی، عارضۂ قلب ستانے لگا اور زندگی کی مکروہات کے ساتھ شعروسخن کا سلسلہ بھی جاری رہا۔

اصلاح سخن کے سلسلے میں کسی استاذ کا پابند نہیں رہا، مفتی حبیب الحسن احسن، شیام موہن لال جگر بریلوی، قمر الحسن قمر بدایونی اور سیماب اکبرآبادی سے استفادہ کیا، اس کو بریلی میں سیماب کا شاگرد سمجھا جاتا تھا، اس نے خود بھی تحریر کیا ہے:

میں بہ فیض حضرت سیماب، اے اہل نظر شاعر امروز بھی ہوں، شاعر فردا بھی ہوں

بہت زود گو تھا، اسکے یہاں شعرا کا مجمع لگا رہتا تھا، میری ملاقات قمر مرادآبادی، دلاور فگار اور ابر گنوری سے اس کے یہاں ہوئی تھی، اس کی اپنی کمزور صحت، فکر معاش اور بعض شعرا کی خفیف الحرکاتی کی وجہ سے اس نے محفل سخن بند کر دی تھی۔ ہماری بزم احباب کے مشاعروں میں پابندی سے شریک ہوتا تھا، اپنا کلام ہر ایک اردو اخبار اور رسالے میں چھپوانے کی عادت تھی، مرنے سے دو برس قبل میرے پاس مطبوعہ نظموں کے تراشوں کا ایک بھاری بنڈل لے کر آیا تھا۔ چاہتا تھا کہ

میں اس کی نظموں کو مرتب کر کے مقدمہ لکھ دوں۔ میں نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ جدید نظم نگاری سے ایسی پرانی نظمیں میل نہیں کھاتی ہیں اور ان کی اشاعت غیر افادی ہوگی۔ اس کو میرے انکار سے ملال ہوا، اور اس نے مجھ سے راہ و رسم میں کمی کر دی۔

بوجہ زود گوئی اس کے کلام میں فکری اساس کم تھی، بنیادی طور پر غزل کا شاعر تھا، اس کی قوت احساس بڑھی ہوئی تھی، مائل بہ تخیل طرازی بھی تھا، اپنے کلام کا پرستار تھا، اپنے ہر شعر کی داد ۱۶ا چاہتا تھا، اس کی طویل غزلیات میں عمدہ اشعار کی کمی نہیں تھی، اس کا مجموعہ کلام مسمیٰ نگار خانے ۱۹۶۶ء میں شائع ہوا تھا، انتخاب کلام مندرجہ ذیل ہے:

منتظر پھر ہے کوئی شام ڈھلے ساحلوں پر کہیں چراغ جلے
عمر بھر سوزِ غم کے داغ جلے کیوں اندھیرا ہے پھر چراغ تلے
میکدے میں وہ دور جام چلے زندگی جھوم گئی رات ڈھلے
عاشقِ درد، عاشقِ درماں جانے کس راہ پر حیات چلے
پرورش پائی ایک دنیا نے تیرے دامانِ آرزو کے تلے
ہم شگفتہ سحر نہ دیکھ سکے سو گئے تھے چمن میں رات ڈھلے
اس لیے مطمئن ہوا غم سے زندگی کا خیال سر سے ٹلے
دل کی دنیا تھی پر سکوں لیکن پھر بھی دنیا نے زیب ہاتھ ملے

مری آنکھوں میں آنے کو تو آنسو عمر بھر آئے دمِ رخصت ترے آگے باندازِ دگر آئے
وہی ہیں زینتِ ساحل پسِ طوفان بربادی تصادم سے جو کچھ ٹوٹے سفینے لوٹ کر آئے
مری نظروں میں وہ ہی منزلِ مقصودِ ہستی ہے جہاں سے اپنے جینے کی نہ مرنے کی خبر آئے
وہاں تک دیکھنے کی فکر میں دنیا پریشاں ہے جہاں سے بارہا وحشت میں دیوانے گزر آئے
مری دیوانگی پر آ گئی ان کو ہنسی شاید شرارے بجلیوں کے پھر پسِ چلمن نظر آئے
جہاں اکثر پسِ پردہ محبت مسکراتی ہے وہاں سے زیب در پردہ پیامات نظر آئے
شاہراہوں میں زمانے کے قدم آئے ہیں ہمسفر جادۂ دشوار میں کم آئے ہیں
سانس آتی ہے تو جذبات بھڑک جاتے ہیں پھر بھی احباب بایمائے کرم آئے ہیں

مژدہ اے عشق کہ تکمیل محبت ہوگی
حوصلہ حسن کے سرگرم ستم آئے ہیں
میرے احساس کی حد تک تو پہنچ کر دیکھیں
میرے جذبات میں احباب کو غم آئے ہیں
کس نے سمجھا ہے غم عشق کا منشا اب تک
سیکڑوں میری طرح محرم غم آئے ہیں
سجدہ فرما ہے وہاں زیب جبین انساں
ایک مرکز پہ جہاں دیروحرم آئے ہیں
جس میں تراخیال مرا ہمسفر نہیں
میں نے سمجھ لیا وہ تری رہگزر نہیں
تسکین اضطراب کی صورت اگر نہیں
وہ زندگی عشق کبھی معتبر نہیں
آنکھیں تھیں بند جب ترے جلوے تھے روبرو
آنکھیں کھلیں مری تو کوئی جلوہ گر نہیں
افسانۂ حیات کا عنواں کسے تھا یاد
ماتم شہید ناز کا ہوتا اگر نہیں
دل پر ابھی ہے نقش اسی انجمن کی یاد
جس انجمن میں زیب ہماری گزر نہیں
تم مرے عزم مصمم کی قسم بن جانا
مسکرا کر غم ہستی کا بھرم بنجانا
شام کمسن ہے جواں شب ہے سحر ہے معصوم
ان فضاؤں میں تم آغوش ارم بن جانا
میری مجبور محبت کے سہارے کے لیے
راہ دشوار میں داماندہ قدم بن جانا
سونا سونا ہے محبت میں شبستان مرا
تم تصور میں ہی تصویر کرم بن جانا
مسکراتے ہوئے پھولوں کی قسم زیب تمہیں
ہنستے ہنستے نہ کہیں پیکر غم بن جانا
جب احتساب حسن کو اہل نظر گئے
جلوے ترے فضاؤں میں ہر سو بکھر گئے
اب ترک معصیت کا خیال آرہا ہے کیوں
کیا میرے جام شوق گناہوں سے بھر گئے
جن کے مذاق شوق میں اک زندگی سی تھی
وہ میرے ہم خیال نہ جانے کدھر گئے
ساغر بدست دیکھ کر ساقی کو آج ہم
محفل میں زیب جرأت رندانہ کر گئے

اس کی غزل کی غنائیت، ہلکی رمزیت، نشاط غم، غیر ژولیدہ تخیل، کھلی کھلی فضا اور نکھرا نکھرا اسلوب متاثر کرتا ہے۔

اس کو شہرت قطعات نگاری سے بھی ملی جن کی تعداد کثیر ہے۔ چند قطعات مندرجہ ذیل ہیں:

محبت کے دوراہے سے چلیں، چل کر مہک جائیں
غبار راہ ومنزل کے دھندلکوں میں بھٹک جائیں

وہاں کیا رہروان کوچۂ ہستی کریں آخر
جہاں پر حوصلے باقی رہیں اور پاؤں تھک جائیں

رات دن گردش ایام پہ رونا آیا
صبح کے بعد مجھے شام پہ رونا آیا

میری وحشت نے بدل دی میری فطرت اتنی
جام آیا تو مجھے جام پہ رونا آیا

میرے غم کو پوچھنا کیا، مری آرزو مَسل کر
میرا ساتھ چھوڑنا کیا، مرے ساتھ ساتھ چل کر

رہ زندگی کے مالک، میں یہ پوچھتا ہوں تجھ سے
مرا پیار رہ گیا کیوں مری منزلیں بدل کر

اشعار کی آمد ہے کہ بہتا ہوا پانی
جذبات کی شورش ہے کہ موجوں کی روانی

احباب سین غور سے آواز یہ دل کی
عنوان غزل ہے کہ محبت کی کہانی

اس بات کے علاوہ کہ اس کے یہاں شعرا سے ملاقات ہوتی تھی، ان کے اشعار سننے کو ملتے تھے، خود اس کے ذریعہ مجھے اس تذکرے کے لیے درجنوں ہندو شعرا کے حالات معلوم ہوئے اور ان کا کلام نظر سے گزرا۔

اس کا سرمایۂ اردو اس کے مکان واقع ذکاتی محلّہ میں محفوظ ہے۔ اس کی غزلیات نظر ثانی اور نئی ترتیب و مقدمے کے ساتھ شائع ہوسکتی ہیں۔

اس کی وفات بعارضہ قلب ۲۲/ مارچ ۱۹۷۸ء کو ہوئی۔

شکیلؔ، شکیل غوث:

خلف سید جلیل غوث بن سید خلیل غوث بن شاہ محمد غوث بن شاہ سید فضل غوث ساقی (م ۱۸۸۹ء) متولد بریلی، رامپور میں قیام کیا، نئے لب و لہجے کا شاعر ہے۔ از وست :

عہد رفتہ کا ہر اک نفس نظر سے گزرا
قافلہ یادوں کا سب میری نظر سے گزرا

ٹوٹ کر رہ گیا پندار تعلق کا حصار
جب وہ مجھ سے نہ ملا اور مرے گھر سے گزرا

اب گھنی چھاؤں ملی ہے تو خفا ہیں احباب
وہ جو تپتا ہوا سورج مرے سر سے گزرا

خاک کی طرح بکھر جائے گا سایے کا طلسم
ایک جھونکا بھی ہوا کا جو شجر سے گزرا

حوالہ: سوینیئر بروفات محشر رامپوری بابت ۱۹۶۰ء

شائق، اشفاق علی خاں:

۱۹۱۵ء کو بریلی میں پیدا ہوا، ۱۹۴۰ء میں بریلی کالج بریلی سے بی اے کا امتحان پاس کیا، ایم ای ایس میں اکاؤنٹ کلرک کی حیثیت سے ملازمت کی، بہ سلسلہ ملازمت لکھنؤ میں رہا، تقسیم وطن کے بعد راولپنڈی گیا، غزل گیت اور سانٹ کا شاعر تھا، تینوں اصناف سخن پر مشتمل مجموعے صدیق بک ڈپو لکھنؤ سے شائع ہو چکے ہیں۔ سانٹوں کے مجموعے کا نام نغمات ہے، جو ۱۹۴۳ء میں شائع ہوا، حنیف کیفی نے اپنی کتاب ''اردو شاعری میں سانٹ'' میں اس کو متعارف کرایا ورنہ بریلی میں اس کو کوئی نہیں جانتا ہے۔ اس کی کتب بھی نایاب ہو چکی ہیں۔ ذیل میں اس کا ایک سانٹ درج کیا جاتا ہے جو اس نے اپنے ایک دوست احتشام کی مدح میں تحریر کیا تھا۔

احتشام اے مونس ہر خاص و عام
اے مجسم مہر و سرتاپا وفا
اے امین رنج خوار و غمگسار
اے کہ میرا صرف تو دمساز ہے ۴
حامی ارباب خوش خلق کرام
حاجز کج فطرتی ناروا
میرے دل میں ہے ترا عز و وقار
مجھ کو تیری دوستی پر ناز ہے ۸
تو ہے راہ دوستی کا رہنما
تیری ہستی باعث صد افتخار
احتشام، اے باوفا، تیری قسم
یار اور تیری طرح ملتے ہیں کم ۱۲
شائق حسن ادا سے انس زا
شاہد الطاف کا آئینہ دار ۱۴

اس کا شمار بھی ان شعرائے بریلی میں کیا جائے گا جو روایتی شاعری کے خول سے باہر نکل کر جدید ادراک، حسیت اور ہیئت کی طرف راغب ہوئے اور نئے مضامین و فارم کو اپنانے کی کوشش کی۔ چونکہ اس کے مطبوعہ مجموعہ ہائے کلام ہمدست نہیں ہوئے، مزید گفتگو ممکن نہیں ہے:

حوالہ: اردو شاعری میں سانٹ ص ۱۵۶

شمسؔ، شمس الحسن:

خلف مولوی ابوالحسن عاصی بریلوی، تلمیذ قاسم علی خواہاں، تحصیل علم دارالعلوم منظر اسلام بریلی میں کی، اسی مدرسے میں طلبا کو درس بھی دیا، اسلامیہ انٹر کالج بریلی میں فارسی اور اردو کا اسسٹنٹ ماسٹر رہا، اس نے مندرجہ ذیل کتب پر مقدمہ لکھا یا ان کو اردو میں منتقل کیا:

مقدمہ مثنوی میر حسن، ترجمہ گلستاں اور بوستاں، مدراج النبوت، تاریخ الخلفاء سیوطی، غنیۃ الطالبین، تشریح دیوان حضرت معین الدین چشتی، ترجمہ عوارالمعارف ترتیب حدائق بخشش دیوان مولوی احمد رضا خاں رضا بریلوی، مکاتیب اورنگ زیب کا ادبی جائزہ، ترجمہ نفحات الانس۔

کراچی میں مقیم ہے اور بیشتر کام وہیں کیا ہے۔ رائٹرس گلڈ کراچی نے اس کو انعام بھی دیا۔ نعت وغزل کا شاعر ہے، اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتا ہے۔ اس کا کوئی مجموعۂ کلام میری نظر سے نہیں گزرا۔ ازوست :

اشک دامن پہ گرے، زینت کا ساماں ہو گئے　　کچھ گلستاں اور کچھ جان گلستاں ہو گئے

میں نے اس کو اس زمانے میں دیکھا تھا جب وہ اسلامیہ انٹر کالج بریلی میں مدرس تھا۔ اس کی ترجمہ کی ہوئی کتابیں میری نظر سے گزر چکی ہیں۔

شوقؔ، محمد نبی:

خلف الٰہی بخش جو محلّہ بخشی والان بجنور کا رہنے والا تھا، محمد نبی شوق کی پیدائش محلّہ کاغذی ٹولہ شہر کہنہ بریلی میں ہوئی۔ سال پیدائش ۲۱ر ستمبر ۱۹۲۱ء۔ اس کی ابتدائی تعلیم بریلی میں اور ثانوی تعلیم دہلی میں ہوئی، منشی فاضل کا امتحان پاس کیا، مدرسہ اشاعت العلوم سرائے خام بریلی میں مدرس ہو گیا، اسی مدرسے میں منشی علی حسین ضمیر، فتاویٰ کی نقل نویسی پر مامور تھا، دونوں کے مابین چشمک تو

تھی ہی، اختلاف عقائد بھی تھا۔ دونوں کو چڑھانے والے اور مزہ لینے والے شعرا بھی کم نہیں تھے۔ چنانچہ دونوں میں معرکہ آرائی ہوئی اور معاملہ شب و شتم تک پہنچا۔

محمد نبی شوق نے شہر کہنہ بریلی کی سخن آرائی کو قائم رکھا اور جو خلا مرزا رستم یار بیگ قیصر کے اخلاف و تلامذہ کے ترک وطن کی وجہ سے پیدا ہوا تھا اس کو پُر کیا۔ خود مشاعرے کیے، مشاعروں میں شرکت کی ادبی انجمن بنائی۔

اس کی غزلیات ہم دست نہیں ہوئیں، مرزا انور بیگ انور چغتائی کی سعی سے ایک نعت میسر آئی جس کے تین اشعار مندرجہ ذیل ہیں۔

سرمژگاں ٹھہر جائے جو لے کر نام سرور کا	خدا شاہد وہ اک آنسو ہے ضامن زندگی بھر کا
ترے قدموں کا اونچا مرتبہ ہے عرش داور سے	ترے قدموں سے اونچا مرتبہ ہے عرش داور کا
وہی اک سانس جو یاد شہ لولاک میں گزرے	اسی اک سانس پہ قربان حاصل زندگی بھر کا

اس کی وفات ۲۲ رجنوری ۱۹۷۷ء کو ہوئی۔

شایاںؔ، تعظیم علی:

بن سید معظم علی جویاں بن قاسم علی خواہاں، ۱۹۲۸ء میں پیدا ہوا، بریلی کالج بریلی سے انٹرمیجیٹ کا امتحان پاس کیا، کمشنری بریلی میں ملازمت کی، اس کے بعد پاکستان گیا اور وہاں بینک میں ملازمت کی، کراچی میں مقیم ہوا۔ ۱۹۸۰ء میں بریلی آیا تھا، میرے خام تذکرے سے ہفتوں استفادہ کیا، میں نے بہ خیال احتیاط اس سے کہا تھا کہ یہ سب خام مواد ہے جس کو میں جانچ کر ہی اپنے تذکرے میں شامل کروں گا، اس نے لگن اور محنت سے میرے خام تذکرے سے نوٹس بنائے حالانکہ مجھے نہیں معلوم اس نے اپنی ڈائری پر کیا نقل کیا، اس نے مجھے بتایا تھا کہ وہ تاریخ شعرائے روہیل کھنڈ تالیف کر رہا ہے، میں نے سنا ہے کہ اس کی کتاب شائع ہوگئی ہے۔

میں نے اس کے خاندان کے شعرا کے متعلق بعض معلومات کی تصحیح کی اور اس نے بکمال عنایت مجھے کراچی سے بعض شعرائے بریلی کے حالات اور اشعار بھی بھیجے۔

میری فرمائش پر اس نے اپنی ایک غزل بھی عنایت کی جو مندرجہ ذیل ہے:

زیست عشاق کی مشکل کبھی ایسی تو نہ تھی — سختی جادۂ منزل کبھی ایسی تو نہ تھی
جذبۂ شوق مرا آج بھی یاد آتا ہے — موج آسودۂ ساحل کبھی ایسی تو نہ تھی
ہم سیہ بخت ترے نور کے محروم سہی — تیرگی اے مہ کامل کبھی ایسی تو نہ تھی
زندگی یوں تو عبارت ہے ہجوم غم سے — کثرت فکر وسائل کبھی ایسی تو نہ تھی
ساقیا، بزم سے اب اٹھ کے چلا ہے شایاں — آہ، بے کیف یہ محفل کبھی ایسی تو نہ تھی

یہ خوشی کی بات ہے کہ شایاں نے اپنے خاندان کی ڈیڑھ سو سال پرانی روایت شاعری سے گریز کر کے جدید طرز سخن اختیار کیا۔

میں نے اس کے اہل خاندان سے جو میرے پڑوس میں رہتے ہیں سنا تھا کہ شایاں ۴ر محرم الحرام ۱۴۱۱ھ بروز جمعہ مطابق ۲۷ر جولائی ۱۹۹۰ء کو کراچی میں فوت ہوا۔

شیواؔ، مفتی صابر حسن:

مفتی عماد الحسن محو کا فرزند، علوم شرقیہ میں ماہر، ویسٹرن انگلس میموریل ہائی اسکول بریلی (تلک انٹر کالج بریلی) میں ٹیچر، ساکن ذخیرہ پھاٹک برکات احمد بریلی۔ شریف النفس، ذہین، طباع اور خاندانی روایت علم وتہذیب کا امین، سنجیدہ اور باوقار، محو کی ۱۹۲۶ء میں وفات کے بعد اس کا جانشین مقرر ہوا۔ استاذ سخن اور صاحب تلامذہ بزم ادب کے ذریعہ شعر وشاعری کو فروغ دیا، مشاعروں میں شریک ہوتا تھا۔ نیا شہر بریلی کی ادبی سرگرمیوں کا روح رواں تھا، تقسیم وطن کے بعد کراچی گیا اور پھر واپس نہیں آیا، میں نے اس کو دیکھا اور مشاعروں میں سنا تھا، بعد کو اس سے خط وکتابت کا سلسلہ جاری ہوا، اس نے ضروری حالات پر مطلع کیا اپنا اور محو کا کلام بھیجا، شاعری میں اپنے والد سے اصلاح لی اور اپنے خاندان کی روایت شاعری کو جو غالب وشیفتہ سے متاثر تھی، قائم رکھا، اس کی غزلیات جو اس کے ترک وطن سے پہلے کی ہیں، ان کا نمونہ مندرجہ ذیل ہے:

نظر میں تاب تماشائے راز رہنے دے — حقیقتوں کو بہ طرز مجاز رہنے دے
ابھی شعور نشیب و فراز رہنے دے — ابھی سے ختم نہ کر امتیاز رہنے دے
جنون عشق کی مختاریوں کا ذکر نہ چھیڑ — نوائے شوق کو ہنگامہ ساز رہنے دے

حدیث طول شب ہجر ساتھ کیا دے گی بیان قصۂ زلف دراز رہنے دے
حضور دوست نہ کر ظرف آستیں کا گلہ وفور گریۂ غم کا جواز رہنے دے
جنم دیا اسی کاوش نے خودنمائی کو غرور کاوش آئینہ ساز رہنے دے
کچھ آزمائش ظرف نظر کی راہ نکال تجلیوں سے ابھی ساز باز رہنے دے
یہاں تو چین سے گزرے نہ چار دن شیوا خضر کا قصۂ عمر دراز رہنے دے

مشاعروں میں شعرا اور سامعین کہتے تھے کہ شیوا صاحب ادق لکھتے ہیں۔ جب شیوا کراچی پہنچا اور احساس غریب الوطنی نے اس کے اعصاب کو جھنجھوڑا تو تراکیب کی تلاش اور دقت خیال رخصت ہوگئی، احساس غریب الوطنی نے اس کا تعاقب کیا:

کچھ ایسی ساعت میں گھر چھٹا تھا قدم تھے ایسی گھڑی میں نکلے
کہ پھر میسر ہوا نہ آنا ہمیں کبھی لوٹ کر وطن میں
کچھ ایسا ہوتا ہے وہم دل کو خیال رہ رہ کے آ رہا ہے
تمہیں بھی کچھ یاد ہے عزیزو کبھی تھے ہم بھی اس انجمن میں

صدمۂ غربت نے اس کے اسلوب سخن کو بدل دیا، جذبات کی آگ بھڑکی، تخیل طرازی گئی گزری ہوگئی، اشعار سوزش قلب سے آشنا ہوئے۔

بے محل پرسش حالات پہ رونا آیا اس رہ و رسم ملاقات پہ رونا آیا
دیکھ کر رند کے ماتھے پہ ندامت کا عرق شیخ کے زعم کرامات پہ رونا آیا
دل نے جب عشرت ماضی کا فسانہ چھیڑا اپنے گزرے ہوئے لمحات پہ رونا آیا
ان کی پرستش پہ یہ نوبت تو نہ آئی تھی کبھی آج کیا ہے مجھے ہر بات پہ رونا آیا
کچھ ہنسی آئی زمانے کی روش پہ شیوا کچھ بدلتے ہوئے حالات پہ رونا آیا
ہم تھے نہ اشکبار، ابھی کل کی بات ہے دل پر تھا اختیار، ابھی کل کی بات ہے
اوراق گل ہنوز ہیں تفسیر رنگ وبو ہنگامۂ بہار، ابھی کل کی بات ہے
یا اب قسم کا آپ کے دل کو یقیں نہیں وعدے پہ اعتبار، ابھی کل کی بات ہے
وہ زخم جو ملے تھے تبسم سے آپ کے تھے روکش بہار، ابھی کل کی بات ہے

اب دوست بھی شریک نہیں اپنے حال کے — تھے غیر غمگسار، ابھی کل کی بات ہے
ہر بادہ کش کو تیرے کرم کا تھا اعتراف — ساقی ترے نثار، ابھی کل کی بات ہے
میری زباں سے آپ، میری داستان غم — سنتے تھے بار بار، ابھی کل کی بات ہے
ساحل پہ آکے کوئی سفینہ ہوا تھا غرق — موجیں تھی سوگوار، ابھی کل کی بات ہے
معذور عرض شوق سے ہم تھے، وفا سے تم — یہ جبر و اختیار، ابھی کل کی بات ہے
شیوا نہ دے فریب زمانے کو ضبط کا — غم سے ترا فرار، ابھی کل کی بات ہے

پلکوں پہ آنسوؤں کا عالم — کانٹوں پہ بکھر گئی ہے شبنم
واقف جو نہ تھے نشاط غم سے — کرتے رہے زندگی کا ماتم
سوچو تو زمانہ کیا کہے گا — افسانہ بنے نہ قصۂ غم
جو زخم ہے منھ چڑھا رہا ہے — بیکار ہو جیسے فکرِ مرہم
تفسیر مآل زندگانی — شیوا مری خامشی کا عالم

شیوا کی غزلیات کی یہ کھلی کھلی فضا، نشاط غم کا رچاؤ، رااں اور جذباتی اسلوب بیان دلکشی اور دلپذیری سے لبریز ہے۔ یہی وہ اشعار ہیں جن میں اس کی اصل شخصیت اور اس کی فنی مہارت نظر آتی ہے۔

شیوا عمدہ نعت گو بھی تھا، سیرۃ النبی بریلی کے مشاعروں میں پابندی سے شریک ہوتا تھا، مندرجہ ذیل نعت اس نے کراچی سے بھیجی تھی:

آپ کے عشق کو جس نے اپنا لیا، آپ کی آرزو میں جو کام آ گیا
اس کو اک مستقل زندگی مل گئی، اس کو لطف بقائے دوام آ گیا
خلوت عرش سے فرش پر آج وہ انبیا و رسل کا امام آ گیا
جس کے قبضے میں کل کائنات آ گئی، جس کے زیر نگیں ہر نظام آ گیا
اللہ اللہ شوق حضوری مرا، ہو گیا طے تصور میں سب فاصلہ
مرحلے سر ہوئے جیسے جھپکے پلک، جب کھلی آنکھ بیت الحرام آ گیا
ہاں سنبھل جوش شوق زیارت سنبھل، شرط پاس ادب ہے، نہ اے دل مچل
سبز گنبد کے جلووں نے مژدہ دیا، دیکھ نزدیک دارالسلام آ گیا

یوں بھی ہوتا ہے طیبہ کے ارمان میں، ذوق و کیف تمنا کے طوفان میں
جیسے اذن حضوری مجھے مل گیا، جیسے میری طلب کا پیام آ گیا
فرض تصدیق و تعمیل فرمان اب آرزو کا تقاضہ وفور ادب
جب کسی نے ترا نام نامی لیا، میرے لب پر درود وسلام آ گیا
ان کے جلووں سے کونین معمور ہے، فرش سے عرش تک عالم نور ہے
خاتم الانبیا جلوہ فرما ہوئے یا ستاروں میں ماہ تمام آ گیا
اللہ اللہ معراج کا وہ سماں، اٹھ گئے جو حجابات تھے درمیاں
التحیۃ للّٰہ کہا آپ نے، اس طرف سے جواباً سلام آ گیا
وہ کہاں اور توصیف خیرالبشر، وہ کہاں اور نعت شہ مرسلیں
یہ سعادت بھی اپنی جگہ کم نہیں، مدح خوانوں میں شیوا کا نام آ گیا

شیوا کا کراچی میں ڈاکٹر محمد ایوب قادری سے تعلق پیدا ہوا، ایوب قادری نے شیوا سے روایات خاندانی سن کر یکجا کیں اور ان کو مطائبات غالب کے عنوان سے قومی زبان کراچی بابت فروری ۱۹۷۱ء میں شائع کرایا۔ یہ مقالہ ایوب قادری کی کتاب ''غالب اور عصر غالب'' میں شامل ہے۔ (ص ۲۰۳ تا ص ۲۳۴) ایوب قادری نے ایک مضمون 'شیوا بریلوی'' بھی تحریر کیا جو میرے مطالعے میں نہیں آیا ہے۔

شیوا کا کلام شائع نہیں ہوا، دس بارہ برس قبل اس کا ایک شاگرد اس کی بیاض اشعار کے ساتھ کراچی سے بریلی آیا اور مجھ سے مقدمہ لکھوا کر واپس چلا گیا۔ اب نہ شیوا کے دیوان کا پتہ ہے اور نہ اس کے شاگرد کا۔ شیوا کی دید اور پس دید میں ساٹھ سال کا دور شاعری ہے۔ اگر اس کا دیوان شائع نہیں ہوا تو یہ محرومی کی بات ہوئی۔

شیوا کی وفات ۶ رنومبر ۱۹۷۵ء کو کراچی میں ہوئی، تعزیتی جلسہ بریلی میں بھی ہوا۔

ضمیرؔ، علی حسین:

محلّہ شاہ آباد، متصل دیوان خانہ، منالال چھیدا لال، بریلی میں اس کا اپنا مکان تھا۔ اس کے

مکان کے سامنے استاذی پروفیسر محمد تسنیم صدیقی کا مکان تھا، میں خود اس زمانے میں محلّہ شاہ آباد میں رہتا تھا اور استاذی پروفیسر تسنیم صدیقی کے یہاں جاتا رہتا تھا۔ اس سے یاد اللہ ہوگئی۔ پروفیسر صاحب کے مکان کے ملحق ایک قطعۂ آراضی میں اس کی ٹال تھی جس میں ایندھن کی لکڑیاں فروخت کرتا تھا۔ ٹال میں ایک کھرّے پلنگ پر لیٹا بیٹھا رہتا جہاں شعرائے بریلی بھی آکر بیٹھتے اور شعر و سیاست پر گفتگو کرتے تھے۔ اس کا حافظہ بہت مضبوط تھا اور کم سے کم بریلی کی ساٹھ سال (۱۹۰۰ء تا ۱۹۶۰ء) کی تاریخ کا واقف کار تھا۔ اس کو ۱۹۰۰ء سے قبل کے شعرا سے بھی جزوی واقفیت تھی جن کے حالات و اشعار اس نے اپنے بچپن میں سنے تھے، میں نے اس سے دور متاخرین کے شعرائے بریلی کے حالات و اشعار جمع کرنے میں مدد لی اور اس کی نشاندہی پر ہی ان شعرا کے وارثین و تلامذہ تک پہنچا۔ میری نظر میں اس کی یہ مدد ایک محسن ادب کی طرح تھی۔ وہ بہت شریف النفس اور سادہ لوح انسان تھا۔ بہت زود حس تھا، باریک بیں تھا، اشعار کے محاسن و معائب کو بیباکی سے بیان کرتا تھا، چناں چہ اشعار کی تنقیص بالا علان کی وجہ سے فتنے پیدا ہوئے اور اس کے حصے میں ملامت آئی۔ نظیر، رسا، شوق وغیرہ اس کے خلاف صف آرا ہوئے۔ بعد کو طبیب میرٹھی اور امید رضوی سے بھی کھٹک گئی، عمر کے دور آخر میں اس کی تنہائی شریک حال تھی، فریضۂ حج سے فارغ ہونے کے بعد بوجہ کبرسنی اور عارضہ دردگردہ ٹال پر بیٹھنا بند کر دیا۔ میں گاہے ماہے اس سے گھر پر ملاقات کر لیتا تھا، آخر میں مجھ سے بھی بدگمان ہوگیا اور استاذی پروفیسر محمد تسنیم صدیقی سے میری شکایت کی۔ میں محتاط ہوگیا اور اس سے ملاقات ترک کردی۔ میرے دل میں اس کے لیے بہت عزت اور ہمدردی ہے۔ میں یہی سمجھتا ہوں کہ بریلی کے شعرا نے اس کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔

اس کا ابتدا میں تخلص جفا تھا، مرزا رستم یار بیگ قیصر کا شاگرد تھا، گلدستۂ نہال سخن بریلی میں اس کی غزلیات کے سرعنوان جفا تخلص اور قیصری درج ہے۔ بعدہٗ اس نے ضمیر تخلص اختیار کیا اور ماہنامہ الشّمس بریلی بابت فروری ۱۹۲۶ء میں اس کی غزل کے سرعنوان علی حسین ضمیر قیصری مندرج ہوا۔ اس کے بعد اس نے قمر بدایونی اور سیماب اکبرآبادی سے رجوع کیا۔ اس کے بقول سیماب اکبرآبادی نے اس کو ۱۹۳۸ء میں فارغ الاصلاح کر دیا تھا۔ یہ بات اپنی جگہ تعجب کی ہے کہ وہ ۱۹۳۸ء تک محتاج اصلاح رہا جب کہ اسکی عمر لگ بھگ پچاس برس کی تھی اور اس کو شعر کہتے ہوئے

بھی چوتھائی صدی گزر چکی تھی۔

ضمیر نے اپنا کلام ایک دیوان کی شکل میں مرتب کرلیا تھا جو مجھے اس کی حیات میں یا اس کی وفات کے بعد برائے مطالعہ ہم دست نہیں ہوا۔ غزل، نعت اور منقبت کا شاعر تھا، مشاعروں میں شریک ہوتا تھا، بیرون جات کے مشاعروں میں بھی شریک ہوتا تھا، چونکہ اپنے عہد جوانی میں میلاد خواں تھا، آواز اور لحن پر قابو تھا، بہت پرسوز طرز میں غزل پڑھتا تھا، ہماری بزم احباب کے مشاعروں میں بھی کبھی کبھار شریک ہوا، اس کے تلامذہ میں عبدالمعید خاں عامل، فرقان احمد خاں عزم اور محمد ابراہیم خاں راز مقامی طور پر بہت مشہور ہوئے۔

ضمیر کی غزلیات میں خفیف درد کی کسک ملتی ہے جس کو اس کی پرسوز ادائیگی نمایاں کردیتی تھی۔ تراکیب، ادق الفاظ اور تخیل طرازی کا دلدادہ نہیں تھا، صاف ستھری زبان میں جذباتی اشعار لکھتا تھا، تکرار لفظی اور محاورہ و روزمرہ سے اشعار میں زور پیدا کرتا تھا، اس کے اس رویے سے تغزل میں نکھار اور دلکشی پیدا ہوئی۔ اس کا نمونہ کلام مندرجہ ذیل ہے:

چمن کہاں قید ہوں قفس میں، قفس میں کیوں کر بہار آئے
یہاں ہوا بھی نہیں میسر، وہاں نسیم بہار آئے
صلائے عام اہل سوز دل کو، بہ شوق ہر جاں نثار آئے
ہے آج فرمان میر محفل جو آئے پروانہ وار آئے
مقام عین الیقین میں ہوں، مآل پر وہ نگاہ میں ہے
یہی تو ہے مدعا کسی کا، بغیر دید اعتبار آئے
بہار سے میں، بہار مجھ سے، قفس کی تخصیص کچھ نہیں ہے
بہار کا فرض اولیں ہے، جہاں رہوں میں بہار آئے
حقیقت حشر جانتی تھی، لطیف ماحول کی نمائش
اسی لیے تو سب اگلے پچھلے، لباس ظاہر اتار آئے
کریں گے وعدہ ضرور ایفا، وفائے وعدہ ہے ان کا شیوہ
یہ دیریوں ہے کہ منتظر کو، سلیقۂ انتظار آئے

وہ بعد گشت فضائے عالم، حقیقتاً مرجع سکوں تھا
جہاں سے دل لے کے ہم چلے تھے، وہیں برائے قرار آئے
یہ سچ کہا آپ نے، نہ رونا ضمیر کے اختیار میں ہے
اور اس کی تدبیر کیا کرے وہ، جو نالہ بے اختیار آئے

یہ نہیں معلوم ان کے در سے کیا پائیں گے ہم
یہ وہی جانیں مگر سجدے کیے جائیں گے ہم
مقصد دل جستجوے دوست میں پائیں گے ہم
ڈھونڈتے آئے ہیں ان کو، ڈھونڈتے جائیں گے ہم
فصل گل تک ہیں ترے گلشن میں اے گلچیں مقیم
اور دو اک دن گزرنے دے، چلے جائیں گے ہم
موج بحر زندگانی تک ہے منزل کی تلاش
ڈوبنے کے بعد خود ساحل سے مل جائیں گے ہم
راہرو تو ہیں قیام راہ کے قایل نہیں
منزل آئے گی جہاں خود ہی ٹھہر جائیں گے ہم
ہستی موہوم کے پردے میں صورت دیکھ لو
دیکھنے والو تمہیں پھر کیا نظر آئیں گے ہم
جلوہ فرمانے سے پہلے صرف اتنی عرض ہے
یہ بتا دیں آپ کب تک ہوش میں آئیں گے ہم
یا خدا انجام ذوقِ منزل جاناں بخیر
دل یہ کہتا ہے کہ آگے بڑھ کے لٹ جائیں گے ہم
حسن پر قربان ہونا اپنی فطرت ہے ضمیر
جس جگہ چاہیں گے جب چاہیں گے مٹ جائیں گے ہم
راز پیغام سحر، نالۂ شب گیر میں ہے
میں اندھیرے میں ہوں، دل عالم تنویر میں ہے
دعوت حسن توجہ کے اشارات نہ پوچھ
کوئی دل کھینچنے والا تری تصویر میں ہے
حال مستقبل ارباب محبت توبہ
میں وہ کہتے ہوئے ڈرتا ہوں جو تقدیر میں ہے
پھر کہاں بعد فنا غلبۂ رنگ فانی
صرف تخریب یہیں تک مری تعمیر میں ہے
کوئی بدنام محبت ہی سمجھ سکتا ہے
راز توقیر جو پنہاں تری تشہیر میں ہے
صبح کے ڈوبتے تارو یہ بتا دو مجھ کو
میرے دل کا بھی ابھرنا مری تقدیر میں ہے
ہم جسے کرتے ہیں منسوب تغافل سے ضمیر
وہ بڑا راز ہے جو پردۂ تقدیر میں ہے

اس کی وفات ۲۶؍جون ۱۹۶۸ء کو ہوئی، اس کے ساتھ ہی ایک عہد کی شاعری ایک عہد کی معاصرانہ چشمکوں اور بزرگ شعرائے بریلی کے سلسلے کا خاتمہ ہو گیا۔ بس نام رہے اللہ کا، اب نہ ضمیر ہیں نہ نظیر، نہ رسا ہیں نہ امید، نہ شوق ہیں نہ طبیب سب پیوند خاک ہو گئے۔ کچھ دن کے بعد وہ

اشخاص بھی جنھوں نے ان کی گرم بازاری سخن دیکھی ان کی چشمکوں سے حظ حاصل کیا، پیوند خاک ہو جائیں گے اور پھر وہی سناٹا، گمنانی کا سناٹا، شاید آئندہ صدی میں لوگ ضمیر کو بھول چکے ہوں گے۔

عبرتؔ، تبارک علی:

میری جب اس سے ملاقات ہوئی، محلّہ کہاڑا پیر، تھالی والان میں رہتا تھا۔ اس کے بعد محلّہ شاہ آباد میں مسجد گھیر عبدالقیوم کے عقب میں ایک مکان میں رہنے لگا تعلیم اردو و ہندی مڈل تک، ٹیچرس ٹریننگ کا امتحان بھی پاس کیا، محلّہ بان خانہ بریلی کے میونسپل بورڈ کے اسکول میں ملازم تھا، قلیل آمدنی اور کثیر العیالی کے باوجود قانع صابر اور خوددار تھا، پابند صوم وصلوٰۃ خلیق اور ملنسار تھا، بعد کو نوکری سے استعفادے کر کراچی گیا اور کراچی میں ہی ۲رستمبر ۱۹۹۰ء کو فوت ہوا۔

اس کا ذوق شعری فطری تھا، حکیم ضمیر حسن دل شاہ جہان پوری (م ۱۹۵۸ء) کا شاگرد ہوا۔ اس کا کلام شعر جو سب سے پہلے میری نظر سے گزرا وہ صور قیامت ہے جس پر ڈاکٹر امیر حسن نے رائے دیتے ہوئے تحریر کیا ''صور قیامت مسلمانوں کی رفعت و پستی کا مجمل مگر عبرت انگیز اور روح کو تڑپا دینے والا خاکہ ہے۔ اس میں نہایت موثر انداز میں یہ بتایا گیا ہے کہ مسلمانوں کی تخلیق کا مقصد کیا ہے۔ اس کا پیام کیا ہے، وہ کیا تھا، کیا ہے اور اسے کیا ہونا چاہیے۔'' صور قیامت پر مدر جزر اسلام کا اثر ہے۔ مزید برآں عہد اقبال کا اسلوب و آہنگ بھی نمایاں ہے۔ تاہم صور قیامت پر ہی یہ کوشش ختم ہو جاتی ہے۔ اس کی پہچان اس کی غزلیات ہیں جن میں طہارت فکر اور طہارت زبان اور تلاش حسن کی کارفرمائی ملتی ہے۔ اس نے جو غزلیات کراچی میں تحریر کیں ان میں یاد ماضی کی کسک اور احساس تنہائی کا غلبہ ہے۔ ان غزلیات میں تخیل طرازی کے مقابلے میں شدت جذبات کا اثر ہے۔

عبرت استاد سخن تھا، تقسیم وطن کے بعد جو بریلی کے ماحول شاعری میں وقتی طور پر خلا پیدا ہوا، اس نے اپنے تلامذہ کے ذریعہ پُر کیا اور شب و روز خدمت سخن میں لگا رہا، ہماری بزم احباب کے مشاعروں میں بھی پابندی سے شریک ہوتا تھا۔ عبرت کا نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

ازصور قیامت:

گردش پیہم سے گو پامال ہے ہستی تری   اوج در آغوش ہے پھر بھی مگر پستی تری

گو بہت مایوس کن ہیں یہ تری خاموشیاں انقلاب انگیز ہے لیکن ترا جوش نہاں
بن کے از سرتا بپا حسن عمل میداں میں آ قوم کی مردہ رگوں میں پھونک روح ارتقا
رنگ مستی بن کے پھر، ہر ذرۂ عالم پہ چھا ساز وحدت چھیڑ کر توحید کے نغمے سنا
اب ذرا بیدار ہو، زندہ دلی سے کام لے ہاتھ میں دامان قرآن وشریعت تھام لے
(درس عمل)

ازغزلیات:

جس تجلی کے نظارے کو سحر آتی ہے وہ مجھے تیرے تبسم میں نظر آتی ہے
چاک کرتا ہے حجابات کوئی محو مجال اور تہمت دل مشتاق کے سر آتی ہے
اتفاق اس کو نہ کہئے یہ مقدر ہے مرا جو بلا آتی ہے واللہ ادھر آتی ہے
مجھ کو ناکامیٔ پیہم کا اب احساس نہیں آہ دل لب پہ بہ تائید اثر آتی ہے
دید منزل کی تمنا بھی دل عبرت میں صورت گرد سفر خاک بہ سر آتی ہے
احساس اضطراب، غم بیکسی سے دور اک اور زندگی بھی ہے اس زندگی سے دور
پہلے تو آدمی کو تھا انسانیت پہ ناز انسانیت ہے آج مگر آدمی سے دور
ہے مختلف خیال مرا ہر خیال سے دیوانہ ہوں مگر حد دیوانگی سے دور
پرشش کا شکریہ مگر اے چشم التفات یہ درد ہو سکے گا نہ چارہ گری سے دور
عبرت اگر تلاش نشاط دوام ہے کیجے غم حیات کو سنجیدگی سے دور
قصۂ غم کا نیا طرز بیاں ہوتا ہے اشک جو آنکھ سے ڈھلتا ہے زباں ہوتا ہے
بات یہ اور ہے باور نہ کریں آپ اس کو میرا غم آپ کے چہرے سے عیاں ہوتا ہے
عبرت اس واسطے سینے میں چھپایا ہے اسے داغ دل ان کی محبت کا نشاں ہوتا ہے

مندرجہ بالا اشعار کی چستی اور حشو و زوائد سے گریز قابل عفو ہے۔ اس خصوصیت کے پیش نظر عبرت کافی ممتاز ہے۔

عبرت نے نثری مضامین بھی لکھے، جو شان ہند اور آجکل دہلی وغیرہ میں شائع ہوئے۔ میں نے زمانہ ہوا اس کا مضمون تلسی داس آجکل دہلی میں پڑھا تھا، صاف ستھری نثر لکھنے پر قادر تھا،

تلاش معلومات اور نقد و تبصرے کی صلاحیت رکھتا تھا۔

عبرت کا کلام شعر و نثر ابھی تک شائع نہیں ہوا ہے۔ صور قیامت کا ایک مطبوعہ نسخہ میرے پاس محفوظ ہے۔ یہ بھی نایاب ہوتا جا رہا ہے۔ [وفات: ۱۹۹۵ء]

عاملؔ، عبدالمعید خاں:

تلمیذ علی حسن ضمیر، ساکن فراشی ٹولہ بریلی، بعد کو اپنے مکان ڈھال بہاری پور میں سکونت اختیار کی جہاں میری ملاقات عرش ملسیانی اور آزاد سے ہوئی تھی جو بریلی کالج بریلی کے مشاعرے میں شرکت کے لیے آئے تھے۔ عامل نے اقتصادیات میں ایم اے کیا تھا، بعد کو ایم اے اردو کا امتحان بھی پاس کیا (۱۹۵۱ء)۔ میرا ہم جماعت تھا، بہت شوخ اور شریر تھا، ہم جماعت لڑکیوں کو چھیڑتا اور ان پر اشعار لکھ کر سناتا تھا، میں جب منع کرتا تو جواب دیتے ہوئے کہتا تھا'' کالج کا وقار تم قائم کرو گے۔ مجھے شاعری کرنے دو۔'' اس نے کبھی خوش لباسی اور صفائی پر توجہ نہیں دی، اس کو دیکھ کر کوئی اس کو تعلیم یافتہ نہیں کہہ سکتا تھا۔ اس نے بھی ترک وطن کیا، پہلے صوبۂ سندھ میں انفارمیشن آفیسر ہوا اور بعد کو ملتان میں لکچرار، شادی کر لی تھی، جوانی میں فوت ہوا، شاید ۱۹۸۰ء میں۔

فراشی ٹولہ میں اس کے پھوپا حافظ عبدالجلیل خاں کے یہاں شعرا مقیم ہوتے تھے، ارشدی بدایونی تو برابر آتے تھے، شکیل بدایونی بھی مقیم ہوتے تھے۔ جوش، سیماب اور ساغر نظامی نے بھی قیام کیا، لہٰذا عامل کو شاعری کا چسکا اور عمدہ ترنم سے غزل پڑھنے کا شوق ان شعرا کو سماعت کر کے پیدا ہوا، بہت جلد مشہور ہو گیا، بیرونجات کے مشاعروں میں بھی شریک ہوا۔ اپنے لاابالی پن کی وجہ سے نہ کلام کو محفوظ کیا اور نہ پابندی سے مشاعروں میں شرکت کی۔ غزل اور نعت کا شاعر تھا۔ مجھے اس کے جو اشعار یاد رہے یا اسکے احباب نے سنائے، مندرجہ ذیل ہیں:

خدا خوش نہ ہوگا بغیر محمد   کہے جایئے لاکھ بار اللہ اللہ
جب مری قسمت سے وابستہ ہوئے تو جل گئے   ہائے وہ تنکے کہ جن کو آشیاں سمجھا تھا میں
یہ گھٹائیں یہ ہوائیں یہ پھواروں کی کھنک   آج اے واعظ نہ جا للّٰلہ عامل کے قریب

اس نے مندرجہ ذیل اشعار پاکستان سے بھیجے تھے:

ساحل سمجھ کے آئے تھے عامل یہاں پہ ہم
ساحل نے وہ کیا کہ جو طوفاں نہ کر سکے

ہزاروں میل کی دوری سے کب دل دور ہوتے ہیں
قسم ربط محبت کی یہاں بھی ہم تمہارے ہیں

تصور نے ابھی عامل بڑا احسان فرمایا
ابھی تو چند لمحے ان کی محفل میں گزارے ہیں

عزمیؔ، حامد علی:

برادرزادہ سردار احمد خاں ناظم، تلمیذ مفتی صابر حسن شیوا عثمانی، ساکن محلّہ ذخیرہ بریلی۔ منشی فاضل، انگریزی داں، میونسپل بورڈ بریلی میں مختار، اب پنشنر، خلیق اور ملنسار، دوست دار، پرتبسم، مشاعروں سے گریزاں، دادخواہی سے مجتنب، اشعار کہے اور چھپا کر رکھ دیے، جس کو اہل سمجھا دو چار اشعار سنا کر داد وصول کر لی، بیاض تک نہیں رکھی، چیتھڑوں اور پرزوں پر غزلیں، کچھ رہ گئیں کچھ ختم ہو گئیں، میرے بار بار کہنے پر ایک بیاض میں اشعار نقل کرا لیے ہیں جو میرے پیش نظر ہے۔

عزمی کو مفتیان بریلی کی صحبت ملی، سوزاں اور ناظم اس کے خاندان کے نمایاں شاعر تھے، اس نے ان سے فیض حاصل کیا، اس کی غزلیات میں سطحیت اور ابتذال کا پایا نہ جانا، زلف و گیسو اور معاملہ بندی سے دامن تر نہ کرنا، مفتیان بریلی کی صحبت صالح کا نتیجہ ہے۔ لیکن مفتیان بریلی کے طرز سخن کے برخلاف اس نے مضمون اور تخیل پر زیادہ زور نہیں دیا، اس نے اپنے تجربات اور جذبات کو نظم کیا، اس کے تجربات بھی بوقلموں ہیں۔ اس کے عشقیہ تجربات میں ذاتی و شخصی علامات ملتی ہیں۔ اس کے سماجی تجربات میں ژرف بینی ملتی ہے۔ اس کے احساس کی شدت اور اس کی دیدہ وری کا ثبوت ملتا ہے۔ اس کو مسکرانے اور برجستہ کہنے کی عادت ہے۔ برجستگی اور پرتبسم فضا اس کی غزل کا وصف خاص ہے۔ یہی وہ رویہ ہے جو اس کو جدید اسلوب کا حامل اور اس کی غزل کو بہت پرکشش بناتا ہے۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے :

پھر نہ آئیں گے یہ دن رات قریب آ جاؤ
جانے کب ہوگی ملاقات قریب آ جاؤ

اپنے دامن کی ہوا دے کے سنبھالو مجھ کو
حشر انگیز ہیں جذبات قریب آ جاؤ

اس اندھیرے میں نظر کچھ بھی نہیں آتا ہے
کتنی تاریک ہے یہ رات قریب آ جاؤ

یوں تو ہر روز نگاہوں کو سکوں ملتا ہے
آج کچھ اور عنایات قریب آ جاؤ

ایک مدت سے تمنا تھی تمہیں پانے کی
آج آئے ہیں وہ لمحات قریب آجاؤ

مجھ پہ الزام لگاتے ہیں یہ، دنیا والے
تم سے کرنا ہیں شکایات، قریب آجاؤ

وقت نے فرصت دیدار بہت کم دی ہے
چھوڑ دو ساری مدارات، قریب آجاؤ

نہ اتنا سو کہ اجالے سیاہ پڑجائیں
نہ اتنا جاگ کہ تاروں کو نیند آجائے

یادرکھیں گے مجھے اہل نظر برسوں تک
دوستوں کے لیے تمثیل میں ڈھل جاؤں گا

چاروں طرف ہے شور، ہزاروں ہیں تبصرے
دودل ملے تو جیسے قیامت مچل گئی

اب پھر اسی نگاہ کی دل کو تلاش ہے
جو زندگی کے شام و سحر کو بدل گئی

عزمی سے کچھ تعلق خاطر ہے آج بھی
آنکھیں ملیں تو چہرے کی رنگت بدل گئی

دل اجڑتا ہے تو ہوجاتا ہے مدفن کی طرح
اشک ٹپکے ہے جو لگتا ہے جلے تن کی طرح

آؤ پھر باغ سے چند آم چراکر لائیں
آج تھوڑی سی شرارت سہی بچپن کی طرح

بوڑھے ماں باپ کی قیمت انہیں معلوم نہیں
چھوڑ دیتے ہیں جو ٹوٹے ہوئے برتن کی طرح

ہراک مکاں کے شعلوں میں ہے ایک سی تپش
وہ تیرا گھر نہیں تو پڑوسی کا گھر نہ ہو

جو ہر نگاہ کو اچھا دکھائی دیتا ہے
وہ اپنے قد سے بھی اونچا دکھائی دیتا ہے

ہے لازمی کسی منظر کو اک پس منظر
گلاب آگ پہ شعلہ دکھائی دیتا ہے

ہماری ذات پہ شاید اسی کا سایہ ہو
جو پیڑ سامنے تنہا دکھائی دیتا ہے

چھپاؤ لاکھ مگر لوگ پڑھ ہی لیتے ہیں
کھلی کتاب سا چہرہ دکھائی دیتا ہے

سامنے آئیں تو طاقوں پہ سجا کر رکھ دوں
لوگ آخر پس دیوار رہیں گے کب تک

تلاش کرتا ہوں خود کو وجود میں اپنے
مزار تو ہے مگر صاحب مزار نہیں

روشنی دور دور جاتی ہے
جب چراغ گناہ جلتا ہے

بارہا اب تو یہی دل میں خیال آتا ہے
زندگی اپنے گناہوں کی سزا ہو جیسے

اس طرح غور سے دیکھا ہے مجھے لوگوں نے
میرے ماتھے پہ ترا نام لکھا ہو جیسے

اپنا گھر چھوڑ کے نادان کدھر جائے گا
پھول کیسا بھی ہو گلدان میں مرجائے گا

یقین کیجئے احساس سب کو ہوتا ہے
کبھی گناہ سے پہلے کبھی گناہ کے بعد

اس کی بیاض میں عمدہ اشعار کی کمی نہیں ہے۔ضرورت یہ ہے کہ اس کی بیاض اشعار شائع ہوجائے اور لوگ اس کی اعلیٰ غزلیات سے واقف ہوں۔[وفات:۱۷/۱اکتوبر ۲۰۰۱ء]

عابدؔ، عابد علی:

خلف سید ابراہیم شاہ جو میرے دادا سید احمد حسن شاہ کا قریبی عزیز تھا، ساکن چھاؤنی بانکے خاں ۱۷ بریلی، تعلیم ایم اے تک، مجیدیہ انٹر کالج الہ آباد میں لکچرار، الہ آباد میں شادی کی اور وہیں کا ہو رہا۔ اکبر پور الہ آباد میں سکونت تھی، نعت گوئی میں مشہور ہوا، اس کا مجموعۂ نعت موسومہ بہ تنویر ایمان ۱۹۵۳ء میں سلیمی برقی پریس یحییٰ پور الہ آباد سے شائع ہو چکا ہے۔ اس کی نعتوں اور مناقب میں ادبی وزن ہے۔نمونۂ کلام یہ ہے :

اے سراپاے وجودت، متن قرآن جمال — نور ذات کبریا، شمع شبستان جمال
تیرے جلووں سے ہے روشن کل فضاے کائنات — بدر تابان عرب، اے شمس فاران جمال
نور کی سرکار سے پاتے ہیں صدقہ نور کا — ہیں مہ وخورشید و انجم کوچہ گردان جمال
دل تصدق جاں تصدق دین و دنیا سب نثار — منبع نور و ضیا مجھ پہ بھی لمعان جمال
زندگی تو زندگی یاں موت بھی ہے زندگی — عاشقوں کی زندگی پر ہے یہ احسان جمال
نعت خوان مصطفیٰ قربان تیرے جایئے — لب پہ ذکر حسن ہے اور دل میں ارمان جمال
ان نمازوں پر نہ روزوں پر ہے عابد کی نگاہ — آسرا تیرے کرم کا ہے مجھے شان جمال

عزمؔ، فرقان احمد خاں:

۱۹۲۴ء میں پیدا ہوا، والد کا نام احسان احمد خاں، متمول اور باعزت خاندان کا فرد، متقی پرہیزگار، جوش ملی سے لبریز، ۱۹۵۳ء میں مسلم کنونشن کا علی گڑھ میں انعقاد کیا، ۱۹۵۶ء میں تحریک ناموس رسالت میں ماخوذ ہوا، ۱۹۵۸ء میں کل ہند تحفظ اردو کی بنا دہلی میں ڈالی اور بریلی میں سہ روزہ اردو کانفرنس کا انعقاد کیا، ۱۹۶۲ء میں ری پبلکن پارٹی کے ٹکٹ پر پارلیمنٹ کا الیکشن لڑا، ۶۷-۱۹۶۶ء میں روڈویز کی ہڑتال میں حصہ لیا، سیاسی سرگرمیوں کے ساتھ فکر سخن جاری رہی، علی حسین ضمیر سے تلمذ ہے، غزل، نعت اور ریختی کا شاعر ہے، اس کا مجموعۂ غزلیات بعنوان جرأت

فکر شائع ہو چکا ہے۔ حال میں ہی اس کا ایک مختصر مجموعۂ نعت بھی چھپا ہے، نمونۂ کلام یہ ہے :

واقف انجام ہوں، مجھ کو نہ سمجھائے کوئی شعر بیٹھا پڑھ رہا ہوں خستہ دیواروں کے پاس
نہ حکومت کا قریبی نہ میں شہرت کا غلام باغی شہر خوشامد ہوں، سزا دی جائے
ہر ایک گام پہ سجدہ کیا ہے میں نے ادا رہ وفا میں میری کب ہوئی نماز قضا

نہ برا کہو، نہ بھلا کہو، مجھے میرے حال پر چھوڑ دو
جو خفا ہوا پنے ہی آپ سے، کہیں آپ سے بھی خفا نہ ہو

میرا دعا گو ہے، اللہ سلامت رکھے۔ [وفات: ۱۳ر جنوری ۲۰۰۸ء]

فیاضؔ، فیاض الدین:

۱۹۱۰ء میں پیدا ہوا، ساکن محلہ پختہ سرائے، گلی میر بتنؒ بریلی۔ منشی اور اعلیٰ قابلیت کا امتحان پاس کیا تھا، انگریزی داں تھا، این ای ریلوے آئزٹ نگر کے محکمہ اسٹورس میں ملازم تھا، بے حد خوش طبع اور دوست نواز تھا، ہماری بزم ادب کا رکن تھا، ترنم اچھا تھا، مشاعرے پر چھاجاتا تھا، سید ولی جان جلیل کا شاگرد تھا، نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

کرم کی بات چلے یا ستم کی بات چلے یہ دیکھنا ہے کہاں تک غم حیات چلے
ادھر تلاش میں تیرے چلے جو دیوانے ادھر فلک پہ ستارے تمام رات چلے
نہ جانے کون سی منزل میں ہے شعور یقیں جو ہم اٹھائے ہجوم تعینات چلے
تری جو شان کریمی کو جوش آجائے تو ہر گناہ سے پہلے مری نجات چلے
نہ جانے کس لیے آنکھوں نے اشک برسائے کبھی سنانے جو ہم دل کے واقعات چلے
کسی کی گردش ابرو کا منتظر ہے آج وہ دل کہ جس کے اشارے پہ کائنات چلے
کسی نے لوٹا تھا فیاض دل جہاں پہلے اسی مقام سے پھر غم کے واقعات چلے

جنوں کو اب سلیقہ آ رہا ہے ترے دامن سے الجھا جا رہا ہے
ذرا روشن چراغ طور کر دو جہاں تاریک ہوتا جا رہا ہے
نظر بے نور ہوتی جا رہی ہے مذاق دید بڑھتا جا رہا ہے

بدون رہبری منزل پہ مانا جانہیں سکتے
مگراس بات کے محتاج دیوانے نہیں ہوتے

یا تو اب گردش حالات سے پھر بھول ہوئی
یا وہ کچھ سوچ کے مائل بہ کرم آئے ہیں

اسیروں کا تماشا دیکھنے والو، اگر تم بھی
شریک حلقۂ زنجیر ہوجاتے تو کیا ہوتا

فیاض کی وفات ۱۵ر مئی ۱۹۷۵ء کو ہوئی۔

فیروز نظامی، مقصود حسین:

پیدائش یکم فروری ۱۹۱۴ء، خلف عزیز حسین، متولد محلّہ عقب کوتوالی بریلی۔ ۱۹۳۳ء میں لکھنؤ گیا اور وہیں رہائش اختیار کرلی، گوئن روڈ، گلی محمد علی، امین آباد لکھنؤ میں رہتا ہے، سلسلہ چشتیہ نظامیہ میں شاہ محمد تقی عرف عزیز میاں خانقاہ نیازیہ کے صاحب سجادہ سے بیعت ہے، سید فیروز شاہ کا فن سپہ گری میں شاگرد اور خطاطی کا فن اپنے پیر طریقت سے حاصل کیا، امین آباد لکھنؤ میں گھڑیاں فروخت کرنے اوران کو مرمت کرنے کا کام شروع کیا، ہیروں کی خرید وفروخت بھی کی، ۱۹۳۰ء میں شاعری کا آغاز کیا، لکھنؤ میں عبدالباری آسی کا شاگرد ہوا اور اس کے بعد شبیر حسن جوش ملیح آبادی کا، مشاعروں میں شریک ہوا، رباعی گو کی حیثیت سے مشہور ہوا، لکیر کا فقیر نہیں بنا، حالات پر ناقدانہ نظر ڈالی، اپنے لہجے اور لفظیت کو عصری تقاضوں کے سانچے میں ڈھالا۔ اس کا معیار سخن توازن اور سلیقہ ہے، اس نے مجھے بتایا کہ وہ تین ہزار پانچ سو رباعیات لکھ چکا ہے، اس کی غزلوں کی تعداد بھی کافی ہے، اپنا مجموعۂ کلام چھپوانے کی فکر میں ہے، مجھ سے ملاقات ہے اور مکاتبت کا سلسلہ بھی قائم ہے، اس نے جو کلام بھیجا تھا اس کا انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

رباعیات:

احساس کے زاویے بدل جاتے ہیں
شعلے شبنم میں جیسے ڈھل جاتے ہیں
نظریں نہ ملا مجھ سے کہ شکووں کے پہاڑ
نظروں کی حرارت سے پگھل جاتے ہیں

ہر رشتہ امید وفا کاٹ دیا
زندہ رہنے کا سلسلہ کاٹ دیا
میں تم سے ملا تھا دل ملانے کے لیے
تم نے تو گلے مل کے گلا کاٹ دیا

تخریب کو زندگی کے لالے پڑجائیں
چہرے ستم و جور کے کالے پڑجائیں
ہم آج اگر جھوٹ سے توبہ کرلیں
کل ساری عدالتوں میں تالے پڑجائیں

دل واقف ہر عیب و ہنر کرتے رہے | تشخیص نظام خیروشر کرتے رہے
دنیا طلب دولت و ثروت میں تھی گم | ہم تھے کہ کتابوں کا سفر کرتے رہے
لفظوں کی کھنک رخ کی دمک مار گئی | آواز کا رس چھب کی دمک مار گئی
اس دل کو سمجھتے تھے امر ہم لیکن | اک ریشمی لہجے کی لچک مار گئی
وہ جوش وہ ہنگامہ نہ وہ میلا ہے | افکار کا ہر طرف سے اک ریلا ہے
راتیں بھی خفا دن بھی ہیں روٹھے روٹھے | کچھ روز سے موسم بڑا سوتیلا ہے
ہاں زہد وریاضت ہے، خدا جانتا ہے | ہاں صدق و صداقت ہے خدا جانتا ہے
مقصود عمل سیرت احمد ہو تو پھر | ہر سانس عبادت ہے، خدا جانتا ہے
ہر فصل میں ساون کی جوانی برسے | آرام و خوشی و شادمانی برسے
موقوف نہیں ابر پہ، کہہ دیں جو حسین | سورج کی شعاؤں سے بھی پانی برسے

غزلیات:

میں نے متاع درد کو شعروں میں ڈھال کے | کاغذ پہ رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کے
رکھتا ہوں ساتھیوں کے یہ تحفے سنبھال کے | کچھ غم تو اس برس کے ہیں کچھ پار سال کے
امداد تو کسی نے نہ کی وقت پر مگر | افسانے بن گئے مرے دست سوال کے
ہم کیوں کسی کی آمدنی دیکھ کر جلیں | اپنے نصیب میں وہی پیسے حلال کے
فیروز کیا عجب ہے کہ آجائے آج نیند | لیٹا ہوں بند کر کے دریچے خیال کے
وہ پئے فیصلۂ لطف و ستم آتے ہیں | دیکھیے کون سی فہرست میں ہم آتے ہیں
تم بھی اٹھو کہ براوقت ہے انسانوں پر | ہر برے وقت میں کام اہل قلم آتے ہیں
منزل عشق سے چپ چاپ ہی گزرے کہ یہاں | معجزے عقل کی پہچان میں کم آتے ہیں
آپ خط لکھیے گا انصاف کے آئینے میں | ایسی تحریر میں پیوند بھی کم آتے ہیں
ہانپتی کانپتی راہوں میں خوشی جاگ اٹھی | دھوپ کے شہر میں بارش کے قدم آتے ہیں
بات اگر طنز وشرارت کی جو ہوتی ہے تو پھر | ان کے ہر فقرۂ تہ دار میں ہم آتے ہیں
وقت کے حادثے لفظوں میں سجانے فیروز | سوئے تاریخ سفیران قلم آتے ہیں

تقدیر نے بشر کو جو عالم پناہی دی | صحرا نے مرغ اور سمندر نے ماہی دی
اٹھ اور اٹھ کے تو بھی کتابوں کا شہد پی | اس شہد نے مجھے تو بڑی کج کلاہی دی
کل پیش تھا مقدمۂ عظمتِ وطن | میری طرف سے تاج محل نے گواہی دی
کہتے ہیں انقلاب کسی کا نہ ہوسکا | دلی نے سات بار میں اپنی تباہی دی
لب تو دبے ہوئے تھے تکلف کے بوجھ سے | اشکوں نے داستان محبت سناہی دی
وہ اک گنہ کہ جس نے گناہوں سے دی پناہ | اس اک نگاہ نے تو بڑی بے گناہی دی
ایسا بھی زندگی میں ہوا ہے کبھی کبھی | میرے خلاف خود میرے دل نے گواہی دی
فیروز بار بار خطاؤں کے باوجود | اللہ تیری شان کہ ماں نے دعا ہی دی

فیروز نے ایک طویل دور شاعری دیکھا۔ لکھنؤ میں بیٹھ کر شاعری کی، بریلی کے ماحول شاعری سے دور رہا، طبیعت میں ندرت اور جدت ہے، احساسات میں شدت ہے، چھوٹی چھوٹی باتوں سے متاثر ہوتا ہے، الفاظ علاماتی رمزیت کے ساتھ استعمال کرنے کا فن جانتا، یہی وجہ ہے کہ وہ دور جدید کے شعرائے بریلی میں منفرد و ممتاز نظر آتا ہے۔

فیروز نظامی نے اپنے کلام کے انتخاب کے ساتھ نعتیں اور ایک نظم ''دعوت عبرت'' بھیجی تھی، گویا وہ نعت گو اور نظم نگار بھی ہے۔

جیسا کہ فیروز نظامی نے اپنے مکتوب میں تحریر کیا تھا وہ اپنے سرمایۂ شاعری کو طبع کرانے کی کوشش کر رہا ہے۔ [وفات: ۱۵ر ستمبر ۲۰۰۴ء]

قرار، ہمیش پرشاد:

باپ کا نام دیبی پرشاد جو عدالت ججی بریلی میں پیشکار تھا، اسکی دادی للتا پرشاد لئیق ۱۸۱۱ کی دختر تھی، لئیق کمی سیریٹ بریلی میں سر دفتر تھا، ساکن ذکاتی محلّہ بریلی۔ اسکے پڑوس میں من موہن لال ماتھر شمیم کا مکان تھا، اس نے ابتدائی تعلیم ایک مولوی سے حاصل کی، انگریزی دسویں جماعت تک پڑھی، تھوڑی فارسی بھی جانتا تھا، دفتر میونسپل بورڈ بریلی میں ٹائی پسٹ تھا، باوضع انسان تھا، میں نے کبھی اس کو ننگے سر نہیں دیکھا، اس نے ہمیشہ موٹے کپڑے پہنے، شیروانی یا نیچا کوٹ پاجامے اور

قمیص کے ساتھ پہنتا تھا، بلانوش تھا، کبھی آپے کے باہر نہیں ہوا۔ شراب نوشی کی وجہ سے پریشان حال رہا، ہماری بزم احباب میں پابندی سے شریک ہوا، آواز پھٹا بانس تھی لہٰذا مشاعروں کے مطلب کا نہیں تھا، مخصوص ادبی محفلوں میں شریک ہوتا تھا، شاعری میں بلدیو پرشاد سوزن کا شاگرد تھا، من موہن لال ماتھر شمیم کی ادبی صلاحیتوں سے بھی فیض یاب ہوا، نکات شاعری پر گہری نظر رکھتا تھا، مجھ سے بالعموم فانی بدایونی کے ادق اشعار کے الفاظ و معانی پر گفتگو کرتا تھا، بہت ذہین اور خوش طبع تھا، اس نے سنہ وار اپنا کلام بیاضوں میں محفوظ کیا تھا، میں اس کی ایک بیاض جس کا آغاز ۱۹۶۱ء سے ہوا تھا، برائے مطالعہ مانگ لایا تھا جس کا انتخاب مندرجہ ذیل ہے:

از نظم جواہر لال نہرو کی موت پر ۲۷ رمئی ۱۹۶۴ء:

ہے نفس شعلہ بداماں اور لب صرف فغاں　　خانۂ قلب حزیں میں چھا گئیں تاریکیاں
ہے نوائے غم زباں پر، چشم گریاں خوں چکاں　　پڑ گئے سینے میں چھالے، ہے جگر آتش بجاں

شمع روشن بجھ گئی تاریک منظر ہوگیا
صحن بزم عیش و عشرت صحن محشر ہوگیا

وہ وقار آدمیت زیست کا عنوان تھا　　وہ کس اقوام ناکس رہبر ذی شان تھا
مرحلہ ہر اک سیاست کا اسے آسان تھا　　تھی اہنسا اس کی پوجا پنچ شیل ایمان تھا

ہوگیا ناز وطن اب رونق دارالبقا
ہوگیا حسن چمن اب رونق دارالبقا

لٹ گئی کان جواہر، رات غم کی ہوگئی　　ناامیدی آج مستقبل سے کتنی ہوگئی
لال کا غم ہے بھری دنیا اندھیری ہوگئی　　مادر ہندوستاں کی گود سونی ہوگئی

ہائے دنیا آنی جانی ہے یہ ثابت ہوگیا
دار فانی دار فانی ہے یہ ثابت ہوگیا

غزلیات:

لذت درد و خلش سوزشِ پنہاں ہوں میں　　داستان غم و اندوہ کا عنواں ہوں میں
مجھ سے مشکل مری کہتی ہے کہ آساں ہوں میں　　یعنی پروردۂ صد گردش دوراں ہوں میں

صرف ناکامیِ تقدیر جسے ہونا تھا
وہ تمنا ہوں وہ حسرت ہوں وہ ارماں ہوں میں

شمع کہتی ہے کہ آ سیکھ لے جینا مجھ سے
میں ہوں محفل میں، سر گورِ غریباں ہوں میں

لوگ کہتے ہیں سخن فہم و سخن گو ہے قرار
میں سمجھتا ہوں ابھی طفل دبستاں ہوں میں

میں تشنگی ہوں تشنہ لبی ہوں، نہ چھیڑیئے
اک داستاں کہ درد بھری ہوں، نہ چھیڑیئے

تعبیر خواب نیم شبی ہوں، نہ چھیڑیئے
حیلہ برائے خندہ زنی ہوں، نہ چھیڑیئے

بربادیوں کی گود میں پالا گیا ہوں میں
آسودۂ نشاط وخوشی ہوں، نہ چھیڑیئے

محرومیٔ نصیب سے نوک مژہ پہ جو
آنسو نہ بن سکی وہ نمی ہوں، نہ چھیڑیئے

شاید کسی کو میں نے پکارا تھا ایک بار
آواز بازگشت وہی ہوں، نہ چھیڑیئے

جرعاتِ عمر دوش کی تلخی کے ساتھ ساتھ
ناکامِ سعی خندہ لبی ہوں، نہ چھیڑیئے

آنکھوں میں اشک درد کی ٹیسیں جگر میں ہیں
دراصل زندگی کی ہنسی ہوں، نہ چھیڑیئے

مرے نصیب جگادو بہت اداس ہوں میں
خلش جگر کی بڑھادو، بہت اداس ہوں میں

تڑپ تڑپ کے گزاری ہے زندگی میں نے
کوئی تو داد وفادو، بہت اداس ہوں میں

بھر آئیں جس سے زمانے کی آنکھ میں آنسو
ہنسی مجھے وہ ہنسادو، بہت اداس ہوں میں

خموش لطف و کرم کی اداسیاں توبہ
کہ نام لے کے صدادو، بہت اداس ہوں میں

شراب سے تو مری تشنگی نہیں جاتی
مجھے کچھ اور پلادو، بہت اداس ہوں میں

مرے نصیب میں رونا ہے عمر بھر، لوگو
چراغ زیست بجھادو، بہت اداس ہوں میں

یہ چار تنکے جو موسوم ہیں نشیمن سے
انہیں بھی آگ لگادو، بہت اداس ہوں میں

قرار چھیڑ کے پھر داستان شب غم کی
کسی کی یاددلادو، بہت اداس ہوں میں

یہ بیان درد و وحشت، وہ جنون خود کلامی
نہ یہ داستاں ہے سب کی نہ وہ بات ہے عوامی

مرے چارہ گر سمجھ لے کہ یہ غم عطائے حق ہے
مری مستقل خلش ہے، مرا درد ہے دوامی

یہ غلط ہے کچھ، یقیناً کہیں جادۂ منازل
ابھی سعیٔ رائیگاں ہے جو تلاش بے مقامی

کوئی ایک برتو آئے مری زندگی کی حسرت
مجھے راس آنہ جائے مرے غم کی ناتمامی

تری سمت آرہے ہیں وہ قرار جام لے کر
کہ یہ رنگ لارہی ہے تری اشک خوں بجامی

کوئی گھڑی تو ہو ایسی کہ دردِ سر نہ رہے — کوئی تو شام ہو جس میں غمِ سحر نہ رہے
یہ خواجگی تری یہ بندگی تری بے کار — جبین ہوش سنبھل اب وہ سنگ در نہ رہے
نہ جانے چھوڑ کے کب بستیوں کو آیا تھا — جو یاد آج وہ دیوار و در رہے نہ رہے
یہ پاس میکش و ساقی قرار کو کیوں ہے — کہ میکدے میں تو حضرت یہ بیشتر نہ رہے
ذرات خاک پا کا جو پرتو سخن میں ہے — سارا جلال شمس فقط اک کرن میں ہے
سوزن کہ جن سے نطق نے سیکھا تھا بولنا — اس صاحب کمال کا فن میرے فن میں ہے

قرار نے نئے لب ولہجہ اور نئے اسلوب غزل کو قبول کیا، اس کی روایتی غزل سے جدید غزل کی طرف محتاط خوش خرامی نہایت خوشگوار تھی۔

قرار کی وفات ۱۹/دسمبر ۱۹۷۲ء کو ہوئی، ماتا پرشاد زیب کے مکان پر تعزیتی جلسہ ہوا، میں نے بھی شرکت کی اور اپنی تقریر میں اس بات پر زور دیا کہ قرار کی بیاضوں کو محفوظ کرنے اور انتخاب کلام کو شائع کرانے کا انتظام کیا جائے۔ ہوا وہی جو صدیوں پرانی روایت تھی، اس کی وفات کے ساتھ اس کا سرمایۂ شاعری بھی کالعدم ہو گیا۔

کاوشؔ، مطیع اللہ:

اس کے مفصل حالات کا علم نہیں، ریلوے میں ملازم تھا، تقسیم ہند کے بعد چاٹگام میں پوسٹ ہوا، وہاں کی ادبی زندگی سے وابستہ ہوا، ۱۹۲۴ء میں پیدا ہوا تھا، حلقہ ارباب ذوق اور سہ ماہی مشرق سے منسلک رہا، جگر مرادآبادی (م ۱۹۶۰ء) کا شاگرد تھا، ماہنامہ آجکل دہلی بابت اگست ۱۹۴۹ء میں اس کے جو اشعار نظر سے گزرے ان میں سے ایک شعر بطور نمونہ کلام مندرجہ ذیل ہے:

عالم رنگ و بو فریب سہی
کیا کرے کوئی جب نہ دل مانے

حوالہ: ماہنامہ آجکل دہلی بابت اگست ۱۹۴۹ء

کیفؔ، تیج بہادر سہنا:

ساکن کنور ہرنرائن بھون بازار درزی چوک بریلی۔ ایم اے، ایل ایل بی۔ جویا آنولوی کا داماد،

دفتر زمانہ کان پور میں فن صحافت حاصل کیا، بریلی سے روہیل کھنڈ اخبار جاری کیا جو ہفتہ وار تھا اور جس کا وہ خود ایڈیٹر اور پبلشر تھا، نہایت بے باک صحافی تھا، اسکی تاریخ ہند پر نظر بہت گہری تھی، مطالعہ وسیع تھا، جو بھی لکھا اعتماد سے لکھا، حالات نے ابھرنے کا موقع نہیں دیا، خود بیمار، اہلیہ بیمار اور اس پر لاولد، خاتمۂ زمینداری کے بعد معاشی دباؤ بھی پڑا، وکالت برائے نام تھی، زیادہ وقت روہیل کھنڈ اخبار پر صرف کرتا جو زیادہ منفعت بخش نہیں تھا، لیکن مرتے دم تک ہمت نہیں ہارا، روہیل کھنڈ اخبار جیسے تیسے جاری رہا۔ مجھ سے ملاقات تھی، مجھے معلوم نہیں تھا کہ وہ شاعر بھی ہے، اپنی عمر کے آخری زمانے میں اس نے روہیل کھنڈ اخبار میں اپنے اشعار شائع کرائے جن سے اس کی شعرگوئی کا علم ہوا۔ اس کے دل میں عصری سیاست کے خلاف جو میل تھا اس کا اظہار اس کی طنزیہ غزلیات میں ہوا، بہرنوع وہ ایک صحافی تھا اور اس کا یہی اسلوب اس کی عاشقانہ اور طنزیہ غزلیات پر حاوی ہے۔ نمونۂ کلام یہ ہے:

فرزانگی تو ہاتھ مسلتی ہی رہی ہے — دیوانگی ہر حال میں آگے ہی بڑھی ہے
کچھ حسن پہ موقوف نہیں عشق کی دنیا — دل دے دیا جس کو مرا محبوب وہی ہے
نشتر زنیِ عشق سے اب کون بچے گا — وہ جانتے ہیں کون سی رگ دکھتی ہوئی ہے
وہ دیکھئے پیغام محبت کے فرشتے — لے آئے ہیں وہ شے جو وصال ابدی ہے
مرنا بہت آسان ہے، جینا ہی کٹھن ہے — کیا زندگیٔ عشق کی بنیاد پڑی ہے

اسی زمین میں طنزیہ غزل کا نمونہ:

نیتاؤں کی دنیا تو الیکشن پہ بسی ہے — کرسی کی تمنا ہے، کھلی دھوکہ دھڑی ہے
بھوکا کوئی مرتا ہے تو کیا کس کو پڑی ہے — سب ملک کے نیتاؤں میں نفسی نفسی ہے
دیہات کو نیتاؤں کی اک فوج چلی ہے — دوروں کے لیے ایک فیٹ کار ملی ہے
وہ ٹیکس لگاتے ہیں تو سہ لیتی ہے جنتا — مہنگائی بھی اب تیس سے چالیس گنی ہے
فرہاد کو واجب نہیں محنت کی تمنا — اب کوہ کنی کیا ہے فقط تیشہ زنی ہے
اب پینشن کھاتے ہیں سیاست کے کھلاڑی — کیف اچھا ہے جس نے کوئی خدمت نہیں کی ہے

۱۲ر ستمبر ۱۹۷۷ء کو فوت ہوا، معلوم نہیں اس کی لائبریری اور سرمایۂ شاعری کا کیا انجام ہوا،

روہیل کھنڈ اخبار کی اشاعت بھی اس کی وفات کے ساتھ بند ہوگئی۔

حوالہ: روہیل کھنڈ اخبار، بریلی بابت ۴؍فروری ۱۹۷۷ء

کلیم، سید عابد حسن:

سید علی حسن کا فرزند، سید ابراہیم حسن رسا کا چھوٹا بھائی، ساکن محلّہ کہاڑا پیر بریلی، میونسپل بورڈ بریلی میں ملازمت کی، اب کار کتابت ذریعۂ معاش ہے۔ صوم وصلوٰۃ کا پابند بہت محبت سے بھرا ہوا انسان ہے، سلسلہ قادریہ نقشبندیہ میں بیعت ہے، میرا مشفق اور کرم فرما ہے، اس نے ۱۹۳۵ء میں شعر گوئی کا آغاز کیا، سلطان احمد بیگ نظیر کا شاگرد ہوا، بعد کو تبارک علی عبرت کے حلقۂ تلامذہ میں داخل ہوا، اس کا مجموعہ کلام مسمیٰ ''نغمات کلیم'' ۱۹۷۳ء میں نوری بک ڈپو بازار صندل خاں، قلعہ بریلی سے شائع ہو چکا ہے۔ اس کے اشعار پر اس کے شخصی کرب کا اثر پڑا اور اس کے حزن کی سنجیدگی نے اس کے اشعار کو ممتاز کیا، اس نے بھی روایتی اسلوب غزل سے کنارہ کرنے کی کوشش کی اور نئی لفظیت ولہجہ کو اختیار کیا، نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

خامیوں کا مجھے احساس دلاؤ لوگو
آئینہ بن کے مرے سامنے آؤ لوگو

دل میں جو درد چھپا ہے اسے محسوس کرو
میرے ہنستے ہوئے چہرے پہ نہ جاؤ لوگو

حرم و دیر کی منزل سے گریزاں ہے کلیم
طور کی اس کو کوئی راہ دکھاؤ لوگو

تری انجمن میں آکر جو متاع ضبط کھوئے
وہ الم نصیب پھر بھی تری بے رخی کو روئے

میں تو مبتلائے غم تھا، مجھے غم تھا رو رہا تھا
تمہیں کیا پڑی تھی، تم کیوں مرے ساتھ ساتھ روئے

مجھے غرق کیف کر کے ترا التفات ساقی
کہیں محفل وفا میں میری آبرو نہ کھوئے

یہ وہ راز ہے کہ جس کو نہ سمجھ سکا زمانہ
میرے دل کے داغ اکثر ترے آنسوؤں نے دھوئے

کوئی اس میں مصلحت تھی دم عرض دید جاناں
یہ جو اے کلیم ہم نے سر طور ہوش کھوئے

جب بھی خیال ان سے بچھڑنے کا آئے ہے
اللہ جانتا ہے کہ دل کانپ جائے ہے

کوتاہیوں پہ اپنی کسی کی نظر نہیں
اوروں کی لغزشوں پہ نظر سب کی جائے ہے

میں ایسی داستان الم ہوں جہان میں
جو بھی سنے ہے اپنی کہانی بتائے ہے

خلش درد اگر اور بڑھادی ہوتی | دل نے ہرٹیس پہ پھر تجھ کو دعا دی ہوتی
درد بخشا تھا تو اے درد کو دینے والے | کوئی تسکین کی صورت بھی بتادی ہوتی
تونے اے جان مسرت میرے دل میں آکر | غم کی اٹھتی ہوئی تحریک دبادی ہوتی

مشاعروں کا کامیاب شاعر ہے۔ نہایت والہانہ انداز میں عمدہ ترنم سے اپنے اشعار پڑھتا ہے۔ اللہ سلامت رکھے۔ [وفات: ۲۰ جولائی ۲۰۱۵ء]

کیفی، محمد حنیف:

ساکن محلّہ اعظم نگر بریلی، ادبیات اردو اور انگریزی میں ایم اے، جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی میں لکچرار، ''اردو شاعری میں سانٹ'' (۱۹۷۵ء) کا مصنف، عشرت شمسی بریلوی کا شاگرد، مجھ سے ملاقات ہے۔ چند برس پہلے محمد مبین بدر شمسی کے ہمراہ آکر اپنے کلام کا انتخاب دے گیا تھا۔ اس کی طبیعت مائل بہ جدت ہے اور بالقصد و ارادہ جدید اسلوب میں غزلیات تحریر کرتا ہے۔ اشعار ژولیدگی خیال، ابہام اور اہمال سے پاک ہیں، نمونۂ کلام یہ ہے:

ذہنوں سے جونک بن کے نظریے چمٹ گئے | اب ارتقائے ذہن کے امکان مٹ گئے
تارے کسی کی مانگ میں بھرنے چلا تھا میں | قدموں سے آکے راہ کے ذرے لپٹ گئے
کیفی نہ خود کو اور نہ ان کو سمجھ سکے | ہم لاکھ نفسیات کے دفتر الٹ گئے
دل کے لہو سے چہرے کو رنگ حیات دے | ہر اک کو یہ سلیقۂ ضبط الم کہاں
بے درد دل کو لذت آزار دیجئے | اس بدگماں کو میرے کچھ اشعار دیجئے
یہ کیا کہ آپ وقت کی قدروں میں کھو گئے | کچھ آپ بھی تو وقت کو اقدار دیجئے
بجھتی ہوئی شعاعوں کا ماتم فضول ہے | اب آنے والی رات کو انوار دیجئے
صدہا سوال ذہن کے گوشوں میں بھر گئے | کیا بات کہہ کے بھاگتے لمحے گزر گئے
راہیں خود آگہی کی بڑی ہولناک تھیں | ہر گام پر ہم اپنے ہی سائے سے ڈر گئے
ہم ڈھونڈنے چلے تھے انہیں اپنی راہ سے | گم کردہ راہ ہو کے نہ جانے کدھر گئے
اے ناقد حیات مرا تجزیہ نہ کر | کیا ہاتھ آسکے گا جو اجزا بکھر گئے

چمکی لبوں پہ ان کے تبسم کی اک کرن　　کیفی غم حیات کے پہلو نکھر گئے

اٹھی ہیں سنسان جنگلوں سے کچھ آندھیاں زعم سرکشی میں
کسی دن اطراف شہر پر بھی غبار چھایا تو کیا کروں گا
یہ روشنی کا نظام کہنہ سسک رہا ہے، یہ سچ ہے، لیکن
ابھرتے سورج سے بھی اندھیرا سمٹ نہ پایا تو کیا کروں گا
علامت دردِ مشترک ہیں، یہ میرے آنسو، یہ میری آہیں
اب اپنے غم کا ہی اس جہاں نے مذاق اڑایا تو کیا کروں گا

یہ عمدہ کلام ہے اور دور جدید کے شعرائے بریلی کی بھیڑ میں باوزن و باوقعت بھی۔ لیکن میرے خیال میں اس کا اصل میدان تحقیق وتنقید ہی ہے جس پر وہ مکلّف بھی ہے اور جس سے اس کو غافل نہیں ہونا چاہیے۔

کیفی، رفعت حسین:

خلف سید ریاض الحسن، ساکن گڈھی راؤ پہاڑ سنگھ بریلی، این ای ریلوے آئزٹ نگر میں ٹرین ٹکٹ اگزامنر، بہت خلیق اور میرا خیر خواہ، فطری شاعر، غیر مقلد اور خود اعتماد شاعر۔ ابتدا میں تبارک علی عبرت سے مشورۂ سخن کیا لیکن اپنی انفرادیت پر نظر رکھی، اپنی جودت اور جدت کو راہنما بنایا، بریلی کے دور جدید کا منفرد ترین شاعر تھا، اس کا مجموعہ کلام ''آذر کے صنم'' ۱۹۷۱ء میں شائع ہو چکا ہے۔ ۱۱۹

کیفی نے اپنے دور شباب میں جو زندگی گزاری اس کے متعلق اس نے خود تحریر کیا کہ ''میری ابتدائی شاعری پر میری زندگی کی ان سیاہیوں کی چھاپ موجود ہے جس کو میں دور سیاہ کا نام دیتا ہوں۔'' کیفی کا اقرار معصیت اس کے بڑکپن کا ثبوت ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ دیوانی جوانی کی روسیاہی نے اس کو شاعر بنایا، اس کے فن کو حرارت عشق دی، اس کے الفاظ کو جوان پیکر عطا کئے، اس نے جو تصویر کشی کی وہ واقعاتی تھی، اس نے جن جذبات کا اظہار کیا وہ اس پر گزر چکے تھے، اس سے بھی زیادہ اہم بات یہ ہے کہ اس نے واقعات کو بیانیہ انداز میں نظم نہیں کیا، اس نے جس وزن ووقار سے اشعار لکھے ان پر ادب عالیہ کا گمان ہوتا ہے۔

کیفی کے اشعار میں کہیں واضح طور پر اس کے دورِ سیاہ کے حوالے ملتے ہیں:

انہیں ۱۲۰ لاکھ تم بناؤ، یہ کھلے کھلے سے گیسو　　مرے ہاتھ سے سنوتے تو کچھ اور بات ہوتی
گناہگار بناتے ہیں میری راتوں کو　　یہ کس حسین کی زلفوں کے خواب اے یارو
میں زندگی سے بہت دور زندگی کے لیے　　شراب پی کے جگر کی طرح رہا برسوں
یہ کس نے جھوم کے ساقی کا ہاتھ چوم لیا　　یہ کس کے جام سے چھلکی شراب اے یارو

اور کہیں ایمائیت کے ساتھ:

ہر دل کی محتاط فغاں ہے، تیرا ترنم میری غزل　　ہر دامن پر اشک فشاں ہے، تیرا ترنم ۱۲۱ میری غزل
تو بھی جس کو بھول چکا ہے، میں بھی جس کو بھول چکا　　اس افسانے کا عنواں ہے، تیرا ترنم میری غزل
تیرا ترنم حسن بیاں ہے، میری غزل حسن الفاظ　　اک ربط الفاظ و بیاں ہے، تیرا ترنم میری غزل
خلوت خلوت محرومی کے سوز کی شمعیں روشن ہیں　　محفل محفل گل افشاں ہے، تیرا ترنم میری غزل
کتنی سوچیں ڈوب گئی ہیں، ماضی کی گہرائی میں　　کتنی یادوں پر احساں ہے، تیرا ترنم میری غزل

کیفی کا سلسلۂ عشق ٹوٹا اور بے تعلقی کا دور شروع ہوا، جس کے ساتھ یادوں کے چراغ جل اٹھے:

جل اٹھے خلوتِ غم میں تری یادوں کے چراغ　　مجھ کو تنہائی نے بہلایا ترے جاتے ہی
بے تعلق بھی رہا تجھ سے تعلق بھی رہا　　مجھ کو حالات نے الجھایا ترے جاتے ہی

لیکن شاعری کے نقطۂ نظر سے یہ بے تعلقی بہت اہم تھی کیوں کہ اب صورت گری کا عمل شروع ہوا وہ تمثیلی تھا اور آئینۂ حیات پر اس کا دورِ سیاہ زنگار کی طرح۔ شدت احساس، تنہائی، کربِ مہجوری، یادوں کے چراغ اور بے بسی ان سب نے یکجا ہو کر کیفی کے احساسات، جذبات اور تخیل کو شاعری عطا کی، اس کے کھلے کھلے عشقیہ اشعار کی بجائے احساسِ غم پیدا ہوا، جذبات میں ٹھہراؤ نے راہ پائی، تخیل نے چشمِ باطن پر تصوراتی پیکروں کا فانوس بنایا، کیفی نے صورت گری کے اس عمل کو ''خوابوں کا لہو'' کہا ہے۔ لہٰذا اس کے لہو لہو اشعار ایک علامت بن گئے، ایک پوری زندگی کی علامت جس میں وہ اور اس کی محبوبہ ایک غزل بن گئے۔ یہ غزل ہی اس کی زندگی تھی اس کی شاعری تھی، اس پر ندرتِ بیان، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کا طرزِ غزل اس پر ہی ختم ہو گیا۔

وہ اک جواب سلام رخصت اداس آنکھوں کا مرثیہ سا
وہ ایک آنسو جما جما سا کہ اک تلاطم رکا رکا سا

عجب نہیں میرے بعد بھی کچھ نئے قدم راہ غم میں آئیں
مگر ابھی مدتوں رہے گا چراغ منزل بجھا بجھا سا

نظر بچا کر گزر گئے وہ یہ بات اتنی اہم نہیں تھی
مگر یہاں راہ زندگی میں گزر گیا ایک حادثہ سا

چلو ذرا دیر مسکرالیں، ہمارا غم کون جانتا ہے
ہم ایسی محفل میں آ گئے ہیں جہاں نہیں ہے کوئی شناسا

مجھے ابھی سوچنا ہے کیفی یہ راہبر ہیں کہ راہزن ہیں
ہر ایک انداز اجنبی سا، ہر ایک چہرہ کچھ آشنا سا

ہوجاتی ہے اب دل کو ہر غم کی خبر پہلے
اٹھتے ہیں شرر آخر، جل جاتا ہے گھر پہلے

میں ہی تیرے جلووں کی روداد مسلسل ہوں
میری ہی نظر آخر، میری ہی نظر پہلے

اس راہگزر پر ہی بچھڑا ہے کوئی مجھ سے
بچھڑوں کو ملاتی تھی جو راہگزر پہلے

اے خالق روز وشب اس گھر میں اندھیرا ہے
بے وقت بھی رہتی تھی جس گھر میں سحر پہلے

دنیائے محبت میں اک میں ہی الم کش ہوں
مجھ پر ہی حوادث کی پڑتی ہے نظر پہلے

غمہائے مسلسل نے سنجیدہ بنا ڈالا
میں بھی تھا محبت میں بادیدہ تر پہلے

دنیائے گلستاں میں جب آگ لگی کیفی
ہر قطرۂ شبنم سے اٹھّے ہے شرر پہلے

ہر غم تازہ پہ ممنون بتاں ہوتا ہے
کتنا پتھر، جگر غم طلپاں ہوتا ہے

چشم ساقی بھی جھلک جاتی ہے ساغر کی طرح
جب ظہور خلش تشنہ لباں ہوتا ہے

اے مری عمر وفا اپنا سفر جاری رکھ
تیری آہٹ پہ مجھے ان کا گماں ہوتا ہے

دل بھی اک قبلۂ صد رشک حرم ڈھونڈے ہے
اپنی راہوں میں ترا نقش قدم ڈھونڈے ہے

اب زمانے کی نظر میری نگاہوں کی طرح
اپنی قسمت کے تری زلف میں خم ڈھونڈے ہے

میں وہ میکش ہوں کہ ساقی، ترے میخانے تک
شیخ راتوں کو مرے نقش قدم ڈھونڈے ہے

غم دنیا، غم عقبیٰ کے علاوہ کیفی — زندگی اپنے لیے بھی کوئی غم ڈھونڈے ہے
دو قدم جس نے بڑھائے ہوں تمہاری جانب — اس سے پوچھو مرے قدموں کی تھکن کیا شے ہے
سوچتا ہوں یہ کہیں میرا مقدر تو نہیں — یہ نئی سی ترے ماتھے پہ شکن کیا شے ہے
عظمت خاک وطن بے وطنو سے پوچھو — جو وطن میں ہے وہ کیا جانے وطن کیا شے ہے
موت ہر اہتمام کی قیمت — زندگی ایک جام کی قیمت
منزل دار ہو کہ راہ حیات — ہے یہاں گام گام کی قیمت
اک سحر کے لیے ان آنکھوں نے — عمر بھر دی ہے شام کی قیمت

متفرق اشعار:

سفر سے قبل بھی میری حیات کا انداز — اک اہتمام سفر کی طرح رہا برسوں
بہت قریب کی شے ہیں جو غور سے دیکھو — تمہارا عارض رنگیں، ہمارا رنگ بیاں
خلوص دل کی قسم تم کو ڈھونڈنا ہوگا — ہمارے بعد ہمارا جواب اے یارو
اے زندگی تیرے ہی لیے جی رہے تھے ہم — تیری ہی جستجو میں سردار ہم چلے
شرگیں شرگیں نظر ان کی — کچھ تعلق طلب سی لگتی ہے
محرومیوں کی اپنی تم سے نہیں شکایت — دو دن کی زندگی ہے یوں ہی گزار لیں گے
کیا چیز تھی خدا کی قسم تیری آرزو — وابستگان ذات عجب چیز بن گئے
غم یہ ہے لوٹا گیا ہوں آ کے منزل کے قریب — اس لیے خوش ہوں کہ دستور سفر یہ بھی تو ہے

مشہور تو اپنا ظرف بھی تھا دنیائے محبت میں لیکن
انسان کا دل تھا سینے میں گھبرا گیا غم کھاتے کھاتے

رازداری کا سلیقہ کس کو — عشق نے ہونٹ سیے، یہ بھی بہت
ہمارے اشک سجالو تم اپنے دامن پر — لگے گی آگ تو آنسو ہی کام آئیں گے
زندگی کو تلاش کرتا ہوں — زندگی ہے کہ دور دور نہیں
دیوانے کا دامن ہی کام آتا ہے گلشن میں — ذی ہوش تو کانٹوں سے بچ کر ہی نکلتا ہے
وہ زندگی ملی کہ کہیں جس کو دردسر — ایک ایک لمحہ گن کے کٹی عمر مختصر

اے غم عشق تیری عمر دراز زلف لہرائی تا کمر ان کی
ان لغزشوں کو نام گنہ دے دیا گیا جن لغزشوں سے اہل حرم آشنا نہیں
نظر سے دل میں اتر آ کہ آج حسن تمام نگاہ تشنہ نہیں ہے، حیات تشنہ ہے
غم جزو زندگی ہے تو غم ہی قبول ہے دامن میں آگیا ہے تو کانٹا بھی پھول ہے
یوں تو لمحہ تھا اک لمحۂ غم دل سے صدیوں کا بوجھ اتار گیا

کیفی کی لاجواب عشقیہ شاعری کی توسیع اس کی جدید لب ولہجہ کی غزلیات میں ہوئی۔ اس نے جدید غزل کو بھی ادب عالیہ کا وقار دیا، سلیقے اور ہوش کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا، اس کی جدید غزلیات میں بھی دلکشی ہے۔ بطور نمونہ کلام دو غزلیات نقل کی جاتی ہیں:

سیاہیوں میں اجالے کہیں نہ ڈھل جائیں وہاں چراغ جلاؤ جہاں پہ جل جائیں
ہم ایک برف پہ لکھی ہوئی عبارت ہیں ذرا سی دھوپ دکھاؤ تو بس پگھل جائیں
ہماری راہ میں پڑتی ہے زلزلوں کی زمیں عجب نہیں جو ہمیں راستے نگل جائیں
ہمارے چاروں طرف وسعت زمانہ ہے غبار راہ ہیں چاہے جدھر نکل جائیں
بجھے چراغ جو طاقوں پہ ایک داغ سا ہیں انہیں ذرا سی توجہ ملے تو جل جائیں
ہمارے بیچ میں اک فاصلہ ضروری ہے یہ قربتیں نہ کسی حادثے میں ڈھل جائیں
وہ اک لہکتا ہوا شعلہ زار ہے کیفی اسے نگاہ سے چھو لو تو ہاتھ جل جائیں

☆

ہم ۱۲۲ بے گھروں میں بات کسی ایک گھر کی تھی دیوار کی تھی ہم کو ضرورت نہ در کی تھی
تلوار تو ضرور تھی قاتل کے ہاتھ میں جتنی سلیقگی کی تھی وہ میرے سر کی تھی
پلکوں تک آ سکی نہ کبھی موج خون دل سنجیدگی مزاج میں فکر ونظر کی تھی
دہلیز سے بھی جس کے نہ اترے کبھی قدم چہرے پہ اس کے گرد بشاشت سفر کی تھی
اس بار آسمان بھی اونچائیوں پہ تھا اب کی کمی اڑان میں ہر ایک پر کی تھی
جلتا کوئی چراغ یہ کب تھا مرا نصیب آنگن میں روشنی تو پڑوسی کے گھر کی تھی

کیفی کی ملازمت اس کی صحت کے منافی تھی، سفر، راتوں کا جاگنا اور رننگ روم کا کھانا منافی

صحت تھا، دور سیاہ نے اس کی صحت خراب کردی تھی، ملازمت کے فرائض نے اس کی صحت کو مزید خراب کیا، اس کو عارضۂ قلب نے داب لیا، بالآخر عارضہ قلب میں ہی اس کی اچانک وفات ۲۳/اگست ۱۹۸۸ء (عشرۂ محرم ۱۴۰۹ھ) کو ہوگئی، بقول اس کے ہی:

ارمانوں کی کثرت ہی دل کے ارمانوں کو لے کر ڈوب گئی
طوفانوں کی پروردہ کشتی طوفانوں کو لے کر ڈوب گئی

کیفی کا معصوم چہرہ، اس کی مجھ سے محبت آمیز گفتگو اور اس کا مجھ سے خلوص وعقیدت آمیز رویہ میرا تعاقب کرتا رہتا ہے، یہ حق ہے:

کیفی یہ اہل دل یہ الم آشنا بخیر لودے گا میرا سوز قلم میرے بعد اور

حوالہ: آذر کے صنم، گلدستۂ عکس ونور بریلی بابت اگست ۱۹۷۷ء

لائق، لیاقت حسین:

خلف مولوی محمد جان، ساکن محلّہ قصائی ٹولہ شہر کہنہ بریلی، تلمیذ مرزا سعادت یار بیگ معجز (م ۱۹۵۰ء) خاتمہ زمینداری کے بعد ٹیوشن کے ذریعہ بسر اوقات کرتا تھا، مشاعروں میں شرکت کا شوق تھا، تحت اللفظ پڑھتا اور خوب پڑھتا تھا، غزل اور نعت کا شاعر تھا، نعت گوئی میں شہرت حاصل کی، ایک مجموعہ نعت مسمیٰ پیام نعت مرتب کرلیا تھا لیکن وہ شائع نہیں ہوا، مجھ سے ملاقات تھی، میں نے اس کے یہاں بریلی کے پرانے گلدستوں، اخباروں اور رسالوں سے استفادہ کیا تھا، میں نے اس کو مشورہ دیا تھا کہ وہ تمام سرمایہ رامپور رضا لائبریری رامپور کو دے دے لیکن اس نے ایسا نہیں کیا اور وہ تمام گلدستے وغیرہ اس کی وفات (۶/دسمبر ۱۹۷۸ء) کے بعد نایاب ہوگئے، نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

انہیں کیجیے قبول آقا یہ موتی ہیں عقیدت کے چھپا کر لایا ہوں آنکھوں میں چند آنسو محبت کے
مناظر روضۂ اقدس کے ہیں سب جذب آنکھوں میں اگرچہ دور ہوں لیکن مزے آتے ہیں قربت کے
ہوا کے تند جھونکوں سے کیا ڈر ہو انہیں لائق شجر یوں ہی تر وتازہ رہیں گے باغ امت کے

مسخر، کفایت حسین:

ساکن محلہ کہاڑا پیر چوک تھالی والان بریلی۔ اس نے زندگی کا زیادہ وقت اندور اور بمبئی میں صرف کیا، کبرسنی میں بریلی واپس آیا، بریلی میں زیادہ وقت چودھری تالاب کے متصل مسجد کی مرمت، تعمیر اور نماز کی امامت میں گزارا۔ نیک، شریف اور کم سخن تھا، مجھ سے ملاقات تھی، شاذ و نادر مشاعروں میں شرکت کرتا تھا، اس کو مولوی قاسم علی خواہاں سے تلمذ تھا جیسا کہ گلدستہ بزم سخن، مشتمل بہ کلام مشاعرہ منعقدہ بان خانہ بریلی بتاریخ ۲۴/ مارچ ۱۹۲۴ء سے مستفاد ہوا، اسی گلدستے میں شائع شدہ طرحی غزل سے ایک شعر نقل کیا جاتا ہے:

گردش نصیب خلق میں اے آسمان ہوں ۔۔۔ قسمت مری بری ہے ترا کیا قصور ہے

اس نے نہ کبھی مجھے اپنا شعر سنایا اور نہ کسی دوسرے کا، نہ کبھی ہماری بزم احباب میں شرکت کی، اللہ مغفرت فرمائے، شاید بتیس برس پہلے فوت ہوا۔

حوالہ: گلدستۂ بزم سخن بریلی بابت مارچ ۱۹۲۴ء

مست، دیبی پرشاد:

اس کا تخلص مصرا بھی تھا، ۲۶/ اکتوبر ۱۹۱۳ء کو پیدا ہوا، پنڈت بابو رام گوڑ کا فرزند، تعلیم ایف اے تک، دفتر میونسپل بورڈ بریلی میں خزانچی، مجھ سے ملاقات تھی، قشقہ بہ جبیں، ملنسار اور احباب نواز، مشاعروں کا رسیا تھا، اعراس کے مشاعروں میں بھی شریک ہوتا تھا، تلمیذ کشن لال ثاقب، اس کا ایک مختصر مجموعۂ نعت مسمیٰ گلہائے عقیدت ۱۹۷۲ء میں شائع ہو چکا ہے۔ اپنے خودنوشت حالات اور کلام کا انتخاب مجھے دے گیا ہے۔ نمونہ کلام مندرجہ ذیل ہے:

بجز تمہارے کوئی کامیاب ہو نہ سکا ۔۔۔ تمہارے بعد کوئی انتخاب ہو نہ سکا
رسول پاک کا جس نے نہ احترام کیا ۔۔۔ وہ زندگی میں کبھی کامیاب ہو نہ سکا
جہاں میں یوں تو ہزاروں ہی رہنما گزرے ۔۔۔ مگر حضور کا کوئی جواب ہو نہ سکا
فنا ہوئے جو محبت میں سرور دیں کی ۔۔۔ کرامتوں کا کچھ ان کی حساب ہو نہ سکا
کرم ستم پہ، خطا پہ نوازش پیہم ۔۔۔ رسول پاک کا کوئی جواب ہو نہ سکا

جسے نصیب گدائی ہوئی شہ دیں کی — کبھی وہ بزم جہاں میں خراب ہو نہ سکا
خدا کی سمت گئے مست ان کے شیدائی — مگر خدا سے کسی کا خطاب ہو نہ سکا

غزل:

کردیا فکر نے ناتواں دوستو — کون اٹھائے یہ بار گراں دوستو
لے گئی میری قسمت جہاں دوستو — پیش آئیں وہیں تلخیاں دوستو
شکوۂ جور و بے داد کیسے کروں — کاٹ لی ضبط غم نے زباں دوستو
میں چھپاتا رہا، راز کھلتے رہے — راز داں کب رہا رازداں دوستو
جس کو ان کی نوازش نے ٹھکرادیا — کون سنتا ہے پھر داستاں دوستو
ہائے دنیا نے دھوکے دیے کس قدر — عمر ساری گئی رائیگاں دوستو
مست اپنوں نے دھوکے دئے راہ میں — لے گئے لوٹ کر مستیاں دوستو

مست کی وفات بعارضۂ سرطان دس بارہ برس قبل ۱۹۸۰ء میں ہوئی۔

مہرؔ، سریش چندر:

نرائن داس ٹنڈن دیاؔ محلّہ بہاری پور کھتریان میں اپنی محفل سخن جمائے ہوئے تھے جو ان کی وفات (۱۹۷۱ء) تک قائم رہی، مہر اسی محفل کا پروردہ اور دیا کا شاگرد تھا۔ ایم اے، ایل ایل بی اور انکم ٹیکس کا وکیل، جوان العمر، مترنم، مشاعروں کا کامیاب شاعر، اس کا مجموعہ کلام مسمیٰ تبسم کے سائے ۱۹۷۱ء میں ناگری رسم الخط میں شائع ہو چکا ہے۔ مجھ سے ملاقات تھی، خوش اخلاق تھا، دیا کی وفات کے بعد وہ کوچہ ہی چھوٹ گیا، تلامذہ دیا سے ملاقات بھی ختم ہوگئی۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

چاند تو چاند ستاروں سے شناسائی ہے — ایسا لگتا ہے کہ یہ رات بھی ہرجائی ہے
خواہش جام تو لے آئی ہے میخانے تک — تشنگی آپ پہنچ جائے گی پیمانے تک
ہم نے دیکھا ہے درغم پہ نشاطوں کا ہجوم — چوٹ کھا کھا کے ہر اک زخم کا خنداں ہونا

قطعہ:

ہجوم اشک ہے ہونٹوں پہ آہ و زاری ہے — غم حیات نے ہمت مگر نہ ہاری ہے
ہماری عرض تمنا پہ اور روٹھ گئے — قصور ان کا نہیں، ہر خطا ہماری ہے

جوان العمر بعارضۂ قلب فوت ہوا۔

معتصم، رشید احمد:

بریلی کے ایک ذی علم نومسلم خاندان کا فرد، مولوی محمود حسن ہیڈ مولوی گورنمنٹ ہائی اسکول بریلی کا فرزند، ڈاکٹر سعید احمد سعید بریلوی کا سوتیلا چچا تھا اور خورشید احمد فارغ پروفیسر عربی دہلی یونیورسٹی دہلی اس کا چھوٹا بھائی، اس نے عربی اور فارسی کی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی۔ اسلامیہ انٹر کالج اٹاوہ سے انٹرمیجیٹ کا امتحان پاس کیا، انگریزی کی لیاقت عمدہ تھی، طبیہ کالج دہلی سے فاضل الطب والجراحت کا امتحان پاس کیا، اپنا مطب کھولا لیکن مطب ہمیشہ مریضوں سے خالی رہا۔ زیادہ وقت مطالعے اور احباب کے ساتھ گزارتا تھا۔ میرے علاوہ، استاذی پروفیسر تسنیم صدیقی، پرنسپل عبدالشکور، چودھری اشتیاق احمد اور عزیز اللہ خاں وکیل اس کے یہاں اٹھتے بیٹھتے تھے۔ زیادہ تر شطرنج ہوتی تھی، ہماری بزم احباب کے جلسے اس کے ہی مکان پر ہوتے تھے، میں اس زمانے میں محلّہ شاہ آباد میں اس کے مکان کے قریب رہتا تھا، میں نے بزمانۂ طالب علمی دیوان غالب اس سے ہی پڑھا۔ چند کتب فارسی کی پڑھیں اور سورۃ البقر کے چند رکوع کی تفسیر بھی پڑھی، بے حد عقلیت پسند اور غیر مقلد تھا، ہمیشہ نواب صدیق حسن خاں کی تعریف کرتا تھا، اس نے مجھ پر جدید عربی و فارسی پڑھنے کے لیے زور دیا، میرے پاس وقت کی کمی تھی اور اس کی عقلیت پسندی سے بھی بیزار تھا، لہٰذا اس سے مزید استفادہ نہیں کر سکا۔ اس نے ایک فرانسیسی ناول میگڈ ولین کا ماجدولین کے نام سے عربی سے اردو میں ترجمہ کیا جو ماہنامہ نگار لکھنؤ کے خاص نمبر جنوری-فروری ۱۹۴۷ء کو شائع ہوا۔ یہ اس کا واحد ادبی کام ہے حالانکہ وہ بڑے سے بڑا علمی و ادبی کام کرنے پر مکلّف تھا۔ اس نے عمر کے آخری دور میں کوروکشیتر یونیورسٹی کے لیے عربی اردو ترجمے کا کام کیا اور پنجاب یونیورسٹی کا ممتحن فارسی بھی ہو گیا۔ چونکہ لاولد تھا اور بڑے سے مکان میں اپنی اہلیہ کے ساتھ رہتا تھا، ایک شب ڈاکو گھر میں گھس گئے، اس نے ان کا مقابلہ کیا اور ان کو بھگا دیا، لیکن اس حادثے کے بعد اس نے مکان میں رہنا مناسب نہیں سمجھا اور مکان فروخت کر کے علی گڑھ چلا گیا اور پھر علی گڑھ سے اپنی سسرال لکھنؤ، ۱۹۸۹ء کو موسم سرما میں اس کی وفات ہوئی۔

بزم احباب کے چار جلسے ایک ماہ میں ہوتے تھے، ایک جلسہ مشاعرے کے لیے مخصوص تھا، کبھی کبھار فارسی مصرع طرح پر بھی مشاعرہ ہو جاتا تھا، معتصم صرف فارسی کے مشاعرے میں اپنا کلام سناتا تھا۔ میں نے ایک بار مرزا ہرگوپال تفتہ (م ۱۸۷۹ء) کے دیوان سے ایک مصرع اخذ کر کے مشاعرۂ طرح کرایا تھا، معتصم کی غزل سب سے زیادہ کامیاب ہوئی جو مندرجہ ذیل ہے:

ہر چند بوے لالہ وگل در چمن خوشست — اما شمیم زلف شکن در شکن کجا
شکوہ مکن کہ کار بجاے نمی رسد — تائید غیب و فیض دل اہرمن کجا
ہر چند می تواں بہ تمنا گریستن — اشکم کجا و دامن آں سیم تن کجا
یک فرصت گناہ میسر نمی شود — واعظ کجا فقیہ کجا برہمن کجا
دائم خیال وعدۂ فردائے تو خوشست — لطف سپردن تو در آغوش من کجا

مجھے یاد ہے کہ چوتھے شعر پر مشاعرے میں ٹپّس پڑ گئی تھی، افسوس کہ میں اس غزل کا مطلع اور مقطع بھول گیا ہوں۔

مجھے نہیں معلوم کہ اس نے کتنا فارسی اردو اور عربی کلام چھوڑا، اسکو اپنے اشعار سنانے کا بالکل شوق نہیں تھا، اساتذۂ عربی فارسی اور اردو کے اشعار سنا کر محظوظ ہوتا تھا۔ معتصم میرے لیے ایک ناقابل فراموش شخصیت تھی جس کے علم وفضل سے میں خود بھی بھرپور استفادہ نہ کر سکا۔

منتقم، انتقام الحسنین:

خلف سید محمد احسن، ساکن قصبہ سینتھل بریلی۔ بریلی میں بود و باش اختیار کی، محلّہ کنگھی ٹولہ مقابل جامع مسجد قلعہ بریلی میں رہتا ہے، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے قانون کا اور بریلی کالج بریلی سے ایم اے اردو کا امتحان پاس کیا، ۱۹۴۷ء میں عدالت ججی سے وکالت شروع کی جو ہنوز جاری ہے، مجھ سے ملاقات ہے، نہایت خلیق اور دوست نواز انسان ہے۔

اپنے برادر کلاں سید اظہار الحسین قمر کے زیر اثر شاعری شروع کی، پانچ برس حیدر دہلوی سے اور اس کے بعد نجم آفندی سے مشورۂ سخن کیا۔ نعت، منقبت، مرثیہ، سلام اور غزل میں طبع آزمائی کی۔ عہد بہ عہد غزل کے مزاج کا ساتھ دیا، اس کا شعری مجموعہ مسمّی ماہ نو ۱۹۸۶ء میں کراچی سے

شائع ہو چکا ہے، جدید رجحان کی حامل دو غزلیات بطور نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہیں:

دور تک ساتھ میں تاریخ کے چلتے ہوں گے
وہ اندھیرے جو اجالوں سے نکلتے ہوں گے

دل جہاں غم کی حرارت سے پگھلتے ہوں گے
رنگ کیا کیا سحر و شام بدلتے ہوں گے

میں تو یہ سوچ کے منزل کی تھکن بھول گیا
میرے قدموں کے نشاں راہ میں پلتے ہوں گے

دور حاضر کے اندھیرو کہاں ڈھونڈیں وہ دل
غم کے شعلوں کی چمک سے جو بہلتے ہوں گے

میں تو انسان ہوں فطرت کو نہ ٹوکو میری
عشق کی آگ سے پتھر بھی پگھلتے ہوں گے

دیکھ اے وقت کی رفتار شب غم کا فروغ
جس جگہ شمع نہیں دل وہاں جلتے ہوں گے

منتقم شعلہ نہیں ہوں کہ جلاؤں، لیکن
جلنے والے تو مرے نام سے جلتے ہوں گے

یاد آئی غم کی چوٹ تو آنسو نکل گئے
اچھا ہوا چراغ سر شام جل گئے

روئے تو ضبط غم کی حدیں ٹوٹنے لگیں
آنسو پیے تو قلب و جگر دونوں جل گئے

تھے تازہ دم تو گردش دوراں تھی سازگار
جب تھک گئے تو وقت کے تیور بدل گئے

ہنس کر وہ غم لیا ہے کہ جس غم کی آنچ سے
پتھر کے دل بھی موم ہوئے اور پگھل گئے

راہ وفا کی مشکلیں کیسی تھیں منتقم
سو بار لڑکھڑائے گرے اور سنبھل گئے

ہر سال عید الفطر کو اپنے یہاں سینتھل میں مشاعرہ بھی کراتا ہے۔

[وفات: ۱۹/اپریل ۲۰۰۸ء]

ماہر قریشی، طاہر حسین:

ساکن بڑا بازار مقابل گلی جگت ٹاکیز بریلی، تلمیذ تبارک علی عبرت صدیقی، نصف صدی سے شعر کہہ رہا ہے۔ اس کا مجموعہ کلام مسمیٰ گنگ و جمن ۱۹۸۳ء میں شائع ہو چکا ہے۔ میں نے اس مجموعے پر آل انڈیا ریڈیو رامپور سے ۱۰ستمبر ۱۹۸۴ء کو تبصرہ کیا تھا۔ ماہر قریشی بنیادی طور پر روایتی غزل گو ہے۔ البتہ اس کے روایتی اسلوب میں اگر سوز قلب کی اتفاقی آمیزش ہو جاتی ہے تو اشعار کی تاثیر بڑھ جاتی ہے اور ایسے ہی اشعار کو قبولیت ملتی ہے۔

وہ ہیں بے پردہ سامنے لیکن
پردۂ شوق دید حائل ہے

وہ ترا غم ہو یا غم دوراں　　میری دنیا میں غم رہے کوئی

مجھ سے ملاقات ہے۔ ۲۷/مارچ ۱۹۹۲ء کو اس پر فالج کا حملہ ہوا، بقید حیات ہے، اللہ تعالیٰ اس کو صحت دے۔ [وفات: ۴/ستمبر ۱۹۹۴ء]

نازؔ، زکی احمد:

شفیع احمد عیش بریلوی کا پسر، ساکن کھنو محلّہ بریلی، شاگرد مفتی صابر حسن شیوا عثمانی، ذہین، طباع، آداب مجلسی سے واقف، اچھا غزل گو، مترنم، مشاعروں کا کامیاب شاعر، کبھی کبھی اس پر سفلہ پن کا بھوت سوار ہو جاتا، دیگر شعرا سے کسی امرد کے چکر میں جھگڑا کرتا اور کبھی شاعروں کو برسر مشاعرہ ذلیل کرتا اور ایذا رسانی ۱۲۳ پر خوش ہوتا، اس نے ژاژ خواہوں کا ایک گروہ بنالیا تھا جو شاعری کے نام پر ایذا رسانی کے ذریعہ تفریح کرتے تھے جس سے بریلی کا ماحول شاعری گندہ ہو گیا اور مشاعروں میں شرکت سے سنجیدہ طبقہ گریز کرنے لگا۔ اس نے تقسیم ہند کے بعد کراچی کا رخ کیا اور کراچی میں ہی ۱۹۹۱ء میں فوت ہوا، نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

حسن بن کے وہ زمانے پہ نمایاں ہو جائے　　عشق کو اپنی حقیقت کا جو عرفاں ہو جائے
اثر سوز محبت جو نمایاں ہو جائے　　خاک پروانہ سے محفل میں چراغاں ہو جائے
حاصل عمر ہیں یہ آخری سانسیں شاید　　وہ بھی کہتے ہیں کہ مشکل مری آساں ہو جائے
تجھ کو فرصت جو نہیں تیرا تصور ہی سہی　　کوئی تو آ کے شریک شب ہجراں ہو جائے
چاہتا ہوں میں یہ اعجاز فراوان جنوں　　ہاتھ دامن پہ جو ڈالوں تو گریباں ہو جائے
نہ سہی چاند ستاروں کی یہ شمعیں نہ سہی　　کوئی جگنو ہی چراغ رہ عرفاں ہو جائے
ناخدا بحر حوادث کا نگہبان تو ہے　　اور ساحل پہ جو ہنگامۂ طوفاں ہو جائے
یہ ہوا اور یہ مستانہ گھٹاؤں کا ہجوم　　نازؔ کو چاہیے اس وقت غزل خواں ہو جائے
وہ رند بلانوش ہوں اے زاہد ناداں　　پلکوں سے اٹھائی ہے جو آنکھوں سے گری ہے

آنکھوں پہ نمی ہونٹوں پہ ہنسی، وہ بہر عیادت آئے ہیں
اس وقت مریض فرقت کو تکلیف بھی ہے، آرام بھی ہے

میں اور وحشت کیا معنی، میں اور جنوں تو بہ توبہ
کچھ دل کی بھی اس میں سازش ہے، کچھ ان کی نظر کا کام بھی ہے

تیری طرف سے ترک تعلق ہوا، ہوا اے عشق تیری غیرت بے حد کو کیا ہوا
یہ کہکشاں یہ چاند یہ تارے گواہ ہیں پہنچا کہاں کہاں میں تجھے ڈھونڈتا ہوا
حد جمال سے بھی کچھ آگے نکل گیا حیرانی نگاہ سے میں کھیلتا ہوا

آج اٹھا ہی کیوں نہ دیں پردے حریم حسن کے
اے دل بے قرار شوق زحمت انتظار کیا
پروانے نازؔ جل گئے خود اپنی آگ میں
انداز عشق شمع فروزاں میں آگئے
گلوں سے حسن، کلی سے شباب لایا ہوں
کہاں کہاں سے تجھے بے نقاب لایا ہوں

حوالہ: ماہنامہ شبنم بریلی بابت جنوری ۱۹۴۸ء

نزہتؔ، اوم پرکاش:

شیو آدھار کا فرزند، ساکن محلّہ قانون گویان بریلی، ناردرن ریلوے میں اسٹیشن ماسٹر، امروہہ، منگلور، رامپور، سندیلہ، ملیح آباد اور صفی پور جیسی ادب خیز بستیوں کے اسٹیشن پر تعیناتی کی وجہ سے ذوق شاعری کی تربیت ہوئی اور شوق سخن میں اضافہ ہوا، ابتدا میں تبارک علی صدیقی کا شاگرد ہوا، شاد عارفی رامپوری، عابد مینائی اور شہباز صدیقی امروہوی سے بھی مشورۂ سخن کیا۔ ۱۹۷۹ء میں میرے غریب خانے پر آیا اور اپنا مطبوعہ مجموعۂ کلام مسمیٰ ''خوابوں کے جزیرے'' دے گیا تھا۔ مہذب، شیریں سخن اور بھولا بھالا انسان تھا، اس کی شاعری میں خاصی جدت ہے۔ اشعار میں شگفتگی ہے، ہمواری اور صفائی ہے، نظم کا بھی شاعر ہے، مجموعی طور پر اپنے معاصرین شعرائے بریلی میں قد آور دکھائی دیتا ہے، نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

پیمانہ چلا اور صراحی نکلی یوں میری کتابوں کی گلابی نکلی

میں ایک شرابی تھا کہ چشم ساقی　　کچھ مجھ سے زیادہ ہی شرابی نکلی
ناصح پہ مرا تبصرہ ناقص ہی سہی　　ساقی کی نگاہوں میں بھی خامی نکلی
کیا شہر کے اے زہرہ جبینوں دیکھی　　اس اپنے خرابے میں جو خوبی نکلی
غنچہ سا دہن اور یہ بوٹا سا قد　　ان زلفوں میں باغوں کی فضا سی نکلی
تو ساتھ تو موسم ہے اچھوتا نزہت　　یہ چاندنی بھی آج کنواری نکلی

☆

دکھنے[124] لگی ہے چھاؤں ترے شہر کی طرف　　پڑنے لگے ہیں پاؤں ترے شہر کی طرف
حالات پا بہ سلسلہ کرتے ہیں کس قدر　　کیوں کر قدم اٹھاؤں ترے شہر کی طرف
یہ خوف تا بکے ارے اندیشہ تا بکے　　جو بھی ہو اب جو جاؤں ترے شہر کی طرف
شہر نگار، شہر تمنا، وہ شہر شوق　　اب کے پہنچ جو پاؤں ترے شہر کی طرف
ٹکنے نہ دیں گے لوگ مجھے تیرے شہر میں　　ڈھونڈوں گا کوئی گاؤں ترے شہر کی طرف

نزہت کی نظمیات میں خانہ بدوشوں پر ایک نظم ''یادش بخیر'' قابل ذکر ہے، اس نظم کے شروع کے ابیات مندرجہ ذیل ہیں:

برق لہرائی کہ آکاش کا تارا ٹوٹا
کھنچ گئی دور تلک دل پہ سنہری سی لکیر
جل اٹھے ٹیس کی لَو سے مرے زخموں کے چراغ
کچھ عجب طور سے مارا ہے تری یاد نے تیر
خاص انداز لیے شہر سے کچھ باہر کو
نصب خیمے ہیں ذرا اونچے زمیں چھوڑے ہوئے
حاشیہ چھوڑے ہوئے ہیں یہاں دامان نظر
پیرہن ہیں یہاں کچھ پائے حسین چھوڑے ہوئے
ویسے ہی خیمے میں میداں ہے وہی پیڑ کی چھاؤں
وہی خوش فکری و خوش ذوقی و خوش پیرہنی

وہی آزاد خیالی وہی آزاد روی
وہی ہرطور اڑاتا ہوا شہروں کی ہنسی......

یہ رومانتک نظم ہے جس میں شاعر کا احساس حسن، ژرف بینی اور حسن تصور نے قلمکاری کا معیار پیش کیا ہے۔ نزہت کی تمام شاعری قابل ذکر ہے جس کو متعارف کرانے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

حوالہ: خوابوں کے جزیرے

نوریؔ، مصطفیٰ رضا خاںؒ:

مولوی احمد رضا خاں رضا (م ۱۹۲۱ء) کا فرزند، پیدائش بروایت مولوی حسنین رضا خاں مرحوم ۱۸۹۴ء، ساکن محلّہ سوداگران بریلی۔ زاہد و عابد، متقی پرہیز گار، نمونۂ خدمت خلق، حامل شریعت و طریقت، باکمال عالم دیں اور صوفی، مرید و خلیفہ حضرت شاہ ابوالحسن المعروف بہ نوری میاں مارہروی (م ۱۹۰۵ء)، بلند پایہ نعت گو، مجموعۂ نعت و مناقب مکتبہ مشرق محلّہ کانکڑ ٹولہ شہر کہنہ بریلی سے شائع ہو چکا ہے۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

آہ پورا مرے دل کا کبھی ارماں ہوگا
کبھی دل جلوہ گہ سرور خوباں ہوگا

میرے دل پر جو کبھی جلوۂ جاناں ہوگا
لمعۂ نور مرے رخ سے نمایاں ہوگا

جلوۂ مصحف رخ دل میں جو پنہاں ہوگا
پارے پارے میں مرے قلب کے قرآں ہوگا

چوندھ جائے گی تری آنکھ بھی مہر محشر
ان کے ذرے کو جو دیکھے گا پریشاں ہوگا

حسن وہ پایا ہے خورشید رسالت تونے
تیرے دیدار کا طالب مہ کنعاں ہوگا

جلوۂ حسن جہانتاب کا کیا حال کہوں
آئینہ بھی تو تمھیں دیکھ کے حیراں ہوگا

کون پوچھے گا بھلا روز جزا وہ بھی مجھے
ان کی رحمت کے سوا کوئی بھی پرساں ہوگا

چاکِ تقدیر کو کیا سوزن تدبیر سیے
لاکھ وہ بخیہ کرے چاک گریباں ہوگا

مجھ کو دعویٰ نہیں عصمت کا مگر بے موقع
عیب جوئی نہ کرے گا جو سخنداں ہوگا

دل دشمن کے لیے تیغِ دوپیکر ہے سخن
چشم حاسد کو مرا شعر نمکداں ہوگا

عمر تو ساری کٹی لہو میں اپنی نوریؔ
کب مدینے کی طرف کوچ کا ساماں ہوگا

وفات ۱۹۸۲ء میں ہوئی، مزار مرجع خلائق ہے۔

حوالہ: تذکرۂ نعت گویان بریلی ص ۱۲۹، سامان بخشش ص ۵۴

نشتر، یعقوب علی:

قاضی محمد ایوب علی تلمیذ داغ کا فرزند، قصبہ سردھنہ ضلع میرٹھ میں پیدا ہوا، آگرہ میں مروّجہ تعلیم حاصل کی۔ سیماب اکبرآبادی (م ۱۹۵۱ء) کا شاگرد ہوا اس صدی کے ناموران میں عبدالباری آسی اور صادق سردھنوی اس کے قریبی اعزہ میں ہیں۔ ۱۹۳۹ء میں بریلی وارد ہوا، محلّہ بہاری پور معماران بریلی میں سکونت رکھتا ہے، آرمری کی دوکان ہے، شروع سے قوم پرست نظریے پر کاربند رہا، دوبار بریلی کارپوریشن کا ممبر منتخب ہوا۔ حق گوئی، ایمانداری اور خدمت خلق کے لیے مشہور ہے، ۱۹۶۰ء میں حج بیت اللہ شریف سے مشرف ہوا، اس کی کتاب ''بیت المقدس کی قدیم تاریخ پر ایک نظر'' جو میری اور عرشی صاحب کی نظر سے گزر چکی تھی، اب شائع ہوگئی ہے، اپنے موضوع پر کارآمد کتاب ہے۔ مجھ سے ملاقات ہے، میرا محسن اور دعا گو ہے۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

میری فریاد تو پہنچی نہ شبستاں کے قریب ان کی آواز سنی میں نے گلستاں کے قریب
چاک پر چاک ہیں اب چاک گریباں کے قریب ایک بستی سی بسی ہے دل ویراں کے قریب
آج سب ہی نے بڑے غور سے دیکھا تھا مجھے ہو کے گزرا تھا جو میں گور غریباں کے قریب
اس نے بھولے سے مجھے یاد کیا ہے شاید ایک شعلہ سا اٹھا ہے دل ویراں کے قریب
پھر ذرا اہل چمن کا بھی تماشا دیکھو لا کے رکھ دو تو قفس میرا گلستاں کے قریب
ہائے کس حال میں رہتے ہیں قفس کے قیدی آ کے دیکھو تو کبھی تم درزنداں کے قریب
آج شاید یہ مری موت کا دن ہے نشتر آج دیکھی ہے خزاں میں نے گلستاں کے قریب

حوالہ: سپاس نامہ بریلی کارپوریشن ۱۲؍فروری ۱۹۸۸ء

واصفؔ، سراج الدین احمد:

شفیع الدین احمد خواجہ کا فرزند، علوم شرقیہ کا ماہر، خاندانی روایت شاعری کا نمائندہ، مفلوک الحال لیکن حسن پرست، ناز سے معرکہ آرائی ہوئی جس میں ناز حاوی رہا۔ میں نے اس کو دیکھا تھا، بس

ہڈیوں کا پنجر، کپڑے کثیف، واصف پریس کھولا تھا جو جلد ہی بند ہو گیا۔ فطری شاعر تھا، ناز اس کی گرد کو نہیں پہنچتا، مجھے اس کے اشعار ایسے افراد سے جمع کرنا پڑے جو اس کے معترف تھے۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

سبھی کی عمر کٹتی ہے، سبھی کے دن گزرتے ہیں ‎ ‎ بہ آسانی کسی کے اور کسی کے سخت مشکل سے
آپ وفاپرست ہیں، آپ وفاشعار ہیں ‎ ‎ آپ کی یہ صفات ہیں، کہنے لگے کہ جی نہیں
ترے خیال میں بے وجہ سرنگوں کب ہوں ‎ ‎ بھگو رہا ہوں گریباں کو اشک حیرت میں
پڑتا ہے عکس خندۂ گل آب جو میں، یا ‎ ‎ آئینہ دیکھتی ہے جوانی بہار کی
کہتا ہوں ٹوٹتے ہوئے تاروں سے شام غم ‎ ‎ مل جل کے آؤ کاٹ لیں شب انتظار کی
وہیں پر بات رکھنی ہے جنون راز پنہاں کی ‎ ‎ جہاں کرتی ہے دنیا دھجیاں جیب و گریباں کی
سلامت جذب دل، فکر رہائی ننگ ہے واصف ‎ ‎ قفس کی سمت خود جھک آئیں گی شاخیں گلستاں کی
لذت درد سے اگر قلب کو آگہی نہیں ‎ ‎ لطف حیات کی قسم، زندگی زندگی نہیں
کھنچتے ہیں کچھ سمجھ کے وہ بچتے ہیں جانتے ہوئے ‎ ‎ یہ بھی ادائے خاص ہے، لطف ہے بےرخی نہیں

یہ قطعہ ضرب المثل بن چکا ہے:

روتے ہیں گریۂ مظلوم پہ ہنسنے والے ‎ ‎ اہل بے داد کا شیرازہ بکھر جاتا ہے
اپنے انداز تبسم کو سمجھ لے دنیا ‎ ‎ بات رہ جاتی ہے اور وقت گزر جاتا ہے

عین جوانی میں مدقوق ہوا جو اس زمانے میں مرض الموت تھا، اس پر کم مائیگی اور دنیا کی ایذ ررسانی، ۷ر دسمبر ۱۹۵۲ء کو راہی ملک عدم ہوا۔ مرنے سے پہلے یہ شعر کہا:

قید ہستی سے رہا ہونے کو جی ہوتا ہے ‎ ‎ ہائے احساس غریب الوطنی ہوتا ہے

ہلاؔل، فرحت محمد خاں:

نادر شاہ خاں رستم کا بھتیجہ، ہائی اسکول تک تعلیم، فارسی داں، رستم کے زیر اثر شاعری شروع کی۔ ابتدا میں بخت عالم خاں شوخ کا شاگرد ہوا، اور بعد کو زکی احمد ناز کا، ناز کے ژاژ خواہوں میں شامل تھا۔ زمینداری ختم ہونے کے بعد فکر ملازمت دامن گیر ہوئی نارتھ ایسٹرن ریلوے کے محکمۂ اکاؤنٹس آئزٹ نگر بریلی کے دفتر میں کللرک کی جگہ مل گئی، ملازمت کے سلسلے میں کٹھیار بہار میں رہا، بعد کو

بریلی واپس آ گیا۔ اپنی حیات کے آخری ایام میں تائب ہوکر سلسلۂ صابریہ قدوسیہ میں بیعت ہوا اور خلافت پائی۔ مرید بنائے اور سالانہ عرس صابری وغیرہ کا انعقاد کیا، بے حد ذہین اور طباع تھا لیکن اتنا ہی لا ابالی اور سیماب صفت، اس نے اپنا فارسی وارد و کلام محفوظ نہیں رکھا، مجھ سے ملاقات تھی اور کبھی کبھار ہماری بزم احباب کے مشاعروں میں بھی شریک ہوجاتا تھا۔ عصری ابتلا سے متاثر ہوا، غزلیات دلچسپ ہیں، ترنم سے پڑھتا تھا، مشاعروں کا کامیاب شاعر تھا، بعمر اٹھاون سال ۱۲ نومبر ۱۹۸۵ء کو سرطان میں مبتلا ہوکر فوت ہوا۔

مجھے اپنے کلام کا انتخاب دے گیا تھا، نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

اب حال پریشاں پہ ہنسی آتی ہے — اس گلشن ویراں پہ ہنسی آتی ہے
انجام بہاراں پہ تو دل روتا ہے — آغاز بہاراں پہ ہنسی آتی ہے
فرسودہ روایات جنوں چھوڑ بھی دے — اب چاک گریباں پہ ہنسی آتی ہے
جینے کا قرینہ بھی نہ آیا افسوس — اس دور کے انساں پہ ہنسی آتی ہے
پھولوں کے تمدن کا اڑاتا ہے مذاق — کانٹے کو گلستاں پہ ہنسی آتی ہے
دل ڈوب کے مجبور تبسم ہے ہلال — گنجائش طوفاں پہ ہنسی آتی ہے

ہر نفس آہ ہر نفس شعلہ — لے کے آیا غم حیات کہاں
میرے غم میں شریک ہیں شاید — آج تاروں میں روشنی کم ہے

میری مست لغزشوں کی جسے دیکھنا ہو عظمت — میرے ساتھ ساتھ چل کر میرے آستاں تک آئے
وہ اشک کیا جو مژہ تک بھی آ سکے نہ کبھی — میں اشک بن کے ترے پیرہن تک آیا ہوں
روئے تاباں سے کبھی زلف سیہ فام کے ساتھ — کھیلتا رہتا ہوں میں گردش ایام کے ساتھ
اس تصور میں کئی مجھ کو بہاریں گزریں — جیسے اس سال رہائی مری تقدیر میں ہے
تڑپ رہے تھے نمائش کے واسطے خود ہی — بنا دیا ہے خطاوار زندگی مجھ کو
ہستیاں ایسی بھی موجود ہیں میخانے میں — گر کے جو بازوئے ساقی پہ سنبھل سکتی ہیں
وہ تو تقدیر کے ماتم ہی سے فرصت نہ ملی — ورنہ انساں جہاں مجبور ہے، مختار بھی ہے

اس نے نعت، منقبت اور قطعات بھی نظم کیے، لیکن اس کو شہرت ایک غزل گو کی حیثیت سے ہی ملی۔

حواشی

۱- ستی یعنی سے۔

۲- پھیر یعنی پھر۔

۳- پیارے اور زبانی کا قافیہ درست ہے۔ اساتذۂ فارسی قافیہ کے لیے یاے معروف اور یاے مجہول میں امتیاز نہیں کرتے تھے۔

۴- شیخ امام بخش ناسخ نے مشورہ دیا کہ کم سخن کی جاے بے زباں ہو تو کمال ظاہر اور نادر ہو جائے۔

۵- ناصر نگینوی نے مصرعہ اول کو اس طرح نقل کیا:

کبھی ٹھوکر کا صدمہ ہے کبھی صرصر کی زحمت ہے

جو گلشن سخن میں بھی ہے۔

۶- افغانی امرد کلاہ کے بجاے دستار باندھتے تھے۔

۷- قائم چاندپوری کا شعر ہے:

قائم کو اس طرح سے تو دیتا ہے گالیاں
جس کو کسی نے آج تلک تو نہیں کہا

قدرت اللہ شوق نے تحریر کیا ''بزعم ایں نافہم اگر بجاے لفظ کیا کہ ردیف است، لفظ کہا باشد موافق محاورہ درست می نشست والاّ نہ غلطی است چرا کہ کیا فعل وکلمۂ تو قول، وفعل را بر قول اطلاق نمی کنند، واللہ اعلم بالصواب۔'' (طبقات الشعراء، ص:۱۸۶)

۸- حافظ رحمت خاں کا سر بعد شہادت جسم سے جدا کر کے شجاع الدولہ کو دکھایا گیا تھا۔

۹- یہ ایک چوبی کھلونے کا نام ہے جس کے دو گول پھلّڑ ہوتے اور ان کے درمیان دھاگا، انگلی میں دھاگے کا سرا باندھ کر چکیے کو چکر دئے جاتے تھے، نصف صدی قبل تک اس کا بہت رواج تھا، شاعر نے چکئے کو علامت مان کر مجبوریِ عشق کا اظہار کیا ہے۔ عاشق چکیے کی طرح ہوتا ہے جس کی گردن میں سر رشتۂ الفت لپٹا رہتا ہے اور دلبر اس کو اپنی مرضی کے مطابق چکر دیتا ہے۔

۱۰- ارادت خاں کی بنوائی ہوئی عالی شان مسجد (۱۷۷۲ء) جو آخون زادے کی مسجد کہلاتی ہے، محلّہ جسولی

بریلی میں موجود ہے۔

۱۱- نساخ نے یہ مصرعہ یوں لکھا ہے: تو ہنس کے بولے، ابھی تیری جان باقی ہے

۱۲- فارسی لفظ اَفراسِ آب، اس کے معنی ہیں وہ حباب جو بارش کے وقت اٹھتے ہیں۔

۱۳- گزند بہ معنی آسیب۔

۱۴- یعنی جدا۔

۱۵- اس وقت بھٹورا فتح گنج غربی ضلع بریلی میں ہے۔

۱۶- میدان جنگ کے قریب دوندیاں، قدیم نام ڈھکرا بھکرا ہیں (رکچھا اور بھاکڑا) اسی رعایت سے یہ دو جوڑا کہلاتی ہیں۔ اس لڑائی کو نجو خاں کی رعایت سے جنگ نجو خانی بھی کہتے ہیں۔

۱۷- انگریزوں کی چور پلٹن جو نالے میں اور بروایت ثانی گنّے کے کھیت میں چھپی ہوئی تھی۔

۱۸- یعنی انگریزی فوج کا کمانڈر نامور ہوا۔

۱۹- اتر چھیندی نواب سعد اللہ خاں ابن نواب علی محمد خاں کی جاگیر میں تھا، اس کا مطلب ہے کہ نعیم وہاں پہلے رہ چکا تھا اور بالآخر وہیں واپس ہوا۔ اتر چھنیدی ہنوز آباد ہے اور وہاں سگ گزیدہ علاج کے لیے جاتے ہیں۔

۲۰- بائے فارسی بالفتح، لفظ ہندی، معنی مددگار، سرپرست، مرکب پچھی اور لے۔

۲۱- مرکب نول اور لے، نول لفظ ہندی معنی خوبصورت، نویلا/نویلے معنی حسین نوجوان۔

۲۲- مرزا حسین علی خاں اور مرزا مہدی علی خاں آپس میں برادر تھے اور دونوں ہی بریلی کے صوبیدار رہے۔ مرزا حسین علی خاں کے نام پر محلّہ باقر گنج بریلی میں حسین باغ ہے۔ مرزا حسین علی خاں کا پسر مرزا باقر علی خاں المتخلص بہ وحشت تھا۔ اس کے نام پر محلّہ باقر گنج آباد ہے۔ روہیلوں کے دور اقتدار میں، جہاں اب محلّہ باقر گنج ہے، وہ علاقہ باغ محمد خاں کہلاتا تھا، محمد خاں نواب حافظ رحمت خاں کا بھانجہ ہے۔

۲۳- شاعر نے اس شعر میں یہ مفہوم ادا کیا ہے کہ اگر اس کے سر کے تلے محبوب کی دہلیز کا سنگ ہو تو وہ بالش مخمل میسر ہونے کے باوجود ہرگز محو خواب نہ ہو، یعنی محبوب کی دہلیز کا پتھر بالش مخمل سے زیادہ عزیز ہے۔ یہ شعر تعقید کا شکار ہوا۔

۲۴- ترا (کذا) مرا ہونا چاہیے۔

۲۵- تری (کذا) مری ہونا چاہیے۔

۲۶- دوھیں بمعنی فوراً۔

۲۷- دیوان نیاز مطبوعہ نول کشور بابت ۱۸۷۶ء، ص:۱۳۸ میں آپ کی عمر ۷۷ اور سال وفات ۱۸۳۴ء مندرج ہوئی۔ عبدالغفور نساخ نے بھی عمر ۷۷ اور سال وفات ۱۸۳۴ء تحریر کی۔ ۷۷ سال عمر اور ۱۸۳۴ء میں وفات ماننے سے، پیدائش ۱۷۵۷ء میں ہوئی، مصحفی نے بقول خود شاہ نیاز احمد سے میزان پڑھی اور دہلی میں ان کی وجاہت دیکھی۔ مصحفی آنولہ ۱۷۷۱ء میں آیا، اس سے قبل وہ دہلی میں تھا۔ ظاہر ہے کہ اس نے ایک تیرہ چودہ برس کے کودک سے نہ میزان پڑھی اور نہ اسکی وجاہت دیکھی۔ چناں چہ سال پیدائش ۱۷۵۷ء درست نہیں۔

خانقاہ نیازیہ بریلی کے سجادہ نشین حضرت شاہ محمد تقی رازؒ (م ۱۹۶۷ء) نے مجھ سے ایک موقع پر فرمایا کہ حضرت شاہ نیاز احمدؒ نے بہ عمر ۹۴ سال وفات پائی تھی۔ ایسی صورت میں حضرت نیاز احمدؒ کی پیدائش ۱۷۴۰ء میں ہوئی۔ مصحفی کے میزان پڑھنے کی بات اور حضرت شاہ محمد تقی راز کا فرمانا کہ عمر ۹۴ سال پائی، یہ قیاس کرنے میں قباحت نہیں کہ شاہ نیاز احمد ۱۷۴۰ء کو یا دو ایک سال آگے پیچھے پیدا ہوئے۔

۲۸- آپ کے ورودِ بریلی کے متعلق آپ کے موجودہ اہل خاندان فرماتے ہیں کہ خاندانی دستاویزوں کے مطابق آپ کو معافی کی آراضی برائے امداد مدرسہ ۱۸۶۵ء میں نواب حافظ رحمت خاں نے اور آپ کا مدرسہ مسجد بی بی جی محلّہ بہاری پور بریلی میں تھا۔ راوی نے دستاویز نہیں دکھائی، مسجد بی بی جی کی تعمیر نواب حافظ رحمت خاں کی وفات (۱۷۷۴ء) کے بعد ان کی بہن المعروف بہ بی بی جی نے بنوائی تھی۔ لہٰذا حضرت نیاز احمد یا تو ۱۷۷۴ء کے بعد بریلی تشریف لائے یا پھر انھوں نے مسجد بی بی جی میں نہ قیام کیا اور نہ اس میں مدرسہ جاری کیا۔ اسی سلسلے میں یہ بھی غور طلب ہے کہ حضرت نیاز احمدؒ نے حضرت عبداللہ بغدادیؒ سے، جو ۱۷۷۱ء میں دہلی تشریف لائے، جامع مسجد دہلی میں بیعت کی، ان کے ہمراہ پھلواری شریف کا سفر کیا اور اس کے بعد بریلی آئے تو ان کا ۱۷۶۵ء میں بریلی وارد ہونا یوں بھی محل نظر ہے۔

شاہِ دہلی، نواب وزیر اودھ لکھنؤ، ایسٹ انڈیا کمپنی اور خاص طور پر مرہٹوں کی یورش کی وجہ سے ۱۷۷۱ء سے شروع ہو کر ۱۷۷۴ء میں روہیلوں کے زوال تک کی مدت اور اس کے بعد بریلی اور اس کے ملحقہ علاقوں میں شجاع الدولہ کی پھیلائی ہوئی بربریت کے پیش نظر لوگ بریلی چھوڑ کر فرار ہوئے نہ کہ بریلی آئے۔ لہٰذا اس پر آشوب زمانے میں حضرت شاہ نیاز احمدؒ کا ورودِ بریلی خلاف قیاس ہے۔ میرے خیال میں حضرت شاہ صاحب ۱۷۷۵ء میں یا اس کے بعد بریلی وارد ہوئے، مسجد بی بی جی

میں عارضی قیام کیا اور مدرسہ کھولا اور بعد کو محلّہ خواجہ قطب بریلی میں منتقل ہوئے جہاں ان کا مزار اور خانقاہ ہے۔

حضرت شاہ نیاز احمدؒ کی تالیفات کا شائع ہونا ضروری ہے۔ ان تبرکات کے شائع ہونے سے حضرت شاہ صاحب کی تعلیمات مشتہر ہوں گی جو غایت اولیٰ ہے۔

۲۹- قدیم نام جواندی، دوسرا نام دیورنیاں ندی، دیورنیاں، بریلی کے شمال مشرق میں ایک تاریخی قصبہ ہے جو اس ندی کے کنارے آباد ہے۔ لہٰذا نام پڑا دیورنیاں ندی، راجہ مکرند رائے نے بریلی کے مغرب اور اس ندی کے قریب قلعہ بنوایا تھا، لہٰذا ندی کا نام قلعہ ندی پڑ گیا جو آج بھی مروّج ہے۔

۳۰- خاندان مولویان بریلی کے شجرے سے، جس کی نقل میرے پاس محفوظ ہے، مولوی ہدایت علی کا نسب تو دیکھ سکا اور اس کو درست پایا لیکن نقوی صاحب کے فراہم کردہ حالات، تلمذ اور اشعار وغیرہ کو جانچنے سے قاصر رہا، تاہم امید یہی ہے کہ نقوی صاحب کی اطلاع معتبر ہے کیوں کہ وہ اسی خاندان کے چشم و چراغ ہیں اور بیشتر خاندانی سرمایۂ کتب ان کی تحویل میں ہے۔

۳۱- ڈاکٹر محمد ایوب قادری نے میرے مضمون ''بریلی کے خاندان مفتیان کی شاعری کا مختصر جائزہ'' مطبوعہ معارف، اعظم گڑھ اگست ۱۹۶۷ء کو سامنے رکھ کر تحریر کیا کہ ''معلوم نہیں ڈاکٹر لطیف حسین ادیب نے کس بنیاد پر مفتی صاحب کا سال انتقال ۱۸۶۸ء تحریر کر دیا ہے۔'' (فٹ نوٹ، ص: ۱۳۷) غالب اور عصر غالب کے اسی صفحہ پر ان کے فرمانے کے بموجب ''محمد حسن خاں صدر الصدور کا تقریباً ۱۸۷۳ء میں انتقال ہوا'' لیکن معلوم نہیں کہ ڈاکٹر ایوب قادری نے کس بنیاد پر مفتی صاحب کا سال انتقال ''تقریباً ۱۸۷۳ء'' تحریر کر دیا ہے۔ میری بنیاد خاندان بریلی کے معمر بزرگ مفتی صادق حسن صادق تھے، مذکورہ مضمون مفتی صابر حسن شیوا عثمانی ثم کراچی نے بھی مطالعہ کیا اور اپنی رائے بھیجی لیکن انھوں نے بھی مفتی محمد حسن اسیر کی سال وفات سے اختلاف نہیں کیا۔ لہٰذا جب تک مصدقہ شہادت نہ ملے، خاندانی روایت پر ہی تکیہ کرنا پڑے گا۔

۳۲- پریشاں بہ معنی پراگندہ۔

۳۳- یہ واقعہ ۱۸۳۷ء کا ہے۔ ایک دری باف شیخ رحیم بخش نے (اس کا نام رحیم اللہ بھی میری نظر سے گزرا ہے) چودھری بسنت رائے، مہتمم رام نومی (اس کے نام پر چودھری تالاب بریلی میں ہے) کو مار ڈالا جس کی وجہ مذہبی جوش و جنون تھا کیونکہ محرم اور رام نومی ایک تاریخ میں پڑے تھے۔ روایتاً یہ سننے میں آیا کہ رحیم بخش دری میں چھری چھپا کر لے گیا اور دری پسند کراتے وقت چودھری بسنت رائے کو قتل

کردیا۔ واللہ اعلم بالصواب۔ بہرنوع شہر میں فساد پھیلا، رحیم بخش کو ۱۴ راپریل ۱۸۴۲ء کو سزائے موت دی گئی۔ اس کی پختہ قبر نریاول جانے والی سڑک اور پاگل خانے کے درمیان نیاز احمد ٹھیکیدار کی کوٹھی کے ایک گوشے میں ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انگریز حکام نے رحیم بخش کی نعش کو حفظ امن وامان کے مدنظر شہر بریلی کے باہر ویرانے میں دفن کرایا۔

۳۴- پرانے زمانے میں بڑے سائز کی ایسی پتنگ جس کی لمبائی زیادہ اور چوڑائی کم ہوتی تُکّل کہلاتی تھی۔ چونکہ تکل کا سائز بڑا ہوتا، اس پر برائے زیبائش پرندوں کی تصویریں چسپاں کی جاتی تھیں، لہٰذا پشچھالہ، پنچھی اورآلیہ، بعد کو پرندوں کے علاوہ بھانت بھانت کی تصویریں بننے لگیں جس کے نمونے آج بھی پتنگوں پر دیکھے جاسکتے ہیں۔

۳۵- مولانا کفایت علی کافی مرادآبادی، جید عالم اور مشہور نعت گو، شہید جنگ آزادی ۱۸۵۷ء، انگریزوں نے بغاوت کا جرم عائد کرکے ۱۸۵۸ء میں پھانسی کی سزادی۔

۳۶- تذکرے میں جو اشعار منقول ہوئے ان میں احسن اور سلطان دونوں تخلص موجود ہیں۔ ایوب قادری کا یہ سمجھنا کہ مفتی سلطان حسن خاں کا تخلص صرف سلطان تھا، احسن نہیں تھا، صحیح نہیں ہے۔ ان کے اہل خاندان جن سے میرا تعلق قلبی تھا، اس کا تخلص احسن ہی بتاتے تھے، مفتی سلطان حسن خاں کے فرزند مفتی عمادالحسن محو کی وفات پر جو رسالہ مسمیٰ یادگار محو شائع ہوا اس میں بھی یہ عبارت ہے:
''مولانا مولوی مفتی حکیم حاجی سلطان حسن خاں صاحب احسن تلمیذ غالب''

۳۷- محمد سعید خاں ۱۹ رمئی ۱۷۸۶ء کو پیدا ہوا، سہسوان بدایوں میں ڈپٹی کلکٹر تھا، احمد علی خاں کی وفات ۲۶ رجولائی ۱۸۴۰ء کو ہوئی۔ محمد سعید خاں ۲۰ راگست ۱۸۴۰ء کو تخت نشین ہوا۔ اس کی وفات یکم اپریل ۱۸۵۵ء کو ہوئی۔ اس سے یہ مستفاد ہوتا ہے کہ بیمار جب رامپور پہنچا، اس کی عمر ۵۰ برس سے زیادہ تھی اور کم سے کم مصحفی کے پختہ کار شاگرد کو غفلت سے تلمذ کی احتیاج نہیں تھی، لہٰذا مرتا کیا نہ کرتا، غفلت کا شاگرد بننے کے بعد بیمار کو ایک ایسی ملازمت مل گئی جس کا تعلق ادب سے تھا۔

۳۸- حکیم سعادت علی خاں ابن مردان علی، آنولہ کا نامی گرامی رئیس، ۱۸۵۷ء میں انگریزوں کا ساتھ دیا جس سے زمینداری میں اضافہ ہوا، افواج رامپور کا جنرل تھا۔ ۱۸۶۵ء میں فوت ہوا، نعش رامپور سے لاکر آنولہ میں سپرد خاک کی گئی۔

۳۹- اس قحط کا ذکر الطاف علی بریلوی نے حیات حافظ رحمت خاں میں (ص:۳۹۷) اور عبدالعزیز خاں عاصی نے تاریخ روہیل کھنڈ میں (ص:۲۲۷) کیا ہے لیکن قحط نے خود دولت مند طبقے کو کتنا پریشاں کیا

اور تجارت پیشہ افراد پر کیا اثر ڈالا، اس مسدس سے معلوم ہوتا ہے۔ اس قحط میں غربا نے اپنے بچے فروخت کر کے پیٹ کی دوزخ کو پاٹا۔ میری ننھیال میں بیلا شاہ ننی خالہ اور رفّو اس قحط سالی میں فروخت شدہ بچے تھے۔ میں نے ان سب کو سن رسیدہ دیکھا۔ حویلی کے ایک گوشے میں رہتے تھے اور رفّو کے علاوہ دونوں آپس میں شادی شدہ تھے اور صاحب اولاد بھی، وہ ہر طرح ہمارے ننھیالی عزیز معلوم ہوتے تھے کیونکہ نہ ان سے مستورات کا پردہ تھا اور نہ کسی بھی طرح کا امتیازی سلوک۔

۴۰- چودھری اشتیاق احمد شمسی (م ۱۹۷۱ء، بہ عمر ۸۷ سال) نے ایک موقع پر اس مکان کی نشاندہی کی جس میں مفتی محمد عوض کی رہائش تھی، کتب خانہ قلعہ روڈ بریلی پر جہاں محمد ہاشم سرمہ والا کی تکونی دوکان ہے، اس کے برابر مسجد ہے اور مسجد کے برابر جانب جنوب مکان، گزرے وقت میں یہی وہ مکان تھا جہاں مفتی محمد عوض رہتے تھے اور جس میں نواب صدیق حسن خاں کی پیدائش ہوئی۔

۴۱- شہید حسن نے اس روایت کو قبول کیا کہ بدایوں میں سرائے الف خاں، الف خاں جولاں کے نام پر ہے، یہ غلط ہے، سرائے گھیر الف خاں ایک رسالدار الف خاں کے نام پر ہے جو بزمانہ فتح خاں خانساماں ناظم بدایوں (م ۱۷۷۳ء) ایک باحیثیت امیر تھا جیسا کہ مفتی شرف علی نے تاریخ اولیاے بدایوں (قلمی) میں تحریر کیا۔ جناب ضیا علی خاں بدایونی نے تاریخ اولیاے بدایوں سے مفتی شرف علی کی عبارت اپنے خط مورخہ ۱۰؍دسمبر ۱۹۸۹ء میں راقم الحروف کو نقل کر کے بھیجی جس کے پیش نظر سرائے الف خاں کو جولاں سے منسوب کرنا صحیح نہیں۔

۴۲- قاضی عبدالجمیل جنون کے فرزند قاضی محمد خلیل کو مفتی عماد الحسن محو کی بہن بیاہی تھی۔ عماد الحسن محو کے پسران اپنے پھوپا کے یہاں جاتے تھے، چنانچہ مفتی صادق حسن صادق ابن مفتی عماد الحسن محو کی روایت کے مطابق قاضی محمد خلیل کے کتب خانے میں عبدالجمیل جنون کے کلام پر مشتمل ایک بیاض بھی تھی، چونکہ قاضی محمد خلیل کی وفات (۱۹۳۹ء) کے بعد اس کا خاندانی اور بیش قیمت کتب خانہ ختم ہو گیا، بیاض بھی لاپتہ ہو گئی۔ جنون کی عمر شاعری، اگر اس سنہ سے شمار کی جائے جب کہ وہ غالب کا شاگرد ہوا، تو وہ مدت نصف صدی کو محیط ہے۔ قیاس میں یہی آتا ہے کہ اس نے وافر سرمایۂ شاعری چھوڑا جو دیوان یا بیاض کی صورت میں اس کے اکلوتے اور لاولد فرزند کی حین حیات محفوظ تھا اور اس کے بعد ختم، لاپتہ یا نایاب ہو گیا۔

۴۳- مجھے مولود نامہ کے دو قلمی نسخوں کا علم ہوا۔ ایک قاضی محمد خلیل کے کتب خانے میں اور دوسرا شفیع احمد خواجہ (م ۱۹۴۷ء) کے سرمایۂ کتب میں۔ قاضی محمد خلیل کا کتب خانہ خزانۂ قارون کی طرح ایک تلمیح

بن گیا۔ خواجہ کی وفات کے بعد اسکی کتابیں حکیم سید صابر علی کے ہاتھ لگیں جو خود کو خواجہ کا شاگرد کہتا تھا۔ اصلاً مولود خواں تھا، اس نے مجھے بتایا کہ حیدر کا غیر مطبوعہ مولود نامہ اس کے پاس ہے۔ لیکن اس نے ہمیشہ ٹال مٹول سے کام لیا اور مجھے مولود نامہ نہیں دکھایا۔ اس کے انتقال کو کافی دن ہو چکے۔ میرا خیال ہے کہ بوجہ پیشۂ مولود خوانی، مذکورہ مولود نامہ اس کی ضرورت اور اس کے پیشے کا راز تھا۔ یہ سوچ کر افسوس ہوتا ہے کہ ایسے اہم مخطوطات بریلی میں موجود ہوتے ہوئے بھی مجھے دستیاب نہیں ہوئے۔ آگے بھی کیا امید کی جاسکتی ہے۔

۴۴- ڈاکٹر محمد ایوب قادری نے اپنی تالیف مولانا محمد احسن نانوتوی میں اس قضیہ کی پوری تفصیل پیش کی ہے (ص:۸۴ تا ص:۹۵) مسئلہ امتناع نظیر پر مولانا نقی علی خاں نے، مولانا احسن نانوتوی کے اشتہار برّیت کے باوجود، مولانا احسن کی تکفیر کی جس کے نتیجے میں ۱۸۷۳ء کو بریلی میں عیدالفطر کی دو نمازیں ہوئیں۔ عیدگاہ میں مولانا احسن نے نماز پڑھائی اور حسین باغ میں مولانا نقی علی خاں نے۔ اس کے بعد کتب و رسائل طبع ہوئے اور رفتہ رفتہ تائید و مخالفت میں دو گروہ بن گئے۔ مسئلہ امتناع نظیر تو پس پشت چلا گیا کیونکہ علما حضرت محمد ﷺ کو خاتم النبیین جانتے تھے لیکن مولانا نقی علی خاں کی وفات (۱۸۸۰ء) کے بعد مولوی احمد رضا خاں نے تحذیر الناس، تقویۃ الایمان، صراط مستقیم وغیرہ کی بعض تحریرات کی گرفت کی اور علمائے سابقین کے اعتراضات کا احیا کیا اور شد و مد سے بطور مشن قلم فرسائی کی جس کے نتیجے میں دیوبندی اور بریلوی مکاتیب فکر بن گئے جو آج بھی متخالف و متصادم ہیں۔ ایک صدی قبل اس قضیہ سے انگریزی سامراج کو سیاسی فائدہ پہنچا اور جمیع علما ایک ہی پلیٹ فارم سے برٹش سرکار کی مخالفت نہیں کر سکے۔ یہ کلیہ ہے کہ اتحاد میں طاقت اور عدم اتحاد میں انتشار ہے جس کے منفی اثرات و نتائج روزانہ کا مشاہدہ ہیں۔

۴۵- خواہاں کی عمر حدیث دلکش بن گئی، کہنے والے اس کی عمر سوا سو برس تک کی بتاتے تھے۔ اس کے خاندان کے معمر ترین افراد سے رابطہ پیدا کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ جس سال اس کے جدی مکان کا رومی دروازہ بنا اسی سال اس کی پیدائش ہوئی تھی۔ رومی دروازے کی تاریخ تعمیر ''قصر نواز میر ولایت علی'' سے ۱۲۶۱ ہجری برآمد ہوتی ہے جو ۱۸۴۵ء عیسوی کے مطابق ہے۔ لہٰذا اس کی سال پیدائش ۱۸۴۵ء اور عمر ۹۳ برس کی تھی۔

۴۶- محمد میر خاں بابر بزمانۂ نواب حافظ رحمت خاں ایک گرامی امیر تھا جو جنگ بکسر میں ۱۷۶۴ء کو مارا گیا، اس کی نعش کو بریلی کے غرب میں شہر سے ۳۵ کلومیٹر دور دفن کیا گیا۔ اس قصبے کا نام اس کے نام

پر، میر گنج ہے جہاں اس کی پختہ قبر محفوظ ہے۔

۴۷- محمد فرحت حسین فرحت ابن میر سعادت علی عیش ابن میر غلام علی عشرت۔

۴۸- قاضی محمد صادق خاں اختر تلمیذ محمد حسن قتیل، اپنے زمانے کا مشہور فارسی داں، فارسی کا شاعر اور تذکرۂ آفتاب عالمتاب، بہار اقبال، مفید المستفید، محامد حیدریہ، گلدستۂ محبت، بہار بے خزاں اور لوامع النور کا مولف۔ شاہان اودھ کی طرف سے خدمت منشی گری، عہدۂ تالیف وتصنیف اور بعدہٗ کان پور میں تحصیل دار رہا (تذکرۂ خوش معرکۂ زیبا، جلد ۱، ص: ۳۰۱) رام بابو سکسینہ نے بتایا کہ قاضی محمد لعل کا فرزند، ہگلی بنگال کا قاضی زادہ، غازی الدین حیدر شاہ اودھ کی جانب سے ملک الشعرا، تحصیلدار اٹاوہ، مذکورہ بالا کتب کے علاوہ مزید تالیفات یعنی ایک دیوان ریختہ، ہفت اختر، دیوان فارسی، مثنوی سراپا سوز، صبح صادق، (تاریخ ادب اردو، ص: ۳۰۸)

سال پیدائش ''اختر'' سے ۱۲۰۱ھ مطابق ۱۷۸۶-۸۷ء، وفات اٹاوہ یا لکھنؤ میں بہ سال ۱۸۵۸ء

۴۹- مولوی حسن رضا خاں نے ساقی کی وفات پر مندرجہ ذیل قطعہ لکھا:

چوں قضا کردند سد فضل غوث | در جہاں رسم خوش اخلاقی نماند
جان و دل از بادہ شدائے میکشاں | آں قدح بشکست آں ساقی نماند

۱۳۰۷ھ

یہ تاریخ ۲۹/ ذی الحجہ ۱۳۰۷ھ کے مطابق ہے جب کہ ساقی کی وفات ہوئی، ''خاص خدا بود'' (۱۳۰۸ھ) یکم محرم ۱۳۰۸ھ کے مطابق ہے جب کہ ساقی کی تدفین ہوئی۔ چونکہ ساقی کا عرس یکم محرم کو ہوتا تھا لہٰذا اس کی سال وفات ۱۳۰۸ھ مشہور ہوئی۔

۵۰- یا غلام رسول خاں۔

۵۱- یا موضع دائرہ پوروہ ضلع اناؤ۔

۵۲- یا محکمۂ مال دہلی میں خدمت منشی گیری پر مامور ہوا۔

۵۳- کلیات شہیدی میں نواب عطا حسین خاں کی مدح میں ایک مختصر مثنوی ملتی ہے۔ اسی خاندان کے ایک فرد نواب کبیر حسین خاں نے مجھ سے شہیدی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ شہیدی کا قیام کمبوہان کی حویلی (نزد جامع مسجد قلعہ بریلی) میں اس جگہ تھا جہاں اب ڈیری ہے۔ نواب صاحب موصوف نے مجھے شہیدی کے چند اشعار بھی سنائے جو اس نے بچوں کو خوش کرنے کے لیے پتنگ بازی پر کہے تھے۔ مجھے اب وہ اشعار یاد نہیں ہیں۔ شہیدی کو کبوتر بازی کا بھی شوق تھا۔ شہیدی نواب عطا حسین

خاں کی رفاقت میں لگ بھگ ۹ برس رہا اور اس مدت میں اس نے بریلی میں ہی قیام کیا۔

۵۴- گلدستہ ہوش افزا بریلی بابت اگست ۱۸۷۶ء میں کسی گلدستے کا تراشا رکھا تھا، جس سے مہرباں علی خاں شہرت اور آئندہ اوراق تذکرہ میں نور الحسین شایاں کے اشعار اخذ کر کے پیش کیے گئے، یہ بات حق ہے کہ داشتہ آمد بہ کار۔

۵۵- جارج فنتون کی بیٹی مدرسہ اشاعت العلوم بریلی کے بانی اور صدر مدرس مولانا محمد یٰسین متوفیٰ ۱۹۴۴ء کو منسوب ہوئی۔ اس خاندان کی روایت کے بموجب برنارڈ فنتوں اور جارج فنتون فرانسیسی تھے۔ دونوں مسلمان ہو گئے تھے۔ عالم شاہ کا علاج کیا جس کے صلے میں برنارڈ کو جاگیر ملی جو بریلی میں فنتون گنج کہلاتی ہے۔ جارج، نواب کلب علی خاں کا پگڑی بدل بھائی بھی تھا۔ رامپور میں بھی فنتون گنج ہے۔ جارج فنتون نے تذکرۂ شعراے رامپور کے علاوہ فن موسیقی پر بھی کتاب تحریر کی تھی جو کتب خانۂ رامپور میں ہے۔ اس کے دو تخلص تھے۔ صاحبؔ اور جرجیسؔ۔ یہ شعر اس کا ہے:

ادھر فضل عیسیٰ ادھر نور احمد
حسب میں قریشی نسب میں فرانسس

۵۶- دو ایک اہل خاندان، جن میں قیصر کا پسر اور چند اقربا شامل تھے، مجھے بتایا تھا کہ مرزا عباس بیگ نے یہ غزل پھانسی لگنے سے پہلے لکھی تھی جس کا مذکورہ شعر، بقول ان کے، پوری بریلی کو برسہا برس یاد رہا، ان لوگوں سے یہ بھی معلوم ہوا کہ قیصر کے فرزند مرزا سعادت یار بیگ معجز (م ۱۹۵۰ء) اور مرزا یعقوب بیگ حیرت تمام خاندانی سرمایۂ شاعری اپنے ساتھ لاہور لے گئے جس میں عباس کے دیوان کے مطبوعہ نسخے بھی شامل تھے۔ میں نے شہر کہنہ بریلی میں ذمہ دار اصحاب سے بھی دریافت کیا لیکن ان میں سے بعض نے دیوان عباس دیکھنے کا اقرار تو کیا، کہا یہی کہ وہ گم، ضائع یا لاپتہ ہو گیا۔

۵۷- دیوان عزیز میں ہجری تاریخ طباعت دو طرح کی ہیں (۱) الحق سخن عزیز کا ہر دل عزیز ہے (۱۳۱۱ھ)۔ (۲) ہاتف نے کہا ہوا یہ دیوان غریب (۱۳۱۰ھ) لہٰذا اس اختلاف کے مابین عیسوی تاریخ ''بے مثال و بے عدیل و بے نظیر'' قابل ترجیح ہے۔ تقویم کے مطابق ۱۳۱۰ھ ماہ رجب میں ۱۸۹۳ء کا آغاز ہوا۔ اسی طرح ۱۳۱۱ھ میں جمادی الآخر تک ۱۸۹۳ء جاری رہی۔ ایسی صورت میں ۱۸۹۳ء سے ۱۳۱۰-۱۱ھ پورے ہو جاتے ہیں۔ جب تک ماہ طباعت کا علم نہ ہو، بالخصوص عیسوی، سنہ ہجری کا صحیح تعین ممکن نہیں۔

۵۸- دیوان عزیز میں طوائفوں کے تعلق سے قطعات تاریخ ملتے ہیں جن سے عزیز کی طوائفوں سے واقفیت

اور دلچسپی کا ثبوت ملتا ہے۔ مذکورہ قطعات کی تفصیل یہ ہے:

(الف) درصفت توشیح باسم بجلی کہ طوائفے بود۔ص:۱۸۷

(ب) ایں رباعی بہ صفت ہر مصرعۂ تاریخ مکان چنی جان طوائف معشوقہ لالہ لچھمی نرائن بریلوی، ص:۱۸۸

(ج) مرگ چندی جان پاتر۔ص:۱۹۴

(د) تاریخ غسل شفاء چنی جان پاتر، محبوبہ لالہ لچھمی نرائن بریلوی۔ص:۱۹۷

(س) تاریخ غسل شفاء اجو بہ جان طوائف کانپوری۔ص:۲۳۰، ص:۲۳۸، ص:۲۴۰

۵۹- دراصل مقبرۂ حافظ رحمت خاں کی چہار دیواری جو بھول بھلیاں کہلاتی ہے، اس میں سے ایک پوشیدہ دروازہ مسجد میں داخل ہونے کا تھا۔ مسجد کی نوتعمیر کے وقت یہ دروازہ بند کر دیا گیا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مسجد کی تعمیر مقبرے کی وجہ سے ہوئی تھی۔ مقبرہ ۱۹۸۹ء میں زمین پر آرہا۔ نوتعمیر شدہ مسجد میں نماز ہوتی ہے اور اس کے مشرقی شمالی حصے میں نوابین روہیلہ کی قبور ہیں۔ ان میں ایک قبر عبدالعزیز خاں عزیز کی ہے۔

۶۰- قصۂ قاضی جون پور ٹیلی کاسٹ بھی ہو چکا ہے۔ فرحاں کا یہ قصہ طبع زاد ہے یا اس نے کسی سنی ہوئی کہانی کو نظم کیا، تحقیق طلب ہے۔ یہی حال احمق نامہ کے قصے کا ہے۔ بہر حال خود میرے بچپن میں میری نانی نے جو بہ اقساط کہانیاں مجھے سنائی تھیں ان کے نام یہ ہیں: قصۂ چھبیلی بھٹیاری، قصۂ ڈلّہ کٹنی، قصۂ قاضی جونپور، قصۂ احمق اور طوطا کہانی۔ قیاس چاہتا ہے کہ قصۂ قاضی جون پور اور قصۂ احمق پہلے سے مشہور تھے اور فرحاں نے ان کو نظم کر دیا۔

۶۱- خاندان مولویان بریلی کا تمام علمی و ادبی سرمایہ سید تعظیم علی نقوی، نبیرہ قاسم علی خواہاں، کراچی لے گیا، اس کے بقول فرحاں کے دو دواوین اور دیگر تالیفات اس کے پاس محفوظ ہیں۔ اس کی عنایت سے ہی فرحاں کے اشعار اور بعض ضروری باتیں ہم دست ہوئیں۔

۶۲- ماہنامہ قومی زبان کراچی میں (اگست ۱۹۶۸ء) میرا ایک مضمون گلدستۂ لطیف پر شائع ہوا تھا۔

۶۳- بہ معنی دس فرشتے جن کو حکما جوہر بھی کہتے ہیں۔

۶۴- گلستان سخن میں رسن کی بجائے شکن ہے۔

۶۵- میں نے اپنے دو مقالات میں قاضی عبدالرحمٰن وحشی کو تلمیذ غالب لکھا:

(ا) بریلی کے خاندان مفتیان کی شاعری کا مختصر جائزہ۔ معارف اعظم گڑھ، اگست ۱۹۶۷ء

(۲) بریلی میں غالب کے تلامذہ، معارف اعظم گڑھ، فروری ۱۹۶۹ء
ان مقالات کے پیش نظر مالک رام نے تلامذۂ غالب کی اشاعت ثانی میں وحشی کا اضافہ کیا۔
ایوب قادری نے غالب اور عصر غالب میں (ص:۱۸۴) اختلافی رائے دیتے ہوئے تحریر کیا کہ
''بریلی کے ایک خوش فکر شاعر عبدالرحمٰن وحشی تھے جو خاندان مفتیان بریلی کے ایک رکن تھے۔ اس خاندان میں غالب کا چرچا تھا۔ جب غالب کے براہ راست شاگرد مفتی سلطان حسن خاں، قاضی عبدالجمیل جنون اور غلام بسمل اللہ بسمل رہ گزار عالم بقا ہوگئے تو وحشی نے بھی بیسویں صدی کے دوسرے عشرے میں غالب کے تلمذ کا ذکر وااعلان کر دیا ورنہ حقیقت یہ ہے کہ اس تلمذ کی کوئی اصلیت نہیں جیسا کہ بریلی وبدایوں کے واقفان حال سے ہمیں معلوم ہوا''
مفتیان بریلی میں مفتی عمادالحسن محو، قاضی محمد خلیل حیراں، مفتی بدرالحسن تفتہ، غالب کے راست شاگردوں کی وفات کے بعد زندہ تھے اور گلدستۂ نہال سخن بریلی ایسے امرا کی سرپرستی میں ہی چل رہا تھا وحشی کو غالب سے تلمذ نہیں ہوتا تو اس کا اعلان ممکن نہیں تھا۔ مزید برآں مفتیان اپنی خاندانی عظمت کے امین تھے اور ان سے ایسی خفیف حرکت ممکن نہیں تھی۔
میں نے اپنے مذکورالصدر مقالات کے سلسلے میں مفتیان بریلی اور مفتی صابر حسن عثمانی شیوا بریلی سے رابطہ قائم کیا تھا۔ مقالات پر شیوا کا تبصرہ بھی موصول ہوا اور انھوں نے بعض تسامحات کی نشاندہی بھی کی لیکن انھوں نے وحشی کے تلمذ پر اعتراض نہیں کیا، ایسے معتبر ''واقفان حال'' سے تصدیق اور گلدستۂ نہال سخن بریلی میں اعلان تلمذ کے بعد جس پر کوئی اعتراض نہیں ہوا تھا، سنی سنائی باتوں کا اعتبار نہیں۔ ہمارا اب بھی یہی خیال ہے کہ عبدالرحمٰن وحشی غالب کا شاگرد تھا۔

۶۶- میں نے جب شعرائے بریلی کے حالات وکلام جمع کرنے کے لیے لوگوں سے ملاقات شروع کی (۱۹۵۵ء میں یہ کام شروع کیا تھا) تو اس وقت ایسے سن رسیدہ لوگ حیات تھے جنھوں نے انیسویں صدی عیسوی کی آخری دہائی کے مشاعروں میں شرکت کی تھی اور اساتذہ کو دیکھا اور سنا تھا۔ ان کی نوک زبان پر وہ اشعار، شعرا کے حالات، دلچسپ واقعات اور اخبارات ورسائل کے اسما بھی تھے جو روایتاً ان کو اپنے بزرگوں سے معلوم ہوئے تھے۔ چناں چہ ان بزرگوں سے معلوم ہوا کہ نیاز احمد خاں ہوش کو اہالیان شہر بریلی حکیم بنّے میاں کہتے تھے۔ ان کو مشاعروں کا بہت شوق تھا، ان کا داد دینے کا انداز دوسروں سے مختلف تھا۔ کبھی کہتے یہ ٹکڑا اچھا ہے، کبھی کہتے فلاں لفظ قرینے سے استعمال کیا ہے، لہٰذا ان کے متعلق یہ بات مشہور ہوگئی تھی کہ حکیم بنے میاں شعر کی داد ٹکڑوں میں دیتے ہیں۔

۶۷- روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی کا دفتر کتب خانۂ بریلی کی عمارت میں تھا، یہ خوبصورت عمارت ۱۸۵۵ء میں تعمیر ہوئی تھی، اور ۱۹۶۰ء-۶۱ء میں منہدم کی گئی۔ (معارف اعظم گڑھ بابت مارچ ۱۹۵۲ء) روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی نے ہی غالب کی دستنبو کا دوسرا ایڈیشن ۱۸۶۵ء میں شائع کیا تھا، سوسائٹی کا اپنا پریس بھی تھا۔

۶۸- سید تعظیم علی نقوی ۱۹۸۰ء میں بریلی تشریف لائے تھے۔ ان کی فتوحات میں گلدستۂ ہوش افزا بریلی بھی شامل ہے جس کے چند شمارے میں نے بھی مطالعہ کیے، ان سے استفادہ کیا اور ایک مضمون بعنوان گلدستۂ ہوش افزا بریلی بھی معارف اعظم گڑھ بابت اپریل ۱۹۸۱ء میں شائع کرایا۔ نقوی صاحب گلدستۂ ہوش افزا کے شمارے اپنے ساتھ کراچی لے گئے۔ اب وہ میری دسترس میں نہیں ہیں۔

۶۹- میں اپنے ماموں سید الطاف علی بریلوی کے ساتھ حکیم جمشید علی خاں کے یہاں ایک بار گیا تھا۔ ہمارا ننھیالی مکان محلّہ عقب کوتوالی بریلی میں اس کے مکان کے قریب تھا، ماموں صاحب کی کوشش سے اس کا معطل شدہ وظیفہ ریاست حیدرآباد دکن سے جاری ہوگیا تھا۔ لہٰذا شورش مزاج کے باوجود اس کے رویہ میں اپنائیت تھی۔ اس نے میری والدہ کا بھی علاج کیا تھا اور جب وقت ملتا ان کو دیکھنے کے لیے ازخود چلا جاتا تھا لیکن وہ جانبر نہ ہوئیں اور عین جوانی میں انتقال کیا (م ۱۹۴۴ء)

۷۰- سید شوکت علی مرحوم ٹھیکیدار جنگلات ساکن لودی ٹولہ شہر کہنہ بریلی کسی زمانے میں مرزا احمد یار بیگ کا عطّار تھا۔ اس سے بہت دلچسپ باتیں معلوم ہوئیں۔ اس نے احمد یار بیگ کی وفات کے سلسلے میں بیان کیا تھا کہ احمد یار بیگ نے ۸۰ بمبئی قلمی آم کھائے جس کے بعد اس کی حالت بگڑ گئی اور اسپتال لے جایا گیا۔ اس نے اسپتال میں کہا کہ معدے میں گودۂ انبہ کا پلاسٹر ہوگیا ہے جو نہیں ٹوٹے گا، اس کے بعد اس کی وفات ہوگئی۔

۷۱- عبدالباسط قیس مہونوی جون پور یوپی کے قصبہ مہون کا باشندہ تھا۔ ابتداً سید غلام حسنین قدر بلگرامی (م ۱۸۸۴ء) تلمیذ غالب کا شاگرد ہوا۔ بعد کو جب اس کا بہ سلسلۂ ملازمت بریلی میں قیام ہوا، اس نے مولانا حسن رضا خاں حسن بریلوی سے مشورۂ سخن کیا، اپنے زمانے میں کافی مشہور تھا اور بریلی میں اس کے تلامذہ تھے۔ شاید بریلی سے اس کا تبادلہ کسی اور شہر کو ہوا۔ پرانے زمانے کے لوگوں کی واقفیت اس کے متعلق بہت سرسری تھی۔ اس کے تلمیذ حسن ہونے کی روایت مجھے مولوی حسنین رضا خاں ولد حسن رضا خاں حسن سے پہنچی تھی۔

۷۲- میرے ماموں سید الطاف علی بریلوی (م ۱۹۸۵ء) سلطان جہاں منزل، کانفرنس کمپاؤنڈ مسلم یونیورسٹی

علی گڑھ میں رہتے تھے۔ انھوں نے ایک بیت المصنفین قائم کیا جس کے جلسوں میں اہل علم اپنے اپنے مضامین پڑھتے اور جو سہ ماہی مصنّف علی گڑھ میں شائع ہوتے جو بیت المصنفین کا ہی جریدہ تھا۔ مصنف کی ادارت خود الطاف علی بریلوی نے کی، مصنف کا علمی معیار بہت اونچا تھا۔ شاید نو برس پابندیِ وقت سے شائع ہوا۔ جب ۱۹۴۹ء میں الطاف علی بریلوی نے علی گڑھ کو خیر باد کہا اور براہ ڈھاکہ ٹنڈو آدم سندھ پہنچے تو مصنف بھی بند ہوگیا۔ الطاف علی بریلوی نے جب کراچی میں پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس کی تاسیس کی تو مصنف مرحوم کے انداز پر ہی العلم کا اجرا کیا جو چالیس برس سے زاید مدت سے پابندی سے جاری ہے۔

مجھے ماموں صاحب نے ۱۹۴۵ء سے مصنف بھیجنا شروع کیا تھا اور وہ جب تک علی گڑھ میں رہے مصنف بھیجتے رہے۔ اس کے بعد نہ وہ علی گڑھ میں رہے اور نہ ان کا مصنف۔

۷۳- میں نے اپنے مضمون ''بریلی کے خاندان مفتیان کی شاعری کا مختصر جائزہ'' مطبوعہ معارف اعظم گڑھ اگست ۱۹۶۷ء میں بدرالحسن تفتہ کو غلام بسم اللہ بسمل کا شاگرد تحریر کیا تھا جس کی وجہ وہ گلدستے تھے جس میں تفتہ کی غزلیات شائع ہوئیں اور اس کو سرعنوان تلمیذ غلام بسم اللہ بسمل تحریر کیا گیا۔ مفتی صابر حسن شیوا عثمانی نے اس مضمون کا مطالعہ کرنے کے بعد ایک طویل خط بھیجا اور بعض دیگر امور کے علاوہ یہ اطلاع دی کہ تفتہ کو میر مظفر علی اسیر سے تلمذ تھا۔ ہمارا اب یہ خیال ہے کہ تفتہ ابتدا میں اسیر کا شاگرد ہوا اور اس کی وفات (۱۸۸۲ء) کے بعد غلام بسم اللہ بسمل (م ۱۸۹۸ء) سے وابستہ ہوا اور آخر میں مفتی عمادالدین محو سے اصلاح وصول کی۔

۷۴- درگا سہائے سرور (م ۱۹۱۰ء) کا بڑا بھائی، بیان یزدانی میرٹھی کا شاگرد اور آریہ پتر دہلی/ بریلی کا مدیر، ساکن قصبہ جہان آباد، ضلع پیلی بھیت، عمدہ شاعر اور نثر نگار، سرور کی شہرت کے سامنے اس کی شاعری ماند پڑ گئی۔

۷۵- میں نے جویا کے شاگرد اور انجمن جویائے سخن کے روح رواں سیوتی پرشاد صہبائی سے بدایوں میں ملاقات کی تھی۔ صہبائی کی اطلاع کے مطابق صرف مجموعۂ نظمیات کا ادھورا مسودہ باقی بچا اور مذکورہ بالا کتب کے مسودے نہیں ملے۔ صہبائی مجموعۂ نظمیات شائع کرانے کی فکر میں تھے لیکن خود اس کی موت کے باعث یہ مجموعہ شائع نہیں ہوا۔ اس کی وفات کے بعد انجمن جویائے سخن بھی ختم ہوگئی۔ میں نے بدایوں میں ہی چند برس پہلے جویا کے مشہور شاگرد رادھا رمن جوش (م ۱۹۹۱ء) سے بھی ملاقات کی تھی۔ جوش نے بھی جویا کے مسودات کے بارے میں لاعلمی کا اظہار کیا۔ البتہ جوش نے

مشاعرۂ بدایوں منعقدہ جون ۱۹۳۵ء میں داد یافتہ جویا کا ایک شعر سنایا جو مندرجہ ذیل ہے:

زمیں پر جب پڑا سایہ تو ہر سایہ برابر ہے   امیروں کے دوشالے کا ہو یا مفلس کے کمبل کا

۷۶- اس مطلع کے ساتھ جو غزل طبع ہوئی اس میں تفضّل حسین کا تخلص راغب ہے۔ اسی زمین اور اسی شمارے میں دوسری غزل شائع ہوئی جس میں تفضّل حسین کا تخلص حکیم ہے۔

۷۷- اس غزل میں تخلص حافظ ہے۔ اسی زمین اور اسی شمارے میں دوسری غزل راغب تخلص سے شائع ہوئی۔

۷۸- مولانا حسن رضا خاں حسن اور اس کے بڑے بھائی مولوی احمد رضا خاں نے تحریک ندوہ کی شدت سے مخالفت کی تھی۔ مدرسہ مصباح التہذیب (۱۸۷۲ء) جو بعد کو تبدیلیِ نام سے گزر کر مدرسہ مصباح العلوم کہلایا (۱۸۹۳ء) بھی وجہ نزاع تھا۔ قاضی محمد خلیل حیراں اس مدرسے کا مربی، معطی اور انتظامیہ کمیٹی کا صدر تھا۔ تحریک ندوہ کا حامی تھا، لہٰذا گمان غالب یہی ہے کہ بزرگوں کی بات درست تھی۔ فسخ تعلق کا باعث اختلاف عقائد تھا۔

۷۹- مولوی قاسم علی شہر بریلی کا معروف وکیل تھا۔ اس کے پاؤں میں لنگ تھا۔ لہٰذا لوگ اس کو ''لنگڑے وکیل'' سے پہچانتے اور یاد کرتے تھے۔ شاعر تھا، شطرنج کا ماہر کھلاڑی تھا، اس کی صدارت میں محلّہ عقب کوتوالی بریلی میں ایک ہزلیہ مشاعرہ ہوا تھا جو ایک ایسے امیدوار چناؤ کے خلاف تھا جس کو لوگ ڈاکٹر چڑونٹا کہتے تھے کیونکہ وہ بہت پستہ قد، دبلا پتلا لیکن چڑونٹے کی طرح چیں چیں کرنے والا انسان تھا۔ میں نے اس مشاعرے کی جھلک دیکھی تھی، اس مشاعرے میں پڑھے ہوئے بعض اشعار مجھے اب تک یاد ہیں، لیکن نقل کرنے کے قابل صرف ایک ہی:

اٹھ اٹھ کے چھری رات سے ڈنڈ پیل رہی ہے   کیا سر پہ چڑونٹے کے قضا کھیل رہی ہے

یہ شعر عبدالواحد دودھ والے نے پڑھا تھا جو قطعاً جاہل تھا۔ اس کو یہ ہزل کسی نے لکھ کر ہی دی تھی جو خود پس پردہ رہا۔

۸۰- بریلی میں بجلی ۱۹۱۴ء میں آئی (مارٹن اینڈ برنس)۔ رات کے وقت لاٹھی اور لالٹین ساتھ رکھنے کا عام رواج تھا۔ حیثیت دار لوگوں کے ساتھ ان کے ملازم لاٹھی اور لالٹین لے کر چلتے تھے۔ چونکہ مشاعرے رات گئے ختم ہوتے تھے، غیر محلوں کے شعرا لاٹھی اور لالٹین کے ساتھ آتے تھے۔ یہ بھی دیکھنے میں آیا کہ ایک محلے کے شعرا ایک ساتھ ہی واپس ہوتے تھے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ موٹا ڈنڈا اور لالٹین حرماں کی عادت میں شامل ہو گیا تھا۔

۸۱- مشاعرہ بازی کے سلسلے میں اساتذۂ سخن بریلی نے اپنے اپنے ہزل گو بھی تیار کئے۔ایک ہی وقت میں تین ہزل گو تھے۔قیصر پارٹی شہرکہنہ بریلی کی جانب سے نیاز اللہ خاں ظریف، حکیم عبدالصمد سرشار کا ایک سقہ المتخلص بہ فلفل، حسن رضا خاں حسن کا خندہ، میرے والد مرحوم نے خندہ کو مشاعرے میں سنا تھا۔وہ فرماتے تھے کہ خندہ ہزل پڑھنے سے پہلے یہ دوشعر ضرور پڑھتے تھے:

نالۂ بلبلِ شیدا تو سنا ہنس ہنس کر اب جگر تھام کے بیٹھو مری باری آئی

۸۲- ایک گھر میں تین شعرا تھے، سید ولی جان خلیل برادر کلاں، سید نظیر جان جلیل برادر خرد، سید مصطفیٰ شکیل نظامی، برادرزادہ، تینوں کے تخلص ہم قافیہ اور اتنے مضبوط کہ ایطا کا شبہ بھی نہیں کیا جاسکتا۔

ایک لطیفہ مشہور ہے کہ بریلی کے ایک مشاعرے میں خلیل نے جب غزل شروع کی تو سامعین نے غوغا کیا کہ یہ غزل تو تمہارا بھتیجا شکیل کچھ دیر پہلے پڑھ چکا ہے۔خلیل جزبز ہوکر منبر سے اتر آئے اور فرمایا ''کمبخت مجھ سے پہلے پڑھ گیا'' اس کے بعد مشاعرہ زعفران زار بن گیا۔

۸۳- تین چاندی کے روپئے۔

۸۴- مولوی عبدالواجد بھی سہسوان بدایوں کا باشندہ تھا۔بریلی میں اکسٹرا اسسٹنٹ کلکٹر تھا، اس پر قومیت اور کانگریس پارٹی کا غلبہ ہوا اور وہ ''صاحب بہادر'' سے ''سودیشی نیتا'' بن گیا۔ جب ۱۹۳۷ء میں کانگریس کی یوپی میں وزارت بنی اس وقت وہ بریلی میونسپل بورڈ کا چیرمین تھا۔ ٹاؤن ہال بازار بریلی اس کے عہد چیرمینی میں ہی بنا تھا۔اس کے زمانے میں ہی آل انڈیا نمائش اور مشاعرے ہوئے۔تقسیم وطن کے بعد کانگریس کا ایم ایل اے اور بریلی میونسپل بورڈ کا چیئرمین منتخب ہوا۔مدت العمر اسلامیہ گرلس و بوائز کالج بریلی کا منیجر رہا۔اس نے ہی اسلامیہ کالج مارکیٹ بنوایا، بہت ذی علم، سخن فہم اور کم گو تھا۔صاحبِ تدبر اور مردم شناس تھا،۱۴؍جون ۱۹۷۴ء کو فوت ہوا۔

۸۵- رین بسیرا میں جانب شرق جہاں اب اسلامیہ گرلس انٹر کالج کا نگہت آرا بلاک ہے ایک قطار فالسہ کے پیڑوں کی تھی جن کا ذائقہ میں نے بھی چکھا ہے کیونکہ اسلامیہ ہائی اسکول بریلی کے طلبا رین بسیرا کے پھلوں اور پھولوں پر چھپا چوری حملہ کرتے رہتے تھے۔

۸۶- چین سے مراد ہندی مہینہ چیت۔

۸۷- کنور سے مراد ہندی مہینہ کوار۔

۸۸- محمد حسن شوق بچھرایونی کو قاضی نجم الدین برق سکندرآبادی تلمیذ مومن خاں مومن سے تلمذ تھا، محمد حسن شوق اور محمد تقی راز آپس میں عم زاد برادران بھی تھے، دونوں کا تعلق بچھرایوں ضلع مرادآباد سے تھا۔

۸۹- ایک دن میرے دوست ڈاکٹر محمد سعید فزیشین اور سرجن نے بالوشاہی کے ایک درجن دانے ایک پلیٹ میں رکھ کر اس خیال سے اسکے آگے رکھے کہ وہ چڑھ کر غصہ کرے گا لیکن میری اور ڈاکٹر صاحب کی حیرت کی انتہا نہیں رہی کہ اس نے بالوشاہی کے ایک درجن دانے یکے بعد دیگرے چگ لیے اور مزید کی فرمائش کی اور کہا یہی کہ اس نے میٹھی مٹری کھائی، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کو صرف لفظ بالوشاہی سے چڑھ تھی نہ کہ اس نام کی مٹھائی سے یا پھر یہ دوسروں کو خوش کرنے کے لیے اس کا شترغمزہ تھا تاکہ لوگ اس سے مانوس رہیں۔

۹۰- مرزا کلّن بیگ ساکن محلّہ تھانہ بریلی جس کے زیر اہتمام اور جس کے مکان پر ۲۲/مارچ ۱۹۲۴ء کو طرحی مشاعرہ ہوا تھا۔ محلّہ بانخانہ موضع سُرکھا میں تھا جو بریلی شہر کی مغربی حد پر ہے۔ محلّہ ذخیرہ بہت آباد اور مردم خیز ہے اور بانخانہ سے ڈھائی تین کلومیٹر دور بھی۔ میرا گمان ہے کہ اس وقت بیشتر شعرا نے حفاظتی تدابیر اختیار کی ہوں گی یعنی روشنی اور ملازمین کے ساتھ شرکتِ مشاعرہ کی ہوگی۔ مشاعرے میں مولوی قاسم علی خواہاں (م ۱۹۳۸ء) اور شہر کہنہ سے مرزا رستم بیگ یار قیصر (م ۱۹۳۰ء) نے شرکت کی تھی۔ ایک گلدستۂ مشاعرہ بھی مطبع قادری بریلی میں طبع ہو کر شائع ہوا جس کا ایک نسخہ میرے پاس محفوظ ہے۔

۹۱- شفیع احمد عیش کو داغ سے تلمذ تھا لہٰذا شاعر نے فیضِ عیش کے ساتھ صدقۂ داغ کا بھی ذکر کیا۔

۹۲- اس قصیدے کا نام ''خزینۃ البرکات'' (۱۳۲۶ھ/ ۱۹۰۸ء) ہے جو مجھے مفتی صادق حسن نے عطا کیا اور جس کو میں نے ماہنامہ قومی زبان کراچی بابت نومبر ۱۹۶۶ء میں شائع کرایا۔ قصیدے کا مخطوطہ میرے پاس محفوظ ہے۔ یہ قصیدہ محسن کاکوروی (م ۱۹۱۵ء) کے مشہور قصیدہ ''نظم دل افروز'' (۱۳۱۸ھ/ ۱۹۰۱ء) کی زمین میں ہے۔

۹۳- طارَم کے معنی ہیں بلند مکان۔

۹۴- میں نے بزرگ شعرا کی زبانی سنا تھا کہ جب ظریف ہزل پڑھنے مشاعرے میں آتا تو ثقہ شعرا اور سامعین مشاعرے سے اٹھ کر باہر چلے جاتے تھے۔ اس کو داد ہزل ژاژخواہوں سے ملتی تھی۔ جب وہ ہزل ختم کرتا ثقہ حضرت مشاعرے میں واپس آجاتے تھے۔

۹۵- اختر جہاں بیگم اختر شاہ جہاں پوری، ایک پردہ نشین شاعرہ۔

۹۶- ''کاہے کو'' معنی کیوں۔ کس وجہ سے، کاہے بھوجپوری میں استعمال ہوتا ہے اور یوپی کے مشرقی اضلاع میں عام طور پر مروّج ہے۔

۹۷- سب سے پہلے اس نام کے اخبار کا ذکر گارساں دتاسی نے اپنے مقالات ۱۸۷۰ء تا ۱۸۷۳ء میں کیا ہے (ص ۹۲) موجودہ صدی میں روہیل کھنڈ اخبار تیج بہادر سنہا کیف کی ادارت میں نکلتا تھا اور جو اس کی حین حیات ۱۹۷۷ء تک ہفتہ وار شائع ہوتا رہا۔ اس میں ادبی مضامین، غزلیات، منظومات کے علاوہ سیاسی تبصرے شائع ہوتے تھے۔

۹۸- ''روزآنہ'' اخبار کا مدیر کرم الٰہی شمسی تھا۔ اس کا دفتر اور پریس نینی تال روڈ پر ڈاکٹر سبحان علی کی مسجد کے متصل تھا۔ جس مکان میں یہ دفتر اور پریس تھا، وہ میرے نانا سید اسحاق علی (م ۱۹۳۶ء) کی جائیداد میں شامل تھا۔ میں نے کرم الٰہی شمسی اور اس کے صاحبزادگان کو دیکھا تھا۔ ۱۹۴۹ء میں یہ خاندان کراچی گیا اور اس کے ساتھ ہی اخبار بھی بند ہو گیا۔ اس اخبار میں منظومات، غزلیات اور اصلاحی مضامین شائع ہوتے تھے۔ اس کی پالیسی غیر سیاسی تھی اور رجحان اصلاحی تھا۔

۹۹- عیش نے یہ قطعہ اپنی وفات سے قبل اپنے بالیں کے نیچے لکھ کر رکھ دیا تھا جو اس کی وفات کے بعد برآمد ہو کر عام ہوا:

یہاں غم کی گھٹا گھر گھر کے میرے دل پہ چھائی ہے دہائی رحمتِ کون و مکاں تیری دہائی ہے
شریکِ رنج و غم ہونا ہے جس کو مجھ سے مل جائے یہ پہلی عید مجھ کو کنجِ تنہائی میں آئی ہے

۱۰۰- میں اس سے ملاقات کے لیے چند بار گیا، اس نے گھر میں بلایا لیکن ڈیوڑھی سے آگے بڑھنے نہیں دیا، وہ تنہا تھا، ہر طرف دھول اور خاک، مجھ سے برابر تاکید کرتا رہا کہ میرے کپڑے دیوار سے نہ لگیں اور خود میرا ہاتھ اس کے کپڑوں سے، خود بھی کھڑا رہا اور نہایت صبر و وقار سے اپنے والد اور اپنے برادران کے نیز خود اپنے حالات اور اشعار مجھے قلم بند کرائے۔ بار بار مجھ سے الفاظ کا املا پوچھتا اور جب میں بتاتا تو اظہار مسرت کرتا اور شاباش کہتا۔ اسی مرض میں اس کی موت ہوئی، ہر چند اس واقعے کو گزرے تیس پینتیس برس ہو چکے، مجھے وہ یاد آتا ہے۔

۱۰۱- اس رباعی میں چار الفاظ ایسے ہیں جن کی وضاحت ضروری ہے:

وہابی: اس سے مراد وہ افراد ہیں جو محمد بن عبدالوہاب کے ماننے والے اور اس کی کتاب مسمیٰ کتاب التوحید کے پیرو ہیں۔ بقول علمائے بریلی چونکہ شاہ اسمٰعیل دہلوی نے اپنی کتاب تقویۃ الایمان دورۂ حج کے بعد محمد بن عبدالوہاب کی تحریک کے زیر اثر لکھی لہٰذا ان کا اور ان کے متبعین کا شمار وہابیوں میں کیا گیا۔

نجدیوں: اس سے مراد وہابی ہیں کیونکہ محمد بن عبدالوہاب کا تعلق نجد سے تھا۔

مُردک: کلمۂ تحقیر بمنزلہ گالی ہے، معنی جھوٹا مرد۔

سنیچر: شنبہ، اہل ہنود سنیچر کو اشُبھ یعنی منحوس مانتے ہیں کیونکہ اس کا تعلق سنیچر ستارہ (زحل-سیٹرن) سے ہے۔ سنیچر سے سنیچرا بنا جس کے معنی ہیں منحوس مرد۔ اردو عوام میں منحوس فرد کو سنیچرا کہتے ہیں۔ سنیچر کلمۂ تحقیر ہے۔

۱۰۲- لت بمعنی ٹکڑا۔ لت سے ہی ماخوذ لتّہ ہے جس کے معنی ہیں پارۂ جامہ۔

۱۰۳- بزم ادب مفتیان بریلی نے قائم کی تھی جس کے مشاعرے پابندی سے ہوتے تھے اور جس میں اساتذۂ بریلی شریک ہوتے تھے۔ اس کی تاسیس مفتی عمادالحسن محو کے زمانے میں ہوئی اور ان کی وفات کے بعد مفتی صابر حسن شیوا عثمانی نے بزم ادب کو جاری رکھا۔ شیوا کے کراچی جانے کے بعد ہی یہ بزم بند ہوئی۔

۱۰۴- یہ گفتگو خواص کی ہے۔ مثنوی کی کہانی میں ہیرو اپنی محبوبہ تک آہو کا پیچھا کرتا ہوا پہنچا تھا۔ لہٰذا آہو پانے سے مراد مقصد پورا ہونا اور وصل سے ہم کنار ہونا ہے۔

۱۰۵- رحمت نبی خاں ایم اے پاس اور صاحب قلم تھا۔ اس نے ۱۹۵۰ء سے پہلے نگار لکھنؤ میں انشاءاللہ انشا پر مضامین تحریر کر کے شائع کرائے۔ اس نے شریڈن کے مشہور ڈرامہ پیکاک تھُرون کا اردو میں تخت طاؤس کے نام سے ترجمہ کیا۔ میں نے اس کو اپنے زمانۂ طالب علمی میں دیکھا تھا۔ بریلی کی معروف شخصیت تھا۔

۱۰۶- مرزا احمد یار بیگ احمد شعر اِملا کراتے اور ان کے حاضر باش ان کو لکھتے۔ بعد کو مذکورہ شعرا ایک دوسرے پر سرقہ اور چربہ کا الزام لگاتے۔ ہر شاعر کا اپنا حلقہ تھا جو ہوا دیتا اور محظوظ ہوتا۔ بات ذاتیات تک پہنچی اور شعرا کے اڈوں پر رکیک زبانی محاربے ہوئے۔ آپس میں موت زندگی چھوٹ گئی۔ (اشتہار عقدۂ کشا، جمعیۃ الصالحین، شہر کہنہ بریلی)

۱۰۷- ہندی میں کھٹ کے دو معنی ہیں: چھے اور جھگڑا، شاید شاعر کا مقصود جھگڑا سے ہے۔ تاہم یہ بھی قریب المفہوم نہیں ہے۔ غیر فصیح ہونا مستزاد ہے۔

۱۰۸- مراد مولوی احمد رضا خاں رضا بریلوی۔

۱۰۹- مجھے جملہ معلومات سید اشرف علی مرحوم، مختار چنگی، ساکن محلّہ عقب کوتوالی بریلی سے دستیاب ہوئی تھیں۔ تیس چالیس برس قبل وہ لوگ حیات تھے جنھوں نے ابلیس کو دیکھا اور اس معرکہ آرائی سے محظوظ ہوئے جو ۱۹۲۱ء اور اس کے دو ایک برس بعد تک بریلی میں جاری رہی، صف شعرا میں جس

کا سرغنہ ابلیس اور اس کا جواب دینے والا دلاور تھا، نینی تال رروڈ بریلی گلی نوابان کے کنارے ایک لالٹین کا کھمبا تھا جس پر ابلیس ہزلیات چسپاں کرادیا کرتا تھا۔ اسی رعایت سے ''کھمبا پریس'' مشہور ہوا۔ اس ہزل کا تعلق بھی ''کھمبا پریس'' سے ہے۔

۱۱۰- میں نے نام کو حذف کر دیا ہے۔ نام میں کیا رکھا ہے۔ آج بھی دو چار ایسے لوگ زندہ ہیں جو نام سے واقف ہیں۔ دراصل اس ہزل سے ابلیس کو غیر معمولی شہرت ملی تھی، اہمیت اس واقعے کی ہے جو ہزل کی تالیف کا محرک بنا، بڑے بوڑھے بتاتے تھے کہ بریلی کے ایک قوم پرست جن کا تعلق جمعیۃ العلمائے ہند سے بھی تھا، سیاسی سرگرمی کی وجہ سے سزایاب ہو کر بجنور کی جیل میں قید ہوئے۔ انھوں نے معافی نامہ داخل کر کے جیل سے رہائی حاصل کر لی۔ ابلیس جو خود قوم پرست اور انگریزی حکومت سے بیزار تھا، اس کو مشارٌ الیہ کا معافی مانگ کر جیل سے رہائی پانا شاق گزرا اور اس نے یہ ہزل لکھ کر اپنے جذبات کا اظہار کیا۔ آں موصوف آزادیِ وطن کے بعد فوت ہوئے شہر میں معروف تھے۔

۱۱۱- رام گنگا بریلی کے جنوب میں شہر سے پندرہ کلومیٹر دور بہتی ہے جہاں ہر ماہ پورن ماسی کو اور ہر سال دسہرے پر اشنان کا میلہ لگتا ہے۔ میلے میں غالب اکثریت دیہات کے لوگوں کی ہوتی ہے۔ شاعر نے کسی دیہاتی دوشیزہ کو اشنان کے بعد لبِ دریا دیکھا اور یہ نظم لکھ دی۔

۱۱۲- پیٹنا بمعنی مارنا، مار کر پتلا کرنا، گالی پیٹنا یعنی گالی مارنا اور اتنا مارنا کہ پتلا پڑ جائے، شاعر کا مقصد اظہار شدت سے ہے یعنی گالیاں بکی نہیں جاتی ہیں گالیاں تواتر سے اور پُر اثر طور پر ماری جاتی ہیں۔

۱۱۳- لونڈا سے لونڈھیار بمعنی غیر سنجیدہ و غیر ذمہ دار، ناسمجھ لاابالی، کلمۂ تحقیر ہے۔

۱۱۴- سید طالب علی طالب الہ آبادی، پیشۂ وکالت، مصنف ''مقدمۂ ادب اردو'' جو شانتی پریس الہ آباد سے طبع ہو کر ۱۹۳۰ء کو شائع ہوئی۔ تلیذ وصی احمد وصی الہ آبادی، وصی شاگرد تھا صادق حسین خاں صادق بریلوی کا جس کو میر اوسط علی رشک سے تلمذ تھا۔

۱۱۵- طرّہ بازی اہل ہنود میں خاص طور پر بہت مقبول تھی، ڈھال بہاری پور بریلی میں اس کا اکھاڑا تھا۔ شبانہ محفل ہوتی تھی، ایک گروپ کسی موضوع پر اشعار پڑھتا دوسرا گروپ اس کا جواب دیتا، اشعار دف کی سنگت میں پڑھے جاتے تھے۔ اشعار کیا تک بندی تھی، اردو فارسی ہندی غرض کہ کوئی بھی زبان ہو تُک بٹھانے کے لیے کہیں سے بھی ٹکڑا جوڑا جا سکتا تھا۔ طرہ باز شعرا کو بھی ملازم رکھتے تھے، کبھی کبھی وہ دوران طرہ بازی برو قت شعر کہہ کر دیا کرتے تھے۔ افسوس اب یہ محفلیں بھی ختم ہو گئیں۔

۱۱۶- کبھی کبھی مجھ سے اشعار کا انتخاب کراتا تھا۔ میں بالعموم اس کی کم و بیش تین درجن اشعار پر مشتمل غزل

میں سے نو اشعار کا انتخاب کر دیا کرتا تھا۔ مجھے اس بات پر تعجب ہوتا ہے کہ وہ میرے منتخب شدہ نو اشعار مشاعرے میں نہیں پڑھتا تھا۔ میں جب دریافت کرتا تو ہمیشہ ایک ہی جواب دیتا کہ نو اشعار کی داد تو مل چکی باقی اشعار کی داد مشاعرے میں وصول کر لی۔ عجب پر مزاح اور خوش خلق انسان تھا۔

اس کے یہاں ہندی کوی بھی آتے تھے، جن سے وہ ان کی اردو غزلیات سنتا تھا اور پھر اردو کی فضیلت جتانے کے لیے خود اپنی ہی غزلیات سنا کر ثبوت دیتا تھا۔

۱۱۷۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے میں نواب خان بہادر خاں کے قریبی رشتہ داروں نے یہاں مورچہ کھولا تھا۔ یہ بھی روایت ہے کہ یہاں توپیں نصب کی تھیں۔ چھاؤنی بانکے خاں نینی تال روڈ کے کنارے ہے اور چھاؤنی اشرف خاں اس کے مغرب میں۔ میرے بچپن میں یہاں امرود اور آڑو وغیرہ کے باغات تھے۔ زمین ریتیلی اور جگہ بہ جگہ خاردار پیڑ اور بھرا کی جھاڑیاں تھیں، آبادی بہت کم تھی، چھاؤنی بانکے خاں میں سادات نومحلہ کا ایک خاندان آباد تھا اور چھاؤنی اشرف خاں میں نواب خان بہادر خاں کے افراد خاندان، اب وہاں کالونی بن گئی ہے۔

۱۱۸۔ مہیش پرشاد قرار کے پاس للتا پرشاد لئیق کے دیوان کا قلمی نسخہ تھا جو میرے مطالعے میں بھی رہا۔ میں نے للتا پرشاد لئیق اور اس کے واسوخت ''غمنامۂ لئیق'' پر دو مضامین قلمبند کیے۔ ایک مضمون ماہنامہ آجکل دہلی بابت مارچ ۱۹۶۴ء میں شائع ہوا اور دوسرا تماہی تحریر دہلی بابت مارچ ۱۹۷۷ء میں۔ شاید وہ کلیات لئیق کا واحد نسخہ تھا، میں نے واسوخت غمنامۂ لئیق کو نقل کر لیا تھا جو میرے پاس محفوظ ہے۔

۱۱۹۔ یہ آزر ہونا چاہیے تھا جو بت تراش تھا۔ آذُر عربی میں آذار کا مخفف ہے جو ایک مہینے کا نام ہے۔ آذر فارسی میں آگ کو کہتے ہیں۔ کنایتاً آتش عشق کے لیے بھی مستعمل ہے۔ لہٰذا درست آزر ہے۔ میں نے آزر اور آذر کی طرف کیفی کی توجہ دلائی تھی لیکن وہ سنجیدہ نہیں ہوا۔ اس کے خیال میں آذر درست تھا۔

۱۲۰۔ مجھے اس وقت ایک پرانا واقعہ یاد آ رہا ہے۔ بہزاد لکھنوی خانقاہ نیازیہ بریلی میں مقیم تھا۔ اس کے اعزاز میں صاحب سجادہ نے ایک مخصوص مشاعرہ کیا جس میں کیفی کے ہمراہ میں بھی گیا اور مشاعرے میں شرکت کی۔ بہزاد لکھنوی کے گلے میں ساز بجتا تھا۔ اس نے جب غزل پڑھی تو مشاعرے پر چھا گیا۔ میں نے کیفی سے کہا کہ وہ اپنی غزل ''کچھ اور بات ہوتی'' پڑھ دے۔ اس نے اپنے مخصوص ترنم میں یہ غزل پڑھی اور سامعین تو سامعین خود بہزاد داد دیتے دیتے بیدم ہو گیا۔

۱۲۱۔ فنا نظامی کانپوری کی طرح کیفی وجدانی بریلوی کی غزلیات بھی ارباب نشاط میں مقبول تھیں۔ ارباب

نشاط ان دونوں شاعروں کی غزلیات محافل میں سنا کر روپیہ سمیٹتی تھیں اور ان کے ذریعہ ان شعرا کا کلام اور نام ہندوستان میں مشہور ہوتا تھا۔ لہٰذا ''ترنم'' اور ''غزل'' کا رشتہ ناگزیر سا تھا۔ اس کے علاوہ ایک پہلو یہ بھی تھا کہ عمدہ ترنم میں گائی ہوئی غزل خود شاعر کو بھی متاثر کرتی تھی اور وہ چاہتا تھا کہ غزل کہنے کے بعد اس کو ترنم سے پڑھا جائے۔ شروع میں یہ آرزو وجہ نشاط اور وجہ قربت ہو سکتی ہے لیکن وقت گزرنے کے بعد ایک فانوس کی طرح جس میں ماضی کے پیکر ترنم رقص کرتے رہتے ہیں۔ ان اشعار میں ''غزل'' اور ''ترنم'' کی ایمائیت واضح ہے۔

۱۲۲- کیفی کی یہ غزل ڈاکٹر مجیب رضا پروفیسر انڈین ویٹ ری نری انسٹی ٹیوٹ آئزٹ نگر بریلی (ف ۲۰۰۱ء) نے عطا کی۔ دراصل وہ بیاض جس میں کیفی کی جدید طرز کی غزلیات شامل تھیں اس کے وارثین کے بقول لاپتہ ہوگئی اور مجھے اس کی جدید غزلیات حاصل کرنے کے لیے کوچہ گردی کرنا پڑی۔ مجھے جو دو سالم غزلیات میسر آئیں وہ میں نے پیش کردی ہیں۔

۱۲۳- ناز اور اس کے ژاژخواہوں کا طریقہ کار یہ تھا کہ وہ کسی متشاعر کی دو چار دن جوتیاں سیدھی کرکے مشاعرے میں بلاتے اور اس سے ہی صدارت کراتے تھے۔ اس کے بعد دوران مشاعرہ نازیبا کلمات بکتے اور پھر یکا یک بجلی غائب ہو جاتی اور صدر کو جسمانی ایذا دی جاتی جس میں مار پیٹ کے علاوہ منھ کالا کرنا، جوتوں کا ہار ڈالنا، گندا پانی اچھالنا اور خصیے دابنا شامل تھا۔ عام طور پر وہ شاعر ننگے سر اور ننگے پاؤں راہ فرار اختیار کرتا اور شاعری و مشاعرے سے زندگی بھر کے لیے توبہ کر لیتا تھا۔ اس مجرمانہ محفل کا نام ''عرس'' تھا۔ اور جس شاعر کا قل ہوتا اس کو ''عُرس خوردہ'' کہا جاتا تھا۔

ناز یہ بھی کرتا کہ کسی شاعر کی مشہور غزل لکھ کر کسی متشاعر کو دے دیتا اور وہ سادہ لوح جب مشاعرے میں دوسرے شاعر کی مشہور غزل پڑھتا تو اس پر کاغذ کی گیندوں انڈوں اور چائے کے کوزوں کی بارش ہوتی تھی۔ بریلی کالج بریلی کے آل انڈیا مشاعرے میں ناز نے ایک سادہ لوح شاعر کو غالب کی مشہور غزل ''کسی کو دے کے دل کوئی نوا سنج فغاں کیوں ہو'' تمام وکمال لکھ کر دے دی جو اس نے بھرے مشاعرے میں پڑھی۔ جب شعبۂ اردو و فارسی کے پروفیسر خلیق احمد مرحوم نے ٹوکا کہ اشعار غالب کے ہیں تو اس سادہ لوح متشاعر نے کہا ''کون غالب، کیا ضرور ہے کہ غالب نے مجھ سے پہلے غزل کہی ہو۔'' سنا ہے اس واقعے کے بعد ناز اپنے گھر میں روپوش ہو گیا تھا کیونکہ متشاعر دشنہ بہ آستیں ناز کو گلی کوچوں میں تلاش کرتا پھر رہا تھا۔

تجمل حسین اختر بریلی کالج بریلی کا گریجویٹ تھا اور اس کی نظم ''بادۂ تلخ'' ان مشاعروں کی ہی ترجمانی

کرتی ہے۔

اسی زمانے میں لفظ ''عیدی'' اور ''عیدی خوان'' سننے میں آیا۔ عیدیاں بازار میں بکتی تھیں۔ رنگین کاغذ پر سنہرے حروف میں تہنیت عید کے فارسی یا اردو اشعار ان پر چھپے ہوتے تھے۔ مولوی صاحبان جن گھروں میں بچوں کو پڑھاتے تھے وہ عید کے موقع پر یہ عیدیاں بچوں کو دیتے تھے جس کے عوض بچوں کے ماں باپ مولوی صاحبان کو کچھ رقم بطورِ نذر دیتے تھے۔ گویا کلام غیر کا اور فائدہ مولوی صاحب کا۔ اسی رعایت سے جو متشاعر دوسروں کی غزل مشاعرے میں پڑھتے ان کو عیدی خواں اور غزل کو عیدی کہا جاتا تھا۔ ''عرس'' عیدی خوانوں کا ہوتا تھا۔

۱۲۴- دکھائی دینے لگی ہے۔

○

ضمیمہ-۱

(ایسے شعرا جن کے حالات اور کلام تاخیر سے موصول ہوئے)

حامدؔ، حامد حسین:

پسر علی حسین ضمیر بریلوی، ساکن محلّہ شاہ آباد متصل دیوان خانہ منالال چھیدالال بریلی۔ ۱۹۲۰ء میں پیدا ہوا، ابتدائی تعلیم مدرسہ اشاعت العلوم سرائے خام بریلی میں حاصل کی، الہ آباد بورڈ آف ایجوکیشن سے منشی، منشی کامل، ادیب فاضل اعلیٰ قابلیت کے امتحانات امتیاز سے پاس کیے۔ فاضل مشرقیات کی بھی سند حاصل کی، ہائی اسکول اور انٹرمیجیٹ کے امتحانات پاس کرنے کے بعد آگرہ یونیورسٹی سے انگریزی ادب میں بی اے کا امتحان پاس کیا، اس کے بعد مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے ایم اے فارسی کا امتحان درجۂ اول میں پاس کیا، پینتیس برس اسلامیہ کالج بریلی میں تعلیم دی۔ بعمر تریسٹھ سال ۹؍دسمبر ۱۹۸۳ء کو بہ یوم جمعہ فوت ہوا۔ چونکہ اس کے گھر میں شعر وشاعری کا ماحول تھا اس نے چھوٹی عمر سے ہی شعر کہنا شروع کیا، ابتدا میں عاشق حسین سیماب اکبرآبادی (م ۱۹۵۱ء) کا شاگرد ہوا اور بعد کو اپنے والد سے رجوع کیا۔ اس کی غزل میں دونوں اساتذہ کے رنگ واضح طور پر ملتے ہیں، مثلاً:

جب ہوئی ہے رہِ منزل میں کہیں شام مجھے ان کے جلووں نے پکارا ہے بہر گام مجھے
اس جگہ لائی ہے اب گردش ایام مجھے صبح مل جائے تو شاید نہ ملے شام مجھے
وہ تصور میں ہیں چھپتے ہوئے سورج کی قسم ان کے ہوتے ہوئے کیوں ہونے لگی شام مجھے
یہ زمانہ مجھے جو کچھ بھی کہے، کہنے دو ان سے ہے کام زمانے سے نہیں کام مجھے
میری تقدیر نے شاید کوئی کروٹ بدلی نیند کیوں آنے لگی آج سرِ شام مجھے
ہائے وہ دن، وہ محبت کی سہانی راتیں کاش لے جائے وہیں گردش ایام مجھے
منزل عشق کا دشوار تھا کتنا حامد ہمت دل نے بڑھایا ہے بہر گام مجھے

حرف والفاظ سے موسیقی کی لہریں، ارکان بحر کے جوڑ توڑ سے صوتی اتار چڑھاؤ کا سرگم اور فصیح ترغزلیہ زبان اس کو اپنے پدر سے ورثے میں ملی۔

مٹادیا تھا وفورِ غم نے ہر ایک نقشہ مری خوشی کا — مگر تبسم ترا سلامت بدل گیا رنگ زندگی کا
بلائے فرقت سے تنگ آ کر کبھی کبھی میں یہ سوچتا ہوں — بغیر ان کے گزر رہی ہے یہ کیا طریقہ ہے زندگی کا
وہ شب کو سوئے چمن جو آئے بدل گئے روشنی میں سائے — چمک اٹھا روئے لالہ و گل نکھر گیا رنگ ہر کلی کا
غمِ محبت سے باز آؤں تو کیا میں خود موت کو بلاؤں — غمِ محبت میری نظر میں ہے دوسرا نام زندگی کا
عجیب عالم ہے یہ بھی حامد سنا کے افسانۂ تباہی — میں رو رہا ہوں، وہ ہنس رہے ہیں، محل تو دیکھے کوئی ہنسی کا

حامد کافی خوش گلو تھا، اپنے کلام اور ترنم سے مشاعروں میں کامیاب ہوتا تھا۔ اس کا سرمایۂ شاعری اس کے صاحبزادے کے پاس محفوظ ہے اور جس کی عنایت سے ہی میں یہ سطور رقم کر سکا۔ حامد سے میری ملاقات بھی تھی، میں نے اس کو بریلی کے مشاعروں میں سنا بھی تھا۔ اگر کچھ دن اور زندہ رہتا تو شاید اس کا مجموعۂ کلام منظر عام پر آ جاتا۔

ڈاکٹر بھولا ناتھ:

بریلی کے مشہور صحافی تیج بہادر سنہا کا نانا تھا۔ ۱۸۴۸ء میں پیدا ہوا، معالج تھا، ریاست رامپور میں ملازم ہوا، رامپور میں ہی امیر مینائی کا شاگرد ہوا، اس کی ایک غزل جس پر امیر مینائی نے سرخ روشنائی سے اصلاح دی تھی اور جس کا یہ مصرعہ معروف ہے ''غزل پیش کرنے کے قابل یہی ہے''، تیج بہادر سنہا کے پاس محفوظ تھی۔ (روہیل کھنڈ اخبار بریلی، مورخہ ۷/ جنوری ۱۹۷۷ء) اس کا ترجمہ خمخانۂ جاوید جلد ۳ میں بھی ملتا ہے (ص ۲۲۳) خمخانۂ جاوید میں اس کی خوش کلامی، اچھی زبان، زود گوئی اور جدت کلام کی تعریف کی گئی ہے۔ نمونۂ کلام مندرجہ ذیل ہے:

یاد مژگاں کی جو ہے بادیہ پیمائی میں — خوب کانٹوں کے مزے آبلہ پا لیتے ہیں
تو نے اے چرخ کبھی چین سے رہنے نہ دیا — کٹ گیا دن تو بلائے شبِ فرقت آئی
بھولی صورت پہ یہ غصہ یہ ستم یہ شوخی — ڈھل کے کیا حسن کے سانچے میں قیامت آئی

اس کی وفات ۱۹۱۱ء میں ہوئی۔

ظفرؔ، مرزا راحت علی بیگ:

گڈھی راؤ پہاڑ سنگھ بریلی میں رہتا تھا۔ ٹرانسپورٹر تھا۔ تقسیم ہند کے بعد لاہور گیا، اس کے جو چند

خطوط بنام رادھا رمن جوش بدایونی (م۱۹۹۲ء) ڈاکٹر شمس بدایونی کے پاس محفوظ ہیں، ان کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ لاہور میں پاک جاپان کلچر ایسوسی ایشن کا صدر اور انتظامیہ کمیٹی ڈی اے وی کالج، ہوسٹل نمبر۲، لوار مال روڈ لاہور کا صدر تھا۔

شاعری میں نوح ناروی (م۱۹۶۲ء) کا ۱۹۱۲ء میں شاگرد ہوا۔ اس نے لاہور میں ایک تذکرۃ الشعرا ہندو پاک تالیف کیا جس کا نام تھا ''ادبی صد سالہ تاریخ مقتدر'' (۱۹۵۵ء) معلوم نہیں کہ مذکورہ تذکرہ شائع ہوا یا نہیں۔ اس کا کلام میسر نہیں آیا۔ اس نے رادھا رمن جوش بدایونی کو اپنے خط مورخہ ۲/نومبر ۱۹۵۸ء میں ایک قطعہ تحریر کیا ہے جو مندرجہ ذیل ہے:

بیٹھے بیٹھے تمہاری یاد آئی کر رہا ہوں میں خامہ فرسائی
خط کے لکھنے کی تھی قسم کھائی پوچھئے یاد سے کہ کیوں آئی

چونکہ نوح ناروی کا پرانا شاگرد تھا امید یہی کی جاتی ہے کہ بہتر شاعر ہوگا۔

ضیاؔ، محمد ابراہیم:

قصبہ رچھا ضلع بریلی کا رہنے والا تھا، معاصر گلدستوں میں اپنا کلام شائع کراتا تھا۔ ساحل احمد نے اپنی کتاب ''اردو میں گلدستوں کی روایت'' میں گلدستۂ پیام عاشق قنوج بابت نومبر ۱۹۸۲ء کے حوالے سے اس کا ایک شعر نقل کیا ہے (ص۸۳) جو مندرجہ ذیل ہے:

تم مفت خلق میں ہوئے بدنام اے ضیاء الفت گھٹا کے پھر نہ بڑھاتے تو خوب تھا

اس سے زیادہ اس کے حالات فراہم نہیں ہوئے۔ مجھے شبہ ہوتا ہے کہ یہی محمد ابراہیم شمس رچھاوی ہے جو فیروز رامپوری کا شاگرد تھا۔ اس وقت تخلص بدل کر مختلف گلدستوں میں شعرائے رچھا اپنا کلام شائع کرانے کی عادت میں مبتلا تھے۔

خورشیدؔ، حافظ محمد لیاقت علی خاں:

محمد سرفراز علی خاں رفعت بریلوی کا برادر خورد، اس کی غزل پیام یار لکھنؤ بابت فروری ۱۸۹۷ء میں شائع ہوئی تھی جس کا ایک شعر ساحل احمد نے ''اردو میں گلدستوں کی روایت'' میں نقل کیا ہے (ص۱۳۲ اور ص۴۳) وہ شعر مندرجہ ذیل ہے:

افسانۂ غم تم کو سناؤں میں صنم خاک　　یہ قصہ کسی سے بھی بیاں ہو نہیں سکتا

کیفی:

اس کی غزل پیام عاشق قنوج بابت نومبر ۱۸۹۲ء میں شائع ہوئی تھی، ساحل احمد نے ''اردو گلدستوں کی روایت'' میں اس کا نام درج نہیں کیا اور ایک شعر نقل کیا (ص ۹۳) جو مندرجہ ذیل ہے:

نالے مرے اثر جو دکھاتے تو خوب تھا　　وہ بن بلائے گھر مرے آتے تو خوب تھا

سوختہ، سوامی کرشنانند:

بریلی میں پیدا ہوا (قیاساً ۱۸۸۸ء) بچپن میں والدین فوت ہو گئے، بدایوں میں بہن اور بہنوئی نے پرورش کی۔ جھانسی میں تھانے دار پولس تھا، نوکری چھوڑ کر تحریک آزادی میں شامل ہوا، جے پور میں بابا گوبند داس کے زیر اثر تارک دنیا ہوا، غالباً ۱۹۳۵ء میں ناگپور پہنچا اور وہیں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ ناگپور میں ایک ہفتہ وار نیا خون ہندی رسم الخط میں جاری کیا، پہلی بیوی کے فوت ہونے کے بعد دوسری شادی نہیں کی۔ مشاعروں میں شریک ہوتا تھا، جھنڈوارہ (مدھیہ پردیش) سے واپس ہوتے ہوئے کار کے حادثے میں ۶/مارچ ۱۹۵۶ء کو فوت ہوا، ناگپور میں انتم سنسکار ہوا۔

سوختہ مخلص اور دوست نواز تھا، ہندو مسلم اتحاد کا حامی تھا، اردو اور ہندی دونوں زبانوں میں طبع آزمائی کی، اس کا مجموعۂ کلام ''کلام سوختہ'' ہندی رسم الخط میں شائع ہو چکا ہے۔ اس نے اپنی شاعری میں گندی سیاست اور سماج کے کھوکھلے پن پر احتجاج کیا ہے۔ مشتے نمونہ از خروارے کے مصداق پر چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

وہ اپنے حسن کے جلوے سمیٹ کر رکھ لیں　　کہ سوختہ کی طبیعت مچل نہیں سکتی

آرام طلب قوم کی قسمت میں لکھا ہے　　فاقے کرو، تکلیف سہو، مانگ کے کھاؤ

ہائے قسمت کہ آج کھدر میں　　چور ڈاکو بھی ہو گئے ملبوس

قطعہ:

یہ کَل، یہ مِل، یہ مشینیں، یہ کارخانے ہیں　　بنا کے لوہے کو سونا نکال سکتی ہیں

ہمیں تو آج ضرورت ہے ایسے سانچوں کی　　جو ملک میں نیا انسان ڈھال سکتی ہیں

حوالہ : ناگپور میں اردو از ڈاکٹر شرف الدین ساحل، مہاراشٹر اردو اکیڈمی ممبئی ۱۹۹۳ء، ص ۸۶ تا ص ۸۸

نکہت بریلوی، امتیاز حسین:

بریلی میں ۱۲؍مئی ۱۹۳۵ء کو پیدا ہوئے، ان کی والدہ شاہ جہان پور کی تھیں جہاں نکہت کے والد نے مستقل سکونت اختیار کرلی تھی اور اپنا مطب قائم کرلیا تھا۔ نکہت نے بہ عمر ۱۵ سال میٹرک کا امتحان اسلامیہ کالج شاہ جہان پور سے پاس کیا۔ اس کے بعد انہیں اپنی بہن کے پاس لاہور بھیج دیا گیا (۱۹۵۰ء) جہاں انھوں نے مزید تعلیم حاصل کی۔ ۱۹۵۳ء میں نکہت کے والد بھی پاکستان پہنچ گئے اور سکھر سندھ میں مستقل آباد ہو گئے۔ نکہت نے ۳۴؍۳۵ برس سکھر میں گزارے، نکہت کی غزل شائستہ ہے، روایت میں رچی بسی ہے، عصری تقاضوں کا اظہار کھلے دل سے کیا ہے اور اپنے اسلوب کو دوسروں سے علیحدہ رکھنے کی سعی کی ہے، اس کا مجموعہ کلام ''حرف زیر لب'' کراچی سے ۲۰۰۴ء میں شائع ہوا ہے جس میں غزلیات، نظمیں، ثلاثی اور متفرق اشعار شامل ہیں، نمونۂ کلام:

مشکل ہے کہ آشفتہ بیانی میں گزر جائے — یہ رات نہیں وہ جو کہانی میں گزر جائے
وہ بت بھی دشمن ایمان و آگہی تھا مگر — اسے جو دیکھا تو ہم نے خدا کو مان لیا
یہ کس دیار میں ہم لوگ آگئے ہیں جہاں — نہ دشمنی کا سلیقہ نہ دوستی کا خیال
اے گریہ کناں! ضبط کہ غم حدت جاں ہے — ایسا نہ ہو یہ آگ بھی پانی میں گزر جائے
زمیں کی عرش پسندی عجب ہے کیا کہیے — یہاں ہر ایک کو اپنے سوا خدا کہیے
یوں تو ہر شہر دل افزا ہے وطن کا لیکن — اپنے سکھر سا کوئی شہر طرح دار نہیں
اے دوست احترام روایت کے باوجود — کب ہم نے اور لوگوں سے ہٹ کر نہیں کہا

ماخذ : کلدیپ گوہر کا او اتبصرہ ''حرف زیر لب'' پر، ہفت روزہ ہماری زبان دہلی ۲۲ تا ۲۸؍جون ۲۰۰۴ء، ص ۶

ضمیمہ-۲

(فہرست شعرائے غیر متذکرہ)

اس فہرست میں وہ شعرائے بریلی شامل ہیں جن کا نام کہیں نہ کہیں ضرور ملا لیکن ان کے حالات اور اشعار میسر نہیں ہوئے۔ اگر تلاش وجستجو کے بعد کچھ معلومات ہم دست بھی ہوئیں تو وہ قابل اعتبار نہیں تھیں۔ لہٰذا اس فہرست میں ان کے اسما درج کردیے ہیں ان کے تلمذ کا بھی ذکر کردیا ہے، ان کی تصنیفات اور سکونت بھی پیش کردی ہے۔ جہاں یہ معلومات دستیاب نہیں ہوئیں وہاں ان کا صرف نام اور تخلص تحریر کردیا ہے۔ اس کوشش کا منشا صرف اتنا ہے کہ وہ بالکل گمنام نہ ہوں اور ان کے حالات وکلام کی تلاش جاری رہے۔

(۱) اکرآم: محمد اکرام حسین، تلمیذ مرزا عباس بیگ نادر بریلوی

(۲) اخگر: اجودھیا پرشاد، مصنف شگوفۂ مذاق

(۳) انور: احمد بیگ

(۴) اعجاز: اعجاز علی

(۵) امیر: داؤد الحسن تلمیذ منیر شکوہ آبادی

(۶) اختر: محمد نبی، تلمیذ ظہیر دہلوی

(۷) افضل: محمد افضل خاں، مقیم اکولہ مدھیہ پردیش

(۸) اعزاز: اعزاز علی

(۹) اثر: رام چرن لال تلمیذ عبدالقادر مفتون بریلوی

(۱۰) اعجاز: تمیز علی، تلمیذ سید ہادی علی رواں بریلوی

(۱۱) اکبر: اکبر حسین تلمیذ شوخی رامپوری

(۱۲) بشیر: خلیفہ بشیر الدین، فرزند خلیفہ امیر الدین آزاد بریلوی

(۱۳) تنہا: دولھا خاں تلمیذ خورشید لکھنوی

(۱۴) ثروت: محمد نبی بخش تلمیذ مومن دہلوی

(۱۵) جمیل: کامیشری سنگھ

(۱۶) حیدر: علی حیدر خاں، نبیرہ نواب محبت خاں محبت، تلمیذ وحشی بریلوی

(۱۷) حمایت: حمایت اللہ، تلمیذ رستم یار بیگ قیصر بریلوی، ثم کراچی

(۱۸) دیدار: احمد علی، تلمیذ احسان بریلوی

(۱۹) رضی: محمد رضی خاں

(۲۰) سعادت: سعادت مند خاں، تلمیذ شہیدی، ساکن مچھلی شہر ضلع جون پور

(۲۱) شریف: الٰہی بخش، تلمیذ محو بریلوی، ساکن محلّہ کٹھگر بریلی

(۲۲) شمس: محمد ابراہیم، تلمیذ فیروز رامپوری، ساکن قصبہ رچھا ضلع بریلی

(۲۳) شرر: شمس الدین، تلمیذ عبدالعزیز خاں عزیز بریلوی

(۲۴) شرر: عبدالغفار

(۲۵) شور: وہاب علی بیگ

(۲۶) شفیق: محمد سعید خاں تلمیذ شیوا بریلوی، اس کی ایک کتاب مسمیٰ ''نگار'' لندن بک ڈپو بریلی نے فلمی اداکاروں وغیرہ پر ۱۹۴۷ء میں شائع کی تھی۔

(۲۷) شفیق: شفیق بانو، تلمیذ شیوا بریلوی، ثم کراچی، اس کا ایک افسانوں کا مجموعہ ''کشمکش'' قومی کتب خانہ بریلی نے ۱۹۴۷ء میں شائع کیا تھا۔

(۲۸) شکور: عبدالشکور خاں بریلوی

(۲۹) صابر: محمد ایوب خاں

(۳۰) طاہر: محمد نبی، تلمیذ قمر بدایونی

(۳۱) عاصم: نام لاعلم، جون پور کے کسی کالج کا پرنسپل، تلمیذ ضمیر بریلوی

(۳۲) فہمی: وارث علی، تلمیذ ابر گنوری

(۳۳) فدوی: نثار احمد، تلمیذ عزیز بریلوی

(۳۴) مختار: مختار احمد، تلمیذ ابر گنوری

(۳۵) مانی: مختار احمد، مصنف ''منشی نوبت رائے نظر'' ساکن محلّہ شاہ آباد بریلی

(۳۶) مشتاق: مشتاق حسین تلمیذ ظہیر دہلوی

(۳۷) محشر: عبدالرحیم، تلمیذ قمر بدایونی

(۳۸) مہر: وہاب الدین خاں، حکیم مولوی، ساکن شہر کہنہ بریلی

(۳۹) فوق: فرزند علی، میر مولوی پیشہ مدرسی، ساکن شہر کہنہ بریلی

وہ شعرا جو حیات ہیں اور تذکرہ نگار سے ملاقات ہے

(۴۰) شاداں: عبدالعزیز خاں، تلمیذ تبارک علی عبرت صدیقی بریلوی، سکنہ محلّہ ذخیرہ بریلی، پیشہ کسی وکیل کا منشی، عمر شاعری پینتالیس برس یا اس سے زیادہ، نعت گو، غزل گو، مقامی مشاعروں میں شریک ہوتا ہے۔ [وفات ۱۱/مئی ۲۰۰۵ء]

(۴۱) عشرت: محمد شفیق شمسی، تلمیذ مرزا سعادت یار بیگ معجز بریلوی، سکنہ محلّہ پنجابیاں بریلی، ایم اے اردو، مولانا آزاد انٹر کالج شہر کہنہ بریلی میں استاد شعبۂ اردو، اب پنشن یاب، بیمار اور صاحب فراش، عمر شاعری ساٹھ برس یا اس سے بھی زیادہ، غزل گو، نظم گو، شہر میں مشہور، صاحب تلامذہ، مشاعروں سے گریزاں۔ میں نے بہت کوشش کی لیکن اس کا کلام ہم دست نہیں ہوا۔ [وفات: ۸/جنوری ۱۹۹۸ء]

(۴۲) طاہر تارا چرن رستوگی: محلّہ ملوک پور بریلی میں ۱۹۱۰ء میں پیدا ہوا، ابتدائی تعلیم مکتب اور ڈبلو آئی ایم ہائی اسکول بریلی میں حاصل کی، فارسی لاطینی اور انگریزی پڑھی، دوران ملازمت پوسٹ گریجویٹ کلاس کو انگریزی پڑھائی، ڈگری کالج کے پرنسپل بھی رہے، عمر کا زیادہ حصہ آسام، میزورم، اور ارونا چل میں گزارا، انگریزی ادبیات، تاریخ اور اقتصادیات میں ایم اے کیا تھا۔ ادبیات انگریزی میں پی ایچ ڈی کی سند حاصل کی، متعدد مضامین میں ڈپلومے حاصل کیے، اس وقت بے روباری گوہاٹی آسام میں مقیم ہیں، ۱۴/اگست ۱۹۸۲ء کو پہاڑ کے کھسکنے کے حادثے میں بیوی بچے فوت ہوگئے، بیوی ڈاکٹر تھیں، جانی و مالی نقصان نے نیم جاں کر دیا، ان کو کینسر کے مرض نے دبوچ لیا، اس وقت کینسر کے مریض ہیں اور بے روباری میں تنہا رہتے ہیں، مجھ سے خط و کتابت کا سلسلہ قائم ہے۔

دور جوانی میں کرانت کاری تھے، ان کی انقلابی ٹولی کے دو ممبر اور بھی تھے، اکرام حسین جوان کا

ہم محلّہ تھا اور بشیشر دیال مصرا جو بریلی نواسی تھے۔۱۹۴۲ء میں ان تینوں نے بریلی کے محافظ خانے کو آگ لگائی تھی اور دو انگریز فوجیوں کو گولی کا نشانہ بنایا تھا۔

ان کو شاعری میں جعفر علی خاں اثر لکھنوی سے تلمذ ہے، تخلص طاہر ہے، انگریزی میں سات اور اردو میں دو کتابیں پیش کر چکے ہیں، بے شمار سیمیناروں میں شرکت کی ہے، اقبال شناسی کے لیے مشہور ہیں، تصوف اسلام پر بھی کام کیا ہے۔

ان کی انگریزی کتب کے نام یہ ہیں:

1- Western Influence in Iqbal.

2-Islam breaks fresh ground.

3-A Dictionary of Sufism and Saint poets of Persia.

4-Sufism! Islamic Mysticism

5-Iqbal in final cutdown.

اردو کی کتاب کا نام نازش ادب، کالیداس گپتا رضا ہے اور دوسری تنقید و تبصرہ ہے۔

ان سے خط و کتابت کے باوجود پوری معلومات میسر نہیں آسکیں۔ انھوں نے صرف دو اشعار بھیجے اور رسالہ کندن وطلوع افکار کراچی ملاحظہ کرنے کا مشورہ دیا، وہ دو اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

چیخ اٹھی میری شکیبائی، کسے آواز دوں　　بس صدائے بازگشت آئی، کسے آواز دوں

شامل یک کارواں ہونے کو ہو جاؤں مگر　　کس سے ہے میری شناسائی، کسے آواز دوں

دراصل تارا چرن رستوگی کو دنیائے ادب اردو میں اے بے باک ناقد کی حیثیت سے پہچانا جاتا ہے۔ ان کی شاعری، ان کی پہچان نہیں ہے۔[وفات: ۵؍فروری ۱۹۹۷ء]

حوالہ: مضمون من آنم کی من دانم، از قلم تارا چرن رستوگی، مطبوعہ ماہنامہ نیا دور لکھنؤ، مئی ۱۹۹۳ء ص ۱۳ تا ص ۱۶، اور وہ خطوط جو تارا چرن رستوگی نے راقم الحروف کو تحریر کیے۔

ضمیمہ-۳

(شعرائے بریلی کا علمی اورادبی کام)

اس فہرست میں شعرائے بریلی کی ان کتب کے نام دیے گئے ہیں جن کے حوالے تذکرات اور دیگر کتب میں ملتے ہیں اور جو مطبوعہ/ غیر مطبوعہ کہیں نہ کہیں محفوظ ہیں۔ اس فہرست میں شعرائے بریلی کے دواوین اور کلیات شامل نہیں ہیں۔ انھوں نے غزل کے علاوہ اردو کے جن موضوعات پر مشتمل تالیفات چھوڑیں، وہ اس فہرست میں شامل ہیں۔ یہ کتب عربی، فارسی، ہندی، انگریزی اور اردو میں ہیں۔ یہ کتابیں نثر اور نظم دونوں میں ہیں، ان کتابوں کے متعلق مزید معلومات تذکرے میں ہم دست ہیں کیونکہ تذکرے میں شعرا کا ذکر کرتے وقت ان کے علمی وادبی کام سے بھی واقف کرایا گیا ہے۔

مقام حیرت ہے کہ شعرائے بریلی نے اصناف سخن کے علاوہ مندرجہ ذیل موضوعات پر مستقل تصانیف چھوڑیں جن سے بریلی کے ادبی اکتساب اور عظمت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

رمل، نجوم، جفر، ریاضی، میزان، جیومیٹری، تاریخ، فلسفہ، منطق، تصوف، عقائد، حکایات، ہدایات، معلومات عامہ، ماحولیات، گھڑی سازی، تصویر کشی، عبادات، مصوری، علم الانساب، صنم بازی، عروض قافیہ، سماجیات، اسلامیات، کیمسٹری، طبعیات، شرح، لغات، لسانیات، صرف ونحو، طب یونانی، سلوک اور تصوف کی عربی کتب کے تراجم، داستان ناول افسانے قصے، ڈرامہ، کھیل، انشا، انتقادیات، فیچر، تذکرات، ملفوظات وغیرہ۔

مزید حیرت کی بات یہ ہے کہ گھڑی سازی اور تصویر کشی پر رسائل ۱۸۵۰ء سے پہلے تحریر کیے گئے۔

شاہ محی الدین اویسی	منظوم تفسیر قرآن
محمد اکرم اکرم	جنگ نامہ، ضابطہ خاں، گلشن افضال، انشائے اکرم، مراۃ الرحمٰن، خالق باری اکرم
محمد حسن اسیر	رسالہ اصل الاصول، غایۃ الکلام فی حقیقۃ التصدیق عندالحکما والامام، منہاج المعراج یعنی شرح معارج العلوم، صلوٰۃ محمدیہ مع کلمات تزکیہ

گنگا پرشاد اوج	مجربات اوج
کندن لال اشکی	مصباح النجوم، مصباح الحساب، آداب باقیہ عربی، آداب باقیہ یونانی، اسرار ماضیہ، نوادر افرنگیہ، نزہت الناظرین، جہاں نما، قسطاس، مبرہن، اسطسقات، دوحۃ الصغا فی جمیع الاراسۃ سبعہ سیارہ، مصطلحات علوم، حکمت پارسی قدیم، اکسیر سعادت، نغمۂ عنادل، تین رسالے عبادت ورسوم ہنود پر بہ زبان سنسکرت یعنی آچاریہ کلپ لتا، کل دیپکا، انتخاب پران، چندرسائل تصویر کشی اور گھڑی سازی پر، لغات یونانی سریانی اور انگریزی کی مدد سے ایک لغت عبرانی، قرن لوجی، دو کتابیں حیوانات طیور بحر وبر پر، منتخب تنقیح الاخبار، حکمائے ہند، تاریخ اودھ، آثار باقیہ یونانی دو جلد، منتخب الاستخراج النجوم
جوالا شنکر امیر	دافع العذاب یعنی منظوم کتھا ست نرائن
امیر الدین آزاد	مثنوی عشق صادق
اجودھیا پرشاد اخگر	شگوفۂ مذاق
سلطان حسن خاں احسن	شرح قصیدۂ بردہ، شرح قصیدۂ بانت سعاد، رداعتراضات بہ کتاب ہدیۂ سعیدیہ
حضور احمد خاں آثم	مثنوی ذائقۂ عشق
سلیمان خاں اسد	نقش سلیمانی یعنی تاریخ افغانستان
علی احمد خاں اسیر	آئینۂ حدود اقلیدس، شجرۂ خاندان نقشبندیہ، قواعد اردو، نظم جہاں افروز، نظم معراج، منقبت خواجہ ولی ہند، مثنوی شیریں خسرو، خلوت گاہ ناز، مثنوی تجلی وصال، مشرق ستان اقدس
پرتاب چندر آزاد	انقلاب وطن، زندان بلا، بیسویں صدی کا جاپان، تجلی، فلسفۂ محبت
محمد علی خاں ابلیس	مثنوی خواب عبرت

تجمل حسین اختر	ستارے، آگ پانی، پس پردہ، سرور جہاں آبادی
عتیق اللہ خاں امید	سوز و اضطراب، تسنیم و کوثر، رنگ و آہنگ، رباب و شباب، بربط و طاوس، موج و گرداب، جل ترنگ، فکرونظر، ناول: ایثار، اور ستارے ڈوب گئے، چراغ جل اٹھے، پیاس، بازاری پھول
رفیع خاں باذل	مثنوی حملۂ حیدری
علی بخش بیمار	ترجمۂ طلسم بیضا
محمد یار خاں بسمل	مسدس نوحۂ بسمل
عبدالغفور بسمل	مکاتیب فرنگ
محمد علی بیدل	آئینۂ شفاعت
بلقیس فاطمہ بیکس	نالۂ بیکس
شیام بہادر بزم	شعلہ مضطر
ابوالحسن بوالحسن	گلدستۂ نعت پیمبری
جگیشور ناتھ بیتاب	ناول بجلی بزبان ہندی، افسانوں کا مجموعہ لڑی، منظوم افسانے امر کہانی، گونج، تجلیات تخیل، شعلۂ مضطر، شکنتلا منظوم
ضمیر احمد بخاری	ہاؤ ٹو پلے ہاکی
پوکرداس پوکر	گیان گیتا، تضمین کریما
پریتم داس پریتم	قحط چھ سیرا، ۹٦-۱۸۹۷ء
سپہر آرا پنہاں	اشک خونیں
صدیق حسن خاں توفیق	تاریخ قنوج، عقیدہ، دین اور مذہب پر ایک اندازے کے مطابق ڈیڑھ سو کتابیں تالیف کیں
سیف اللہ ثاقب	مثنوی بنات النعش

کشن لال ثاقب	پیام وطن، لال و جواہر، گاندھی گاتھا، زندگی کے موڑ، ڈرامہ بھوت، نیا چہرہ، وطن کے ساز پر، بھگوت گیتا منظوم، ایسوداسیہ اپنشد منظوم ترجمہ، ٹیگور کے بنگلہ گیتوں کا ترجمہ
شیوارام جوہر	قصیدۂ جوہر التراکیب، دلیل التراکیب، املائے جوہری، جواہر التعلیم
احمد حسن خاں جوش	مثنوی فسانۂ جوش
جمیل الرحمٰن خاں جمیل	چراغ مجلس، حیات ذاکر، کفیل بخشش، علم بخشش، تحقیقات قادریہ، مخزن البرکات
رام بہادر لال جویا	ناول پیراہن یوسفی، خوں نابۂ حسرت، محاورات اردو، مجموعۂ نظمیات
بقیس جمال جمالہ	آئینۂ جمال، قوس قزح
شیام موہن لال جگر	یادرفتگاں، صحت زبان، حدیث خودی، یادگار نظر، اردو زبان پر ایک تحقیقاتی نظر، مکاتیب شمیم، جدید تغزل، مثنوی پیام ساوتری، رس، کائستھ درپن، مسٹریز آف مائی مائنڈ، مثنوی رنگ و بو، پپیہا اور پی کہاں، رنگ و بو، پرتوِ الہام
اعجاز احمد خاں جذبی	عقیدت کے چند پھول
چاند رانی	مہلا گورب
نواب حافظ رحمت خاں حافظ	خلاصۃ الانساب، دیوان مشتمل بہ کلام فارسی اور پشتو
حسین شاہ حقیقت	صنم کدۂ چین، جذب عشق، تحفۃ العجم، خزینۃ الامثال، تذکرۂ احبا، ہشت گلزار، ہیرامن طوطا، ہفت نسخہ
حیدر حسین خاں حیدر	مولودنامہ
حسن رضا خاں حسن	فضائل مرتضوی اور عقائد و مذہب نیز لغت و منقبت پر متعدد کتب، ذوق نعت
حامد رضا خاں حامد	حاشیہ ملا جلال، رد قادیانیت اور مسئلہ اذان پر کئی رسائل
احمد حسن خورسند	چراغ بزم مداح

خوب داد خاں خوب	پوے ٹیکل جمس
حکیم ابوالفتح عین الملک	مظہرالاسرار، ضیاء العزیز
مرزا حسین علی دوانی	
عبدالودود درد	درد وانبساط
صفی حیدر دانش	تصوف اور اردو شاعری
حیدر حسین راقم	ہفت کوکب
عبدالرزاق خاں رزاق	گلشن نعت
احمد رضا خاں رضا	حدائق بخش، عقیدہ، فقہ اور دینی مسائل پر صدہا رسائل
ہادی علی رواں	بوستان نعمت
احمد ولی خاں راز یزدانی	رامپور کا ماحول شعروسخن، اردو کی داستانیں، حیات و کلام نظام رامپوری، مشترکہ زبان، ہمارے تاریخی مجرم، انسان مبیں
رتن سنگھ زخمی	سلطان التواریخ، حدائق النجوم، تذکرۃ الشعرا، قصیدۂ ہفت بند
دھنپت رائے راز	رسالۂ قوافی
اسمٰعیل شاہ خاں سالک	تاریخ روم وروس
میر ولایت علی سید	داستان عجیب وغریب، گلشن دانش
سید فضل غوث ساقی	آرزو نامہ، الحکایات، رسالۂ اربعہ، تائید ہدایت، انتخاب الرصاد، ان کے علاوہ دینی واخلاقی موضوعات پر کثیر تصانیف نظم ونثر
سید حسین سید	تحفۃ الشایقین
احفاد حسین ساجد	نقائص امروز
عبدالصمد سرشار	ایک رسالہ آب چاہ کی طبی خصوصیات پر
سعید احمد سعید	ناول پتھر سے ہیرا، اسلام اور عوت، اسلام اور عبادت
تدبیرالدین حسن شائق	عطر بہار، مصدر فیوض

قدرت اللہ شوق	تذکرۂ طبقات الشعرا، تاریخ جام جہاں نما، تکملۃ الشعرائے جام جمشید
حسین شاہ شمیم	گلدستۂ آئینۂ مغفرت
بنّے میاں شاکی	واسوخت جذبۂ محبت
مکھن لال شوق	سنگھاسن بتیسی منظوم
سعادت حسن شیدا	نعت حبیب
شمس الحسن شمس	مقدمہ مثنوی میر حسن، اردو ترجمہ گلستان سعدی، اردو ترجمہ بوستان سعدی، اردو ترجمہ مدارج النبوت، تاریخ الخلفاے سیوطی، اردو ترجمہ غنیۃ الطالبین، تشریح دیوان حضرت معین الدین چشتی، اردو ترجمہ عوارف المعارف، ترتیب حدائق بخشش، ادبی جائزہ مکاتیب اورنگ زیب، اردو ترجمہ نفحات الانس
محمد سعید خاں شفیق	نگار، یہ کتاب ۱۹۴۵ء تک کی ہندوستانی فلم انڈسٹری کی تاریخ اور اس کے مشاہیر پر مشتمل ہے
شفیق بانو شفیق	کشمکش، سولہ افسانوں کا مجموعہ ۱۹۴۷ء
اشفاق علی خاں شائق	ایک مجموعہ گیتوں کا، ایک مجموعہ سانٹ کا یعنی نغمات
ذوالفقار علی صفا	مثنوی چھومنتر، مناظرۂ صفا، اردو ترجمہ حملۂ حیدری
سعادت یار خاں صاحب	گل رحمت
جارج فتنوں صاحب	تذکرۂ شعراے رامپور
صادق حسین صادق	معکوس اللغات، ندیل الانخلاط، قلزم العروض
حسن شاہ ضبط	قصہ حسن و عشق یا قصہ حسن شاہ، ایک اور قصہ جس کا حقیقت نے جذب عشق کے نام سے ترجمہ کیا، مراۃ حیدری، فن رمل وجفر پر کئی رسائل
علی حسین شاہ طالب	فغان طالب، ہشت جنت، تحفۂ چشتیہ، یادگار طالب، طالب مدینہ، مدح مرغوب

نیاز اللہ خاں ظریف	دامن پیغمبر
میر غلام علی عشرت	پدماوت، ریاض الحسین، داستان سحر البیان
عباس بیگ عباس	منظوم فسانۂ عجائب
عبدالعزیز خاں عزیز	سبیل بخشش، آئینۂ آخرت، جزرومد، مجالس العلوم ہفت کوکب، شکایت معشوقاں
علی احمد علی	گلدستۂ نعت پارسی
عنایت سنگھ عنایت	غازۂ تعشق یعنی شکنتلا منظوم
آمنہ خاتون عفت	گوہر عفت
احمد علی خاں عاصی	شاہد ظرافت، اتحاد شیخ و برہمن، نالۂ دل شکن، فسانۂ لاجواب
اعتماد الدین احمد عرش	رباعیات عرش فاروقی
تبارک علی عبرت	صور قیامت
عابد علی عابد	تنویر ایمان
منولال فلسفی	مفردات طب، گلستان ارم، مساکن فلسفی، تنقیح الاخبار
مہرباں علی فرحاں	قصۂ قاضی جونپور، احمق نامہ، آئینہ رونما (مثنویات)
فدا حسین فدا	احوال اصحاب بدر
قاسم علی قاسم	مثنوی پدماوت
محمد حنیف کیفی	اردو شاعری میں سانٹ
لطف علی خاں لطف	دیوان نعت
امیر اللہ لئیق	دیوان نعت
محمد مہدی موتی	دوندے خاں نامہ
فضل علی ممتاز	لاٹھی نامہ
غلام مصطفیٰ خاں مست	جام حق، پیام حق
نور الحق منعم	مثنوی سرود جاں نواز، مثنوی ظفر نامہ

معظم عباسی معظم	جنگ نامۂ آصف الدولہ
محبت خاں محبت	مثنوی اسرار محبت، ریاض المحبۃ، فارسی آمد نامہ
محتشم خاں محتشم	تاریخ محتشم خانی
خان بہادر خاں مصروف	مقاصد الصالحین
کریم الدین مراد	ڈرامہ گل بکاؤلی، گلستان خاندان ہامان، چتر ابکاولی، خداداد
کلب حسین مائل	مثنوی پیکر حسن
محمد محسن محسن	رنگیلی بیگم
دیبی پرشاد مست	گلہائے عقیدت
رشید احمد معتصم	ماجد ولین
نیاز احمد نیاز	شمس العارفین، شمس الغین، کشف العین، نور العین، مجموعۂ قصائد عربیہ، بیاض فارسی، ملفوظات، شرح قصائد عربیہ، رسالہ راز و نیاز، تحفۂ نیاز، تسمۃ المراتب، لیعرفون، لیعبدون، حاشیہ شرح چغمنی، حاشیہ ملا جلالی، رسالۂ منطق، مجموعۂ رسائل بر علوم متفرقہ
نادر حسین نادر	اردو ترجمہ مناقب غوثیہ
ناصر الدین احمد ناصر	التنقیح الادق فی اصلاح تحقیق الحق، موج کوثر، لمعۂ برق جلال، ترانۂ ناصر، خزینۂ رحمت، فردوس شہادت، مناقب صابرؒ، نغمۂ عشق، فغان ناصر، مباحثہ دربارۂ مولود، شجرۂ طیبہ، مثنوی پیکر حشر و نشر، مباحثۂ اعظم گڑھ منظوم، چمنستان نعت، دیوان نعت، طنطۂ صولت، مجموعہ مکاتیب فارسی، کلام معشوقِ چشتی یعنی دیوان فارسی، مسدس ناصری
محمد اسحاق ناشط	تنبیہ وہابیہ، اردو فارسی ڈکشنری
برکت علی نامی	واسوخت نامی
مصطفیٰ رضا خاں نوری	سامان بخشش، ملفوظات مولوی احمد رضا خاںؒ
یعقوب علی نشتر	بیت المقدس کی قدیم تاریخ پر ایک نظر

دیاناتھ وفا	مثنوی گل و بلبل، مثنوی داغ دل
عبدالوحید واعظ	مقصد الواعظین
محمد فدا علی وامق	توصیف سرکار عبرت
محمد فاروق وحشت	شگفتۂ منظوم
نیاز احمد خاں ہوش	تاریخ روہیل کھنڈ، مثنوی ترانۂ ہوش، حدیقۂ نعت، ذکر میلاد شاہ دوسرا، شہادت نامۂ بے نظیر، فسانۂ غرائب، واسوخت ہوش

اس فہرست کو مکمل نہیں کہا جا سکتا کیونکہ معلوم نہیں کتنی کتابیں ایسی ہیں جو ہمارے یا ہمارے اسلاف کے علم میں نہیں آئیں اور جو یا تو ضائع ہو چکیں یا نجی ذخائر اور ایسے کتب خانوں میں محفوظ ہیں جن کی توضیحی فہرستیں شائع نہیں ہوئیں۔

○

ضمیمہ-۴

(بریلی کے مربّیانِ سخن)

تاریخ ادبیات اردو میں صرف امرا کو مربیان سخن میں شمار کیا گیا، یہ پوری سچائی نہیں ہے۔ مربی سخن وہ شعرا بھی تھے جن کے خیل در خیل تلامذہ نے بزم سخن کی رونق بڑھائی، انجمنیں قائم کیں، مشاعرے منعقد کیے اور گلدستے شائع کیے، امرا کی سرپرستی اور ان اساتذہ کی مساعی سے کاروان ادب تیز رفتاری سے آگے بڑھا۔ لہٰذا مربیان سخن کی فہرست میں بریلی کے امرا کے ساتھ وہ اساتذہ بھی شامل ہیں جو اپنی ذات میں ایک انجمن تھے اور جنھوں نے شاعری کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا۔ بریلی کے قدیم و جدید مربیان سخن کا تعارف مندرجہ ذیل ہے:

نواب حافظ رحمت خاں روہیلہ حافظ [متوفی ۱۷۷۴ء]

متقی پرہیزگار، حافظ قرآن، علم دین سے آراستہ، سلسلۂ عالیہ میں بیعت، فارسی و پشتو میں صاحب قلم، اس نے مساجد و مدارس تعمیر کیے، علما اور طلبا کو وظائف دیے، پورے روہیل کھنڈ میں نظام تعلیم رائج کیا، اس کے پچیس سالہ دور حکومت میں حالانکہ وہ پُرآشوب تھا، علم و فن کو اتنی ترقی ہوئی کہ باید و شاید، خود بھی فاسی اور پشتو کا شاعر تھا اور شعرا کی مناسب سرپرستی کرتا، میر عوض علی مدعا اس کی سرکار میں ملازم تھا، اس کے صاحبزادگان بھی مربی سخن تھے، نواب عنایت خاں بھی مدعا کو سو روپیہ ماہانہ دیتا تھا۔ اس کی سرکار سے عباس خاں عباس بھی وابستہ تھا، نواب محبت خاں کی سرکار میں خواجہ حسن مودودی کی رسائی تھی اور بعد کو قلندر بخش جرات (م ۱۸۱۰ء) بھی اس کی سرکار میں ملازم ہوا۔ خاندان روہیلہ نے دور قدیم سے دور جدید تک ادب کی خدمت کی اور کبھی شعرا پروری سے گریز نہیں کیا۔ بریلی میں شاعری کو ترقی دینے میں خاندان روہیلہ کا زبردست ہاتھ ہے۔

نواب محمد یار خاں امیر [متوفی ۱۷۷۵ء]

موضع ٹانڈہ آنولہ ضلع بریلی میں مقیم تھا، صاحب دیوان سخنور اور سخن نواز تھا، اس کے متعلق مصحفی نے تذکرۂ ہندی (ص ۱۳) میں تحریر کیا کہ اس نے حکیم کبیر سنبھلی کی ترغیب پر شعر کہنا شروع کیا۔ اس

نے ٹانڈہ میں محفل سخن سجائی، میر سوز (م ۱۷۹۸ء) اور مرزا سودا (م ۱۷۸۱ء) کو بذریعہ خط ٹانڈہ بلایا لیکن دونوں مہرباں خاں رند کی سرکار میں ملازم ہونے کی وجہ سے ٹانڈہ نہیں آئے۔ اس کے بعد اس نے قائم چاند پوری (م ۱۷۹۵ء) کو ٹانڈہ بلایا اور سو روپیہ ماہانہ پر ملازم رکھ لیا۔ اس وقت ٹانڈہ میں مصحفی، قائم، نعیم، پروانہ مرادآبادی، کبیر سنبھلی، عشرت ہذال وغیرہ جمع ہو گئے۔ افسوس یہ محفل زیادہ دن قائم نہیں رہی۔ جنگ سکرتال (۱۷۷۲ء) میں ضابطہ خاں کی شکست کے بعد بریلی میں مرہٹوں کی یورش کا خطرہ پیدا ہوا اور لوگ ہمالیہ کی ترائی کے جنگلات میں پناہ لینے کے لیے بھاگ کھڑے ہوئے۔ محمد یار خاں امیر کی محفل سخن بھی اجڑ گئی۔ اس کی محفل سخن ہر چند قلیل المدت تھی، اس نے شاعری کو مہمیز کیا اور بریلی کے دور قدیم کے ماحول شاعری کو تاریخی حیثیت دینے میں مدد کی۔

خلیفہ امیر الدین آزاد متوفی [۶۷-۱۸۶۸ء]

۱۷۷۴ میں روہیلہ اقتدار کے ختم ہونے کے بعد بریلی کی گرم بازارِ سخن سرد پڑ گئی، رامپور اور لکھنؤ میں مراکز سخن قائم ہوئے۔ میر غلام علی عشرت بریلوی (م ۱۸۲۱ء) نے رامپور میں قیام کیا البتہ اس کے شاگرد خلیفہ امیر الدین آزاد نے سخن اور سخن گویان بریلی کو سہارا دیا، اس کے زیر سایہ درجنوں شعرا جمع ہوئے جن میں امرا و متوسط الحال اشخاص وغیرہ سب ہی شامل تھے۔ اس کے چراغ سے چراغ روشن ہوئے اور اس کے بعد تلامذہ خود ایک انجمن بن گئے۔ بریلی میں دوبارہ شعر و شاعری کو قیام ملا، یہی سبب ہے کہ گزرے وقت کے ادب نواز خلیفہ امیر الدین آزاد کو بریلی کی شاعری کا باوا آدم کہتے تھے۔

مرزا احمد یار بیگ احمد [متوفی ۱۹۴۵ء]

اس کو سخن پروری کا جذبہ اپنے والد مرزا رستم یار بیگ قیصر بریلوی (م ۱۹۳۰ء) سے ملا تھا، حکیم مسیت کی عرفیت سے مشہور تھا، اس کے مطب میں شعرا کا مجمع لگا رہتا، اس کا مطب تو کیا چلتا، شفائے سخن فروخت ہوتی تھی۔ خود حقے کی نے ہونٹوں میں داب کر بیٹھتا اور شعرا قافیہ بتاتے۔ وہ حقے کے ہر کش کے بعد شعر کہہ دیتا۔ شعرا اشعار قلم بند کرتے، سنا ہے کہ اس شعری لنگر کے بعد شعرا میں معرکہ آرائی ہوتی اور نوبت دشنام طرازی اور گالی گلوج تک پہنچ جاتی، بہر حال یہ حق ہے کہ حکیم مسیت کے دم سے

شہر کہنہ بریلی میں شعرا اور شاعری کو ایک مرکز ملا اور مشاعروں کی بھرمار نے سخن کو فروغ دیا۔ سلطان احمد بیگ نظیر (م۱۹۴۲ء)، عتیق اللہ خاں امید (م۱۹۶۷ء) اور علی حسین ضمیر (م۱۹۶۸ء) جنھوں نے اپنے زمانے میں شہرت پائی اور باہم دگر معرکہ آرا بھی ہوئے، اس کے حاشیہ نشینوں میں تھے، اس کی وفات (۱۹۴۵ء) کے بعد شہر کہنہ بریلی سے شعرا اور مشاعروں کی رونق ختم ہوگئی۔

بشیر خاں بشیر:

اس کی تاریخ وفات کا علم نہیں ہوا، جنگ عظیم اول کے زمانے میں جو گلدستے بریلی میں شائع ہوئے، ان میں اس کی غزلیات شائع ہوئیں، لہٰذا قیاساً وہ بیسویں صدی عیسوی کی ابتدائی دو دہائیوں تک زندہ تھا، اس کا تعلق قصبہ رِچھا ضلع بریلی سے تھا جو بنجاروں کی بستی ہے۔ اس کا یہ کارنامہ ہے کہ اس نے بنجاروں کی بستی میں شعر و شاعری کا ماحول پیدا کیا، چونکہ خود دولت مند اور بااثر تھا، اس نے شعرا کی سرپرستی کی، مشاعرے کرائے اور گلدستوں میں کلام شائع کرایا۔ رچھا جیسے غیر ادبی قصبے میں شاعری کو وہ عروج ملا کہ بریلی کے دیگر قصبات کے مقابلے میں اس کا نام احترام سے لیا گیا۔ آج بھی رچھا کی ادبی زرخیزی جو پہلی جیسی تو نہیں ہے سلسلہ بشیر کی ہی دین ہے۔

مولوی حسن رضا خاں حسن [متوفی ۱۹۰۸ء]

تلمیذ داغ، اس نے نواب مرزا داغ (م۱۹۰۵ء) کے رنگ تغزل کو فروغ دیا، اس کے تلامذہ کثرت سے تھے، اس کے حلقۂ شعرا کے مشاعرے امام باڑہ گلی آریہ سماج اور امام باڑہ محلہ معماران بریلی میں ہوتے تھے۔ اس کا اپنا مطبع اہلسنت والجماعت تھا، اس کی سرپرستی میں گلدستۂ بہار بے خزاں بریلی اور اخبار روز افزوں بریلی شائع ہوتے تھے، اس کے تلامذہ نے بھی داغ کے طرز سخن کو فروغ دیا۔ اس نے نعتیہ شاعری کو بھی فروغ دیا اور نعتیہ مشاعرے بڑے اہتمام سے ہونے لگے۔ اس کے دم سے بریلی میں شاعری گلی گلی اور کوچے کوچے پہنچ گئی۔ غریب اور کم تعلیم یافتہ افراد بھی شعر و شاعری اور مشاعروں میں دلچسپی لینے لگے۔

قاضی محمد خلیل حیراں [متوفی ۱۹۳۹ء]

غالب کے شاگرد قاضی عبدالجمیل جنون بریلوی کا اکلوتا پسر، برٹش گورنمنٹ سے اعزاز یافتہ، بریلی کا رئیس اعظم، مدرسہ عالیہ رامپور سے فارغ، خود شاعر اور شاعروں کا مربی، سخن فہم و سخن سنج، احمد علی خاں عاصی (م ۱۹۰۱ء) اور علی حسن شاعر (م ۱۹۱۹ء) کا قدردان اور مربی، امرا کے یہاں مشاعروں میں شریک ہوتا، خطوط غالب کی اشاعت میں مہیش پرشاد کی مدد کی، پانچ اور چھے نومبر ۱۹۱۱ء کو اپنے مکان پر تاریخی مشاعرہ کرایا جس میں اساتذۂ بیرون جات نے کثرت سے شرکت کی، اس کی مساعی سے بریلی میں اردو شاعری کو عظمت ملی۔

مولوی قاسم علی خواہاں [متوفی ۱۹۳۸ء]

اس کا تعلق امروہہ کی نقوی سادات سے تھا۔ یہ خاندان اٹھارویں صدی عیسوی کی آخری دہائی میں امروہہ سے بریلی منتقل ہوا، اس خاندان کے تمام افراد علم و فضل سے آراستہ تھے، لہٰذا بریلی میں یہ خاندان ''ملاّ نون کے خاندان'' سے مشہور ہوا۔ خواہاں، خلیفہ امیر الدین آزاد کا شاگرد تھا، اس نے طویل عمر پائی، بریلی کے شعرا میں ایسا کوئی شاعر نظر نہیں پڑا جس نے تقریباً پون صدی سخن سنجی میں گزارے، بریلی کے دو چار اساتذہ کو چھوڑ کر جیسے حسن اور قیصر کوئی ایسا شاعر نہیں ہے جس نے انیسویں صدی کی آخری دہائیوں یا بیسویں صدی کی ابتدائی دہائیوں میں اس سے مشورہ سخن نہ کیا ہو۔ یہ اور بات ہے کہ وہ بعد کو بیرونجات کے معروف اساتذۂ سخن سے وابستہ ہوئے۔ اب یہ صرف قیاس کیا جاسکتا ہے کہ اس نے، اس کے شاگردوں نے اور اس کے شاگردوں کے تلامذہ نے کتنی کثیر تعداد میں اشعار تحریر کیے۔ بریلی کی تاریخ میں شاعر گری اور شعر خیزی کی اس جیسی مثال نہیں ملتی۔ اس کا پورا خاندان سخن فہم اور سخن سنج تھا اور وہ ان میں سے بیشتر کا استاذ تھا، وہ گورنمنٹ ہائی اسکول بریلی میں ہیڈ مولوی تھا۔ اس نے صف طلبا میں شاعر پیدا کیے، وہ زمیندار تھا، اس نے دیہات و قصبات میں شاعری کا ماحول پیدا کیا، ہر چند وہ اپنی زود گوئی، مضمون تراشی اور اشعار کا لنگر بانٹنے کی وجہ سے صف اول کے مشاہیر میں شمار نہیں کیا جاسکا لیکن اس بات سے انکار ممکن نہیں کہ اس نے بریلی کی محفل سخن کو وسعت دی اور اپنے تلامذہ کے ذریعہ بریلی کے شعری سفر کو تیز گام کیا، باوقار بنایا۔

شاہ محمد تقی راز [متوفی ۱۹۶۷ء]

سجادہ نشین خانقاہ نیازیہ بریلی، خانقاہ نیازیہ نے شعروادب کی ہمیشہ خدمت کی، یہ روایت آج بھی قائم ہے۔ بہرحال مقررہ تاریخوں پر مشاعرے ہوتے ہیں، اس کے علاوہ خانقاہ میں شعرا کی آمدورفت رہتی ہے۔ شاہ محمد تقی راز نے فارسی و اردو میں سخن سنجی کی اور شعرا کو نوازا، بیرونجات کے شعرا میں بہزاد لکھنوی نے اس خانقاہ سے فیض پایا، شاہ محمد تقی راز کی حین حیات شعری سرگرمیاں تیز تر رہیں اور بریلی میں شاعری کو فروغ ملا۔

بلدیو پرشاد سوزن [متوفی ۱۹۶۶ء]

اردو اور فارسی کے امتحانات پاس کیے، قدرے قلیل عربی سے واقف، پیشہ معلّمی، زود گو اور طویل نگار، آخر عمر میں رباعیاں لکھیں، اس کے ہندو تلامذہ کثرت سے تھے، اس نے ہندوؤں میں اردو شعر گوئی کا ذوق اور ملکہ پیدا کیا، یہ اس کا بڑا کارنامہ ہے، اس کے تلامذہ میں بعض نے شہرت پائی، پرتاب چندر آزاد کو اس سے ہی شرف تلمذ حاصل ہے۔

قدرت اللہ شوق [متوفی ۱۸۱۰ء]

قصبہ موی تحصیل بہیڑی ضلع بریلی کا باشندہ تھا، رامپور میں جو موی کے قریب ہے، مقیم ہوا۔ شاعر، مورخ اور تذکرہ نگار تھا، رامپور میں ہر جمعہ کو محفل مشاعرہ منعقد کرتا، میر غلام علی عشرت بریلوی (م ۱۸۲۱ء) اس کا ہم جلیس تھا، اس کی تحریک پر ہی عشرت نے میر ضیاء الدین عبرت کی ادھوری پدماوت کو مکمل کیا (۱۷۹۶ء)۔ اس نے تذکرۂ طبقات الشعرا مکمل کر کے کٹھیر کے شعرا کو مکمل گمنامی سے بچایا، بعض معروف شعرا جیسے محمد یار خاں امیر (م ۱۷۷۵ء) جن کے دواوین ناپید ہو چکے، ان کا وافر کلام اپنے تذکرے میں نقل کر کے، ان کو گمنامی سے بچایا، یہ تذکرہ ایک ایسی دستاویز بھی ہے جس سے بالخصوص روہیل کھنڈ کی ادبی سرگرمیوں کا سراغ ملتا ہے، یہ تذکرہ خود اس کے متعلق بھی ناطق ہے۔ شوق اپنی ذات میں ایک انجمن تھا، اس نے اپنے عہد کی شاعری اور شاعروں کو محفوظ کیا۔

نواب عبدالعزیز خاں عزیز [متوفی ۱۸۹۱ء]

بے مثل صلاحیتوں کا مالک تھا ساتھ ہی صاحب ثروت بھی، اس کے کثیر التعداد تلامذہ نے بریلی میں اردو شاعری کو ترقی دی، اس کا فیض سخن بیسویں صدی عیسوی میں بھی اس کے شاگردوں کے ذریعہ جاری رہا جن میں علی حسن شاعر (م ۱۹۱۹ء) اور مرزا رستم یار بیگ قیصر معتبر اور سخن پرور اساتذہ تھے۔

عطا حسین خاں عطا [متوفی ۱۸۴۱ء]

خاندان کمبوہان بریلی کا ایک ذی علم اور ذی حیثیت فرد تھا، اس کے مکان پر خاندان کمبوہان اور دیگر شعرا کا مجمع لگا رہتا، امیر الدین آزاد اس کے خوان کرم کا ژلہ ربا تھا، کرامت علی خاں شہیدی (م ۱۸۴۱ء) نے اس کے یہاں لگ بھگ نو برس قیام کیا۔ شہیدی نے اس کی مدح میں ایک مختصر مثنوی تحریر کی جو کلیات شہیدی میں شامل ہے۔ عطا کو خاندان کمبوہان بریلی میں شاعری کی روایت کو جاری رکھنے کا اعزاز حاصل ہے۔ اس خاندان نے خاندان روہیلہ اور مولویان کی طرح بریلی میں شاعری کو فروغ دیا۔

عمادالحسن محو [متوفی ۱۹۲۶ء]

مفتیان بریلی اور ان کے تلامذہ کی تعداد بہت زیادہ تھی، یہ سب ہی غالب نواز تھے کیونکہ مفتیان کو اپنی نسبت غالب پر فخر تھا، محو نے اپنی خاندانی روایت کو استحکام دیا، اس نے ''بزم ادب'' قائم کی جس میں مفتیان اور دیگر شعرا کلام سناتے، یہ بزم چالیس برس قائم رہی۔ خاندان مفتیان نے بریلی میں اردو شاعری کی بڑی خدمت کی، اس خاندان کا آخری سخن سنج مفتی صابر حسن شیوا عثمانی (متوفی ۱۹۷۵ء، کراچی) تھا۔ وہ جب تک بریلی میں رہا شعر و سخن کی خدمت میں ہی منہمک رہا۔

رشید احمد معتصم [متوفی ۱۹۸۹ء]

اس کا چچا ڈاکٹر سعید احمد سعید بریلوی (م ۱۹۵۹ء، کراچی) دہلی کے پر آشوب حالات سے تنگ آ کر ۱۹۴۸ء میں بریلی آیا اور اس نے ایک انجمن موسومہ بہ ''بزم احباب'' کی بنیاد رکھی، بزم احباب کے ممبران ہر ہفتے جمع ہوتے، ایک نشست عورتوں کی ہوتی، دوسری نشست میں مقالے پڑھے

جاتے، تیسری نشست میں مباحثہ ہوتا اور چوتھی نشست میں طرحی مشاعرہ۔ ان تمام ادبی سرگرمیوں کا مرکز حکیم رشید احمد معتصم کا مکان تھا، معتصم کا علم و فضل اور نفاست پسندی مشہور تھی۔ بزم احباب میں ہر عمر کے شاعر شریک ہوتے اور سب کے ساتھ مساوی سلوک کیا جاتا۔ بزم احباب نے شعرائے بریلی کو نئی غزل کا شعور دیا اور اس کے ساتھ ہی روایت کا احترام بھی۔ بزم احباب ۱۹۶۳ء تک قائم رہی، پندرہ برس کی مختصر مدت میں اس نے کافی تعمیری کام کیا اور بریلی کے نمایاں شعرا کو یکجا کر کے باہمی تفہیم کی راہ ہموار کی اور نئی اقدار ادب کو پیش کیا۔ معتصم نے جس فراخ دلی سے بزم احباب کو اپنے مکان پر قائم رکھا وہ ایک مثال ہے۔ دور جدید کے شعرائے بریلی نے معتصم کے یہاں مشاعروں میں برسوں غزل خوانی کی ہے۔

نواب نیاز احمد خاں ہوش [متوفی ۱۸۹۲ء]

بریلی میں حکیم بنّے میاں کی عرفیت سے مشہور تھا، اس نے عمائد شہر اور انگریز حاکموں کے تعاون سے روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی قائم کی جس کا اپنا پریس بھی تھا۔ غالب کی دستنبو کا دوسرا ایڈیشن ۱۸۶۵ء میں لٹریری سوسائٹی پریس میں طبع ہو کر شائع ہوا۔ ہوش کی تاریخ روہیل کھنڈ بھی ۱۸۶۶ء میں اسی پریس سے شائع ہوئی۔ ہوش کی نگرانی میں ہفتہ وار گلدستۂ ہوش افزا بریلی بھی لٹریری سوسائٹی پریس میں طبع ہوتا تھا۔ لٹریری سوسائٹی کی ادبی سرگرمیوں کا مرکز کتب خانۂ بریلی کی عمارت تھی جو منہدم ہو چکی۔ ہوش نے بریلی پر قصائد اور طرز سودا کا احیا کیا۔ اپنے کثیر تلامذہ کے ذریعے بریلی میں شاعری کو عروج دیا۔ خاندان روہیلہ نے بالعموم شعر و ادب کی خدمت کی، عبدالعزیز خاں عزیز اور نیاز احمد خاں ہوش نے خصوصیت کے ساتھ بریلی کے شعرا کی سالاری کی، ان کا فیض سخن بیسویں صدی عیسوی تک جاری رہا، ان کے بعض تلامذہ بہت مشہور ہوئے۔

○

ضمیمہ-۵

(بریلی کے صحافی شعرا)

بریلی کی صحافت کا آغاز ۱۸۵۰ء سے پہلے ہوا۔ اب تک جو معلومات ہم دست ہوئیں ان کے مطابق عمدۃ الاخبار بریلی کا سب سے پرانا اخبار ہے۔ عمدۃ الاخبار کا مہتمم لچھمن پرشاد تھا اور سال اجرا ۱۸۴۹ء۔ لچھمن پرشاد نے ۱۸۵۷ء میں انگریزوں کے خلاف حریت پسندوں کا ساتھ دیا، جس کے نتیجے میں اس کا پریس ضبط ہوا اور خود اس کو سزائے قید ہوئی۔ اس نام کا اخبار بدایوں اور بھوپال سے بھی جاری ہوا۔ گارساں دی تاسی کے مقالہ ۱۸۷۲ء سے معلوم ہوتا ہے کہ عمدۃ الاخبار بریلی سے شائع ہوتا تھا۔ اسی مقالے سے ایک اور اخبار مخزن العلوم بریلی کا علم ہوا۔ شوبرت لال ورمن (م ۱۹۳۹ء) نے ۱۸۸۲ء میں ہفتہ وار اخبار دبدبۂ قیصری بریلی سے جاری کیا۔ اس نے ہی ۱۹۰۳ء میں بریلی سے زمانہ اور آریہ پتر کا اجرا، بعد کو زمانہ کانپور سے شائع ہوا۔ اخبار دبدبۂ قیصری کے ساتھ اخبار مہر نیمروز کا حوالہ بھی ملتا ہے اس تلخیص میں صرف ان شعرا کا ذکر کیا گیا جو کسی اخبار، ہفتہ وار، ماہنامے، گلدستے یا پریس سے وابستہ تھے تاکہ یہ معلوم ہو کہ شعراے بریلی نے شاعری کے علاوہ اردو صحافت کی کیا خدمت کی، شعرا کے علاوہ اگر ان افراد پر غور کیا جائے جو شاعر نہیں تھے لیکن جنھوں نے مطابع قائم کیے اور کتب شائع کیں تو ان کا کام بھی اہم ہے اور اس سلسلے میں مولوی احسن نانوتوی (م ۱۸۷۱ء) اور اس کے مطبع صدیقی بریلی کو پیش کیا جاسکتا ہے۔

انیسویں صدی عیسوی کی آخری دہائیوں میں نیاز احمد خاں ہوش، محمد لطافت حسین خاں لطیف، سید حسین شاہ شمیم اور شوبرت لال ورمن نے شاعری کے ساتھ گلدستے اور اخبارات شائع کیے۔ موخر الذکر میں شوبرت لال ورمن جو بریلی کا باشندہ نہیں تھا اور جو بعد کو تحریکِ آریہ سماج سے کنارہ کش ہو کر بنارس چلا گیا، اس تذکرے میں شامل نہیں ہے۔ سید حسین شاہ شمیم نے صرف آئینۂ مغفرت ۱۸۸۸ء میں شائع کیا لیکن یہ گلدستۂ نعت ایک تاریخی دستاویز بن گئی کیونکہ اس گلدستے کے ذریعہ انیسویں صدی عیسوی کے نعت گویان تک رسائی ہو جاتی ہے جن میں بعض کا کلام آج بھی ناپید ہے۔ محمد لطافت حسین خاں لطیف کا تعلق خاندان کمبوہان بریلی سے تھا اور اس نے ہفتہ وار

''گلدستۂ لطیف'' کے ذریعہ بریلی میں شاعری کی اشاعت کی۔ نیاز احمد خاں ہوش نے روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی، روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی پریس اور ہفتہ وار گلدستۂ ہوش افزا بریلی کے ذریعہ بریلی میں شعر وسخن کی نشر واشاعت کی۔ بیسویں صدی عیسوی میں جن شعرا نے صحافت سے دلچسپی لی ان کا اجمالی تعارف مندرجہ ذیل ہے:

نثار حسین جعفری آرزو:

مرزا رستم یار بیگ قیصر (م۱۹۳۰ء) کے تلامذہ نے شہر کہنہ بریلی میں قیصر پارٹی بنائی تھی جس کا روح رواں آرزو تھا، قیصر پارٹی کی جانب سے گلدستۂ خدنگ ناز اور ارمغان قیصر شائع ہوتے تھے۔ ۱۹۲۲ء کے چند شمارے میری نظر سے گزر چکے ہیں۔ قیصر پارٹی اور مذکورہ شماروں کی بہت شہرت تھی۔

عتیق اللہ خاں امید:

اہل سنت والجماعت بریلی کے آرگن ماہنامہ نوری کرن بریلی کا مدیر تھا، اس کے اداریے خوب سے خوب تر ہوتے تھے۔ ماہنامہ نوری کرن نے اس کی ادارت میں بہت ترقی کی، امید کی وفات ۱۹۶۷ء میں ہوئی، ماہنامہ نوری کرن اس کے بعد بھی جاری رہا۔

گوپی ناتھ بیچین، غفور الدین تسلیم:

غفور الدین تسلیم مشاعروں کا اہتمام کرتا اور مشاعرے کی غزلیات اپنے گلدستۂ نشو ونما بریلی میں شائع کرتا۔ مذکورہ گلدستے کی ترتیب کا کام گوپی ناتھ بے چین کے سپرد تھا، یہ گلدستہ بیسویں صدی عیسوی کی ابتدائی دہائی میں نکلتا تھا۔ ستمبر ۱۹۰۳ء کا شمارہ میری نظر سے گزر چکا ہے۔ اپنے عہد میں یہ گلدستہ بہت مشہور تھا۔

بدر الحسن تفتہ:

گلدستہ نہال سخن بریلی، مدیر حکیم فصیح الزماں امروہوی، بریلی کا موقر گلدستہ تھا جو بیسویں صدی عیسوی کی دوسری دہائی میں سات برس پابندی کے ساتھ شائع ہوا۔ تفتہ مذکورہ گلدستے کا نگراں تھا،

یہ گلدستہ بھی ایک تاریخی دستاویز ہے کیونکہ اس کے ذریعہ بریلی کے کثیر شعرا تک رسائی ہوتی ہے۔

شمبوھ سہائے جوش:

آریہ پتر بریلی کا مدیر تھا۔ اس اخبار میں بریلی کے ہندو شعرا کا کلام کثرت سے شائع ہوا۔افسوس کہ آریہ پتر کا کوئی شمارہ ہم دست نہیں ہوا۔

اعجاز احمد خاں جذبی:

باعتبار پیشہ طبیب تھا، باعتبار مشرب سنی، حنفی چشتی اور قلندری تھا،اس نے ماہنامہ دکھ سکھ کا اجرا کیا جو اس کے پیشے اور مشرب کا آئینہ تھا۔ وہ اپنا کلام نعت وغزل بھی اس ماہنامے میں شائع کرتا تھا۔ ماہنامہ دکھ سکھ بریلی کے دور جدید کا ایک موقر جریدہ ہے۔

سید احمد حیراں:

مولانا حسن رضا خاں حسن بریلوی کی وفات (۱۹۰۸ء) کے بعد جو مشاعرے امام باڑہ محلّہ معماران بریلی میں ہوئے ان کا اہتمام سید احمد حیراں کرتا تھا۔ مشاعرے کی غزلیات گلدستۂ آفتاب ادب بریلی میں شائع ہوتی تھیں جس کا وہ سرپرست تھا۔ مذکورہ گلدستوں کی ادارت قاسم علی خاں قاسم کے سپرد تھی، یہ گلدستہ تقسیم وطن کے بعد بند ہوا۔اس کا جنوری ۱۹۳۱ء کا شمارہ میری نظر سے گزر چکا ہے۔

حسن رضا خاں حسن:

اس نے ۱۹۰۱ء میں مطبع اہل سنت والجماعت محلّہ سوداگران بریلی میں قائم کیا۔اس کی نگرانی میں گلدستۂ بہار بے خزاں اور ہفتہ وار روز افزوں جاری ہوئے۔گلدستۂ بہار بے خزاں میں اس کے تلامذہ اور اس کے حلقہ اثر کی طرحی غزلیات شائع ہوتی تھیں۔گلدستۂ بے خزاں کے ۱۹۰۳ء کے کئی شمارے میری نظر سے گزر چکے ہیں۔مطبع اہل سنت والجماعت میں حسن کا دیوان اور اس کی متعدد کتب شائع ہوئیں۔

ابراہیم حسن رسا:

اس کا نینی تال روڈ بریلی پر چھوٹے پل کے نیچے پتھر کی چھپائی کا پریس تھا، صرف ایک مشین تھی، یہ پریس اتنی محفوظ جگہ تھا کہ پولیس کی نظر اس پر نہیں پڑ سکتی تھی۔ آزادیِ وطن سے پہلے اس پریس میں انگریزوں کے خلاف اشتہار اور پمفلٹ طبع ہوتے اور راتوں رات ان کو دیواروں پر چسپاں کرا دیا جاتا۔ اس طرح یہ خفیہ پریس بریلی کے قوم پرست مسلمانوں کا آلۂ کار تھا۔ اسی پریس سے ہفتہ وار ندرت شائع ہوتا جس کا مدیر رسا تھا۔ ندرت کا رجحان قوم پرستانہ تھا اور اس میں بریلی کے حکومت نواز عمائد پر تنقید کی جاتی تھی۔ دو ایک غزلیات بھی شائع ہوتی تھیں۔ رسا کی وفات دہلی میں ہوئی۔ اس کی وفات (۱۹۸۷ء) سے چند برس پہلے تک ندرت شائع ہوا۔ اس کا دور اشاعت اندازاً نصف صدی کو محیط ہے۔

احفاد حسین ساجد:

اس کا تعلق مولوی عبدالودود درد (م ۱۹۲۸ء) کے حلقۂ احباب سے تھا۔ مولوی عبدالودود کی طرح یہ بھی قوم پرست تھا۔ بعد کو اخبار مدینہ بجنور کا مدیر رہا۔

سعید احمد سعید:

اس نے آگرہ میڈیکل کالج میں ڈاکٹری پڑھی۔ جنگ عظیم اول میں فوجی خدمت انجام دی۔ خاتمۂ جنگ کے بعد دہلی آیا۔ علی برادران، حکیم اجمل خاں اور ڈاکٹر انصاری کے ساتھ انگریزوں کے خلاف مصروف پیکار ہوا، اس کے دو موضوعات تھے، مسلم معاشرے کی اصلاح جس میں تعلیم مستورات اور تربیت طفلاں شامل تھی، دوئم صحافت، وہ محمد علی جوہر کے اخبار ہمدرد کا اسٹاف ممبر تھا۔ ماہنامہ کامیاب دہلی، سعید دہلی، طبیب دہلی اور ہمجولی دہلی کا مدیر تھا۔ ہمدرد صحت، پیام تعلیم، مست قلندر اور جوگی وغیرہ میں مضامین اور کہانیاں شائع کراتا۔ دہلی میں اس کی پہچان ایک صحافی کی حیثیت سے تھی۔ اس کا مطب قرول باغ دہلی میں تھا۔ ۱۹۴۸ء میں بریلی آیا اور بزم احباب کا احیا کیا۔ ۱۹۵۱ء میں کراچی گیا اور ۱۹۵۷ء میں وہیں فوت ہوا۔ ایک صحافی کی حیثیت سے اس کا مقام بہت بلند ہے۔

سراج الدین احمد واصف:

اس نے ۱۹۴۷ء کے ایام میں واصف پریس کھولا، اعلیٰ صلاحیتوں کے باوصف خاطر خواہ کام نہیں کر سکا۔ عین جوانی میں مدقوق ہو کر ۱۹۵۲ء میں وفات پائی۔

نندلال گپتا کیفی:

مالک شنگل پریس بریلی، قوم پرست، اس نے برٹش سرکار کی مخالفت میں شنگل پریس سے اشتہار اور پمفلٹ شائع کیے۔ اس نے گلدستۂ ترانۂ قوم کا اجرا کیا، جو ضبط ہوا۔ ایک شاعر اور صحافی کی حیثیت سے بریلی میں بہت مقبول تھا۔

تیج بہادر سنہا کیف:

رام بہادر لال جویا آنولوی کا داماد تھا، ابتداً زمانہ کانپور سے وابستہ ہو کر صحافت سے واقفیت حاصل کی۔ اس کے بعد ہفتہ وار روہیل کھنڈ اخبار بریلی جاری کیا۔ بے حد بیباک، تعلیم یافتہ اور غیر جانبدار صحافی تھا۔ روہیل کھنڈ اخبار اس کی وفات (۱۲رستمبر ۱۹۷۷ء) کے بعد بند ہو گیا۔ اس ہفتہ وار میں سیاسی موضوعات پر تبصرے کے علاوہ ادبی مضامین اور غزلیات بھی شائع ہوتی تھیں۔

محمد کامل صدیقی کامل:

بہ سلسلۂ ملازمت نینی تال میں مقیم ہوا۔ وہاں بھی انجمن آرائی کی، طرحی مشاعروں کا ڈول ڈالا، ایک گلدستہ مسمیٰ بلبل کہسار نینی تال سے جاری کیا جس کی طباعت مدینہ پریس بجنور میں ہوتی تھی۔ بلبل کہسار فروری ۱۹۳۳ء کا شمارہ میری نظر سے گزر چکا ہے۔

انتظام علی نادر:

بریلی کے مشہور پریس مطبع نادری کا مالک تھا۔ اس پریس نے بیسویں صدی عیسوی کی ابتدائی چار دہائیوں میں بریلی کے ادب کی بڑی خدمت کی۔ یہ پریس اپنی اعلیٰ کتابت کے لیے مشہور تھا۔

ضمیمہ-۶

(بریلی کے مظلوم شعرا)

تخلص	نام	جرم	سزا	تاریخ
مصروف	خان بہادر خان	بغاوت ۱۸۵۷ء	پھانسی	۲۴/مارچ ۱۸۶۰ء
عباس/ نادر	مرزا عباس بیگ	//	//	۱۸۵۸ء
سید	مفتی سید احمد خاں	//	کالا پانی	خاک وطن نصیب نہیں ہوئی، تاریخ وفات لاعلم
درد	عبدالودود	تحریک خلافت/ ترک موالات	قید ۶ ماہ/ قید ۱۸ ماہ	۲۲-۱۹۲۰ء
ثمر	پریم شنکر	ترک موالات/	قید ایک سال	۱۹۲۲ء
		سول نافرمانی/	//	۱۹۳۰ء
		تحریک آزادی	//	۳۲-۱۹۳۱ء
کیفی	نندلال گپتا	تحریک آزادی	اس کا گلدستۂ ترانہ قوم اور شنگل پریس ضبط ہوا	۳۲-۱۹۳۱ء اور ۱۹۴۲ء
آزاد	پرتاب چندر	تحریک آزادی اور ہندوستان چھوڑو آندولن	ساڑھے تین برس	۱۹۴۲ء اور مابعد

مزید برآں کہ:

میں نے اس موضوع پر ایک مضمون بعنوان ''جنگ آزادی اور شعرائے بریلی'' قلم بند کیا تھا جو ماہنامہ آجکل دہلی بابت اگست ۱۹۹۲ء میں شائع ہو چکا ہے۔ اس موضوع پر مفصل مطالعے کے لیے مذکورہ مضمون کا مطالعہ سودمند ہوگا۔

کتابیات

تاریخ:

اخبار حسن (قلمی)		مخزونہ رضا لائبریری، رامپور	–
اخبار الصنادید، دو جلد	حکیم نجم الغنی	نول کشور پریس لکھنؤ	۱۹۱۸ء
اکمل التاریخ، حصہ اول	ضیاء القادری بدایونی	مطبع قادری، بدایوں	۱۹۴۵ء
اہی چھترا (مضمون)	پرنسپل مسعود الحسن نقوی	اسلامیہ کالج بریلی میگزین، بریلی	۱۹۴۳ء
ایرانی شہنشاہی کے ڈھائی ہزار سال	مالک رام	انڈو ایران سوسائٹی نئی دہلی	۱۹۷۱ء
تاریخ اولیائے بدایوں (قلمی)	مفتی شرف علی	مملوکہ ضیا علی خاں، نئی سرائے بدایوں	–
تاریخ روہیل کھنڈ	عبدالعزیز خاں عاصی	مکتبہ علم وفکر، کراچی	۱۹۶۳ء
تاریخ روہیل کھنڈ	نواب نیاز احمد خاں ہوش	لٹریری سوسائٹی پریس، بریلی	۱۸۶۶ء
تاریخ فرخ آباد (قلمی)	ولی اللہ	مخزونہ رامپور رضا لائبریری، رامپور	۱۹۰۷ء
تاریخ فرشتہ، اردو ترجمہ		مکتبہ ملت دیوبند سہارن پور	۱۹۸۳ء
حیات حافظ رحمت خاں	سید الطاف علی بریلوی	طبع اول نظامی پریس بدایوں	۱۹۳۴ء
		طبع ثالث آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس، کراچی	۱۹۸۰ء
دبستان رامپور کا تاریخی سیاسی وثقافتی پس منظر	عتیق جیلانی رامپوری	شریف پریس رامپور	–
شجرہ خاندان سادات سینتھل بریلی	مملوکہ سید افضال مہدی وکیل	متولد سینتھل ساکن کنگھی ٹولہ، بریلی	
شجرۂ خاندان سادات نقوی امروہہ ثم بریلی		مملوکہ سید محبوب حسین نزد شاہ خرم ذخیرہ بریلی	
کمایوں کا اتہاس (ہندی)	بدری دت پانڈے	دیش بھکتی پریس الموڑہ	۱۹۳۷ء
کنز التاریخ	مولوی رضی الدین	نظامی پریس بدایوں	۱۹۰۷ء
گلستان رحمت (قلمی)	نواب مستجاب خاں	مملوکہ محمد مبین بدر شمسی بریلوی	–
نواب خان بہادر خاںؒ شہید	سید مصطفیٰ علی بریلوی	آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس، کراچی	۱۹۶۶ء

بدایوں گزیٹر

بریلی گزیٹر

تذکرات اور تذکراتی ادب:

از خاک بدایوں	شمس بدایونی	اردو ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، بدایوں	۱۹۸۵ء
انتخاب یادگار	امیر مینائی	مطبع تاج المطابع، رامپور	۱۸۷۳ء
ایضاً	ایضاً	اشاعت ثانی کراچی	۱۹۹۷ء
ایضاً	-	مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ، دہلی	۱۹۸۷ء
آب حیات	محمد حسین آزاد	اسرار کریمی پریس الہ آباد	۱۹۶۷ء
آثار الشعرا	سید ممتاز علی	مطبع شاہ جہانی بھوپال	۱۸۸۸ء
بزم سخن	سید علی حسن خاں	مطبع مفید عام آگرہ	۱۸۸۱ء
بہار گلشن کشمیر	برج کشن کول بیخبر	انڈین پریس، الہ آباد	۱۹۳۲ء
بہار سخن	شیام سندر لال برق سیتاپور	مطبع ال۔ بی۔ سیتاپور	۱۹۳۲ء
تاریخ شعرائے بہار	سید عزیز الرحمٰن احمد بلخی	قومی پریس بانکی پور، پٹنہ	۱۹۳۱ء
تذکرہ انیس الاحبا	موہن لال انیس، مترجمہ عطا کاکوی	عظیم الشان بکڈپو، پٹنہ، بہار	-
تذکرہ آثار الشعرائے ہنود	دیبی پرشاد بشاش	مطبع رضوی دہلی	۱۸۸۵ء
تذکرہ خوش معرکۂ زیبا، دو جلد	سعادت علی خاں ناصر	مجلس ترقی ادب لاہور	۱۹۷۰ء
تذکرہ ریختہ گویان	فتح علی گردیزی	انجمن ترقی اردو، اورنگ آباد دکن	۱۹۳۳ء
تذکرۂ روز روشن	محمد منظر حسین صبا	ایضاً	۱۸۸۰ء
تذکرۂ سفینۂ ہندی	بھگوان داس ہندی	ادارۂ تحقیقات عربی و فارسی، پٹنہ	۱۹۵۸ء
تذکرۂ شعرائے رامپور (قلمی)	جارج فتوں	مخزونہ رضا لائبریری، رامپور	-
تذکرۂ شعرائے بدایوں، دو حصص	سید شہید حسین بدایونی	بدایوں اکیڈیمی کراچی	۱۹۸۷ء
تذکرۂ شعرائے جے پور	احترام الدین احمد شاغل	یونین پرنٹنگ پریس دہلی	۱۹۵۷ء
تذکرۂ شعرائے دکن (محبوب الزمن)	محمد عبد الجبار خاں ملکاپوری	مطبع رحمانی حیدر آباد	۱۹۱۱ء
تذکرۂ شورش	غلام حسین شورش	اتر پردیش اردو اکیڈمی لکھنؤ	۱۹۸۴ء

تذکرۂ صبح گلشن	سید علی حسن خاں	ایضاً	۱۸۷۸ء
تذکرۂ علما ہند	مولوی رحمٰن علی	مطبع نولکشور لکھنؤ	۱۹۱۴ء
تذکرۂ کاملان رامپور	احمد علی شوق	ہمدرد پریس دہلی	۱۹۲۹ء
تذکرۂ نادر	کلب حسین خاں نادر	کتاب نگر لکھنؤ	۱۹۵۷ء
تذکرۂ نعت گویان بریلی	لطیف حسین ادیب	روشن پبلی کیشنز بدایوں	۱۹۸۶ء
تذکرۂ ہمیشہ بہار	کشن چند اخلاص	انجمن ترقی اردو، کراچی	–
تذکرۂ ہندی	ایضاً		۱۹۳۳ء
تکملۃ الشعرا (قلمی)	قدرت اللہ شوق	مخزونہ رامپور رضا لائبریری رامپور	–
تلامذہ غالب، اشاعت اول	مالک رام	مرکز تصنیف و تالیف، نکودر پنجاب	۱۹۵۷ء
تلامذہ غالب	مالک رام	مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ، دہلی	۱۹۸۴ء
جگت موہن ناتھ شوق	–	انڈین پریس الہ آباد	۱۹۳۲ء
جلوۂ خضر	سید فرزند احمد صفیر بلگرامی	مطبع نور الانوار، آرہ، بہار	۱۸۸۵ء
چمنستان شعراء	لچھمی نرائن شفیق	ایضاً	۱۹۲۸ء
چند شعرائے بریلی	لطیف حسین ادیب	مرکز ادب اردو، شاہ گنج لکھنؤ	۱۹۷۶ء
خزانہ عامرہ	غلام علی آزاد بلگرامی	نول کشور پریس، کانپور	۱۸۷۱ء
خمخانۂ جاوید	برج موہن دتاتریہ کیفی، جلد۵	ناشر لالہ امیر چند کھنہ علی پور، روڈ، دہلی	۱۹۴۰ء
خمخانۂ جاوید	سری رام، جلد۱	مطبع منشی نول کشور واقع لاہور	۱۹۰۸ء
خمخانۂ جاوید	سری رام، جلد۲	رائے گلاب سنگھ پریس لاہور	۱۹۱۱ء
خمخانۂ جاوید	سری رام، جلد۳	دلی پرنٹنگ ورکس، دہلی	۱۹۱۷ء
خمخانۂ جاوید	سری رام، جلد۴	ہمدرد پریس دہلی	۱۹۲۶ء
دو تذکرے/ تین تذکرے	مرتبہ عطا کاکوی	ادارۂ تحقیقات عربی و فارسی پٹنہ، بہار	۱۹۶۸ء
دیدہ و دریافت	شمس بدایونی	روشن پبلی کیشنز، بدایوں	۱۹۸۱ء
ریاض الشعرا	والہ داغستانی	–	–
ریاض الفصحا	ایضاً	–	۱۹۳۴ء
سخن شعرا	عبدالغفور نساخ	اتر پردیش اردو اکیڈمی، لکھنؤ	۱۹۸۲ء

سراپا سخن	سید محسن علی	مطبع نول کشور لکھنؤ	۱۸۶۱ء
سرو آزاد	غلام علی آزاد بلگرامی	رفاہِ عام پریس، لاہور	۱۹۱۳
سفینۂ خوشگو	بندرابن داس خوشگو	دارۂ تحقیقات عربی وفارسی پٹنہ	۱۹۵۹ء
شاعرات اردو	جمیل احمد	قومی کتب خانہ، بریلی	۱۹۴۴ء
شعرائے بدایوں دربار رسول میں	شمس بدایونی	اردو ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، بدایوں	۱۹۸۸ء
طبقات الشعرا	قدرت اللہ شوق	مجلس ترقی ادب لاہور	۱۹۶۸ء
طبقات شعرائے اردو	میر حسن	ایضاً، دہلی	۱۹۴۰ء
طبقات شعرائے ہند	کریم الدین	ایضاً	۱۹۸۳ء
طور کلیم	سید نورالحسن خاں کلیم	ایضاً	۱۸۸۱ء
عقد ثریا	غلام ہمدانی مصحفی	انجمن ترقی اردو، اورنگ آباد دکن	۱۹۳۴ء
عمدۂ منتخبہ	میر محمد خاں بہادر سرور	–	–
گلستان بے خزاں	قطب الدین باطن	ایضاً	۱۹۸۲ء
گلستان سخن	مرزا قادر بخش صابر	ایضاً	۱۹۸۲ء
گلشن بے خار	نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ	نفیس اکیڈیمی، کراچی	۱۹۶۳ء
گلشن سخن	مردان علی مبتلا	انجمن ترقی اردو (ہند) علی گڑھ	۱۹۶۵ء
گلشن ہمیشہ بہار	نصر اللہ خاں خویشگی	ایضاً	۱۹۶۷ء
گلشن ہند	مرزا علی لطف	دارالاشاعت پنجاب،	
		رفاہ عام اسٹیم پریس، لاہور	۱۹۰۶ء
ماثر الامرا	–	–	–
مجالس رنگیں	سعادت یار خاں رنگین دہلوی	نظامی پریس لکھنؤ	۱۹۲۹ء
مجمع النفائس	خان آرزو	–	–
مجموعہ نغز	قدرت اللہ قاسم	کریمی پریس، لاہور	۱۹۳۳ء
مخزن نکات	محمد قیام الدین قائم	ایضاً	۱۹۲۹ء
	مرتبہ خواجہ احمد فاروقی	دہلی یونیورسٹی، دہلی	۱۹۶۱ء
مقالات گارساں دتاسی، جلدا	–	انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی	۱۹۴۳ء

ناگپور میں اردو	ڈاکٹر شرف الدین ساحل	اردو اکیڈمی، ممبئی	۱۹۹۳ء
نتائج الافکار	قسمت اللہ خاں گوپاموی قدرت	مطبع راج کشن بنارس	۱۸۴۳ء
نکات الشعراء	میر تقی میر	ایضاً	۱۹۳۵ء
نوابی عہد کے ہندوؤں کا فارسی ادب میں یوگدان	نریندر بہادر سریواستو	ناظم پریس، رامپور	۱۹۷۹ء
ہندوستانی قصوں سے ماخوذ اردو مثنویاں	گوپی چند نارنگ	مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ، دہلی	۱۹۶۲ء
ہندو شعرا دربار رسول میں، حصہ ۲	-	گلشن ابراہیمی پریس امین آباد لکھنؤ	-
ہندو شعرا	خواجہ عشرت لکھنوی	نامی پریس لکھنؤ	۱۹۳۱ء
یادرفتگاں	شام موہن لال جگر بریلوی	مطبع انوار احمدی، الہ آباد	۱۹۴۳ء
یادگار شعرا	سپرنگر	ایضاً	۱۹۸۵ء
یادگار ضیغم	نواب عبداللہ خاں ضیغم	مطبع گلزار حیدر آباد دکن	۱۸۸۶ء
ید بیضا	غلام علی آزاد بلگرامی	-	-
یوروپین شعرائے اردو	ایم سردار علی	نظام دکن پریس حیدر آباد دکن	۱۹۲۵ء
۱۸۵۷ء کے مجاہد شعرا	امداد صابری	مکتبہ شاہراہ دہلی	۱۹۵۹ء

تاریخ اردو ادب:

تاریخ ادب اردو	محی الدین قادری زور	ادارۂ ادبیات اردو حیدر آباد دکن	۱۹۵۳ء
تاریخ ادب اردو	رام بابو سکسینہ	مطبع نول کشور لکھنؤ	۱۹۳۰ء
شعر الہند، دو جلد	عبد السلام ندوی	دار المصنفین، اعظم گڑھ	۱۹۴۹ء

تحقیقی اور تنقیدی کتب:

ادبی خطوط غالب	مرزا محمد عسکری	انوار المطابع لکھنؤ	۱۹۳۸ء
اردو اور افغان	امتیاز علی خاں عرشی	شاہین برقی پریس، پشاور	۱۹۶۰ء
اردو تھیٹر، حصہ دوم	ڈاکٹر عبد العلیم نامی	انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی	۱۹۶۲ء
اردو شاعری میں سانٹ	محمد حنیف کیفی	مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ دہلی	۱۹۷۵ء
اردو کی نثری داستانیں	گیان چند جین	انجمن ترقی اردو، کراچی	۱۹۵۴ء

آئینہ دلدار	محمد ابرار علی صدیقی	اردو اکیڈمی، سندھ کراچی	۱۹۵۶ء
جگر بریلوی ایک تعاف	لطیف حسین ادیب	انجمن ترقی اردو (ہند) علی گڑھ	۱۹۷۳ء
شاہ حسین حقیقت اوران کا خاندان، مشرف احمد		ادارۂ ادبیات کراچی	۱۹۷۷ء
عود ہندی	عبدالغفور سرور	رام کمار بک ڈپو لکھنؤ	۱۹۶۰ء
غالب اور عصر غالب	ایوب قادری	غضنفر اکیڈمی پاکستان، کراچی	۱۹۸۲ء
مکاتیب شمیم	شمس بدایونی	روشن پبلی کیشنز، بدایوں	۱۹۸۷ء
مولانا محمد احسن نانوتوی	ایوب قادری	روہیل کھنڈ لٹریری سوسائٹی، کراچی	۱۹۶۶ء
میر غلام علی عشرت بریلوی	احمد سجاد	گہوارۂ ادب، رانچی	۱۹۷۸ء

دیگر کتب:

اردو میں گلدستوں کی روایت	ساحل احمد	لٹریری بک سنٹر الہ آباد	۱۹۸۸ء
ایک طالب علم کی ڈائری	الطاف علی بریلوی	آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس کراچی	۱۹۸۲ء
تاریخ لطف مہدی علی خاں	شائع شدہ، تاریخ نمبر نگار رامپور سید اکبر علی خاں عرشی زادہ جولائی		۱۹۶۳ء
تحفۃ الشائقین	سید حسین سید	مطبع صدیقی بریلی	۱۹۶۶ء
تخلیقات ونگارشات	الطاف علی بریلوی	آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس کراچی	۱۹۸۵ء
حدیث خودی	شیام موہن لال جگر بریلوی	ادبستان اردو امرتسر	۱۹۵۹ء
ڈاکٹر محمد اسحاق ناشط (قلمی)	ڈاکٹر حسن اشفاق	مملوکہ مرتضیٰ علی رضوی بریلوی	-
زندہ کتبے	عروج زیدی بدایونی	رامپور	۱۹۸۳ء
شرح قصیدہ جوہر التراکیب	شیخ حیدر علی	مطبع نول کشور کان پور	۱۸۷۱ء
کرامات نظامیہ	محمد فائق میرٹھی	مطبع نامی میرٹھ	۱۹۱۶ء
گلدستہ کرامات یعنی مناقب غوثیہ، نادر حسین نادر		مطبع افتخار دہلی	-
مرأت ساج	سید نصیر الحسن نیازی	نیا سنسار پریس مراد آباد	-
مصدر فیوض	نذیر الدین حسن شائق	بیت السلطنت، لکھنؤ	۱۹۴۶ء
مکاتیب فرنگ	ڈاکٹر عبدالغفور بسمل	-	-
نشتر	منشی سجاد حسین کسمنڈوی	قومی پریس دہلی	۱۸۹۴ء
یادگار محو	صدیق احمد سالک برنی	حسنی پریس ٹاؤن ہال بریلی	۱۹۲۷ء

بیاضیں:

بیاض قلمی مشتمل بہ عشق صادق	از امیر الدین آزاد اور	
	دیگر مثنویات وقصائد وغیرہ مملوکہ لطیف حسین ادیب	-
بیاض قلمی	مشتمل بہ غزلیات سید ولی جان جلیل مملوکہ لطیف حسین ادیب	-
بیاض قلمی	مشتمل بہ غزلیات ونظمیات دوارکا پرشاد حلم، مملوکہ بھگوان داس پسر دوارکا پرشاد حلم بریلوی۔	
بیاض قلمی	مشتمل بہ غزلیات سید مجتبیٰ مہدی راز، مملوکہ لطیف حسین ادیب	-
بیاض قلمی	مشتمل بہ کلام عماد الحسن محو، مملوکہ مفتی صابر حسن عثمانی شیوا بریلوی ثم کراچی	-
بیاض قلمی	مشتمل بہ غزلیات ونظمیات مہیش پرشاد قرار مملوکہ پسر شاعر ہٰذا	

دراصل ایسی کئی بیاضیں ہیں جن کی ترتیب سال وار ہے۔

دواوین۔شعری مجموعے:

الماس درخشاں	حاتم علی مہر اکبر آبادی	مطبع صالحی	۱۸۷۰ء
انقلاب وطن	پرتاب چندر آزاد	سوراجیہ پرکاش بریلی، الیکٹرک پریس بریلی، اشاعت ثانی ۱۹۸۵ء	
آزر کے صنم	رفعت حسین کیفی	ناظم پریس، رامپور	۱۹۷۱ء
پارۂ دل	بشن نرائن حامی	کانگریس پریس دہلی	۱۹۳۳ء
پیا کہانی، بارہ ماسہ	ڈوری لال ڈوری	مطبع قیصری بریلی	۱۸۸۰ء
توصیف سرکار عبرت (قلمی)	محمد فدا علی وامق	مملوکہ سید ظل علی فرزند وامق	۱۹۲۱ء
ثمر فصاحت	حسن رضا خاں حسن	مطبع اہل سنت بریلی	۱۹۰۱ء
خوابوں کا لہو	محمد مبین بدر شمسی	نام مطبع ندارد	۱۹۸۷ء
خوابوں کے جزیرے	اوم پرکاش نزہت	محبوب پرنٹنگ پریس، دیوبند	۱۹۷۹ء
دامن پیغمبر	نیاز اللہ خاں ظریف	چشتی پریس بریلی	۱۹۳۰ء
درد وانبساط	عبدالودود درد	نظامی پریس بدایوں	۱۹۲۹ء
دیوان جوش	محسن علی خاں جوش	مطبوعہ گورکھپور	۱۸۸۹ء
دیوان زادہ	ظہور الدین حاتم	مکتبہ خیابان ادب، کراچی	۱۹۷۵ء
دیوان سید ہادی علی رواں (قلمی)	مسمیٰ فیض جاوداں	مملوکہ سید افتخار علی پسر شاعر ہٰذا	-

دیوان عزیز	نواب عبدالعزیز خاں عزیز	مطبع شوکت اسلام لکھنؤ	۱۸۹۳ء
دیوان منظور حق	حضور احمد خاں آثم	مطبع نظامی کان پور	۱۸۸۹ء
دیوان نعت مقصد الواعظین	عبدالوحید واعظ (قلمی)	مملوکہ سید تعظیم علی نقوی بریلی ثم کراچی	۱۸۸۵ء
دیوان نیاز	شاہ نیاز احمد نیازؔ	مطبع نول کشور لکھنؤ	۱۸۷۶ء
دیوان (قلمی)	ارشاد علی ارشاد	مملوکہ سید محبوب حسین بریلوی	–
راز و نیاز (ناگری حروف میں)	راج بہادر راز	الیکٹرک پریس بریلی	۱۹۶۸ء
رباعیات عرش فاروقی	اعتماد الدین احمد عرش	شروانی پرنٹنگ ورکس علی گڑھ	۱۹۳۸ء
سامان بخشش	مفتی مصطفیٰ رضا خاں نوری	مکتبۂ مشرق بریلی	–
سروچراغاں	رام بہادر لال جویا	نظامی پریس لکھنؤ	۱۹۶۴ء
شام بہاراں	نرائن داس ٹنڈن دیا	عبدالباری آسی اکیڈمی لکھنؤ	۱۹۶۷ء
شعلۂ جوالہ، مجموعۂ واسوخت	مرتبہ فدا علی	نول کشور پریس لکھنؤ	۱۸۶۸ء
شکوۂ شاکر	کالکا پرشاد شاکر	–	–
صور قیامت	تبارک علی عبرت	مطبع محمود المطابع، بریلی	۱۹۳۸ء
قصیدہ جوہر التراکیب	شیوا رام جوہر	مخزونہ صولت لائبریری، رامپور	
قصیدہ خزینۃ البرکات (قلمی)	اکبر حسن صولت	مملوکہ لطیف حسین ادیب	۱۹۰۸ء
قصیدہ ہفت بند (قلمی)	راجہ رتن سنگھ زخمی	مخزونہ اسلامیہ کالج لائبریری بریلی	–
کلیات شہیدی	کرامت علی خاں شہیدی	مطبوعہ نول کشور پریس لکھنؤ	۱۸۸۰ء
		(قلمی) مخزونہ رضا لائبریری رامپور	۱۸۵۱ء
کلیات ہوش	نیاز احمد خاں ہوش	مطبع گلشن فیض لکھنؤ	۱۸۹۴ء
گلشن نعت	عبدالرزاق خاں رزاق	مطبع صدیقی بریلی	۱۸۷۳ء
مثنوی پدماوت	از ضیاء الدین عبرت اور غلام علی عشرت	مطبع مصطفائی بیت السلطنت لکھنؤ	۱۹۴۸ء
مثنوی پیکر حسن	کلب حسین مائل	مطبع مجتبائی دہلی	۱۸۹۹ء
مثنوی جنگ نامہ آصف الدولہ	از محمد معظم عباسی معظم	انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی	۱۹۸۰ء
مثنوی دافع العذاب	جوالا شنکر امیر	مطبع ماہ پرتو بریلی	۱۸۷۲ء

مثنوی ذائقۂ عشق (قلمی)	حضور احمد خاں آثم	مملوکہ مولوی تحسین رضا خان بریلوی	-
مجموعہ نظم شبلی اردو، مع سوانح عمری	از عبدالحلیم شرر لکھنوی	رنگین پریس دہلی	۱۹۱۴-۱۶
مجموعۂ غزلیات، غیر مطبوعہ	شیام موہن لال جگر بریلوی	مملوکہ پسر نسبتی شاعر ہذا فتح گڑھ	-
مرغوب دل	سید حسین سید	مطبع محبس لکھنؤ	۱۸۸۲ء
مسدس قحط چھے سیرا	پتیم داس پتیم	روہیل کھنڈ گزٹ پریس بریلی	۱۸۹۷ء
مسدس نوحہ بسمل	محمد یار خاں بسمل	بیت السلطنت لکھنؤ	۱۸۴۸ء
نعت حبیب	محمد سعادت حسین شیدا	مکتبہ نوریہ رضویہ، وکٹوریہ مارکیٹ، سکھر پاکستان	۱۹۸۰ء
نگارخانے	ماتا پرشاد زیب	ایضاً	۱۹۶۶ء
واسوخت شکایت معشوقاں	عبدالعزیز خاں عزیز بریلوی	مطبع نظامی کانپور	۱۸۸۱ء
یادگار بیدل (ناگری حروف میں)	مکٹ بہاری لال بیدل	-	-

انگریزی کتب:

History (Ancient India) and Civics, by G.C. Agarwal and N.K. Chowdry, S. Chand and Co. Ramnagar New Delhi 1990

Reports of Archaeological Survey of India Vol. l, by Major General Cunningham 1862

The wonder that was India by Al Basham, Sidgwrick and Jackson London, 1954

Ancient India, NCERT Publications Early History of Northern India by Vincent A Smith incorporated as chapter vll in Indian Empire

گلدستے:

گلدستۂ کمال دہلی، جنوری ۱۹۱۱ء، تا جون ۱۹۱۱ء۔گلدستہ آئینہ مغفرت بریلی، اشاعت اول ۱۸۸۸ء، اشاعت ثانی ۱۸۹۸ء۔گلدستہ لطیف بریلی، جولائی ۱۸۷۴ء، گلدستۂ ہوش افزا بریلی، اپریل ۱۸۷۴ء، یکم اگست اور ۱۹/اگست ۱۸۷۶ء، نومبر ۱۸۷۶ء، یکم جنوری اور یکم فروری ۱۸۷۷ء۔گلدستہ بہار بے خزاں بریلی، جنوری-فروری- اپریل اور جون ۱۹۰۳ء۔گلدستہ نہال سخن بریلی ۱۹۱۲ء تا ۱۹۱۷ء مملوکہ شری ویریندر پرشاد سکسینہ بدایونی۔گلدستہ بزم سخن بریلی، مشتمل بہ کلام مشاعرہ منعقدہ ۲۴/مارچ ۱۹۲۴ء، بریلی۔گلدستہ پیام یار لکھنؤ، جولائی ۱۸۸۷ء، فروری ۱۸۹۷ء، مارچ ۱۸۹۵ء۔گلدستہ نشو ونما بریلی، ستمبر ۱۹۰۳ء۔گلدستہ بہار سخن بریلی ۱۹۲۹ء۔گلدستہ شکوہ یار بجنور، مارچ، مئی اور ستمبر ۱۹۱۰ء۔گلدستہ خدنگ ناز بریلی، اپریل ۱۹۲۲ء۔گلدستہ مشاعرہ سیرت بریلی، منعقدہ اپریل ۱۹۴۳ء۔گلدستہ گلزار نعت بریلی، اگست ۱۹۲۰ء۔گلدستہ آفتاب ادب بریلی، مارچ ۱۹۳۱ء۔گلدستہ لطف سخن بریلی ۱۹۳۰ء۔گلدستہ بزم سخن، ندرہ گیا بہار، جنوری ۱۹۱۵ء۔گلدستہ مشاعرہ آگرہ ۱۹۳۰ء۔گلدستہ بزم سخن لکھنؤ، مارچ ۱۹۱۵ء گلدستہ مشاعرہ رامپور ۱۸۹۶ء۔گلدستہ طالب دیدار ۱۹۱۸ء۔گلدستہ ارمغان قیصر ۱۹۲۱ء۔گلدستہ گلچیں بریلی ۱۹۱۷ء۔گلدستہ ترانہ قوم بریلی، دو حصے (دریدہ اول و آخر)۔گلدستہ روح سخن بریلی (دریدہ اول و آخر)۔گلدستہ بلبل کہسار نینی تال، فروری ۱۹۳۳ء۔گلدستہ عکس و نور بریلی، اگست ۱۹۷۷ء۔گلدستہ پیام عاشق، قنوج، نومبر ۱۸۹۲ء۔گلدستہ محبوب الکلام حیدرآباد دکن، مئی ۱۹۰۵ء۔گلدستہ پروانہ میرٹھ، نومبر ۱۸۹۶ء۔

ماہنامے:

برہان دہلی، نومبر ۱۹۴۹ء۔قومی زبان، کراچی نومبر ۱۹۶۶ء۔ جنوری اور مئی ۱۹۶۹ء۔معارف اعظم گڑھ جنوری ۱۹۶۴ء، نومبر ۱۹۶۶ء، مئی اور اگست ۱۹۶۷ء، جنوری، فروری اور مئی ۱۹۶۹ء، دسمبر ۱۹۸۷ء۔سہ ماہی اردو کراچی اکتوبر ۱۹۶۷ء، جنوری ۱۹۶۸ء، جون ۱۹۷۲ء۔ماہنامہ الشّمس بریلی، جنوری اور دسمبر ۱۹۲۵ء۔سہ ماہی مصنف علی گڑھ مارچ ۱۹۴۶ء، جنوری ۱۹۴۸ء۔پرواز بریلی، فروری ۱۹۵۶ء۔تماہی تحریر، دہلی، جون ۱۹۷۸ء۔سہ ماہی العلم کراچی، اکتوبر ۱۹۵۱ء۔غالب نمبر ۱۹۶۹ء۔نیا دور لکھنؤ، اپریل ۱۹۷۵ء۔آستانہ زکریاّ ملتان، جولائی اور اکتوبر ۱۹۵۸ء۔رسالہ بہ سلسلۂ اجرا احساس شہر، ۲۱/مئی ۱۹۸۳ء۔نیرنگ خیال، لاہور، عید نمبر، فروری اور مارچ ۱۹۳۰ء۔ دکھ سکھ، بریلی نعت نمبر مسمیٰ عقیدت کے چند پھول۔آجکل، دہلی، اگست ۱۹۴۹ء اور جنوری ۱۹۶۲ء۔شبنم بریلی جنوری ۱۹۴۸ء۔مجلّہ بدایوں کراچی، اکتوبر ۱۹۹۳ء۔نگار لکھنؤ، جولائی و اگست، ستمبر ۱۹۴۷ء

اخبارات:

ہفتہ وار پیام مشرق دہلی، اپریل ۱۹۶۷ء۔ اودھ اخبار لکھنؤ ۱۸۷۹ء ہفت روزہ ذوالقرنین، بدایوں، مئی ۱۹۷۹ء۔ ہماری زبان علی گڑھ، یکم جولائی ۱۹۶۷ء۔ مخبر عالم مراد آباد، ۱۶؍اکتوبر ۱۹۴۰ء۔ ہفتہ وار روہیل کھنڈ اخبار بریلی ۴؍فروری ۱۹۷۷ء

مکتوبات:

مکتوب مفتی صابر حسن شیوا عثمانی بنام لطیف حسین ادیب از کراچی مورخہ ۵؍مئی ۱۹۶۵ء، بہ سلسلہ خاندان مفتیان بریلی کی شاعری کا جائزہ۔

مکتوب پروفیسر سید حسن بنام لطیف حسین ادیب از پٹنہ بہار، مورخہ ۲۰؍اگست ۱۹۷۵ء، بہ سلسلہ ڈرامہ نگار کریم الدین مراد بریلوی۔

مکتوب کشن لال ثاقب بنام لطیف حسین ادیب از سول لائنز بریلی، مورخہ ۶؍فروری ۱۹۷۵ء، بہ سلسلہ بلدیو پرشاد سوزن بریلوی

یاد ثاقب، بہ سلسلہ وفات کشن لال ثاقب بریلوی، زیر اہتمام حلقۂ تشنگان ادب نئی دہلی، ۲۰؍مئی ۱۹۸۴ء

متفرقات:

سووی نائر بر وفات محشر عنایتی رامپوری ۱۹۷۶ء

سپاس نامہ بخدمت یعقوب علی نشتر، کارپوریٹر بریلی، ۱۲؍فروری ۱۹۸۸ء

نوٹ:

(یہ فہرست صرف ان حوالوں پر مشتمل ہے جن سے تذکرے کی تیاری میں براہ راست اور بلاواسطہ مدد لی گئی ہے)

فہرست شعرائے بریلی

[یہ فہرست ابجدی ترتیب پر مشتمل ہے۔اس میں علاوہ متن کے ضمیمہ نمبر ۱،۲ کے اسمائے شعرا کو بھی شامل کرلیا گیا ہے۔اس طور اس تذکرے کی یہ مکمل فہرست ہے]

ابلیس، محمد علی خاں 454
اتفاق 125
اثر، بھگوان داس 291
اثر، رام چرن لال 558
اثر، مٹھن لال 290
احسان، محمد احسان 204
احسن، احسان علی 196
احسن، حبیب الحسن 294
احسن، محمد احسن 305
احسن، مفتی سلطان حسن خاں 203
احقر، جیون سہائے 291
احقر، محمد عثمان 305
احقر، مستجاب حسین 293
احمد، احمد بخش 293
احمد، احمد خاں 124
احمد، احمد خاں 126
احمد، احمد یار بیگ 297
اختر، اختر حسین 294
اختر، تجمل حسین 457
اختر، جمشید علی خاں 289
اختر، سید احمد حسن شاہ 293
اختر، سید آل محمد 455
اختر، عبدالحمید 304
اختر، عبدالغفّار 302
اختر، محمد نبی 558
اخگر، اجودھیا پرشاد 558
ادب، سید بندہ حسن 305
ادیب، اللہ یار بیگ 290
ادیب، لچھمی نرائن 289
ارشاد، ارشاد علی 295
ارشد، محمود حسین 293
ارشد، محمد ارشد احمد 292
ارمان، عبدالاحد 302
ارم، پیارے علی 302
ازہر، احمد علی شاہ 291
استاد، محمد بخش 202
استاد، محمد یار علی 202
اسد، سلیمان خاں 207
اسیر، علی احمد خاں 301
اسیر، کرامت علی 290
اسیر، محمد حسن 195
اسیر، میر مکرم علی 196

اشفاق، اشفاق حسین صدیقی 292
اشفاق، اشفاق علی 302
اشکی، کندن لال 197
اطہر، اطہر حسن 295
اطہر، اطہر حسین 295
اظہر، اظہر حسین 303
اعجاز، اعجاز حسین 303
اعجاز، اعجاز علی 558
اعجاز، تمیز علی 558
اعزاز، اعزاز علی 558
افسر، احمد یار خاں 125
افسر، عبدالمجید 296
افسر، مصطفیٰ خاں 303
افضل، محمد افضل خاں 558
افغان، محتشم خاں 126
افغان، وزیر خاں 291
اکبر، اکبر حسین 558
اکبر، اکبر خاں 127
اکرام، محمد اکرام حسین 558
اکرم-محمد اکرم 125
امید، عتیق اللہ خاں 456
امیر، امیر احمد خاں 298
امیر، جوالا شنکر 198
امیر، داؤدالحسن 558
امیر-محمد یار خاں 122
امین، محمد امین الدین 204
انجم، فرزند علی 305
انجم، لال بہادر 303
انداز، بدری پرشاد 305
انور، احمد بیگ 558
انور، امیر احمد 304
انور، مرزا انور بیگ چغتائی 460
اوج، اوم پرکاش 455
اوج، گنگا پرشاد 196
اوج، محمد جان 303
اوج، نانک چند 206
اویسی، شاہ محی الدین 121
ایوب، سید ایوب علی 300
ایوب، محمد ایوب 204
آباد، محمد وزیر بیگ 296
آثم، حضور احمد خاں 204
آثم، مجتبیٰ حسن 198
آرزو، محمد حسین 304
آرزو، محمد رشید خاں 304
آرزو، نثار حسین جعفری 299
آزاد، امیر الدین، خلیفہ 198
آزاد، پرتاپ چندر 453
آزاد، رام پرشاد 300
آزر، جوالا پرشاد 202
آشفتہ، اکرام حسین 293

آنند، آنند نرائن 292
باذل، رفیع خاں 127
باقر، باقر حسین 210
باقر، سید باقر علی 313
باقر، محمد باقر 313
بخاری، ضمیر احمد 465
بدر، محمد مبین شمسی 464
برق، قطب عالم 306
بزم، شیاما چرن 309
بزم، شیام بہادر 309
بسمل، عبدالصمد 311
بسمل، عبدالغفور 306
بسمل، غلام بسم اللہ 210
بسمل، محمد یار خاں 209
بسمل، محمد یٰسین 312
بشیر، بشرالدین، خلیفہ 558
بشیر، خلیفہ بشیرالدین 307
بشیر، محمد بشیر خاں 312
بلیغ، قطب بخش 210
بلیغ، محمد احمد 311
بوالحسن، ابوالحسن 312
بہادر، بہادر سنگھ 129
بہار، شیخ ریاض الدین 308
بہجت، خیر اللہ 129
بیتاب، جگیشور ناتھ 463
بیتاب، سعادت ولی خاں 311
بیدل، محمد علی 308
بیتاب، مدن لال 313
بیجان عزیز خاں 128
بیچین، عبدالرشید 307
بیچین، گوپی ناتھ 307
بیچین، لطافت علی 310
بیخود، وقار علی بیگ 313
بیدل، مکٹ بہاری لال 314
بیزار 310
بیکس بلقیس فاطمہ 308
بیکل، عبدالماجد 310
بیمار علی بخش 207
بیہوش، بشیر احمد 311
پناہ، میر پناہ علی 129
پنہاں، سپہر آرا 467
پوکرداس 212
پیارے، نیاز علی خاں 314
پیتم، پریتم داس 213
تجمل، تجمل حسین 213
تحسین، تحسین رضا خاں 468
تسکین، سعادت علی 130
تسکین، وقار حسین 317
تسلیم، عبدالرحمٰن 315
تسلیم، غفورالدین 214

تسلیم، محمد کبیر خاں 130
تفتہ، بدرالحسن 316
تمکین- بخت مل 130
تمنا، عبدالمجید بیگ 315
تمیز، اکبر علی 215
تنہا، دولھا خاں 558
توفیق، صدیق حسن خاں 214
تہور، تہور علی 315
ثابت، اصالت خاں 131
ثاقب، سیف اللہ 131
ثاقب، کشن لال 470
ثروت، محمد نبی بخش 558
ثمر، پریم شنکر 469
جذبی، اعجاز احمد خاں 478
جذب، میر عزت اللہ خاں 132
جرأت، مرزا مغل 133
جگر، حسین احمد 319
جگر، شیام موہن لال 474
جلال، جلال الدین 219
جلیل، ولی جان 320
جمالہ، بلقیس جمال 472
جمشید، جمشید علی خاں 319
جمیل، جمیل الرحمٰن خاں 321
جمیل، کامیشری سنگھ 559
جنون، اشفاق احمد 318
جنون، سید رحمت علی 215
جنون، عبدالجمیل، قاضی 219
جنون، میر مہدی 218
جواہر، جواہر جان 216
جوش، احمد حسن خاں 218
جوش، شمبھو سہائے 319
جوش، محسن علی خاں 216
جولاں، الف خاں 215
جوہر، ابوالحسن 219
جوہر، شیوارام 133
جوہر، دیوالی سنگھ 133
جوہر، عبدالمجید 474
جوہر، منشی جوہر سنگھ 219
جوہری، بھیروں پرشاد 319
جویا، رام بہادر لال 322
جویاں، سید معظم علی 318
چاندرانی 323
حافظ، تفضّل حسین 324
حافظ، حافظ یار خاں 137
حافظ، محمد جان 326
حافظ، محمد عمر 330
حافظ، نواب حافظ رحمت خاں 134
حامد، حامد حسین 553
حامد، حامد حسین 225
حامد، حامد رضا خاں 327

حامی، بشن نرائن	325	خلیل، سید نظیر جان	336
حجاب، تیمور جہاں	479	خمار، برج موہن لال	225
حرماں، مکٹ بہاری لال	333	خنجر، تیغ بہادر	335
حسرت، آل احمد، منشی	329	خنداں، محمود حسین	226
حسرت، احفاد حسین	326	خندہ، شجاعت علی	334
حسرت، موتی سنگھ	479	خواجہ، شفیع الدین	335
حسرت، وقار علی بیگ	326	خواہاں، قاسم علی	227
حسن، ابوالحسن	135	خوب، خوب داد خاں	334
حسن، حسن رضا خاں	222	خورسند، احمد حسن	226
حسین، غلام حسین خاں	136	خورشید، حافظ محمد لیاقت علی خاں	555
حسین، غلام حسین، سید	221	خورشید، عابد علی خاں	226
حسین، محمد حسین	221	خوشنود، غلام جبار	226
حقیقت، حسین شاہ	138	خیال، سلطان حسین	335
حکیم، انبا پرشاد	327	دانش، صفی حیدر	481
حلم، دوارکا پرشاد	330	درد، صدیق حسن، مفتی	337
حمایت، حمایت اللہ	559	درد، عبدالودود	337
حمید، حمید اللہ خاں	327	دلاور، دلاور علی	336
حنا، مہدی حسین	220	دل، کنھیا لال	229
حیدر، حیدر حسین خاں	222	دوانی، حسین علی، حکیم عین الملک	139
حیدر، علی حیدر خاں	559	دولھا، محمد حسن علی خاں	227
حیران، سید احمد	331	دیا، نرائن داس	481
حیراں، محمد خلیل	329	دیدار، احمد علی	559
حیرت، مرزا یعقوب بیگ	332	ڈاکٹر بھولا ناتھ	554
خادم، محمد یار خاں	335	ڈوری، ڈوری لال، بھگت	340
خاکی، عباد اللہ	335	ذبیح، محمد اسمٰعیل خاں	229

ذکی، امیر احمد 341
ذکی، عبداللہ 341
ذوالفقار خاں 140
ذوق، الف خاں 140
راحت، عابد حسین 235
راز، ابراہیم خاں 350
راز، راج بہادر 350
راز، محمد تقیؒ 347
راز یزدانی، احمد ولی خاں 482
رازی، مجتبیٰ مہدی 348
راسخ، ظفریاب خاں 232
راقم، حیدر حسین 231
راقم، مشتاق حسین 348
رحمت، رحمت حسین 235
رحمٰن، رضاء الرحمٰن 343
رحیم، رحیم بخش 342
رزاق، عبدالرزاق خاں 233
رسا، ابراہیم حسن 352
رستم، رستم لال 342
رستم، نادر شاہ خاں 345
رسوا، اولاد حسین 233
رسوا، لیاقت حسین 342
رسوا ہادی حسین بیگ 230
رشک، بہاری لال 342
رشکی، ہزاری لال 234
رضا، احمد رضا خاں 235
رضا، رضا حسین بیگ 234
رضی، محمد رضی خاں 559
رفعت، سرفراز علی خاں 230
رند، گنگا پرشاد 141
رنگین، ہلاس رائے 140
رواں، ہادی علی 343
روشن، پنولال 342
روشن، روشن شاہ 141
رونق، گنگا پرشاد 230
رہبر، مصطفیٰ خاں 234
زار، دھنپت رائے 238
زائر، ہادی حسن 353
زخمی، رتن سنگھ 236
زریں، زہرہ خاتون 353
زکی، حشمت علی صدیقی 236
زہیر، عبدالحق، قاضی 354
زیب، ماتا پرشاد 483
زیبا، راجیشور ناتھ 354
ساجد، احفاد حسین 356
ساحر، صفی اللہ خاں 361
ساحر، محی الدین 359
ساطف، عطاء اللہ خاں 355
ساقی، سید فضل غوثؒ 241
سالک، اسمٰعیل شاہ خاں 240

سجاد، سجاد حسین	360
سحر، ہرنرائن	358
سرشار، رام نرائن	355
سرشار، عبدالصمد	357
سعادت، سعادت مند خاں	559
سعید، سعید احمد	359
سعید، سعید خاں	358
سفیر، بسنت لال	358
سلطان، سلطان احمد	355
سند، سید حسین	355
سوختہ، سوامی کرشنانند	556
سوز، جے جے رام	241
سوزن، بلدیو پرشاد	363
سوزاں، علی احمد خاں	356
سہا، عبدالجلیل خاں	361
سید، سید احمد خاں، مفتی	239
سید، سید حسینؒ	243
سید، میر ولایت علی	240
شاد، الٰہی بخش	373
شاد، امانت حسین	376
شاد، طیب حسن	376
شاد، کالکا پرشاد	367
شاداں، عبدالعزیز خاں	560
شاذ، محمد اکرام حسین	367
شارق، رئیس الحق	377
شاعر، علی حسن	369
شاعر، فتح یاب خاں	244
شاکر، کالکا پرشاد	373
شاکر، ہدایت علی	249
شاکی، بنے میاں	366
شان، ولایت اللہ	381
شائق، احمد جان شاہ	249
شائق، اشفاق علی خاں	487
شائق، عبدالکریم	247
شائق، لچھمی نرائن	377
شائق، محمد حسین	250
شائق، نثار	367
شائق، نذیرالدین حسن	143
شایاں، تعظیم علی	489
شایاں، بیم نرائن	250
شایاں، نورالحسین	250
شباب، احمد حسین خاں	248
شرر، احمد علی	367
شرر، شمس الحسن	365
شرر، شمس الدین	559
شرر، عبدالغفار	559
شرر، عبدالغفور خاں	244
شریف، الٰہی بخش	559
شعور، علی کرّار	379
شفا، اشفاق الحسین	247

شفا،اے آر بیلی 366
شفا،سوہن لال 250
شفیق،شفیق بانو 559
شفیق،محمد سعید خاں 559
شکور،عبدالشکور خاں بریلوی 559
شکیل،شکیل غوث 486
شگفتہ،ریاض الدین 368
شمس،آفتاب علی 368
شمس،خواجہ احمد 367
شمس،شمس الحسن 488
شمس،علی محمد 249
شمس،محمد ابراہیم 559
شمس،محمد شمس عالم 369
شمیم،حسین شاہ 248
شمیم،من موہن لال 371
شوخ،بخت عالم شاہ خاں 372
شوخ،نبی حسن بیگ 251
شور،عبدالرحیم 368
شور،وہاب علی بیگ 559
شور،ہری موہن لال 376
شوق،امداد حسین 251
شوق،حسن علی خاں 142
شوق،عزیز اللہ خاں 369
شوق،قدرت اللہ 144
شوق،محمد نبی 488
شوق،مشتاق احمد 368
شوق،مفتی ساجد حسن 372
شوق،مکھن لال 365
شہرت،مہربان علی خاں 249
شہیدی،کرامت علی خاں 245
شیدا،ایشری پرشاد 377
شیدا،سعادت حسین،وارثی 380
شیدا،سلیمان خاں 375
شیدا،مہدی حسن 376
شیفتہ،آل حسین،مفتی 375
شیفتہ،نوازش علی 249
شیوا،مفتی صابر حسن 490
صابر،محمد ایوب خاں 559
صاحب،جارج فنتوں 251
صاحب،سعادت یار خاں 151
صادق،بھیت رام 151
صادق،دیبی پرشاد 252
صادق،صادق حسن 383
صادق،صادق حسین 252
صادق،صادق علی 253
صادق،واحد یار خاں 384
صبا،افتخار علی مرزا 385
صبر،امام الدین 253
صدر،آل حسن 383
صفا،ذوالفقار علی 150

صلیؔ علی 148

صنعت، امیر حمزہ 385

صنعت، میر ملہو 149

صولت، اکبر حسین 381

صولت، سید حسن شاہ 381

ضبط، حسن شاہ 152

ضمیر، علی حسین 493

ضمیر، ہدایت علی خاں 152

ضیا، شاہ محمد 385

ضیا، محمد ابراہیم 555

ضیا، محمد حسین خاں 253

ضیا، محمد ضیاء اللہ خاں 253

ضیغم، ضیغم علی 386

طالب، طالب حسین خاں 387

طالب، طالب علی خاں 254

طالب، علی حسین شاہ 388

طاہر، تاراچرن رستوگی 560

طاہر، کلّن خاں 254

طاہر، محمد نبی 559

طبیب، حبیب اللہ 254

طپاں، سید سلطان علی 387

طپش، شیام سندر لال 387

طرب، شفقت علی 386

طور، عزیز اللہ خاں 387

ظریف، نیاز اللہ خاں 389

ظفر، مرزا راحت علی بیگ 554

عابد، عابد علی 502

عابد، عبد العلی خاں 394

عاجز، اللہ یار خاں 394

عاجز، محمد جان بیگ 400

عاجز، محمد حسن خاں 265

عاشق، اکبر علی خاں 256

عاشق، سعادت یار خاں 391

عاشق شہزادۂ عالم، مرزا 399

عاشق، عاشق حسین 395

عاشق، عاشق علی 391

عاشق، محمود علی 399

عاصم 559

عاصی، ابوالحسن 397

عاصی، عبد اللہ خاں 155

عاصی، علی احمد خاں 396

عاصی، محبوب حسین 402

عاصی، محمد شرف 157

عاقل، عزیز الدین، شیخ 391

عالم، شاہ عالم خاں 256

عامل، عبد المعید خاں 499

عباس، عباس خاں 154

عباس، مرزا عباس بیگ 258

عبد، عبد الکریم 395

عبرت، تبارک علی 497

عبرت، زینت بیگم 393
عبقری، محمد فاضل 400
عجیب، دامودر سین 255
عرش، اعتمادالدین احمد 397
عرفان، عرفان علی 257
عروج، عبدالکریم 264
عزت اللہ عباسی 156
عزم، فرقان احمد خاں 502
عزمی، حامد علی 500
عزیز، عبدالعزیز خاں 261
عزیز، عزیز غوث 402
عشرت، احمد علی 265
عشرت، بانکے لال 390
عشرت، محمد شفیق شمسی 560
عشرت، میر غلام علی 158
عشرت، ہزّ ال 157
عشقی، غلام حضرت 156
عطا، عطا حسین خاں 255
عظمت، عظمت اللہ خاں 257
عظیم 154
عفت، آمنہ خاتون 393
علمی، محمد حسن 260
علی، رضا علی خاں 254
علی، علی احمد 265
عنایت، عنایت حسین 260
عنایت، عنایت خاں 153
عنایت، عنایت سنگھ 392
عنایت، غوث، عنایت اللہ 400
عیش، سعادت علی 257
عیش، شفیع احمد 402
غازی، معین الدین 404
غافل، پیارے لال 404
غریب، علی محمد 406
غزالہ، حسن آرا بیگم 405
غفار، غفار داد خاں 404
فارغ، فارغ شاہ 160
فائق، اشفاق حسین 408
فخر، فخر الدین 406
فدا، فدا حسین خاں 410
فدا، فدا علی خاں 271
فدا، کچھی رام 160
فدوی، محمد ابراہیم خاں 408
فدوی، نثار احمد 559
فرحاں، مہربان علی 267
فرحت، فرحت اللہ خاں 412
فرحت، محمد حسین 266
فرخی، ہادی حسین بیگ 409
فریاد، فرزند علی 407
فریاد، فریاد حسین 411
فریاد، محمد سرفراز علی 410

فلسفی، رائے منولال	266	قمر، ہادی حسن	272
فلک، احمد رضا خاں	409	قیس، ہدایت یار خاں	412
فوق، فرزند علی	560	قیصر، مرزا رستم یار بیگ	414
فوق، گوبند پرشاد	411	قیصر، مرزا علی جان	272
فہم، منالال	271	کامل، جمال الدین	165
فہمی، وارث علی	559	کامل، عبدالرحمٰن	417
فیاض، فیاض الدین	503	کامل، کنھیالال	417
فیاض، فیاض حسین	270	کامل، محمد کامل	420
فیاض، محمد فیاض الدین	270	کاوش، مطیع اللہ	509
فیروز، برج موہن لال	412	کبیر، سید محمد شاہ	418
فیروز، سید فیروز شاہ	411	کبیر، محمد کبیر، حکیم	164
فیروز، فیروز الدین	410	کرامت، کرامت اللہ خاں	164
فیروز، نثار حسین	410	کفایت، کفایت اللہ	273
فیروز نظامی، مقصود حسین	504	کلیم، سید رسول شاہ	273
فیض، مسعود غوث	407	کلیم، سید عابد حسن	511
قادر، عبدالقادر خاں	416	کلامی، عبدالرزاق	417
قاسم، قاسم علی	271	کوکب، یحییٰ علی	273
قاسم، قاسم علی خاں	416	کیف، تیج بہادر سنہا	509
قاصر، حسین علی خاں	272	کیفی	556
قبول، مقبول حسین	272	کیفی، رام غلام	417
قرار، ہمیش پرشاد	506	کیفی، رفعت حسین	513
قلندر، بدھ سنگھ	161	کیفی، محمد حنیف	512
قمر، احمد حسین	413	کیفی، نندلال گپتا	418
قمر، لاکھن سنگھ	413	لائق، لیاقت حسین	518
قمر، محمد علی خاں	272	لطفی، پرکاش داس	165

لطف، لطف علی خاں 165
لطیف، محمد لطافت حسین خاں 273
لئیق، شیخ امیر اللہ 421
لیاقت، لیاقت حسین 422
مانی، مختار احمد 559
مائل، قادر بیگ 179
مائل، کلب حسین 425
ماہر قریشی، طاہر حسین 523
مبتلا، محمد جان 275
متین، ولایت علی 275
محبت، محبت خاں 174
محبوب، محبوب حسین 427
محتشم، محتشم خاں 178
محزوں، معز الدین حسین 277
محسن، محسن علی 276
محسن، محمد محسن 428
محشر، عبدالرحیم 560
محو، بدیع الدین 167
محو، عماد الحسن 428
محو، منّو خاں 172
مختار، مختار احمد 559
مخفی، سعیدہ جہاں 431
مداح، محمد میاں 276
مرادالدین 274
مسافر، سید پایندہ 170
مست، دیبی پرشاد 519
مست، غلام مصطفیٰ خاں 171
مسخر، کفایت حسین 519
مسرور، شمس الدین خاں 428
مسکین، ملہار سنگھ 167
مسیح، میر ذوالفقار 179
مشتاق، بیج ناتھ 180
مشتاق، حسین الدین 277
مشتاق، حمید اللہ خاں 424
مشتاق، مشتاق حسین 560
مشرب، عبدالرزاق 166
مشہور 181
مشیر، سید احمد شاہ 424
مصروف، خان بہادر خاں 182
مضطر جانکی پرشاد 277
مضطر، گوری شنکر 424
مظفر، مرزا مظفر بیگ 423
مظہر، مظہر حسین 427
معتصم، رشید احمد، حکیم 521
معتصم محمد معتصم عباسی 170
معجز، سعادت یار بیگ 432
معظم، معظم عباسی 173
مفتون، عبدالقادر 422
مقیم، محمد مقیم خاں 179
ملال، اصغر حسین خاں 424

ممتاز، عبدالملک 180
ممتاز، فضل علی 168
منتقم، انتقام الحسنین 522
منشی، کنھیا لال 422
منصب، منصب علی 277
منعم، نورالحق 173
موتی، محمد مہدی 167
موجد، مکھن لال 180
مونس، صاحب داد خاں 425
مہاراجہ، بلاس رائے 171
مہتاب، مہتاب جان 180
مہجور، جگناتھ پرشاد 427
مہر، سریش چندر 520
مہر، منصور خاں 178
مہر، وہاب الدین خاں 559
نادان، محمد بخش 277
ناداں، شفیق احمد خاں 439
نادر، انتظام علی 433
نادر، نادر حسین 434
ناز، زکی احمد 524
نازاں، محمد نبی خاں 438
نازش، برجیس جود 440
ناشط، محمد اسحاق 443
ناصر، ناصر الدین احمدؒ 434
ناصر، ناصر خاں 184
ناطق، سجاد حسین 438
ناطق، علی حسین خاں 278
ناظم، سردار احمد خاں 441
نالاں، عنایت نبی 278
نالاں، محمد جان 184
نامی، برکت علی 436
نامی، سلطان احمد 433
نامی، نثار احمد 186
نثار، لیاقت علی 437
نجم، نجم الدین احمد 278
نزہت، اوم پرکاش 525
نسیم، شہزادہ علی 438
نشتر، یعقوب علی 528
نصیر، غلام محی الدین 440
نظیر، سلطان احمد بیگ 439
نعمت، حشمت اللہ خاں 437
نعیم، ابراہیم بیگ 278
نعیم، محمد نعیم اللہ خاں 183
نکہت بریلوی، امتیاز حسین 557
نکہت، شیخ عبداللہ 186
نور، قاضی نورالدین 437
نور، نادر حسین 278
نور، نورالحسن خاں 279
نوری، مصطفیٰ رضا خاںؒ 527
نوشہ، نوشہ علی 437

نوید، محفوظ علی 437
نیاز، نیاز احمد 186
واصف، ابوالحسن 447
واصف، سراج الدین احمد 528
واعظ، عبدالوحید 279
وامق، محمد فدا علی 445
وحشت، مرزا باقر علی خاں 188
وحشی، حامد علی خاں 448
وحشی، غلام قادر خاں 279
وحشی، قاضی عبدالرحمٰن 280
وحید، ہزاری لال 280
وفا، احمد یار خاں 447
وفا، دیا ناتھ 189
وقار، ظہور احمد 281
ولایت، ولایت علی 281
ولی، شاہ ولی خاں 447
ولی، علی محمد خاں 279
ہادی، ہادی حسن خاں 281
ہدایت، ہدایت علی 191
ہلال، فرحت محمد خاں 529
ہمت، ہمت خاں 190
ہمدم، عبداللہ خاں 191
ہمدم، محمد معصوم 191
ہنر، کلو خاں 190
ہوش، نیاز احمد خاں 282
یاد، رشید الدین 449
یاس، محمد ضیا خاں 192
یاور، امداد علی 192
یاور، سید یاور علی 285
یعقوب، یعقوب علی خاں 449

ڈاکٹر سید لطیف حسین ادیب

مؤلف کی دوسری مطبوعات

۱-	سرشار کی ناول نگاری	انجمن ترقی اردو	کراچی	۱۹۶۱ء
۲-	ناشاد کانپوری	نسیم بک ڈپو	لکھنؤ	۱۹۷۱ء
۳-	جگر بریلوی - ایک تعارف	انجمن ترقی اردو ہند	علی گڑھ	۱۹۷۳ء
۴-	چند شعرائے بریلی	مرکز ادبِ اردو	لکھنؤ	۱۹۷۶ء
۵-	تذکرۂ نعت گویان بریلی	لیتھوکلر پرنٹنگ پریس	بریلی	۱۹۸۶ء

اپلائڈ بکس
APPLIED BOOKS
New Delhi-110002
Tel.: 011-23266347 Email: appliedbooks@gmail.com

Rs: 700/-